
امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

# المعجم الاوسط

جلد سوئم

تالیف
الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمانؒ بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور



پروگریسو بکس

Marfat.com

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اردو ترجمہ مع تخریج

جلد
سوئم

# المعجم الاوسط

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ٣٦٠ھ

مترجم


غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور



پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795


Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

# المعجم الاوسط

جلد سوئم

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور


بار اول ............ اگست 2015ء

پرنٹرز ............ آصف صدیق، پرنٹرز

تعداد ............ 1100/-

ناشر ............ چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول
میاں شہزاد رسول

جلد ۳

قیمت ............ =/ روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941
0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795


Marfat.com

# فہرست
# (بلحاظِ فقہی ترتیب)


| عنوانات | حدیث نمبر |
|---|---|
| **کتاب الایمان** | |
| محبت کرنے والے اور پھیلانے والے اچھے لوگ ہیں | 4422 |
| دل میں آنے والے وسواس معاف ہیں | 4419 |
| جو کسی مسلمان کو کافر کہے | 4570 |
| کھجور کا درخت مؤمن کی مثل ہے | 4571-4572 |
| نماز کا انکار کرنے والا کافر ہے | 4126 |
| تقدیر کو جھٹلانے والے مجوسی ہیں | 4046 |
| ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے | 4050 |
| نبی کریم ﷺ کی محبت کے بغیر ایمان نہیں ہے | 4647 |
| ایمان کے حصے | 4712 |
| ایمان لانے کا ثواب | 3936 |
| ڈاکہ اور زنا کرتے وقت ایمان نکل جاتا ہے | 4732-4748 |
| ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے | 4941 |
| حیاء ایمان سے ہے | 4932 |
| ایمان کا ذائقہ کب ہوتا ہے | 4905 |
| کامل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ وزبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے | 3745 |
| خاتمہ بالایمان جنت میں جانے کا ذریعہ ہے | 3830 |
| تقدیر کے متعلق | 3825 |
| ایک مؤمن کا دوسرے مؤمن سے تعلق کی مثال | 4696 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| اچھے اخلاق والا زیادہ فضیلت والا مسلمان ہے | 4005 |
| کامل مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے | 4231 |
| ایمان کا انکار کرنے سے آدمی کافر ہو جاتا ہے | 4434 |
| قربِ قیامت ایمان والے نہیں ہوں گے | 4391 |
| لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے کا بیان | 4286 |


## کتاب العلم


| | |
|---|---|
| قیامت کے دن علماء کی شان | 4264 |
| عالم کی شان | 4582 |
| علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے | 4096 |
| قربِ قیامت علم کم ہوگا | 4522 |
| قربِ قیامت وراثت کا مسئلہ بتانے والا کوئی نہیں ہوگا | 4075 |
| علم کی فضیلت | 4726 |
| علم کے ساتھ بردباری بڑی شی ہے | 4846 |
| خط خوبصورت ہونا چاہیے | 3872 |
| علم اگر پاس ہو تو آگے پھیلانا چاہیے | 4815 |
| علم آگے پھیلانا چاہیے | 3921 |
| حضرت عمر رضی اللہ عنہ علم کے حریص تھے | 4245 |


## کتاب الطھارۃ


| | |
|---|---|
| وضو کرنے کا طریقہ | 4133 |
| آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو نہیں ہے | 3755-4974 |
| باوضو سونے کا ثواب | 4397 |
| مسواک کرنے کے متعلق | 4404 |
| موزوں پر مسح کرنے کے متعلق | 3698-4423-4530-4032-4042-4664-4171-4525 |
| جمعہ کے دن غسل کرنے کا ثواب | 3979-4267-4413-4414-4282-4399-4400 |
| پیشاب کر کے اپنے ذکر کو اچھی طرح صاف کرنا چاہیے | 4584 |
| مرد و عورت غسل جنابت اکٹھے کر سکتے ہیں | 4553-4554 |
| وضو میں ایڑیاں دھونی چاہئیں | 4149 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| وضو کر کے اپنا چہرہ صاف کرنا چاہیے | 4182 |
| غسل کب واجب ہوتا ہے؟ | 4489 |
| غسل کے لیے کتنا پانی ہونا چاہیے | 3974-4038 |
| آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد ہاتھ دھونے چاہیے اور کلی کرنی چاہیے | 4663 |
| عورت کو احتلام ہوتا ہے | 3940 |
| منی اگر گاڑھی ہو تو کھرچنے سے کپڑا پاک ہو جاتا ہے | 4722 |
| وضو کے بعد کلمۂ شہادت پڑھنے کی فضیلت | 4895 |
| بیوی کے بوسے لینے سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے | 3805 |
| موزوں پر مسح کی مدت | 3869-4315-4924 |
| پیشاب کرتے وقت منہ قبل رخ کرنا جائز نہیں ہے | 4939 |
| جس برتن میں کتا منہ مارے اس کو سات مرتبہ صاف کرنا چاہیے | 4911 |
| قضاءِ حاجت پردہ کی جگہ کرنی چاہیے | 4903 |
| جس پر غسل فرض ہو وضو کر کے سو جائے | 4971 |
| تحیۃ الوضوء | 4972 |
| وضو کرنے کا طریقہ | 3736-4133 |
| ناک تین مرتبہ صاف کرنا چاہیے | 4969 |
| مردار کی کھال دباغت سے پاک ہو جاتی ہے | 3715 |
| جب کتا کسی برتن میں منہ مارے تو اس کو سات مرتبہ دھونا چاہیے | 3719 |
| سو کر اُٹھے تو ہاتھ دھونے چاہیے | 3694 |
| مرد و عورت ایک برتن سے غسل کر سکتے ہیں | 3741 |
| عذر کی بناء پر کھڑا ہو کر پیشاب کرنا جائز ہے | 4961 |
| استنجاء کرنے کے متعلق | 4853 |
| غسل کب فرض ہوتا ہے؟ | 3826 |
| اعضاءِ وضو تین دفعہ دھونے سنت ہیں | 3836 |
| قضاء حاجت کرتے وقت قبلہ رخ پشت اور منہ نہیں کرنا چاہیے | 4874 |
| وضو کر کے اپنی شرمگاہ پر پانی ڈالنا | 3901 |
| کئی مرتبہ جماع کرنے سے غسل ایک ہی دفعہ ہے | 4805 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جمعہ کے دن غسل کرنا اچھا ہے | 4816 |
| وضو کرنے سے صغیرہ گناہ معاف ہوتے ہیں | 4762 |
| شرمگاہ کو ہاتھ لگے تو ہاتھ دھونا چاہیے | 3992 |
| عورت کا بوسہ لینے سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے | 4385-4686 |
| مذی کی صورت میں وضو ہے | 4196 |
| باوضو رہنے کا ثواب | 4439-4440 |
| داڑھی شریف کا خلال کرنا سنت ہے | 4465 |
| موزوں پر مسح کرنے کی مدت | 4315 |
| وضو اور غسل کے لیے کتنا پانی ہونا چاہیے | 4380 |
| غسل کب فرض ہوتا ہے | 4381 |
| موزوں پر مسح کب ہے؟ | 4301 |

## کتاب الحیض والنفاس

| | |
|---|---|
| حیض والی عورت مسجد کے باہر سے مسجد کے اندر سے کوئی شی لے سکتی ہے | 3712 |
| استحاضہ والی عورت ایک نماز کے لیے وضو کرے گی | 4197 |
| حالت حیض میں شوہر بیوی کے ساتھ لیٹ سکتا ہے | 4682 |

## کتاب الصلوة

| | |
|---|---|
| نمازِ عشاء دیر سے پڑھنی چاہیے | 4408 |
| لیلۃ القدر آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرنی چاہیے | 4409 |
| نمازِ چاشت | 4410-4411 |
| ظہر کی چار سنتوں کا ثواب | 4412 |
| نماز وقت پر ادا کرنی چاہیے | 4887-4907 |
| رات کو نماز پڑھنی چاہیے | 3792 |
| عصر کے بعد کوئی نماز نہیں ہے | 3762 |
| نماز میں اگر کوئی واجب چھوڑ اجائے | 4402 |
| نمازوں کے اوقات | 4403 |
| رکوع سے اُٹھتے وقت تسبیح پڑھنے کے بیان میں | 4405 |
| نماز کے لیے سکون سے آنا چاہیے | 4406 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| عورت آگے لیٹی ہوتو نماز پڑھنے کا حکم | 4279 |
| حالت استحاضہ میں نماز معاف نہیں ہے | 4281 |
| امامت کا زیادہ حق دار کون ہے | 4282 |
| نماز وقت پر ادا کرنی چاہیے | 4416 |
| کھجور کی چٹائی پر نماز پڑھنے کے متعلق | 4260 |
| نمازِ خوف | 4415 |
| نماز کا انتظار کرنے والا | 4408 |
| رات کی نماز کے متعلق | 4110 |
| ناک زمین پر لگانی ضروری حالتِ نماز میں | 4111 |
| وتر سونے سے پہلے پڑھنے چاہیے | 4561 |
| حالتِ سفر میں نماز قصر ہے | 4115-4562 |
| نماز میں التحیات میں بیٹھنے کا طریقہ | 4564 |
| عصر کی نماز کا وقت | 4113-4114 |
| رکوع میں شامل ہونے والا رکعت کو پالیتا ہے | 4119 |
| رکوع وسجود کرنے کا طریقہ | 4573 |
| التحیات پڑھنے کے متعلق | 4574 |
| پانچ نمازوں کی فضیلت | 4077 |
| ایک نماز دو مرتبہ پڑھنا منع ہے | 4595 |
| ظہر اور عصر کے درمیان نفل پڑھنے کے متعلق | 4088 |
| گھر میں نماز پڑھنی چاہیے | 4555 |
| حضور ﷺ رات کو نماز پڑھتے تھے اس حالت میں کہ حضرت عائشہؓ آپ کے آگے لیٹی ہوتی تھیں | 4551 |
| بچہ سات سال کا ہو تو اس کو نماز پڑھنے کا حکم دینا چاہیے | 4129 |
| عذر کی بناء پر گھر نماز پڑھنی چاہیے | 4507 |
| عید الفطر کے دن کچھ کھا کر نکلنا چاہیے | 4502 |
| مہاجر عورتیں فجر کی نماز حضور ﷺ کے ساتھ پڑھتی تھیں باپردہ ہو کر | 4514 |
| امام کی اتباع ضروری ہے | 4484-4516 |
| وعظ ونصیحت میں میانہ روی کرنی چاہیے | 4138 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| نماز کا وقت ہوتو نماز پڑھ کر سفر شروع کرنا چاہیے | 4533 |
| ایسے حکمران ہوں گے جو نماز وقت پر نہیں پڑھیں گے رکوع وسجود مکمل نہیں کریں گے | 4139 |
| دو کپڑوں میں نماز پڑھنے کے متعلق | 4186 |
| جمعہ کی نماز کے متعلق | 4188 |
| سجدہ کرنے کا طریقہ | 4483 |
| آمین پڑھنے کا ثواب | 4633 |
| نمازِ فجر کی فضیلت | 4052 |
| عورت اگر لیٹی ہوتو نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں | 4026 |
| جب تین آدمی ہوں تو امامت کروانی چاہیے اگر نماز کا وقت ہو | 4054 |
| نماز پڑھنے کا ثواب | 4056 |
| نمازی اپنے رب سے گفتگو کر رہا ہوتا ہے | 4620 |
| وتر کا وقت | 4029 |
| جن اوقات میں نماز منع ہے | 4650 |
| نماز میں ہاتھوں کا سہارا لے کر کھڑا ہونے کے متعلق | 4007 |
| نماز میں چوری یہ ہے کہ رکوع وسجود مکمل نہ کرنا | 4665 |
| قیامت کے دن نماز کی عظمت ظاہر ہوگی | 4012-4658 |
| جنازہ کی تکبیروں کے متعلق | 4019 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی | 4901 |
| جہاں تک اذان کی آواز جاتی ہے اس کو مسجد میں نماز پڑھنی چاہیے | 3726 |
| جمعہ کے خطبہ کے دوران گفتگو نہیں کرنی چاہیے | 3728 |
| عبادت اتنی کرنی چاہیے جتنی طاقت رکھتا ہے | 3729-3859 |
| جماعت کرواتے ہوئے نماز میں قرأت مختصر کرنی چاہیے | 3732 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تراویح پڑھتے تھے | 3733 |
| نمازی کے آگے سے نہیں گزرنا چاہیے | 4968 |
| وتر پڑھنے کے اوقات | 4985 |
| امام کے پیچھے قرأت نہیں ہے | 3704 |
| نماز کے لیے انتظار کرنے والا نماز میں ہوتا ہے | 3707 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| نماز کے بعد حضور ﷺ ذکر کرتے تھے | 3709 |
| نمازِ عشاء اور فجر با جماعت پڑھنے کا ثواب | 3991 |
| سجدہ والی جگہ سات زمینوں تک پاک ہوتی ہے | 4951 |
| نمازی کے آگے سے گزرنے والے کو روکنا چاہیے | 3847 |
| نماز نہ پڑھنے والوں سے حضور ﷺ ناراض ہوتے ہیں | 4813 |
| نماز جس طرح شروع کی ویسے ختم کرے | 3824 |
| رکوع و سجود مکمل کرنا چاہیے | 4863 |
| روزہ کھول کر نمازِ مغرب ادا کرنی چاہیے | 3861 |
| نمازِ چاشت کی فضیلت | 3865 |
| صف میں اکیلا نہیں کھڑا ہونا چاہیے | 4838 |
| وتر کے اوقات | 4831 |
| نمازِ عصر کی فضیلت | 3870 |
| عصر کے بعد نفل نہیں ہیں | 3899 |
| ظہر کی نماز میں پڑھی جانے والی سورتیں | 3904 |
| جمعہ کے دن کے افضل ہونے کی وجہ | 4780 |
| رات کی نماز | 3893 |
| رات کی نماز کے متعلق | 3878 |
| جمعہ شریف پڑھنے والوں کے لیے خوشی | 4817 |
| طلوعِ فجر کے بعد صرف دو رکعت سنتیں ہیں | 4818 |
| نماز میں التحیات پڑھتے ہوئے ان لا الٰہ اللہ پر انگلی اُٹھانا سنت ہے | 4814 |
| حضور ﷺ کے نفل پڑھنے کا ذکر | 3884 |
| پہلی صف کی فضیلت | 4774 |
| امام سے پہلے سر سجدہ سے نہیں اُٹھانا چاہیے | 3918 |
| وقت پر نماز پڑھنے کا ثواب | 4764 |
| شیطان ہر نمازی کو وسوسے ڈالتا ہے | 4700 |
| ہر رکعت میں دو سجدے ہیں | 4685 |
| بدبو دار شی کھا کر مسجد میں نہیں آنا چاہیے | 4690 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| نماز ہر حالت میں پڑھنی چاہیے | 3997 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نفلوں کا ذکر | 3998 |
| رات کی نماز | 4674 |
| سواری پر وتر پڑھنے کے متعلق | 4195 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز مکمل اور مختصر پڑھاتے تھے | 4199 |
| حالت سفر میں نماز دو رکعت ہے | 4454 |
| نمازوں کے اوقات | 4446 |
| نمازِ چاشت کی فضیلت | 3955-4449 |
| نماز میں بیٹھنے کا طریقہ | 4450 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز | 4233 |
| ایک دن اللہ کی رضا کے لیے روزہ رکھنے کا ثواب | 4660 |
| سات اعضاء پر سجدہ کرنے کے متعلق | 4736 |
| نماز کے لیے انتظار کرنے کا ثواب | 4731 |
| سفر میں نماز قصر ہے | 3927 |
| ظہر وعصر میں سری قرأت کرنے کی حکمت | 4756 |
| سجدہ کرتے ہوئے ناک زمین پر لگانی چاہیے | 4758 |
| نمازِ چاشت اور ظہر کی سنتوں کی فضیلت | 4753 |
| نماز یکسوئی سے پڑھنی چاہیے | 3935 |
| نفلی نماز سواری پر جائز ہے | 3950 |
| جمعہ کے دن فرض سے پہلے اور بعد میں چار رکعتیں ہیں | 3959 |
| نماز میں اگر غلطی ہو تو دو سجدے سہو کے کرنے چاہیے | 4723 |
| نمازِ عشاء کا وقت | 3963 |
| نماز میں اگر امام بھول جائے تو | 3811 |
| صفیں ملانے کا ذکر | 3771 |
| جب اذان سنی ہے تو مسجد میں نماز پڑھنی چاہیے | 4914 |
| حقوق اللہ میں سب سے پہلے نماز کے متعلق پوچھا جائے گا | 3782 |
| عورتیں عید کی نماز کے لیے جاسکتی ہیں باپردہ ہو کر | 3764 |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے دور میں تراویح کا اہتمام کیا گیا | 4922 |
| جمعہ کے دن جلدی کرنے کا ثواب | 4236 |
| باجماعت نماز پڑھنے کا ثواب | 4237 |
| امام سے پہلے سر اُٹھانے کا انجام | 4239 |
| نماز کے سلام پھیرنے کے بعد والی دعا | 4442 |
| سحری دیر سے کرنی چاہیے | 4249 |
| نماز ایسے پڑھنی چاہیے کہ گویا میری آخری نماز ہے | 4427 |
| نماز میں کیسے بیٹھے؟ | 4468 |
| جن تین دنوں میں روزہ رکھنا منع ہے | 4469 |
| امام درمیان میں ہونا چاہیے | 4457 |
| نمازِ چاشت | 4296 |
| نمازِ عشاء کا وقت | 4387 |
| التحیات کے الفاظ | 4389 |
| اگر جوتی پر نجاست لگی ہوئی ہو | 4293 |
| نمازِ قصر کے متعلق | 4294 |
| نماز میں اگر شک ہو | 4392 |
| وتروں میں قرأت کے متعلق | 4285 |
| تحیۃ المسجد | 4325 |
| نمازِ تہجد کے لیے اُٹھنے کا وظیفہ | 4326 |
| جنت کی کنجی نماز ہے | 4364 |
| نماز میں سلام پھیرنے کا طریقہ | 4316 |
| نماز کے دوران نظر قدموں پر ہونی چاہیے | 4456 |
| جو جمعہ کے لیے جلدی آتے ہیں وہ جنت میں جلدی جائیں گے | 4370 |
| جنازہ میں دو سلام ہیں | 4337 |
| نماز میں اگر کوئی واجب چھوٹ جائے تو سجدۂ سہو کرے | 4348 |
| وتر تین رکعت ہیں | 4334 |
| جمعہ کے دن کی فضیلت | 4335 |


Marfat.com

نمازِخوف 4350
حضرت نجاشی کے جنازہ کے متعلق 4378
نمازِ جنازہ پڑھنے اور دفن کر کے واپس آنے کا ثواب 4308
دور سے نماز کے لیے آنے کا ثواب 4379

## کتاب الاذان

الصلوٰۃ خیر من النوم کے متعلق 4158
شیطان اذان سن کر بھاگتا ہے 4402
حضور ﷺ کے زمانہ میں موذن دو تھے 4615
حضور ﷺ اذان کا جواب دیتے تھے 4735
اللہ کی رضا کے لیے اذان پڑھنے کا مقام 4808
چالیس دن اللہ کی رضا کے لیے اذان دینے کا ثواب 4474
اذان کا جواب نہ دینے کا کفارہ 4303

## کتاب صلوۃ الفطر والاضحی

عیدین میں قرأت اونچی آواز میں کرنی چاہیے 4041

## کتاب الجنائز

حضرت آدم علیہ السلام کا جنازہ فرشتوں نے پڑھا 4426
حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ کے جنازہ کے متعلق 4739
حضرت نجاشی کی حضور ﷺ نے نمازِ جنازہ پڑھائی 4881
حضور ﷺ کا ایک قبر پر جنازہ پڑھانا 3838
میت کو دفن کر کے واپس آنا چاہیے 4673
نمازِ جنازہ میں تکبیریں ہیں 4436
جنازہ پڑھنے اور دفن کر کے واپس آنے کا ثواب 4438
جنازہ کے ساتھ چلنے کا طریقہ 4608

## کتاب الصوم

روزہ فائدہ کب دیتا ہے؟ 4536
شوال کے چھ روزوں کا ثواب 4640-4642
نفلی روزوں کا ثواب 4869

Marfat.com

| | |
|---|---|
| روزہ کے ثواب کے متعلق | 4870 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر روزہ رکھتے تھے | 4766 |
| روزہ کا ثواب | 4179 |
| عاشوراء کا روزہ سنت ہے | 4616 |
| اگر غسل فرض ہو اور وقت کم ہو تو روزہ رکھ کر غسل کرے | 4064 |
| سحری کے وقت کے بیان میں | 4706 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ماہِ رجب' رمضان اور شعبان سے محبت | 3939 |
| حالتِ روزہ میں بیوی کا بوسہ لیا جاسکتا ہے | 4730 |
| پچھنا لگوانے کے متعلق | 4720 |
| رمضان میں فطرانہ ادا کرنا چاہیے | 3768 |
| روزے رکھنے سے دل پاک ہوتا ہے | 4935-4940 |
| لیلۃ القدر کی رات فرشتوں کی تعداد ستاروں سے زیادہ ہوتی ہے | 4937 |
| لیلۃ القدر کی نشانی | 3795 |
| عاشوراء کے روزے فرض نہیں ہیں | 4973 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انتیس' تیس دنوں کے روزے بھی رکھتے تھے | 3735 |
| روزہ رکھنے میں تھوڑا وقت ہو تو روزہ رکھ کر غسل کرنا چاہیے | 4982 |
| شوال کے چھ روزوں کی فضیلت | 4979 |
| قے آنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے | 3702 |
| حالتِ روزہ میں عورت کا بوسہ لینا جائز نہیں ہے بشرطیکہ اپنے نفس پر قابو نہ ہو | 4956 |
| حالتِ روزہ میں آدمی اپنی بیوی کا بوسہ لے سکتا ہے | 3846 |
| رمضان کے روزے نہ رکھنے والا بدبخت ہے | 3871 |
| لگاتار روزے نہیں رکھنے چاہیے | 4778 |
| جن تین چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے | 4806 |
| جو شادی کی طاقت نہ رکھے وہ روزے رکھے | 4799 |
| ایک روزہ اللہ کی رضا کے لیے رکھنے کا ثواب | 4826 |
| ماہِ رمضان کی بے حرمتی کرنے والوں کے لیے عبرت | 4827 |
| رمضان کے آخری عشرے میں عبادت کرنی چاہیے | 4828 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| چاند دیکھ کر روزہ رکھنا چاہیے | 3877 |
| حالتِ سفر میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے | 3883 |
| عاشوراء کے دن روزہ رکھنے کے بیان میں | 3924 |
| حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا رمضان کے روزوں کی قضاء شعبان میں کرتی تھیں | 4193 |
| حالت روزہ میں بوسہ لینے کے متعلق | 4452 |
| روزہ جہنم سے ڈھال ہے | 4232 |
| لیلۃ القدر کی نشانی | 4353 |


## کتاب فضائل القرآن


| | |
|---|---|
| سورۃ قل اعوذ برب الفلق والناس کے متعلق | 4351 |
| سورۂ احزاب کے متعلق | 4352 |
| قرآن کی کوئی آیت بھول جائے تو کہے: مجھے آیت بھلادی گئی | 4284 |
| سورۂ فاتحہ اور اخلاص پڑھنے کا ثواب | 4594 |
| سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں عرش کے خزانہ سے نازل ہوئی ہیں | 4145 |
| قرآن کی قرأت کے متعلق | 4637 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک تلاوت کا ذکر | 4045 |
| وحی قوم کی زبان کے مطابق نازل ہوتی ہے | 4635 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرأت کے متعلق | 4747 |
| قرأت کی آیتوں میں جھگڑنا نہیں چاہیے | 3961 |
| سحری کے وقت قرآن پڑھتے وقت فرشتے سننے کے لیے آتے ہیں | 3809 |
| قرآن پڑھنے کا ثواب | 4920 |
| جن آیات کا مفہوم واضح نہیں ہے ان کے متعلق گفتگو کرنی جائز نہیں ہے | 4955 |
| سورۂ طٰہٰ اور یٰسین حضرت آدم علیہ السلام سے ہزار سال پہلے فرشتے پڑھتے تھے | 4876 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرأت | 4868 |
| ''الیوم اکملت لکم دینکم'' کا شانِ نزول؛ جس دن نازل ہوئی وہ دن عید کا شمار کرنا | 3900 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کے وقت سورۂ یٰسین پڑھتے تھے | 3903 |
| سورۂ فاتحہ کے نزول کے وقت شیطان چیخا تھا | 4788 |
| سورۂ قل ھو اللہ احد کی تلاوت کا ثواب | 4783 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضور ﷺ کی قرأت | 4800 |
| ایک درخت کا سورۂ ص کی تلاوت کرنا | 4768 |
| حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو حضور ﷺ نے قرأت سکھائی | 4434 |
| حضور ﷺ کی قرأت | 4324 |
| قرآن کی حرام کردہ اشیاء کو حلال کرنے والا ایمان والا نہیں ہے | 4366 |
| ایک قرأت کا بیان | 4300 |
| سورۂ بقرہ کے نزول کی جگہ | 4304 |


## كتاب التفسير


| | |
|---|---|
| "كانهم بنيان مرصوص" کی تفسیر | 4563 |
| "قد افلح المؤمنون الذين هم في صلوتهم خاشعون" | 4082 |
| الماعون کی تفسیر | 4589 |
| "ولا تزروا وازرة وزر اخرىٰ" کی تفسیر | 4165 |
| "ثم انزل عليكم من بعد الغم امنةً نعاسًا" کی تفسیر | 4172 |
| "يا ايها النبي اذاء جاء المؤمنات" کی تفسیر | 4173 |
| "ومن الليل فتهجد به نافلةً لك" کی تفسیر | 4499 |
| ایک آیت کی تفسیر | 4517 |
| "وان من اهل الكتاب لمن يؤمن الى اخره وما انزل اليكم" کا شانِ نزول | 4645 |
| "ان الصفا والمروة من شعائر الله" کی تفسیر | 4638 |
| ایک آیت کی تفسیر | 4639 |
| "قلوبنا غلف" کی تفسیر | 4635 |
| "لقد خلقنا الانسان من سلالة من طين" کی تفسیر | 4657 |
| "يا ايها الذين امنوا ان بكم فاسق" کی تفسیر | 3797 |
| "انما انت منذر ولكل قوم هاد" کی تفسیر | 4923 |
| "انا فتحنا لك فتحًا مبينًا" کا شانِ نزول | 3966 |
| "انا كفيناك المستهزين" کی تفسیر اور گستاخانِ رسول اللہ ﷺ کی تفصیل | 4986 |
| "مساكين طيبةً في جنت عدن" کی تفسیر | 4849 |
| "نساء كم حرث لكم" کی تفسیر | 3827 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| ''سیھزم الجمع'' کی تفسیر | 3829 |
| ''مغضوب علیھم ولا الضالین'' کی تفسیر | 3813 |
| ''وما قدروا اللّٰہ حق قدرہٖ'' کا شانِ نزول | 4689 |
| قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے نہیں بیان کرنی چاہیے | 4212 |
| ''فما ادری ما ھی بالعشی والاشراق'' کی تفسیر | 4246 |
| ''والمحصنات من النساء'' کی تفسیر | 4251 |
| ''سیماھم فی وجوھھم من اثر السجود'' کی تفسیر | 4464 |


## کتاب الحج

| | |
|---|---|
| حالت احرام میں جانور کو قلادہ پہنانے کے متعلق | 4283 |
| حج کے احکامات | 4395 |
| حج الوداع | 4398 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ شریف داخل ہوئے تو ثنیہ کے مقام سے آئے | 4274 |
| جو حالت احرام میں مرے | 4277 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد قبا میں پیدل چل کر آتے | 4424 |
| ایک آدمی کے حج کے متعلق | 4548 |
| حالت احرام میں شکار کرنا جائز نہیں ہے | 4542 |
| عمرہ کرنے کا ثواب | 4543 |
| حاجیو آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو...... کعبہ تو دیکھ چکے اب کعبہ کا کعبہ دیکھو | 4646 |
| خطبہ حجۃ الوداع | 4166 |
| حج و عمرہ کا تلبیہ | 4519 |
| خطبہ حجۃ الوداع | 4156 |
| حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا حج | 4510 |
| جمرات کو کنکریاں مارنے کے متعلق | 4147 |
| حج بدل کے متعلق | 4495 |
| اگر حاجی کو راستہ میں عذر لاحق ہو | 4063 |
| رمضان میں عمرہ کا ثواب | 3944 |
| حجۃ الوداع کا خطبہ | 4757 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| حالتِ احرام میں مرنے والے آدمی کا ذکر | 4896 |
| حج قران | 3806 |
| جو حج کے لیے جاتے وقت بیمار ہو | 4888 |
| مکہ جاتے وقت غسل کرنا چاہیے | 4889 |
| حج قران | 3781 |
| لگاتار حج وعمرہ کرنے کا ثواب | 4977 |
| حج سے گناہ معاف ہوتے ہیں | 4997 |
| میقات | 4958-4960 |
| حج مبرور کا ثواب | 3841 |
| حج وعمرہ کرنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں | 3814 |
| زمزم کا پانی جس مقصد کے لیے پیا جائے وہ پورا ہوتا ہے | 3815 |
| عرفہ کے دن کی فضیلت | 4875 |
| آبِ زمزم بہترین پانی ہے روئے زمین پر | 3912 |
| تلبیہ کے الفاظ | 3989 |
| حج کے متعلق | 4675 |
| دورانِ حج اگر حیض آئے | 4000 |
| حضور ﷺ نے ذی القعدہ سے پہلے تین عمرے کیے | 4244 |
| رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب | 4428 |
| حج مبرور کا ثواب | 4432 |
| مقام ابراہیم کے سامنے نفل پڑھنے کے بیان میں | 4461 |
| حضور ﷺ نے تین عمرے کیے | 4220 |
| حج جہاد ہے | 4287 |
| حج کے متعلق | 4395 |
| حج قران کا ذکر | 4327 |
| کنکریاں کب تک مارنی ہیں | 4329 |
| تلبیہ کے الفاظ | 4344-4347 |
| اپنے ہاتھ سے کمائی کرنے کا ثواب زیادہ ہے) | 4345 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جو حالت احرام میں مرے وہ قیامت کے دن تلبیہ پڑھتا ہوا اُٹھے گا | 4340 |
| حج بدل جائز ہے | 4336 |

## کتاب الجنۃ والجھنم

| | |
|---|---|
| جنتی اور جہنمی لوگ کون ہیں؟ | 4263 |
| جنت میں کستوری کے باغ ہیں | 4566 |
| فقیر لوگ جنت میں امیروں سے پہلے جائیں گے | 4112 |
| جہنم کے متعلق | 4103 |
| جہنم میں ایک اللہ کا ذکر کرنے والے کا ذکر | 4154 |
| جنت میں چغل خور نہیں داخل ہوگا | 4192 |
| اصحابِ اعراف | 4644 |
| جو جہنم میں داخل ہوا' وہ ہلاک ہوگا | 4010 |
| ایمان جہنم سے آزادی | 4741 |
| جنتی حوروں کا اشعار پڑھنا جب وہ اپنے شوہروں کو دیکھیں گی | 4917 |
| جن لوگوں کو جنت کی خوشبو بھی سنگھائی جائے گی | 4938 |
| جنت عدن کی فضیلت | 3701 |
| بغیر حساب و کتاب کے جنت میں جانے والے افراد | 3705 |
| جنت میں پاخانہ' تھوک' پیشاب نہیں ہوگا | 4866 |
| تکبر کرنے والے جہنم میں جائیں گے | 3859 |
| غریب لوگوں کی شان قیامت کے دن معلوم ہوگی | 4813 |

## کتاب البیوع

| | |
|---|---|
| دو قسم کی بیع کرنا منع ہے | 4457 |
| کاروبار کرنے کے متعلق | 4142 |
| سونے کو سونے کے بدلے فروخت کرنے کے متعلق | 4144 |
| پھل کی بیع پکنے سے پہلے ناجائز ہے | 4621 |
| ایک بیع کو فسخ کرنے کے متعلق | 4043 |
| چاندی کو چاندی کے بدلے فروخت کرنا جائز ہے | 4651 |
| کاروبار میں دھوکہ منع ہے | 3773 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| بیع کرنے کا طریقہ | 3720 |
| جو شی موجود نہ ہو اس کو فروخت کرنا جائز نہیں ہے | 3708 |
| اچھا تاجر وہ ہے جو اپنی چیزوں کی تعریف نہ کرے جو لے جائے وہ بُرائی نہ بیان کرے | 4787 |
| زمین کرایہ پر دینے سے متعلق | 4824 |
| زمین کو آباد کرنا چاہیے | 4761 |
| مال منڈی میں آنے دینا چاہیے | 3993 |
| جو شی قبضہ میں نہ ہو اس کی بیع درست نہیں ہے | 4683 |
| کاروبار کرتے وقت صدقہ دینا چاہیے | 4004 |
| ملاوٹ کرنے والا | 4203 |
| بیع میں شرط لگانا باطل ہے | 4361 |
| عشر کے متعلق | 4375 |
| بلی کو فروخت کرنا منع ہے | 4376 |

## كتاب الجهاد

| | |
|---|---|
| جنگ حنین کا ذکر | 4558 |
| دشمن سے لڑتے وقت بھاگنا نہیں چاہیے | 4118 |
| جہاد کی پہلی صف کی فضیلت | 4131 |
| کافروں کا مال غازیوں کے لیے ہے | 4134 |
| حضور ﷺ کا جہاد | 4162 |
| غزوۂ تبوک کے متعلق | 4532 |
| اللہ کی راہ میں نگہبانی کرنے والے کا ثواب | 4049 |
| جنگ حنین کا ذکر | 4630 |
| مالِ غنیمت اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اجازت کے بغیر دینا جائز نہیں ہے | 4624 |
| مالِ غنیمت کے متعلق | 4034 |
| اللہ کی رضا کے علاوہ جہاد کرنا | 3946 |
| تلوار کس پر سونتنی نہیں چاہیے | 3919 |
| جن افراد کو بدر کے دن باندھ کر مارا | 3801 |
| ایک جہاد کا ذکر | 4928 |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جہاد سورج کے طلوع ہونے بعد کرتے | 4850 |
| جہاد چھوڑنے سے عذاب آتا ہے | 3839 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب خیبر والوں پر حملہ کیا | 3820 |
| بدر اور حدیبیہ میں شریک ہونے والوں کے ثواب میں | 3823 |
| بنو نضیر کے اموال جلائے گئے | 3867 |
| اللہ کی راہ میں لڑنے کا ثواب | 4821-4825 |
| اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کا ثواب | 4773 |
| جنگ میں بچوں اور عورتوں کو مارنا منع ہے | 4227 |
| افضل جہاد کون سا ہے | 4447 |
| عورتیں جہاد میں زخمیوں کا علاج کرتی تھیں | 4443 |


## کتاب حرمت الشراب


| | |
|---|---|
| نشہ آور شی حرام ہے | 4108 |
| شراب کے متعلق | 4090 |
| مٹکے کی نبیذ | 4091 |
| شراب کی حرمت کے متعلق | 4155 |
| سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا نہیں چاہیے | 4189 |
| شراب پینے کی حالت میں موت اگر آئی تو؟ | 4191 |
| ہر نشہ آور شی حرام ہے | 4015 |
| نبیذ کے متعلق | 3969 |
| نشہ کے متعلق | 3952-3954 |
| شراب کی حرمت | 3727 |
| شراب کے متعلق تفصیل | 4962 |
| ہر نشہ آور شی حرام ہے | 3854-4330-4807-4862 |
| شراب پینے والے ایسے ہیں جس طرح بتوں کی عبادت کرنے والے ہیں | 4810 |
| شراب کے متعلق | 4800 |


Marfat.com

## کتاب النکاح


| | |
|---|---|
| کنواری لڑکی سے نکاح کے متعلق | 4268 |
| حضرت اُم حبیبہ کا حق مہر | 4106 |
| عدت | 4588 |
| بچیوں کو شادی اپنے ماں کے مشورہ سے کرنی چاہیے | 4520 |
| عورت نکاح اپنے ولی کی اجازت سے کرے | 4491 |
| جن دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا' ناجائز ہے | 4193-4492 |
| چار بیویوں سے نکاح کی اجازت ہے | 4047 |
| جن دو عورتوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا' ناجائز ہے | 4033 |
| عدت والی عورت گھر ہی میں رہے گی | 4611 |
| نکاح کے لیے ولی ہونا چاہیے | 3926 |
| حالت احرام میں شادی جائز ہے | 4719 |
| حرمت رضاعت کب ثابت ہوتی ہے | 3913 |
| جن دو عورتوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں ہے | 4688 |
| نوجوان کی شادی پر شیطان روتا ہے | 4475-4476 |
| نکاح گواہوں کی موجودگی میں ہے | 4218 |
| جن دو عورتوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں ہے | 4362 |
| نکاح شغار منع ہے | 4311 |
| طلاق حالتِ طہر میں دینی چاہیے | 3953 |


## کتاب الرضاع


| | |
|---|---|
| حرمت رضاعت | 4557 |
| حضرت سہلہ بنت سہیل کی رضاعت کے متعلق | 4006 |


## کتاب آداب الطعام والشراب


| | |
|---|---|
| چاندی کے برتن میں پینا منع ہے | 4275 |
| کھانا کم کھانا چاہیے | 4109 |
| لوبیا حضور ﷺ کو ناپسند تھا | 4136 |
| نہار منہ پانی پینے کے متعلق | 4646 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| کدو کے متعلق | 3962 |
| گدھوں کا گوشت حرام ہے | 4883 |
| گدھے' گھوڑے' خچر کا گوشت حرام ہے | 3692 |
| کھانا کم کھانا چاہیے | 3346 |
| چاندی کے برتن میں کھانا پینا جائز نہیں ہے | 3752 |
| مؤمن کم کھاتا ہے' کافر زیادہ | 3888 |
| کسی کے ساتھ کھانا کھانے کا طریقہ | 4355 |
| نبیذ کے متعلق | 4356 |

## کتاب المریض

| | |
|---|---|
| کلونجی سے ہر بیماری کی شفاء ہے | 4593 |
| مؤمن کے بیمار ہونے سے گناہ معاف ہوتے ہیں | 4123 |
| پچھنا لگوانے کا فائدہ | 4547 |
| مصیبت آنے کی وجہ سے گناہ معاف ہوتے ہیں | 4622 |
| پچھنا لگوانے کا ثواب | 4623 |
| بیمار کی عیادت کرنی چاہیے | 4020 |
| بیماریاں متعدی نہیں ہوتی ہیں | 4614 |
| ہر بیماری کی دوا ہے | 3699 |
| بخار جہنم کی تپش سے ہے | 3990 |
| معدہ ٹھیک ہو تو سارا جسم تندرست رہتا ہے | 4343 |
| پہلو میں درد کی وجہ | 4221 |
| شہد میں شفاء ہے | 4801 |
| کلونجی کا ذکر | 3856 |

## کتاب الدعاء

| | |
|---|---|
| دن رات کو پڑھنے والی دعا | 4560 |
| وتروں میں پڑھی جانے والی دعا | 3887 |
| دعا کرنے کا طریقہ | 4194 |
| دعا قنوت رکوع کے بعد ہے | 4235 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جادو‘ شیطان‘ حسد سے بچنے کے لیے دعا | 4291 |
| نظر کا دَم کرنے کے بیان میں | 4295 |
| دعا کب قبول ہوتی ہے؟ | 4368 |
| نمازِ جنازہ کی دعا | 4309 |
| نیک اعمال کے وسیلہ سے دعا کرنے کے بیان میں | 4597 |
| نماز شروع کرنے کی دعا | 4552 |
| نمازِ جنازہ کی دعا | 4135 |
| کسی کام کو شروع کرنے کی دعا | 4181 |
| اذان اور اقامت کے درمیان مانگی جانے والی دعا رد نہیں ہوتی ہے | 4053 |
| ایک اہم دعا | 4613 |
| دعا استخارہ | 3723-3724 |
| ایک اہم دعا | 3696 |
| حضور ﷺ کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دعا سکھانا | 4998 |
| اللہ کے ہاں دعا سے بڑھ کر کوئی عزت والی شی نہیں ہے | 3706 |
| حضور ﷺ کی اپنی اُمت کے لیے دعا | 3858 |
| کسی بستی میں داخل ہونے کی دعا | 4755 |
| آزمائش والے کو دیکھ کر دعا کرنے کا بیان | 4724 |
| دعا کب قبول ہوتی ہے؟ | 3772 |


## کتاب فضائل سیّد الانبیاء


| | |
|---|---|
| صحابہ کرام حضور ﷺ کی تعریفیں کرتے تھے | 4398 |
| حضرت آدم علیہ السلام نبی تھے | 4259 |
| حضور ﷺ کے اسماء مبارکہ | 4417 |
| حضور ﷺ کے اختیارات پر دلیل | 4094 |
| حضور ﷺ کی شفاعت پتھروں‘ درختوں سے زیادہ ہوگی | 4100 |
| حضور ﷺ کے علمِ غیب پر زبردست دلیل | 4081 |
| حضور ﷺ کی خصوصیات | 4586 |
| حضور ﷺ کا نسب اور سسرال کا تعلق قیامت کے دن بھی ہوگا | 4132 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آدم علیہ السلام سے پہلے نبی تھے | 4175 |
| حضرت عیسیٰ دنیا میں تشریف لائیں گے | 4160 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پرندوں کے لیے رحمۃ للعالمین ہیں | 4143 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہِ نبوت کا کمال اور میت سے سوال و جواب کا سلسلہ | 4629 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی اُمت کے لیے شفاعت مانگی | 4648 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم سورج پر بھی چلتا ہے | 4039 |
| مسجد نبوی کی فضیلت | 4018-4025 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کبیرہ گناہ والے کے لیے ہے | 4713 |
| حضرت ابو ہریرہ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وصیت | 3972-4691 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک معجزۂ مبارک کا ذکر | 3975 |
| حنین کی جنگ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک مٹھی کنکریاں مارنے سے جیت گئے تھے | 3978 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباؤ اجداد ہمیشہ ایمان والے رہے ہیں | 4728 |
| وہ گفتگو جو موسیٰ علیہ السلام اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان ہوئی | 3937 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انبیاء علیہم السلام کا ذکر کرتے تھے | 4721 |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں تشریف لائیں گے | 4898 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علمِ غیب پر دلیل | 3807 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عبادت | 3810 |
| حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا ایک یہودی کو مارنا | 3755 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علمِ غیب پر دلیل | 4909 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جب گستاخی ہو تو ایمان کا تقاضا ہے کہ غصہ کرنا چاہیے | 4910 |
| حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ایک غلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر کو خوشبو لگاتے تھے | 4905 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوض کا ذکر | 4902 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لعاب دہن کی برکت کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ گرمیوں میں سردیوں کے اور سردیوں میں گرمیوں کے کپڑے پہنتے تھے | 3796 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہِ نبوت کا کمال | 4965 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آگے سے پیچھے والوں کو دیکھتے ہیں | 4966 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عبادت | 3737 |
| ندیاں ہیں پنجابِ رحمت واہ واہ | 4215-4987 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضور ﷺ کے اختیارات پر دلیل | 4925-4981 |
| حضور ﷺ کے علم غیب پر دلیل | 3691 |
| حضور ﷺ کی زندگی مبارک | 3695 |
| حضور ﷺ کی انگوٹھی پر محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا | 3989 |
| کس نبی کو کتاب کس ماہ نازل ہوئی؟ | 3740 |
| حضور ﷺ کی معراج کا ذکر | 3742 |
| حضور ﷺ ساری کائنات کے لیے رحمت ہیں | 3743 |
| قبروں پر پھول ڈالنے کا ثبوت اور حضور ﷺ کے علم غیب پر دلیل | 3747 |
| حضور ﷺ کی صورت میں شیطان نہیں آ سکتا ہے | 3752 |
| قیامت کے دن حضور ﷺ اللہ کی حمد کریں گے | 3845 |
| حضور ﷺ کی زندگی مبارک | 4856 |
| حضور ﷺ کو معلوم ہے کہ کون جنتی ہے' کون دوزخی ہے؟ | 4878 |
| حضور ﷺ کے اختیارات پر زبردست دلیل | 3819 |
| حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کے بڑھاپے کے باوجود بال سفید نہ ہوئے اور حضور ﷺ کے دست مبارک کی برکت | 4841 |
| حضور ﷺ کے اختیارات پر دلیل | 3866 |
| انبیاء کے جسم مٹی پر کھانے سے حرام کیے گئے ہیں | 3780 |
| حضور ﷺ کے دست مبارک کی برکت اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان | 3892 |
| حضور ﷺ کے علم غیب پر دلیل | 4798 |
| حضور ﷺ کی معراج شریف کا ذکر خیر | 3879 |
| حضور ﷺ کی مدینہ شریف کے لیے دعا | 4692 |
| حضور ﷺ کے اختیارات پر دلیل | 4693 |
| صحابہ کرام نماز میں حضور ﷺ کو دیکھتے رہتے تھے | 3991 |
| حضور ﷺ کا وصال مبارک اور اس میں علم غیب کی اصل اور بڑی عمدہ باتیں | 3996 |
| حضور ﷺ کی معراج شریف کا ذکر | 4679 |
| ایک منافق کا حضور ﷺ کے گدھے کے پیشاب کو بدبودار کہنا اور صحابہ کرام کا اس منافق سے کہنا کہ تجھ سے زیادہ خوشبودار ہے | 4672 |
| اللہ ورسولہ اعلم کے الفاظ ایک حدیث میں کئی مرتبہ | 4479 |
| حضور ﷺ کے علم غیب پر دلیل | 4230 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| کعبہ کے اندر بھی گستاخِ رسول سے بدلہ لیا جائے گا | 4243 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورج سے زیادہ چمک والے تھے | 4458 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مہر نبوت | 4459 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال پیر کے دن اور بدھ کے دن آپ کی تدفین ہوئی | 4288 |


## كتاب فضائل الصحابة


| | |
|---|---|
| حضرت عثمانؓ نے جنگ تبوک کے موقع پر سات سو اوقیہ سونا دیا تھا | 4276 |
| حضرت ابن عمرؓ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یادگار کا بڑا احترام کرتے | 4279 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ازواج کو اختیار دیا تھا | 4456 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے ماتھے کو چومتے | 4105 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضرت ابوبکرؓ سے محبت | 4567 |
| حضرت ابوبکرؓ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بڑا ادب کرتے تھے | 4569 |
| حضرت عمرؓ نے حضرت معاذؓ کو شام کا امیر مقرر کیا | 4112 |
| حضرت ماعزؓ کا ذکر | 4556 |
| حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی شان اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا علمِ غیب | 4089 |
| حضرت عتبہ بن غزوان سلمیؓ کی شان | 4092 |
| دنیا میں ابدالوں کی وجہ سے لوگوں کی مدد کی جاتی ہے | 4101 |
| حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کا ذکر | 4078 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ۶۳ سال کی عمر میں ہوا | 4082 |
| حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی شان | 4130 |
| ایک صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیشاب پی لیا | 4544 |
| حضرت امام مہدیؓ کا ذکر | 4130 |
| حضرت ابوبکرؓ کے پیچھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھی | 4509 |
| حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما جنتی بزرگوں کے سردار ہیں | 4174 |
| حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے مفسر اعظم ہونے کی وجہ | 4176 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی صاحبزادی کے کفن میں اپنا تہبند رکھایا | 4497 |
| حضرت علیؓ کی شان | 4150 |
| حضرت علیؓ منافقت کی پہچان ہیں | 4151 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضرت ابوحدرد اسلمیؓ کی فضیلت | 4512 |
| حضرت زبیرؓ کی فضیلت | 4529 |
| حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حضور ﷺ سے محبت | 4184 |
| انصار کی حضور ﷺ سے محبت | 4630 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کا خارجیوں کو مارنا | 4051 |
| حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت | 4525 |
| حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ کا نماز میں ایک عمل | 4649 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سخاوت | 4040 |
| اسامہ بن زید اور زید بن حارثہ کی فضیلت | 4619 |
| حضور ﷺ کی صاحبزادی اُم کلثوم رضی اللہ عنہا کا ذکر | 4610 |
| حضرت حسان رضی اللہ عنہ کی عظمت | 4609 |
| حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ کی شان | 4069 |
| حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے خاندان کی فضیلت | 4071 |
| حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کی شان | 4605 |
| حضور ﷺ کے صحابہ کی شان | 4074 |
| بزرگوں کی یادگار کو آباد کرنا صحابہ کرام کا طریقہ ہے | 3968 |
| قریش کے متعلق | 3938 |
| حضور ابوبکر رضی اللہ عنہ کا غلامی کرنا اللہ کو ناپسند ہے | 3949 |
| حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ہیبت | 3943 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان | 3930 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت کرنے والوں کے لیے انعام خداوندی | 3934 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت مؤمن اور بغض منافق رکھتا ہے | 4751 |
| حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لیے اسلام لانے کی دعا | 4752 |
| اللہ سے رحمت نیک لوگوں کے وسیلہ سے مانگنی چاہیے | 4717 |
| حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ نے ایک قبیلہ کی طرف بھیجا | 3797 |
| حضور ﷺ کے خاندان پاک کا ذکر | 3799 |
| قریش کا مقام ومرتبہ | 3808 |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضرت ابی بن کعب اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کی فضیلت | 3783 |
| حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بھی وحیٔ الٰہی لکھتے تھے | 3758 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر کو بڑی آزمائش کا سامنا کرنا پڑا | 4913 |
| ان ستر قاریوں کا ذکر جن کو شہید کیا گیا | 3793 |
| ایک صحابیہ کے خوفِ خدا کا ذکر | 3788 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے رشتے داروں سے ملتے وقت خوشی کا اظہار کرتے | 3794 |
| انصار کی فضیلت | 3730 |
| حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا ایک طریقہ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضامندی | 3731 |
| حضرت ابی رضی اللہ عنہ کا ایک طریقہ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضامندی | 3731 |
| حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک نصیحت | 4978 |
| صحابہ کرام کی زندگی | 3697 |
| شہداءِ اُحد والے قیامت تک سلام کرنے والوں کو سلام کا جواب دیتے رہیں گے | 3700 |
| حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دین کے لیے ایسے ہیں جس طرح سر کا تعلق جسم کے ساتھ ہوتا ہے | 4099 |
| حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی شان | 5000 |
| حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی شان | 4999 |
| حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا حق مہران کا آزاد کرنا تھا | 4953 |
| صحابہ کرام کے دلوں میں عشقِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بہار تھی | 3750 |
| حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کا ذکر اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم غیب کی دلیل | 3751 |
| حضرت حذیفہ و معاذ رضی اللہ عنہما کی شان | 3831 |
| حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے احسانات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر زیادہ ہیں | 3835 |
| حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کا واقعہ | 4859 |
| حضرت ھرماس بن زیادہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت | 3837 |
| جس سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شادی اور جس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی سے شادی کی، وہ جنتی ہے | 3844 |
| انصار کی فضیلت | 3845 |
| حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ایک فیصلہ | 4853 |
| حضرت سبرہ بن معبد رضی اللہ عنہ کی شہادت | 3812 |
| حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی اقتداء کرنے کے متعلق | 3816 |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شان | 4879 |
| قرآن اور علی ہمیشہ اکٹھے رہیں گے‘ حوضِ کوثر پر دونوں اکٹھے ہوں گے | 4880 |
| حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نابینا ہونے کی وجہ | 3821 |
| حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کا ذکر | 4843 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی اہل بیت کے متعلق وصیت فرمائی | 3860 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان | 3862 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان | 4842 |
| ’’قل لا اسئلکم علیہ اجرًا الا المودۃ فی القربٰی‘‘ کا شانِ نزول اور محبتِ صحابہ کا ذکر | 3864 |
| حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بدر میں شریک نہ ہونے کے باوجود مالِ غنیمت سے حصہ ملا | 3863 |
| حضرت ضباعہ رضی اللہ عنہ کا ذکر | 4839 |
| امام حسن وحسین اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہم کا ذکر خیر | 4832 |
| حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شان | 4835 |
| حضرت معاویہ مزنی رضی اللہ عنہ کی فضیلت اور سورۂ اخلاص پڑھنے والے کے لیے انعام | 3874 |
| حسنین کریمین رضی اللہ عنہما سے محبت‘ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت ہے | 4795 |
| حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی شان | 4794 |
| حضرت جبریل علیہ السلام کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کرنا کہ آپ حضرت معاویہ کو نصیحت کریں | 3902 |
| حضرت مطاع رضی اللہ عنہ کا ذکر | 4781 |
| حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا ذکر | 4809 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر پر پتھر رکھا | 3886 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان ومقام ومرتبہ | 3891 |
| حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے بغض رکھنے والے سے اللہ کی ناراضگی ہے | 4796 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا ذکر | 4822 |
| صحابہ کرام کو برا بھلا کہنے پر اللہ کی لعنت ہے | 4771 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اُمت میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ افضل ہیں | 3920-4772 |
| حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں جانا | 3916 |
| حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا مقام ومرتبہ | 4767 |
| حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز میں کندھوں پر سوار کرتے | 3987 |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضور ﷺ کے علم غیب پر دلیل اور خلفاءِ ثلاثہ کے لیے جنت کی خوشخبری | 3988 |
| حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے لیے حضور ﷺ کی دعا | 3994 |
| حضرت امام مہدی کا ذکر | 4677 |
| حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے حضور ﷺ کی محبت | 3999 |
| حضرت عبدالرحمن بن عوف کو حضور ﷺ نے خود اپنے ہاتھ سے عمامہ باندھا | 4671 |
| حضور ﷺ کی آل سے بغض رکھنے والا قیامت کے دن یہودی ہوگا' اگرچہ دنیا میں بڑا پرہیز گار ہو | 4002 |
| حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت | 4201 |
| حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا ذکر | 4477 |
| حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی شان | 4209 |
| قریش کی عورتوں کے متعلق | 4211 |
| صحابہ کرام حضور ﷺ کے تبرکات کا احترام کرتے تھے | 4234 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مقام ومرتبہ | 4248 |
| حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی شان | 4431 |
| حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا وصال مقام سرف میں ہوا | 4225 |
| عبدالقیس کے وفد کا ذکر | 4386 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کا خطبہ | 4298 |
| حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ہمت | 4318 |
| حضرت عمر اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کا ذکر | 4338 |
| حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت لکھوانی چاہی | 4331 |
| امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں | 4332 |
| حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شان | 4357 |
| حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اللہ عزوجل سب سے پہلے مصافحہ کریں گے | 4310 |
| حضور ﷺ کے حالتِ غصہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ گفتگو کرتے تھے | 4314 |
| عشرہ مبشرہ | 4374 |
| حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی شان | 4727 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ایک خطبہ | 4844 |


Marfat.com

## کتاب مناقب الامة


| | |
|---|---|
| اُمت کب بھلائی پر رہے گی | 4086 |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام کا حضور ﷺ کی اُمت کو سلام کہنا | 4170 |
| حضور ﷺ کی اُمت کی شان | 4498 |
| جنت میں سب سے پہلے حضور ﷺ کی اُمت جائے گی اُمتوں میں | 4153 |
| حضور ﷺ کی اُمت کو عذاب دنیا میں دیا جائے گا | 4055 |
| حضور ﷺ کی اُمت کی مثال | 4058 |
| حضور ﷺ کی اپنی اُمت سے محبت | 4830 |
| حضور ﷺ کی اُمت کسی بت یا سورج کی عبادت نہیں کریں گے البتہ وہ کام کرنے گی جس پر اللہ راضی نہیں ہوگا | 4213 |
| اُمت کی مثال | 4367 |


## کتاب المواریث


| | |
|---|---|
| حضور ﷺ کی وراثت دنیوی مال نہیں تھا | 3717-3718-3876-4521-4588-4933 |
| اگر بچہ پیدا ہو حالتِ موت میں تو وہ وارث نہیں ہے | 4599 |
| غلام مالک کا ہے | 4549 |
| عمریٰ وارث کے لیے ہے | 4229-4872 |


## کتاب الزکوة والصدقه


| | |
|---|---|
| رکاز میں خمس ہے | 4128 |
| کتنے مال میں زکوٰۃ ہے | 4540 |
| اپنے اموال کی زکوٰۃ نہ دینے والے کے لیے عذاب | 4037 |
| زکوٰۃ ادا کرنے کا ثواب | 4065 |
| خمس کے متعلق | 3928 |
| عشر کے متعلق | 4943 |
| خمس کا ذکر | 3748 |
| صدقہ سے گناہ معاف ہوتے ہیں | 4480 |
| صدقہ دینے سے مال بڑھتا ہے | 4228 |


## کتاب الذکر


| | |
|---|---|
| مرغ جو رب تعالیٰ کو رات کو یاد کرتا ہے | 4258 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جب اللہ کی نعمتیں بندے پر ہوں تو وہ اللہ کا ذکر کثرت سے کرے | 4261 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر وعثمان کے ہاتھ میں کنکریوں کا ذکر کرنا | 4097 |
| کھانا شروع کرتے وقت اللہ کا ذکر کرنا چاہیے | 4576 |
| ہر شی اللہ کا ذکر کرتی ہے | 4501 |
| سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ پڑھنے کا ثواب | 4027 |
| اعمال کا ثواب نیت پر ہے | 4030 |
| ”لا اله الا اللّٰه وحدهٗ لا شريك له له الملك وله الحمد يحيي ويميت ابدًا ابدًا“ کا ثواب | 4643 |
| اللہ کے اسماء یاد کرنے کا ثواب | 4070 |
| اللہ کی رحمت کے حصے | 4711 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصال سے پہلے کثرت سے سبحان اللّٰہم وبحمدک پڑھتے تھے | 4734 |
| کسی کے لیے بددعا کرنے کے بجائے اللہ کا ذکر کرنا چاہیے | 3925 |
| لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے کی فضیلت | 4725 |
| حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دَم کرتے تھے | 4899 |
| اللہ کے اسماء کا ذکر | 4900 |
| مجلس سے اُٹھتے وقت ذکرِ الٰہی کرنا چاہیے | 3744 |
| کھاتے وقت اللہ کا ذکر کرنا چاہیے | 4952 |
| ہر شی اللہ کا ذکر کرتی ہے | 4852 |
| مجلس سے اُٹھتے وقت ذکرِ الٰہی کرنا چاہیے | 4834 |
| حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دَم کرتے تھے | 4793 |
| سبحان اللہ وبحمدہٖ پڑھنے کا ثواب | 3982 |
| اللہ کا ذکر جس طرح بھی ہو کوئی حرج نہیں ہے | 3986 |
| رات میں اُٹھے تو کون سا کلمہ پڑھے | 4210 |
| مجلس سے اُٹھتے وقت ذکر کرنے کے بیان میں | 4467 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں درود پاک پڑھنے کا ثواب | 4216 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دن میں ستر مرتبہ بخشش مانگتے | 4222 |
| آسان عمل | 4223 |
| حج کے وقت اللہ کا ذکر کرنا چاہیے | 4377 |


Marfat.com

## کتاب الموت

| | |
|---|---|
| آخر کار اس دنیا سے جانا ہے | 4278-4845 |
| عذابِ قبر برحق ہے | 4627 |
| چغل خوری کی وجہ سے عذابِ قبر | 4628 |
| موت کے لیے تیار رہنا چاہیے | 3945 |
| قبر کی زیارت کرنے سے آخرت یاد آتی ہے | 4912 |
| جو بھی دنیا میں آیا ہے اُس نے جانا ہے | 4980 |

## کتاب علامات الساعة والفتن

| | |
|---|---|
| قربِ قیامت فتنے ہوں گے | 4271 |
| قربِ قیامت فتنے ہوں گے | 4583 |
| قربِ قیامت کے دن کافر سے حساب لیا جائے گا | 4599 |
| دجال کے متعلق | 4099-4580 |
| قیامت کے دن شہداء کے سردار حضرت حمزہؓ اور حق بات کہنے والا ہوگا | 4079 |
| شیطان کو وہ زیادہ پسند ہے جو بڑا فتنہ ڈالے | 4127 |
| قیامت کے دن چار چیزوں کے متعلق پوچھا جائے گا ہر کسی سے | 4710 |
| قربِ قیامت لوگوں کی عقلیں کم ہوں گی | 4701 |
| فتنوں کے زمانہ میں کون لوگ بہتر ہوں گے | 4703 |
| ۷۲ فرقے ہوں تو ان میں کامیاب کون ہے؟ | 4826 |
| قیامت کے قریب عرب کے لوگ ہلاک ہوں گے | 4942 |
| دجال کے نکلنے کی جگہ | 4930 |
| قربِ قیامت اچھے لوگوں کو بُرا اور بُروں کو اچھا سمجھا جائے گا | 3767 |
| قیامت کے دن لوگ ننگے بدن ننگے پاؤں ہوں گے | 4904 |
| قیامت کا ذکر | 4967 |
| قیامت کب آئے گی؟ | 3853 |
| یاجوج ماجوج کے متعلق تفصیل | 3855 |
| قیامت کی نشانیاں اور قربِ قیامت لوگ طلاق دے کر بھی اپنے پاس بیویاں رکھیں گے | 4861 |
| قیامت کی نشانیاں | 3843-4860 |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| قربِ قیامت فتنے ہوں گے | 3905 |
| قیامت کے دن ہر کوئی اپنے گناہ کا اقرار کرے گا | 3915 |
| تقدیر کا انکار کرنے والوں کی عیادت نہیں کرنی چاہیے | 4455 |
| خارجیوں کی مثال | 4369 |
| قربِ قیامت فتنے ہوں گے | 4346 |
| اللہ عزوجل جب دو مال داروں کو اُٹھائے گا | 4383 |
| دجال کے متعلق | 4289 |


## کتاب البر


| | |
|---|---|
| مسلمان کے لیے نیکی کرنے کا ثواب اس کے ساتھ ستّر ہزار فرشتے ہوتے ہیں | 4396 |
| آبِ زمزم بابرکت پانی ہے | 4270 |
| میانہ روی کرنے کے بیان میں | 4272 |
| قبلہ کی جانب تھوکنا منع ہے | 4407 |
| ذی الحجہ کے دنوں کی عظمت | 4401 |
| توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے | 4418 |
| اپنے گھر والوں سے جو بہتر ہے وہ اچھا انسان ہے | 4420 |
| مُردوں کو بُرا بھلا نہیں کہنا چاہیے | 4265 |
| دین میں آسانی ہے | 4117 |
| کسی کے ذمے روزے ہوں اور وہ مرجائے تو اس کا فدیہ ورثاء دیں | 4121 |
| جس کو قرض دی ہو وہ مقروض سے ہدیہ نہ لے | 4585 |
| بچیوں کی پرورش کرنے والے کا ثواب | 4093 |
| لیلۃ القدر آخری عشرے میں تلاش کرنی چاہیے | 4095 |
| اندھیروں میں چل کر مسجد کی طرف آنے والوں کے لیے ثواب | 4581 |
| یمن وشام کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا | 4098 |
| حضرت عمر بن عبدالعزیز کا تقویٰ | 4102 |
| قسم اللہ کی اُٹھانی چاہیے | 4575 |
| سحری کے لیے برکت | 4104 |
| نیک آدمی کے پڑوس کی وجہ سے عذاب دُور ہوتا ہے | 4080 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| نیک عورت کی فضیلت | 4598 |
| نیک کام کرنے کا ثواب | 4081 |
| تنگ دست کو مہلت دینے کا ثواب | 4592 |
| جتنی دور سے چل کر آئے گا اتنا زیادہ ثواب ہوگا | 4596 |
| غلام پر حد کب ہے؟ | 4587 |
| تنگ دست کو مہلت دینے کا ثواب | 4124 |
| اللہ کی رضا کے لیے گفتگو کرنا | 4550 |
| حضرت موسیٰ و آدم علیہما السلام کا مکالمہ | 4545 |
| لڑائی جھگڑا کرنا منع ہے | 4538 |
| جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے' اللہ اس پر رحم نہیں کرتا ہے | 4168 |
| بھلائی نیک لوگوں کے صدقہ سے مانگنا چاہیے | 4506 |
| سوار ہونے کے متعلق | 4508 |
| کسی مسلمان بھائی کو اسلحہ کے ذریعے اشارہ نہیں کرنا چاہیے | 4169 |
| اللہ کی نعمت پر اس کا شکریہ ادا کرنا چاہیے | 4503 |
| کسی کی تنگی دُور کرنے کا ثواب | 4504 |
| مسجد نبوی کی فضیلت | 4178 |
| ماں باپ کا احترام ان کے آگے نہ چلنا چاہیے | 4159 |
| نیکی کا کام اللہ کے لیے کرنا چاہیے | 4161 |
| اصل جہاد تقویٰ ہے | 4511 |
| جب کسی عجیب شی کو دیکھے تو سجدہ کرے | 4541 |
| مؤمن کی مثال کھجور کے درخت کی طرح ہے | 4534 |
| تنگ دست کو مہلت دینے کا ثواب | 4537 |
| نیکی کا ارادہ کرنے سے نیکی کا ثواب ملتا ہے | 4140 |
| ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں | 4148 |
| عورتوں کے لیے پردہ ضروری ہے | 4528 |
| توبہ کا دروازہ کھلا ہے | 4146 |
| مسلمانوں کی مدد کمزور لوگوں کے صدقے سے کی جاتی ہے | 4148 |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| تاجروں کوصدقہ کرنا چاہیے | 4485 |
| رزقِ حلال کے متعلق | 4486-4487 |
| زیادہ نیکی کی حق دار ماں ہے | 4482 |
| عورتیں راستہ کے ایک طرف ہو کر چلیں | 4048 |
| اعمال چھ طرح کے ہیں | 4059 |
| برتن پاک صاف رکھنے چاہیے | 4057 |
| ہدیہ قبول کرنا چاہیے | 4031 |
| اللہ کی رضا کے لیے مسجد بنانے کا ثواب | 4641 |
| مسجدوں کی فضیلت | 4009 |
| سنت دو طرح کی ہے | 4011 |
| لوگوں کے لیے وہی شی پسند کرنی چاہیے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے | 4013 |
| ایک جوتا پہن کرنہیں چلنا چاہیے | 4014 |
| یمن کی فضیلت | 4661 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عاجزی کو پسند کرتے تھے | 4016 |
| ناجائز قسم نہیں اُٹھانی چاہیے | 4654 |
| مسلمان کے دل میں اچھے خیالات ہوتے ہیں | 4653 |
| غلام کو آزاد کرنے کا ثواب | 4655 |
| اچھا آدمی وہ ہے جس کو مرنے سے پہلے نیک اعمال کی توفیق ملے | 4656 |
| قرض ادا کر دینا چاہیے اگر پاس پیسے ہوں | 4659 |
| مشرکوں کے بچوں کے متعلق | 4023 |
| ایصالِ ثواب جائز ہے | 4617 |
| اچھا ساتھی کون ہے | 4612 |
| صلہ رحمی کرنے کا ثواب | 4606 |
| اچھے اخلاق کا ثواب | 3970 |
| عورتوں کی تربیت کرنی چاہیے | 4707 |
| کسی کی ضرورت پوری کرنے کا ثواب | 4708 |
| کسی مسلمان بھائی کی عیادت کرنے کا ثواب | 4709 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| خفیہ نیکی کرنے کا ثواب | 4702 |
| اچھا نام حضور ﷺ کو بڑا پسند ہے | 4704 |
| صباء ہوا کے متعلق | 3941 |
| صبر کرنے کا ثواب | 4740 |
| یتیم و بیوہ کی خدمت کا ثواب | 4742 |
| حضور ﷺ کا اپنی اُمت کو تعلیم دینا | 3947 |
| دعوتِ ولیمہ قبول کرنی چاہیے | 3948 |
| کسی کو کھانا کھلانے کا ثواب | 4729 |
| بال اگر رکھے ہوں تو ان کو سنوارنا چاہیے | 3933 |
| فضیلت تقویٰ کی بناء پر ہے | 4749 |
| عورت کو غیر محرم سے پردہ کرنا چاہیے | 4743 |
| جمعہ کے دن ناخن کاٹنے کے متعلق | 4746 |
| حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ کا وصیت کرنا | 3951 |
| اللہ سے ڈرنے والے کون لوگ ہیں | 3965 |
| شوہر کی اطاعت کرنے والی عورت کے لیے مقام | 4715 |
| حیاء انسان کو خوبصورت کرتی ہے | 4718 |
| حضور ﷺ کا اخلاق | 3798 |
| کسی مسلمان کو تکلیف نہیں دینی چاہیے | 3800-4884 |
| فیصلہ ظاہر پر ہوتا ہے | 4890 |
| نصیحت کن لوگوں کے لیے ہے؟ | 3769 |
| ایک آدمی کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نصیحت | 3774 |
| جو تین کام کرنے سے اللہ خوش ہوتا ہے | 4918 |
| قبیلہ نبط والوں کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی نصیحت | 4919 |
| گناہوں سے دُور رہنا چاہیے | 3776 |
| راستہ کتنا ہونا چاہیے | 3777 |
| کسی کے عیب تلاش نہیں کرنے چاہیے | 3778 |
| لوگوں سے اچھا سلوک کرنا چاہیے | 3779 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جن لوگوں کو اللہ کی رحمت ڈھانپتی ہے | 3780 |
| غریب لوگوں کے لیے خوشخبری | 4915 |
| قرض ادا کرنے کی نیت رکھنے والے کے ساتھ اللہ کی مدد شاملِ حال ہوتی ہے | 3759 |
| اللہ سے ڈرنے والے آدمی کا ذکر | 4936 |
| حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ایک خوبصورت چادر تھی جو عورتیں آپ سے عاریتاً لیتی تھیں | 3761 |
| حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کی آزادی کا واقعہ | 3763 |
| دنیا میں نیک اعمال کرنے والے | 4931 |
| رخصت پر عمل کرنا چاہیے | 4927 |
| بزرگوں کا احترام کرنا چاہیے | 3786 |
| یمن کے لوگوں کی فضیلت | 3789 |
| حق بات کہنی چاہیے | 4906 |
| جس کے نابالغ بچے فوت ہو جائیں' اس کا ثواب | 3734 |
| بادشاہوں کا تحفہ قبول نہیں کرنا چاہیے | 4969 |
| غلام آزاد کرنے کا ثواب | 3738 |
| کسی کا راز ظاہر نہیں کرنا چاہیے | 3739 |
| سحری میں برکت ہے | 3756-3757-4990 |
| عیب پر پردہ ڈالنے کا ثواب | 4992 |
| کسی مسلمان کو پانی پلانے کا ثواب | 4993 |
| ایک تیر کے ذریعے تین آدمی جنت میں جائیں گے | 4994 |
| اپنی عاجزی کا اظہار اللہ کی بارگاہ میں کرنا چاہیے | 3710 |
| مہمان نوازی تین دن ہے | 3713 |
| جب دو آدمی گفتگو کر رہے ہوں تو ان کی بات نہیں سننی چاہیے | 3714-4988 |
| مسجد نبوی' مسجد حرام اور بیت المقدس کی شان | 4983 |
| جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے' اللہ اس پر رحم نہیں کرتا ہے | 3721 |
| تحفہ واپس نہیں لینا چاہیے | 3722 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| اچھا کام شروع کرنے کا ثواب | 3693 |
| مسلمانوں کے ساتھ خیر خواہی کرنی چاہیے | 3703 |
| حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تین کاموں کی وصیت | 4926-4957 |
| کمزور لوگوں کو تنگ نہیں کرنا چاہیے | 4949 |
| حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی چند عمدہ باتیں | 4950 |
| گناہوں سے معافی مانگنی چاہیے | 4854 |
| مؤمن کا ہر کام بہتر ہے | 3849 |
| قبیلہ حمیر والوں کا ذکر | 3850 |
| جن تین کاموں سے اللہ اور اس کا رسول ناراض ہوتے ہیں | 4848 |
| لوگوں سے محبت کرنا نیکی ہے | 4847 |
| بچوں کی اچھی تربیت کرنی چاہیے | 4865 |
| غلام آزاد کرنے کے متعلق | 3840 |
| اللہ کی رحمت بندوں کے مایوس ہونے سے زیادہ ہوتی ہے | 4885 |
| غصہ کے متعلق تفصیل | 3817 |
| کسی کو تکلیف نہیں دینی چاہیے | 4873 |
| جن چھ باتوں کی وجہ سے اللہ خوش ہوتا ہے | 3822 |
| بیوی کو اپنے شوہر کی نافرمانی نہیں کرنی چاہیے | 4837 |
| نیکی والے کام صدقہ ہیں | 4840 |
| رشتے دار کو صدقہ دینا دگنا ثواب ہے | 3868 |
| مانگنے والے کو سمجھانا چاہیے | 4833 |
| مسجد ثلاثہ کا ذکر | 4836 |
| اچھا گھر وہ ہے جس میں یتیم سے اچھا سلوک کیا جاتا ہو | 4786 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کو قبرستان جاتے تھے | 4784 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسجد شریف کی فضیلت | 3907-3708 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| آخرت کا طالب ہونا چاہیے | 4776 |
| حیاء بڑی شی ہے | 4802 |
| غلام کو اپنے آقا کا کہنا ماننا چاہیے | 4797 |
| مہمان نوازی تین دن ہے | 3894 |
| اولاد کے مال میں ماں باپ کا حق ہے | 3895 |
| عورت اپنے شوہر کے مال سے صدقہ کرے تو عورت کو ثواب ملتا ہے | 3896-3897 |
| تحفہ واپس نہیں لینا چاہیے | 3898 |
| قریبی پڑوسی زیادہ حق دار ہے | 4790 |
| نیکی کی دعوت کرنے والے کو ثواب ملتا ہے | 4791 |
| جمعہ اور جمعرات کے دن بابرکت ہیں | 4829 |
| طمع ولالچ کے بغیر کسی کوئی شی ملے تو لے لینی چاہیے | 4823 |
| پڑوسی کے متعلق | 4819 |
| فیصلہ کرنے کے لیے احتیاط چاہیے | 3880 |
| بزرگوں کا احترام نہ کرنے والوں کے لیے عبرت | 4812 |
| اپنے رشتہ دار کو صدقہ دینے کا ثواب | 3911 |
| جب کسی آدمی کے دل کو ٹیڑھا کرنا ہو | 3914 |
| جانور ذبح کرتے وقت اللہ کا نام لینا چاہیے | 4769 |
| جمعہ کے دن درود پڑھنے کا ثواب | 3923 |
| جس کی تین بچیاں ہوں اس کے ثواب کے بیان میں | 4760 |
| بچوں کو سلام کرنا چاہیے | 3983 |
| اندھیروں میں چل کر مسجد کی طرف آنے والے کی فضیلت | 4697 |
| رزقِ حلال کی برکت | 4684 |
| اچھے لوگ چلے جائیں گے، بُرے لوگ بعد میں ہوں گے | 4676 |
| مسجد کو آباد کرنے والے کے لیے ثواب | 4678 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| حسن اخلاق کا ثواب زیادہ ہوگا | 4198 |
| اندھیروں میں چل کر مسجد کی طرف آنے والوں کے لیے ثواب | 4207 |
| سورج بھی اپنے رب کو سجدہ کرتا ہے | 4470 |
| حیاء اور ایمان دونوں اکٹھے ہوں گے | 4471 |
| ربِ تعالیٰ کی بخشش کے متعلق | 4472 |
| جمعہ کا دن عید کا دن ہے | 4473 |
| اُمت کے لیے اچھے کام کرنے والا بہتر ہے | 4226 |
| جس کو کوئی تکلیف پہنچے تو وہ حضور ﷺ کی تکلیف یاد کرے | 4448 |
| رزق انسان کو تلاش کرتا ہے جس طرح موت | 4444 |
| اچھے حکمران کو اچھے وزیر ملتے ہیں | 4240 |
| عقیقہ کرنا چاہیے | 4435 |
| تنگ دست کو مہلت دینے کا ثواب | 4241 |
| کسی کے درمیان آ کر بیٹھنا ناجائز ہے | 4429 |
| مسجد نبوی' مسجد حرام اور بیت المقدس کی فضیلت | 4430 |
| والدین کی خدمت سے حج و عمرہ کا ثواب ملتا ہے | 4466 |
| والدین کی خدمت بھی جہاد ہے | 4214 |
| ایصالِ ثواب جائز ہے | 4219 |
| غلام آزاد کرنے کے متعلق | 4460 |
| نیکی کی کوشش کرنی چاہیے | 4299 |
| نیکی کا ثواب | 4390 |
| حضرت ابوطفیل | 4290 |
| قبروں پر پھول ڈالنا سنت ہے | 4394 |
| نیک اعمال کرنے والا ثواب کا زیادہ حق دار ہے | 4358 |
| محبت انسان کو اندھا اور بہرا کر دیتی ہے | 4359 |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کسی سے کوئی اللہ کی رضا کے لیے محبت کرے تو اس کو بتا دے | 4328 |
| امام اور مؤذن کے متعلق | 4363 |
| مسجدوں کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے | 4320 |
| تبلیغ کرنے کا طریقہ | 4321 |
| اللہ عزوجل کی بادشاہی | 4365 |
| تہبند اُٹھا کر باندھنا چاہیے | 4340 |
| مؤمن کا قتل دنیا ختم ہونے سے زیادہ گناہ ہے | 4349 |
| عبادت اتنی کرنی چاہیے جتنی سکون سے کر سکے | 4333 |
| مسلمان کو کام کاج کرنا چاہیے | 4354 |
| مسجد نبوی، مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ کی فضیلت | 4312 |
| اللہ عزوجل کی بخشش زیادہ ہے | 4305 |
| اللہ عزوجل جب کسی اُمت کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے | 4306 |
| ایک گروہ کا صلح کے لیے آنا | 4307 |


## کتاب اللباس


| | |
|---|---|
| سفید لباس کی فضیلت | 3919 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیاہ عمامہ شریف پہنتے تھے | 4468 |


## کتاب الاضحیة


| | |
|---|---|
| حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کا قربانی کرنا | 4085 |
| قربانی کا گوشت رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے | 4618 |
| عقیقہ کے ذکر میں | 4882 |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو مینڈھوں کی قربانی دیتے تھے | 3832 |
| حالتِ مجبوری میں جانور بھاگے تو ران پر تیر یا چھری مار کر ذبح کیا جا سکتا ہے | 4867 |
| مکہ ہر جگہ جانور کی قربانی کی جا سکتی ہے | 4250 |


## کتاب الحدود


| | |
|---|---|
| چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا جائے گا | 4524 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| رجم کرنے کے متعلق | 4185 |
| مثلہ کرنا منع ہے | 4490 |
| اللہ کی حدود کی بے حرمتی کرنے والوں کا انجام | 4632 |
| محرم عورت سے نکاح کرنے والا جہنمی ہے | 3936 |
| جن لوگوں کو قتل کرنا جائز ہے | 3760 |
| قتل کے بدلے قتل ہے | 3760 |
| رضائی چچا سے پردہ نہیں ہے | 4938 |
| پاؤں میں دیت ہے | 4929 |
| کفن چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا | 3852 |
| لونڈی پر حد نہیں ہے | 3834 |
| حاملہ کی عدت وضع حمل ہے | 4820 |
| احکاماتِ الٰہی کی خلاف ورزی کرنے والے | 4462 |
| حاملہ عورت کو رجم کیا جائے گا | 4302 |


## کتاب متفرق المسائل


| | |
|---|---|
| سانپ جنوں کی مسخ ہوئی شکل ہے | 4269 |
| حضرت زبیرؓ کے گھوڑے کے متعلق | 4273 |
| عرش اُٹھانے والا فرشتہ | 4421 |
| حضور ﷺ کا ایک خواب | 4425 |
| ہر ایک سے نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا | 4455 |
| جادو کرنے والا کا تعلق اسلام سے نہیں ہے | 4262 |
| حضور ﷺ اپنی ذات کے لیے انتقام نہیں لیتے تھے | 4266 |
| ہر کوئی آپ کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا | 4107 |
| جس کسی بستی میں عذاب نازل ہوا ہو وہاں نہیں جانا چاہیے | 4565 |
| ماں کے پیٹ میں ہر کوئی خون کی شکل میں ہوتا ہے | 4559 |
| کسی کی اجازت کے بغیر شی نہیں لینی چاہیے | 4120-4531 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| کان سر میں شامل ہے | 4084 |
| خنث کے متعلق | 4590 |
| حیاء اللہ کو پسند ہے | 4591 |
| مشرکوں کی مخالفت کرنی چاہیے | 4122 |
| ایک لشکر کا زمین پر دھنسنا | 4164 |
| گواہی چھپانی نہیں چاہیے | 4167 |
| تصویر بنانے والوں کے لیے عذاب | 4505 |
| تیراندازی سیکھنی چاہیے | 4177 |
| ذخیرہ اندوزی گنہگار کرتا ہے | 3942-4496 |
| مردار سے نفع نہ اُٹھانا چاہیے | 4526 |
| پچھنا لگوانے کے متعلق | 4527 |
| یتیموں کے مال کے متعلق | 4152 |
| عورت' عورت کے ساتھ نہ لیٹے | 4157 |
| چھوٹے بچوں کے مرنے کے متعلق | 4515 |
| حضور ﷺ کا جعرانہ کے مقام پر ٹھہرنا | 4518 |
| تصویر گھر میں نہیں رکھنی چاہیے | 4163 |
| سود حرام ہے | 4513 |
| انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہننی چاہیے | 4539 |
| تفرقہ ڈالنے والے کا انجام | 4137 |
| اللہ کی رخصت کو قبول نہ کرنے والے کے لیے عبرت | 4535 |
| صبح کے وقت چراغ بجھا دینا چاہیے | 4523 |
| سانپ کو مارنا چاہیے | 4509 |
| دنیا کی مثال | 4180 |
| جوتی پہن کر چلنے کا ثواب | 4183 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| قبیلہ ربیعہ کے متعلق | 4494 |
| حضور ﷺ آسان کام کو اختیار کرتے تھے | 4187 |
| ناجائز مال کھانے والوں کے متعلق | 4488 |
| آخر زمانہ ظالم لوگ ہوں گے | 4190 |
| سانپ کی خصوصیت | 4061 |
| باتوں کے متعلق | 4062 |
| اولاد کی اچھی تربیت کرنے کے متعلق | 4076 |
| گم شدہ شی کے متعلق | 4626 |
| پانسوں سے مارنے سے اللہ اور اس کا رسول ﷺ ناراض ہوتے ہیں | 4026 |
| لوگوں میں بدترین وہ آدمی ہے جس کی شر سے بچنے کے لیے عزت کی جائے | 4028 |
| دنیاداروں کی چاپلوسی کرنے والوں کے لیے | 4035 |
| حسد کے متعلق | 4044 |
| عرب کے لوگوں کی عزت کس میں ہے؟ | 4008 |
| کپڑا سنبھالنا چاہیے | 4022 |
| مسجدوں میں اسلحہ کی نمائش نہیں کرنی چاہیے | 4024 |
| کنجوسی کے متعلق | 4066 |
| ظالم کے مال و دولت کو دیکھ کر پریشان نہیں ہونا چاہیے | 4067 |
| زخم کا بدلہ نہیں ہے | 4068 |
| گناہ کے لیے نذر جائز نہیں ہے | 4604 |
| دنیا اللہ کی رحمت سے دور ہے | 4072 |
| دنیا کے لیے جینے والوں کے لیے ہلاکت ہے | 4073 |
| انسان کے لیے تین کام بطور اُجرت ہیں | 4705 |
| عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا ہوئی ہے | 3966 |
| چہرے پر مارنا اور گریبان پھاڑنا منع ہے | 3967 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| کون لوگ صدقِ دل سے مسلمان ہوتے ہیں | 3971 |
| غیر آباد زمین کو آباد کرنا | 4714 |
| حضرت ابوطالب کے لیے حضور ﷺ کا دعا کرنا | 3973 |
| منہ پر کسی کی تعریف نہیں کرنی چاہیے | 3977 |
| حمص کی رہنے والی عورتوں کا حضور ﷺ کے پاس آنا | 4743 |
| حضور ﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی | 4736 |
| گھوڑے کے متعلق | 3738 |
| حضور ﷺ کا جھنڈا | 4333 |
| نسب بدلنے والا جہنمی ہے | 3931 |
| بیری کے درخت کے متعلق | 3932 |
| جوتی پہننی چاہیے | 4750 |
| نبیذ کے متعلق | 4744 |
| بُرے حکمرانوں کے متعلق | 4745 |
| اچھے کام نہ کرنے کی قسم نہیں اُٹھانی چاہیے | 3956 |
| بچیاں اگر کھلونے سے کھیلیں تو کوئی حرج نہیں ہے | 3957 |
| بُری بدعت ایجاد نہیں کرنی چاہیے | 3958 |
| کسی کو چہرے پر نہیں مارنا چاہیے | 4716 |
| گم شدہ کا اعلان کرنا چاہیے | 4897 |
| عرب اور یمن کے لوگوں کی فضیلت | 3802 |
| سیاہ خضاب حرام ہے | 3803 |
| جنوں کا گروہ حضور ﷺ کے پاس آیا | 3804 |
| جس گھر میں تصویر یا کتا ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں | 3770 |
| قطع تعلقی ناجائز ہے | 4921 |
| درخت بلاوجہ نہیں کاٹنے چاہئیں | 3775 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جس شی پر کوئی مقرر ہے تو اس سے اس کے متعلق پوچھا جائے گا | 4916 |
| مردوں کو عورتوں کی مشابہت نہیں کرنی چاہیے | 3765 |
| دنیا سے کسی کا جی نہیں بھرتا ہے | 3784 |
| کسی کے درمیان فیصلہ کرنے کے لیے کوشش کرنی چاہیے کہ منصف نہ بنے | 3385 |
| بیعت رضوان کا ذکر | 3790 |
| پھاڑنے والے درندے کا شکار حرام ہے | 3791 |
| اچھا اور برا خواب دیکھے تو؟ | 4975 |
| گم شدہ شی کا اعلان کب تک کرنا چاہیے؟ | 4964 |
| ماں کا ذبح بچہ کا ذبح ہے | 3711 |
| مینڈک اللہ کا ذکر کرتا ہے | 3716 |
| ریاکاری کرنے والوں کا انجام | 4984 |
| کتوں کو مارنے کے متعلق | 3725 |
| گدھے سے گھوڑی جفتی کروانے کے متعلق | 4996 |
| کسی کے بال لگانے والوں پر حضور ﷺ کی لعنت | 4963 |
| جن برتنوں میں نبیذ بنانا جائز نہیں ہے | 4959 |
| فتنے بازی نہیں کرنی چاہیے | 3749 |
| جب ملک کی سربراہ عورت ہو تو وہ ملک کامیاب نہیں ہوسکتا ہے | 4855 |
| جنوں کے قتل کی ممانعت ہے | 3848 |
| ملک شام کی فضیلت | 3851 |
| جن بستیوں میں عذاب نازل ہوا ان میں داخل نہیں ہونا چاہیے | 4851 |
| مشرکوں کی مخالفت کرنی چاہیے | 3857 |
| لایعنی نذر درست نہیں ہے | 4864 |
| قاضی تین طرح کے ہیں | 3828 |
| ایک گروہ کا ذکر | 3833 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| بنی سعد کے قبیلہ کا ذکر | 4861 |
| یمن والوں کا ذکر | 3873 |
| نجران کے عیسائیوں کا وفد حضور ﷺ کے پاس آیا | 3906 |
| حضور ﷺ کے ایک فیصلہ کا ذکر | 4782 |
| راہب کی مشابہت نہیں کرنی چاہیے | 3909 |
| کسی کو قتل کرنا' ناجائز ہے | 4775 |
| ظلم کرنے والوں سے پناہ مانگنی چاہیے | 4777 |
| حرام حلال کو حرام نہیں کرسکتا ہے | 4803 |
| ہر ایک سے نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا | 3890 |
| حضور ﷺ کا ایک جگہ جانا | 3875 |
| تانبا پہننا ناجائز ہے | 3882 |
| کھجور کے متعلق | 3916 |
| گناہ کرنے والوں کو سرعام روکنا چاہیے | 4770 |
| لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے والا بننا | 4763 |
| انصاف کرنے کا فائدہ | 4765 |
| فیصلہ کرنے سے متعلق | 3922-3985 |
| عورتوں کی دُبر میں وطی کرنا حرام ہے | 4754-4759 |
| تکبر کرنے والوں کے لیے عذاب | 3981 |
| غصہ کے متعلق | 3984 |
| سورج' چاند' دن رات کو گالی نہیں دینی چاہیے | 4698 |
| گھنٹی اور گھنگھرو والوں کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں | 4699 |
| غیر محرم کو عورت گھر میں نہ آنے دے | 4694 |
| تکبر کرنا اللہ کو ناپسند ہے | 4695 |
| ل داری سے انسان کبھی سیر نہیں ہوتا ہے | 4687 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جو قوم ہلاک ہوئی ہے اس کی نسل نہیں ہے | 3995 |
| ریا کاری کرنے والے کے لیے عذاب | 4680 |
| سود کے متعلق | 4001 |
| مردوں کی مشابہت کرنے والی عورتوں پر لعنت ہے | 4003 |
| بدعتی کی توبہ | 4202 |
| بدنصیب لوگوں کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوض پر نہیں آنا دیا جائے گا | 4204-4205 |
| حجاج بن یوسف کا ذکر | 4478 |
| خطبہ میں امابعد پڑھنے کے بیان میں | 4206 |
| اپنی عزت کروانے والا | 4208 |
| جب کام ہو جائے تو گھر آ جانا چاہیے | 4451 |
| پچھنا لگوانے کی تاریخ | 4453 |
| سفر عذاب کا ٹکڑا ہے) | 4451 |
| کسی بھائی کو لوہے کے ساتھ اشارہ کرنے کا نقصان | 4445 |
| ملاوٹ کرنا حرام ہے | 4238 |
| تین آدمیوں سے اللہ ناراض ہوتا ہے | 4441 |
| ایک انگلی سے سلام کرنا یہودیوں کا طریقہ ہے | 4437 |
| قریش کی عورتوں کی فضیلت | 4242 |
| عورت اپنے محرم کے ساتھ سفر کرے | 4247 |
| معاہدہ توڑنا منع ہے | 4252 |
| منافق کی مثال | 4253 |
| قاتل کی توبہ قبول نہیں ہوتی ہے بشرطیکہ مقتول کے ورثہ معاف کردیں | 4217 |
| جانوروں پر لعنت نہیں کرنی چاہیے | 4224 |
| کسی کو رسوا کرنا برا ہے | 4297 |
| کسی کی غیبت کرنا بڑا جرم ہے | 4388 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جانور کوداغنا منع ہے | 4292 |
| عورت کا شوہر کی نافرمانی کرنا بُرا ہے | 4393 |
| نحوست بداخلاقی ہے | 4360 |
| لوگوں کی مثال | 4319 |
| اللہ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت جائز نہیں ہے | 4322 |
| وادیٔ جبار کا ذکر | 4317 |
| بُرے لوگوں کے متعلق لوگوں کو بتانا چاہیے | 4372 |
| کسی سے جو چیز لی ہے اس کو واپس کرنا چاہیے | 4329 |
| جانور کوداغنا منع ہے | 4313 |
| کوڑا رکھنے کا طریقہ | 4382 |
| کس کو قصہ کہانیاں بیان کرنی چاہیے | 4384 |

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# فہرست
## (بلحاظِ حروفِ تہجی)

| صفحہ | عنوانات |
|---|---|


### بَابُ الظَّاءِ مُهْمَلُ
### بَابُ الْعَيْنِ

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عُمَرَ | 53 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عُثْمَانُ | 61 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَلِيٌّ | 77 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ الْعَبَّاسُ | 345 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ | 371 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدَانُ | 499 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ | 547 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ | 573 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عُبَيْدٌ | 644 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الصَّمَدِ | 659 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْمَلِكِ | 660 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ السَّلَامِ | 670 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْجَبَّارِ | 673 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْوَهَّابِ | 675 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْوَارِثِ | 683 |
| ☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْكَبِيرِ | 696 |


Marfat.com

☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْعَزِيزِ 699
☆ مَنِ اسْمُهُ عَبْدُوسٌ 704
☆ مَنِ اسْمُهُ عَبَّادٌ 706
☆ مَنِ اسْمُهُ عَيَّاشٌ 708
☆ مَنِ اسْمُهُ عِيسَى 710
☆ مَنِ اسْمُهُ عَمْرٌو 717
☆ مَنِ اسْمُهُ عِمَارَةَ 728

بَابُ الْغَيْنِ

☆ مَنِ اسْمُهُ غَالِبٌ 730

بَابُ الْفَاءِ

☆ مَنِ اسْمُهُ الْفَضْلُ 731
☆ مَنِ اسْمُهُ فُضَيْلٌ 750

بَابُ الْقَافِ

☆ مَنِ اسْمُهُ الْقَاسِمُ 752
☆ مَنِ اسْمُهُ قَيْسٌ 770

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# بَابُ الظَّاءِ مُهْمَلٌ

# بَابُ الْعَيْنِ

## مَنِ اسْمُهُ

## عُمَرَ

**3691** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ السُّوَائِيِّ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ: قَدِمَ نَاسٌ مِنَ الْعَرَبِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُسْلِمُوا، عَلَيْهِمُ الصُّوفُ، فَقُلْتُ: لَاَحُولَنَّ بَيْنَ هَؤُلَاءِ وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قُلْتُ لِنَفْسِي: هُوَ نَجِيٌّ بِالْقَوْمِ، ثُمَّ اَبَتْ نَفْسِي اِلَّا اَنْ اَقُومَ اِلَيْهِ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: تَغْزُونَ جَزِيرَةَ الْعَرَبِ، فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ، ثُمَّ تَغْزُونَ فَارِسَ، فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ، ثُمَّ تَغْزُونَ الدَّجَّالَ، فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرٍ، اِلَّا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ

**3692** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ

# باب الظاء مہمل

# باب العین

## اس شیخ کے نام سے

## جس کا نام عمر ہے

حضرت نافع بن عتبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرب سے کچھ لوگ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے تا کہ آپ کو سلام کریں' ان پر اُون کے کپڑے تھے' یعنی اُون کے کپڑے پہنے ہوئے تھے' میں نے کہا: میں ان کے اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان حائل ہو جاتا ہوں' پھر میں نے دل میں کہا: ہوسکتا ہے کہ آپ نے قوم کے ساتھ کوئی راز کی بات کرنی ہو' میرے دل نے اس کا انکار کیا' میں اُٹھ کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں گیا' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: تم ضرور جزیرۂ عرب والوں سے جہاد کرو گے' اللہ عزوجل تمہیں فتح دے گا' پھر تم فارس والوں سے جہاد کرو گے' اللہ عزوجل تم کو فتح دے گا' پھر دجال سے جہاد کرو گے' اللہ عزوجل تم کو فتح دے گا۔

یہ حدیث موسیٰ بن عبدالملک بن عمیر سے صرف عاصم بن علی ہی روایت کرتے ہیں۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں

---

**3691**- أخرجه مسلم: الفتن جلد4صفحه2225' وأحمد: المسند جلد4صفحه412 رقم الحديث: 18997 .

**3692**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه50: ورجالهما رجال الصحيح خلا شيخ الطبراني عمرو بن حفص السدوسي وهو ثقة ـ قلت: اسناده ضعيف لأجل عكرمة ـ

Marfat.com

قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمَ خَيْبَرَ اَصَابَ النَّاسَ مَجَاعَةٌ فَاَخَذُوا الْحُمُرَ الْاَهْلِيَّةَ فَذَبَحُوهَا، وَاَغْلُوا مِنْهَا الْقُدُورَ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَابِرٌ: فَاَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَفَأْنَا الْقُدُورَ وَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ سَيَاْتِيكُمْ بِرِزْقٍ هُوَ اَحَلُّ لَكُمْ مِنْ هَذَا وَاَطْيَبُ مِنْ ذَاكَ قَالَ: فَكَفَأْنَا يَوْمَئِذٍ الْقُدُورَ وَهِيَ تَغْلِي قَالَ: فَحَرَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُومَ الْحُمُرِ الْاِنْسِيَّةِ، وَلُحُومَ الْخَيْلِ وَالْبِغَالِ، وَكُلَّ ذِي نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ، وَكُلَّ ذِي مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ، وَحَرَّمَ الْمُجَثَّمَةَ، وَالْخِلْسَةَ، وَالنُّهْبَةَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، اِلَّا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ

که جب خیبر کا دن تھا تو صحابہ کرام کو بھوک لگی' انہوں نے پالتو گدھے پکڑے' انہیں ذبح کیا اور اس کے گوشت سے ہانڈیاں اُبلنے لگیں' یہ بات نبی کریم ﷺ تک پہنچی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور ﷺ نے اس دن ہانڈیوں کو بہا دینے کا حکم دیا' ہم نے انہیں انڈیل دیا۔ آپ نے فرمایا: عنقریب اللہ تمہیں ایسا رزق عطا فرمائے گا جو اس سے حلال اور پاک ہوگا۔ حضور ﷺ نے پالتو گدھوں اور گھوڑوں اور خچروں کا گوشت حرام کر دیا اور ہر پھاڑنے والے درندے اور پنجے سے شکار کرنے والے پرندے کو حرام قرار دیا' وہ پرندہ یا خرگوش جس کو باندھ کر تیر وغیرہ مار کر مار دیا جائے' درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا جو ذبح سے پہلے مر جائے اور لوٹ گھسوٹ کو حرام کر دیا۔

یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے صرف عکرمہ بن عمار روایت کرتے ہیں۔

**3693** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا اَبِي عَلِيِّ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ حُذَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ حُذَيْفَةَ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ عَلَيْنَا سَائِلٌ فَسَكَتَ الْقَوْمُ، ثُمَّ عَادَ فَسَاَلَ، فَاَعْطَاهُ بَعْضُ الْقَوْمِ خَاتَمًا اَوْ شَيْئًا، فَتَتَابَعَ الْقَوْمُ، وَاَعْطُوهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً

حضرت ابوعبیدہ بن حذیفہ اپنے والد حذیفہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے کہ ہم پر ایک سائل کھڑا ہوا' صحابہ کرام خاموش رہے' پھر اس نے مانگا تو بعض صحابہ کرام نے اس کو انگوٹھی یا کوئی اور شی دی' اس کے بعد دوسرے لوگ بھی دینے لگے اور اس کو دیا گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اچھا طریقہ ایجاد کیا اور اس کے بعد لوگوں نے اس طریقے پر عمل کیا تو اس ایجاد کرنے والے کو اتنا ہی ثواب ملے گا جو کرنے

3693- وقال الحافظ الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 170: رجاله رجال الصحيح الا أبا عبيدة بن حذيفة وقد وثقه ابن حبان .

Marfat.com

فَاتُّبِعَ عَلَيْهَا فَلَهُ اَجْرُهُ، وَمِثْلُ اُجُورِ مَنْ تَبِعَهُ عَلَيْهَا، غَيْرَ مُنْتَقِصٍ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْئًا، وَمَنِ اسْتَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَاتُّبِعَ عَلَيْهَا فَعَلَيْهِ وِزْرُهَا، وَمِثْلُ وِزْرِ مَنِ اتَّبَعَهُ عَلَيْهَا، غَيْرَ مُنْتَقِصٍ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْئًا

والے والے کو مل رہا ہے' کرنے والوں کے ثواب میں کسی شی کی کمی نہیں ہوگی' جس نے بُرا طریقہ ایجاد کیا اور بعد میں لوگوں نے اس کام کو شروع کیا تو اس ایجاد کرنے والے کو اتنا ہی گناہ ملے گا جو کرنے والے کو ملے گا' کرنے والوں کے گناہ میں کوئی شی کم نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، اِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث خالد الحذاء سے صرف علی بن عاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

3694 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا اَبُو الْاَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ النَّخَعِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي رَزِينٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهِ فَلَا يَغْمِسْ يَدَهُ فِي الْاِنَاءِ حَتَّى يَغْسِلَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي اَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی نیند سے اُٹھے تو اپنا ہاتھ برتن میں نہ ڈالے یہاں تک کہ اس کو تین مرتبہ دھولے' کیونکہ وہ نہیں جانتا ہے کہ اس کے ہاتھ نے رات کہاں گزاری ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَشْهَبِ، اِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث ابواشہب سے صرف علی بن عاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

3695 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ مَشَى اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِهَالَةٍ سَنِخَةٍ، وَخُبْزٍ وَشَعِيرٍ، وَكَانَ يَقُولُ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کی طرف بہت سارا سالن اور جَو کی روٹی لے کر چلے' آپ فرما رہے تھے: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! آلِ محمد نے گندم کے ایک صاع اور کھجور کے ایک صاع پاس ہونے کی

3694- أخرجه البخاري: الوضوء جلد 1 صفحه 316 رقم الحديث: 162' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 233 ولفظه عند مسلم.

3695- أخرجه البخاري: الرهن جلد 5 صفحه 166 رقم الحديث: 2508' والترمذي: البيوع جلد 3 صفحه 510 رقم الحديث: 1215.

Marfat.com

وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا اَصْبَحَ فِي آلِ مُحَمَّدٍ صَاعٌ مِنْ بُرٍّ، وَلَا صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ وَهُمْ يَوْمَئِذٍ اَهْلُ تِسْعَةِ اَبْيَاتٍ

موجودگی میں صبح نہیں کی ہے حالانکہ آپ کی اس وقت نو ازواج مطہرات تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث یزید بن ابراہیم سے صرف عاصم بن علی روایت کرتے ہیں۔

3696 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: بَعَثَنِي الْعَبَّاسُ اِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُهُ مُمْسِيًا وَهُوَ فِي بَيْتِ خَالَتِي مَيْمُونَةَ، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا صَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ قَالَ: اللَّهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِكَ تَهْدِي بِهَا قَلْبِي، وَتَجْمَعُ بِهَا شَمْلِي، وَتَلُمُّ بِهَا شَعَثِي، وَتَرُدُّ بِهَا اُلْفَتِي، وَتُصْلِحُ بِهَا دِينِي، وَتَحْفَظُ بِهَا غَائِبِي، وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِي، وَتُزَكِّي بِهَا عَمَلِي، وَتُبَيِّضُ بِهَا وَجْهِي، وَتُلْهِمُنِي بِهَا رُشْدِي، وَتَعْصِمُنِي بِهَا مِنْ كُلِّ سُوءٍ، اللَّهُمَّ اَعْطِنِي اِيمَانًا صَادِقًا وَيَقِينًا لَيْسَ بَعْدَهُ كُفْرٌ، وَرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، اللَّهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الْفَوْزَ عِنْدَ اللِّقَاءِ، وَنُزُلَ الشُّهَدَاءِ وَعَيْشَ السُّعَدَاءِ، وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِيَاءِ، وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَاءِ، اللَّهُمَّ اَنْزِلُ بِكَ حَاجَتِي، وَاِنْ قَصُرَ رَاْيِي، وَضَعُفَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کی طرف بھیجا' میں شام کے وقت آپ کے پاس حاضر ہوا' اس دن آپ میری خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر تھے' رسول اللہ ﷺ رات کو اُٹھے' جب آپ نے فجر کی نماز سے پہلے دو رکعت پڑھیں تو آپ نے یہ دعا کی: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِكَ تَهْدِي بِهَا قَلْبِي، وَتَجْمَعُ بِهَا شَمْلِي، وَتَلُمُّ بِهَا شَعَثِي، وَتَرُدُّ بِهَا اُلْفَتِي، وَتُصْلِحُ بِهَا دِينِي، وَتَحْفَظُ بِهَا غَائِبِي، وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِي، وَتُزَكِّي بِهَا عَمَلِي، وَتُبَيِّضُ بِهَا وَجْهِي، وَتُلْهِمُنِي بِهَا رُشْدِي، وَتَعْصِمُنِي بِهَا مِنْ كُلِّ سُوءٍ. اللّٰهُمَّ اَعْطِنِي اِيمَانًا صَادِقًا وَيَقِينًا لَيْسَ بَعْدَهُ كُفْرٌ، وَرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الْفَوْزَ عِنْدَ اللِّقَاءِ، وَنُزُلَ الشُّهَدَاءِ وَعَيْشَ السُّعَدَاءِ، وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِيَاءِ، وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَاءِ، اللّٰهُمَّ اَنْزِلُ بِكَ حَاجَتِي، وَاِنْ قَصُرَ رَاْيِي، وَضَعُفَ عَمَلِي،

3696- اخرجه الترمذي: الدعوات جلد 5 صفحه 482-483 رقم الحديث: 3419 . وقال: هذا حديث غريب . والطبراني في الكبير جلد 10 صفحه 283-284 رقم الحديث: 10668 .

Marfat.com

عَمَلِی، وَافْتَقَرْتُ اِلَی رَحْمَتِكَ فَاَسْاَلُكَ يَا قَاضِیَ الْاُمُورِ، وَيَا شَافِیَ الصُّدُورِ، كَمَا تُجِيرُ بَيْنَ الْبُحُورِ اَنْ تُجِيرَنِی مِنْ عَذَابِ السَّعِيرِ، وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُورِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُورِ، اللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَاْيِی وَضَعُفَ عَنْهُ عَمَلِی، ولَمْ تَبْلُغْهُ نِيَّتِی، اَوْ اُمْنِيَّتِی مِنْ خَيْرٍ وَعَدْتَهُ اَحَدًا مِنْ عِبَادِكَ اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ مُعْطِيهِ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ، فَاِنِّی اَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيهِ، وَاَسْاَلُكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِينَ مَهْدِيِّينَ، غَيْرَ ضَالِّينَ وَلَا مُضِلِّينَ، حَرْبًا لِاَعْدَائِكَ، وَسِلْمًا لِاَوْلِيَائِكَ، نُحِبُّ بِحُبِّكَ النَّاسَ، وَنُعَادِی بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ، اللّٰهُمَّ هَذَا الدُّعَاءُ وَعَلَيْكَ الْاِسْتِجَابَةُ، اللّٰهُمَّ وهَذَا الْجُهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيدِ، وَالْاَمْرِ الرَّشِيدِ اَسْاَلُكَ الْاَمْنَ فِی يَوْمِ الْوَعِيدِ، وَالْجَنَّةَ يَوْمَ الْخُلُودِ مَعَ الْمُقَرَّبِينَ الشُّهُودِ، وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ وَالْمُوفِينَ بِالْعُهُودِ، اِنَّكَ رَحِيمٌ وَدُودٌ، وَاَنْتَ تَفْعَلُ مَا تُرِيدُ سُبْحَانَ الَّذِی تَعَطَّفَ الْعِزَّ، وَقَالَ بِهِ وسُبْحَانَ الَّذِی لَا يَنْبَغِی التَّسْبِيحُ اِلَّا لَهُ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْبَهَاءِ، سُبْحَانَ ذِی الْقُدْرَةِ وَالْكَرَمِ، سُبْحَانَ الَّذِی اَحْصَی كُلَّ شَیْءٍ بِعِلْمِهِ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِی نُورًا فِی قَلْبِی، ونُورًا فِی قَبْرِی، ونُورًا فِی سَمْعِی ونُورًا فِی بَصَرِی، ونُورًا فِی شَعْرِی، ونُورًا فِی بَشَرِی، ونُورًا فِی لَحْمِی، ونُورًا فِی دَمِی، ونُورًا فِی عِظَامِی، ونُورًا بَيْنَ يَدَیَّ، ونُورًا مِنْ

وَافْتَقَرْتُ اِلَی رَحْمَتِكَ فَاَسْاَلُكَ يَا قَاضِیَ الْاُمُورِ، وَيَا شَافِیَ الصُّدُورِ، كَمَا تُجِيرُ بَيْنَ الْبُحُورِ اَنْ تُجِيرَنِی مِنْ عَذَابِ السَّعِيرِ، وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُورِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُورِ، اللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَاْيِی وَضَعُفَ عَنْهُ عَمَلِی، ولَمْ تَبْلُغْهُ نِيَّتِی، اَوْ اُمْنِيَّتِی مِنْ خَيْرٍ وَعَدْتَهُ اَحَدًا مِنْ عِبَادِكَ اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ مُعْطِيهِ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ، فَاِنِّی اَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيهِ، وَاَسْاَلُكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِينَ مَهْدِيِّينَ، غَيْرَ ضَالِّينَ وَلَا مُضِلِّينَ، حَرْبًا لِاَعْدَائِكَ، وَسِلْمًا لِاَوْلِيَائِكَ، نُحِبُّ بِحُبِّكَ النَّاسَ، وَنُعَادِی بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ، اللّٰهُمَّ هَذَا الدُّعَاءُ وَعَلَيْكَ الْاِسْتِجَابَةُ، اللّٰهُمَّ وهَذَا الْجُهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيدِ، وَالْاَمْرِ الرَّشِيدِ اَسْاَلُكَ الْاَمْنَ فِی يَوْمِ الْوَعِيدِ، وَالْجَنَّةَ يَوْمَ الْخُلُودِ مَعَ الْمُقَرَّبِينَ الشُّهُودِ، وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ وَالْمُوفِينَ بِالْعُهُودِ، اِنَّكَ رَحِيمٌ وَدُودٌ، وَاَنْتَ تَفْعَلُ مَا تُرِيدُ سُبْحَانَ الَّذِی تَعَطَّفَ الْعِزَّ، وَقَالَ بِهِ وسُبْحَانَ الَّذِی لَا يَنْبَغِی التَّسْبِيحُ اِلَّا لَهُ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْبَهَاءِ، سُبْحَانَ ذِی الْقُدْرَةِ وَالْكَرَمِ، سُبْحَانَ الَّذِی اَحْصَی كُلَّ شَیْءٍ بِعِلْمِهِ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِی نُورًا فِی قَلْبِی، ونُورًا فِی قَبْرِی، ونُورًا فِی سَمْعِی ونُورًا فِی بَصَرِی، ونُورًا فِی شَعْرِی، ونُورًا فِی بَشَرِی، ونُورًا فِی لَحْمِی،

Marfat.com

خَلْفِی، ونُورًا عَنْ يَمِينِی، ونُورًا عَنْ شِمَالِی، ونُورًا مِنْ فَوْقِی، ونُورًا مِنْ تَحْتِی، اللّٰهُمَّ زِدْنِی نُورًا، وَاَعْطِنِی نُورًا، واجْعَلْ لِی نُورًا

ونُورًا فِی دَمِی، ونُورًا فِی عِظَامِی، ونُورًا بَيْنَ يَدَیَّ، ونُورًا مِنْ خَلْفِی، ونُورًا عَنْ يَمِينِی، ونُورًا عَنْ شِمَالِی، ونُورًا مِنْ فَوْقِی، ونُورًا مِنْ تَحْتِی، اللّٰهُمَّ زِدْنِی نُورًا، وَاَعْطِنِی نُورًا، واجْعَلْ لِی نُورًا''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَلِیٍّ اِلَّا ابْنُ اَبِی لَيْلَی

یہ حدیث داؤد بن علی سے صرف ابن ابی لیلیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

**3697** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِیُّ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ عَلِیٍّ قَالَ: نا الْمَسْعُودِیُّ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَبْعَثُنَا، وَمَا لَنَا طَعَامٌ اِلَّا السَّلَفُ مِنَ التَّمْرِ، فَنَقْسِمُهُ قَبْضَةً قَبْضَةً، حَتَّى نَنْتَهِیَ اِلَی تَمْرَةٍ تَمْرَةٍ قَالَ: قُلْتُ: وَمَا عَسَى اَنْ يَنْفَعَكُمْ تَمْرَةٌ تَمْرَةٌ؟ قَالَ: لَا تَقُلْ ذَاكَ، فَوَاللّٰهِ مَا عَدَا اَنْ فَقَدْنَاهَا اخْتَلَلْنَا

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں کسی سریہ میں بھیجتے تھے تو ہمارے پاس اُدھار کی کھجوریں ہوتی تھیں' ہم اس کو ایک ایک مٹھی کر کے تقسیم کرتے تھے' یہاں تک کہ نوبت ایک ایک کھجور پر آ جاتی۔ میں نے اپنے والد سے کہا: ایک ایک کھجور آپ کو کیا نفع دیتی؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ نہ کہو! اللہ کی قسم! ہم اس کے علاوہ نہ پاتے تو ہم ملا لیتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، اِلَّا الْمَسْعُودِیُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابی بکر بن حفص سے صرف مسعود ہی روایت کرتے ہیں اور عامر بن ربیعہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**3698** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِیُّ قَالَ: نا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِیُّ قَالَ: نا اَبُو بَكْرٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں کسی کام کے لیے حضرت سعد بن ابی وقاص کے پاس

---

**3697**- اسناده فيه: المسعودی وهو صدوق اختلط . وأخرج أيضًا نحوه أحمد' والبزار من طريق المسعودی به . وعزاه الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد**10** صفحه**322** الی الكبير أيضًا وقال وفيه المسعودی وقد اختلط' وكان ثقة .

**3698**- أخرجه البخاری: الوضوء جلد **1** صفحه**365** رقم الحديث: **202**' ومالك فی الموطأ: الطهارة جلد **1** صفحه**36** رقم الحديث: **42** ولفظهما نحوه .

Marfat.com

النَّهْشَلِيُّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْجَهْمِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: اَتَيْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ فِي حَاجَةٍ، فَرَاَيْتُهُ قَضَى حَاجَتَهُ، وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، قُلْتُ لَهُ: تَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ اِذَا لَقِيتَ اَبَاكَ فَسَلْهُ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَلَقِيتُ اَبِي عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَسَاَلْتُهُ عَنْ ذَلِكَ، فَقَالَ: نَعَمْ، فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَفَعَلْنَاهُ

آیا' میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے قضاء حاجت کی اور اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا' میں نے آپ سے کہا: آپ موزوں پر مسح کر رہے ہیں؟ حضرت سعد نے فرمایا: جی ہاں! فرمایا: جب تُو اپنے والد سے ملے تو ان سے اس مسئلہ کے متعلق پوچھ لینا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد عمر بن خطاب سے ملا تو میں نے اس کے متعلق پوچھا' آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! رسول اللہ ﷺ ایسے کرتے تھے' ہم بھی ایسے کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي الْجَهْمِ، اِلَّا اَبُو بَكْرٍ النَّهْشَلِيُّ، وَاَبُو حَنِيفَةَ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ

یہ حدیث ابوبکر بن ابی الجہم سے صرف ابوبکر النہشلی اور ابوحنیفہ نعمان بن ثابت روایت کرتے ہیں۔

**3699** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نا شَبِيبُ بْنُ شَيْبَةَ التَّمِيمِيُّ الْبَصْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا خَلَقَ اللّٰهُ دَاءً اِلَّا وَقَدْ خَلَقَ لَهُ دَوَاءً، عَرَفَهُ مَنْ عَرَفَهُ، وَجَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ، اِلَّا السَّامَ وَهُوَ الْمَوْتُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے ہر بیماری کی دوا بنائی ہے' جس نے پہچان لیا اُس نے پہچان لیا' جو انجان رہا وہ انجان ہی رہا' لیکن موت کی کوئی دوا نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، اِلَّا شَبِيبُ بْنُ شَيْبَةَ وَرَوَاهُ عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي حُسَيْنٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَرَوَاهُ طَلْحَةُ بْنُ عَمْرٍو الْمَكِّيُّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ حدیث عطاء بن ابی رباح' ابوسعید سے روایت کرتے ہیں اور عطاء سے صرف شبیب بن شیبہ روایت کرتے ہیں۔ عمر بن سعید بن ابی حسین عطاء سے' وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' اور طلحہ بن عمرو المکی اس کو عطاء سے' وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور وہ حضور

**3699**- اسناده ضعيف فيه: ابو بلال الأشعرى وهو ضعيف .

Marfat.com

3700 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ الرَّازِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ قَطَنِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مُصْعَبِ بْنِ عُمَيْرٍ، حِينَ رَجَعَ مِنْ أُحُدٍ، فَوَقَفَ عَلَيْهِ، وَعَلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكُمْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ اللّٰهِ، فَزُورُوهُمْ، وَسَلِّمُوا عَلَيْهِمْ، فَوَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَا يُسَلِّمُ عَلَيْهِمْ أَحَدٌ إِلَّا رَدُّوا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو بِلَالٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت مصعب بن عمیر کی قبر کے پاس سے گزرے جس وقت اُحد سے واپس آنے والے تھے آپ ان پر اور ان کے ساتھیوں کی قبور پر ٹھہرے اور فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تم اللہ کے ہاں زندہ ہو ان کی زیارت کیا کرو اور ان کو سلام کیا کرو اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد کی جان ہے! ان کو کوئی قیامت کے دن تک سلام کرے گا تو یہ اُس کا جواب دیں گے۔

یہ حدیث ابن عمر سے صرف اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابوبلال اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3700- اسناده ضعيف جدًا فيه: يحيى بن العلاء الرازى وهو متروك . وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 6 صفحه 126: وفيه عبد الأعلى بن عبد الله بن أبى فروة وهو متروك . قلت: هكذا فى المجمع، ولا شك هذا وهم، فان عبد الأعلى هذا ثقة، والراوى المتروك فى المسند هو يحيى بن العلاء . (١) ما بين المعقوفتين مستدرك فى مجمع البحرين (2771) وقد سقط بمقدار ورقة من المصورة استطعنا جمع بعض الأحاديث فيها من مجمع البحرين فى الأرقام الآتية 274-1185-1203-1852 .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عُثْمَانُ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام عثمان ہے

**3701** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ خَلَقَ جَنَّةَ عَدْنٍ وَبَنَاهَا بِيَدِهِ، لَبِنَةً مِنْ ذَهَبٍ، وَلَبِنَةً مِنْ فِضَّةٍ، وَجَعَلَ مِلَاطَهَا الْمِسْكَ، وَتُرَابَهَا الزَّعْفَرَانَ، وَحَصْبَاءَهَا اللُّؤْلُؤَ، ثُمَّ قَالَ لَهَا: تَكَلَّمِي فَقَالَتْ: قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ، فَقَالَتِ الْمَلَائِكَةُ: طُوبَى لَكِ مَنْزِلُ الْمُلُوكِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے جنت عدن کو پیدا کیا' اسے اپنے دستِ قدرت سے بنایا' اس کی ایک اینٹ سونے کی ہے اور ایک چاندی کی ہے' اس کی مٹی زعفران اور اس کے کنکر موتیوں کے بنائے' پھر اس جنت عدن کو فرمایا: تُو مجھ سے گفتگو کر! اس نے عرض کی: بے شک مومن کامیاب ہو گئے! فرشتوں نے عرض کی: تیرے لیے خوشخبری ہے بادشاہوں کی جگہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، إِلَّا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث جریری سے صرف عدی بن فضل ہی روایت کرتے ہیں۔

**3702** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا أَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ الْمُعَلِّمُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِيُّ، أَنَّ يَعِيشَ بْنَ الْوَلِيدِ بْنِ هِشَامٍ، حَدَّثَهُ قَالَ: حَدَّثَنِي مَعْدَانُ بْنُ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاءَ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کو منہ بھر قے آئی تو آپ نے روزہ افطار کیا۔ حضرت معدان فرماتے ہیں کہ میں حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ملا جو حضور ﷺ کے غلام تھے' میں نے کہا: ابوالدرداء فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو قے آئی تو آپ نے روزہ افطار کر دیا۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے آپ کے لیے پانی ڈالا تھا تو آپ

---

3701- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه400: ورجال الموقوف رجال الصحيح' وأبو سعيد لا يقول هذا الا بتوقيف . (ا)عنوان من عندنا (ا) ما بين المعقوفتين من مجمع البحرين (4860) .

3702- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد 2صفحه321 رقم الحديث: 2381' والدارمي: الصوم جلد2صفحه24 رقم الحديث:1728' وأحمد: المسند جلد5صفحه232 رقم الحديث: 21759 .

Marfat.com

فَـافْـطَرَ؟ فَلَقِيتُ ثَوْبَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اِنَّ اَبَا الدَّرْدَاءِ قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاءَ فَاَفْطَرَ؟ قَالَ: وَاَنَا صَبَبْتُ لَهُ مَاءً فَتَوَضَّاَ

نے وضو کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيرٍ، اِلَّا الْحُسَيْنُ

یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے صرف حسین ہی روایت کرتے ہیں۔

**3703** - حَـدَّثَـنَـا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ الْبَصْـرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْغُدَانِيُّ قَالَ: اَنَـا اِسْـرَائِيلُ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ غَرْقَدَةَ، عَنْ اَبِى مَيْثَاءَ الْـمُـسْتَظِلِّ بْنِ حَصِينٍ قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰـهِ وَكَانَ اَمِيرًا عَلَيْنَا، يَقُولُ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَـلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اِنِّى رَجَعْتُ، فَدَعَانِى، فَـقَـالَ: لَا اَقْبَلُ مِنْكَ حَتَّى تُبَايِعَ، وَالنُّصْحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ فَبَايَعْتُهُ

حضرت ابومیثاء مستظل بن حصین فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر بن عبداللہ سے سنا' وہ ہمارے امیر تھے' فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' پھر جب واپس لوٹا تو آپ نے مجھے بلایا' آپ نے فرمایا: میں نے تمہیں بیعت کے لیے بلایا ہے' اور ہر مسلمان کی خیرخواہی کرنے کے لیے۔ پس میں نے اس پر آپ کی بیعت کی۔

لَـمْ يَـرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَبِيبِ بْنِ غَرْقَدَةَ، اِلَّا اِسْرَائِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث شبیب بن غرقدہ سے صرف اسرائیل ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رجاء اکیلے ہیں۔

**3704** - حَـدَّثَـنَـا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّشِيطِيُّ قَالَ: نا اَبَانُ بْنُ يَـزِيـدَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر وہ نماز جس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے' وہ ناقص ہے' ناقص ہے' ناقص ہے۔

**3703**- اسناده حسن فيه: عثمان بن عمر الضبى أو عمرو البصرى ذكره ابن حبان فى الثقات جلد 8 صفحه 455 وقال: كتب عند أصحابنا . وأخرجه أيضًا الطبرانى فى الصغير .

**3704**- وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 2 صفحه 114: وسعيد بن سليمان النشيطى' قال ابو زرعة: نسأل الله السلامة' ليس بالقوى .

Marfat.com

قَالَ: كُلُّ صَلَاةٍ لَا يُقْرَأُ فِيهَا بِأُمِّ الْقُرْآنِ مُخْدَجَةٌ، مُخْدَجَةٌ، مُخْدَجَةٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا أَبَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث عاصم سے صرف ابان ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سعید بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**3705** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا حَاجِبُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَنْ هُمْ؟ قَالَ: هُمُ الَّذِينَ لَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَكْتَوُونَ وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ قَالَ: فَمَا زَالَ بِنَا الْبَلَاءُ حَتَّى اكْتَوَيْنَا فَمَا أَفْلَحْنَا وَلَا أَنْجَحْنَا

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت سے ستر ہزار لوگ بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! وہ لوگ کون ہوں گے؟ فرمایا: وہ لوگ جو نہ شرکیہ کلمات سے دَم کرواتے ہوں گے' نہ داغتے ہوں گے' نہ فال لیتے ہوں گے' وہ اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہوں گے۔ حضرت عمران فرماتے ہیں: ہم کو مسلسل مصیبتیں اور بیماریاں ملیں حتیٰ کہ ہم نے اپنے آپ کو داغا' ہم نہ فلاح پائیں گے اور نہ کامیابی حاصل کرسکیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْأَعْرَجِ، إِلَّا حَاجِبُ بْنُ عُمَرَ وَهُوَ أَبُو خُشَيْنَةَ

یہ حدیث حکم بن اعرج سے صرف حاجب بن عمر ہی روایت کرتے ہیں' حاجت سے مراد ابوخشینہ ہیں۔

**3706** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ شَيْءٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ہاں دعا سے زیادہ کوئی شے عزت والی نہیں ہے۔

3705- أخرجه البخاري: الطب جلد 10 صفحه 163 رقم الحديث: 5705 من طريق ابن فضيل حدثنا عامر عن عمران بن حصين فذكر نحوه . ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 198 من طريق محمد ابن سيرين نحوه .

3706- أخرجه الترمذي: الدعوات جلد 5 صفحه 455 رقم الحديث: 3370 وقال: هذا حديث حسن غريب . وابن ماجة: الدعاء جلد 2 صفحه 1258 رقم الحديث: 3829' واحمد: المسند جلد 2 صفحه 481 رقم الحديث: 8769 .

Marfat.com

اَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَاءِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، اِلَّا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ

یہ حدیث حضرت قتادہ سے صرف عمران بن قطان ہی روایت کرتے ہیں۔

**3707** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّجُلُ فِي صَلَاةٍ مَا دَامَ فِي مُصَلَّاهُ الَّذِي صَلَّى فِيهِ، مَا لَمْ يُحْدِثْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی جب نماز کی جگہ میں رہتا ہے جس پر اس نے نماز پڑھی ہے تو وہ نماز ہی میں ہوتا ہے جب تک وہ بے وضو نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، اِلَّا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ

یہ حدیث بکر بن عبداللہ المزنی سے صرف عمران القطان ہی روایت کرتے ہیں۔

**3708** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ فَرُّوخٍ صَاحِبُ الْاَقْتَابِ قَالَ: نا حَبِيبُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُبَاعَ ثَمَرَةٌ حَتّٰى تُطْعَمَ، وَلَا صُوفٌ عَلَى ظَهْرٍ، وَلَا لَبَنٌ فِي ضَرْعٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پھلوں کو پکنے سے پہلے اور سواری کی پیٹھ پر بالوں کو اور تھنوں میں دودھ ہوتے وقت فروخت کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ الزُّبَيْرِ، اِلَّا عُمَرُ بْنُ فَرُّوخٍ، وَلَا يُرْوَى هٰذَا اللَّفْظُ، وَلَا صُوفٌ عَلَى ظَهْرٍ، وَلَا لَبَنٌ فِي ضَرْعٍ، عَنْ رَسُولِ

یہ حدیث حبیب بن زبیر سے صرف عمرو بن فروخ ہی روایت کرتے ہیں" لا صوف علٰی ظهر ولا لبن فی ضرع " کے الفاظ حضور ﷺ سے اس سند سے

---

**3707**- أصله عند البخاري ومسلم، وأخرجه البخاري: الأذان جلد **2** صفحه **167** رقم الحديث: **659** . من طريق عبد بن مسلمة عن مالك عن أبي الزناد عن الأعرج . ومسلم: المساجد جلد **1** صفحه **459** .

**3708**- اسناده حسن فيه: عمر بن فروخ صاحب الأقتاب العبدي أبو حفص البصري، وثقه ابن معين، وأبو حاتم، وذكره ابن حبان في الثقات، وقال البيهقي: ليس بالقوى، وقال ابن حجر: صدوق ربما وهم وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **105**: ورجاله ثقات .

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ

**3709** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَاشِدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا هُشَيْمٌ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، وزَكَرِيَّا، واسْمَاعِيلَ، ومُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ ورَّادٍ، وَعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ ورَّادٍ قَالَ: كَتَبَ مُعَاوِيَةُ، إِلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اكْتُبْ إِلَيَّ بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ الْمُغِيرَةُ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ عِنْدَ انْصِرَافِهِ مِنَ الصَّلَاةِ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ، وَكَانَ يَنْهَى عَنْ قِيلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةِ السُّؤَالِ، وَإِضَاعَةِ الْمَالِ

مروی ہیں۔

حضرت ورّاد فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ میرے لیے کوئی ایسی شی لکھیں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے خط لکھا کہ حضور ﷺ نماز سے سلام پھیرنے کے بعد ''لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ'' پڑھا کرتے تھے اور قیل قال اور کثرتِ سوال اور مال کو ضائع کرنے سے منع کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، إِلَّا هُشَيْمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں حسن بن علی اکیلے ہیں۔

**3710** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**3709**- أما ذكره حتى قوله ﷺ: كان ينهى عن قيل وقال وكثرة السؤال واضطاعة المال . وأصله متفق عليه' أخرجه البخاري: الزكاة جلد **3** صفحه **398** رقم الحديث: **1477**' ومسلم: الأقضية جلد **3** صفحه **1341** رقم الحديث: **13** وأما الحديث كما في المطبوعة عند أحمد في المسند من حديثين جلد **4** صفحه **312** رقم الحديث: **18262-18261** .

**3710**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **251**: وفيه عثمان بن عبد الله بن عمرو الشامي الأموي وهو ضعيف جدًا .

Marfat.com

قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ اَسْبَاطَ، عَنْ مُحِلِّ بْنِ خَلِيفَةَ الضَّبِّيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَسَخَّطَ رِزْقَهُ وَبَثَّ شَكْوَاهُ، ولَمْ يَصْبِرْ لَمْ يَصْعَدْ لَهُ اِلَى اللّٰهِ عَمَلٌ ولَقِيَ اللّٰهَ وهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

حضورﷺ نے فرمایا: جس پر رزق کی کمی ہو وہ شکوے کرے اور صبر نہ کرے تو اس کا کوئی عمل اللہ کی بارگاہ میں پیش نہیں ہوتا ہے' وہ اللہ سے اس حالت میں ملے گا کہ اللہ عزوجل اس سے ناراض ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ، اِلَّا مُحِلٌّ وَلَا عَنْ مُحِلٍّ، اِلَّا يُوسُفُ بْنُ اَسْبَاطَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف محل اور محل سے صرف یوسف بن اسباط روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عثمان بن عبداللہ الشامی اکیلے ہیں' رسول اللہﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**3711** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذَكَاةُ الْجَنِينِ ذَكَاةُ اُمِّهِ

حضرت ابن کعب بن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ماں کا ذبح کرنا اس کے پیٹ کے بچہ کا ذبح کرنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث زہری سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

**3712** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ

---

**3711**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه38: وفيه اسماعيل بن مسلم وهو ضعيف . قلت: في اسناده الأوسط اسماعيل بن ابراهيم وهو ابن عقبة الأسدي ثقة من رجال البخاري' فالحديث حسن الاسناد . ان شاء الله .

**3712**- أخرجه مسلم: الحيض جلد 1صفحه244' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه66 رقم الحديث: 261' والترمذي: الطهارة جلد 1صفحه 241 رقم الحديث: 134' والنسائي: الحيض جلد 1صفحه158 (باب استخدام الحائض) وابن ماجة: الطهارة جلد 1صفحه207 رقم الحديث: 632 وكلهم بلفظ: ناوليني الخمرة...... ولم يذكروا القيها لي: قالت: فالقيتها له' فصلى عليها .

Marfat.com

اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِى سُوَيْدٍ الذَّرَّاعُ قَالَ: نا اَبُو شَيْبَةَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ، عَنِ الْبَهِيِّ، مَوْلَى الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُلْقِىَ لِى الْخُمْرَةُ فِى الْمَسْجِدِ فَقُلْتُ: اِنِّى حَائِضٌ فَقَالَ: اِنَّ حَيْضَكِ لَيْسَ فِى يَدِكِ، اَلْقِيهَا اِلَىَّ قَالَتْ: فَاَلْقَيْتُهَا لَهُ، فَصَلَّى عَلَيْهَا

نے فرمایا: مجھے مسجد سے چٹائی پکڑاؤ میں نے عرض کی: میں حالتِ حیض میں ہوں آپ نے فرمایا: تیرے ہاتھ کو حیض نہیں آیا ہے مجھے پکڑاؤ۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے آپ کو چٹائی پکڑائی اور آپ نے اس پر نماز پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ، اِلَّا اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث حکم سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

**3713** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّشِيطِيُّ قَالَ: اَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيرٍ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، فَمَا فَوْقَ ذَلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مہمان نوازی تین دن ہے اس سے زیادہ دن کی جائے تو وہ صدقہ ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيرٍ، اِلَّا اَبَانُ

یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے صرف ابان ہی روایت کرتے ہیں۔

**3714** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی تصویر بنائی تو اس کو اس بات کا مکلف بنایا جائے گا کہ اس میں روح پھونکے

**3713**- أخرجه أبو داؤد: الأطعمة جلد **3** صفحه **341** رقم الحديث: **3749**، و أحمد: المسند جلد **2** صفحه **376** رقم الحديث: **7892**.

**3714**- أخرجه البخاري: التعبير جلد **12** صفحه **446** رقم الحديث: **7042**، وأبو داؤد: الأدب جلد **4** صفحه **307** رقم الحديث: **5024**. والحديث عند مسلم مختصرًا من صور صورًا في الدنيا كلف أن ينفخ فيها الروح يوم القيامة وليس بنافخ. مسلم: اللباس جلد **3** صفحه **1671**.

Marfat.com

عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَوَّرَ صُورَةً كُلِّفَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَنْ يَنْفُخَ فِيهِ الرُّوحَ وَمَنِ اسْتَمَعَ اِلَى كَلَامِ قَوْمٍ وَهُمْ لَهُ كَارِهُونَ صُبَّ فِي اُذُنِهِ الْآنُكُ وَمَنْ تَحَلَّمَ كَاذِبًا كُلِّفَ اَنْ يَعْقِدَ بَيْنَ شَعِيرَتَيْنِ

جس نے ان لوگوں کی بات سنی دراں حالیکہ وہ اس کو ناپسند کرتے تھے تو اس کے کان میں سیسہ ڈالا جائے گا' جس نے جھوٹ بولا تو اسے اس کا مکلّف بنایا جائے گا کہ دو بالوں کو جوڑے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، اِلَّا طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث قتادہ سے صرف طلحہ بن عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں۔

**3715** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ عُثْمَانَ بْنِ زُفَرَ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ الزُّهَيْرِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دِبَاغُ الْاَدِيمِ طُهُورُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مردار کی کھال دباغت سے پاک ہو جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن قاسم سے صرف محمد بن مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ہیثم بن جمیل اکیلے ہیں۔

**3716** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْحُنَيْنِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ قَتْلِ الضِّفْدَعِ،

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مینڈک کو مارنے سے منع کیا' فرمایا: اس کی آواز دراصل تسبیح ہوتی ہے۔

**3715**- أخرجه النسائي: الفرع جلد 7 صفحه 151 (باب جلود الميتة)' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 173 رقم الحديث: 25268 ولفظهما: دباغها طهورها .

**3716**- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد 9 صفحه 534 رقم الحديث: 19382 .

Marfat.com

وَقَالَ: اِنَّ نَقِيقَهَا تَسْبِيحٌ

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ، اِلَّا حَجَّاجٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ

یہ حدیث شعبہ سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مسیب بن واضح اکیلے ہیں۔

**3717** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَمْرٍو السَّلَفِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اَرْسَلْنَ اَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَانَ اِلَى اَبِى بَكْرٍ يَسْاَلْنَهُ مِيرَاثَهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَكُنْتُ اَنَا الَّتِى رَدَدْتُهُنَّ عَنْ ذَلِكَ، اَرْسَلْتُ اِلَيْهِنَّ: لَا تَفْعَلْنَ، اَمَا سَمِعْتُنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَرَجَعْنَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواجِ پاک نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ کی طرف بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میراث کے لیے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے ایسا کرنے سے روکا' میں نے ان کی طرف پیغام بھیجا کہ ایسا نہ کرنا' کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ جو ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے' ہم اس کا کسی کو وارث نہیں بناتے ہیں' پس انہوں نے رجوع کرلیا۔

**3718** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَمْرٍو السَّلَفِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَلَّمَتْ فَاطِمَةُ اَبَا بَكْرٍ فِى مِيرَاثِهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: اَتَرِثُكَ ابْنَتُكَ، وَلَا اَرِثُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وراثت کے حوالہ سے گفتگو کی' فرمایا: کیا آپ کی بیٹی تو آپ کی وراثت لے؟ اور میں اپنے والد کی وراثت نہ لوں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ کے والد پر فدا ہوں! آپ کے والد نے ہی فرمایا ہے کہ ہم کسی کو وارث نہیں

---

3717- أخرجه البخاري: المغازى جلد7صفحه390 رقم الحديث:4034' ومسلم: الجهاد جلد3صفحه1379 .

3718- الحديث عن البخاري ومسلم بدون ذكر كلام فاطمة وأبى بكر فى قصة طويل . أخرجه البخاري: المغازى جلد 7 صفحه564 رقم الحديث:4240-4241' ومسلم: الجهاد جلد3صفحه1380 .

Marfat.com

اَبِی؟ فَقَالَ: بِاَبِی اَنْتِ وَبِاَبِی اَبُوكِ، اِنَّهُ كَانَ يَقُولُ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ

بناتے ہیں' جو ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ وَهُوَ اَبُو الْاَشْهَبِ النَّخَعِيُّ الْكُوفِيُّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ دونوں حدیثیں جعفر بن حارث سے صرف اسماعیل بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔ جعفر بن حارث' ابواشہاب النخعی الکوفی ہیں۔

**3719** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَمْرٍو السَّلَفِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ الزُّبَيْدِيُّ، قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلَا يَجْعَلْ فِيهِ شَيْئًا، حَتّٰى يَغْسِلَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کتا تم میں سے کسی کے برتن میں منہ مارے اور اس برتن میں کوئی شے نہ ہو تو اسے (برتن کو) سات مرتبہ دھوؤ۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

صفوان بن سلیم سے صرف ابراہیم بن محمد ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**3720** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَمْرٍو السَّلَفِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ

حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب دو آدمیوں کا بیع اور سامان میں اختلاف ہو جائے وہ سامان موجود ہو ضائع نہ کیا گیا ہو تو بات بیچنے والے کی مانی جائے گی یا بیع ختم کی جائے گی۔

---

3719- أصله فى البخارى ومسلم' فعند البخارى من طريق أبى الزناد عن الأعرج ولفظه اذا شرب الكلب فى اناء أحدكم فليغسله سبعًا . أخرجه البخارى: الوضوء جلد1صفحه330 رقم الحديث: 172' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه234 من طريق الأعمش عن ابى زر وابى صالح ولفظه نحوه .

3720- أخرجه أحمد: المسند جلد1صفحه603 رقم الحديث: 4445' والطبرانى فى الكبير جلد 10صفحه174 رقم الحديث: 10365 .

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اخْتَلَفَ الْبَيِّعَانِ فِي الْبَيْعِ وَالسِّلْعَةُ قَائِمَةٌ كَمَا هِيَ بِعَيْنِهَا لَمْ تُسْتَهْلَكْ، فَالْقَوْلُ مَا قَالَ الْبَائِعُ اَوْ يَتَرَادَّانِ الْبَيْعَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے صرف اسماعیل بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

**3721** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَمْرٍو السَّلَفِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي شَيْبَةَ الرُّهَاوِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ لَمْ يَرْحَمِ النَّاسَ لَمْ يَرْحَمْهُ اللّٰهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے اللہ اس پر رحم نہیں کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، إِلَّا أَبُو شَيْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث زید بن ابی انیسہ سے صرف ابوشیبہ ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**3722** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ لَنَا مَثَلُ السَّوْءِ، الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ كَالْعَائِدِ فِي قَيْئِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تحفہ دے کر واپس لینا اس طرح ہے جس طرح کہ قے کر کے واپس چاٹ لینا۔

**3721**- اسناده فيه: اسماعيل بن عياش صدوق في روايته عن أهل بلده مخلط في غيرهم، وأبو عبيدة ابن عبد الله ثقة لكن الراجح انه لم يسمع من أبيه فيه انقطاع . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8صفحه190: واسناده حسن .

**3722**- أخرجه البخاري: الهبة جلد 5صفحه277-278 رقم الحديث: 2622، والترمذي: البيوع جلد3صفحه583 رقم الحديث:1298 .

Marfat.com

**3723** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الِاسْتِخَارَةَ فِي الْأَمْرِ كَمَا يُعَلِّمُ أَحَدَنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْآنِ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ فِي هَذَا الْأَمْرِ خِيرَةٌ فِي دِينِي وَدُنْيَايَ وَعَاقِبَةِ أَمْرِي فَقَدِّرْهُ لِي، وَإِنْ كَانَ غَيْرَ ذَلِكَ خَيْرٌ لِي فَسَهِّلْ لِي الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ، وَاصْرِفْ عَنِّي السُّوءَ وَرَضِّنِي بِقَضَائِكَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں استخارہ اسی طرح سکھاتے تھے جس طرح ہم میں سے کسی کو قرآن کی سورت سکھاتے تھے' وہ دعا یہ ہے: ''اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ فِي هَذَا الْأَمْرِ خِيرَةٌ فِي دِينِي وَدُنْيَايَ وَعَاقِبَةِ أَمْرِي فَقَدِّرْهُ لِي، وَإِنْ كَانَ غَيْرَ ذَلِكَ خَيْرٌ لِي فَسَهِّلْ لِي الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ، وَاصْرِفْ عَنِّي السُّوءَ وَرَضِّنِي بِقَضَائِكَ''۔

یہ حدیث ابوحنیفہ سے صرف اسماعیل بن عیاش نے روایت کی ہے۔

**3724** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنْ حَمَّادٍ، وَالْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ فِي الِاسْتِخَارَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے استخارہ کے حوالہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**3723**- اسناده فيه: اسماعيل بن عياش صدوق في روايته عن أهل بلده مخلط في غيرهم . انظر مجمع الزوائد جلد **2** صفحه**273** .

**3724**- اسناده فيه: اسماعيل بن عياش صدوق في روايته عن أهل بلده مخلط في غيرهم . وقال: الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **2**صفحه**283**: رواه الطبراني في الثلاثة...... وفي اسناده الكبير صالح بن موسى الطلحي وهو ضعيف وفي اسناد الأوسط والصغير رجل ضعيف في الحديث . قلت: هو اسماعيل بن عياش وقد روى عن المسعودي وهو من غير أهل بلده والطبراني روى هذا الحديث في الكبير' والأوسط بطرق عديدة' وكلها ضعيفة .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا الْمَسْعُودِيُّ

یہ حدیث حکم سے صرف مسعودی ہی روایت کرتے ہیں۔

**3725** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الطَّلْحِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ بِالْمَدِينَةِ، فَجَاءَهُ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي مَكْفُوفُ الْبَصَرِ، فَرَخَّصَ لَهُ أَيَّامًا، ثُمَّ اَمَرَ بِكَلْبِهِ، فَقُتِلَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مدینہ میں کتوں کو مارنے کا حکم دیا۔ حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! میں آنکھوں سے نابینا ہوں۔ آپ ﷺ نے چند دن ان کو کتا رکھنے کی رخصت دی' پھر کتے کو مارنے کا حکم دیا تو اس کو مار دیا گیا۔

**3726** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي مَكْفُوفُ الْبَصَرِ، وَمَنْزِلِي شَاسِعٌ، وَأَنَا أَسْمَعُ الْأَذَانَ، قَالَ فَإِنْ سَمِعْتَ الْأَذَانَ فَأْتِ، وَلَوْ حَبْوًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! میں آنکھوں سے نابینا ہوں' میرا گھر دور ہے' میں اذان سنتا ہوں! آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تُو اذان سنتا ہے تو مسجد میں آ' اگرچہ گھٹنوں کے بل آئے۔

**3727** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! مجھے خبر

---

**3725**- اخرجه أيضًا أحمد' وأبو يعلى في مسنده طريق يعقوب القمي بالاسناد المذكور بنحوه' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 46: ورجاله ثقات . قلت: في السند عيسى بن جارية الأنصاري المدني وثقه أبو زرعة' وابن حبان' ضعفه ابن معين' وقال أبو داؤد: منكر الحديث' وقال ابن عدي: أحاديثه غير محفوظة' قال ابن حجر: فيه لين .

**3726**- اخرجه أيضًا احمد' وأبو يعلى في المقصد ال علي' وابن حبان' من طريق يعقوب القمي بالاسناد' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 45: ورجال الطبراني موثقون كلهم . قلت: اسناده ضعيف من أجل عيسى .

**3727**- اخرجه أيضًا أبو يعلى عن جعفر بن حميد الكوفي' نا يعقوب القمي بالاسناد المذكور بنحوه أطول منه' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 91-92: وفي اسناد الجميع: القمي' وعيسى بن جارية' وفيهما كلام' وقد وثقا .

Marfat.com

الْقُمِّيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَلَغَنِي اَنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ؟ قَالَ: اَجَلْ قَالَ: فَاِنَّ عِنْدِي خَمْرًا لِيَتِيمٍ، فَاَمَرَ بِهَا، فَاُهْرِيقَتْ

ملی ہے کہ شراب حرام کردی گئی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: میرے پاس ایک یتیم کی شراب ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو بہا دو! پس اسے بہا دیا گیا۔

**3728** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: دَخَلَ ابْنُ مَسْعُودٍ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَخْطُبُ، فَجَلَسَ اِلَى جَانِبِ اُبَيٍّ، فَسَاَلَ عَنْ شَيْءٍ، فَلَمْ يُجِبْهُ، فَلَمَّا انْفَتَلَ مِنْ صَلَاتِهِ، قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ لِاُبَيٍّ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تَرُدَّ عَلَيَّ؟ قَالَ: اَمَا اِنَّكَ لَمْ تُجَمِّعْ مَعَنَا قَالَ: وَلِمَ؟ قَالَ: لِاَنَّكَ تَكَلَّمْتَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ اُبَيٌّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اس حالت میں مسجد میں داخل ہوئے کہ حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' وہ حضرت ابی رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھ گئے اور حضرت ابی سے کسی شے کے متعلق پوچھا۔ حضرت ابی نے کوئی جواب نہیں دیا' جب نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت ابی سے فرمایا: آپ کو میرا جواب دینے سے کیا رکاوٹ تھی؟ فرمایا: کیا تم نے ہمارے ساتھ جمعہ نہیں پڑھا؟ عرض کی: کیوں نہیں! حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیونکہ تم نے کلام کی اس حالت میں کہ حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ابی نے سچ کہا۔

**3729** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ قَائِمًا عَلَى صَخْرَةٍ يُصَلِّي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے ایک آدمی ایک چٹان پر کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہا تھا' مکہ میں حضور ﷺ اس کے پاس سے گزرے تو آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ نہیں اکتاتا ہے'

3728- اخرجه أيضًا ابو يعلى في المقصد العلي' وابن حبان في موارد الظمآن من طريق يعقوب القمي بالاسناد' بنحوه' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2صفحه188: رواه ابو يعلى' والطبراني في الأوسط في الكبير باختصار' ورجال ابي يعلى ثقات . قلت: عيسى بن جارية ضعيف .

3729- اخرجه ابن ماجة: الزهد جلد 2صفحه1417 رقم الحديث: 4241 . وفي الزوائد: اسناده حسن . ويعقوب ابن عبد الله مختلف فيه' وباقي رجال اسناده ثقات .

Marfat.com

بِمَكَّةَ، فَمَرَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوا

یہاں تک کہ تم تھک جاؤ گے۔

**3730** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ، وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ، وَلِاَزْوَاجِهِمْ، وَلِذَرَارِيِّهِمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! انصار اور انصار کے بیٹوں اور اُن کے بیٹوں کے بیٹوں اور ان کی بیویوں اور ان کے خاندان کو بخش دے!

**3731** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ اُبَيٌّ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَانَ مِنِّي اللَّيْلَةَ شَيْءٌ اِنَّ نِسَاءً اجْتَمَعْنَ فِي دَارِي لَا يَقْرَاْنَ، فَصَلَّيْتُ بِهِنَّ ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ اَوْتَرْتُ فَسَكَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ شِبْهَ الرِّضَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابی رضی اللہ عنہ آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! آج رات مجھ سے ایک ہوا ہے کہ عورتیں میرے گھر میں جمع ہوئیں' وہ قرآن نہیں پڑھ سکتی تھیں' میں نے ان کو آٹھ رکعتیں پڑھائی ہیں پھر میں نے وتر پڑھے۔ حضور ﷺ خاموش رہے' گویا آپ نے رضامندی کا اظہار کیا۔

**3732** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلَّيْتُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم نماز پڑھاؤ تو مختصر پڑھو کیونکہ تمہارے پیچھے کمزور' بزرگ' مریض' مزدور ہوتے ہیں۔

---

3730- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه43: ورجاله ثقات' وفي بعضهم خلاف . قلت: اسناده ضعيف .

3731- اخرجه ايضًا ابو يعلى في المقصد العلي من طريق يعقوب بالاسناد المذكور نحوه . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه77: واسناده حسن . قلت: عيسى بن جارية لين' فلا يكون حديثه حسنًا .

3732- عزاه الحافظ الهيثمي الى ابي يعلى' وقال: وفيه عيسى بن جارية' ضعفه ابن معين وأبو داؤد ووثقه أبو زرعة وابن حبان . انظر مجمع الزوائد جلد2صفحه75 قلت: اسناده ضعيف .

Marfat.com

فَاَوْجِزُوا، فَاِنَّ خَلْفَكُمُ الضَّعِيفَ، وَالْكَبِيرَ وَالْمَرِيضَ، وَذَا الْحَاجَةِ

**3733** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ وَاَوْتَرَ، فَلَمَّا كَانَتِ الْقَابِلَةُ اجْتَمَعْنَا فِي الْمَسْجِدِ، رَجَوْنَا اَنْ يُصَلِّيَ بِنَا قَالَ: اِنِّي خَشِيتُ، اَوْ كَرِهْتُ اَنْ يُكْتَبَ عَلَيْكُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں رمضان المبارک کے مہینہ میں آٹھ رکعت تراویح اور وتر پڑھائے جب دوسری رات آئی تو ہم مسجد میں جمع ہوئے ہم اُمید کرنے لگے کہ آج ہم کو تراویح پڑھائیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے خوف کیا یا ناپسند کیا کہ تم پر فرض نہ ہو جائے۔

☆☆☆☆☆

3733- اخرجه أيضًا فی الصغير، وابو يعلٰی فی المقصد العلی من طريق يعقوب بالاسناد المذكور بنحوه، وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد3صفحه175: وفيه عيسٰی بن جارية، وثقه ابن حبان وغيره، وضعفه ابن معين .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَلِيٌّ

**3734** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْغُدَانِيُّ قَالَ: أَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، أَنَّهُ لَقِيَ أَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ، يَسُوقُ بَعِيرًا لَهُ، عَلَيْهِ مَزَادَتَانِ، فِي عُنُقِ الْبَعِيرِ قِرْبَةٌ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا ذَرٍّ مَا لَكَ؟ قَالَ: لِي عَمَلِي قَالَ: قُلْتُ: حَدِّثْنِي رَحِمَكَ اللّٰهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوتُ بَيْنَهُمَا ثَلَاثَةٌ، لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ إِلَّا غُفِرَ لَهُمَا بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ قُلْتُ: زِدْنِي رَحِمَكَ اللّٰهُ قَالَ: نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَنْفَقَ مِنْ مَالِهِ زَوْجَيْنِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اسْتَقْبَلَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ كُلُّهُمْ يَدْعُوهُ إِلَى مَا عِنْدَهُ قُلْتُ: زَوْجَيْنِ مِمَّاذَا؟ قَالَ: مَنْ كَانَ صَاحِبَ خَيْلٍ فَفَرَسَيْنِ، وَصَاحِبَ إِبِلٍ فَبَعِيرَيْنِ، وَصَاحِبَ بَقَرٍ فَبَقَرَتَيْنِ، حَتَّى عَدَّ أَصْنَافًا مِنْ هَذَا الضَّرْبِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، إِلَّا

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام علی ہے

حضرت صعصعہ بن معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کی ملاقات حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ربذہ کے مقام میں ہوئی' آپ اونٹ پر جا رہے تھے' اس پر دو پالان تھے' اونٹ کی گردن میں مشکیزہ لٹکا ہوا تھا' میں نے کہا: اے ابوذر! آپ کو کیا ہے؟ فرمایا: میرے لیے عمل ہے' میں نے کہا: مجھے بیان کریں' اللہ آپ پر رحم کرے! آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس مسلمان کے تین نابالغ بچے فوت ہو جائیں' اللہ عزوجل اپنی رحمت کے فضل سے اُن کے ماں باپ کو بخش دے گا۔ میں نے عرض کی: مجھے اور سنائیں! اللہ آپ پر رحم کرے! فرمایا: جی ہاں! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو اپنے مال سے دو جوڑے اللہ کی راہ میں خرچ کرے تو جنت کے چوکیدار اس کا استقبال کریں گے' سب اس کو اس چیز کی طرف بلائیں گے جو اُن کے پاس ہوگا۔ میں نے عرض کی: یہ زوجین کس سے؟ فرمایا: جو گھوڑوں کا مالک ہے وہ دو گھوڑے' جو اونٹوں کا مالک ہے وہ دو اونٹ' جو گائے کا مالک ہے وہ دو گائیں' یہاں تک کی اس طرح کی اور اقسام بھی ذکر کیں۔

یہ حدیث عمران القطان سے صرف عبداللہ بن رجاء

3734- أخرجه البيهقي في شعب الايمان جلد3صفحه211رقم الحديث:3345 .

Marfat.com

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

ہی روایت کرتے ہیں۔

**3735** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ دِينَارٍ الْمُؤَذِّنُ، مَوْلَى عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ الْخُزَاعِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: مَا صُمْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعًا وَعِشْرِينَ أَكْثَرَ مِمَّا صُمْتُ مَعَهُ ثَلَاثِينَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تیس دنوں سے زیادہ اُنتیس دنوں کے روزے رکھے ہیں۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ دِينَارٍ

یہ حدیث عبداللہ بن مسعود سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں عیسیٰ بن دینار اکیلے ہیں۔

**3736** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نا رَبِيعَةُ الْكِنَانِيُّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عَلِيًّا، وَسُئِلَ عَنْ وُضُوءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرَاقَ الْمَاءَ فِي الرَّحْبَةِ، ثُمَّ قَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ عَنْ وُضُوءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا، وَوَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا، وَمَسَحَ عَلَى رَأْسِهِ حَتَّى لَمَّا يَقْطُرُ، وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا وُضُوءُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضور ﷺ کے وضو کے متعلق پوچھا گیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے پانی کشادہ جگہ پر گرا دیا' پھر فرمایا: وضو کے متعلق پوچھنے والا کہاں ہے؟ آپ نے دونوں ہاتھ اور چہرہ اور کلائیوں کو تین مرتبہ دھویا اور سر کا مسح کیا یہاں تک کہ پانی کے قطرے آپ کے سر سے ٹپکے' آپ نے دونوں پاؤں کو تین بار دھویا اور فرمایا: رسول اللہ ﷺ اسی طرح وضو کرتے تھے۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، إِلَّا رَبِيعَةُ الْكِنَانِيُّ وَهُوَ: رَبِيعَةُ بْنُ عُبَيْدٍ كُوفِيٌّ، وَأَبُو

منہال بن عمرو سے صرف ربیعہ الکنانی ہی روایت کرتے ہیں' ربیعہ کنانی سے مراد ربیعہ بن عبید کوفی ہیں

3735- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد2صفحه307 رقم الحديث: 2322 بلفظ: لما صمنا مع النبي ﷺ...... والترمذي: الصوم جلد3صفحه64 رقم الحديث: 689 ولفظه .

3736- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد1صفحه28 رقم الحديث: 114 .

Marfat.com

مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَنْصَارِيُّ

اورابومریم عبدالغفار بن قاسم الانصاری۔

**3737** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نا الْمُغِيرَةُ بْنُ اَبِي الْحُرِّ الْكِنْدِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ جُلُوسٌ: فَقَالَ: مَا اَصْبَحْتُ غَدَاةً قَطُّ اِلَّا اسْتَغْفَرْتُ اللّٰهَ فِيهَا مِائَةَ مَرَّةٍ

حضرت سعید بن ابی بردہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ تشریف لائے اس حالت میں کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے' آپ نے فرمایا: میں جب بھی صبح کرتا ہوں تو اس صبح میں اللہ عزوجل سے سو مرتبہ بخشش طلب کرتا ہوں (یعنی اُمت کے لیے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، اِلَّا الْمُغِيرَةُ بْنُ اَبِي الْحُرِّ

یہ حدیث سعید بن ابی بردہ سے صرف مغیرہ بن ابی الحر روایت کرتے ہیں۔

**3738** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي نُعْمٍ الْبَجَلِيُّ قَالَ: حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ عَلِيِّ بِنْتِ اَبِي طَالِبٍ، قَالَتْ: قَالَ اَبِي، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَعْتَقَ نَسَمَةً، مُسْلِمَةً اَوْ مُؤْمِنَةً، وَقَى اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنَ النَّارِ

حضرت فاطمہ بنت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے والد نے رسول اللہﷺ کے حوالہ سے بیان کیا کہ آپ نے فرمایا: جس مسلمان نے لونڈی کو آزاد کیا' اللہ عزوجل اس کے ہر عضو کے بدلے آزاد کرنے والے کے ایک عضو کو جہنم سے آزاد کرے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي نُعْمٍ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں حکم بن عبدالرحمن بن ابی نُعم اکیلے ہیں۔

---

**3737**- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد2صفحه1254 رقم الحديث: 3816 بلفظ: انی لأستغفر الله سبعين مرة . وعزاه الحافظ السيوطی فی الدر المنثور جلد6صفحه63 الی ابن أبی شيبة والنسائی وابن مردويه والطبرانی' وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد10صفحه212: رواه الطبرانی باسنادين ورجال أحدهما رجال الصحيح .

**3738**- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 1صفحه109 رقم الحديث: 186 وقال فی سنده الحكم بن عبد الرحمٰن بن أبی نعيم البجلی ضعفه ابن معين وقال أبو حاتم صالح الحديث وقواه ابن حبان . وقال الحافظ فی التقريب صدوق سيئ الحفظ .

Marfat.com

**3739** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ أُمَيَّةَ الْحَذَّاءُ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: نا بُرْدُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُظْهِرَ الشَّمَاتَةَ لِاَخِيكَ فَيُعَافِيَهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيكَ

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے بھائی کا راز ظاہر نہ کر' اگر تو نے اس کو ظاہر کیا تو اس کو اللہ عزوجل عافیت دے گا اور تجھے آزمائش میں ڈالے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ، اِلَّا بُرْدٌ، وَلَا عَنْ بُرْدٍ، اِلَّا حَفْصٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث مکحول سے صرف برد اور برد سے صرف حفص ہی روایت کرتے ہیں' رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**3740** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَزَلَتْ صُحُفُ اِبْرَاهِيمَ اَوَّلَ لَيْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ، وَاُنْزِلَتِ التَّوْرَاةُ لِسِتٍّ مَضَيْنَ مِنْ رَمَضَانَ، وَاُنْزِلَ الْاِنْجِيلُ لِثَلَاثَ عَشْرَةَ مَضَتْ مِنْ رَمَضَانَ، وَاُنْزِلَ الزَّبُورُ، لِثَمَانِ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ، وَاُنْزِلَ الْقُرْآنُ لِاَرْبَعٍ وَعِشْرِينَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ابراہیم علیہ السلام صحیفہ رمضان المبارک کی پہلی رات اور تورات رمضان کے کچھ روزے گزرنے کے بعد اور انجیل تیرہ رمضان اور زبور اٹھارہ رمضان اور قرآن چوبیس رمضان گزرنے کے بعد نازل ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، اِلَّا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

یہ حدیث حضرت قتادہ سے صرف عمران القطان ہی روایت کرتے ہیں' حضور ﷺ سے اسی سند سے روایت

---

**3739**- أخرجه الترمذي: صفة القيامة جلد 4 صفحه 662 رقم الحديث: 2506 وقال: هذا حديث حسن غريب' وأبو نعيم في الحلية جلد 5 صفحه 186' انظر كشف الخفاء للعجلوني جلد 2 صفحه 479 رقم الحديث: 3031 .

**3740**- اسناده حسن فيه: عمران القطان وهو صدوق يهم . وأخرجه أيضًا في الكبير' وأحمد' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 200: وفيه عمران بن داور القطان' ضعفه يحيٰى' ووثقه ابن حبان' وقال أحمد: أرجو أن يكون صالح الحديث وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

ہے۔

**3741** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَرْجِسٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يَغْتَسِلَ الرَّجُلُ بِفَضْلِ الْمَرْاَةِ، اَوِ الْمَرْاَةُ بِفَضْلِ الرَّجُلِ، وَلٰكِنْ يَشْرَعَانِ جَمِيعًا

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مرد کو عورت کے بچے ہوئے پانی سے اور عورت کو مرد کے بچے ہوئے پانی سے غسل کرنے سے منع فرمایا' ہاں! اگر دونوں اکٹھے شروع ہوئے ہیں تو جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسٍ، اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ وَرَوَاهُ غَيْرُهُ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ عَاصِمٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِيِّ

یہ حدیث حضرت عاصم الاحول' عبدالرحمٰن بن سرجس سے اور عاصم سے صرف عبدالعزیز بن المختار روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معلّٰی بن اسد اکیلے ہیں' ان کے علاوہ نے بھی حضرت عاصم الاحول سے' انہوں نے سوادہ بن عاصم سے' انہوں نے حکم بن عمرو الغفاری سے روایت کی ہے۔

**3742** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، قَالَ: نا مِسْكِينُ بْنُ مَيْمُونٍ، مُؤَذِّنُ مَسْجِدِ الرَّمْلَةِ قَالَ: نا عُرْوَةُ بْنُ رُوَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ قُرْطٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَى، فَلَمَّا رَجَعَ كَانَ بَيْنَ الْمَقَامِ وَزَمْزَمَ، وَجِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِهِ، فَطَارَا بِهِ حَتّٰى بَلَغَ السَّمَاوَاتِ السَّبْعَ، فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ: سَمِعْتُ تَسْبِيحًا فِي السَّمَاوَاتِ الْعُلَى مَعَ تَسْبِيحٍ كَثِيرٍ،

حضرت عبدالرحمٰن بن قرط رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو جس رات مسجد اقصیٰ کی سیر کروائی گئی' جب آپ ﷺ واپس مقامِ ابراہیم اور زمزم کے درمیان آئے تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور حضرت میکائیل علیہ السلام بائیں جانب تھے ان دونوں نے آپ کے ساتھ پرواز کی یہاں تک کہ آپ سات آسمانوں تک پہنچ گئے' جب واپس آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے اوپر کے آسمانوں میں بلندیوں کے مالک کی' جس چیز کے ساتھ

---

3741- أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد1 صفحه133 رقم الحديث: 374 .

3742- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1 صفحه80: رواه الطبراني في الكبير والأوسط وفيه مسكين بن ميمون' كر له الذهبي هذا الحديث (الميزان جلد4 صفحه101) وقال انه منكر .

Marfat.com

سَبَّحَتِ السَّمَاوَاتُ الْعُلَى مِنْ ذِي الْمَهَابَةِ مُشْفِقَاتٍ لِذِي الْعُلُوِّ بِمَا عَلَا: سُبْحَانَ الْعَلِيِّ الْأَعْلَى، سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى

وہ بلند ہے' تسبیح سنی' بہت زیادہ تسبیحات' سارے آسمان رعب والی ہستی سے ڈرتے ہوئے ''سبحان العلی الاعلی سبحانہ وتعالیٰ'' پڑھ رہے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ

رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں سعید بن منصور اکیلے ہیں۔

**3743** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ نَضْلَةَ بْنِ سَكَنٍ الْمَالِكِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّهِ أَبِي أُمِّهِ، نُقَادَةَ الْأَسَدِيِّ قَالَ: بَعَثَ مَعِي بِلَقُوحٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي: احْلُبْهَا، فَحَلَبْتُهَا، فَقَالَ: يَا نُقَادَةُ، دَعْ دَاعِيَ اللَّبَنِ فَتَرَكْتُ أَخْلَافَهَا قَائِمَةً، لَمْ أَنْقُصِ اللَّبَنَ كُلَّهُ

حضرت نقادہ اسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے ایک بہت دودھ دینے والی اونٹنی دے کر رسول اللہ ﷺ کی طرف بھیجا گیا' آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اس میں دودھ دوہ! میں نے اسے دوہا' آپ ﷺ نے فرمایا: اے نقادہ! دودھ کا بقیہ حصہ تھنوں میں چھوڑ دو۔ میں اسے کھڑا چھوڑ دیا اور اس کا سارا دودھ نہیں نکالا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ نُقَادَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ

یہ حدیث نقادہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن محمد الفروی اکیلے ہیں۔

**3744** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا شَدَّادُ بْنُ سَعِيدٍ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: نا جَابِرُ بْنُ عَمْرٍو الرَّاسِبِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ قَوْمٍ اجْتَمَعُوا فِي مَجْلِسٍ فَتَفَرَّقُوا وَلَمْ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگ اکٹھے ہوتے ہیں پھر اس کے بعد جدا ہوتے ہیں اور اللہ کا ذکر نہیں کرتے ہیں تو وہ مجلس ان پر قیامت کے دن حسرت کرے گی۔

3743- وذكر له الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 199 سياقًا آخر' آثم قال: وهذه الرواية رواها الطبراني في الكبير والأوسط' وفي اسناد الرواية الأولى اسحاق الفروي وهو متروك' وفي الثانية يعقوب بن محمد الزهري وهو متروك وجماعة لا يعرفون .

3744- وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 83 الى الكبير أيضًا وقال: ورجالهما رجال الصحيح . قلت: اسناده حسن .

Marfat.com

يَذْكُرُوا اللّٰهَ، إِلَّا كَانَ ذٰلِكَ الْمَجْلِسُ حَسْرَةً عَلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَدَّادُ بْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث عبداللہ بن مغفل سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں شداد بن سعید اکیلے ہیں۔

**3745** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَعْنَبِيُّ

یہ حدیث حضرت بلال بن حارث سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں قعنبی اکیلے ہیں۔

**3746** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا أَبُو رَبِيعَةَ فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي الْفَضْلِ الْأَزْدِيُّ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ مُوسَى قَالَ: أَنَا عَلِيُّ بْنُ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: أَكَلْتُ ثَرِيدَةً مِنْ خُبْزِ بُرٍّ بِلَحْمٍ سَمِينٍ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے گوشت کے شوربہ کے ساتھ گندم کی روٹی کی ثرید بنا کر کھایا تھا میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو میں ڈکار مار رہا تھا۔ آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: ڈکار مارنے سے رُک جاؤ بے شک اکثر لوگ جو دنیا میں پیٹ بھر کر

---

3745- اسناده حسن فيه: عمرو بن علقمة بن وقاص الليثى المدنى ذكره ابن حبان فى الثقات وصحح حديثه الترمذى وابن خزيمة وابن حبان وقال ابن حجر: مقبول . واخرجه ايضًا الطبرانى فى الكبير والحاكم فى المستدرك . وقال ُهافظ الهيثمى فى المجمع جلد1صفحه59 رواه الطبرانى فى الكبير والأوسط ورجاله موثقون .

3746- أخرجه الطبرانى فى الكبير جلد22صفحه132 رقم الحديث: 351 . وقال: فى اسنادهما فهد بن عوف وهو كذاب والفضل بن أبى الفضل ذكره ابن أبى حاتم والبخارى وبيضا له فهو مجهول وانظر مجمع الزوائد جلد5 صفحه34 .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلْتُ اَتَجَشَّأُ، فَقَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اكْفُفْ مِنْ جُشَائِكَ، فَاِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ فِي الدُّنْيَا شِبَعًا اَكْثَرُهُمْ فِي الْآخِرَةِ جُوعًا

کھاتے ہیں وہ قیامت کے دن بھوکے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ، اِلَّا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ

یہ حدیث علی بن اقمر سے صرف علی بن موسیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں فہد بن عوف اکیلے ہیں۔

**3747** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا الْاَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ قَالَ: نا بَحْرُ بْنُ مَرَّارٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ قَالَ: حَدَّثَ اَبُو بَكْرَةَ قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي بَيْنِي وَبَيْنَ رَجُلٍ آخَرَ، اِذْ اَتَى عَلَى قَبْرَيْنِ، فَقَالَ: اِنَّ صَاحِبَيْ هَذَيْنِ الْقَبْرَيْنِ يُعَذَّبَانِ فَأْتِيَانِي بِجَرِيدَةٍ قَالَ اَبُو بَكْرَةَ: فَاسْتَبَقْتُ اَنَا وَصَاحِبِي، فَاَتَيْتُهُ بِجَرِيدَةٍ، فَشَقَّهَا بِنِصْفَيْنِ، فَوَضَعَ فِي هَذَا الْقَبْرِ وَاحِدَةً، وَفِي ذَا الْقَبْرِ وَاحِدَةً قَالَ: لَعَلَّهُ يُخَفِّفُ عَنْهُمَا مَا دَامَتَا رَطْبَتَيْنِ، اَمَا اِنَّهُمَا يُعَذَّبَانِ بِغَيْرِ كَبِيرٍ، الْغِيبَةِ وَالْبَوْلِ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چل رہے تھے' میرے درمیان ایک اور آدمی تھا' اچانک دو قبریں آئیں' آپ نے فرمایا: ان دونوں قبر والوں کو عذاب ہو رہا ہے' میرے پاس دو سبز ٹہنیاں لے کر آؤ۔ میں اور میرا ساتھی جلدی جلدی ٹہنی لینے کے لیے آگے بڑھے' میں آپ کے پاس ٹہنی لے کر آیا' آپ نے اس کے دو حصے کیے' اور دونوں قبروں پر ایک ایک حصہ رکھ دیا' پھر آپ ﷺ نے فرمایا: یقیناً جب تک دونوں ٹہنیاں سرسبز رہیں گی' ان کے عذاب میں تخفیف ہوتی رہے گی' دونوں کو عذاب کسی کبیرہ گناہ کے علاوہ (یعنی اُن کے خیال کے مطابق' ورنہ دونوں کبیرہ گناہ ہیں) ہو رہا ہے' ایک غیبت کرتا تھا اور دوسرا پیشاب کی چھینٹوں سے پرہیز نہیں کرتا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، اِلَّا مِنْ حَدِيثِ الْاَسْوَدِ بْنِ شَيْبَانَ، وَلَمْ يُجَوِّدْهُ عَنِ الْاَسْوَدِ

یہ حدیث ابوبکرہ سے اسود بن شیبان ہی روایت کرتے ہیں' اسود بن شیبان سے عمدہ طور پر مسلم بن

**3747**- فی اسناده: بحر بن مرار بن عبد الرحمٰن بن ابی بکرة الثقفی أبو معاذ المصری قال: ابن معین ثقة' وقال النسائی: لیس به بأس' وقال یحیٰی بن سعید: رایته قد خلط' قال ابن حجر: صدوق اختلط بآخره (التهذیب' والجرح جلد **2** صفحه **419**)' واخرجه ایضًا أحمد بنحوه وقال الهیثمی فی المجمع جلد **1** صفحه **211**: ورجاله موثقون .

Marfat.com

بْنِ شَيْبَانَ، إِلَّا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَرَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ شَيْبَانَ، عَنْ بَحْرِ بْنِ مَرَّارٍ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ

ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔ ابوداؤد الطیالسی' اسود سے بن شیبان سے' وہ محمد بن مراد سے' وہ ابوبکرہ سے روایت کرتے ہیں۔

**3748** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا أَبُو رَبِيعَةَ فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ قَالَ: نا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ أَبِي الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيِّ قَالَ: كُنَّا بِأَرْضِ الرُّومِ، فَمَرَّ عَلَيْنَا رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ يُقَالُ لَهُ: مَعْنُ بْنُ يَزِيدَ السُّلَمِيُّ قَالَ: فَأَصَبْتُ جَرَّةً حَمْرَاءَ فِيهَا دَنَانِيرُ فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَخَمَّسَهَا وَقَالَ: لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا نَفْلَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ الْخُمُسِ لَأَعْطَيْتُكَ، قَالَ: فَعَرَضَ عَلَيَّ مِنْ نَصِيبِهِ، فَقُلْتُ: لَا حَاجَةَ لِي فِيهِ

حضرت ابوالجویرہ الجرمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم روم کے ملک میں تھے' ہم پر حضور ﷺ کے صحابہ میں سے بنی سلیم کا ایک آدمی گزرا' اس کا نام معن بن یزید السلمی تھا' میں نے بڑا سرخ مٹکا پایا' اس میں دنانیر تھے' میں اُن کو لے کر ان کے پاس آیا' انہوں نے اس کو خمس بنا لیا۔ فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کا فرمان مبارک سنا نہ ہوتا کہ خمس کے بعد مالِ غنیمت ہے تو میں تم کو ضرور دیتا' آپ نے مجھے اپنے حصے سے دیا۔ میں نے کہا: مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَعْنِ بْنِ يَزِيدَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو عَوَانَةَ

یہ حدیث معن بن یزید سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابوعوانہ اکیلے ہیں۔

**3749** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخْتَارِ، وَلَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ عَرْفَجَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُونُ هَنَاتٌ، وَهَنَاتٌ فَمَنْ رَأَيْتُمُوهُ يَمْشِي إِلَى أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُفَرِّقَ جَمَاعَتَهُمْ فَاقْتُلُوهُ

حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب فتنے ہوں گے' جس کو تم دیکھو کہ وہ اُمت محمد یہ ﷺ میں تفرقہ بازی کرنا چاہتا ہے' اس کو مار ڈالو۔

---

3748- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 82 رقم الحديث: 2753-2754' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 572 رقم الحديث: 15868' والطبراني في الكبير جلد 19 صفحه 442 رقم الحديث: 1073 .

3749- أخرجه مسلم: الامارة جلد 3 صفحه 1479' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 31 رقم الحديث: 20300 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخْتَارِ، إِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَارِمٌ

یہ حدیث عبداللہ بن مختار سے صرف حماد بن زید ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عارم اکیلے ہیں۔

**3750** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا وهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْصَرَ فِي يَدِهِ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ، فَجَعَلَ يَقْرَعُهُ بِقَضِيبٍ مَعَهُ، فَلَمَّا غَفَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلْقَاهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أُرَانَا إِلَّا قَدْ أَوْجَعْنَاكَ، وَأَغْرَمْنَاكَ

حضرت ابوثعلبہ الخشنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی' وہ اس کو اِدھر اُدھر کرنے لگا' جب حضور ﷺ نے توجہ ہٹائی تو اس نے پھینک دی' آپ ﷺ نے فرمایا: میں تم پر جہنم کی آگ دیکھ رہا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، إِلَّا النُّعْمَانُ بْنُ رَاشِدٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث زہری سے نعمان بن راشد ہی روایت کرتے ہیں' حضرت ابوثعلبہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**3751** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا الْمِنْهَالُ بْنُ بَحْرٍ أَبُو سَلَمَةَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ يَوْمًا أَلَمًا، فَأَرْسَلَ إِلَى عُثْمَانَ قَالَتْ: فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ سَيُقَمِّصُكَ قَمِيصًا فَإِنْ أَرَادُوكَ عَلَى خَلْعِهِ فَلَا تَخْلَعْهُ فَقِيلَ لَهَا: فَأَيْنَ كُنْتِ، لَمْ تَذْكُرِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دن تکلیف محسوس فرمائی' آپ نے کسی کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بلوانے کے لیے بھیجا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب آپ کو اللہ عزوجل خلافت کا لباس عطا فرمائے گا' اگر کوئی آپ سے کہے کہ اسے اُتار دو تو آپ نہ اُتارنا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی

3750- أخرجه النسائي: الزينة جلد 8صفحه148 (باب حديث أبي هريرة والاختلاف على قتادة)' وأحمد: المسند جلد4 صفحه240 رقم الحديث:17765 .

3751- أخرجه الترمذي: المناقب جلد 5صفحه628 رقم الحديث: 3705 وقال: هذا حديث حسن غريب . وأحمد: المسند جلد6صفحه97 رقم الحديث:235620 .

Marfat.com

هَذَا؟ قَالَتْ: نَسِيتُهُ

گئی: آپ کہاں تھیں؟ آپ نے اس کا ذکر نہیں کیا (یعنی شہادت عثمان کے وقت)' آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں اسے بھول گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمِنْهَالُ بْنُ بَحْرٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں منہال بن بحر اکیلے ہیں۔

**3752** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ قَالَ: نا ثَابِتٌ قَالَ: نا اَنَسٌ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِي، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِي

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے خواب میں میری زیارت کی' اس نے مجھے ہی دیکھا ہے' بے شک شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ثابت سے عبدالعزیز بن مختار روایت کرتے ہیں' حضرت انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**3753** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّرَّاجِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الَّذِي يَشْرَبُ فِي إِنَاءِ فِضَّةٍ إِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ جو چاندی کے برتن میں پیتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث عبدالرحمٰن السراج سے صرف حماد بن

**3752**- اخرجه البخاري: التعبير جلد**12**صفحه**399** رقم الحديث: **6994**' واحمد: المسند جلد **3**صفحه**329** رقم الحديث:**13856** .

**3753**- اخرجه البخاري: الأشربة جلد**10**صفحه**98** رقم الحديث:**5634**' ومسلم: اللباس جلد**3**صفحه**1634** .

Marfat.com

السَّرَّاجِ، اِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهٖ: عَارِمٌ

زید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عارم اکیلے ہیں۔

**3754** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ قَالَ: حَدَّثَتْنِي اُمُّ عُرْوَةَ بِنْتُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهَا، عَنْ جَدَّتِهَا صَفِيَّةَ بِنْتِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَرَجَ اِلَى اُحُدٍ جَعَلَ نِسَاءَهٗ فِي اُطُمٍ يُقَالُ لَهٗ: فَارِعٌ، وَجَعَلَ مَعَهُنَّ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ، فَكَانَ حَسَّانُ يَطَّلِعُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا اشْتَدَّ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ اشْتَدَّ مَعَهٗ وَهُوَ فِي الْحِصْنِ، وَاِذَا رَجَعَ رَجَعَ وَرَاءَهٗ، فَجَاءَ نَاسٌ مِنَ الْيَهُوْدِ فَرَقَى اَحَدُهُمْ فِي الْحِصْنِ حَتّٰى اَطَلَّ عَلَيْنَا، فَقُلْتُ لِحَسَّانَ: قُمْ اِلَيْهِ، فَاقْتُلْهُ فَقَالَ: مَا ذَاكَ فِيَّ لَوْ كَانَ ذٰلِكَ فِيَّ لَكُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ صَفِيَّةُ: فَضَرَبْتُ رَاْسَهٗ حَتّٰى قَطَعْتُهٗ، فَلَمَّا قَطَعْتُهٗ، قُلْتُ: يَا حَسَّانُ، قُمْ اِلٰى رَاْسِهٖ فَارْمِ بِهٖ عَلَيْهِمْ، وَهُوَ اَسْفَلُ مِنَ الْحِصْنِ فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا ذٰلِكَ فِيَّ قَالَتْ: فَاَخَذْتُ بِرَاْسِهٖ، فَرَمَيْتُهٗ عَلَيْهِمْ فَقَالُوْا: قَدْ وَاللّٰهِ عَلِمْنَا اَنَّ مُحَمَّدًا لَمْ يَكُنْ يَتْرُكُ اَهْلَهٗ خُلُوْفًا، لَيْسَ مَعَهُمْ اَحَدٌ وَتَفَرَّقُوْا، قَالَتْ: وَمَرَّ بِنَا سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، وَبِهٖ صُفْرَةٌ كَاَنَّهٗ كَانَ مُعَرَّسًا قَبْلَ ذٰلِكَ، وَهُوَ يَرْتَجِزُ وَيَقُوْلُ:

(البحر الرجز)

حضرت اُم عروہ بنت جعفر بن زبیر اپنی نانی صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ جب (جنگ کے لیے) حضور ﷺ اُحد کی طرف نکلے' عورتیں قلعہ میں تھیں' اس کو فارع کہا جاتا تھا' ان کے ساتھ حسان بن ثابت تھے۔ حضرت حسان' حضور ﷺ کی طرف دیکھ رہے تھے' جب مشرکوں پر سختی کی گئی' قلعہ والوں پر سختی کی گئی' جب آپ واپس آئے تو وہ آپ کے پیچھے واپس آئے۔ یہود سے کچھ لوگ آئے' ان میں سے ایک قلعہ کے اوپر چڑھا یہاں تک کہ ہم پر جھانکنے لگا۔ میں نے حسان سے کہا: آپ اس کی طرف اُٹھیں اور اسے قتل کریں۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے کیا ہے' اگر مجھے کچھ ہوا تو میں حضور ﷺ کے ساتھ ہوں۔ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے اس کے سر پر مارا' یہاں تک کہ اس کا سر کاٹ دیا' جب میں نے اس کا سر کاٹا تو میں نے کہا: اے حسان! اُٹھ کر اس کے سر کی طرف جا اور ان پر پھینک دے' وہ قلعہ کے نیچے تھے۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! میں ایسا نہیں کروں گا۔ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے اس کا سر پکڑا اور میں نے ان پر پھینک دیا۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم نے سمجھا کہ اپنی اہل بیت کو پیچھے نہیں چھوڑتا ہے' ان کے ساتھ کوئی نہیں ہے۔ وہ

3754- عزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 117-118 الى الطبراني في الكبير أيضًا وقال: فيه أم عروة بنت جعفر بن الزبير' عن أبيها ولم أرفهما' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

علیحدہ علیحدہ ہو گئے۔ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہمارے پاس سے حضرت سعد بن عبادہ گزرے انہوں نے زرد رنگ لگایا ہوا تھا' گویا ابھی ان کی شادی ہوئی ہے' یہ رجز پڑھ رہے تھے:

مَهْلًا قَلِيلًا يَلْحَقُ الْهَيْجَا حَمَلْ . . . لَا بَأْسَ بِالْمَوْتِ إِذَا كَانَ الْأَجَلْ

''تھوڑی دیر صبر کرو جنگ اپنے نتیجے کو ملنے والی ہے' جب موت آنے والی ہے تو موت کے آنے میں حرج نہیں''۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ صَفِيَّةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ

اس حدیث کو حضرت صفیہ سے اسی سند سے روایت کیا گیا۔ اسحاق بن محمد فروی اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

**3755** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا خَلَفُ بْنُ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نا أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، عَنِ اخْتِهَا ضُبَاعَةَ: أَنَّهَا رَأَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكَلَ كَتِفًا، ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت اُم عطیہ رضی اللہ عنہا اپنی بہن ضباعہ سے روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دستی کا گوشت کھاتے ہوئے دیکھا' پھر آپ نماز پڑھانے کے لیے کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ نے وضو نہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، إِلَّا مُوسَى بْنُ خَلَفٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ خَلَفُ بْنُ مُوسَى وَإِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الَّذِي رَوَى عَنْهُ قَتَادَةُ هَذَا الْحَدِيثَ هُوَ إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، وَضُبَاعَةُ بِنْتُ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

یہ حدیث قتادہ سے صرف موسیٰ بن خلف روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے خلف بن موسیٰ اور اسحاق بن عبداللہ روایت کرتے ہیں' جن سے قتادہ یہ حدیث روایت کرتے ہیں' وہ اسحاق بن عبداللہ بن حارث بن نوفل ہیں اور ضباعہ بنت زبیر بن عبدالمطلب روایت کرتی ہیں۔

3755- اسنادہ حسن فیہ: أ ۔ خلف بن موسٰی بن خلف العمی' وثقہ العجلی وذکرہ ابن حبان فی الثقات' وقال: ربما أخطأ' وقال ابن حجر: صدوق یخطئ ۔ ب ۔ موسٰی بن خلف العمی صدوق عابد له أوهام ۔

Marfat.com

**3756** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ النَّهْدِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوَاصِلُ مِنَ السَّحَرِ إِلَى السَّحَرِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک سحری سے لے کر دوسری سحری تک لگاتار بغیر کھائے پیے روزہ رکھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عُقَيْلٍ، إِلَّا شَرِيكٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ابن عقیل سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' حضرت جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**3757** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا أَبُو غَسَّانَ النَّهْدِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَسَحَّرُوا وَلَوْ بِشَيْءٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سحری کیا کرو اگرچہ کسی شے کے ساتھ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عُقَيْلٍ، إِلَّا شَرِيكٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ابن عقیل سے صرف شریک روایت کرتے ہیں اور حضرت جابر سے اسی سند سے روایت ہے۔

**3758** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَسْعُودٍ الْيَشْكُرِيُّ قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ كُلْثُومِ بِنْتُ

حضرت اُم کلثوم بنت ثمامہ الحبطی فرماتی ہیں کہ میرے بھائی مخارق بن ثمامہ الحبطی نے مجھ سے فرمایا: آپ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جائیں' اُنہیں

---

**3756**- قال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد3صفحه161: واسناده حسن .

**3757**- أخرجه أيضًا أحمد' وأبو يعلى فی المقصد العلی' والبزار' كلهم من طريق شريك بالاسناد المذكور بنحوه . وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد3صفحه153: وفيه عبد الله بن محمد بن عقيل' وحديثه حسن' وفيه كلام .

**3758**- اسناده فيه: حماد بن ابراهيم بن مسعود اليشكری' ترجمه ابن أبی حاتم فی الجرح جلد3صفحه132 وقال: روى عنه عارم' ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا . وأخرجه أيضًا أحمد' عن يونس' ثنا عمرو بن ابراهيم اليشكری' عن أمه' بنحوه' وذكر الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد9صفحه89 روايتنی أحمد' والطبرانی' وقال: وأم كلثوم لم أعرفها' وبقية رجال الطبرانی ثقات .

Marfat.com

ثُمَامَةَ الْحَبَطِيُّ، اَنَّ اَخَاهَا الْمُخَارِقَ بْنَ ثُمَامَةَ الْحَبَطِيَّ، قَالَ لَهَا: اذْخُلِي عَلَى اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ، فَاَقْرِئِيهَا السَّلَامَ مِنِّي، فَدَخَلْتُ عَلَيْهَا، فَقُلْتُ: اِنَّ بَعْضَ بَنِيكِ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ قَالَتْ: وَعَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، قُلْتُ: وَيَسْاَلُكِ اَنْ تُحَدِّثِيهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَاِنَّ النَّاسَ قَدْ اَكْثَرُوا فِيهِ عِنْدَنَا حِينَ قُتِلَ قَالَتْ: اَمَّا اَنَا فَاَشْهَدُ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فِي هَذَا الْبَيْتِ، وَنَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجِبْرِيلُ يُوحِي، جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لَيْلَةٍ قَائِظَةٍ وَكَانَ اِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ نَزَلَتْ عَلَيْهِ ثِقْلَةٌ، يَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ ذِكْرُهُ: (اِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا) (المزمل:5) وَنَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْرِبُ كَتِفَ عُثْمَانَ، وَيَقُولُ: اكْتُبْ، عُثْمَانُ، فَمَا كَانَ اللّٰهُ يُنْزِلُ تِلْكَ الْمَنْزِلَةَ مِنْ نَبِيِّهِ اِلَّا رَجُلًا كَرِيمًا، فَمَنْ سَبَّ عُثْمَانَ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ

میرا سلام عرض کریں۔ میں آپ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی' میں نے عرض کی: آپ کا ایک روحانی بیٹا آپ کو سلام عرض کر رہا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اس پر اللہ کی رحمت ہو! میں نے عرض کی: وہ آپ سے حضرت عثمان بن عفان کے متعلق کوئی حدیث پوچھ رہے تھے کیونکہ لوگ اکثر آپ کے حوالہ سے ہمارے پاس باتیں کرتے ہیں' جب سے آپ کو شہید کیا گیا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں گواہی دیتی ہوں کہ حضرت عثمان بن عفان کے اس گھر میں تھے اور حضور ﷺ' حضرت جبریل علیہ السلام سخت گرمی والی رات میں آپ ﷺ پر وحی لے کر آئے' جب آپ پر وحی نازل ہوتی تھی تو آپ پر بوجھل ہوتی تھی۔ جس طرح کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: ہم آپ پر بوجھ والی بات ڈالیں گے۔ تو نبی کریم ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے کندھے پر ہاتھ مارا' فرمایا: عثمان اس کو لکھو! اللہ عزوجل اپنے نبی کے ساتھ یہ مقام و مرتبہ صرف کریم و سخی آدمی کو ہی عطا کرتا ہے (جو تجھے دیا ہے) جو عثمان کو گالی دے اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اُمِّ كُلْثُومٍ بِنْتِ ثُمَامَةَ، اِلَّا حَمَّادُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْيَشْكُرِيُّ

یہ حدیث اُم کلثوم بنت ثمامہ سے صرف حماد بن ابراہیم الیشکری ہی روایت کرتے ہیں۔

3759 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا طَلْحَةُ بْنُ شُجَاعٍ

حضرت ورقاء بنت ھداب فرماتی ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جب اپنے گھر سے نکلتے تو

3759- اسنادیه فیه: ورقاء بنت هداب' وقیل هراب' وقیل هرام' وقیل هرار' ذکرها ابن حبان فی الثقات' وقال ابن حجر: لا أعرف حالها . تعجیل المنفعة صفحه 561 . واخرجه ایضًا احمد مرفوعًا من طریق ابی سعید مولی بنی هاشم' قال: حدثنی ورقاء به .

Marfat.com

الْاَزْدِيُّ قَالَ: حَدَّثَتْنِي وَرْقَاءُ بِنْتُ هَدَّابٍ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، كَانَ اِذَا خَرَجَ مِنْ مَنْزِلِهِ مَرَّ عَلَى اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ، فَيُسَلِّمُ عَلَيْهِنَّ قَبْلَ اَنْ يَاْتِيَ مَجْلِسَهُ، فَاِذَا انْصَرَفَ اِلَى مَنْزِلِهِ مَرَّ عَلَيْهِنَّ، وَكَانَ كُلَّمَا مَرَّ وَجَدَ عَلَى بَابِ عَائِشَةَ رَجُلًا جَالِسًا، فَقَالَ لَهُ: مَا لِي اَرَاكَ هَاهُنَا جَالِسًا؟ قَالَ: حَقٌّ لِي اَطْلُبُ بِهِ اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا عُمَرُ، فَقَالَ: لَهَا: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، مَا لَكِ فِي سَبْعَةِ آلَافٍ كِفَايَةٌ فِي كُلِّ سَنَةٍ؟ قَالَتْ: بَلَى، وَلَكِنَّ عَلَيَّ فِيهَا حُقُوقٌ، وَقَدْ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ عَلَيْهِ دَيْنٌ يَهُمُّهُ قَضَاؤُهُ اَوْ هَمَّ بِقَضَائِهِ لَمْ يَزَلْ مَعَهُ مِنَ اللّٰهِ حَارِسٌ فَاَنَا اُحِبُّ اَنْ لَا يَزَالَ مَعِي مِنَ اللّٰهِ حَارِسٌ

اُمہات المؤمنین کے گھروں کے پاس سے گزرتے‘ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے درِ دولت پر ایک آدمی کو بیٹھا پاتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا ہے کہ میں تمہیں یہاں بیٹھا دیکھتا ہوں؟ اس نے عرض کی: میرا اُم المؤمنین پر حق ہے‘ میں اس کو طلب کر رہا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ‘ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے‘ عرض کی: اے اُم المؤمنین! کیا آپ کو جو سات ہزار دیئے جاتے ہیں‘ آپ کو سال بھر کے لیے کافی نہیں ہیں؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیوں نہیں! لیکن مجھ پر سال میں کئی اور بھی حقوق ہیں؟ میں نے ابوالقاسم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کے ذمہ قرض ہو اور وہ قرض ادا کرنے کے لیے پریشان ہو تو اللہ عزوجل کی طرف سے ایک محافظ مسلسل اس کی مدد کے لیے اس کے ساتھ رہتا ہے‘ میں پسند کرتی ہوں کہ اللہ کی رحمت والا محافظ مسلسل میرے شامل حال رہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَرْقَاءَ بِنْتِ هَدَّابٍ، اِلَّا طَلْحَةُ بْنُ شُجَاعٍ وَهُوَ شَيْخٌ بَصْرِيٌّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث ورقاء بنت ہداب سے صرف طلحہ بن شجاع‘ یہ بصری بزرگ ہیں‘ ہی روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں مسلم بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**3760** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا اَبُو حُذَيْفَةَ مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لا الٰہ الا اللہ پڑھتا ہے‘ اس کا خون بہانا جائز نہیں ہے مگر تین آدمیوں کا: (۱) شادی شدہ کا جب شادی کے بعد زنا کرے (۲) کسی مؤمن کو جان بوجھ کر قتل کرنے والے کا (۳) اور اس کا جو اللہ اور اس کے

**3760**- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد **4** صفحه **124** رقم الحديث: **4353**‘ والنسائي: التحريم جلد **7** صفحه **93** (باب: الصلب).

Marfat.com

إِلَّا اللّٰهُ، إِلَّا بِإِحْدَى ثَلَاثٍ: مُحْصَنٌ زَنَى بَعْدَ إِحْصَانٍ، وَرَجُلٌ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَقُتِلَ بِهِ، وَرَجُلٌ خَرَجَ مُحَارِبًا لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ فَيُقْتَلُ وَيُصْلَبُ، أَوْ يُنْفَى مِنَ الْأَرْضِ

رسول سے جنگ کرتا ہے' اسے قتل کیا جائے' یا سولی چڑھا دیا جائے یا ملک بدر کیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ رُفَيْعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

یہ حدیث عبید بن عمر سے صرف عبدالعزیز بن رفیع ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن طھمان اکیلے ہیں۔

**3761** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا أَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، وَعِنْدَهَا جَارِيَةٌ لَهَا عَلَيْهَا دِرْعُ قُطْنٍ، ثَمَنُهُ خَمْسَةُ دَرَاهِمَ، فَقَالَتْ: ارْفَعْ رَأْسَكَ إِلَى جَارِيَتِي، انْظُرْ إِلَيْهَا فَإِنَّهَا تَزْهُو عَلَى أَنْ تَلْبَسَهُ فِي الْبَيْتِ، وَقَدْ كَانَ لِي مِنْهُنَّ دِرْعٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا كَانَتِ امْرَأَةٌ تُقَيَّنُ بِالْمَدِينَةِ إِلَّا أَرْسَلَتْ إِلَيَّ تَسْتَعِيرُهُ

حضرت عبدالواحد بن ایمن فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' آپ کے پاس ایک لونڈی تھی' اس پر روئی کی چادر تھی' جس کی قیمت پانچ درہم تھی' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ اپنا سر میری لونڈی کی طرف اُٹھائیں اور اس کی طرف دیکھیں' کیونکہ اس گھر میں ان کپڑوں میں اچھی لگتی ہے' ان میں ایک چادر میری تھی' حضور ﷺ کے زمانہ میں مدینہ میں جو عورت زینت حاصل کرنا چاہتی تھی' اس کو مجھ سے عاریتاً منگوالیتی۔

**3762** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، فَسَأَلْتُهَا، عَنْ رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، فَقَالَتْ: وَالَّذِي ذَهَبَ بِنَفْسِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَرَكَهَا حَتَّى لَقِيَ اللّٰهَ، وَمَا

حضرت عبدالواحد بن ایمن فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ کے پاس آیا' میں نے آپ سے عصر کے بعد دو رکعتوں کے متعلق پوچھا۔ آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم کہ جس نے اپنے نبی کو وفات دی ہے! آپ ﷺ

**3761**- اخرجه البخاری: الهبة جلد5صفحه286 رقم الحديث: 2628 .

**3762**- اخرجه البخاری: المكاتب جلد5صفحه231 رقم الحديث: 2565' ومسلم: العتق جلد 2صفحه1142 ولفظه عند البخاری' وعند مسلم نحوه .

Marfat.com

لَقِيَ اللّٰهَ حَتّٰى ثَقُلَ عَنِ الصَّلَاةِ وَكَانَ يُصَلِّي كَثِيرًا مِنْ صَلَاتِهِ وَهُوَ قَاعِدٌ، فَقَالَتْ لَهَا أُمُّ أَيْمَنَ: إِنَّ عُثْمَانَ كَانَ يَنْهَى عَنْهُمَا؟ قَالَتْ: صَدَقْتِ، وَلٰكِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيهِمَا، وَلَا يُصَلِّيهِمَا فِي الْمَسْجِدِ مَخَافَةَ أَنْ يُثَقِّلَ عَلَى أُمَّتِهِ، وَكَانَ يُحِبُّ مَا خَفَّفَ عَلَيْهِمْ

نے وصال تک اُن کو چھوڑا نہیں ہے' آپ بیماری کی وجہ سے کھڑے ہو کر نماز نہیں پڑھ سکتے تھے تو آپ زیادہ نمازیں بیٹھ کر پڑھتے تھے۔ آپ سے اُم ایمن نے عرض کی: حضرت عثمان اس سے منع کرتے ہیں؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضرت عثمان نے سچ فرمایا لیکن رسول اللہ ﷺ یہ دونوں پڑھتے تھے' البتہ آپ مسجد میں نہیں پڑھتے تھے اس خوف سے کہ آپ کی اُمت پر فرض نہ ہو جائے' آپ اپنی اُمت پر آسانی پسند کرتے تھے۔

**3763** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: دَخَلْتُ عَلَى بَرِيرَةَ، وَهِيَ مُكَاتَبَةٌ، فَقَالَتْ: اشْتَرِينِي، فَأَعْتِقِينِي، فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَتْ بَرِيرَةُ: إِنَّ أَهْلِي لَا يَبِيعُونِي حَتّٰى يَشْتَرِطُوا وَلَائِي قَالَتْ عَائِشَةُ: لَا حَاجَةَ لِي بِذَا، فَسَمِعَ بِذَلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ ذَلِكَ لِعَائِشَةَ فَذَكَرَتْ عَائِشَةُ مَا قَالُوا، فَقَالَ: اشْتَرِيهَا وَأَعْتِقِيهَا، وَدَعِيهِمْ فَلْيَشْتَرِطُوا مَا شَاءُوا، فَاشْتَرَتْهَا عَائِشَةُ، وَاشْتَرَطَ أَهْلُهَا الْوَلَاءَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ، وَإِنِ اشْتَرَطُوا مِائَةَ شَرْطٍ

حضرت عبدالواحد بن ایمن فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوا' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بریرہ کے پاس حالتِ مکاتبہ (لونڈی) میں گئی تھی' اور بریرہ نے کہا: مجھے آپ خریدیں اور آزاد کر دیں۔ میں نے کہا: ٹھیک ہے! حضرت بریرہ نے عرض کی: میرے مالک مجھے اس شرط پر فروخت کریں گے کہ میری ولاء شرط لگائیں گے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے' اس بات کو حضور ﷺ نے سن لیا' اس بات کا ذکر حضرت عائشہ نے رسول اللہ ﷺ نے کیا تو حضرت عائشہ نے اُن لوگوں کی بات کا تذکرہ کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو اس کو خرید لے اور اس کو آزاد کر دے اور ان کی باتوں کو چھوڑ دے جو چاہیں شرط لگائیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کو خریدا اور اس کے مالک نے ولاء کی شرط

Marfat.com

لگائی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ولاء اس کے لیے ہے جو آزاد کرے اگرچہ وہ سو شرطیں لگائیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَيْمَنَ، اِلَّا اَبُو نُعَيْمٍ

یہ تمام احادیث عبدالواحد بن ایمن سے صرف ابونعیم ہی روایت کرتے ہیں۔

**3764** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نا مُطِيعُ بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ: حَدَّثَتْنَا صَفِيَّةُ بِنْتُ عِصْمَةَ، عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَخْرُجُ النِّسَاءُ فِي الْعِيدِ؟ قَالَ نَعَمْ قِيلَ: فَالْعَاتِقُ؟ قَالَ: نَعَمْ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا ثَوْبٌ تَلْبَسُهُ، فَلْتَلْبَسْ ثَوْبَ صَاحِبَتِهَا

حضرت اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا کہ کیا عورتیں عید کی نماز کے لیے نکل سکتی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! عرض کی گئی: جوان لڑکیاں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ بھی اگر ان کے پاس پردے کے لیے کپڑا نہیں ہے تو وہ اپنی سہیلی کا کپڑا پہننے کے لیے لے لیں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُطِيعُ بْنُ مَيْمُونٍ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں مطیع بن میمون اکیلے ہیں۔

**3765** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نا مُطِيعُ بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ: حَدَّثَتْنَا صَفِيَّةُ بِنْتُ عِصْمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ امْرَاَةً، مَدَّتْ يَدَهَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَضَ يَدَهُ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَدَدْتُ يَدِي اِلَيْكَ بِكِتَابٍ، فَلَمْ تَاْخُذْهُ؟ فَقَالَ: اِنِّي لَا اَدْرِي يَدُ امْرَاَةٍ اَمْ يَدُ رَجُلٍ؟ قُلْتُ: بَلْ يَدُ امْرَاَةٍ قَالَ: لَوْ كُنْتِ امْرَاَةً لَغَيَّرْتِ اَظْفَارَكِ بِالْحِنَّاءِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت نے حضور ﷺ کی طرف اپنا ہاتھ بڑھایا تو آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ مبارک کھینچ لیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے کتاب دینے کے لیے اپنا ہاتھ آپ کی طرف بڑھایا تھا' آپ نے اس کو نہ پکڑا؟ آپ نے فرمایا: مجھ پر یہ بات واضح نہیں ہوئی کہ یہ عورت کا ہاتھ ہے یا مرد کا؟ میں نے عرض کی: یہ عورت کا ہاتھ ہے' فرمایا: اگر تو عورت ہے تو اپنے ناخنوں پر مہندی لگا کر اس

3764- وقال الحافظ الهيثمي جلد 2 صفحه 203: وفيه مطيع بن ميمون قال ابن عدى: له حديثان غير محفوظين' وقال ابن المديني: ثقة. قلت: اسناده ضعيف' لضعف مطيع' وجهالة صفية بنت عصمة' قال ابن حجر: لا تعرف.

3765- أخرجه ابو داؤد: الترجل جلد 4 صفحه 75 رقم الحديث: 4166' والنسائي: الزينة جلد 8 صفحه 122 (باب الخضاب للنساء)' واحمد: المسند جلد 6 صفحه 293 رقم الحديث: 26312.

Marfat.com

کا رنگ تبدیل کر لے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُطِيعُ بْنُ مَيْمُونٍ

حضرت عائشہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں مطیع بن میمون اکیلے ہیں۔

**3766** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُجَمِّعُ بْنُ يَعْقُوبَ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمِّي مُجَمِّعَ بْنَ جَارِيَةَ، يَقُولُ: أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ حَتَّى إِذَا بَلَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُرَاعَ الْغَمِيمِ إِذَا النَّاسُ يَرْسُمُونَ نَحْوَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ لِبَعْضٍ: مَا لِلنَّاسِ؟ قَالُوا: أُوحِيَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجْنَا حَتَّى وَجَدْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ كُرَاعِ الْغَمِيمِ وَاقِفًا، فَلَمَّا اجْتَمَعَ النَّاسُ، قَرَأَ عَلَيْهِمْ: (إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا) (الفتح: 1) فَقَالَ لَهُ بَعْضُ النَّاسِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَفَتْحٌ هُوَ؟ قَالَ: إِي وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنَّهُ لَفَتْحٌ

حضرت مجمع بن یعقوب انصاری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے چچا مجمع بن جاریہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ حدیبیہ سے واپس آئے یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کراع الغمیم کے مقام پر پہنچے لوگ رسول اللہ ﷺ کی طرف دوڑتے ہوئے جا رہے تھے۔ بعض لوگ بعض سے کہنے لگے: لوگوں کو کیا ہوا ہے؟ انہوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ کی طرف وحی کی گئی ہے ہم نکلے ہم نے رسول اللہ ﷺ کو کراع الغمیم کے پاس کھڑا پایا جب لوگ آپ کے پاس جمع ہوئے تو آپ نے ان پر یہ آیت پڑھی: "ہم نے آپ کو واضح فتح دی"۔ بعض لوگوں نے آپ سے عرض کی: یارسول اللہ! کیا فتح حاصل ہوگئی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! فتح حاصل ہوگئی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُجَمِّعُ بْنُ يَعْقُوبَ

یہ حدیث مجمع بن جاریہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں مجمع بن یعقوب اکیلے ہیں۔

**3767** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

3766- اخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 76 رقم الحديث: 2736، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 514 رقم الحديث: 15476، والطبراني فيا لكبير جلد 19 صفحه 445 رقم الحديث: 1082 .

3767- اسناده فيه: أ ـ على بن المبارك الصنعاني لم أجده . ب ـ محمد بن سليمان بن والبة ترجمه البخاري في

Marfat.com

قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زُفَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَرْدَكَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ وَالِبَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ وَالْبُخْلُ، وَيُخَوَّنُ الْاَمِينُ وَيُؤْتَمَنُ الْخَائِنُ، وَيَهْلِكُ الْوُعُولُ وَيَظْهَرُ التُّحُوتُ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا الْوُعُولُ وَمَا التُّحُوتُ؟ قَالَ: الْوُعُولُ: وُجُوهُ النَّاسِ وَاَشْرَافُهُمْ، وَالتُّحُوتُ: الَّذِينَ كَانُوا تَحْتَ اَقْدَامِ النَّاسِ لَا يُعْلَمُ بِهِمْ

ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد کی جان ہے! قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ بے حیائی ظاہر ہوگی اور بخل' امانت دار کو خائن اور خائن کو امانت دار سمجھا جائے گا' وعول ہلاک ہوں گے اور تحوت ظاہر ہوں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وعول اور تحوت سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: وعول سے مراد عظمت والے لوگوں کو حقیر سمجھا جائے گا اور تحوت سے مراد جو کمینہ قسم کے لوگ ہوں گے' اُن کو عزت دی جائے گی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِی اُوَيْسٍ

یہ حدیث سعید بن جبیر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**3768** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ رُبَيْحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رِجَالًا مِنَ الْعَرَبِ اَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا اُولُو مَاشِيَةٍ، وَاِنَّا نُخْرِجُ صَدَقَتَهَا، فَهَلْ يُجْزِءُ عَنَّا مِنْ زَكَاةِ رَمَضَانَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اَدُّوهَا عَنِ الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ، الْحُرِّ

حضرت ربیع بن عبدالرحمٰن بن ابوسعید الخذری رضی اللہ عنہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرب کے کچھ مرد دیکھے وہ حضور ﷺ کے پاس آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم جانور رکھنے والے لوگ ہیں' ہم ان کی زکوٰۃ نکالتے ہیں' کیا ہمیں رمضان میں فطرانہ کی طرف سے وہی کافی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! چھوٹے اور بڑے آزاد اور غلام کی طرف سے ادا کرو' کیونکہ یہ تمہارے لیے پاکی ہے۔

تاریخہ جلد 1 صفحہ 98' وابن أبی حاتم جلد 7 صفحہ 268 وسکتا عنہ' وذکرہ ابن حبان فی الثقات جلد 7 صفحہ 416 . وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد 7 صفحہ 327-328: وفيه محمد بن سليمان بن والبة ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات . قلت: محمد بن سليمان بن والبة وثقه ابن حبان' ولم اجد من جرحه .

3768- اخرجه أيضًا البزار' مختصرًا وقال الهيثمی فی المجمع جلد 3 صفحہ 84: وفيه كثير بن عبد الله وهو ضعيف .

Marfat.com

وَالْعَبِدِ، فَإِنَّهَا طَهُورٌ لَكُمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رُبَيْحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، إِلَّا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْمُزَنِيُّ

یہ حدیث ربیح بن عبدالرحمٰن سے صرف کثیر بن عبداللہ المزنی روایت کرتے ہیں۔

**3769** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، وعُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ، إِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ ثَلَاثًا قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: لِلَّهِ وَلِكِتَابِهِ، وَلِرَسُولِهِ وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَعَامَّتِهِمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دین نصیحت ہے' دین نصیحت ہے' تین مرتبہ فرمایا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کس کے لیے؟ آپ نے فرمایا: اللہ' اس کی کتاب اور اس کے رسول اور ائمہ مسلمین اور عام لوگوں کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ مِقْسَمٍ، إِلَّا ابْنُ عَجْلَانَ، وَلَا عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن مقسم سے صرف ابن عجلان اور ابن عجلان سے سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں۔

**3770** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ جُرَيْجٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أُمَّ ذَرَّةَ، أَنَّ عَائِشَةَ، أَخْبَرَتْهَا، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: اجْلِسِي حَتَّى يَأْتِيَنِي جِبْرِيلُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تو بیٹھ! یہاں تک کہ میرے پاس حضرت جبریل آئیں تو تم ان پر سلام کرنا اور وہ تمہارے لیے بھلائی کی دعا کریں گے۔ حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لائے' دروازے کے پاس کھڑے ہوئے' پھر واپس چلے گئے داخل نہیں ہوئے۔ حضور ﷺ نے

---

**3769**- أخرجه الترمذي: البر والصلة جلد 4 صفحه 324 رقم الحديث: 1926 وقال: هذا حديث حسن صحيح. والنسائي: البيعة جلد 7 صفحه 140 (باب النصيحة للامام)، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 397 رقم الحديث: 7973.

**3770**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 176: وفيه اسماعيل بن عبد ال لّه بن خالد بن سعد بن أبي مريم، قال: ابن أبي حاتم مجهول، وفيه مستور، وبقية رجاله ثقات.

Marfat.com

فَتُسَلِّمِينَ عَلَيْهِ، وَيَدْعُوَ لَكِ بِالْخَيْرِ فَجَاءَ جِبْرِيلُ فَقَامَ بِالْبَابِ، ثُمَّ رَجَعَ وَلَمْ يَدْخُلْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَأْنُ جِبْرِيلَ، رَجَعَ وَلَمْ يَدْخُلْ؟ فَلَقِيَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزْلَةً أُخْرَى، فَقَالَ: يَا جِبْرِيلُ، جَلَسَتْ عَائِشَةُ لِتُسَلِّمَ عَلَيْكَ وَتَدْعُوَ لَهَا بِالْخَيْرِ، فَرَجَعْتَ عَنْ بَابِنَا، وَلَمْ تَدْخُلْ عَلَيْنَا؟ فَقَالَ جِبْرِيلُ: إِنِّي جِئْتُ لِأَدْخُلَ عَلَيْكُمْ، فَوَجَدْتُ تِلْكَ الدُّوَيْبَةَ الْخَبِيثَةَ فِي بَيْتِكُمْ، وَإِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ تِلْكَ الدُّوَيْبَةُ، أَوِ التَّمَاثِيلُ

فرمایا: جبریل کو کیا ہوا کہ واپس چلے گئے' وہ داخل نہیں ہوئے ہیں؟ دوسری مرتبہ رسول اللہ ﷺ کی ملاقات ہوئی تو آپ نے فرمایا: اے جبریل! عائشہ بیٹھی تھی تا کہ آپ پر سلام کرے اور آپ ان کے لیے بھلائی کی دعا کریں' آپ ہمارے دروازے سے واپس چلے گئے' آپ ہمارے پاس نہیں آئے؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: میں آپ کے پاس آنے کے لیے آیا تھا لیکن میں نے آپ کے گھر میں کتا کا بچہ پایا' پس ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے ہیں جس میں مجسمے اور کتا ہو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أُمِّ ذَرَّةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ

یہ حدیث اُم ذرہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**3771** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ غَانِمِ بْنِ الْأَحْوَصِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا صَالِحٍ السَّمَّانَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى الَّذِينَ يَصِلُونَ الصُّفُوفَ، وَلَا يَصِلُ عَبْدٌ صَفًّا إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهِ دَرَجَةً، وَذَرَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ مِنَ الْبِرِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ اور اس کے فرشتے ان لوگوں پر رحمت بھیجتے ہیں جو صفیں ملاتے ہیں' جو بندہ بھی صف جوڑتا ہے اللہ عزوجل اس کا ایک درجہ بلند کرتا ہے اور فرشتے اس کیلئے ایک نیکی لکھتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ غَانِمُ بْنُ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ غَيْرَ هَذَا الْحَدِيثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ

غانم بن احوص' ابوصالح سے اس حدیث کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی

**3771**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**2**صفحه**94**: وفيه غانم بن الأحوص' قال الدارقطني: ليس بالقوى قلت: وفيه أيضًا اسماعيل بن عبد الله وهو مجهول .

Marfat.com

اویس اکیلے ہیں۔

**3772** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا أَحَدٌ يَسْأَلُ اللَّهَ إِلَّا آتَاهُ اللَّهُ مَا سَأَلَ، أَوْ كَفَّ عَنْهُ مِنَ السُّوءِ مِثْلَهُ، مَا لَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ أَوْ قَطِيعَةِ رَحِمٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو بندہ اللہ عزوجل سے مانگتا ہے اللہ عزوجل اس کو دیتا ہے جو وہ مانگتا ہے یا اس سے کوئی آنے والی برائی روکتا ہے جب تک بندہ گناہ یا صلہ رحمی ختم کرنے کے لیے دعا نہ کرے۔

• لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ

یہ حدیث حضرت جابر بن عبداللہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**3773** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى السُّوقِ، فَرَأَى طَعَامًا مُصَبَّرًا، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهِ، فَأَخْرَجَ طَعَامًا رَطْبًا قَدْ أَصَابَتْهُ السَّمَاءُ، فَقَالَ لِصَاحِبِهِ: مَا حَمَلَكَ عَلَى هَذَا؟ قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، إِنَّهُ لَطَعَامٌ وَاحِدٌ قَالَ: أَفَلَا عَزَلْتَ الرَّطْبَ عَلَى حِدَةٍ، وَالْيَابِسَ عَلَى حِدَةٍ، فَيَبْتَاعُونَ مَا يَعْرِفُونَ، مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک دن بازار کی طرف نکلے آپ نے گندم کا ایک ڈھیر دیکھا اس میں اپنا دست مبارک داخل کیا اس سے پانی سے تر گندم نکال دی جسے بارش کا پانی لگا تھا۔ آپ ﷺ نے اس گندم کے مالک سے فرمایا: تمہیں ایسا کرنے پر کس نے ابھارا تھا؟ اس نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے! یہ ایک گندم کا ڈھیر ہے آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تُو تر گندم کو علیحدہ نہیں کر سکتا ہے اور خشک کو علیحدہ لوگ اس کو خریدیں جس کو وہ پہچانتے ہیں جو ملاوٹ کرے اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

---

**3772**- اخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه441 رقم الحديث: 14891 بلفظ: ما أحد يدعو بدعاء......

**3773**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه82: ورجاله ثقات . قلت: فيه انقطاع فان اسماعيل بن ابراهيم لم يسمع من أنس، وذكره ابن حبان في أتباع التابعين من الثقات، وقال هو وابن أبي حاتم: يروى عن أبيه .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث حضرت انس بن مالک سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن اویس اکیلے ہیں۔

**3774** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَسْلَمَ قَالَ: خَرَجْتُ فِي سَفَرٍ فَلَمَّا رَجَعْتُ قَالَ لِي عُمَرُ: مَنْ صَحِبْتَ؟ قُلْتُ: صَحِبْتُ رَجُلًا مِنْ بَنِي بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، فَقَالَ عُمَرُ: اَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَخُوكَ الْبَكْرِيُّ وَلَا تَاْمَنْهُ

حضرت زید بن عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں ایک سفر میں نکلا جب میں واپس آیا تو مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے کس کی صحبت اختیار کی؟ میں نے عرض کی: بنی بکر بن وائل کے ایک آدمی کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے نہیں سنا کہ آپ کا بھائی بکری اس پر بھروسہ مت کرنا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث حضرت عمر سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**3775** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي خَارِجَةُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ رَافِعِ بْنِ مَكِيثٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ اَبِيهِ الْحَارِثِ، اَنَّهُ سَاَلَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ: فَقَالَ لَنَا: غَنَمٌ وَغِلْمَانٌ، وَهُمْ بِثُرَيْرٍ، وَهُمْ يَخْبِطُونَ عَلَى غَنَمِهِمْ هَذِهِ الثَّمَرَةَ الْحُبْلَةِ قَالَ خَارِجَةُ: وَهِيَ ثَمَرَةُ

حضرت خارجہ بن حارث بن رافع بن مکیث الجہنی اپنے والد حارث سے روایت کرتے ہیں انہوں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کہا: ہمارے پاس بکریاں اور غلام ہیں وہ ثُریر کے مقام پر ہیں وہ بکریوں کے لیے اس درخت کا پھل اُتارتے ہیں۔ حضرت خارجہ نے فرمایا: کیکر کا پھل ہے حضرت

3774- اسناده ضعيف فيه: أ ـ زيد بن عبد الرحمٰن بن زيد بن أسلم وهو ضعيف ـ ب ـ عبد الرحمٰن بن زيد بن أسلم ضعيف ـ وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه218: رواه الطبراني في الأوسط من طريق زيد بن عبد الرحمٰن بن زيد بن أسلم عن أبيه وكلاهما ضعيف ـ

3775- اسناده فيه: علي بن المبارك الصنعاني لم أجده ـ وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3صفحه305: واسناده حسن ـ

Marfat.com

السَّمُرِ، فَقَالَ جَابِرٌ: لَا، ثُمَّ قَالَ: لَا يُخْبَطُ، وَلَا يُعْضَدُ حِمَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَكِنْ هُشُّوا هَشًّا، ثُمَّ قَالَ جَابِرٌ: إِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَمْنَعُ أَنْ يُقْطَعَ الْمَسَدُ قَالَ خَارِجَةُ: وَالْمَسَدُ مِرْوَدُ الْبَكَرَةِ

جابر نے فرمایا: نہیں! پھر کہا: یہ پھل نہ اُتارا جائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چراگاہ میں درختوں کو نیچے سے نہ کاٹا جائے بلکہ ان کے پتے گرائے جائیں۔ پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسد (کانٹے دارلکڑیاں) ''مسد'' چرخی کے ڈنڈے کو کہتے ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: خَارِجَةُ بْنُ الْحَارِثِ

یہ حدیث حضرت جابر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں خارجہ بن حارث اکیلے ہیں۔

**3776** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الطُّفَيْلِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا عَائِشَةُ إِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ، فَإِنَّ لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! ہلاک کرنے والے گناہوں سے دور رہنا کیونکہ اللہ عزوجل اس کے متعلق پوچھے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ

حضرت عائشہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں سعید بن مسلم بن بانک اکیلے ہیں۔

**3777** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہ نقصان کرو نہ کرواؤ' پڑوسی پڑوسی کی دیوار پر گاڈر رکھ سکتا ہے' جب تم راستے کے

3776- أخرجه ابن ماجة: الزهد جلد 2صفحه1417 رقم الحديث: 4243 ولفظة يا عائشة اياك ومحقرات الأعمال . وفى الزوائد: اسناده صحيح . ورجاله ثقات . والدارمي: الرقاق جلد 2صفحه392 رقم الحديث: 2726' وأحمد: المسند جلد6صفحه79 رقم الحديث: 24469 .

3777- أخرجه أحمد: المسند جلد 1صفحه408 رقم الحديث: 2870' والطبراني في الكبير جلد 11صفحه302 رقم الحديث: 11806 .

Marfat.com

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ، وَلِلرَّجُلِ اَنْ يَجْعَلَ خَشَبَةً عَلَى حَائِطِ جَارِهِ، وَاِذَا شَكَكْتُمْ فِي الطَّرِيقِ فَاجْعَلُوهُ سَبْعَ اَذْرُعٍ

متعلق جھگڑو تو سات ہاتھ راستہ رکھو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث حضرت جابر سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

**3778** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: نا قُدَامَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَشْجَعِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ شَيْبَةَ الطَّائِفِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، يَا مَعْشَرَ مَنْ آمَنَ، بِلِسَانِهِ، وَلَمْ يُخْلِصِ الْاِيمَانَ اِلَى قَلْبِهِ حَتَّى اَسْمَعَ الْعَوَاتِقَ فِي خُدُورِهِنَّ، لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِينَ، وَلَا تَتَّبِعُوا عَوْرَاتِهِمْ، فَاِنَّهُ مَنْ يَتَّبِعْ عَوْرَةَ اَخِيهِ يَتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ حَتَّى يَخْرِقَهَا عَلَيْهِ فِي بَطْنِ بَيْتِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے وہ گروہ جو زبان سے ایمان لائے' اور ایمان اس کے دل میں پکا نہیں ہوا ہے یہاں تک کہ میں نوجوان عورتوں کو سنتا ہوں جو پردوں میں کہہ رہی ہوتی ہیں: مسلمانوں کو تکلیف نہ دو' لوگوں کے عیب تلاش نہ کرو' کیونکہ جو اپنے بھائی کے عیب تلاش کرے گا اللہ عزوجل اس کے عیب تلاش کرے گا یہاں تک کہ اسے گھر کے اندر ذلیل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ شَيْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: قُدَامَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف اسماعیل بن شیبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں قدامہ بن محمد اکیلے ہیں' حضرت ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔

**3779** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بِشْرِ بْنِ هِلَالٍ الْمَقَارِيضِيُّ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جُوتَى الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ ﷺ نے فرمایا: جہاں بھی ہو اللہ سے ڈر' لوگوں سے

3778- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد6صفحه249: وفيه اسماعيل بن شيبة الطائفي وهو ضعيف .

3779- أخرجه أحمد: المسند جلد5صفحه279' وأبو نعيم في الحلية جلد4صفحه376 .

Marfat.com

الْقَدَّاحُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ الْمَكِّيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَوْصِنِي قَالَ: اتَّقِ اللَّهَ حَيْثُمَا كُنْتَ، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ

اچھا سلوک کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ، إِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَوْتِيٍّ

یہ حدیث حضرت علی بن صالح سے صرف سعید بن سالم ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن ابراہیم بن جوتی اکیلے ہیں۔

**3780** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بِشْرٍ الْمَقَارِيضِيُّ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَوْتِيٍّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا جَلَسَ قَوْمٌ قَطُّ فِي بَيْتٍ مِنْ بُيُوتِ اللَّهِ، يَقْرَءُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَيَتَدَارَسُونَهُ بَيْنَهُمْ، إِلَّا غَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ، وَأُنْزِلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ، وَحَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ، وَذَكَرَهُمُ اللَّهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ، وَمَنْ سَلَكَ طَرِيقًا يَطْلُبُ عِلْمًا سَهَّلَ اللَّهُ بِهِ طَرِيقًا إِلَى الْجَنَّةِ، وَمَنْ أَبْطَأَ بِهِ عَمَلُهُ، لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگ اللہ کے ذکر کے لیے مسجدوں میں اکٹھے ہوتے ہیں' قرآن پاک کو پڑھتے اور پڑھاتے ہیں' اللہ کی رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے' ان پر سکونت نازل ہوتی ہے' فرشتے اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں' اللہ ان کا ذکر فرشتوں کے سامنے کرتا ہے' جو اللہ کے لیے کسی راستہ پر چلتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے لیے جنت کی طرف جانے والا راستہ آسان کر دیتا ہے' جس کا عمل اس کو پیچھے چھوڑے' اس کا نسب اس کو کوئی فائدہ نہیں دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ إِبرَاهِيمَ بْنِ

یہ حدیث علی بن صالح سے صرف سعید بن سالم ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن

**3780**- أصله عند مسلم بلفظ: ما اجتماع قوم في بيت من بيوت الله......' ولم يذكر: ومن سلك طريقًا يطلب علمًا سهل الله به طريقًا الى الجنة . أخرجه مسلم: الذكر جلد **4** صفحه **2074**' وابن ماجة: المقدمة جلد **1** صفحه **82** رقم الحديث: **225**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **537** رقم الحديث: **9296** ولفظ أحمد: ما من قوم يجتمعون في بيت...... وذكره كاملًا .

Marfat.com

جُوتَی

**3781** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الصُّوفِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ وَاضِحٍ قَالَ: نا قُدَامَةُ بْنُ شِهَابٍ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ أَبِي لُبَابَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنِ الضَّبِّيِّ بْنِ مَعْبَدٍ، أَنَّهُ أَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ، فَذَكَرَ ذَلِكَ لِعُمَرَ، فَقَالَ: هُدِيتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، إِلَّا قُدَامَةُ بْنُ شِهَابٍ، وَخَالَفَ بُرْدُ بْنُ سِنَانٍ، سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ لِأَنَّ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ، رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي عَامِرٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ الضَّبِّيِّ، فَإِنْ كَانَ بُرْدٌ حَفِظَهُ فَهُوَ غَرِيبٌ عَنْ زِرٍّ .

ابراہیم بن جوتی اکیلے ہیں۔

حضرت قیس بن معبد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حج وعمرہ کا اکٹھا تلبیہ پڑھا' اس کا ذکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں کیا گیا تو آپ نے فرمایا: تمہیں حضور ﷺ کی سنت کی راہنمائی کی گئی ہے۔

یہ حدیث برد بن سنان سے صرف قدامہ بن شہاب روایت کرتے ہیں' برد بن سنان' سفیان بن عیینہ سے روایت میں مخالفت کرتے ہیں کیونکہ سفیان بن عیینہ روایت کرتے ہیں عبداللہ بن عامر سے' وہ ابووائل سے' وہ ضبی سے۔ حضرت برد حافظ ہیں' لیکن زر سے روایت کرنے میں غریب ہیں۔

**3782** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سِرَاجٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي مُسْلِمٍ النَّجَّارُ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَّلُ مَا يُسْأَلُ عَنْهُ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُنْظَرُ فِي صَلَاتِهِ، فَإِنْ صَلُحَتْ فَقَدْ أَفْلَحَ، وَإِنْ فَسَدَتْ فَقَدْ خَابَ وَخَسِرَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بندہ سے قیامت کے دن سب سے پہلے (حقوق العباد کا) جس شے کا حساب لیا جائے گا' اس کی نماز دیکھی جائے گی' اگر وہ ٹھیک ہوئی تو وہ کامیاب ہو جائے گا' اگر وہ ٹھیک نہ ہوئی تو وہ ناکام اور نقصان میں ہوگا۔

---

3781- اخرجه ابو داؤد: المناسك جلد2صفحه164 رقم الحديث: 1798' والنسائي: المناسك جلد5صفحه113 (باب القرآن)' وابن ماجة: المناسك جلد 2صفحه989 رقم الحديث: 2970 . انظر نصب الراية للحافظ الزيلعي جلد3صفحه109 .

3782- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه295: وفيه خليد بن دعلج ضعفه أحمد والنسائي والدارقطني' وقال ابن عدي: عامة حديثه تابعه عليه غيره . قلت: وفيه أيضًا روح بن عبد الواحد وهو ض عيف .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ

یہ حدیث قتادہ' حضرت انس سے اور قتادہ سے صرف خلید بن دعلج روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں روح بن عبدالواحد اکیلے ہیں۔

**3783** - حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ سِرَاجٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مُسْلِمٍ النَّجَّارُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: خَطَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ النَّاسَ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، مَنْ اَرَادَ اَنْ يَسْاَلَ عَنِ الْقُرْآنِ، فَلْيَاْتِ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، وَمَنْ اَرَادَ اَنْ يَسْاَلَ عَنِ الْفَرَائِضِ فَلْيَاْتِ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَمَنْ اَرَادَ اَنْ يَسْاَلَ عَنِ الْفِقْهِ فَلْيَاْتِ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، وَمَنْ اَرَادَ اَنْ يَسْاَلَ عَنِ الْمَالِ فَلْيَاْتِنِي، فَاِنَّ اللّٰهَ جَعَلَنِي لَهُ وَالِيًا وَقَاسِمًا، اَبْدَاُ فِيهِ بِاَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ الْمُهَاجِرِينَ الْاَوَّلِينَ (الَّذِينَ اُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ) (الحشر: 8) فَقَرَاَ الْآيَةَ كُلَّهَا، فَمَنْ اَسْرَعَ اِلَى الْهِجْرَةِ اَسْرَعَ اِلَيْهِ الْعَطَاءُ، وَمَنْ اَبْطَاَ عَنِ الْهِجْرَةِ اَبْطَاَ عَنْهُ الْعَطَاءُ، فَلَا يَلُومَنَّ رَجُلٌ اِلَّا مُنَاخَ رَاحِلَتِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو جابیہ کے مقام پر خطاب کیا' فرمایا: اے لوگو! جو قرآن سمجھنا چاہتا ہے وہ حضرت ابی بن کعب کے پاس چلا جائے' جو وراثت سیکھنا چاہتا ہے وہ حضرت زید بن ثابت کے پاس چلا جائے' جو فقہ سمجھنا چاہتا ہے وہ حضرت معاذ بن جبل کے پاس چلا جائے' جو مال لینا چاہتا ہے وہ میرے پاس آ جائے' کیونکہ اللہ عزوجل نے مجھے ولی اور تقسیم کرنے والا بنایا' میں ابتداء ازواج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کروں گا' پھر مہاجرین اوّلین سے' وہ لوگ جو اپنے گھروں اور مالوں سے نکال دیئے گئے ہیں' مکمل آیت پڑھی' جس نے ہجرت میں جلدی کی اس کو مال دینے میں جلدی کی جائے گی' جس نے ہجرت کرنے میں دیر کی اس کو مال دینے میں دیر کی جائے گی' کوئی آدمی ملامت نہ کرے مگر اپنی سواری بٹھانے کی جگہ کو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، اِلَّا ابْنُهُ سُلَيْمَانُ تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ عُمَارَةَ الْاَنْصَارِيُّ

یہ حدیث داؤد بن حصین سے ان کے بیٹے سلیمان ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن محمد بن عمارہ انصاری اکیلے ہیں۔

**3783**- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن أبي مسلم النجار لم أجد من ترجمه . وقال الحديث الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه138: وفيه سليمان بن داؤد بن الحصين' لم أر من ذكره . قلت: سليمان ابن داؤد بن الحصين ترجمه ابن أبي حاتم في الجرح جلد4صفحه111 ولم يذكر جرحًا ولا تعديلًا .

Marfat.com

**3784** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ اَبُو غَالِبٍ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نا مِسْعَرٌ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ اَبِي حَبِيبِ بْنِ يَعْلَى بْنِ مُنْيَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: اَكَلَتْنَا الضَّبُعُ، قَالَ مِسْعَرٌ: يَعْنِي السَّنَةَ، فَسَاَلَهُ عُمَرُ مِمَّنْ اَنْتَ؟ فَمَا زَالَ يَنْسُبُهُ حَتَّى عَرَفَهُ، فَاِذَا هُوَ مُوسِرٌ، فَقَالَ عُمَرُ: لَوْ اَنَّ لِامْرِءٍ وَادِيًا، اَوْ وَادِيَيْنِ لَابْتَغَى اِلَيْهِمَا ثَالِثًا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَلَا يَمْلَاُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، ثُمَّ يَتُوبُ اللّٰهُ بَعْدَ ذٰلِكَ عَلَى مَنْ تَابَ، فَقَالَ عُمَرُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: مِمَّنْ سَمِعْتَ هٰذَا؟ قَالَ: مِنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: فَاِذَا كَانَ بِالْغَدَاةِ فَاغْدُ عَلَيَّ، فَغَدَا اِلَى اُمِّهِ اُمِّ الْفَضْلِ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهَا، فَقَالَتْ: مَا لَكَ وَلِلْكَلَامِ عِنْدَ عُمَرَ وَخَشِيَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَنْ يَكُونَ اُبَيٌّ نَسِيَ، فَقَالَتْ: لَهُ اُمُّهُ: اِنَّ اُبَيًّا عَسَى اَنْ لَا يَكُونَ نَسِيَ فَغَدَا اِلَى عُمَرَ، وَمَعَهُ الدِّرَّةُ، فَانْطَلَقَا اِلَى اُبَيٍّ، فَخَرَجَ عَلَيْهِمَا وَقَدْ تَوَضَّاَ فَقَالَ لَهُ: اِنَّهُ اَصَابَنِي مَذْيٌ، فَغَسَلْتُ ذَكَرِي اَوْ فَرْجِي شَكَّ مِسْعَرٌ، قَالَ عُمَرُ: اَوَيُجْزِءُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: اَسَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَسَاَلَهُ عَمَّا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَصَدَّقَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے کہا: ہم گوہ کھاتے ہیں۔ حضرت مسعر نے کہا: یعنی قحط سالی میں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا: آپ کس قبیلہ سے ہیں؟ وہ مسلسل اپنا نسب بیان کرتا رہا یہاں تک کہ آپ نے اسے پہچان لیا' وہ مال دار تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر کسی آدمی کے پاس ایک وادی یا دو وادیاں مال کی ہوں تو وہ پسند کرے گا کہ تیسری بھی ہو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ابن آدم کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی' پھر اللہ عزوجل اس کے بعد توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمایا: آپ نے یہ کس سے سنا ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے عرض کی: ابی بن کعب سے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب صبح ہوتو اس کو میرے پاس لانا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اُم الفضل کی ماں کے پاس گئے' اس کا ذکر کیا' آپ نے فرمایا: آپ کو کیا پریشانی جبکہ حضرت عمر کے پاس بات ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ڈرے کہ حضرت ابی بھول نہ گئے ہوں۔ اُم الفضل کی ماں نے کہا: اُمید ہے ابی بھولے نہ ہوں گے۔ صبح حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے تو آپ کے پاس دُرّہ تھا'

**3784**- اسناده ضعیف فیه: أ ـ مصعب بن شیبة بن جبیر العبدری المکی الحجبی وهو لین الحدیث ـ ب ـ أبو حبیب بن یعلی بن منیة التمیمی بن حبان فی الثقات' وقال ابن حجر: مجهول ـ وأخرجه أیضًا أحمد عن محمد بن بشر العبدی' به' وقال الهیثمی فی المجمع جلد7صفحه144 : ورجاله ثقات ـ

Marfat.com

دونوں حضرت ابی کے پاس گئے' حضرت ابی رضی اللہ عنہ گھر سے نکل کر ان دونوں کے پاس آئے' آپ وضو کر رہے تھے' فرمایا: مجھے مذی آئی تو میں نے اپنے ذکر یا شرمگاہ کو دھویا ہے۔ مسعر کو شک ہے کہ ذکر کا لفظ ہے یا فرج۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا یہ کافی ہے؟ حضرت ابی نے عرض کی: جی ہاں! حضرت عمر نے فرمایا: کیا آپ نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ حضرت ابی نے عرض کی: جی ہاں! اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما والی حدیث کے متعلق پوچھا تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے اس کی تصدیق کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث مسعر سے صرف محمد بن بشیر ہی روایت کرتے ہیں۔

**3785** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ: حَدَّثَنِي مُجَالِدٌ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ حَاكِمٍ يَحْكُمُ بَيْنَ النَّاسِ إِلَّا حُشِرَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَلَكٌ آخِذٌ بِقَفَاهُ حَتَّى يَقِفَهُ عَلَى جَهَنَّمَ، ثُمَّ يَرْفَعُ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ، فَإِنْ قَالَ اللَّهُ جَلَّ ذِكْرُهُ: أَلْقِهِ هَوَى أَرْبَعِينَ خَرِيفًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے کے لیے حاکم بنتا ہے تو اس کو قیامت کے دن اُٹھایا جائے گا اس حالت میں کہ ایک فرشتہ اس کو گدی سے پکڑے ہوئے ہوگا' یہاں تک کہ اُسے جہنم سے کھڑے کرے گا پھر وہ فرشتہ اپنا سر آسمان کی طرف اُٹھائے گا تو اللہ عزوجل فرمائے گا: اس کو چالیس سال تک جہنم میں ڈالے رکھو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، إِلَّا

یہ حدیث ابن مسعود سے صرف مسروق اور مسروق

3785- أخرجه ابن ماجة: الأحكام جلد2صفحه775 رقم الحديث: 2311 في الزوائد: في اسناده مجالد' وهو ضعيف . والبيهقي في الكبرى جلد 10صفحه165 رقم الحديث: 20223' والدارقطني: سننه جلد4صفحه205 رقم الحديث:9 .

Marfat.com

مَسْرُوقٌ، وَلَا عَنْ مَسْرُوقٍ، إِلَّا الشَّعْبِيُّ، وَلَا عَنِ الشَّعْبِيِّ، إِلَّا مُجَالِدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ

سے شعبی اور شعبی سے صرف مجالد ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سعید القطان اکیلے ہیں۔

**3786** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ قَالَ: نا ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: نا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَقَى قَالَ: ابْدَءُوا بِالْكَبِيرِ، أَوْ بِالْأَكَابِرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب کسی کو کوئی شے پلاتے تو فرماتے: بزرگوں سے ابتداء کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، إِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَابْنُ سَهْمٍ

یہ حدیث خالد الحذاء سے ابن مبارک اور ابن مبارک سے ولید بن مسلم اور ابن سہم روایت کرتے ہیں۔

**3787** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللَّهِ ابْنُ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اطْلُبُوا الْحَوَائِجَ إِلَى حِسَانِ الْوُجُوهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنی ضرورتوں کو نیک لوگوں کے وسیلہ سے دعا کر کے مانگو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، إِلَّا عَطَاءٌ، وَلَا عَنْ عَطَاءٍ، إِلَّا طَلْحَةُ، وَلَا عَنْ طَلْحَةَ إِلَّا

یہ حدیث ابوہریرہ سے علاء اور عطاء سے طلحہ اور طلحہ سے صفوان بن عیسیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت

---

3786- اسناد فيه: على بن أحمد بن النضر الأزدى أبو غالب' ضعفه الدارقطنى' وقال أحمد بن كامل القاضى: لا أعلمه ذم فى الحديث' وقال مسلمة الأندلسى: ثقة (تاريخ بغداد جلد 11 صفحه 316' واللسان جلد 4 صفحه 193) . واخرجه أيضًا أبو يعلى عن محمد بن عبد الرحمن ابن سهم به' وقال الهيثمى فى المجمع جلد 5 صفحه 84: ورجال أبى يعلى رجال الصحيح .

3787- وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 8 صفحه 198: وفيه طلحة بن عمرو وهو متروك .

Marfat.com

صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ عَائِشَةَ

**3788** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ يُوسُفَ الزِّمِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ امْرَاَةً، اَتَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَرَفَتْ بِالزِّنَا وَكَانَتْ حَامِلًا فَاَخَّرَهَا عَلَيْهِ سَنَةً حَتَّى وَضَعَتْ، ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَشُدَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا، ثُمَّ اَمَرَ بِرَجْمِهَا، ثُمَّ صَلَّى عَلَيْهَا، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: اَتُصَلِّي عَلَيْهَا وَقَدْ زَنَتْ فَرَجَمْتَهَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا سَبْعُونَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ لَقُبِلَ مِنْهُمْ، هَلْ وَجَدْتَ اَفْضَلَ مِنْ اَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ، اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ

**3789** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ الصَّائِغُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَتَاكُمْ

کرنے میں ابن عائشہ اکیلے ہیں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی' اس نے زنا کا اقرار کیا' وہ حاملہ تھی' آپ ﷺ نے ایک سال تک مہلت دی یہاں تک کہ اس نے بچہ جنا' پھر آپ نے حکم دیا کہ اس پر اس کے کپڑے باندھ دیئے جائیں' پھر آپ نے رجم کرنے کا حکم دیا' پھر آپ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔ ایک آدمی نے عرض کی: کیا آپ زانیہ کا جنازہ پڑھاتے ہیں' اس کو رجم کیا گیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس نے ایسی توبہ کی اس کی توبہ ستر اہل مدینہ کے درمیان تقسیم کی جائے تو ان سب کی قبول ہو جائے' کیا کسی کو اس سے افضل پاتے ہو کہ جس نے اپنے آپ کو قربان کر دیا۔

یہ حدیث ایوب سے عبیداللہ بن عمرو الرقی روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس یمن کے لوگ آئیں گے' وہ لوگ دلوں کے نرم ہوں گے' ایمان یمن والوں کا ہے' حکمت یمن کی اور فقہ بھی یمن کی ہے۔

---

**3788**- اسناد فيه: على بن أحمد بن النضر الأزدى' ضعفه الدارقطني' وقال أحمد بن كامل القاضي: لا أعلمه ذم في الحديث' وقال مسلمة الأندلسي: ثقة . وأخرجه أيضًا في الصغير' وقال الحافظ لهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 271: وفيه شيخ الطبراني على بن أحمد بن النضر فذكر ما ذكرناه وقال: وبقية رجاله رجال الصحيح .

**3789**- أخرجه البخاري: المغازى جلد 7 صفحه 701 رقم الحديث: 4388 وزاد فيه' ولكنه لم يذكر: والفقه يمان . وذكر هذا اللفظ عنده أيضًا رقم الحديث: 4390' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 71 ولكنه قال: جاء أهل.....

Marfat.com

اَهْلُ الْيَمَنِ هُمْ اَرَقُّ اَفْئِدَةً، الْإِيمَانُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَّةٌ، وَالْفِقْهُ يَمَانٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا يَحْيَى الْقَطَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِيُّ

یہ حدیث شعبہ سے یحییٰ القطان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن محمد التیمی اکیلے ہیں۔

**3790** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَيَانٍ الْمُطَرِّزُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا أَبُو مَعْمَرٍ صَالِحُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: أَشَهِدْتَ بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ قُلْتُ: فَمَا كَانَ عَلَيْهِ؟ قَالَ: قَمِيصٌ مِنْ قُطْنٍ، وَجُبَّةٌ مَحْشُوَّةٌ، وَرِدَاءٌ، وَسَيْفٌ، وَرَأَيْتُ النُّعْمَانَ بْنَ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِيَّ، قَائِمًا عَلَى رَأْسِهِ، قَدْ رَفَعَ أَغْصَانَ الشَّجَرَةِ، عَنْ رَأْسِهِ، وَالنَّاسُ يُبَايِعُونَهُ

حضرت عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی: کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بیعت رضوان میں شریک تھے؟ فرمایا: جی ہاں! میں نے کہا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کیا تھا؟ فرمایا: روئی کی قمیص اور جبہ اور چادر اور تلوار۔ میں نے نعمان بن مقرن کو دیکھا کہ وہ آپ کے سر پر کھڑے تھے' آپ نے ان کے سر سے درخت کی ٹہنیاں اُٹھائیں اور لوگ آپ کی بیعت کر رہے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ، إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَالِحُ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث مسعر سے اسماعیل بن یحییٰ التیمی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صالح بن حرب اکیلے ہیں۔

**3791** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَيَانٍ الْمُطَرِّزُ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ بَشَّارٍ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ حَمَّادٍ أَبُو الْحَارِثِ الْوَرَّاقُ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر پھاڑنے والے درندے' ہر پنجے سے شکار کرنے والے کو مکروہ تحریمی بنایا۔

---

**3790**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **6** صفحه **149**: وفيه اسماعيل بن يحيى التيمي وهو ضعيف . قلت: بل هو متهم بالوضع، والراوي عنه ضعيف .

**3791**- اخرجه الترمذي: الأطعمة جلد **4** صفحه **73** رقم الحديث: **1478** من طريق أبي سلمة، بلفظ: حرم رسول الله صلى الله عليه وسلم ......، واحمد: المسند جلد **3** صفحه **396-397** رقم الحديث: **14476** . وقال أبو عيسى: حديث جابر حديث حسن غريب .

Marfat.com

بْنِ عُلَيَّةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ كُلَّ ذِى نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ، وَكُلَّ ذِى مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ، اِلَّا اَبُو الْحَارِثِ الْوَرَّاقُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ بَشَّارٍ

یہ حدیث شعبہ سے صرف ابوحارث الوراق روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن بشار اکیلے ہیں۔

**3792** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَيَانٍ الْمُطَرِّزُ قَالَ: نا اَبُو مَعْمَرٍ صَالِحُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا سَلَّامُ بْنُ اَبِى خُبْزَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُصَلِّيَ مِنَ اللَّيْلِ مَا قَلَّ اَوْ كَثُرَ، وَاَنْ نَجْعَلَ ذٰلِكَ وِتْرًا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم رات کو اُٹھ کر نماز ضرور پڑھیں خواہ تھوڑی یا زیادہ اور آخر میں اس کو وتر بنالیں۔

**3793** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ قَالَ: نا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ قَالَ: ذَكَرَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ سَبْعِينَ مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَ: كَانُوا اِذَا جَنَّهُمُ اللَّيْلُ اَوَوْا اِلَى مُعَلِّمٍ بِالْمَدِينَةِ فَيَبِيتُونَ مَعَهُ يَدْرُسُونَ الْقُرْآنَ، فَاِذَا اَصْبَحُوا فَمَنْ كَانَتْ عِنْدَهُ قُوَّةٌ اَصَابَ مِنَ الْحَطَبِ، وَاسْتَعْذَبَ مِنَ الْمَاءِ، وَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ

حضرت ثابت فرماتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ستر انصاریوں کا ذکر کیا' فرماتے ہیں: جب اُن پر رات چھا گئی تو انہوں نے معلّم مدینہ کے پاس پناہ لی۔ ان کے ساتھ رات گزارتے' قرآن کا درس لیتے تھے۔ پس جب صبح کرتے تو جس کے پاس طاقت ہوتی' لکڑیاں لاتا' میٹھا پانی لاتا' جس کے پاس وسعت ہوتی بکریوں کے پاس جا کر اُن کی اصلاح

3792- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 7 صفحه 246 رقم الحديث: 7001-7002 . وعزاه الحافظ الهيثمي أيضًا الى البزار وأبو يعلى' قال: واسناده ضعيف . انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 255 .

3793- اصله البخاری ومسلم ليس بهذا السياق . أخرجه البخاری: المغازی جلد 7 صفحه 445-446 رقم الحديث: 4090-4091' ومسلم: الامارة جلد 3 صفحه 1511 رقم الحديث: 147 (باب ثبوت الجنة للشهيد)' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 169 رقم الحديث: 12411' والطبرانی فی الصغير جلد 1 صفحه 194-195 . ولفظه عند أحمد والطبرانی فی الصغير .

Marfat.com

سَعَةٌ اَصَابُوا الشَّاةَ فَاَصْلَحُوهَا، فَكَانَتْ تُصْبِحُ مُعَلَّقَةً بِحُجَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اُصِيبَ خُبَيْبٌ بَعَثَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَكَانَ فِيهِمْ خَالِي حَرَامُ بْنُ مِلْحَانَ، فَاَتَوْا عَلَى حَيٍّ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ قَالَ: فَقَالَ: حَرَامٌ لِاَمِيرِهِمْ: اَلَا اُخْبِرُ هٰؤُلَاءِ اَنَّا لَسْنَا اِيَّاهُمْ نُرِيدُ، فَيُخَلُّوا وُجُوهَنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاَتَاهُمْ، فَقَالَ لَهُمْ ذَاكَ، فَاسْتَقْبَلَهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ بِرُمْحٍ فَاَنْفَذَهُمْ بِهِ، فَلَمَّا وَجَدَ حَرَامٌ مَسَّ الرُّمْحِ فِي جَوْفِهِ قَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ، فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ قَالَ: فَانْطَوَوْا عَلَيْهِمْ، فَمَا بَقِيَ مِنْهُمْ مُخْبِرٌ قَالَ: فَمَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ عَلَى سَرِيَّةٍ وَجْدَهُ عَلَيْهِمْ، قَالَ اَنَسٌ: لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا صَلَّى الْغَدَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ يَدْعُو عَلَيْهِمْ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَتَى اَبُو طَلْحَةَ يَقُولُ لِي: هَلْ لَكَ فِي قَاتِلِ حَرَامٍ؟ قَالَ: قُلْتُ مَا بَالُهُ؟ فَعَلَ اللّٰهُ بِهِ وَفَعَلَ، فَقَالَ اَبُو طَلْحَةَ: لَا تَفْعَلْ، فَقَدْ اَسْلَمَ

کرتا۔ جو صبح رسول کریم ﷺ کے حجرے سے لٹکی ہوتی۔ پس جب حضرت خُبیب کو مصیبت پہنچی۔ اُن کو نبی کریم ﷺ نے بھیجا۔ راوی کا بیان ہے کہ ان میں میرے خالو حرام بن ملحان بھی تھے۔ وہ بنوسلیم کے ایک قبیلے کے پاس آئے تو حرام نے اپنے امیر سے عرض کی: کیا میں انہیں خبر نہ دوں کہ ہم ان سے کوئی چیز نہیں چاہتے۔ وہ ہمیں چھوڑ دیں؟ انہوں نے کہا: ٹھیک ہے تو میرے خالو نے اُن کے پاس آ کر وہ بات کہی تو ان میں سے ایک نیزہ لے کر آگے ہوا۔ اور نیزہ مار کر آر پار کر دیا۔ پس جب حرام نے اپنے پیٹ میں نیزہ چبھا دیکھا تو پڑھا: اللہ اکبر! ربِ کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہو گیا۔ راوی کا بیان ہے: ساری قوم ان پر اکٹھی ہو گئی۔ ان میں سے خبر دینے والا بھی باقی نہ رہا۔ حضرت فرماتے ہیں: میں نے کسی سریہ کے موقعہ پر اتنا غمگین نہیں دیکھا جتنا اس موقعہ پر دیکھا۔ حضرت انس کا قول ہے: میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا' جب صبح کی نماز پڑھ کر فارغ ہوتے آپ کے ہاتھ اُٹھا جاتے۔ ان کے خلاف دعا کرتے۔ پس اس کے بعد جب ابوطلحہ آئے۔ مجھ سے کہتے تھے: حرام کے قاتل میں تیرے لیے کیا ہے؟ میں نے کہا: اسے کیا ہے؟ اللہ اس پر لعنت کرے اور اس کے فعل پر۔ تو ابوطلحہ نے کہا کہ ایسا نہ کہو! وہ مسلمان ہو گیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ اِلَّا عَفَّانُ

اس حدیث کو سلیمان بن مغیرہ سے عفان نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

3794 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ تَمِيمِ بْنِ زَيْدِ بْنِ هَالَةَ بْنِ اَبِي هَالَةَ التَّمِيمِيُّ، بِمِصْرَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ عَمْرِو بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ تَمِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ زَيْدِ بْنِ هَالَةَ، عَنْ اَبِيهِ هَالَةَ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ رَاقِدٌ فَاسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَمَّ هَالَةَ اِلَى صَدْرِهِ، وَقَالَ: هَالَةُ، هَالَةُ، هَالَةُ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: كَاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُرَّ بِهِ لِقَرَابَتِهِ مِنْ خَدِيجَةَ

ابومحمد اپنے والد عمرو بن تمیم سے‘ وہ اپنے والد تمیم سے‘ وہ اپنے والد زید بن ہالہ سے‘ وہ اپنے والد ہالہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضورﷺ کے پاس آئے تو آپ سوئے ہوئے تھے‘ جب حضورﷺ اُٹھے تو حضرت ہالہ کو اپنے سینے سے لگایا اور فرمایا: ھالہ ھالہ ھالہ! گویا حضرت ابوالقاسمﷺ اُن کے حضرت خدیجہ کے رشتے دار ہونے کی وجہ سے خوشی کا اظہار کر رہے تھے۔

لَمْ نَكْتُبْ هَذَا الْحَدِيثَ اِلَّا عَنْ هَذَا الشَّيْخِ

ہم یہ حدیث اس شیخ کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

3795 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْخَزَّازُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا سَعَّادُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِي لُبَابَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: قُلْتُ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: اِنَّ ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ قَالَ: مَنْ قَامَ السَّنَةَ كُلَّهَا اَصَابَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، فَقَالَ اُبَيٌّ: وَاللّٰهِ اِنَّهَا لَفِي رَمَضَانَ، وَاَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ اَخْبَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَآيَةُ ذَلِكَ اَنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے عرض کی: حضرت ابن اُم عبد فرماتے ہیں کہ جو سارا سال قیام کرے گا وہ لیلۃ القدر کو پالے گا۔ حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! لیلۃ القدر‘ رمضان المبارک کی ستائیسویں رات کو ہوتی ہے‘ ہم کو حضورﷺ نے بتایا ہے اور اس کی نشانی یہ ہے کہ اس دن سورج طلوع ہوتا ہے تو اس کی شعاع نہیں ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، اِلَّا سَعَّادُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَسَنُ بْنُ

یہ حدیث حبیب بن ابی ثابت سے صرف سعاد بن سلیمان روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں حسن

---

3794- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه380: وفيه جماعة لم أعرفهم .

3795- أخرجه مسلم: الصيام جلد 2صفحه828‘ وأبو داؤد: الصلاة جلد 2صفحه52 رقم الحديث: 1378‘ والترمذي: الصوم جلد3صفحه151 رقم الحديث: 793 .

Marfat.com

حُسَيْنٍ الْاَنْصَارِيُّ

بن حسین الانصاری اکیلے ہیں۔

**3796** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْخَزَّازُ قَالَ: نا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعَّادُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ الْجَعْدِ، مَوْلَى سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، قَالَ لَقِينَا عَلِيًّا، وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ فِي الشِّتَاءِ، فَقُلْنَا لَهُ: لَا تَغْتَرَّ بِاَرْضِنَا هَذِهِ، فَاِنَّ اَرْضَنَا هَذِهِ مُقِرَّةٌ لَيْسَتْ مِثْلَ اَرْضِكَ قَالَ: فَاِنِّي قَدْ كُنْتُ مَقْرُورًا، فَلَمَّا بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى خَيْبَرَ، قُلْتُ: اِنِّي اَرْمَدُ، فَتَفَلَ فِي عَيْنِي، فَمَا وَجَدْتُ بَرْدًا، وَلَا حَرًّا بَعْدُ، وَلَا رَمِدَتْ عَيْنَايَ

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملے آپ پر سردیوں میں دو کپڑے تھے' ہم نے آپ سے عرض کی: ہماری اس زمین سے دھوکہ نہ کھائیں' ہماری یہ زمین سرد ہے' آپ کی زمین کی طرح نہیں' ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سردی میں تھا کہ جب مجھے حضور ﷺ نے خیبر کی طرف بھیجا' میں نے عرض کی: میری آنکھوں میں درد ہے' آپ ﷺ نے میری آنکھوں میں لعاب لگایا' مجھے اس کے بعد گرمی اور سردی محسوس نہیں ہوئی' نہ میری آنکھوں میں تکلیف ہوئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، اِلَّا سَعَّادُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ، وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي اسْمِ سَعَّادِ بْنِ سُلَيْمَانَ، فَبَعْضُهُمْ يَقُولُ: سَعَّادٌ وَبَعْضُهُمْ يَقُولُ: مَسْعُودٌ

یہ حدیث حبیب بن ابی ثابت سے صرف سعاد بن سلیمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن حسین اکیلے ہیں۔ حضرت سعّاد بن سلیمان کے نام میں اختلاف کیا گیا ہے' بعض نے کہا: سعاد ہے' بعض نے کہا: مسعود ہے۔

**3797** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ قَالَ: نا الْاَعْمَشُ، عَنْ مُوسَى بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ولید بن عقبہ کو بنی ولیعہ کی طرف بھیجا' ان دونوں کے درمیان جاہلیت میں ناراضگی تھی' جب وہ بنی ولیعہ میں پہنچے تو انہوں نے ان کا استقبال کیا' تا کہ دیکھیں کہ آپ کے دل میں کیا ہے؟ وہ قوم سے ڈر

3796- وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه125 ولم يتكلم على السند .

3797- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد7صفحه113 : وفيه عبد الله بن عبد القدوس التيميمي' وقد ضعفه الجمهور ووثقه ابن حبان' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَلِيدَ بْنَ عُقْبَةَ اِلَى بَنِي وَلِيعَةَ، وَكَانَتْ بَيْنَهُمْ شَحْنَاءُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا بَلَغَ بَنِي وَلِيعَةَ اسْتَقْبَلُوهُ لِيَنْظُرُوا مَا فِي نَفْسِهِ، فَخَشِيَ الْقَوْمَ فَرَجَعَ اِلَى رَسُولِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ بَنِي وَلِيعَةَ اَرَادُوا قَتْلِي، وَمَنَعُونِي الصَّدَقَةَ فَلَمَّا بَلَغَ بَنِي وَلِيعَةَ الَّذِي قَالَ الْوَلِيدُ: عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَوْا رَسُولَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَقَدْ كَذَبَ الْوَلِيدُ، وَلٰكِنْ كَانَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ شَحْنَاءُ، فَخَشِينَا اَنْ يُعَاقِبَنَا بِالَّذِي كَانَ بَيْنَنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَنْتَهِيَنَّ بَنُو وَلِيعَةَ اَوْ لَاَبْعَثَنَّ اِلَيْهِمْ رَجُلًا عِنْدِي كَنَفْسِي يَقْتُلُ مُقَاتِلَتَهُمْ وَيَسْبِي ذَرَارِيَّهُمْ، وَهُوَ هٰذَا ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى كَتِفِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: وَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِي الْوَلِيدِ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ) (الحجرات:6) الْآيَةَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ

**3798** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْخَوَّاصُ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نا عَنْبَسَةُ بْنُ اَبِي صَغِيرَةَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَاَنَّكُمْ بِرَاكِبٍ قَدْ اَتَاكُمْ فَنَزَلَ بِكُمْ،

گئے۔ دوبارہ رسول اللہ ﷺ کی طرف آئے عرض کی: بنی ولیعہ مجھے قتل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور مجھے صدقہ نہیں دیتے ہیں۔ جب یہ بات بنی ولیعہ تک پہنچی جو ولید نے رسول اللہ ﷺ کے ہاں کہی تو وہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! ولید جھوٹ بولتا ہے ہمارے اور اس کے درمیان ناراضگی ہے ہم ڈر گئے کہ یہ ہم سے بدلہ نہ لے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بنو ولیعہ باز آ جائیں! ورنہ میں (تمہاری طرف) ایک آدمی بھیجوں گا جو میرے پاس ہے جیسے میری جان۔ وہ تم سے لڑے گا اور تمہارے بچوں کو قیدی بنائے گا۔ پھر آپ نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے کندھے پر ہاتھ مارا فرمایا: اللہ عزوجل نے ولید کے متعلق یہ آیت نازل فرمائی: اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس فاسق آئے۔

یہ حدیث اعمش سے صرف عبداللہ بن عبدالقدوس روایت کرتے ہیں۔

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گویا تم سب ایک سوار کے ساتھ ہو جو تمہارے پاس آیا ہے اس نے تمہارے پاس پڑاؤ ڈالا ہے وہ کہتا ہے: زمین تو ہماری زمین ہے شہر تو ہمارا شہر ہے تم ہمارے غلام اور مزدور ہو وہ آدمی بیواؤں اور یتیموں کے درمیان حائل ہے اور جو اللہ عزوجل نے

**3798**- ذكره الذهبی فی الميزان جلد **3** صفحه **301** وقال: اتى عن الأوزاعی بخير باطل، وذكر ابن حجر هذا الخبر فی اللسان جلد**4** صفحه**383** وقال: وما ادری لم حكم علی هذا الحديث بالبطلان ولم يحك تضعيف عنبسة من غيره .

Marfat.com

فَيَقُولُ: الْاَرْضُ اَرْضُنَا، وَالْمِصْرُ مِصْرُنَا، وَاِنَّمَا اَنْتُمْ عَبِيدُنَا وَاُجَرَاؤُنَا، فَحَالَ بَيْنَ الْاَرَامِلِ وَالْيَتَامَى، وَمَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَى آبَائِهِمْ

ان کے باپوں کو دیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، اِلَّا عَنْبَسَةُ بْنُ اَبِي صَغِيرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمُوصِلِيُّ

یہ حدیث سفیان ثوری سے عنبسہ بن ابوصغیرہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن حسین الموصلی اکیلے ہیں۔

**3799** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو اُمَيَّةَ عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ قَالَ: نا عَمِّي عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا عَلِيًّا، وَفَاطِمَةَ، وَحَسَنًا، وَحُسَيْنًا، فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ، ثُمَّ قَالَ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: 33) قَالَ: وَفِيهِمْ نَزَلَتْ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی' حضرت فاطمہ' حضرات حسن و حسین رضی اللہ عنہم کو بلایا اور ان کو چادر میں رکھا' پھر پڑھا: اللہ عزوجل پلیدی لے جانا چاہتا ہے' اے گھر والو! اور تم کو خوب پاک کرنا چاہتا ہے۔ اور فرمایا: یہ آیت انہیں کے حق میں نازل ہوئی۔

لَمْ يُدْخِلْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ بَيْنَ سُفْيَانَ وَزُبَيْدٍ عَمْرَو بْنَ قَيْسٍ اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ وَرَوَاهُ اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ

اس حدیث میں سفیان اور زبید کے درمیان عمرو بن قیس ہیں' سفیان سے یہ حدیث عبید بن سعید الاموی روایت کرتے ہیں۔ ابواحمد زبیری' سفیان سے' وہ زبید سے روایت کرتے ہیں۔

**3800** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

3799- أخرجه الترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 351 رقم الحديث: 3205 وقال: هذا حديث غريب . وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 337 رقم الحديث: 26653 . انظر الدر المنثور للسيوطي جلد 5 صفحه 198 .

3800- أصله في البخاري ومسلم من طريق حماد بن زيد عن عمرو بن دينار عن جابر . أخرجه البخاري: الفتن جلد 13 صفحه 26 رقم الحديث: 7074' ومسلم: البر جلد 4 صفحه 2019 ولفظهما: أن رجلًا مر في المسجد بأسهم قد بدا نصولها' فامر أن يأخذ بنصولها لا يخدش مسلمًا .

Marfat.com

قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ قَالَ: نا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا دَخَلْتُمْ بِالسِّهَامِ الْمَسْجِدَ فَامْسِكُوا بِنُصُولِهَا، لَا تَجْرَحُوا أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ

نے فرمایا: جب تم مسجد میں داخل ہوتو اپنے تیر سنبھال لیا کرو اس سے کسی مسلمان کو زخمی نہ کر بیٹھو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ، إِلَّا وَكِيعٌ، وَلَا عَنْ وَكِيعٍ، إِلَّا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ

یہ حدیث اعمش سے صرف وکیع اور وکیع سے صرف سہل بن زنجلہ روایت کرتے ہیں۔

**3801** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمَّادِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ: نا عَمِّي حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَتَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ ثَلَاثَةً صَبْرًا، قَتَلَ النَّضْرَ بْنَ الْحَارِثِ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ، وَقَتَلَ طُعَيْمَةَ بْنَ عَدِيٍّ مِنْ بَنِي نَوْفَلٍ، وَقَتَلَ عُقْبَةَ بْنَ أَبِي مُعَيْطٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بدر کے دن تین افراد کو باندھ کر قتل کیا: نضر بن حارث بنی عبدالدار سے طعیمہ بن عدی بنی نوفل سے اور عقبہ بن ابی معیط کو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ، إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ

یہ حدیث ابوبشر سے سفیان بن حسین روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں حصین بن نمیر اکیلے ہیں۔

**3802** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَوَّادٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جس وقت مخلوق کو پیدا کیا، حضرت جبریل علیہ السلام کو بھیجا، حضرت جبریل

**3801**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**6**صفحه**92-93**: وفيه عبد الله بن حماد بن نمير ولم اعرفه، وبقية رجاله ثقات .

**3802**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**8**صفحه**220**: وفيه من لم اعرفه .

Marfat.com

اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ حِينَ خَلَقَ الْخَلْقَ بَعَثَ جِبْرِيلَ فَقَسَمَ النَّاسَ قِسْمَيْنِ: فَقَسَمَ الْعَرَبَ قِسْمًا، وَقَسَمَ الْعَجَمَ قِسْمًا، وَكَانَتْ خِيَرَةُ اللّٰهِ فِي الْعَرَبِ، ثُمَّ قَسَمَ الْعَرَبَ قِسْمَيْنِ: فَقَسَمَ الْيَمَنَ قِسْمًا، وَقَسَمَ مُضَرَ قِسْمًا، وَقُرَيْشًا قِسْمًا، فَكَانَتْ خِيَرَةُ اللّٰهِ فِي قُرَيْشٍ، ثُمَّ اَخْرَجَنِي مِنْ خَيْرِ مَنْ اَنَا مِنْهُ

علیہ السلام نے لوگوں کی دوقسمیں بنائیں' ایک قسم عرب اور دوسری عجم' اللہ عزوجل کی پسند کو عرب میں رکھا' پھر عرب کی دوقسمیں بنائیں' ایک قسم یمن کی اور دوسری مضر کی' اور ایک قسم قریش کی' اللہ کے پسندیدہ لوگوں کو قریش میں رکھا' پھر مجھے ان میں سے بہتر سے پیدا کیا' میں جس سے ہوں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ

یہ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں بشر بن معاذ اکیلے ہیں۔

**3803** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِي اُمَيَّةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ يُسَوِّدُونَ اَشْعَارَهُمْ، لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آخر زمانہ میں ایسے لوگ ہوں گے جو اپنے بالوں کو کالا کریں گے' قیامت کے دن اللہ عزوجل ان کی طرف نظرِ رحمت نہیں کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ، اِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، اِلَّا هِشَامٌ تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْوَهَّابِ

مجاہد سے صرف عبدالکریم اور عبدالکریم سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالوہاب اکیلے ہیں۔

**3804** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا خَلَّادٌ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نصیبین کے مقام والے جن حضور ﷺ کے پاس مقام

3803- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه164: واسناده جيد . قلت: اسناده ضعيف لما تقدم .

3804- عزاه الحافظ السيوطي في الدر المنثور جلد6صفحه44 الى ابن جرير وابن المنذر وأبو نعيم في الدلائل .

Marfat.com

زُهَيْرٌ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ النَّفَرَ الَّذِينَ اَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جِنُّ نَصِيبِينَ، اَتَوْهُ بِنَخْلَةَ

نخلہ میں آیا۔

• لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ، اِلَّا زُهَيْرٌ، وَلَا عَنْ زُهَيْرٍ، اِلَّا خَلَّادُ الْجُعْفِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو كُرَيْبٍ

یہ حدیث جابر سے زہیر اور زہیر سے خلاد الجعفی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوکریب اکیلے ہیں۔

**3805** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ، ثُمَّ يَخْرُجُ اِلَى الصَّلَاةِ، وَلَا يُحْدِثُ وُضُوءًا

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ بوسہ لیتے تھے' پھر آپ نماز پڑھانے کے لیے نکلتے لیکن دوبارہ وضو نہیں کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، اِلَّا يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْاُمَوِيُّ، عَنْ اَبِيهِ

اوزاعی سے یہ حدیث یزید بن سنان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سعید بن یحییٰ الاموی اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**3806** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ الْبُرَيْدِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ: نَهَى عُثْمَانُ، عَنِ الْمُتْعَةِ، وَالْاِقْرَانِ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ عَلِيًّا فَخَرَجَ، وَهُوَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ

حضرت مروان بن حکم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حج تمتع اور قران سے منع کرتے تھے' یہ بات حضرت علی رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ حج وعمرہ کا تلبیہ پڑھتے ہوئے نکلے' حضرت عثمان نے حضرت علی سے کہا: کیا میں نے اس سے منع نہیں کیا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

**3805**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 250: وفيه يزيد بن سنان الرهاوي' ضعفه أحمد ويحيى وابن المديني' ووثقه البخاري' وأبو حاتم' وثبته مروان بن معاوية' وبقية رجاله موثقون .

**3806**- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 493 رقم الحديث: 1563 .

Marfat.com

وَعُمْرَةٍ مَعًا، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ: اَلَيْسَ قَدْ نَهَيْتُ عَنْ هَذَا؟ قَالَ: مَا كُنْتُ لَادَعُ سُنَّةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَهْيِ اَحَدٍ

میں کسی آدمی کے روکنے کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت نہیں چھوڑوں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، اِلَّا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ هَاشِمٍ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ

یہ حدیث علاء بن مسیب سے صرف علی بن ہاشم روایت کرتے ہیں اور حضرت علی بن ہاشم سے صرف عباد بن یعقوب ہی روایت کرتے ہیں۔

**3807** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ فِي مَنْزِلٍ، وَهُوَ يَسِمُ اِبِلًا، فَقَالَ: وَلَدَتْ بِنْتُ مِلْحَانَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَدَفَعْتُ الصَّبِيَّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ اپنے گھر میں اونٹ کونشان لگا رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بنت ملحان نے بچہ جنا ہے' میں نے عرض کی: جی ہاں! میں نے وہ بچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُرَّةَ، اِلَّا اَبُو دَاوُدَ، وَلَا رَوَاهُ، عَنْ اَبِي دَاوُدَ، اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ

یہ حدیث قرہ سے صرف ابوداؤد اور ابوداؤد سے صرف عبداللہ بن عمران روایت کرتے ہیں۔

**3808** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مَكْحُولٍ، وَاَحْسَبُهُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَرَادَ هَوَانَ قُرَيْشٍ اَهَانَهُ اللّٰهُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے قریش کو ذلیل کرنے کا ارادہ کیا' اللہ عزوجل اسے ذلیل کرے گا۔

**3808**- أخرجه الترمذي: المناقب جلد **5** صفحه **714** رقم الحديث: **3905** وقال الحافظ: هذا حديث غريب . وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **216** رقم الحديث: **1477** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ، إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ، إِلَّا عَبَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَدَائِنِيُّ

یہ حدیث مکحول سے محمد بن اسحاق اور محمد سے عباد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں جعفر بن محمد المدائنی اکیلے ہیں۔

**3809** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ: نا كُلْثُومُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي سِدْرَةَ، أَنَّ عَطَاءً الْخُرَاسَانِيَّ، حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِرَاءَةُ آخِرِ اللَّيْلِ مَحْضُورَةٌ وَذَلِكَ أَفْضَلُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کے آخری حصے میں قرآن پڑھتے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور یہ بہت بڑی فضیلت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، إِلَّا كُلْثُومُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي سِدْرَةَ

یہ حدیث عطاء الخراسانی سے کلثوم بن محمد ابی سدرہ روایت کرتے ہیں۔

**3810** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ النَّخَعِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى انْتَفَخَتْ قَدَمَاهُ، فَقِيلَ لَهُ: أَتَفْعَلُ هَذَا وَقَدْ غُفِرَ لَكَ قَالَ: أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ (رات کو) قیام کرتے تھے' اس وجہ سے آپ کے پاؤں مبارک پھٹ گئے' آپ ﷺ سے عرض کی گئی: آپ ایسے کرتے ہیں حالانکہ اللہ عزوجل نے آپ کے صدقے سے آپ کی اُمت کے پہلے گناہ معاف کر دیئے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کا شکر گزار بندہ نہ بن جاؤں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، إِلَّا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا النَّخَعِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ

یہ حدیث عبدالملک بن ابی سلیمان سے صرف یحییٰ بن زکریا النخعی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عثمان بن ابی شیبہ روایت کرتے ہیں۔

**3811** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

3809- أخرجه مسلم: المسافرين جلد1صفحه520' وابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه375 رقم الحديث: 1187 .

3810- أخرجه البخاري: التفسير جلد8صفحه448 رقم الحديث: 4838' ومسلم: المنافقين جلد4صفحه2172 .

3811- أخرجه البخاري: العمل في الصلاة جلد3صفحه93 رقم الحديث: 1203' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه318 .

Marfat.com

قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ رَافِعٍ اَبُو حُجْرٍ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَامِرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ اَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْإِذْنَ فِي الصَّلَاةِ التَّسْبِيحَ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقَ لِلنِّسَاءِ

ﷺ نے نماز میں امام کو اطلاع کرنے کے لیے مرد کے لیے سبحان اللہ اور عورتوں کے لیے تالی کی اجازت فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ اَبِي الْمُخَارِقِ، اِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَامِرِيُّ

یہ حدیث عبدالکریم بن ابی مخارق سے صرف علی بن عبداللہ العامری روایت کرتے ہیں۔

**3812** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ الْجُهَنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ، عَنْ عَمِّهِ حَرْمَلَةَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ: اَنَّهُ حَضَرَ اُحُدًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّهُ اَصَابَتْهُ رَمْيَةٌ بِحَجَرٍ فِي رِجْلِهِ، فَلَمْ يَزَلْ مِنْهَا ظَالِعًا حَتَّى مَاتَ

حارث بن معبد بن عبدالعزیز بن ربیع بن سبرہ الجہنی اپنے چچا حرملہ بن عبدالعزیز سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے میرے والد' انہوں نے اپنے والد' انہوں نے ان کے دادا سبرہ بن معبد سے روایت کی کہ وہ اُحد میں حضور ﷺ کے ساتھ حاضر ہوئے تھے' ان کے پاؤں میں پتھر لگا' اس کی مسلسل درد رہی یہاں تک کہ اس درد کی وجہ سے اُن کی شہادت ہوگئی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ، عَنْ سَبْرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ قَالَ

یہ حدیث سبرہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن فلیح اکیلے ہیں۔

**3813** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ حَازِمٍ الْاُمِّيُّ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''المغضوب علیھم'' سے مراد یہود' ''الضالین'' سے مراد عیسائی

3812- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جـ5 صفحه 120: وفيه جماعة لم أعرفهم .

3813- أخرجه الترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 204 رقم الحديث: 2954' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 462 رقم الحديث: 19400' وابن حبان ( 1715/موارد) وعزاه الحافظ السيوطي في الدر المنثور جلد 1 صفحه 16 أيضًا الى عبد بن حميد وابن جرير وابن المنذر وابن أبي حاتم .

Marfat.com

عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمَغْضُوبُ عَلَيْهِمُ الْيَهُودُ، وَالضَّالِّينَ النَّصَارَى

ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صرف سفیان بن عیینہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن جعفر اکیلے ہیں۔

**3814** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَدِيمُوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، فَإِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوبَ كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حج وعمرہ لگاتار کیا کرو' کیونکہ یہ دونوں محتاجی اور گناہوں کو اس طرح ختم کرتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے سے زنگ ختم کرتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، إِلَّا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، وَلَا عَنْ حَمْزَةَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو كُرَيْبٍ

یہ حدیث علی بن زید سے صرف حمزہ الزیات اور حمزہ سے صرف یحییٰ بن ابی بکیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوکریب اکیلے ہیں۔

**3815** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ الْبُرُلُّسِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زمزم کا پانی جس مقصد کے لیے پیا جاتا ہے' وہ مقصد پورا ہوجاتا ہے۔

**3814**- اسناده ضعيف فيه: أ ـ على بن زيد بن جدعان ضعيف ـ ب ـ يوسف بن مهران البصرى' قال ابن حجر: ولم يرو عنه الا ابن جدعان' لين الحديث ـ وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد3صفحه282: وفيه على بن زيد وفيه كلام ـ

**3815**- أخرجه ابن ماجة: المناسك جلد 2صفحه1018 رقم الحديث: 3062' وأحمد: المسند جلد 3صفحه437 رقم الحديث: 14861' والبيهقى فى الكبرىٰ جلد5صفحه331 رقم الحديث: 9987' وعزاه الحافظ السيوطى فى الدر المنثور جلد3صفحه220-221 أيضًا الى ابن أبى شيبة وعمر بن شبة والفاكهانى فى تاريخ مكة وابن عدى ـ

Marfat.com

اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث حمزہ الزیات سے صرف عبدالرحمٰن بن مغیرہ ہی روایت کرتے ہیں۔

**3816** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْتَدُوا بِاللَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِي: اَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد ابوبکر وعمر کی اقتداء کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا اَبُو مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا سُفْيَانُ، وَاَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث سفیان مسعر سے اور سفیان سے ابوموسیٰ انصاری اور مسعر سے صرف سفیان اور ابویحییٰ الحمانی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں یحییٰ حمانی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔

**3817** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ عَطَاءِ بْنِ مَيْسَرَةَ، اَنَّ اَبَا نَضْرَةَ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمُ الْعَصْرَ، ثُمَّ قَامَ فِيهِمْ خَطِيبًا، فَقَالَ فِي خُطْبَتِهِ: اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَاِنَّ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے صحابہ کرام کو عصر کی نماز پڑھائی' پھر ان میں خطبہ دینے کیلئے کھڑے ہوئے' خطبہ میں آپ نے فرمایا: دنیا سرسبز میٹھی ہے' اللہ عزوجل نے تمہیں اس میں خلیفہ بنایا ہے' تاکہ وہ دیکھے کہ تم کیا عمل کرتے ہو' خبردار! دنیا اور عورتوں سے بچو! خبردار! قیامت کے دن ہر دھوکہ باز کی پشت پر اس کی دھوکہ بازی کی مقدار لمبا جھنڈا لگایا

3816- اخرجه الترمذی: المناقب جلد5صفحه609 رقم الحديث:3662 وقال: هذا حديث حسن . وابن ماجة: المقدمة جلد1صفحه37 رقم الحديث:97' واحمد: المسند جلد5صفحه447 رقم الحديث:23307 .

3817- اخرجه الترمذی: الفتن جلد 4صفحه483 رقم الحديث: 2191 وقال: هذا حديث حسن صحيح . واحمد: المسند جلد3صفحه24 رقم الحديث:11149 .

Marfat.com

اللّٰـهَ مُسْتَـخْـلِفُكُمْ فِيهَا، فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُونَ، آلَا فَـاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ، اِلَّا اِنَّ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءً يَوْمَ الْـقِيَامَةِ، بِقَدْرِ غَدْرَتِهِ عِنْدَ اسْتِهِ، اِلَّا وَاِنَّ اَكْبَرَ الْغَدْرِ غَدْرُ اَمِيرِ عَامَّةٍ اِلَّا وَاِنَّ الْغَضَبَ جَمْرَةٌ تُوقَدُ عَـلَـى قَـلْـبِ ابْـنِ آدَمَ، آلَا تَرَوْنَ اِلَيْهِ حِينَ يَغْضَبُ كَيْفَ تَحْمَرُّ عَيْنَاهُ، وَتَنْتَفِخُ اَوْدَاجُهُ، فَمَنْ وَجَدَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْـئًا فَكَانَ قَائِمًا فَلْيَجْلِسْ، وَمَنْ كَانَ جَالِسًا فَـلْيَـلْـزَقْ بِـالْاَرْضِ، وَاِنَّ الـنَّاسَ فِي الْغَضَبِ عَلَى مَنَازِلَ: رَجُلٌ سَرِيعُ الْغَضَبِ سَرِيعُ الْفَيْءِ فَذٰلِكَ لَا عَـلَيْهِ وَلَا لَهُ، وَرَجُلٌ بَطِيءُ الْغَضَبِ بَطِيءُ الْفَيْءِ، فَذٰلِكَ لَا عَلَيْهِ وَلَا لَهُ، وَرَجُلٌ بَطِيءُ الْغَضَبِ سَرِيعُ الْـفَـيْءِ فَـذٰلِكَ لَـهُ، وَرَجُـلٌ سَـرِيعُ الْغَضَبِ بَطِيءُ الْـفَـيْءِ فَـذٰلِكَ عَلَيْهِ، آلَا اِنَّ ابْـنَ آدَمَ خُـلِقَ عَلَى اَطْـوَارٍ: يُخْلَقُ الْعَبْدُ مُؤْمِنًا، وَيَعِيشُ مُؤْمِنًا، وَيَمُوتُ مُؤْمِنًا، وَيُخْلَقُ الْعَبْدُ كَافِرًا وَيَعِيشُ كَافِرًا، وَيَمُوتُ كَـافِـرًا، وَيُـخْـلَـقُ مُـؤْمِنًا، وَيَعِيشُ مُؤْمِنًا، وَيَمُوتُ كَـافِـرًا، وَيُـخْـلَـقُ كَافِرًا، وَيَعِيشُ كَافِرًا، وَيَمُوتُ مُـؤْمِـنًـا وَذَكَـرَ اَنَّ الـنَّاسَ فِي الطَّلَبِ عَلَى مَنَازِلَ: يَـكُـونُ الـرَّجُلُ اِذَا طَلَبَ اشْتَدَّ، وَاِذَا طُلِبَ قَضَى، فَتِـلْكَ بِتِـلْكَ، وَيَكُونُ الرَّجُلُ اِذَا طَلَبَ حَبَسَ، اِذَا طُلِبَ اَخَذَ، فَتِلْكَ بِتِلْكَ، وَيَكُونُ الرَّجُلُ اِذَا طَلَبَ حَبَـسَ وَاَخَـذَ، وَاِذَا طُـلِـبَ قَـضَى، فَهُوَ خَيْرٌ لَـهُ، وَيَكُونُ الرَّجُلُ اِذَا طَلَبَ يَحْبِسُ، وَاِذَا طُلِبَ لَوَى، فَهُـوَ شَـرٌّ لَهُ، آلَا هَلْ عَسَى اَحَدُكُمْ اَنْ يَرَى مُنْكَرًا

جائے گا' سب سے بڑا دھوکہ بادشاہِ وقت کا دھوکہ ہے۔ خبردار! غصہ چنگاری ہے جو انسان کے دل میں جلتی ہے' کیا تم نہیں دیکھتے کہ غصہ کے وقت انسان کی آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں' رگیں پھول جاتی ہیں' جو غصہ میں ہو اگر وہ کھڑا ہے تو بیٹھ جائے' اگر بیٹھا ہے تو زمین پر چت لیٹ جائے' بے شک لوگوں کے غصہ کے درجات ہیں' ایک آدمی کو جلدی غصہ آتا ہے جلدی چلا جاتا ہے' ایک آدمی جس کو جلدی غصہ آتا ہے جلدی چلا جاتا ہے' نہ اُس پر کوئی گناہ ہے اور نہ اسے کوئی فائدہ ہے جس کو دیر سے غصہ آتا ہے اور دیر سے جاتا ہے۔ نہ اس کو کوئی نقصان نہ فائدہ اور جسے دیر سے غصہ آتا ہے اور جلدی چلا جاتا ہے' اس کو فائدہ ہی فائدہ ہے۔ خبردار! انسان کی پیدائش کے کئی اطوار ہیں' ایک بندہ مؤمن پیدا ہوا' مؤمن زندہ رہا' مؤمن حالت میں مرا' ایک بندہ کفر کی حالت میں پیدا ہوا' کفر میں زندہ رہا' حالتِ کفر میں مرا' اک بندہ مؤمن پیدا ہوا اور مؤمن حالت میں زندگی گزاری لیکن حالتِ کفر میں مرا۔ ایک بندہ حالتِ کفر میں پیدا ہوا اور حالتِ کفر میں زندگی گزاری لیکن حالتِ ایمان میں دنیا سے گیا۔ اور آپ نے اس بات کا بھی تذکرہ فرمایا کہ ڈیمانڈ میں بھی لوگ مختلف ہیں۔ ایک آدمی ہوتا ہے۔ جب مطالبہ کرتا ہے تو خوب سختی کرتا ہے اور جب اُس سے مطالبہ کیا جاتا ہے تو فوراً پورا کر دیتا ہے۔ پس یہ اس کے بدلے ٹھیک ہو گیا۔ ایک آدمی ایسا ہوتا ہے جو مطالبہ کرتا ہے تو رُک جاتا ہے' پھر جا کر لیتا ہے اور جب

Marfat.com

فَلا يُغَيِّرُهُ، أَلا وَإِنَّهُ قَدْ مَضَى بَيْنَ أَيْدِيكُمْ تِسْعٌ وَسِتُّونَ أُمَّةً، وَأَنْتُمْ تُوفُونَ سَبْعِينَ، أَلا وَإِنَّ مَا مَضَى مِنَ الدُّنْيَا فِيمَا بَقِيَ كَمَا مَضَى مِنْ يَوْمِكُمْ هَذَا فِيمَا بَقِيَ، وَذَلِكَ حِينَ اصْفَرَّتِ الشَّمْسُ وَتَغِيبُ.

اُس سے مطالبہ کیا جاتا ہے تو پورا کر دیتا ہے۔ یہ اس سے بہتر ہوا۔ ایک آدمی ہوتا ہے جو مطالبے کے وقت تو رُک جاتا ہے لیکن جب اس سے مطالبہ کیا جائے تو اکڑ جاتا ہے (گردن مروڑتا ہے) پس یہ اُس سے بُرا ہے۔ خبردار! کیا ایسا بھی ہوگا کہ تم میں سے کوئی ایک بُرائی کو دیکھے لیکن اس سے روکے نہیں' خبردار! تمہارے سامنے انہتر (۶۹) امتیں گزر چکی ہیں۔ تمہارے ساتھ مل کر مکمل ستر (۷۰) ہو جائیں گی۔ خبردار! آج کے دن کا جتنا حصہ گزر گیا ہے' اتنی دنیا گزر گئی ہے اور آج کے دن کا جتنا حصہ باقی ہے' اتنی دنیا باقی ہے۔ راوی کہتا ہے: اس وقت سورج زرد ہو چکا تھا اور غائب ہونے والا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، إِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُهُ

اس حدیث کو عطاء خراسانی سے حسین بن واقد نے روایت کیا۔ ان کے بیٹے اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

**3818** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الطَّائِيُّ قَالَ: نا فُرَاتُ بْنُ مَحْبُوبٍ قَالَ: نا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا مَاتَ أَبُو طَالِبٍ تَحَيَّنُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا عَمُّ، مَا أَسْرَعَ مَا وَجَدْتُ فَقْدَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ابوطالب فوت ہوئے تو نبی کریم ﷺ پریشان ہوئے' فرمایا: اے چچا! آپ نے کتنی جلدی کی' میں آپ کے علاوہ کسی کو نہیں پاتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ إِلَّا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، وَلَا عَنْ أَبِي بَكْرٍ إِلَّا فُرَاتُ بْنُ مَحْبُوبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ

یہ حدیث ابوحصین سے ابوبکر بن عیاش اور ابوبکر سے فرات بن محبوب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عیسیٰ بن عبدالسلام اکیلے ہیں۔

3818- اخرجه ابو نعیم فی الحلیة جلد8صفحه308 .

Marfat.com

**3819** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ مَرْوَانَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنُ سُمَيْعٍ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، وَبُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِي، اَخُو اُمِّي، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوَّلُ نُسُكِنَا هَذَا الْيَوْمَ: الصَّلَاةُ، ثُمَّ النَّحْرُ بَعْدَ الصَّلَاةِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ذَبَحْتُ اُضْحِيَّتِي قَبْلَ اَنْ اُصَلِّيَ، اَحْبَبْتُ اَنْ يَكُونَ عِنْدِي وَجْبَةٌ لِجِيرَانِي، وَعِنْدِي عَنَاقٌ هِيَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ لَحْمِ شَاتَيْنِ، اَفَاَذْبَحُهُمَا؟ قَالَ نَعَمْ، وَلَا تَفِي لِاَحَدٍ بَعْدَكَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے میری خالہ نے بتایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آج کے دن ہم پہلے نمازِ عید پڑھیں گے' اس کے بعد قربانی کریں گے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے نماز سے پہلے قربانی کر لی ہے' میں نے پسند کیا کہ میرے پڑوسیوں کے لیے گوشت ہو جائے' میرے پاس چھ ماہ کا دُنبہ ہے وہ مجھے دو بکریوں کے گوشت سے زیادہ پسند ہے' کیا میں اس کو ذبح کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کرلو! لیکن تمہارے بعد یہ کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔

یہ حدیث مکحول سے زید بن واقد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**3820** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ نَجِيحٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اَوْفَى قَالَ: اَغَارَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اَهْلِ خَيْبَرَ، وَهُمْ غَادُونَ، وَكَانُوا يَنْظُرُونَ، قَالُوا: مُحَمَّدٌ، وَالْخَمِيسُ، مُحَمَّدٌ، وَالْخَمِيسُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے خیبر والوں پر حملہ فرمایا۔ اس حال میں کہ وہ ابھی صبح کر رہے تھے اور دیکھ رہے تھے۔ وہ پکار اُٹھے: محمد اور خمیس۔ محمد اور خمیس (صبح صبح) تو آپ نے فرمایا: ہم جب کسی میدان میں اُترتے ہیں تو ان لوگوں کی صبح بڑی بُری ہوتی ہے جن کو ڈرایا جاتا ہے۔

3819- اخرجه البخاری: العيدين جلد 2صفحه538-539 رقم الحديث: 976' والنسائی: والعيدين جلد 3صفحه148 (باب الخطبة يوم العيد) .

3820- اخرجه ايضًا فی الصغير . وقال الهيثمی فی المجمع جلد 6صفحه152: وفيه عبد الله ابن محمد بن المغيرة وهو ضعيف . قلت: ولاراوی عنه ايضًا .

Marfat.com

صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ، إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ

اس حدیث کو مسعر سے صرف عبداللہ بن محمد بن مغیرہ نے روایت کیا ہے۔

**3821** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مُوسَى بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: بَعَثَ الْعَبَّاسُ بِعَبْدِ اللّٰهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَةٍ، فَوَجَدَ مَعَهُ رَجُلًا، فَرَجَعَ وَلَمْ يُكَلِّمْهُ، فَقَالَ: رَأَيْتَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: ذَاكَ جِبْرِيلُ أَمَا إِنَّهُ لَنْ يَمُوتَ حَتَّى يَذْهَبَ بَصَرُهُ، وَيُؤْتَى عِلْمًا

حضرت علی بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کی طرف کسی کام کے لیے بھیجا' آپ ﷺ کے پاس ایک آدمی پایا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما واپس آ گئے' کوئی گفتگو نہیں کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے اس کو دیکھا ہے؟ عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: یہ جبریل علیہ السلام تھے' تم وصال سے پہلے نابینا ہو جائیں گے' انہیں علم دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ مَيْسَرَةَ إِلَّا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث موسیٰ بن میسرہ سے صرف ثور بن یزید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں الدراوردی اکیلے ہیں۔

**3822** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ وَاثِلَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرِ بْنِ سَلْمَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَصَلَاتٌ سِتٌّ، مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوتُ فِي وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ، إِلَّا كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ: رَجُلٌ خَرَجَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چھ باتیں ہیں جس مسلمان میں ان میں سے کوئی بھی ہو تو اسے جنت میں داخل کرنا اللہ کے ذمہ ہے۔ وہ آدمی جو جہاد کے لیے نکلے' اگر وہ اللہ کی رضا کیلئے جہاد کرتے ہوئے مر گیا تو وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' دوسرا وہ آدمی جو کسی جنازہ میں شریک ہوا اور اسی حالت میں مر گیا تو وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' تیسرا وہ آدمی جس نے مریض کی عیادت کی اور اسی حالت میں مرا تو بھی

---

**3821**- وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه280 وقال: رواه الطبراني بأسانيد' ورجاله ثقات .

**3822**- وقال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه280-281: وفيه عيسى بن عبد الرحمن'وهو متروك .

Marfat.com

مُجَاهِدًا، فَإِنْ مَاتَ فِي وَجْهِهِ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَرَجُلٌ تَبِعَ جَنَازَةً، فَإِنْ مَاتَ فِي وَجْهِهِ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَرَجُلٌ عَادَ مَرِيضًا، فَإِنْ مَاتَ فِي وَجْهِهِ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَرَجُلٌ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى مَسْجِدٍ لِصَلَاتِهِ، فَإِنْ مَاتَ فِي وَجْهِهِ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَرَجُلٌ أَتَى إِمَامًا، لَا يَأْتِيهِ إِلَّا لِيُعَزِّرَهُ وَيُوَقِّرَهُ، فَإِنْ مَاتَ فِي وَجْهِهِ ذٰلِكَ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَرَجُلٌ فِي بَيْتِهِ لَا يَغْتَابُ مُسْلِمًا، وَلَا يَجُرُّ إِلَيْهِ سَخَطًا وَلَا يَنْقِمُهُ، فَإِنْ مَاتَ فِي وَجْهِهِ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ

اللہ کے ذمہ میں ہے' چوتھا وہ آدمی جس نے وضو کیا تو اچھا وضو کیا پھر نماز کے لیے مسجد کی طرف نکلا اور اسی حالت میں مرگیا تو وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' پانچواں وہ آدمی جو امام کے پاس اس کی عزت اور توقیر کرنے کے لیے آیا اور اسی حالت میں مرگیا تو وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' چھٹا وہ آدمی جو اپنے گھر کے اندر کسی مسلمان کی غیبت نہ کرے' کسی سے ناراض ہو نہ بدلہ لے' اگر اسی حالت میں مرگیا تو اللہ کے ذمہ میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى إِلَّا عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ تَفَرَّدَ بِهِ الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرِ بْنِ سَلْمَانَ

یہ حدیث عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے صرف عمرو بن قیس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حکم بن بشیر بن سلمان اکیلے ہیں۔

**3823** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مِهْرَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، وَالْحُدَيْبِيَةَ .

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو بدر و حدیبیہ میں شریک ہوا' وہ جہنم میں داخل نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ إِلَّا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث عمرو بن قیس سے صرف حکم بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**3824** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

3823- اخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه484 رقم الحديث:15268 .

3824- اخرجه مسلم: المسافرين جلد 1صفحه504 رقم الحديث: 106-107-730' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه249 رقم الحديث:955' وأحمد: المسند جلد6صفحه296 رقم الحديث:26344 .

Marfat.com

قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَلَّافُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی عَرُوبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ الصَّلَاةَ قَائِمًا وَقَاعِدًا، وَكَانَ اِذَا صَلَّى قَائِمًا رَكَعَ قَائِمًا، وَاِذَا صَلَّى قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا

کھڑے اور بیٹھ کر نماز کی کثرت کرتے تھے' جب کھڑے ہوکر پڑھتے تو رکوع بھی کھڑے ہوکر ادا کرتے' جب بیٹھ کر نماز پڑھتے تو رکوع بھی بیٹھ کر ادا کرتے تھے۔

لَمْ يُدْخِلْ فِی هَذَا الْحَدِيثِ بَيْنَ سَعِيدِ بْنِ اَبِی عَرُوبَةَ، وَبُدَيْلِ الْعُقَيْلِيِّ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَلَّافُ

اس حدیث میں سعید بن ابی عروبہ اور بدیل العقیلی کے درمیان محمد بن سیرین داخل نہیں ہیں' سعید بن ابی عروبہ سے صرف محمد بن سواء روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالرحمٰن العلاف اکیلے ہیں۔

**3825** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: نا اَبُو جَنَابٍ الْقَصَّابُ قَالَ: نا عَبْدُ الْكَرِيمِ اَبُو اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اَعْمَالَنَا الَّتِی نَعْمَلُ، اَمُؤَاخَذُونَ بِهَا عِنْدَ الْحَافِرِ، خَيْرٌ فَخَيْرٌ، وَشَرٌّ فَشَرٌّ، اَوْ شَیْءٌ قَدْ سَبَقَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ، وَجَفَّتْ بِهِ الْاَقْلَامُ، قَالَ يَا سُرَاقَةُ، قَدْ سَبَقَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ، وَجَفَّتْ بِهِ الْاَقْلَامُ قَالَ: فَعَلَى مَا نَعْمَلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ اعْمَلْ يَا سُرَاقَةُ، فَكُلُّ عَامِلٍ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ قَالَ: يَا سُرَاقَةُ الْآنَ تَجْهَدُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سراقہ بن مالک' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کھڑے ہوئے' عرض کی: یارسول اللہ! آپ ہمارے اُن اعمال کے متعلق بتائیں جو ہم کرتے ہیں' کیا آخرت میں ان کی پکڑ ہوتی ہے' اچھائی کا بدلہ اچھائی اور بُرائی کا بدلہ بُرائی' یا ایسی شے جس کے متعلق تقدیر لکھی جا چکی ہے اور جس کو لکھ کر قلم خشک ہو چکے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے سراقہ! تقدیر لکھی جا چکی ہے' قلم لکھ کر خشک ہو چکے ہیں۔ حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! پھر عمل کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عمل کیے جاؤ! ہر عمل کرنے والے کے لیے وہ عمل آسان کر دیا جائے گا جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے'

**3825**- وقال الهيثمی فی المجمع جلد7صفحه198: وفيه عبد الكريم أبو أمية وهو ضعيف .

Marfat.com

اے سراقہ! اب محنت کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِي اُمَيَّةَ اِلَّا اَبُو جَنَابٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ

یہ حدیث عبدالکریم بن امیہ سے صرف ابوجناب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالواحد بن غیاث اکیلے ہیں۔

**3826** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي حَمَلَةَ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنِ ابْنِ السِّمْطِ قَالَ: سَمِعْتُ بِلَالًا، يَقُولُ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِذَا خَالَطْتُ اَهْلِي، فَاخْتَلَعْنَا وَلَمْ اُمْنِي، اَغْتَسِلُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَدْ فَعَلْتُ ذَاكَ مَعَ اَهْلِي، فَلَمْ اُمْنِي، فَاغْتَسَلْنَا

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اپنی بیوی کے پاس جاؤں جب ہم جدا ہوں اور منی نہ نکلے تو میں غسل کروں گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! میں نے اپنی بیوی کے ساتھ یہ کیا' مجھے منی نہیں آئی' ہم دونوں نے غسل کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بِلَالٍ اِلَّا شُرَحْبِيلُ بْنُ السِّمْطِ، وَلَا عَنْ شُرَحْبِيلَ اِلَّا عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ اَبِي حَمَلَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ضَمْرَةُ

یہ حدیث حضرت بلال سے صرف شرحبیل بن سمط اور شرحبیل سے ابن محیریز اور ابن محیریز سے علی بن ابی حملہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ضمرہ اکیلے ہیں۔

**3827** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَتَّابٍ اَبُو بَكْرٍ الْاَعْيَنُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اِنَّمَا نَزَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ) (البقرة: 223) رُخْصَةً فِي اِتْيَانِ الدُّبُرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی کہ عورتیں تمہاری کھیتی ہیں تو پیچھے کی جانب سے اگلے حصہ میں وطی کرنے کی رخصت ملی۔

---

3826- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 270: وفيه محمد بن اسماعيل بن علي الوساوسي وهو ضعيف .

3827- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 322: وشيخه علي بن سعيد بن بشير وهو حافظ' وقال فيه الدارقطني: ليس بذاك' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے صرف یحییٰ بن سعید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**3828** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا أَبُو بَكْرٍ الْأَعْيَنُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَلَاءِ السَّهْمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: أَرَادَهُ عُثْمَانُ عَلَى الْقَضَاءِ فَأَبَى، وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ، وَاحِدٌ نَاجٍ، وَاثْنَانِ فِي النَّارِ: مَنْ قَضَى بِالْجَوْرِ أَوْ بِالْهَوَى هَلَكَ، وَمَنْ قَضَى بِالْحَقِّ نَجَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مجھے قاضی بنانے کا ارادہ کیا لیکن میں نے انکار کر دیا' عرض کی: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قاضی تین طرح کے ہوتے ہیں' ایک قاضی نجات پا جائے گا' دو آدمی جہنم میں ہوں گے' جس نے ظلم اور خواہش نفس کے ساتھ فیصلہ کیا وہ ہلاک ہو گیا اور جس نے حق کے ساتھ فیصلہ کیا وہ نجات پا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے محمد بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**3829** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَلِيٍّ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ (سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ) (القمر: 45) قُلْتُ: أَيُّ جَمْعٍ هَذَا؟ فَلَمَّا كَانَ يَوْمَ بَدْرٍ، رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِيَدِهِ السَّيْفُ مُصْلِتًا، وَهُوَ يَقُولُ: (سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ) (القمر: 45)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب یہ آیت "سیھزم الجمع ویولون الدبر" میں نے عرض کی: یہ جمع سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: جب بدر کا دن تھا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا' آپ نے اپنے دست مبارک میں تلوار سونتی ہوئی تھی' آپ فرما رہے تھے: "سیھزم الجمع ویولون الدبر"۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا

یہ حدیث قتادہ سے معمر اور معمر سے عبدالمجید ہی

**3828**- وعزاه الهيثمي في المجمع جلد4صفحه196 الى الكبير ايضًا بسياق آخر وقال: ورجال الكبير ثقات .

**3829**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد6صفحه81: وفيه محمد بن اسماعيل بن علي الأنصاري، ولم أعرفه .

Marfat.com

عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ، تَفَرَّدَ بِهٖ: مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَنْصَارِیُّ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن اسماعیل انصاری اکیلے ہیں۔

**3830** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لُقِّنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مرتے وقت لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی جس آدمی کو تلقین کی گئی تو وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ اِلَّا اَبُو الْاَحْوَصِ

یہ حدیث حضرت عطاء بن سائب سے صرف ابواحوص ہی روایت کرتے ہیں۔

**3831** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِیُّ قَالَ: نا تَلِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِی الْجَحَّافِ، عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: اَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَطْنَ الْوَادِی، وَاَخَذَ النَّاسُ الْعَقَبَةَ، فَجَاءَ سَبْعَةُ نَفَرٍ مُتَلَثِّمُونَ فَلَمَّا رَآهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ حُذَيْفَةُ الْقَائِدَ، وَعَمَّارٌ السَّابِقَ قَالَ: سِدَّا مَا يَلِيكُمَا فَلَمْ يَصْنَعُوا شَيْئًا، فَنَظَرَ اِلَيْهِم رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ يَا حُذَيْفَةُ، هَلْ تَدْرِی مَنِ الْقَوْمُ؟ قُلْتُ: مَا اَعْرِفُ مِنْهُمْ اِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ، فَاِنِّی اَعْلَمُ اَنَّهُ فُلَانٌ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ بطن وادی میں آئے' صحابہ کرام عقبہ کے مقام پر آئے' سات آدمی نقاب اوڑھ کر آئے' جب حضور ﷺ نے ان کو دیکھا تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ آپ کے آگے تھے اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ پیچھے تھے۔ آپ نے فرمایا: تم دونوں کے ذمے جو کام تھا تم نے درست کیا' انہوں نے کچھ نہیں کیا۔ حضور ﷺ نے ان کی طرف دیکھا اور فرمایا: اے حذیفہ! کیا اس قوم کو جانتے ہو؟ میں نے عرض کی: میں ان میں سے صرف سرخ اونٹ والے کو پہچانتا ہوں' میں جانتا ہوں کہ وہ فلاں ہے۔

---

**3830**- عزاه الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد2صفحه325 الی الكبير ايضًا وقال: وفيه عطاء بن السائب' وفيه كلام (لاختلاطه) ۔

**3831**- وقال الهيثمی فی المجمع جلد 1صفحه113: وفيه تليد بن سليمان ووثقه العجلی' وقال: لا باس به كان يتشيع ويدلس' وضعفه جماعة ۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، إِلَّا أَبُو الْجَحَّافِ، وَلَا عَنْ أَبِي الْجَحَّافِ إِلَّا تَلِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادٌ

یہ حدیث عدی بن ثابت سے ابوجحاف اور ابوجحاف سے تلید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبادا کیلے ہیں۔

3832 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُضَحِّي بِكَبْشَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دو مینڈھے قربانی کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ إِلَّا عَنْبَسَةُ، وَلَا عَنْ عَنْبَسَةَ إِلَّا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ، وَزُنَيْجٌ الرَّازِيُّ

یہ حدیث زبیر بن عدی سے صرف عنبسہ اور عنبسہ سے ہارون بن مغیرہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حمید اور زنیج الرازی روایت کرتے ہیں۔

3833 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَسُوقَنَّ النَّاسَ الْقَحْطَانِيُّ بِعَصَاهُ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو ضرور بالضرور قحطانی اپنے ڈنڈے سے ہانکے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ

عبداللہ بن ابی بکر سے محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلمہ بن فضل اکیلے ہیں۔

---

3832- أخرجه البخاري: الأضاحي جلد 10 صفحه 11-12 رقم الحديث: 5553' ومسلم. الأضاحي جلد 3 صفحه 1556 ولفظه عند البخاري .

3833- اخرجه أيضًا في الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 241: وفيه محمد بن اسحاق وهو مدلس والحسين بن عيسى بن ميسرة لم أعرفه .

Marfat.com

3834 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْعَابِدِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ عَلَى الْاَمَةِ حَدٌّ حَتّٰى تُحْصَنَ بِزَوْجٍ، فَاِذَا اُحْصِنَتْ فَعَلَيْهَا نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنَاتِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لونڈی پر حد نہیں لگائی جاسکتی ہے یہاں تک کہ کسی شوہر سے شادی کر لے جب شادی کر لے تو اس پر آدھی سزا ہے شادی شدہ پاک دامن عورت کے مقابلہ میں۔

لَمْ يَرْفَعْ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْعَابِدِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف عبداللہ بن عمران العابدی روایت کرتے ہیں۔

3835 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: نا اَرْطَاةُ اَبُو حَاتِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَحَدٌ اَعْظَمَ عِنْدِي يَدًا مِنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، وَاسَانِي بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ، وَاَنْكَحَنِي ابْنَتَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھ پر ابوبکر سے بڑھ کر کسی کے احسانات نہیں ہیں' ابوبکر نے اپنی جان اور اپنے مال کے ساتھ میری مدد کی اور اپنی بیٹی کی شادی میرے ساتھ کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَرْطَاةُ اَبُو حَاتِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ مِهْرَانَ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف ارطاۃ ابوحاتم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن صالح بن مہران اکیلے ہیں۔

3836 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو حُصَيْنٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ،

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنے اعضاءِ وضو کو تین دفعہ دھوتے

3834- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد6 رقم الحديث:273: رواه الطبراني باسنادين ورجالهما رجال الصحيح غير عبد الله بن عمران وهو ثقة .

3835- أخرجه أيضًا في الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد9صفحه49: وفيه أرطاه أبو حاتم وهو ضعيف .

3836- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه187 رقم الحديث: 1934' ومسلم: الطهارة جلد1صفحه204 وفيهما طول من طريق حمران مولى عثمان .

Marfat.com

عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَوَضَّأَ ثَلاثًا ثَلاثًا

ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو حُصَيْنٍ الرَّازِيُّ

یہ حدیث زہری سے معمر اور معمر سے یحییٰ بن یمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوحصین الرازی روایت کرتے ہیں۔

**3837** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَمْرٍو الْبَاهِلِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ نَائِلِ بْنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ الْهِرْمَاسِ بْنِ زِيَادٍ الْبَاهِلِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ الْهِرْمَاسِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ وَفَدَ اَبِي وَاَنَا مَعَهُ، اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ اَبِي: ادْعُ اللّٰهَ لِي وَلِابْنِي قَالَ: فَمَسَحَ رَاْسِي، وَبَايَعَهُ عَلَى الْاِسْلَامِ

حضرت ھرماس بن زیاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد اور میں بھی اُن کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' میرے والد نے آپ سے عرض کی: اللہ سے میرے لیے اور میرے بیٹوں کے لیے دعا کریں! آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے سر پر پھیرا اور اُن سے اسلام کی عظمت کی بیعت کی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْهِرْمَاسِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ

یہ حدیث ھرماس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں شباب العصفری اکیلے ہیں۔

**3838** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا زُنَيْجٌ اَبُو غَسَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ الضُّرَيْسِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى عَلَى قَبْرٍ حَدِيثِ عَهْدٍ بِدَفْنٍ، فَقَالَ: قَبْرُ مَنْ هَذَا؟ فَقِيلَ: قَبْرُ فُلَانٍ، فَصَلَّى عَلَيْهِ، وَاَنَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک قبر کے پاس آئے' اس کو تھوڑی دیر پہلے ہی دفن کیا گیا تھا' آپ نے فرمایا: یہ کس کی قبر ہے؟ عرض کی گئی: فلاں کی قبر ہے' آپ ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھائی' میں ان میں شریک تھا جنھوں نے آپ کے پیچھے نمازِ جنازہ ادا کی تھی۔

**3837**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه411: وفيه جماعة لم أعرفهم .

**3838**- أصله عند البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: الجنائز جلد 3صفحه141 رقم الحديث: 1247' ومسلم: الجنائز جلد2صفحه658 .

Marfat.com

فِيمَنْ صَلَّى عَلَيْهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ الضُّرَيْسِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث ابوحصین سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں اور ابراہیم بن طہمان سے یحیٰ بن الضریس اور محمد بن حمید روایت کرتے ہیں۔

**3839** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عُقْبَةُ بْنُ قَبِيصَةَ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَرَكَ قَوْمٌ الْجِهَادَ اِلَّا عَمَّهُمُ اللّٰهُ بِالْعَذَابِ

حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جوقوم جہاد چھوڑتی ہے تو اللہ کی طرف سے عمومی عذاب آتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ اِلَّا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، وَلَا عَنْ مَالِكٍ اِلَّا قَبِيصَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ عُقْبَةُ بْنُ قَبِيصَةَ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صرف مالک بن مغول اور مالک سے قبیصہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن قبیصہ اکیلے ہیں۔

**3840** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ: نا مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيُّمَا رَجُلٍ كَانَ لَهُ نَصِيبٌ فِي عَبْدٍ فَاَعْتَقَهُ ضَمِنَ لِشُرَكَائِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی آدمی جس کا کسی غلام میں حصہ ہو اور وہ غلام آزاد کر دے تو اپنے حصہ داروں کے لیے وہ ضامن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ اِلَّا

یہ حدیث محمد بن سوقہ سے صرف مصعب بن سلام

**3839**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد5صفحه287 وقال: رواه الطبراني في الأوسط عن شيخه علي بن سعيد الرازي' قال الدارقطني: ليس بذاك' وقال الذهبي: روى عنه الناس .

**3840**- أصله في البخاري ومسلم من طريق مالك عن نافع عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما أن رسول الله ﷺ قال: من اعتق شركًا له في عبد فكان له مال ثمن العبد قوم العبد عليه قيمة عدل فأعطى شركاء ه حصصهم وعتق عليه العبد' والا فقد عتق منه ما عتق . أخرجه البخاري: العتق جلد 5صفحه179 رقم الحديث: 2522' ومسلم: العتق جلد2صفحه1139 .

Marfat.com

مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عباد بن یعقوب اکیلے ہیں۔

**3841** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعُمْرَةُ اِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا، وَالْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَا جَزَاءَ لَهُ اِلَّا الْجَنَّةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک عمرہ سے دوسرے عمرہ تک گناہوں کا کفارہ ہے' درمیان میں ہونے والے گناہوں اور حج مبرور کی جزاء صرف جنت ہے۔

لَمْ يَدْخُلْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ بَيْنَ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، وَبَيْنَ سُمَيٍّ سُهَيْلُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى

اس حدیث میں عبیداللہ بن عمر اور سمی کے درمیان سہیل بن ابی صالح داخل نہیں ہیں' عبیداللہ بن عمر سے صرف سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**3842** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو مُصْعَبٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، وَصَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَسْمَعُ النِّدَاءَ فِي مَسْجِدِي هَذَا ثُمَّ يَخْرُجُ مِنْهُ، اِلَّا لِحَاجَةٍ، ثُمَّ لَا يَرْجِعُ اِلَيْهِ اِلَّا مُنَافِقٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں اذان سن کر حاجت کے علاوہ نکلنے والا اور پھر واپس نہ آنے والا منافق ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ مَوْصُولًا، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ صَفْوَانَ وَاَبِي حَازِمٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي حَازِمٍ،

یہ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے صفوان متصل روایت کرتے ہیں' اور ابوحازم سے صرف ابن ابی حازم

---

**3841**- أخرجه البخاري: العمرة جلد3صفحه698 رقم الحديث: 1773' ومسلم: الحج جلد2صفحه983 .

**3842**- قال الحافظ المنذري في الترغيب جلد 1صفحه189 رقم الحديث: 2: ورواته أنه محتج بهم في الصحيح . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه8: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مُصْعَبٍ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابومصعب اکیلے ہیں۔

**3843** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا إِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ الرَّسْعَنِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ قَالَ: نَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يُكْفَرَ بِاللّٰهِ جَهْرًا، وَذَلِكَ عِنْدَ كَلَامِهِمْ فِي رَبِّهِمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ سرِعام اللہ کا انکار کیا جائے اور یہ اس وقت ہوگا جب ان کی گفتگو ان کے ربّ کے متعلق ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث ابوزاعی سے صرف اسماعیل روایت کرتے ہیں۔

**3844** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي النُّعْمَانِ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ الْكُمَيْتِ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ سَيْفٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي سَاَلْتُ رَبِّي اَنْ لَا اَتَزَوَّجَ اِلَى اَحَدٍ، وَلَا يُزَوَّجَ اِلَيَّ اَحَدٌ اِلَّا كَانَ مَعِي فِي الْجَنَّةِ فَاَعْطَانِي ذَلِكَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میں کسی سے شادی کروں یا کوئی عورت مجھ سے شادی کرے تو وہ جنت میں میرے ساتھ ہو' سو مجھے عطا کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا عَمَّارُ بْنُ سَيْفٍ، وَلَا عَنْ عَمَّارٍ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ الْكُمَيْتِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي النُّعْمَانِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عمار بن سیف اور عمار سے یزید بن کمیت روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابونعمان اکیلے ہیں۔

**3845** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت طلحہ بن عبیداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت

---

**3843**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **84**: ولم أر من اسماعيل ولا الذي روى عنه وهو اسحاق بن زريق .

**3844**- وقال الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **20**: وفيه يزيد بن الكميت وهو ضعيف .

**3845**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **35** وقال: وفيه من لم أعرفهم . ( ا )ما بين المعقوفتين

Marfat.com

قَالَ: نا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا اَبُو مَعْشَرٍ الْبَرَّاءُ قَالَ: حَدَّثَنِي الْعَبَّاسُ بْنُ عَوْسَجَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي مَطَرٌ اَبُو مُوسَى مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: اجْتَمَعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَاَبُو هُرَيْرَةَ، وَاِنِّي لَقَاعِدٌ مَعَهُمَا، وَاَنَا غُلَامٌ، فَقَالَ: اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اِنَّ النَّاسَ يَزْعُمُونَ اَنِّي اَكْذِبُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ، وَاَيُّ اَرْضٍ تُقِلُّنِي، وَاَيُّ سَمَاءٍ تُظِلُّنِي؟ فَقَالَ: اَنْتَ خَيْرٌ مِنْ ذَلِكَ فَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا، وَسَلَكَتِ الْاَنْصَارُ وَادِيًا، سَلَكْتُ مَعَ الْاَنْصَارِ فِي ذَلِكَ الْوَادِي فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهُ وَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَاً مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَ: صَدَقْتُ، سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهُ: وَلَمْ يُحَدِّثْ يَوْمَئِذٍ اِلَّا صَدَّقَهُ قَالَ: وَسَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي آتِي جَهَنَّمَ، فَاَضْرِبُ بَابَهَا، فَيُفْتَحُ لِي، فَاَدْخُلُ، فَاَحْمَدُ اللّٰهَ مَحَامِدَ مَا حَمِدَهُ اَحَدٌ قَبْلِي مِثْلَهُ، وَلَا يَحْمَدُهُ اَحَدٌ بَعْدِي ثُمَّ اُخْرِجُ مِنْهَا مَنْ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا، فَيَقُومُ اِلَيَّ نَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ فَيَنْتَسِبُونَ لِي، فَاَعْرِفُ نَسَبَهُمْ، وَلَا اَعْرِفُ وُجُوهَهُمْ، وَاَتْرُكُهُمْ

عبداللہ بن عمر اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما جمع ہوئے' میں ان دونوں کے ساتھ بیٹھا حالانکہ میں بچہ تھا' حضرت ابوعبدالرحمٰن نے فرمایا: لوگ گمان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ بولتا ہوں اور کون سی زمین مجھے کم کرے گی؟ اور کون سا آسمان مجھ پر سایہ کرے گا؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ اس سے بہتر ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر لوگ ایک وادی پر چلیں اور انصار ایک وادی میں چلیں تو میں انصار کے ساتھ ان کی وادی میں چلوں گا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے بھی رسول اللہ ﷺ سے یہ بات سنی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں ایک انصاری مرد ہوتا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: آپ نے سچ کہا' میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا' آپ نے اُس کو جو حدیث بیان کی حضرت عبداللہ نے اس کی تصدیق کی۔ راوی کا بیان ہے: میں نے ابو ہریرہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جہنم کے پاس آؤں گا تو میں دروازہ کھٹکھٹاؤں گا' میرے لیے دروازہ کھولا جائے گا' میں داخل ہو کر اللہ کی ایسی حمد کروں گا مجھ سے پہلے ایسی حمد کوئی نہ کر سکا اور نہ میرے بعد کوئی کر سکے گا' پھر اُس سے ہر اُس شخص کو نکالوں گا جس نے خلوص سے لا

فی الموضعین ۔ استدرکناہ فی مجمع البحرین (3943) ۔

Marfat.com

فِی النَّارِ قَالَ: وَسَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: اَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ، لَمْ اَدَعْهُنَّ مُنْذُ فَارَقْتُهُ، وَلَا اَدَعُهُنَّ حَتَّى اَلْقَاهُ: صَوْمُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَسُبْحَةُ الضُّحَى، وَلَا اَنَامُ اِلَّا عَلَى وِتْرٍ

اللہ الا اللہ پڑھا ہو گا' قریش کے لوگ میری طرف کھڑے ہوں گے' وہ میرے سامنے نسب بیان کریں گے' میں ان کے نسب کو پہچانوں گا' ان کے چہروں کو نہیں پہچانوں گا' ان کو جہنم میں چھوڑ دوں گا اور فرمایا: میں نے ابوہریرہ کو فرماتے ہوئے سنا' آپ نے فرمایا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین چیزوں کی وصیت کی' میں نے اس کے بعد ان کو نہیں چھوڑا اور مرتے وقت تک چھوڑوں گا بھی نہیں' (وہ تین باتیں یہ ہیں:) ہر ماہ تین روزے رکھنا' چاشت کی نماز پڑھنا اور سونے سے پہلے وتر پڑھنا۔

**3846** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ وَرْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ، وَاَيُّكُمْ كَانَ اَمْلَكَ لِاِرْبِهِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے۔ (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم سب سے زیادہ اپنے نفس پر قابو کرنے والے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَرْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث یونس بن عبید سے عدی بن فضل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ورد بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

**3847** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ وَرْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ عَدِيِّ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ،

حضرت ابوصالح فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ مسجد کے ستونوں میں سے کسی ستون کے پاس کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے' عقبہ بن ابی

---

**3846**- أخرجه البخاري: الصوم جلد**4**صفحه**176** رقم الحديث:**1927**' ومسلم: الصيام جلد**2**صفحه**777** .

**3847**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1**صفحه**182-183** رقم الحديث: **698**' وابن ماجة: الاقامة جلد**1**صفحه**307** رقم الحديث:**954** بنحوه غير أنه لم يذكر القصة . انظر نصب الراية للحافظ الزيلعي جلد**2**صفحه**80-81** .

Marfat.com

وَاَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، اَنَّ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، كَانَ قَائِمًا يُصَلِّي اِلَى سَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ، فَمَرَّ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ آلِ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي مُعَيْطٍ، فَمَنَعَهُ، فَعَادَ، فَدَفَعَ فِي صَدْرِهِ فَتَذَمَّرَ الْفَتَى، ثُمَّ اَتَى مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ، فَشَكَا اِلَيْهِ اَبَا سَعِيدٍ، فَاَتَاهُ اَبُو سَعِيدٍ، فَقَالَ لَهُ مَرْوَانُ: مَا بَالُ ابْنِ اَخِيكَ يَشْكُوكَ؟ فَقَالَ اَبُو سَعِيدٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا صَلَّى اَحَدُكُمْ فَلْيُصَلِّ اِلَى سُتْرَةٍ، فَاِنْ مَرَّ عَلَيْهِ فَلْيَمْنَعْ، فَاِنْ عَادَ فَلْيُقَاتِلْهُ، فَاِنَّهُ شَيْطَانٌ

معیط کی آل میں سے کوئی آپ کے آگے سے گزرنے لگا تو آپ نے اُسے روکا‘ وہ دوبارہ گزرنے لگا تو آپ نے اس کے سینے پر مارا‘ اس نوجوان کو غصہ آیا‘ پھر وہ مروان بن حکم کے پاس آیا اور ابوسعید کی شکایت کی۔ حضرت ابوسعید‘ مروان کے پاس آئے تو مروان نے حضرت ابوسعید سے کہا: آپ کو کیا ہوا ہے کہ آپ کے بھائی کا بیٹا آپ کی شکایت کر رہا ہے؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم میں کوئی نماز پڑھے تو وہ سترہ کے قریب ہو کر نماز پڑھے‘ اگر کوئی اس پر گزرے تو اس کو منع کرے‘ اگر دوبارہ گزرے تو اس کو مارو کیونکہ وہ شیطان ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، وَعَبْدُ الْوَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَنْ عَدِيِّ بْنِ الْفَضْلِ وَرْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَتَفَرَّدَ بِهِ: عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ ابْنُهُ عَبْدُ الصَّمَدِ وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ اِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، وَخَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَنْ عَدِيِّ بْنِ الْفَضْلِ: وَرْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: عَنْ خَارِجَةَ بْنِ مُصْعَبٍ عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث یونس سے عدی بن فضل اور عبدالوارث روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں عدی بن فضل‘ ورد بن عبداللہ اکیلے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالوارث اور ان کے بیٹے عبدالصمد اکیلے ہیں۔ عبدالصمد سے ان کے بیٹے عبدالوارث بن عبدالصمد اکیلے ہیں۔ ایوب سے عدی بن فضل اور خارجہ بن مصعب روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں عدی بن فضل سے ورد بن عبداللہ اکیلے ہیں اور اس کو روایت کرنے میں خارجہ بن مصعب سے عبدان بن عثمان اکیلے ہیں۔

**3848** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور

3848- اخرجہ البخاری: بدء الخلق جلد 6 صفحہ 404 رقم الحدیث: 3312-3313‘ ومسلم: السلام جلد 4 صفحہ 1753۔

Marfat.com

قَالَ: نَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي النَّضْرِ قَالَ: نَا اَبُو النَّضْرِ قَالَ: نَا الْحَكَمُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ

ﷺ نے جنوں کے قتل سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا الْحَكَمُ بْنُ فُضَيْلٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو النَّضْرِ

یہ حدیث خالد الحذاء سے صرف حکم بن فضیل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابونضر اکیلے ہیں۔

**3849** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ يَعْقُوبَ الْكِنْدِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسَاوِرٍ الشَّاعِرُ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجَبًا لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِ، اِنَّ اَمْرَهُ كُلَّهُ لَهُ خَيْرٌ، وَلَيْسَ ذَاكَ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ، اِنْ اَصَابَهُ خَيْرٌ فَشَكَرَ كَانَ لَهُ خَيْرٌ، وَاِنْ اَصَابَهُ شَرٌّ فَصَبَرَ كَانَ لَهُ خَيْرٌ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن کا ہر کام عجیب ہے' اس کے سارے کام بہتر ہوتے ہیں' یہ اعزاز صرف مؤمن کے لیے ہے' اگر اس کو بھلائی ملے تو وہ شکر کرتا ہے' یہ بھی اس کے لیے بہتر ہے' اگر کوئی تکلیف پہنچے تو وہ صبر کرتا ہے' یہ بھی اس کے لیے بہتر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسَاوِرٍ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ يَعْقُوبَ الْحِمْصِيُّ

یہ حدیث محمد بن مساور سے صرف احمد بن سعید بن یعقوب الحمصی روایت کرتے ہیں۔

**3850** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ خَلَفِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ مِرْسَالٍ الْخَثْعَمِيُّ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا عَمِّي اِسْمَاعِيلُ بْنُ مِرْسَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس تھا کہ ایک آدمی آیا' میرا خیال ہے کہ وہ قبیلہ قیس سے تھا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ حمیر قبیلے پر لعنت کریں' حضور ﷺ نے اس سے

---

**3849**- أخرجه مسلم: الزهد جلد**4**صفحه**2295**' وأحمد: المسند جلد**4**صفحه**406** رقم الحديث: **18958** .

**3850**- أخرجه الترمذي: المناقب جلد **5**صفحه**728** رقم الحديث: **3939** وقال: هذا حديث غريب . وأحمد: المسند جلد**2**صفحه**373** رقم الحديث: **7763** .

Marfat.com

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ اَحْسِبُهُ مِنْ قَيْسٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْعَنْ حِمْيَرًا، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَاءَ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ فَاَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللّٰهُ حِمْيَرَ، قُلُوبُهُمْ اِسْلَامٌ، وَاَفْعَالُهُمْ سَلَامٌ وَاَيْدِيهِمْ طَعَامٌ، اَهْلُ اَمْنٍ وَاِيمَانٍ

اعراض کیا' وہ دوسری طرف سے آیا تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے اعراض کیا' پھر وہ دوسری جانب سے آیا تو آپ نے پھر اس سے اعراض کیا' پھر حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ قبیلہ حمیر پر رحم کرے! ان کے دلوں میں اسلام ہے اور اُن کے افعال اسلام والے ہیں' ان کے ہاتھوں میں کھانا ہے' وہ امن اور ایمان والے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِی كَثِيرٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مِرْسَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ

یہ حدیث یحییٰ بن کثیر سے صرف اسماعیل بن مرسال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کی اولاد اکیلی ہے۔

**3851** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ الرَّسْعَنِیُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِی عَوَّامٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسَاحِقٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُجَنَّدُونَ اَجْنَادًا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، خِرْ لِی قَالَ: عَلَيْكَ بِالشَّامِ، فَاِنَّهَا صَفْوَةُ اللّٰهِ مِنْ بِلَادِهِ، فِيهَا خِيرَتُهُ مِنْ عِبَادِهِ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ ذَلِكَ فَلْيَلْحَقْ بِيَمَنِهِ، وَلْيَسْقِ بِغُدُرِهِ، فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ تَكَفَّلَ لِی بِالشَّامِ وَاَهْلِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لشکر کے لشکر فتنوں کے ہوں گے' ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے کوئی شہر پسند کریں' آپ ﷺ نے فرمایا: تم ملک شام کو اختیار کرو کیونکہ تمام شہروں سے زیادہ ملک شام پر اللہ کی رحمت ہے' وہ اللہ کا چنا ہوا ملک ہے۔ اس میں اچھے بندے ہیں جو اس سے اعراض کرے وہ یمن چلا جائے اور اس کے کنوؤں سے سیراب ہو' بے شک اللہ عزوجل نے میرے لیے شام اور اس میں رہنے والوں کی ضمانت لی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ اِلَّا عُثْمَانُ

یہ حدیث ابن ثوبان سے صرف عثمان بن

**3851**- أخرجه أيضًا البزار من طريق عثمان بن عبد الرحمٰن الحرانی' به . وقال الهيثمی فی المجمع جلد **10** صفحه **62**: وفيه اسناديهما من لم أعرفهم .

Marfat.com

بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں۔

**3852** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُفَضَّلِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سَلَّامٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صُهْبَانَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قَطْعَ فِي خِلْسَةٍ وَلَا نُهْبَةٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خلسہ (اچک لینے) اور نہبہ (کفن چوری) میں ہاتھ کاٹنا نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ إِلَّا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ سَلَّامٍ

یہ حدیث صفوان سے صرف عمر بن محمد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سعید بن سلام اکیلے ہیں۔

**3853** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ أَبُو يَحْيَى صَاعِقَةُ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ ذَوَّادٍ الْحَارِثِيُّ، عَنْ ذَوَّادِ بْنِ عُلْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا هَلَكَ اثْنَا عَشَرَ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ كَعْبٍ كَانَ النَّقْفُ وَالنِّقَافُ إِلَى أَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب بنی عمرو بن کعب کے بارہ افراد ہلاک ہو جائیں گے' نقف اور نقاف قیامت تک رہے گا۔

---

3852- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد 4 صفحه 135 رقم الحديث: 4391-4393' والترمذي: الحدود جلد 4 صفحه 52 رقم الحديث: 1448 وقال: هذا حديث حسن صحيح . والنسائي: السارق جلد 8 صفحه 79 (باب ما لا قطع فيه . وابن ماجة: الحدود جلد 2 فحه 864 رقم الحديث: 2591' والدارمي: الحدود جلد 2 صفحه 229 رقم الحديث: 2310 . ولفظهم ليس على المنتهب' ولا على المختلس' ولا على الخائن قطع .

3853- وقال الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 193: وفيه ذواد بن علية وهو ضعيف واسماعيل بن ذواد تلميذه ضعيف جدًا .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ اِلَّا ابْنُ خُثَيْمٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ اِلَّا ذَوَّادُ بْنُ عُلْبَةَ، وَلَا عَنْ ذَوَّادٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ ذَوَّادٍ

یہ حدیث ابوطفیل سے ابن خثیم اور ابن خثیم سے زواد بن علبہ اور زواد سے اسماعیل بن زواد روایت کرتے ہیں۔

**3854** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ . . . قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا اَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نشہ آور چیز تھوڑی ہو یا زیادہ' حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ

یہ حدیث ابن اسحاق سے ابراہیم بن سعد روایت کرتے ہیں۔

**3855** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَنَانٍ الْحِمْصِیُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ يَاْجُوجَ وَمَاْجُوجَ؟ قَالَ: يَاْجُوجُ اُمَّةٌ، وَمَاْجُوجُ اُمَّةٌ، كُلُّ اُمَّةٍ اَرْبَعُمِائَةِ اَلْفِ اُمَّةٍ، لَا يَمُوتُ الرَّجُلُ حَتّٰى يَنْظُرَ اِلَى اَلْفِ ذَكَرٍ بَيْنَ يَدَيْهِ مِنْ صُلْبِهِ، كُلٌّ وَاحِدٍ قَدْ حَمَلَ السِّلَاحَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صِفْهُمْ لَنَا؟ قَالَ: هُمْ ثَلَاثَةُ اَصْنَافٍ: صِنْفٌ مِنْهُمْ اَمْثَالُ الْاَرْزِ قُلْتُ: وَمَا الْاَرْزُ؟ قَالَ:

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے یاجوج ماجوج کے متعلق سنا' فرمایا: یاجوج بھی ایک اُمت ہے اور ماجوج بھی ایک اُمت ہے' ہر اُمت چار ہزار اُمت کے برابر ہے' ان میں کوئی آدمی نہیں مرتا ہے' یہاں تک کہ اپنی پشت سے آگے نسل میں ایک ہزار نہ دیکھ لے۔ ہر ایک ہتھیار اُٹھائے ہوئے ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو ان کی حالت بتائیں! آپ ﷺ نے فرمایا: وہ تین قسم کے ہوتے ہیں' ان میں سے ایک قسم ارز کی مثل ہے۔ میں نے عرض کی: ارز کیا ہے؟ فرمایا: شام میں ایک درخت ہے' اس درخت کی لمبائی آسمان کی

**3854**- اخرجه أحمد: المسند جلد 2صفحه124 رقم الحديث: 5650' والطبرانی فی الكبير جلد 12صفحه381 رقم الحديث: 13411 ـ وعزاه الحافظ الزيلعی أيضًا الی اسحاق بن راهويه فی مسنده ـ انظر نصب الراية جلد 4 صفحه304 .

**3855**- وقال الهيثمی فی المجمع جلد8صفحه9: وفيه يحيٰی بن سعيد القطار وهو ضعيف ـ

Marfat.com

شَجَرٌ بِالشَّامِ طُولُ الشَّجَرَةِ عِشْرُونَ وَمِائَةُ ذِرَاعٍ فِي السَّمَاءِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَؤُلَاءِ الَّذِينَ لَا يَقُومُ لَهُمْ حَيْلٌ وَلَا حَدِيدٌ، وَصِنْفٌ مِنْهُمْ يَفْتَرِشُ بِأُذُنِهِ، وَيَلْتَحِفُ بِالْأُخْرَى، لَا يَمُرُّونَ بِفِيلٍ وَلَا وَحْشٍ وَلَا جَمَلٍ وَلَا خِنْزِيرٍ إِلَّا أَكَلُوهُ، وَمَنْ مَاتَ مِنْهُمْ أَكَلُوهُ، مُقَدِّمَتُهُمْ بِالشَّامِ، وَسَاقَتُهُمْ بِخُرَاسَانَ، يَشْرَبُونَ أَنْهَارَ الْمَشْرِقِ، وَبُحَيْرَةَ طَبَرِيَّةَ

طرف ایک سو ہاتھ ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو نہ یہاں پانی جمع اُٹھتے ہیں' ان میں ایک قسم ہے کہ وہ اپنا ایک کان بطور بستر بچھاتے ہیں اور دوسرے کان کو اوڑھنا بناتے ہیں۔ کسی ہاتھی' جنگلی جانور یا خنزیر کے پاس سے گزریں تو اُسے کھا جاتے ہیں۔ اُن میں سے جو مرتا ہے' اسے بھی کھا جاتے ہیں۔ ان کا اگلا حصہ شام میں ہے تو پچھلا حصہ خراسان میں ہے۔ مشرقی نہروں کا پانی پیتے ہیں اور طبرستان کے سمندر سے بھی پیتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ

یہ حدیث اعمش سے صرف محمد بن اسحاق اور محمد بن اسحاق سے یحییٰ بن سعید العطار روایت کرتے ہیں۔

**3856** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَنَانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ، عَنِ أَحْمَدَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَكَى تَقَمَّحَ كَفَّ شُونِيزٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کو جب کسی شی کی تکلیف ہوتی تو کلونجی کا سفوف استعمال فرماتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سعید العطار اکیلے ہیں۔

**3857** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَنَانَ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ ہفتہ اور اتوار کے دن روزہ رکھتے' باقی دنوں کے کم رکھتے

3856- انظر مجمع الزوائد جلد5صفحه90 .

3857- أخرجه النسائي في الكبرى جلد 2صفحه146 (باب صيام يوم الأحد)' وأحمد: المسند جلد 6صفحه357 رقم الحديث:2680 . انظر تلخيص الجبير جلد2صفحه229 رقم الحديث:12 .

Marfat.com

الْوَلِيدِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ يَوْمَ السَّبْتِ، وَيَوْمَ الْاَحَدِ، اَكْثَرَ مَا يَصُومُ مِنَ الْاَيَّامِ، وَيَقُولُ: اِنَّهُمَا يَوْمَا عِيدٍ لِلْمُشْرِكِينَ، فَاُحِبُّ اَنْ اُخَالِفَهُمْ

تھے آپ فرماتے: یہ دونوں دن مشرکوں کی عید کے دن ہیں میں ان کی مخالفت کرنا پسند کرتا ہوں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

3858 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي رَوْحٍ وَهُوَ فُلَيْتٌ، عَنْ جَسْرَةَ بِنْتِ دَجَاجَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ: اللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرِيلَ، وَمِيكَائِيلَ، وَاِسْرَافِيلَ، اَعِذْنِي مِنْ حَرِّ النَّارِ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ہر فرض نماز کے بعد پڑھتے تھے: اے جبریل میکائیل اسرافیل کے رب! مجھے (میری اُمت) کو جہنم کے عذاب اور عذابِ قبر سے محفوظ رکھ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ اِلَّا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صباح بن محارب روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں حسین بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

3859 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ الْهَيْثَمِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نا

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو بتایا گیا کہ میں کہتا ہوں کہ

3858- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 113 وقال: وشيخه علي بن سعيد فيه كلام لا يضر، وبقية رجاله ثقات .

3859- أخرجه البخاري: الصوم جلد 4 صفحه 259 رقم الحديث: 1976، ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 812 .

Marfat.com

يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ وَائِلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: أُخْبِرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي قُلْتُ: لَأَقُومَنَّ اللَّيْلَ، وَلَأَصُومَنَّ النَّهَارَ مَا عِشْتُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتَ الَّذِي قُلْتَ: وَاللَّهِ لَأَصُومَنَّ النَّهَارَ، وَلَأَقُومَنَّ اللَّيْلَ مَا عِشْتُ؟ قُلْتُ: قَدْ قُلْتُهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ: فَإِنَّكَ لَا تُطِيقُ ذَلِكَ، فَصَلِّ وَنَمْ، وَصُمْ وَأَفْطِرْ، وَصُمْ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَإِنَّ الْحَسَنَةَ بِعَشَرَةِ أَمْثَالِهَا، ذَلِكَ مِثْلُ صِيَامِ الدَّهْرِ قُلْتُ: إِنِّي أُطِيقُ أَفْضَلَ مِنْ ذَلِكَ قَالَ: فَصُمْ يَوْمًا، وَأَفْطِرْ يَوْمَيْنِ قُلْتُ: إِنِّي أُطِيقُ أَفْضَلَ مِنْ ذَلِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُمْ يَوْمًا، وَأَفْطِرْ يَوْمًا، وَذَلِكَ صِيَامُ دَاوُدَ، وَهُوَ أَعْدَلُ الصِّيَامِ قُلْتُ: إِنِّي أُطِيقُ أَفْضَلَ مِنْ ذَلِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا أَفْضَلَ مِنْ ذَلِكَ

رات کو قیام کروں اور دن کو روزہ رکھوں جتنی زندگی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نے یہ کہا ہے کہ اللہ کی قسم! میں رات کو قیام کروں گا اور دن کو روزہ رکھوں گا' جتنی میری زندگی ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! میں نے کہا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو اس کی طاقت نہیں رکھتا ہے' تُو نماز بھی پڑھ اور آرام بھی کر' روزہ بھی رکھ اور افطار بھی کر' ہر ماہ کے تین روزے رکھ لیا کر کیونکہ ایک نیکی دس نیکیوں کے برابر ہے' یہ سارے سال کے روزوں کے ثواب کے برابر ہو جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک دن روزہ رکھ اور دو دن افطار کیا کر۔ میں نے عرض کی: میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک دن روزہ رکھ اور ایک دن افطار کر' یہ داؤد علیہ السلام کے روزے ہیں' یہ سب روزوں سے افضل ہیں۔ میں نے عرض کی: میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس سے زیادہ افضل کوئی بات نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ إِلَّا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ، وَلَا عَنْ يَعْلَى إِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الْمُؤَدِّبُ

یہ حدیث بکر بن وائل سے یعلیٰ بن حارث اور یعلیٰ سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن مسلم المؤدب اکیلے ہیں۔

**3860** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ: نا الزُّبَيْرُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخری گفتگو جو فرمائی' وہ یہ تھی: میری اہل

**3860**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه166: وفيه عاصم ابن عبيد الله وهو ضعيف .

Marfat.com

بْنُ حَبِيبِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: نا عِصَامُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا تَكَلَّمَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْلُفُونِي فِي اَهْلِ بَيْتِي

بیت کا خیال کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِصَامِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا الزُّبَيْرُ بْنُ حَبِيبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث عاصم بن عبیداللہ سے صرف زبیر بن حبیب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن حمید اکیلے ہیں۔

**3861** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبَانَ قَالَ: نا مِسْكِينُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّجِيبِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا كَانَ صَائِمًا لَمْ يُصَلِّ حَتَّى نَاْتِيَهُ بِرُطَبٍ وَمَاءٍ، فَيَاْكُلُ وَيَشْرَبُ اِذَا كَانَ الصَّيْفُ الرُّطَبُ، وَاِذَا كَانَ الشِّتَاءُ لَمْ يُصَلِّ حَتَّى نَاْتِيَهُ بِتَمْرٍ وَمَاءٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جب روزہ کی حالت میں ہوتے تو آپ نماز (مغرب) نہیں پڑھاتے تھے یہاں تک کہ ہم آپ کے پاس تازہ کھجوریں اور پانی لے کر آتے۔ آپﷺ ان کھجوروں کو کھاتے اور پانی پیتے' جب کھجوریں تازہ ہوتی تھیں۔ جب سردی ہوتی تو آپﷺ نماز (مغرب) نہیں پڑھاتے تھے یہاں تک کہ ہم آپ کے پاس خشک کھجوریں اور پانی لے کر آتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، وَلَا عَنْ يَحْيَى اِلَّا مِسْكِينُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث حمید الطویل سے صرف یحییٰ بن ایوب اور یحییٰ سے صرف مسکین بن عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زکریا بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**3862** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ مَغْرَاءَ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ رَاشِدٍ . . قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ رُمَّانَةَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت سہیل بن عمرو' حضورﷺ کے پاس آئے تو آپﷺ نے فرمایا: تم باز آنے والے نہیں ہو جب تک میں تمہاری طرف ایک ایسا آدمی نہ بھیجوں جو تمہیں دین پر لے آئے۔ ان میں سے بعض عرض

---

**3861**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه159 وقال: وفيه من لم أعرفه .

**3862**- اخرجه الترمذي: المناقب جلد5صفحه634 رقم الحديث:3715 . وقال: هذا حديث حسن صحيح غريب .

Marfat.com

قَالَ: لَمَّا جَاءَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا أَنْتُمْ بِمُنْتَهِينَ حَتَّى أَبْعَثَ إِلَيْكُمْ رَجُلًا يَضْرِبُ رِقَابَكُمْ عَلَى الدِّينِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: أَنَا هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: لَا وَقَالَ آخَرُ: أَنَا هُوَ قَالَ: لَا، وَلَكِنْ هُوَ خَاصِفُ النَّعْلِ وَكَانَ عَلِيٌّ يَخْصِفُ النَّعْلَ وَقَالَ عَلِيٌّ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ قَالَ قَيْسُ بْنُ رُمَّانَةَ: ثُمَّ لَقِيتُ رِبْعِيَّ بْنَ حِرَاشٍ، فَحَدَّثَنِي بِهِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَمَا حَدَّثَنِي أَبُو بُرْدَةَ

کرنے لگے: یارسول اللہ! وہ میں ہوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! دوسرے نے عرض کی: وہ میں ہوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! آپ نے فرمایا: وہ ہے جو جوتے میں پیوند لگانے والا ہے' حضرت علی رضی اللہ عنہ جوتے میں پیوند لگایا کرتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے گا' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔ حضرت قیس بن رمّانہ فرماتے ہیں کہ میں ربعی بن حراش سے ملا' مجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے ایسی ہی حدیث بیان کی جس طرح مجھے ابوبردہ نے بیان کی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ إِلَّا قَيْسُ بْنُ رُمَّانَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ قَيْسِ بْنِ رُمَّانَةَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ رَاشِدٍ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ بْنِ رَاشِدٍ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث ابوبردہ سے قیس بن رمّانہ اور قیس بن رمّانہ سے یزید بن راشد اور یزید بن راشد سے عبدالرحمٰن بن مغراء روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسین بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**3863** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَتَّابٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا ابْنُ قُتَيْبَةَ، عَنْ أَبِي عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ لِعُثْمَانَ مِنْ غَنَائِمِ بَدْرٍ، وَلَمْ يَشْهَدْ بَدْرًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے بدر کے مالِ غنیمت میں سے حصہ دیا حالانکہ حضرت عثمان بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ إِلَّا أَبُو عَوَانَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو قُتَيْبَةَ

یہ حدیث عثمان بن عبداللہ بن موہب سے صرف ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوقتیبہ اکیلے ہیں۔

Marfat.com

**3864** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، فَخَطَبَ، فَقَالَ لِلْاَنْصَارِ: اَلَمْ تَكُونُوا اَذِلَّاءَ فَاَعَزَّكُمُ اللّٰهُ بِي؟ اَلَمْ تَكُونُوا ضُلَّالًا فَهَدَاكُمُ اللّٰهُ بِي؟ اَلَمْ تَكُونُوا خَائِفِينَ فَاَمَّنَكُمُ اللّٰهُ بِي؟ اَلَا تَرُدُّونَ عَلَيَّ؟ قَالُوا: اَيَّ شَيْءٍ نُجِيبُكَ؟ قَالَ: تَقُولُونَ، اَلَمْ يَطْرُدْكَ قَوْمُكَ فَاَوَيْنَاكَ، اَلَمْ يُكَذِّبْكَ قَوْمُكَ فَصَدَّقْنَاكَ؟ فَعَدَّدَ عَلَيْهِمْ قَالَ: فَجَثَوْا عَلَى رُكَبِهِمْ فَقَالُوا: اَمْوَالُنَا وَاَنْفُسنا لَكَ، فَنَزَلَتْ: (قُلْ لَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى) (الشورى: **23**)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے کوئی شے سنی' آپ نے خطبہ دیا' انصار سے فرمایا: کیا تم اس حالت میں نہیں تھے کہ تمہاری عزت نہیں تھی' اللہ عزوجل نے تم کو میری وجہ سے عزت دی' کیا تم راہِ راست سے دور نہیں تھے' اللہ عزوجل نے میرے ذریعے تم کو ہدایت دی' کیا تم خوف زدہ نہیں تھے' اللہ عزوجل نے میرے ذریعے تم کو امن دیا' کیا میرے متعلق شک میں نہیں تھے؟ انصار نے عرض کی: کون سی شے ہم سے ہوئی جس کی وجہ سے آپ ہمیں جواب دے رہے ہیں؟ آپﷺ نے فرمایا: تم کہتے نہیں ہو کہ آپ کو آپ کی قوم نے دور کیا تو ہم نے آپ کو پناہ دی' آپ کو آپ کی قوم نے جھٹلایا تو ہم نے آپ کی تصدیق کی؟ پس آپ نے ان کو کئی چیزیں گنوائیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام اپنے گھٹنوں کے بل گر پڑے' عرض کرنے لگے: ہمارے اموال' ہماری جانیں آپ کے لیے ہیں (آپ پر قربان ہیں) تو یہ آیت نازل ہوئی: اے حبیبﷺ! فرمائیں کہ میں تم سے کسی قسم کی اُجرت نہیں مانگتا مگر یہ کہ تم میرے قریبیوں سے مؤدت کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادَةَ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث یزید بن ابی زیاد سے صرف عبدالسلام بن حرب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالمؤمن بن علی اکیلے ہیں۔

**3864**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **35** وقال: وشيخه علي بن سعيد بن بشير فيه لين' وبقية رجاله وثقوا .

Marfat.com

**3865** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا نُوحُ بْنُ اَنَسٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ حُمْرَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُحَافِظُ عَلَى صَلَاةِ الضُّحَى اِلَّا اَوَّابٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا عَمْرُو بْنُ حُمْرَانَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چاشت کی نماز پر ہمیشگی اللہ کی طرف رجوع کرنے والے ہی کرتے ہیں۔

یہ حدیث محمد بن عمرو سے صرف عمرو بن حمران روایت کرتے ہیں۔

**3866** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو حَسَّانَ الزِّيَادِيُّ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ هَذَا الْبَلَدَ، يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ، وَصَاغَهُ حِينَ صَاغَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ، وَمَا حِيَالُهُ مِنَ السَّمَاءِ حَرَامٌ، وَاِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِي، وَاِنَّهُ اُحِلَّ لِي سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، ثُمَّ عَادَ كَمَا كَانَ فَقِيلَ لَهُ: هَذَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ يَقْتُلُ، فَقَالَ لَهُ: قُمْ يَا فُلَانُ، فَاْتِ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ، فَقُلْ لَهُ فَلْيَرْفَعْ يَدَهُ مِنَ الْقَتْلِ فَاَتَاهُ الرَّجُلُ، فَقَالَ لَهُ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْتُلْ مَنْ قَدَرْتَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے اس شہر کو حرام قرار دیا ہے جس دن سے زمین و آسمان بنے ہیں' اس کو ختم کرے گا جس وقت سورج و چاند ختم ہوں گے اور جو آسمان کے درمیان حرام ہے' مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں کیا گیا' میرے لیے دن کے ایک حصے میں حلال کیا گیا پھر ایسے ہی ہو گیا جس طرح تھا۔ آپ ﷺ سے عرض کی گئی: یہ جو خالد بن ولید ہیں' جو قتل کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے فلاں! اُٹھ اور خالد بن ولید کے پاس جا! اس کو کہو کہ وہ قتل کرنے سے رُک جائے۔ ایک آدمی آپ ﷺ کے پاس آیا' اس نے کہا کہ حضور ﷺ فرماتے ہیں: جو قابو میں آتا ہے

**3865**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 252 وقال: وفيه محمد بن عمرو وفيه كلام' وفيه من لم أعرفه . قلت: رجال الاسناد كلهم معروفون ومترجمون' ومحمد بن عمر هو ابن علقمة الليثي من رجال السنة' وقال ابن حجر: صدوق له أوهام' وأخرجه أيضًا الحاكم من طريق خالد بن عبد الله' ثنا محمد بن عمرو بالاسناد' وقال: صحيح على شرط مسلم' وأقره للذهبي .

**3866**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 287 وقال: وفيه عطاء بن السائب وقد اختلط . (١) ثبت في الأصل (ألم آمر خالدًا)' وما أثبتناه في المجمع (1794) .

Marfat.com

عَلَيْهِ، فَقَتَلَ سَبْعِينَ اِنْسَانًا، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَاَرْسَلَ اِلَى خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ: اَلَمْ اَنْهَكَ عَنِ الْقَتْلِ؟ فَقَالَ: جَاءَنِي فُلَانٌ، فَاَمَرَنِي اَنْ اَقْتُلَ مَنْ قَدَرْتُ عَلَيْهِ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ: اَلَمْ آمُرْكَ اَنْ تَاْمُرَ خَالِدًا اَنْ لَا يَقْتُلَ اَحَدًا؟ فَقَالَ: اَرَدْتُ اَمْرًا، وَاَرَادَ اللّٰهُ اَمْرًا، وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ، فَوْقَ اَمْرِكَ، وَمَا اسْتَطَعْتُ اِلَّا الَّذِي كَانَ، فَسَكَتَ عَنْهُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا رَدَّ عَلَيْهِ شَيْئًا

اس کو قتل کرو۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے ستر افراد قتل کیے وہ آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' اس کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا' آپ نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا' فرمایا: کیا میں نے آپ کو قتل کرنے سے منع نہیں کیا تھا؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: فلاں میرے پاس آیا تھا' مجھے اس نے حکم دیا کہ جو قابو میں آتا ہے اس کو قتل کرو۔ آپ نے اس کی طرف کسی کو بھیجا' فرمایا: کیا میں نے تمہیں حکم نہیں دیا تھا کہ خالد کو حکم دو کہ وہ لڑائی نہ کرے؟ اس نے کہا: آپ نے ایک کام کا ارادہ کیا' اللہ عزوجل نے بھی ایک کام کا ارادہ کیا' اللہ کا حکم آپ کے حکم کے اوپر ہے' میرے بس میں نہ تھا مگر وہی جو ہوا۔ حضور ﷺ خاموش رہے' آپ نے اس کو کوئی جواب نہ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ اِلَّا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے شعیب بن صفوان روایت کرتے ہیں۔

**3867** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ قَالَ: حَرَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ اَمْوَالِ بَنِي النَّضِيرِ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بنی نضیر کے بعض اموال کو جلایا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ

یہ حدیث زہری سے ابراہیم بن سعد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حسن اکیلے ہیں۔

---

3867- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه332 وقال: وفيه محمد بن الحسن بن زبالة وهو ضعيف.

Marfat.com

**3868** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ مُوسَى بْنِ رَاشِدٍ الْمُسْتَمْلِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ أَيُّوبَ الْمُوصِلِيُّ، عَنْ مَصَادِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِينِ صَدَقَةٌ، وَعَلَى ذِي الرَّحِمِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسکین کو دینا صدقہ کا ثواب ہے اور رشتے دار کو دینا صدقہ اور صلہ رحمی کا ثواب بھی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ إِسْحَاقَ إِلَّا مَصَادُ بْنُ عُقْبَةَ وَلَا رَوَاهُ، عَنْ مَصَادٍ إِلَّا عُمَرُ بْنُ أَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَارُونُ بْنُ مُوسَى، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي طَلْحَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث یحییٰ بن اسحاق سے مصاد بن عقبہ اور مصاد سے عمر بن ایوب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ہارون بن موسیٰ اور محمد بن عمار اکیلے ہیں۔ حضرت ابوطلحہ' حضور ﷺ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔

**3869** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ هَارُونَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا أَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا وَنَحْنُ مَعَهُ، أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ غَائِطٍ، وَبَوْلٍ، وَنَوْمٍ

حضرت ابوعبیداللہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں حکم دیتے تھے' ہم آپ کے ساتھ تھے کہ ہم اپنے موزوں کو نہ اُتاریں تین دن اور تین راتیں مگر جنابت کی حالت میں' بول و براز اور سونے کے لیے نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا أَيُّوبُ بْنُ

یہ حدیث سفیان سے ایوب بن سوید ہی روایت

---

3868- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه119 وعزاه أيضًا الى الكبير' وقال: وفيه من لم أعرفه .

3869- وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1صفحه262 وذكرما قلناه' وذكره ابن حبان في الثقات' وقال ردىء الحفظ يخطئ .

Marfat.com

سُوَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ هَارُونَ الْفِرْيَابِيُّ

کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن ہارون الفریابی اکیلے ہیں۔

**3870** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ قَالَ: نا حَمْزَةُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَخْلٍ، فَصَلَّى بِنَا صَلَاةَ الظُّهْرِ فَهَمَّ بِهِمُ الْمُشْرِكُونَ، فَقَالُوا: دَعُوهُمْ، فَإِنَّ لَهُمْ بَعْدَ هَذِهِ صَلَاةً هِيَ أَحَبُّ إِلَيْهِمْ مِنْ أَبْنَائِهِمْ، فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَأَخْبَرَهُ، فَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَصْحَابِهِ صَلَاةَ الْعَصْرِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کھجوروں کے باغ میں تھے' آپ نے ہمیں نمازِ ظہر پڑھائی' مشرکوں نے بُرا ارادہ کیا' انہوں نے کہا کہ ان کو چھوڑ دو! کیونکہ اس نماز کے بعد والی نماز ان کو ان کے بیٹوں سے زیادہ پسند ہے۔ حضرت جبریل علیہ السلام آپ ﷺ کے پاس آئے' آپ کو بتا دیا تو آپ ﷺ نے صحابہ کو عصر کی نماز بھی پڑھا دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، وَعَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عُمَيْرٍ إِلَّا ابْنُهُ حَمْزَةُ بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ

یہ حدیث ایوب سے حارث بن عمیر اور عبدالوارث بن سعید روایت کرتے ہیں' حارث بن عمیر سے ان کے بیٹے حمزہ بن حارث روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بکر بن خلف اکیلے ہیں۔

**3871** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الطَّيَالِسِيُّ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ قَالَ: نا الْفَضْلُ بْنُ مُبَشِّرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَدْرَكَ رَمَضَانَ وَلَمْ يَصُمْهُ فَقَدْ شَقِيَ، وَمَنْ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا فَلَمْ يَبَرَّهُ فَقَدْ شَقِيَ، وَمَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کا مہینہ پایا اور روزے نہ رکھے وہ بدبخت ہے' جس نے والدین میں سے دونوں کو یا ایک کو بڑھاپے کی حالت میں پایا اور ان کی خدمت نہ کی تو وہ بھی بدبخت ہے' جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود نہ پڑھا تو وہ بھی بدبخت ہے۔

---

3870- أخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 486 رقم الحديث: 4130 مختصرًا . وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 458 رقم الحديث: 15029 ولفظه عنده .

3871- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 142: وفيه الفضل بن مبشر وفيه كلام، وقد وثقه ابن حبان، وغيره .

Marfat.com

عَلَیَّ فَقَدْ شَقِیَ

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مُبَشِّرٍ اِلَّا اَبُو زُهَیْرٍ

یہ حدیث فضل بن مبشر سے ابوزہیر روایت کرتے ہیں۔

3872 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِیدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا یَحْیَی بْنُ طَلْحَةَ الْیَرْبُوعِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ السُّدِّیُّ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: کَرَامَةُ الْکِتَابِ خَتْمُهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خط کی عظمت مہر کے ساتھ ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: یَحْیَی بْنُ طَلْحَةَ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف محمد بن مروان روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں یحییٰ بن طلحہ اکیلے ہیں۔

3873 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِیدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ السَّدُوسِیُّ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَیَّانَ الْهُذَلِیُّ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ جَدِّی قَالَ: کُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَذَکَرُوا حَاجَّ اَهْلِ الْیَمَنِ وَمَا یَصْنَعُونَ فِیهِ فَسَبَّهُمْ بَعْضُ الْقَوْمِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَا تَسُبُّوا اَهْلَ الْیَمَنِ، فَاِنِّی سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: زَیْنُ الْحَاجِّ اَهْلُ الْیَمَنِ

حضرت معاذ بن محمد بن حیان الہذلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے میرے دادا سے روایت کی؛ وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس تھے کہ یمن والوں کے حج کا ذکر کیا اور جو وہ حج کے دوران کرتے ہیں اس کا ذکر ہوا' بعض لوگوں نے ان کو گالی دی۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یمن والوں کو گالی مت دو! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ حاجیوں کی زینت یمن والے ہیں۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهُذَلِیُّ

یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں معاذ بن محمد الہذلی اکیلے ہیں۔

---

3872- وذکره الحافظ الهیثمی فی المجمع جلد8صفحه102: وقال ما ذکرناه .

3873- وعزاه الهیثمی فی المجمع جلد10صفحه58 الی الکبیر أیضًا وقال اسناده حسن' فیه ضعفاء وثقوا . قلت: ذکره السیوطی فی الجامع الصغیر جلد3صفحه67 ورمز لضعفه' ووافقه الشیخ الألبانی فی ضعیف الجامع الصغیر .

Marfat.com

**3874** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حُوَيٍّ السَّكْسَكِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: اَتَى جِبْرِيلُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِتَبُوكَ، فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ، اشْهَدْ جَنَازَةَ مُعَاوِيَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْمُزَنِيِّ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَزَلَ جِبْرِيلُ فِي سَبْعِينَ اَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ، فَوَضَعَ جَنَاحَهُ الْاَيْمَنَ عَلَى الْجِبَالِ فَتَوَاضَعَتْ، وَوَضَعَ جَنَاحَهُ الْاَيْسَرَ عَلَى الْاَرَضِينَ فَتَوَاضَعْنَ، حَتَّى نَظَرَ اِلَى مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجِبْرِيلُ وَالْمَلَائِكَةُ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: يَا جِبْرِيلُ، بِمَا بَلَغَ مُعَاوِيَةُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْمُزَنِيُّ هَذِهِ الْمَنْزِلَةَ؟ قَالَ: بِقِرَاءَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قَائِمًا وَقَاعِدًا وَمَاشِيًا وَرَاكِبًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ اِلَّا بَقِيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: نُوحُ بْنُ عُمَرَ الْحِمْصِيُّ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام' حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ تبوک میں تھے' عرض کی: اے محمد! کیا آپ نے معاویہ بن معاویہ المزنی کے جنازہ میں شرکت کرنی ہے۔ حضور ﷺ نکلے' حضرت جبریل علیہ السلام ستر ہزار فرشتوں کے ساتھ اُترے' حضرت جبریل علیہ السلام نے دایاں پَر پہاڑ پر بچھایا' وہ آپ کے سامنے ہوگیا اور بایاں پَر زمین پر بچھایا تو وہ واضح ہوگئی' یہاں تک کہ مکہ اور مدینہ کے درمیان حضرت معاویہ کی میت نظر آ گئی۔ حضور ﷺ نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی' جبریل اور فرشتوں نے بھی نماز پڑھی' جب جنازہ سے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے جبریل! معاویہ بن معاویہ کو یہ مقام کیسے حاصل ہوا ہے؟ عرض کی: یہ بیٹھے' اُٹھتے' چلتے اور سوار ہوکر سورۂ اخلاص قل ھواللہ احد پڑھتے تھے۔

یہ حدیث محمد بن زیاد سے صرف بقیہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں نوح بن عمرو الحمصی اکیلے ہیں۔

**3875** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عِيسَى التَّنُوخِيُّ قَالَ: نَا زِيَادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ الْقَزَّازُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ

حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے زمانہ میں بچہ تھا' حضور ﷺ نے ایک دن فرمایا: چلو! ہم ایک انسان کے پاس چلتے ہیں'

**3874**- اخرجه أيضًا في الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 41: وفيه نوح بن عمر قال: ابن حبان: يقال انه سرق هذا الحديث . قلت: ليس هذا ى ضعف فى الحديث' وفيه بقية' وهو مدلس كما ذكرنا .

**3875**- اخرجه الطبراني في الكبير جلد 5 صفحه 88 رقم الحديث: 4666 . وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 7 الى البزار أيضًا وقال: وفيه زياد بن الحسن بن فرات ضعفه أبو حاتم' ووثقه ابن حبان .

Marfat.com

الْفُرَاتِ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ قَالَ: كُنْتُ غُلَامًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ: انْطَلِقُوا بِنَا اِلَى اِنْسَانٍ قَدْ رَاَيْنَا شَانَهُ قَالَ: فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَمْشِي وَاَصْحَابُهُ مَعَهُ، حَتّٰى دَخَلُوا حَائِطَيْنِ فِي زُقَاقٍ طَوِيلٍ، وَانْتَهَوْا اِلَى بَابٍ صَغِيرٍ، فِي اَقْصَى الزُّقَاقِ، فَدَخَلُوا اِلَى دَارٍ، فَلَمْ يَرَوْا فِي الدَّارِ اَحَدًا غَيْرَ امْرَاَةٍ قَاعِدَةٍ، وَاِذَا قِرْبَةٌ عَظِيمَةٌ مَلْاٰى مَاءً، فَقَالُوا: نَرَى قِرْبَةً وَلَا نَرَى حَامِلَهَا، فَكَلَّمُوا الْمَرْاَةَ، فَاَشَارَتْ اِلَى قَطِيفَةٍ فِي نَاحِيَةِ الدَّارِ، فَقَالَتْ: انْظُرُوا مَا تَحْتَ الْقَطِيفَةِ فَكَشَفُوهَا، فَاِذَا تَحْتَهَا اِنْسَانٌ، فَرَفَعَ رَاْسَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَاهَ الْوَجْهُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، لِمَ تَفْحَشُ عَلَيَّ؟ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي قَدْ خَبَاْتُ لَكَ خَبْاً، فَاَخْبِرْنِي مَا هُوَ وَقَالَ لِاَصْحَابِهِ: اِنِّي قَدْ خَبَاْتُ لَهُ سُورَةَ الدُّخَانِ فَقَالَ: سُورَةُ الدُّخَانِ؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْسَاْ، مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ، ثُمَّ انْصَرَفَ

ہم نے اس کی شان دیکھنی ہے۔ حضور ﷺ چلنے لگے اور آپ کے صحابہ آپ کے ساتھ تھے یہاں تک کہ دو دیواروں کے درمیان داخل ہوئے گلی لمبی تھی' اس لمبی گلی کے چھوٹے دروازے کے پاس پہنچے گھر کے اندر داخل ہوئے' گھر کے اندر ایک عورت بیٹھی ہوئی تھی اور دوسرا کوئی نہ تھا' اس کے پاس ایک بڑا مشکیزہ پانی کا بھرا ہوا تھا' ہم نے مشکیزہ دیکھا تو اس کو اُٹھانے والا نہیں دیکھا۔ اس عورت سے گفتگو ہوئی' اس نے گھر کے ایک کونے میں چادر کی طرف اشارہ کیا' اس نے کہا: اس چادر کے نیچے دیکھیں! اس چادر کو ہٹایا گیا تو اس کے نیچے ایک انسان تھا۔ اس نے اپنا سر اُٹھایا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: چہرہ بگڑ جائے! حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو میں نے تمہارے لیے ذخیرہ رکھا تھا' مجھے بتاؤ! وہ کیا ہے؟ آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: میں نے اس کے لیے سورۂ دخان چھپائی ہے۔ اس نے سورۂ دخان بتا دی تو حضور ﷺ نے اسے فرمایا: تیرے لیے نقصان جو اللہ چاہے ہوگا' پھر آپ واپس آئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ اِلَّا ابْنُهُ الْحَسَنُ، وَلَا عَنِ ابْنِهِ اِلَّا ابْنُهُ زِيَادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ عِيسَى التَّنُوخِيُّ

یہ حدیث فرات القزاز سے ان کے بیٹے حسن روایت کرتے ہیں' ان کے بیٹے سے ان کے بیٹے زیاد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن عیسیٰ التنوخی اکیلے ہیں۔

**3876** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

3876- اخرجه مسلم: الوصية جلد 3 صفحه 1256' وابو داؤد: الوصايا جلد 3 صفحه 111 رقم الحديث: 2863

Marfat.com

قَالَ: نا مَزْدَادُ بْنُ جَمِيلٍ الْبَهْرَانِيُّ قَالَ: نا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ الظِّهْرِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ الْأَجْدَعِ قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: مَا تَرَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةً، وَلَا بَعِيرًا، وَلَا دِينَارًا، وَلَا دِرْهَمًا، وَلَا أَوْصَى بِشَيْءٍ

نے کوئی بکری اونٹ درہم دینار بطور نہیں چھوڑے نہ کسی مال کی کسی آدمی کے لیے وصیت فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث جعفر بن حارث سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔

**3877** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَتِيقٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّاطَرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: تَرَاءَى النَّاسُ الْهِلَالَ، فَأَخْبَرْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي رَأَيْتُهُ، فَصَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَرَ النَّاسَ بِصِيَامِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ لوگوں نے چاند دیکھا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو بتایا کہ میں نے بھی دیکھا ہے حضور ﷺ نے خود بھی روزہ رکھا اور لوگوں کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ نَافِعٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَالِمٍ، وَلَا عَنْ يَحْيَى إِلَّا ابْنُ وَهْبٍ تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ الطَّاطَرِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث بکر بن نافع سے صرف یحییٰ بن عبداللہ بن سالم اور یحییٰ سے ابن وہب روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں مروان الطاطری اکیلے ہیں حضرت ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے۔

---

وابن ماجة: الوصايا جلد2صفحه900 رقم الحديث: 2695 .

3877- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد 2صفحه312 رقم الحديث: 2342' والدارمي: الصوم جلد 2صفحه9 رقم الحديث: 1691' والدارقطني: سننه جلد2صفحه156 رقم الحديث: 1-2 .

Marfat.com

3878 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا سَلَمَةُ الْعَوْصِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، وَالسَّلَامُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رات کے نوافل دو دو رکعتیں ہیں اور سلام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ، وَلَا عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا سَلَمَةُ الْعَوْصِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث مغیرہ سے علی بن صالح اور حضرت علی سلمہ العوصی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن عثمان اکیلے ہیں۔

3879 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَخِيهِ عِيسَى، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، أَنَّ جِبْرِيلَ، أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبُرَاقِ، فَحَمَلَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَجَعَلَ يَسِيرُ بِهِ، فَإِذَا بَلَغَ مَكَانًا مُطَّاطِيًا طَالَتْ يَدَاهَا وَقَصُرَتْ رِجْلَاهَا حَتَّى تَسْتَوِيَ بِهِ، وَإِذَا بَلَغَ مَكَانًا مُرْتَفِعًا قَصُرَتْ يَدَاهَا وَطَالَتْ رِجْلَاهَا حَتَّى تَسْتَوِيَ، ثُمَّ عَرَضَ لَهُ رَجُلٌ عَنْ يَمِينِ الطَّرِيقِ، فَجَعَلَ يُنَادِيهِ: يَا مُحَمَّدُ إِلَى الطَّرِيقِ مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ جِبْرِيلُ: امْضِ وَلَا تُكَلِّمْ أَحَدًا ثُمَّ عَرَضَ لَهُ رَجُلٌ عَنْ يَسَارِ الطَّرِيقِ وَحْدَهُ فَقَالَ لَهُ: إِلَى الطَّرِيقِ يَا

حضرت عبدالرحمٰن بن لیلیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس براق لے کر آئے' آپ کو اپنے آگے بٹھایا اور چلانے لگے' جب پست مقام پر پہنچے تو اس براق کے ہاتھ لمبے ہو گئے اور پاؤں چھوٹے' یہاں تک کہ سیدھا ہو گیا' جب مقامِ بلند پر پہنچے تو اس کے ہاتھ چھوٹے اور پاؤں لمبے ہو گئے' یہاں تک کہ سیدھا ہو گیا' پھر راستے کی دائیں طرف سے آپ کے سامنے ایک آدمی آیا' وہ آواز دینے لگا: اے محمد! اس راستے کی طرف! دو دفعہ عرض کی' حضرت جبریل نے عرض کی: چلیں کسی سے گفتگو نہ کریں۔ پھر راستے کی بائیں جانب سے ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: اے محمد! اس راستے کی طرف' دو دفعہ عرض کی تو حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: چلیں کسی سے

3878- أخرجه البخاري: الوتر جلد 2 صفحه 554 رقم الحديث: 990' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 519 ولم يذكرا. لفظ: ولاسلام' ولكن عند مسلم قال: فقيل لابن عمر: ما مثنى مثنى؟ قال: أن تسلم في اكل ركعتين .

3879- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 80: رواه الطبراني في الأوسط هكذا مرسلًا' وقال: لا يروى عن ابن أبي ليلى الا بهذا الاسناد ومع الارسال فيه محمد بن عبد الرحمن بن أبي ليلى وهو ضعيف .

Marfat.com

مُحَمَّدُ مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ: امْضِ وَلَا تُكَلِّمْ اَحَدًا، ثُمَّ عَرَضَتْ لَهُ امْرَاَةٌ حَسْنَاءُ جَمْلَاءُ فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ: هَلْ تَدْرِي مَنِ الرَّجُلُ الَّذِي عَنْ يَمِينِ الطَّرِيقِ؟، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قَالَ: تِلْكَ الْيَهُودُ، دَعَتْكَ اِلَى دِينِهِمْ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ تَدْرِي مَنِ الرَّجُلُ الَّذِي دَعَاكَ عَلَى يَسَارِ الطَّرِيقِ؟ قَالَ لَا قَالَ تِلْكَ النَّصَارَى دَعَتْكَ اِلَى دِينِهِمْ، هَلْ تَدْرِي مَنِ الْمَرْاَةُ الْحَسْنَاءُ الْجَمْلَاءُ؟ قَالَ: تِلْكَ الدُّنْيَا، تَدْعُوكَ اِلَى نَفْسِهَا، ثُمَّ انْطَلَقْنَا حَتَّى اَتَيْنَا بَيْتَ الْمَقْدِسِ، فَاِذَا هُوَ بِنَفَرٍ جُلُوسٍ، فَقَالُوا حِينَ اَبْصَرُوهُ: مَرْحَبًا بِمُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ، وَاِذَا فِي النَّفَرِ الْجُلُوسِ شَيْخٌ، فَقَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا اَبُوكَ اِبْرَاهِيمُ، ثُمَّ سَاَلَهُ فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: مُوسَى، ثُمَّ سَاَلَهُ مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، ثُمَّ اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَتَدَافَعُوا حَتَّى قَدَّمُوا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَتَوْا بِاَشْرِبَةٍ فَاخْتَارَ مُحَمَّدٌ اللَّبَنَ، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ: اَصَبْتَ الْفِطْرَةَ ثُمَّ قِيلَ لَهُ: قُمْ مَعِي اِلَى رَبِّكَ، فَقَامَ، فَدَخَلَ، ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ لَهُ: مَاذَا صَنَعْتَ قَالَ: فُرِضَتْ عَلَى اُمَّتِي خَمْسُونَ صَلَاةً قَالَ لَهُ مُوسَى: ارْجِعْ اِلَى رَبِّكَ فَسَلْهُ التَّخْفِيفَ لِاُمَّتِكَ، فَاِنَّكَ لَا تُطِيقُ هَذَا فَرَجَعَ، ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ لَهُ مُوسَى: مَاذَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: رَدَّهَا اِلَى خَمْسٍ وَعِشْرِينَ صَلَاةً، فَقَالَ لَهُ مُوسَى: ارْجِعْ اِلَى رَبِّكَ، فَسَلْهُ

گفتگو نہ کریں۔ پھر آپ ﷺ کے سامنے ایک خوبصورت عورت آئی تو حضرت جبریل علیہ السلام نے آپ سے عرض کی: کیا آپ اس آدمی کو جانتے ہیں جو آپ کی دائیں جانب سے آیا تھا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: نہیں! حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: یہ یہود تھا جو آپ کو اپنے دین کی طرف بلا رہا تھا' پھر عرض کی: آپ اس آدمی کو جانتے ہیں جو آپ کی بائیں جانب سے آیا تھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! فرمایا: وہ نصاریٰ تھا جو آپ کو اپنے دین کی طرف بلا رہا تھا' کیا آپ کو معلوم ہے کہ جو خوبصورت عورت آپ کو بلا رہی تھی' وہ کون تھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: یہ دنیا تھی جو آپ کو اپنی طرف بلا رہی تھی۔ پھر چلے یہاں تک کہ بیت المقدس پہنچے' وہاں ایک گروہ تشریف فرما تھا' انہوں نے جس وقت آپ کو دیکھا تو عرض کی: نبی اُمّی محمد ﷺ کو خوش آمدید! اس گروہ میں ایک بزرگ تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: یہ کون ہیں؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: یہ آپ کے باپ جناب ابراہیم علیہ السلام ہیں' پھر پوچھا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: موسیٰ علیہ السلام' پھر آپ ﷺ نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں' پھر نماز کے لیے اقامت کہی گئی' آگے کرنے کے متعلق گفتگو ہونے لگی یہاں تک کہ سب نے محمد ﷺ کو آگے کیا' پھر آپ کے پاس مشروبات لائے گئے' حضور ﷺ نے دودھ پسند کیا' حضرت جبریل نے

Marfat.com

التَّخْفِيفَ لِأُمَّتِكَ، فَإِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيقُ هٰذَا، فَرَجَعَ، ثُمَّ جَاءَ حَتّٰى رَدَّهَا إِلَى خَمْسٍ، فَقَالَ لَهُ مُوسَى: ارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ، فَسَلْهُ التَّخْفِيفَ لِأُمَّتِكَ، فَقَالَ: قَدِ اسْتَحْيَيْتُ مِنْ رَبِّي مَا أُرَاجِعُهُ، وَقَدْ قَالَ لِي: لَكَ بِكُلِّ رَدَّةٍ رُدِدْتَهَا مَسْأَلَةٌ أُعْطِيكَهَا

عرض کی: آپ نے فطرت کو پایا ہے۔ پھر حضرت جبریل نے عرض کی: آپ میرے ساتھ اپنے رب کے پاس جانے کے لیے اُٹھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے' اس کے بعد داخل ہوئے' پھر آئے' آپ سے عرض کی گئی: آپ کو کیا عطا ہوا؟ آپ نے فرمایا: میری اُمت پر پچاس نمازیں فرض ہوئی ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اپنے ربّ کے پاس واپس جائیں اور اپنی اُمت کے لیے نمازیں کم کرنے کا سوال کریں کیونکہ آپ کی اُمت اس کی طاقت نہیں رکھے گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ عزوجل کی بارگاہ میں واپس آئے' پھر دوبارہ واپس تشریف لائے' حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: کتنی کم ہوئی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پچیس کم ہوئی ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: آپ دوبارہ اپنے رب کی بارگاہ میں جائیں اور اپنی اُمت کیلئے نمازیں کم کرنے کا سوال کریں کیونکہ آپ کی اُمت اس کی طاقت نہیں رکھے گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوبارہ واپس گئے' پھر آئے یہاں تک کہ پانچ رہ گئیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: دوبارہ واپس جائیں اور اپنی اُمت کیلئے کم کرنے کا سوال کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے اپنے رب سے حیاء آتی ہے' میں کیا واپس لے کر جاؤں' میرے ربّ نے مجھے فرمایا ہے کہ آپ نے ہر چکر (پھیرے) کے ساتھ جو سوال کیا میں نے آپ کا سوال پورا کیا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى إِلَّا

یہ حدیث ابن ابی لیلیٰ سے اسی سند سے روایت

Marfat.com

بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ

ہے' اس کو روایت کرنے میں ہارون بن مغیرہ اکیلے ہیں۔

**3880** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ أَبِي الصَّيْرِ النَّصْرِيُّ قَالَ: نا لَيْثٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَيْلٌ لِلْأُمَرَاءِ، وَيْلٌ لِلْأُمَنَاءِ، وَيْلٌ لِلْعُرَفَاءِ، لَيَأْتِيَنَّ عَلَى أَحَدِهِمْ يَوْمٌ يَوَدُّ أَنَّهُ مُعَلَّقٌ بِالنَّجْمِ أَبَدًا، وَأَنَّهُ لَمْ يَتَأَمَّرْ عَلَى اثْنَيْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: امراءُ امینوں اور عرفاء کے لیے ہلاکت ہے' اُن میں سے ہر ایک پر ایک دن ایسا آئے گا کہ وہ تمنا کرے گا کہ وہ ہمیشہ کے لیے ستارے سے لٹک جائے اور دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ کے لیے منصف نہ بنے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث لیث سے صرف عمر بن سعد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن موسیٰ اکیلے ہیں۔

**3881** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أَرَادَتْ عَائِشَةُ أَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيرَةَ، فَتُعْتِقَهَا، فَقَالَ مَوَالِيهَا: لَا، إِلَّا أَنْ تَجْعَلِي لَنَا الْوَلَاءَ، فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اشْتَرِيهَا، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ فَاشْتَرَتْهَا، وَأَعْتَقَتْهَا، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَشْتَرِطُونَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بریرہ کو خرید کر آزاد کرنے کا ارادہ کیا' بریرہ کے مولیٰ نے کہا: ہم اس شرط پر فروخت کریں گے کہ ولاء ہمارے لیے ہو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات حضور ﷺ کے ہاں کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو اس کو خرید لے کیونکہ ولاء اس کے لیے ہوتی ہے جو آزاد کرے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بریدہ کو خریدا اور آزاد کر دیا۔ حضور ﷺ کھڑے ہوئے اور فرمایا: ان لوگوں کا کیا حال ہے جو

**3880**- عزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 5صفحه202-203 أيضًا الى ابو يعلى' وقال: وفيه: أ .عمر بن سعيد البصري وهو ضعيف . ب .ليث بن أبي سليم وهو مدلس . (١)ثبت في الأصل (سعيد) واستدركناه من الاسناد نفسه .

**3881**- وذكره الهيثمي في المجمع جلد4صفحه345 وقال ما ذكرناه .

Marfat.com

شُرُوطًا لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ، اَلَا مَنْ شَرَطَ شَرْطًا لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ قَالَ: وَكَانَتْ تَحْتَ عَبْدٍ لِبَنِي الْمُغِيرَةِ يُدْعَى: مُغِيثًا، وَجَعَلَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخِيَارَ قَالَ: وَحَدَّثَ ابْنُ عَبَّاسٍ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ حَدَّثَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ عَلَيْهَا عِدَّةَ الْحُرَّةِ

ایسی شرطیں لگاتے ہیں جو اللہ کی کتاب میں نہیں ہیں خبردار! ایسی شرط جو کتاب اللہ میں نہ ہو وہ باطل ہے۔ حضرت بریرہ بنی مغیرہ کے ایک غلام مغیث کے نکاح میں تھیں حضور ﷺ نے حضرت مغیث کے ساتھ رہنے یا نہ رہنے کا حضرت بریرہ کو اختیار دے دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے حضرت بریرہ کی عدت آزاد عورت والی رکھی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا الْحَجَّاجُ الْبَاهِلِيُّ، وَهَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا عَنِ الْحَجَّاجِ اِلَّا مُعْتَمِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ وَلَمْ يَذْكُرْ هَمَّامٌ فِي حَدِيثِهِ حَدِيثَ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ

یہ حدیث قتادہ سے حجاج الباہلی اور ہمام بن یحییٰ روایت کرتے ہیں اور حجاج سے صرف معتمر روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن جامع اکیلے ہیں۔ ہمام نے اپنی حدیث میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے ذکر نہیں کی ہے۔

**3882** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ مَرْوَانَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّاطَرِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُطْعِمُ بْنُ الْمِقْدَامِ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ اَبِي سُورَةَ ابْنِ اَخِي اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَنَمٍ مِنْ نُحَاسٍ، فَضَرَبَ ظَهْرَهُ بِظَهْرِ كَفِّهِ، ثُمَّ قَالَ: خَابَ وَخَسِرَ مَنْ عَبَدَكَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ ثُمَّ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيلُ، وَمَعَهُ مَلَكٌ فَتَنَحَّى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تانبے کے بت کے پاس سے گزرے آپ نے اپنی ہتھیلی کی پیٹھ کے ساتھ اس کی پیٹھ کو مارا پھر فرمایا: وہ آدمی گھاٹے اور نقصان میں ہے جو اللہ کے علاوہ کسی اور کی عبادت کرے۔ پھر حضور ﷺ کے پاس حضرت جبریل آئے اور اُن کے ساتھ ایک اور فرشتہ بھی تھا وہ فرشتہ آپ سے دور ہٹ گیا آپ ﷺ نے فرمایا: ان کے پیچھے ہٹنے کی وجہ کیا ہے؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: آپ سے تانبے کی بو آ رہی ہے

**3882**- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **177**: وفيه يزيد بن يوسف، ضعفه ابن معين وغيره، ومتروك واثنى عليه ابو م سهر، وابو سبرة . قال الذهبي: لا يعرف، وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

الْمَلَكُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَأْنُهُ تَنَحَّى؟ قَالَ: إِنَّهُ وَجَدَ مِنْكَ رِيحَ نُحَاسٍ وَإِنَّا لَا نَسْتَطِيعُ رِيحَ النُّحَاسِ

ہم تانبے کی بو برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُطْعِمِ بْنِ الْمِقْدَامِ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث مطعم بن مقدام سے یزید بن یوسف روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مروان بن مطعم بن محمد اکیلے ہیں۔

**3883** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِي غَزْوَةِ حُنَيْنٍ لِثَمَانِ عَشَرَ خَلَتْ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ، وَهُوَ صَائِمٌ، فَمَرُّوا بِنَهْرٍ، فَشَدَّدُوا النَّظَرَ إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَشْرَبُونَ؟ فَقَالُوا: نَشْرَبُ وَأَنْتَ صَائِمٌ؟ فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِنَاءٍ، فَشَرِبَ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَةِ حُنَيْنٍ، وَالطَّائِفِ أَتَى الْجِعِرَّانَةَ، فَقَسَّمَ الْغَنَائِمَ بِهَا، وَاعْتَمَرَ مِنْهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ غزوۂ حنین کے لیے نکلے' اس وقت رمضان کے اٹھارہ دن گزر گئے تھے' آپ ﷺ روزہ کی حالت میں تھے' صحابہ کرام نے آپ کی طرف (بھوک و پیاس کی حالت میں) دیکھا' آپ ﷺ نے فرمایا: تم پانی پی لو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ نہیں پئیں گے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: ہم پئیں اور آپ روزہ کی حالت میں ہوں (ایسے نہیں ہوسکتا ہے)؟ حضور ﷺ نے پانی منگوایا اور نوش کیا' جب حضور ﷺ غزوۂ حنین اور طائف سے فارغ ہوئے تو آپ جعرانہ کے مقام پر آئے' آپ نے وہاں مالِ غنیمت تقسیم کیا اور اس جگہ سے عمرہ بھی کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زید بن یحییٰ بن عبید اکیلے ہیں۔

---

**3883-** أخرجه أحمد مختصرًا عن روح بن عبادة' ثنا هشام بن حسان' عن حميد الطويل' عن أنس رضي الله عنه بنحوه وقال الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 163: ورجال أحمد رجال الصحيح' ورجال الطبراني فيهم سعيد بن بشير وفيه كلام .

Marfat.com

**3884** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَرَاَ وَهُوَ جَالِسٌ فَبَقِيَتْ آيَةٌ، قَامَ فَقَرَاَهَا ثُمَّ رَكَعَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ (نفل) بیٹھ کر پڑھتے تو ایک آیت باقی رہ جاتی' آپ اس کو کھڑے ہو کر پڑھتے پھر رکوع کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث مطر الوراق سے سعید بن بشیر ہی روایت کرتے ہیں۔

**3885** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ لِمُعَاوِيَةَ فِي الْكَلَامِ الَّذِي جَرَى بَيْنَهُمَا فِي بَيْعَةِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ: وَاَنْتَ يَا مُعَاوِيَةُ، حَدَّثْتَنِي اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَ فِي الْاَرْضِ خَلِيفَتَانِ، فَاقْتُلُوا اَحَدَهُمَا

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن زبیر نے حضرت معاویہ سے فرمایا (اس گفتگو میں جو یزید بن معاویہ کی بیعت کے متعلق ہوئی) اے معاویہ! مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب ملک میں دو بادشاہ ہوں تو ان میں سے ایک کو مار دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا اَبُو بِشْرٍ، وَلَا عَنْ اَبِي بِشْرٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ

یہ حدیث عبداللہ بن زبیر سے صرف سعید بن جبیر اور سعید بن جبیر سے ابو بشر اور ابو بشر سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زید بن یحییٰ بن عبید اکیلے ہیں۔

---

**3884**- اصله فی البخاری ومسلم من طريق يحیٰی بن سعيد عن هشام بن عروة قال: أخبرنی أبی عن عائشة ۔ أخرجه البخاری: التهجد جلد**3**صفحه**40** رقم الحديث: **1148**' ومسلم: المسافرين جلد**1**صفحه**505** ۔ ولفظه ما رأيت النبی صلى الله عليه وسلم يقرأ فی شیء من صلاة الليل جالسًا' حتی اذا كبر قرأ جالسًا' فاذا بقی عليه من السورة ثلاثون أو أربعون آية قام فقرأهن' ثم ركع ۔

**3885**- عزاه الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد**5**صفحه**201** الی الكبير أيضًا وقال: ورجاله ثقات ۔

Marfat.com

**3886** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَلَفِ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ مِرْسَالٍ الْخَثْعَمِيُّ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا عَمِّي، إِسْمَاعِيلُ بْنُ مِرْسَالٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَ عَلَى قَبْرِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ بِصَخْرَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر پر نشان کے لیے پتھر رکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مِرْسَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ خَلَفٍ

زہری سے یہ حدیث اسماعیل بن مرسال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن خلف اکیلے ہیں۔

**3887** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ دَاوُدَ الْمُنْكَدِرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمِّي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهُ هَذَا الدُّعَاءَ فِي الْوِتْرِ اللَّهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنی فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے موسیٰ بن عقبہ اور موسیٰ

---

3886- أخرجه ابن ماجة: الجنائز جلد1صفحه498 رقم الحديث: 1561 في الزوائد: اسناده حسن .

3887- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 2صفحه64 رقم الحديث: 1425' والترمذي: الصلاة جلد2صفحه328 رقم الحديث: 464 وقال: هذا حديث حسن . والنسائي: قيام الليل جلد 3صفحه206 (باب الدعاء في الوتر)' وأحمد: المسند جلد1صفحه257 رقم الحديث: 1723' والطبراني في الكبير جلد3صفحه73 رقم الحديث: 2701 .

Marfat.com

مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا ابْنُ اَخِيهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ وَلَا يُرْوَى، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

بن عقبہ سے ان کے بھائی کے بیٹے اسماعیل بن ابراہیم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔ حضرت عائشہ' امام حسن سے اسی سند سے روایت کرتی ہیں۔

**3888** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: مَا اَقَلَّ طُعْمَكَ؟ قَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْكَافِرُ يَاْكُلُ فِي سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے عرض کی: آپ کا کھانا کم کیوں نہیں ہوتا ہے؟ حضرت ابوسعید نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، وَلَا يُرْوَى، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے علی بن معبد اور مجاہد سے ابوسعید اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔

**3889** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا الْخَصِيبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دَاوُدَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل کے اس ارشاد کہ میری عبادت سے کچھ بندے تکبر کرتے ہیں' فرمایا: عبادت سے مراد دعا ہے' عنقریب جہنم میں ذلیل وخوار

**3888**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**5**صفحه**36** وعزاه الى أبي يعلى أيضًا وقال: واسناد الطبراني ضعيف' وفي اسناد أبي يعلى مجالد بن سعيد وهو ضعيف أيضًا .

**3889**- اخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد**2**صفحه**77** رقم الحديث: **1479**' والترمذي: التفسير جلد **5**صفحه**374** رقم الحديث: **3247** وقال: هذا حديث حسن صحيح . وابن ماجة: الدعاء جلد **2**صفحه**1258** رقم الحديث: **3828**' وأحمد: المسند جلد **4**صفحه**332** رقم الحديث: **18416** . انظر الدر المنثور للسيوطي جلد **5** صفحه**355** .

Marfat.com

يُسَيِّعٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: (اِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي) (غافر:60) قَالَ: عَنْ دُعَائِي (سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ) (غافر:60)

ہوکر داخل کیے جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْخَصِيبُ بْنُ نَاصِحٍ

یہ حدیث سفیان سے خصیب بن ناصح روایت کرتے ہیں۔

3890 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو مُصْعَبٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِي لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ الَّتِي فِي الْبُيُوتِ وَقَالَ: كُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالْاَمِيرُ الَّذِي عَلَى النَّاسِ رَاعٍ وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلَى اَهْلِهِ، وَمَسْئُولٌ عَنْهُمْ، وَامْرَاَةُ الرَّجُلِ رَاعِيَةٌ عَلَى بَيْتِ زَوْجِهَا وَهِيَ مَسْئُولَةٌ عَنْهُ، وَعَبْدُ الرَّجُلِ رَاعٍ عَلَى مَالِ سَيِّدِهِ وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْهُ، اَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ

حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے گھروں میں رہنے والے جنوں کو مارنے سے منع فرمایا اور فرمایا: تم میں سے ہر کوئی نگہبان ہے' اس کے اس کی نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا' بادشاہ لوگوں پر امیر ہے اس سے اس کی نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا' آدمی اپنے گھر والوں پر نگہبان ہے اس سے اس کی نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا' عورت اپنے شوہر کے گھر کی نگہبان ہے اس سے اس کی نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا' غلام اپنے آقا کے مال کا نگہبان ہے اس سے اس کی نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا' خبردار! تم میں سے ہر کوئی نگہبان ہے' اس سے اس کی نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا۔

لَمْ يَقُلْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِي لُبَابَةَ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ دِينَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مُصْعَبٍ

اس حدیث کے متعلق روایت کرنے والوں میں سے کسی نے یہ نہیں کہا کہ عبیداللہ بن عمر سے' حضرت نافع سے' وہ ابن عمر سے' وہ ابولبابہ سے سوائے محمد بن ابراہیم کے۔ اس کو روایت کرنے میں ابومصعب اکیلے ہیں۔

3890- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 210 وعزاه الى الكبير أيضًا وقال: ورجال الكبير رجال الصحيح .
قلت: سند الكبير هو نفس سند الأوسط .

Marfat.com

**3891** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْخَزَّازُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ الْيَشْكُرِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَرِيرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بْنِ الْقَاسِمِ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مِيثَمٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ، يَقُولُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَرْضَى يَا عَلِيُّ إِذَا جَمَعَ النَّبِيِّينَ فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ عُرَاةً حُفَاةً مُشَاةً، قَدْ قَطَعَ أَعْنَاقَهُمُ الْعَطَشُ، فَكَانَ أَوَّلَ مَنْ يُدْعَى إِبْرَاهِيمُ، فَيُكْسَى ثَوْبَيْنِ أَبْيَضَيْنِ، ثُمَّ يَقُومُ، عَنْ يَمِينِ الْعَرْشِ، ثُمَّ يَفْجُرُ شَعْبٌ مِنَ الْجَنَّةِ إِلَى حَوْضِي، وَحَوْضِي أَعْرَضُ مِمَّا بَيْنَ بُصْرَى، وَصَنْعَاءَ، فِيهِ عَدَدُ نُجُومِ السَّمَاءِ، قَدَحَانِ مِنْ فِضَّةٍ، فَأَشْرَبُ، وَأَتَوَضَّأُ، ثُمَّ أُكْسَى ثَوْبَيْنِ أَبْيَضَيْنِ، ثُمَّ أَقُومُ، عَنْ يَمِينِ الْعَرْشِ، ثُمَّ تُدْعَى فَتَشْرَبُ، وَتَتَوَضَّأُ، وَتُكْسَى ثَوْبَيْنِ أَبْيَضَيْنِ، فَتَقُومُ مَعِي، وَلَا أُدْعَى لِخَيْرٍ إِلَّا دُعِيتَ لَهُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے علی! کیا تُو اس بات پر راضی نہیں کہ انبیاء علیہ السلام کو ایک جگہ جمع کیا جائے گا ننگے بدن اور ننگے پاؤں' پیدل ان کے گلے پیاس سے سوکھے ہوئے ہوں گے' سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کو بلایا جائے گا' ان کو سفید کپڑے پہنائے جائیں گے' پھر وہ عرش کی دائیں جانب کھڑے ہوں گے' پھر جنت سے میرے حوض تک ایک نالہ پھوٹے گا' میرے حوض کی چوڑائی بصریٰ سے صنعاء تک ہے' اس میں آسمان کے ستاروں کی تعداد کے برابر چاندی کے برتن ہوں گے' میں اس سے پیوں گا اور وضو کروں گا' پھر مجھے دو سفید کپڑے پہنائے جائیں گے' پھر میں عرش کی دائیں جانب کھڑا ہوں گا' پھر تمہیں بلایا جائے گا' تم پیو گے اور وضو کرو گے اور تمہیں دو سفید کپڑے پہنائے جائیں گے' تم میرے ساتھ ہی کھڑے ہو گے' خیر کے لیے بھی تمہیں ہی بلایا جائے گا۔

**3892** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْخَزَّازُ الْكُوفِيُّ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے یمن کی طرف بھیجا' میں نے

**3891**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه138: وفيه عمران بن ميثم وهو كذاب . وقال ابن حجر في اللسان جلد3صفحه52: وعبد المؤمن تالف أيضًا والخبر منكر جدًا' أورده ابن الجوزي في الموضوعات . (ا)ثبت في الأصل الحربي' والتصويب من الحديث (3892) .

**3892**- أخرجه أبو داؤد: الأقضية جلد 3صفحه299 رقم الحديث:3582' وأحمد: المسند جلد 1صفحه104 رقم الحديث:638 . انظر نصب الراية جلد4صفحه60-61 .

Marfat.com

قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَرِيرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بْنِ الْقَاسِمِ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، عَنْ سَعِيدٍ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي غُلَامٌ حَدَثُ السِّنِّ، وَلَا اُحْسِنُ اَقْضِي، فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ بَيْنَ كَتِفِي، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ سَيَهْدِي قَلْبَكَ، وَيُثَبِّتُ لِسَانَكَ، قَالَ عَلِيٌّ: فَمَا عَيِيتُ بِقَضَاءٍ بَيْنَ اثْنَيْنِ، حَتَّى جَلَسْتُ فِي مَجْلِسِي

عرض کی: یارسول اللہ! میں ابھی کم عمر ہوں' میں اچھی طرح فیصلہ نہیں کر سکتا ہوں' حضور ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھا' فرمایا: بے شک اللہ عزوجل آپ کے دل کو ہدایت دے گا اور آپ کی زبان کو مضبوط کرے گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: (اس کے بعد) مجھے مجلس میں بیٹھے ہوئے دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ میں کوئی تردّد نہیں ہوا۔

هَذَا لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ، عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ اِلَّا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ الْقَاسِمِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: سُفْيَانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَرِيرِيُّ

یہ دونوں حدیثیں ابان بن تغلب سے صرف عبدالمؤمن بن القاسم روایت کرتے ہیں' ان دونوں حدیثوں کو روایت کرنے میں سفیان بن ابراہیم الحریری اکیلے ہیں۔

**3893** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي النَّضْرِ قَالَ: نا اَبُو النَّضْرِ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَاِذَا خَشِيتَ الصُّبْحَ فَاَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کی نماز دو دو رکعتیں ہیں' جب صبح ہونے کا خوف ہو تو ایک رکعت ساتھ ملا کر وتر کر لیا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا الْحَكَمُ بْنُ فُضَيْلٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو النَّضْرِ

• یہ حدیث خالد الحذاء سے صرف حکم بن فضیل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابونضر اکیلے ہیں۔

---

**3893**- أخرجه البخاري: الوتر جلد**2**صفحه**554** رقم الحديث: **990**' ومسلم: المسافرين جلد**1**صفحه**516** .

Marfat.com

**3894** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ شُعَيْبٍ النَّحْوِيُّ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ كُرَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، فَمَا زَادَ فَهُوَ صَدَقَةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مہمان نوازی تین دن ہے اس سے زیادہ صدقہ ہے۔

**3895** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَتَّابٍ الطَّيَالِسِيُّ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ كُرَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّمَا رَجُلٍ نَحَلَ ابْنَهُ نَحْلًا، فَبَانَ بِهِ الِابْنُ، فَاحْتَاجَ الْاَبُ، فَالِابْنُ اَحَقُّ بِهِ، وَاِنْ لَمْ يَكُنْ بَانَ بِهِ الِابْنُ، فَاحْتَاجَ الْاَبُ، فَالْاَبُ اَحَقُّ بِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی آدمی اپنے بیٹے کو عطیہ دے بیٹا لے کر جدا ہو جائے پھر باپ کو ضرورت پڑے تو اس کا زیادہ حق دار بیٹا ہی ہے اگر بیٹا جدا نہیں ہوا اور باپ کو ضرورت پڑی تو باپ اس کا زیادہ حق دار ہوگا۔

**3896** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: الْعَبَّاسُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الطَّيَالِسِيُّ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ كُرَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَصَّدَّقُ الْمَرْاَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا اِلَّا بِاِذْنِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت اپنے شوہر کے گھر سے صدقہ نہ کرے مگر شوہر کی اجازت کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ، عَنْ رِشْدِينِ بْنِ كُرَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، اِلَّا اَبُو زُهَيْرٍ

یہ تمام احادیث رشدین بن کریب اپنے والد سے رشدین سے ابوزہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

**3894**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد**8**صفحه**179** وقال ما ذكرناه .

**3895**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**4**صفحه**156** وقال ما ذكرناه .

**3896**- قال الهيثمي في المجمع جلد**3**صفحه**140**: وفيه رشدين كريب ضعفه أحمد وجماعة وقال ابن عدى: ممن يكتب حديثه على ضعفه .

Marfat.com

3897 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ الْبَرَّادُ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا الرَّبِيعُ بْنُ رَوْحٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ نُمَيْرٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْفَقَ عَلَى نَفْسٍ نَفَقَةً يَسْتَعِفُّ بِهَا فَهِيَ صَدَقَةٌ، وَمَنْ اَنْفَقَ عَلَى امْرَاَتِهِ وَوَلَدِهِ وَاَهْلِ بَيْتِهِ فَهِيَ صَدَقَةٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے اوپر خرچ کرتا ہے' مانگنے سے پرہیز کرتا ہے تو یہ بھی صدقہ ہے' جو اپنے بیوی بچوں گھر والوں پر خرچ کرتا ہے تو یہ بھی صدقہ ہے۔

3898 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا الرَّبِيعُ بْنُ رَوْحٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الرَّاجِعِ فِي هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ، اَكَلَ حَتَّى شَبِعَ قَاءَ، ثُمَّ رَجَعَ فِيهِ فَاَكَلَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کی مثال جو ہبہ کر کے واپس لیتا ہے' اس کتے کی طرح ہے کہ جب کتا سیر ہو جاتا ہے تو قے کرتا ہے' پھر واپس آ کر اس کو چاٹ لیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ اِلَّا عَدِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَلَا عَنْ عَدِيٍّ اِلَّا

یہ دونوں حدیثیں داؤد بن ابی ہند سے عدی بن عبدالرحمٰن اور عدی سے زبیدی اور زبیدی سے محمد بن

3897- اخرجه فی الكبير أيضًا من طريق ابراهيم بن طهمان' عن سهيل بن أبی صالح عن بشر بن نمير بالاسناد المذكور ومن طريق اسم اعيل بن عياش' عن بحير بن سعيد' عن خالد بن معدان' عن أبی أمامة مرفوعًا بنحوه . وقال الهيثمی فی المجمع جلد3صفحه123: رواه الطبرانی فی الأوسط والكبير باسناده فی أحدهما' يقصد الاسناد الثانی .

3898- اخرجه ابن ماجة: الهبات جلد 2صفحه797 رقم الحديث: 2384 نحوه' وفی الزوائد: اسناده رجاله ثقات' الا أنه منقطع' قال أحمد بن حنبل: لم يسمع خلاس بن عمرو الهجری من أبی هريرة شيئًا وأحمد: المسند جلد 2 صفحه647 رقم الحديث: 10391 .

Marfat.com

الزُّبَيْدِيُّ، وَلَا عَنِ الزُّبَيْدِيِّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا الرَّبِيعُ بْنُ رَوْحٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ

حرب اور محمد سے ربیع بن روح روایت کرتے ہیں' ان دونوں حدیثوں کو روایت کرنے میں عمران بن بکار اکیلے ہیں۔

**3899** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَاصِمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ ذَكْوَانَ، مَوْلَى عَائِشَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، وَيَنْهَى عَنْهُمَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھتے اور دیگر کو منع بھی کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ذَكْوَانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا ابْنُ اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو زُهَيْرٍ

یہ حدیث ذکوان سے محمد بن عمرو بن عطاء اور محمد بن عمرو سے ابن اسحاق روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوزہیر اکیلے ہیں۔

**3900** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو عُمَيْرِ بْنُ النَّحَّاسِ قَالَ: نا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ قَالَ: حَدَّثَنَا اَمِيرُنَا اِسْحَاقُ بْنُ قَبِيصَةَ قَالَ: تَلَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ هَذِهِ الْآيَةَ (اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ) (المائدة: 3) وَعِنْدَهُ كَعْبٌ، فَقَالَ كَعْبٌ: اِنِّي لَاَعْرِفُ اَهْلَ دِينٍ لَوْ اُنْزِلَتْ عَلَيْهِمْ فِي يَوْمٍ لَاتَّخَذُوهُ عِيدًا، فَقَالَ عُمَرُ: اُنْزِلَتْ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ، يَوْمَ جُمُعَةٍ

حضرت اسحاق بن قبیصہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ آیت کہ آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا' پڑھی آپ کے پاس حضرت کعب تھے' حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں ایک دین والوں کو پہچانتا ہوں' اگر یہ آیت ان پر نازل ہوتی تو وہ اس دن کو عید بناتے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ عرفہ کی رات جمعہ کے دن نازل ہوئی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَجَاءِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ

یہ حدیث رجاء بن ابی سلمہ سے صرف ضمرہ روایت

**3899**- اخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 25-26 رقم الحديث: 1280' والبيهقي في الكبرى جلد 2 صفحه 643 رقم الحديث: 4402 .

**3900**- عزاه الحافظ السيوطي الى ابن جرير . انظر الدر المنثور جلد 2 صفحه 258 .

Marfat.com

اِلَّا ضَمْرَةُ

کرتے ہیں۔

3901 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ شُرَحْبِيلَ قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ: أَنَّ جِبْرِيلَ نَزَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَوَّلِ مَا أُوحِيَ إِلَيْهِ، فَعَلَّمَهُ الْوُضُوءَ، فَلَمَّا فَرَغَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ بِيَدِهِ، فَانْتَضَحَ بِهِ فَرْجَهُ

حضرت اسامہ بن زید اپنے والد زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس آئے پہلی مرتبہ جو آپ کی طرف وحی لے کر آئے تھے تو آپ کو وضو کے متعلق بتایا۔ حضور ﷺ جب وضو کر کے فارغ ہوتے تو اپنے ہاتھ سے پانی لیتے اس کو اپنی شرمگاہ پر چھڑکتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ اللَّيْثِ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ شُرَحْبِيلَ، وَالْمَشْهُورُ مِنْ حَدِيثِ ابْنِ لَهِيعَةَ

یہ حدیث لیث سے صرف سعید بن شرحبیل روایت کرتے ہیں مشہور حدیث ابن لہیعہ کی ہے۔

3902 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ قَطَنٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اسْتَوْصِ مُعَاوِيَةَ، فَإِنَّهُ أَمِينٌ عَلَى كِتَابِ اللّٰهِ، وَنِعْمَ الْأَمِينُ هُوَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: اے محمد ﷺ! معاویہ کو نصیحت کریں کیونکہ وہ قرآن پاک کا امین ہے اور بہت اچھا امین ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا مَرْوَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ قَطَنٍ

یہ حدیث عبدالملک سے مروان روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن قطن اکیلے ہیں۔

3903 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3901- أخرجه أحمد: المسند جلد4صفحه200 رقم الحديث: 17492 .

3902- ذكره الهيثمي في المجمع جلد9صفحه360 وقال: وفيه محمد بن فطر ولم أعرفه، وعلى بن سعيد الرازى، وفيه لين وبقية رجاله رجال الصحيح .

3903- ذكره الحافظ في المجمع جلد2صفحه122 وقال: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ قَالَ: نا اَبُو دَاوُدَ الطَّیَالِسِیُّ قَالَ: نا شُعْبَةُ، وَاَیُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقْرَاُ فِی الصُّبْحِ بِ یس

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کے وقت سورۂ یٰسین پڑھتے تھے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا شُعْبَةُ وَاَیُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْهُمَا اِلَّا اَبُو دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ

یہ حدیث سماک سے شعبہ اور ایوب بن جابر روایت کرتے ہیں' ان دونوں سے ابوداؤد روایت کرتے ہیں' اس حدیث کو روایت کرنے میں عبداللہ بن عمران اکیلے ہیں۔

**3904** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِیدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ قَالَ: نا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقْرَاُ فِی الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ، وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر اور عصر کی نماز میں والسماء والطارق اور والسماء ذات البروج پڑھتے تھے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ

یہ حدیث سماک سے حماد بن سلمہ اور حماد سے ابوداؤد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن عمران اکیلے ہیں۔

**3905** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِیدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ الْخَوَّاصُ قَالَ: نا زَیْدُ بْنُ اَبِی الزَّرْقَاءِ قَالَ: ابْنُ لَهِیعَةَ قَالَ: نا عَیَّاشُ بْنُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آخر زمانہ میں فتنے ہوں گے' لوگوں کو ایسے ہی حاصل ہوں گے جس طرح سونا کان

**3904**- اخرجه ابو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **211** رقم الحديث: **805**' والترمذی: الصلاة جلد **2** صفحه **110** رقم الحديث: **307** وقال: هذا حديث حسن صحيح . والنسائی: الافتتاح جلد **2** صفحه **128** (باب القراءة فی الركعتين الأولیين من صلاة العصر)' واحمد: المسند جلد **5** صفحه **124-125** رقم الحديث: **21038** .

**3905**- وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد **7** صفحه **320**: وفيه ابن لهيعة وهو لين' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَرِيرٍ الْغَافِقِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ فِتْنَةٌ، يُحَصَّلُ النَّاسُ كَمَا يُحَصَّلُ الذَّهَبُ فِي الْمَعْدِنِ، فَلَا تَسُبُّوا اَهْلَ الشَّامِ، وَلَكِنْ سُبُّوا شِرَارَهُمْ، فَاِنَّ فِيهِمُ الْاَبْدَالَ، يُوشِكُ اَنْ يُرْسَلَ عَلَى اَهْلِ الشَّامِ سَبَبٌ مِنَ السَّمَاءِ، فَيُفَرِّقَ جَمَاعَتَهُمْ، حَتَّى لَوْ قَاتَلَهُمُ الثَّعَالِبُ غَلَبَتْهُمْ، فَعِنْدَ ذَلِكَ يَخْرُجُ خَارِجٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتِي فِي ثَلَاثِ رَايَاتٍ، الْمُكْثِرُ يَقُولُ: هُمْ خَمْسَةَ عَشَرَ اَلْفًا، وَالْمُقِلُّ يَقُولُ: هُمُ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا، اَمَارَتُهُمْ اَمِتْ اَمِتْ، يَلْقَوْنَ سَبْعَ رَايَاتٍ، تَحْتَ كُلِّ رَايَةٍ مِنْهَا رَجُلٌ يَطْلُبُ الْمُلْكَ، فَيَقْتُلُهُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا، وَيَرُدُّ اللّٰهُ اِلَى الْمُسْلِمِينَ اُلْفَتَهُمْ، وَنِعْمَتَهُمْ، وَقَاصِيَهُمْ وَدَانِيَهُمْ

سے حاصل ہوتا ہے شام والوں کو گالی نہ دو ہاں ان کے بُرے لوگوں کو گالی دو کیونکہ ان میں ابدال ہیں ہو سکتا ہے اللہ عزوجل شام والوں پر آسمان سے کوئی آفت نازل فرمائے ان کی جماعت کو علیحدہ علیحدہ کر دے یہاں تک کہ اگر لومڑیاں ان سے لڑائی کریں گی تو ان پر غالب آ جائیں گی اس وقت میری اولاد میں سے ایک آدمی تین جھنڈے لے کر نکلے گا ان کی زیادہ سے زیادہ تعداد پندرہ ہزار ہوگی اور کم از کم بارہ ہزار ہوں گے ان کی نشانی یہ ہوگی کہ وہ اَمِتْ اَمِتْ کہہ رہے ہوں گے ان کو سات جھنڈے والے ملیں گے ہر جھنڈے والا سلطنت کا طالب ہوگا اللہ عزوجل ان کو مار دے گا اللہ عزوجل مسلمانوں کے دلوں میں ایک دوسرے کی اُلفت اور اپنی نعمت اور اپنی رحمت لوٹا دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ اِلَّا زَيْدُ بْنُ اَبِي الزَّرْقَاءِ

یہ حدیث ابن لہیعہ سے زید بن ابی ورقاء روایت کرتے ہیں۔

**3906** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُصَرِّفُ بْنُ عَمْرٍو الْيَامِيُّ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي بُرَيْدَةُ بْنُ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ، عَنْ كُرْزِ بْنِ عَلْقَمَةَ قَالَ: قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدُ نَصَارَى نَجْرَانَ، سِتُّونَ رَاكِبًا، مِنْهُمْ اَرْبَعَةٌ وَعِشْرُونَ مِنْ اَشْرَافِهِمْ، وَالْاَرْبَعَةُ وَالْعِشْرُونَ مِنْهُمْ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ اِلَيْهِمْ يَئُولُ اَمْرُهُمْ، الْعَاقِبُ اَمِينُ

حضرت کرز بن عقلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نجران کے عیسائیوں کا وفد رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا ساٹھ سوار تھے۔ ان میں سے چوبیس قبیلوں کے بڑے اور سردار تھے۔ ان میں سے چوبیس تین گروہوں میں تھے۔ ان سب کا معاملہ انہیں کی طرف لوٹنے والا تھا۔ عاقب (پیچھے والا) قوم کا امین صاحب رائے اور ان کا مشورہ والا تھا۔ اور ایسا آدمی تھا کہ اس کی رائے اور حکم کے بغیر وہ کوئی کام نہ کرتے تھے۔ اس کا

**3906**- قال الهيثمي في المجمع جلد8صفحه241-242: وفيه بريدة بن سفيان وهو ضعيف .

Marfat.com

الْقَوْمِ وَذُو رَأْيِهِمْ، وَصَاحِبُ مَشُورَتِهِمْ، وَالَّذِي لَا يَصْدُرُونَ إِلَّا عَنْ رَأْيِهِ وَأَمْرِهِ، وَاسْمُهُ: عَبْدُ الْمَسِيحِ، وَالسَّيِّدُ عَالِمُهُمْ، وَصَاحِبُ رَحْلِهِمْ وَمُجْتَمَعِهِمْ، وَأَبُو حَارِثَةَ بْنُ عَلْقَمَةَ أَخُو بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، أُسْقُفُهُمْ وَحَبْرُهُمْ وَإِمَامُهُمْ، وَصَاحِبُ مَرَامِيهِمْ وَكَانَ أَبُو حَارِثَةَ قَدْ شَرُفَ فِيهِمْ حَتَّى حَسُنَ عِلْمُهُ فِي دِينِهِمْ، وَكَانَتْ مُلُوكُ الرُّومِ مِنَ النَّصْرَانِيَّةِ قَدْ شَرَّفُوهُ وَقَبِلُوهُ، وَبَنَوْا لَهُ الْكَنَائِسَ، وَبَسَطُوا عَلَيْهِ الْكَرَامَاتِ، لِمَا يَبْلُغُهُمْ عَنْهُ مِنِ اجْتِهَادِهِ فِي دِينِهِمْ، فَلَمَّا وَجَّهُوا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَجْرَانَ، جَلَسَ أَبُو حَارِثَةَ عَلَى بَغْلَةٍ لَهُ مُوَجِّهًا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِلَى جَنْبِهِ أَخٌ يُقَالُ لَهُ: كُرْزُ بْنُ عَلْقَمَةَ، يُسَايِرُهُ، إِذْ عَثَرَتْ بَغْلَةُ أَبِي حَارِثَةَ، فَقَالَ كُرْزٌ: تَعِسَ الْأَبْعَدُ، يُرِيدُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَلْ أَنْتَ تَعِسْتَ، فَقَالَ: وَلِمَ يَا أَخُ؟ فَقَالَ وَاللّٰهِ إِنَّهُ لَلنَّبِيُّ الَّذِي كُنَّا نَنْتَظِرُ، قَالَ لَهُ كُرْزٌ: وَمَا يَمْنَعُكَ وَأَنْتَ تَعْلَمُ هٰذَا؟ قَالَ: مَا صَنَعَ بِنَا هٰؤُلَاءِ الْقَوْمُ شَرَّفُونَا، وَأَمَّرُونَا، وَأَكْرَمُونَا، وَقَدْ أَبَوْا إِلَّا خِلَافَهُ، وَلَوْ قَدْ فَعَلْتُ نَزَعُوا مِنَّا كُلَّ مَا تَرَى، وَأَضْمَرَ عَلَيْهَا مِنْهُ أَخُوهُ كُرْزُ بْنُ عَلْقَمَةَ، يَعْنِي: أَسْلَمَ بَعْدَ ذٰلِكَ

نام عبدالمسیح تھا۔ سرداران کا عالم تھا' ان کے قافلے کا بڑا ساتھی بھی۔ بکر بن وائل کا بھائی ابوحارثہ بن علقمہ ان کا بشپ پادری بڑا عالم' ان کا امام اور ان مقاصد کا پہرے دار یہی تھا' ابوحارثہ ان میں اُن کے لیے بڑی بزرگ شخصیت تھے یہاں تک کہ اُن کے دین میں اس کا علم بڑا خوبصورت تھا۔ روم کے بادشاہ بھی عیسائی تھے۔ ان کے سامنے بھی وہ بزرگ اور مقبول تھے۔ ان بادشاہوں نے اس کے کہنے پر کئی عبادت گاہیں تعمیر کروائیں اور اس پر عنایات کی بارش کر دی کیونکہ انہیں اس بات کا بخوبی علم تھا کہ یہ اپنے مذہب کا مجتہد ہے۔ پس نجران سے جب انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضری کا ارادہ کیا۔ تو ابوحارثہ اپنی سواری پر بیٹھا۔ رسول کریم ﷺ کی طرف منہ کرتے ہوئے جبکہ اس کے پہلو میں اس کا بھائی کرز بن علقمہ تھا۔ وہ اس کے ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔ اچانک جب ابوحارثہ کی سواری پھسل گئی تو کرز کے منہ سے نکلا۔ ''تَعِسَ الْأَبْعَدُ'' (دور والا ہلاک ہو) اس کی مراد حضور ﷺ کی ذات تھی۔ ابوحارثہ نے اس کی بات سن کر فوراً کہا: بلکہ تُو ہلاک ہو! آگے سے اُسنے کہا: کیوں اے بھائی! تو ابوحارثہ نے کہا: قسم بخدا! وہ نبی ہے عرصۂ دراز سے ہم جس کے انتظار میں تھے۔ کرز نے اس سے کہا: آج تک تجھے کس بات نے روکا جبکہ تو جانتا تھا؟ اس نے کہا: اس قوم نے ہم سے جو سلوک کیا' بزرگ بنایا' آمر بنایا اور ہماری عزت کی' انہوں نے مخالفت کی اس بات کی' اگر میں یہ کام پہلے کرتا تو یہ کب

Marfat.com

کی میری عزت کرنا چھوڑ گئے ہوتے۔ اس کے بعد کرز بن علقمہ بھی مسلمان ہوگیا' یعنی اسی راستے پر چلا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كُرْزِ بْنِ عَلْقَمَةَ الْبَكْرِيِّ وَلَيْسَ بِالْخُزَاعِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث کرز بن علقمہ بکری سے اسی سند سے اور خزاعی سے بھی اسی سند کے ساتھ مروی ہے۔ اس حدیث کے ساتھ یونس بن بکیر منفرد ہیں۔

**3907** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدِ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو مُصْعَبٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ دِينَارٍ قَالَ: نا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَلْمَانَ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا خَيْرٌ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ فِي غَيْرِهِ، اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں ایک نماز دوسری مسجدوں کی ہزار نمازوں کے برابر ثواب کا درجہ رکھتی ہے سوائے مسجد حرام کے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ قَارِظٍ، عَنِ الْاَغَرِّ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ خَالِدٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدِ بْنِ خَالِدٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ دِينَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مُصْعَبٍ

یہ حدیث عبداللہ بن ابراہیم بن قارظ اغر سے اور عبداللہ سے سعید بن خالد اور سعید بن خالد سے ابن ابی ذئب اور ابن ابی ذئب سے محمد بن ابراہیم بن دینار روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابومصعب اکیلے ہیں۔

**3908** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدِ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ الْقَدَّاحُ قَالَ: حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں ایک نماز دوسری مسجدوں کی ہزار نمازوں کے برابر ثواب کا درجہ رکھتی ہے سوائے مسجد حرام کے۔

---

**3907**- أخرجه البخاري: مسجد مكة والمدينة جلد3 صفحه76 رقم الحديث: 1190' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه1012 .

**3908**- اخرجه ايضًا البزار من طريق عبد الرحمٰن بن عثمان بالاسناد المذكور' وقال الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه9: وروفيه أبو بحر البكراوي وثقه أحمد وأبو داؤد' وضعفه جماعة .

Marfat.com

بْنِ اَنَسٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِی هٰذَا اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ، اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی زِيَادٍ اِلَّا اَبُو بَحْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِیُّ

یہ حدیث عبیداللہ بن ابی زیاد سے صرف ابو بحر ہی روایت کرتے ہیں؛ اس کو روایت کرنے میں ابوکامل الجحدری اکیلے ہیں۔

**3909** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: نا اَرْطَاةُ اَبُو حَاتِمٍ، قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی كَرِيمَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِیَّ بْنَ اَبِی طَالِبٍ، وَهُوَ يَخْطُبُ عَلَى مِنْبَرِ الْكُوفَةِ، وَهُوَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّی سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِيَّاكُمْ وَلِبَاسَ الرُّهْبَانِ، فَاِنَّهُ مَنْ تَرَهَّبَ اَوْ تَشَبَّهَ فَلَيْسَ مِنِّی

حضرت ابوکریمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو جامع مسجد کوفہ کے منبر پر فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ راہبوں کے لباس پہننے سے بچو کیونکہ جو راہب بنا یا اس کی مشابہت اختیار کی اس کا تعلق مجھ سے نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِیٍّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ مِهْرَانَ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے؛ اس کو روایت کرنے میں محمد بن صالح بن مہران اکیلے ہیں۔

**3910** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا وَمَا اَحَدٌ اَحَقَّ بِاِيثَارِهِ مِنْ اَخِيهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم میں سے ہر کوئی اپنے حق کے اوپر اپنے بھائی کو ترجیح دیتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اَبُو

اس حدیث کو اعمش سے ابومعاویہ نے ہی روایت

3909- قال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد 5 صفحه 134: وشيخه علی بن سعيد الرازی ضعيف . قلت: اسناد ضعيف من اجل أرطاة .

Marfat.com

مُعَاوِيَةَ

کیا۔

**3911** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْكُوفِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَفَقَةُ الرَّجُلِ عَلَى أَهْلِهِ صَدَقَةٌ

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کا اپنے اہل خانہ پر خرچ کرنا صدقہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے محمد بن کثیر روایت کرتے ہیں۔

**3912** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا مِسْكِينُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي حُرَّةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ مَاءٍ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ مَاءُ زَمْزَمَ، فِيهِ طَعَامٌ مِنَ الطُّعْمِ، وَشِفَاءٌ مِنَ السَّقَمِ، وَاللَّهِ مَا عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ مَاءٌ شَرٌّ مِنْ مَاءِ بِئْرٍ بِوَادِي بَرَهُوتَ، كَرِجْلِ الْجَرَادِ مِنَ الْهَوَامِّ، يُصْبِحُ يَتَدَفَّقُ وَيُمْسِي لَا بِلَالَ بِهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زمین پر سب سے بہتر پانی آبِ زمزم ہے' یہ کھانے کا کھانا ہے اور بیماری سے شفاء ہے' اللہ کی قسم! روئے زمین پر وادی برھوت کے کنواں سے برا پانی کوئی نہیں ہے' یہ پانی مکڑی کی ٹانگ کی طرح ہے صبح کے وقت اس کا پانی ٹپک رہا ہوتا ہے اور شام کو ایک بوند بھی نہیں ہوتی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي حُرَّةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُهَاجِرٍ إِلَّا مِسْكِينُ بْنُ بُكَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي شُعَيْبٍ

یہ حدیث ابراہیم بن ابی حرہ سے صرف محمد بن مہاجر اور محمد بن مہاجر سے مسکین بن بکیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن احمد بن ابی شعیب اکیلے ہیں۔

---

3911- عزاه الهيثمي في المجمع جلد3صفحه123 الى الكبير أيضًا وقال ما ذكرناه .

3912- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11صفحه98 رقم الحديث: 11167 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه289: ورجاله ثقات' وصححه ابن حبان .

Marfat.com

**3913** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ نُوحٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي سَرْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلْقَمَةَ بْنِ اَبِي الْفَغْوَاءِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ حَفْصَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ اِلَّا عَشْرَ رَضَعَاتٍ، اَوْ بِضْعَ عَشْرَةَ

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ رضاعت میں دس یا دس سے زیادہ گھونٹوں کے پینے سے حرام کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَاقِدِيُّ

یہ حدیث زید بن اسلم سے ہشام بن سعید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں الواقدی اکیلے ہیں۔

**3914** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّرَسُوسِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ سَعِيدٍ الْمُسَاحِقِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَزِيغَ عَبْدًا عَمَّى عَلَيْهِ الْحِيَلَ

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل کسی بندے کے دل کو ٹیڑھا کرنا چاہتا ہے تو حقیقت اس پر پوشیدہ رکھتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**3915** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت

---

**3913**- قال الهيثمی فی المجمع جلد4صفحه265: وفيه الواقدی وهو ضعيف' وقد وثق .

**3914**- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد7صفحه213 وقال: وفيه محمد بن عيسٰی الطرسوسی وهو ضعيف .

**3915**- أخرجه البخاری: المظالم جلد5صفحه116 رقم الحديث: 2441' ومسلم: التوبة جلد4صفحه2120 .

Marfat.com

قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: اَتَى رَجُلٌ اِلَى ابْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي النَّجْوَى؟ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ يُدْنِي الْعَبْدَ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَضَعُ عَلَيْهِ كَنَفَهُ وسِتْرَهُ مِنَ النَّاسِ، وَيُقَرِّرُهُ بِذُنُوبِهِ، فَيَقُولُ: اَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا وَكَذَا؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، اَىْ رَبِّ، وَيَقُولُ: اَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا وَكَذَا؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، اَىْ رَبِّ، فَاِذَا قَرَّرَهُ بِذُنُوبِهِ، وَرَاَى اَنَّهُ قَدْ هَلَكَ قَالَ: اِنِّي قَدْ سَتَرْتُهَا عَلَيْكَ الْيَوْمَ قَالَ: ثُمَّ يُعْطَى كِتَابَ حَسَنَاتِهِ قَالَ: وَاَمَّا الْمُنَافِقُ وَالْكَافِرُ، فَاِنَّهُ يُنَادَى عَلَى رُءُوسِ الْاَشْهَادِ: (هَؤُلَاءِ الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى رَبِّهِمْ) (هود: 18) الْآيَةَ

ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا' اس نے عرض کی: آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سرگوشی کے متعلق کیا سنا ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اللہ عزوجل قیامت کے دن ایک بندہ کو اپنے قریب کرے گا' لوگوں سے وہ اللہ کی حفاظت میں ہوگا اور ان کے درمیان اور اس کے درمیان پردہ ہوگا' اس سے گناہوں کا اقرار کروائے گا' فرمائے گا: کیا تُو فلاں فلاں گناہ کو جانتا ہے؟ وہ عرض کرے گا: اے رب! جی ہاں! اور اس کو فرمائے گا: کیا تُو فلاں فلاں گناہ جانتا ہے؟ وہ اقرار کرے گا: اے رب! جی ہاں! جب وہ اپنے گناہوں کا اقرار کرے گا اور اسے یقین ہو جائے کہ اب وہ ہلاک ہو گیا۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: میں نے آج تیرے گناہوں پر پردہ ڈال دیا ہے' پھر اس کی نیکیوں والا رجسٹر دیا جائے گا۔ منافق اور کافروں کو تمام لوگوں کے سامنے بلایا جائے گا اور کہا جائے گا: ''یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ باندھا تھا''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث نافع سے مالک بن مغول اور مالک بن مغول سے عبداللہ بن محمد بن مغیرہ روایت کرتے ہیں۔

**3916** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عُمَرَ الْجِنِّيُّ قَالَ: نا الْمُعَلَّى بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے کھجوروں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: یہ کیچڑ میں بھی کو مضبوط رہنے والی ہیں اور سخت بھوک میں مزے دار کھانا ہیں۔

3916- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه71: وفيه المعلى بن ميمون وهو متروك .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّخْلِ، فَقَالَ: تِلْكَ الرَّاسِخَاتُ فِي الْوَحْلِ، وَالْمُطْعِمَاتُ فِي الْمَحْلِ

**3917** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدُ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كُنْتُ فِي مَسْجِدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَلْقَةٍ فِيهَا اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، اِذْ مَرَّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ فَسَلَّمَ، فَرَدَّ عَلَيْهِ الْقَوْمُ، وَسَكَتَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، ثُمَّ رَفَعَ ابْنُ عَمْرٍو صَوْتَهُ بَعْدَ مَا سَكَتَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَحَبِّ اَهْلِ الْاَرْضِ اِلَى اَهْلِ السَّمَاءِ ؟ قَالُوا: بَلَى قَالَ: هُوَ هٰذَا الْمُقَفَّى، وَاللّٰهِ مَا كَلَّمْتُهُ كَلِمَةً، وَلَا كَلَّمَنِي كَلِمَةً مُنْذُ لَيَالِي صِفِّينَ، وَوَاللّٰهِ لَاَنْ يَرْضَى عَنِّي اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ يَكُونَ لِي مِثْلُ اُحُدٍ فَقَالَ لَهُ اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ: اَلَا تَغْدُو اِلَيْهِ؟ قَالَ: بَلَى فَتَوَاعَدَا اَنْ يَغْدُوَا اِلَيْهِ وَغَدَوْتُ مَعَهُمَا، فَاسْتَاْذَنَ اَبُو سَعِيدٍ: فَاَذِنَ لَهُ، فَدَخَلْنَا، فَاسْتَاْذَنَ لِابْنِ عَمْرٍو، فَلَمْ يَزَلْ بِهِ حَتَّى اَذِنَ لَهُ الْحُسَيْنُ، فَدَخَلَ، فَلَمَّا رَآهُ اَبُو سَعِيدٍ زَحَلَ لَهُ، وَهُوَ جَالِسٌ اِلَى جَنْبِ الْحُسَيْنِ فَمَدَّهُ الْحُسَيْنُ اِلَيْهِ، فَقَامَ ابْنُ عَمْرٍو فَلَمْ يَجْلِسْ فَلَمَّا رَاَى ذٰلِكَ خَلَّى عَنْ اَبِي سَعِيدٍ فَاَزْحَلَ

حضرت اسماعیل بن رجاء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی مسجد میں تھا' ایک ایسے حلقہ میں جس میں حضرت ابوسعید خدری اور حضرت عبداللہ بن عمرو بھی موجود تھے۔ اچانک وہاں سے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما گزرے' انہوں نے سلام کیا تو قوم نے ان کے سلام کا جواب دیا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو خاموش رہے' پھر قوم کے خاموش ہونے کے بعد ابن عمرو کی آواز اونچی ہوئی' کہنے لگے: وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! پھر قوم کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا میں تمہیں ایسے شخص کے متعلق نہ بتاؤں جو آسمان والوں کو تمام زمین والوں سے زیادہ محبوب ہے' انہوں نے کہا: کیوں نہیں! فرمایا: وہ یہ جانے والا ہے' اللہ کی قسم! میں نے اُس سے کلام نہیں کی نہ میرے ساتھ اُس نے کلام کی ہے صفین کی جنگ کی کے زمانے سے لے کر آج تک' اللہ کی قسم! مجھ سے ان کا راضی ہونا مجھے اُحد پہاڑ کے برابر سونے سے زیادہ محبوب ہے۔ حضرت ابوسعید نے عبداللہ بن عمرو کو فرمایا: کیا آپ کل صبح اُن کے پاس چلیں گے نہیں؟ فرمایا: کیوں نہیں! ان دونوں نے دوسرے دن جانے کا وعدہ کیا۔ دوسرے دن میں ان دونوں کے ساتھ گیا' حضرت ابوسعید نے اجازت مانگی تو آپ کو اجازت دی گئی۔ ہم داخل ہوئے اور ابن

**3917**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه189-190 وقال: وفيه علي بن سعيد بن بشير فيه لين' وهو حافظ' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

لَهُ فَجَلَسَ بَيْنَهُمَا فَقَصَّ أَبُو سَعِيدٍ الْقِصَّةَ فَقَالَ: أَكَذٰلِكَ يَا ابْنَ عَمْرٍو؟ أَتَعْلَمُ أَنِّي أَحَبُّ أَهْلِ الْأَرْضِ إِلَى أَهْلِ السَّمَاءِ؟ قَالَ: إِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، إِنَّكَ لَأَحَبُّ أَهْلِ الْأَرْضِ إِلَى أَهْلِ السَّمَاءِ قَالَ: فَمَا حَمَلَكَ عَلَى أَنْ قَاتَلْتَنِي وَأَبِي يَوْمَ صِفِّينَ؟ وَاللّٰهِ لَأَبِي خَيْرٌ مِنِّي قَالَ: أَجَلْ، وَلٰكِنَّ عَمْرًا شَكَانِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ يَقُومُ اللَّيْلَ، وَيَصُومُ النَّهَارَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلِّ، وَنَمْ، وَصُمْ، وَأَفْطِرْ، وَأَطِعْ عَمْرًا فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ صِفِّينَ أَقْسَمَ عَلَيَّ، وَاللّٰهِ مَا كَثَّرْتُ لَهُمْ سَوَادًا، وَلَا اخْتَرَطْتُ لَهُمْ سَيْفًا، وَلَا طَعَنْتُ بِرُمْحٍ وَلَا رَمَيْتُ بِسَهْمٍ، فَقَالَ لَهُ الْحُسَيْنُ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّهُ لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوقٍ فِي مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ قَالَ: بَلَى قَالَ: فَكَأَنَّهُ قَبِلَ مِنْهُ

عمرو کے لیے اجازت مانگی' مسلسل آپ سے اجازت مانگتے رہے یہاں تک کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دی تو وہ بھی داخل ہوئے۔ جب حضرت ابوسعید نے دیکھا تو اس جگہ سے اُٹھنے لگے۔ حضرت ابوسعید' حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے ان کا ہاتھ کھینچ کر اپنے پاس بٹھایا۔ حضرت ابن عمرو آ کر کھڑے ہو گئے وہ بیٹھے نہیں' جب ابوسعید کے پاس خالی جگہ دیکھی تو ان دونوں کے درمیان بیٹھ گئے۔ حضرت ابوسعید نے سارا قصہ بیان کر دیا تو آپ نے فرمایا: اے ابن عمرو! اس طرح ہے؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ تمام زمین والوں میں سے زیادہ آسمان والے ان سے محبت کرتے ہیں؟ فرمایا: ربِ کعبہ کی قسم! جی ہاں! آپ تمام زمین والوں میں سے آسمان والوں کو پیارے ہیں۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کو صفین کے دن میرے اور میرے والد کے ساتھ جنگ کرنے پر کس نے اُبھارا تھا؟ اللہ کی قسم! میرے والد مجھ سے بہتر ہیں۔ حضرت عمرو نے عرض کی: جی ہاں! ہوا ایسے کہ حضرت عمرو نے میری شکایت حضور ﷺ سے کی' فرمایا: عبداللہ رات کو قیام کرتا ہے اور دن کو روزہ رکھتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: نماز بھی پڑھ اور سو بھی' روزہ بھی رکھ اور افطار بھی کر اور عمرو کی بات مان۔ جب صفین کا دن تھا تو اس نے مجھ پر قسم اُٹھائی: اللہ کی قسم! ان کے سواروں کی کثرت کا باعث نہیں بنا' ان کے لیے تلوار بھی نہیں سونتی نہ نیزہ مارا نہ تیر

Marfat.com

مارا۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے ان کو فرمایا: کیا آپ کو معلوم نہیں کہ خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت جائز نہیں ہے؟ غرض کی: کیوں نہیں! راوی کا بیان ہے: گویا ابن عمرو نے آپ کی بات قبول کر لی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ إِلَّا هَاشِمُ بْنُ الْبَرِيدِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ هَاشِمٍ إِلَّا ابْنُهُ عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ

یہ حدیث اسماعیل بن رجاء سے صرف ہاشم بن برید اور ہاشم سے ان کے بیٹے علی بن ہاشم روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں عبادہ بن یعقوب اکیلے ہیں۔

**3918** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْجَدِّيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، وَيَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، وَشُعْبَةُ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، كُلُّهُمْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَمَا يَخْشَى الَّذِي يَرْفَعُ رَأْسَهُ وَالْإِمَامُ سَاجِدٌ أَنْ يُحَوِّلَ اللَّهُ رَأْسَهُ رَأْسَ حِمَارٍ؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس آدمی کو ڈرنا چاہیے جو اپنا سر امام کے سجدہ کی حالت میں ہونے سے پہلے اُٹھاتا ہے کہ اس کا سر گدھے کے سر کی طرح نہ ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ الْجَدِّيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث یزید بن ابراہیم سے صرف عبدالملک الجدی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن منصور اکیلے ہیں۔

**3919** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سفید لباس پہنو کیونکہ وہ زیادہ

---

3918- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه214 رقم الحديث: 691' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه320 .

3919- أخرجه الترمذي: الأدب جلد5صفحه117 رقم الحديث: 2810 وقال: هذا حديث حسن صحيح . والنسائي: الزينة جلد8صفحه181 (باب الأمر بلبس البيض من الثياب) . وأحمد: المسند جلد5صفحه19 رقم الحديث: 20175 .

Marfat.com

الْمَلِكِ بْنُ اَبِی عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَيْبَةَ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِی ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ اَبِی شَبِيبٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبَسُوا الثِّيَابَ الْبِيضَ، فَاِنَّهَا اَطْهَرُ، وَاَطْيَبُ وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ

پاک اور خوبصورت ہے اور اسی میں مردوں کو کفن دو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمْزَةَ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ

یہ حدیث حمزہ سے ولید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عثمان اکیلے ہیں۔

**3920** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا اِدْرِيسُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: قَالَ اَبُو جُحَيْفَةَ: دَخَلْتُ عَلَى عَلِيٍّ فِي بَيْتِهِ، فَقُلْتُ: يَا خَيْرَ النَّاسِ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَهْلًا، وَيْحَكَ يَا اَبَا جُحَيْفَةَ، اَلَا اُخْبِرُكَ بِخَيْرِ النَّاسِ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ؟ اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَيْحَكَ يَا اَبَا جُحَيْفَةَ، لَا يَجْتَمِعُ حُبِّي وَبُغْضُ اَبِی بَكْرٍ وَعُمَرَ فِي قَلْبِ مُؤْمِنٍ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس ان کے گھر میں آیا' میں نے عرض کی: اے رسول اللہ ﷺ کے بعد سب سے بہتر ہستی! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوجحیفہ! ٹھہر تیرے لیے ہلاکت ہو! کیا میں تجھے نہ بتاؤں کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد افضل کون ہے؟ فرمایا: ابوبکر و عمر' اے ابوجحیفہ! تیرے لیے ہلاکت ہو! میری محبت اور ابوبکر و عمر کا بغض کسی مؤمن کے دل میں جمع نہیں ہوسکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ اِلَّا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ، وَلَا عَنِ الْفَضْلِ اِلَّا اِدْرِيسُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ

یہ حدیث قاسم بن ولید سے فضل بن مختار اور فضل سے ادریس بن یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں نصر بن مرزوق اکیلے ہیں۔

**3921** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَتِيقٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا اَبُو

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس سے علم کے متعلق پوچھا گیا اور

**3920**- قال الهيثمی فی المجمع جلد9صفحه56: وفيه الفضل بن المختار وهو ضعيف ـ

**3921**- قال الهيثمی فی المجمع جلد1صفحه166: وفيه حسان بن سياه ضعفه ابن عدی' وابن حبان والدارقطنی ـ

Marfat.com

صَفْوَانَ الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَوَانَةَ قَالَ: نا حَسَّانُ بْنُ سِيَاهٍ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهُ جِيءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَدْ أُلْجِمَ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ

اس نے اس کو چھپایا تو قیامت کے دن اسے آگ کی لگام ڈالی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ذَكْوَانَ إِلَّا حَسَّانُ بْنُ سِيَاهٍ، وَلَا عَنْ حَسَّانَ إِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ أَبُو صَفْوَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَتِيقٍ

یہ حدیث حسن بن ذکوان سے حسان بن سیاہ اور حسان سے قاسم بن یزید' ابوصفوان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالسلام بن عتیق اکیلے ہیں۔

**3922** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُضِيفَ أَحَدَ الْخَصْمَيْنِ دُونَ الْآخَرِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دو جھگڑا کرنے والوں میں سے ایک کی طرف دوسرے کو چھوڑ کر نسبت کرنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ إِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث داؤد بن ابی ھند سے قاسم بن غصن ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

**3923** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب جمعہ کا دن ہو تو مجھ پر کثرت سے درود پڑھو' مجھ پر تمہارا درود پیش کیا جاتا ہے اور میرے لیے وسیلہ کی دعا مانگو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وسیلہ کیا ہے؟ فرمایا: میرے ساتھ جنت میں اعلیٰ

**3922**- قال الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **200**: وفيهم الهيثم بن غصن' ولم أجد من ذكره' وبقية رجاله ثقات . قلت: هو القاسم بن غصن' أعله ابن حجر في التلخيص جلد **4** صفحه **193-194** حيث قال: القاسم بن غصن مضعف .

Marfat.com

كَانَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَأَكْثِرُوا الصَّلَاةَ عَلَيَّ فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ تُعْرَضُ عَلَيَّ، وَسَلُوا لِي الْوَسِيلَةَ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا الْوَسِيلَةُ؟ قَالَ: أَعْلَى دَرَجَةٍ مَعِي فِي الْجَنَّةِ

مقام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے قاسم بن غصن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

**3924** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ قَالَ: نا أَبُو مَعْشَرٍ الْبَرَّاءُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ: نا أَيُّوبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ، بِمَكَّةَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ يَقُولُ: صَامَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَنْ لَمْ يَكُنْ صَامَهُ مِنْكُمْ فَلْيَصُمْهُ

حضرت ایوب بن عبداللہ بن یسار رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے معاویہ سے مکہ میں عاشوراء کے دن فرماتے ہوئے سنا: اس دن رسول اللہ ﷺ نے روزہ رکھا' جس نے روزہ نہ رکھا ہو اس کو چاہیے کہ بقیہ دن روزہ رکھ لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ إِلَّا أَبُو مَعْشَرٍ الْبَرَّاءُ، تَفَرَّدَ بِهِ: لُوَيْنٌ

یہ حدیث عبداللہ بن ابی عثمان سے ابومعشر البراء روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں لوین اکیلے ہیں۔

**3925** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الرَّازِيُّ قَالَ: نا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ان کا سامان چوری ہو گیا' رسول اللہ ﷺ نے سنا وہ بددعا کر رہی تھیں تو آپ نے فرمایا: اس کی بجائے اللہ کی تسبیح

---

3924- اصله في البخاري ومسلم من طريق ابن شهاب عن حميد بن عبد الرحمن انه سمع معاوية بن أبي سفيان رضي الله عنهما يوم عاشوراء عام حج على المنبر يقول: يا أهل المدينة' أين علماؤكم؟ سمعت رسول الله ﷺ يقول: هذا يوم عاشوراء' ولم يكتب الله عليكم صيامه' وأنا صائم' فمن شاء فليصم ومن شاء فليفطر . أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه287 رقم الحديث:2003' ومسلم: الصيام جلد2صفحه795 بنحوه .

3925- اخرجه أبو داود: الصلاة جلد2صفحه81 رقم الحديث: 1497' وأحمد: المسند جلد6صفحه51 رقم الحديث:24238 .

Marfat.com

اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهُ سُرِقَ لَهَا مَتَاعٌ، فَسَمِعَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَدْعُو، فَقَالَ: لَا تُسَبِّخِي عَنْهُ

کیوں نہیں کر لیتی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سَالِمٍ، وَلَا عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا اَبُو عَوَانَةَ، وَلَا عَنْ اَبِي عَوَانَةَ اِلَّا هِشَامُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ

یہ حدیث مجاہد سے اسماعیل بن سالم اور اسماعیل سے ابوعوانہ اور ابوعوانہ سے ہشام بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حماد الطہرانی اکیلے ہیں۔

**3926** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْوَلِيدِ الزَّيْتُونِيُّ، مِنْ اَهْلِ الزَّيْتُونَةِ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ، فَاِنِ اشْتَجَرُوا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نکاح صرف ولی کے کرنے سے ہوتا ہے' اگر ولی جھگڑیں تو جس کا کوئی ولی نہیں ہے تو اس کا ولی بادشاہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، وَلَا عَنْ عِيسَى اِلَّا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ

یہ حدیث اعمش سے صرف عیسیٰ بن یونس اور عیسیٰ سے عمرو بن عثمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عباس اکیلے ہیں۔

**3927** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الزَّيْتُونِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَبُوكَ عِشْرِينَ لَيْلَةً يَقْصُرُ الصَّلَاةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ غزوۂ تبوک میں بیس راتیں رہے' آپ ان دنوں میں نماز قصر کرتے تھے۔

---

**3926**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**4**صفحه**289**: وفيه عمرو بن عثمان الرقي وهو متروك .

**3927**- قال الهيثمي في المجمع جلد**2**صفحه**161**: وفيه عمرو بن عثمان الكلابي وهو متروك .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا عِيسَى، وَلَا عَنْ عِيسَى إِلَّا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ

یہ حدیث اوزاعی سے عیسیٰ اور عیسیٰ سے عمرو بن عثمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عباس اکیلے ہیں۔

**3928** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: نا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ریت کے ٹیلے میں زکوٰۃ نہیں ہے' کنویں میں زکوٰۃ نہیں ہے' ہاں مخفی خزانہ (جو جنگل میں ہو) میں خمس ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث لیث بن سعد سے یعقوب بن ابراہیم روایت کرتے ہیں۔

**3929** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ قَالَ: نا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ هَارُونَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ: هَا خَضِرَةٌ، فَقَالَ: يَا لَبَّيْكَ، نَحْنُ أَخَذْنَا فَأْلَكَ مِنْ فِيكَ، اخْرُجُوا بِنَا إِلَى خَضِرَةٍ فَخَرَجُوا إِلَيْهَا، فَمَا سُلَّ فِيهَا سَيْفٌ

حضرت کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف المزنی اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی سے سنا' وہ کہہ رہا تھا: یہ ہے سبز ترکاری' لے لو۔ آپ نے فرمایا: اے حاضر! ہم پکڑتے ہیں' جو تُو منہ مانگے وہ تیرے لیے ہے' نکلو' ہمیں خضرہ کی طرف لے چلو' پس وہ اس کی طرف نکلے۔ اس (کو کاٹنے) میں تلوار نہیں سونتی گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ إِلَّا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث کثیر بن عبداللہ سے ہارون بن عبداللہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

**3929**- أخرجه أيضًا في الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد 5صفحه109: وكثير بن عبد الله ضعيف جدًا' وقد حسن الترمذي حديثه' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

3930 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ مَيْسَرَةَ بْنِ شُرَيْحٍ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَدِّ الْاَبْوَابِ، اِلَّا بَابَ عَلِيٍّ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَدَدْتَ الْاَبْوَابَ كُلَّهَا، اِلَّا بَابَ عَلِيٍّ؟ قَالَ: مَا اَنَا سَدَدْتُ اَبْوَابَكُمْ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَدَّهَا

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سوائے حضرت علی کے دروازے کے مسجد کے تمام دروازے بند کرنے کا حکم دیا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ نے سارے دروازے بند کر دیئے سوائے حضرت علی کے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہارے دروازے بند نہیں کیے بلکہ اللہ نے اُن کو بند کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ مَيْسَرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث حکم سے معاویہ بن میسرہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سوید بن سعید اکیلے ہیں۔

3931 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ حَمَّادِ بْنِ طَلْحَةَ الْقَنَّادُ قَالَ: نا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعَتْ اُذُنَايَ، وَوَعَى قَلْبِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ ادَّعَى اِلَى غَيْرِ اَبِيهِ وَهُوَ يَعْرِفُ اَبَاهُ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی اس بات کو دونوں کانوں سے سنا اور اپنے دل میں یاد رکھا' آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنا نسب معلوم ہونے کے باوجود بدلا' اللہ عزوجل اس پر جنت حرام کردے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ اِلَّا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ حَمَّادٍ

یہ حدیث موسیٰ الجہنی سے صرف مندل بن علی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن حماد اکیلے ہیں۔

---

3930- اخرجه ايضًا احمد' و ابو يعلیٰ' والبزار' من طرق نحوه' وذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد9صفحه117 وقال: اسناده أحمد حسن. قلت: فی اسناد احمد' عبد الله بن الرقيم وهو مجهول' قال ابن حجر فی التقريبض وأما اسناد الأوسط فرجاله رجال الصحيح خلا شيخ الطبرانی' ومعاوية بن ميسرة وهما لا بأس بهما.

3931- أخرجه البخاری: الفرائض جلد 12صفحه54 رقم الحديث: 6766-6767' ومسلم: الايمان جلد 1صفحه80 رقم الحديث: 115-63.

Marfat.com

**3932** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا صَالِحُ بْنُ مِسْمَارٍ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْرُجْ نَادِ فِي النَّاسِ: مِنَ اللّٰهِ لَا مِنْ رَسُولِهِ، لَعَنَ اللّٰهُ قَاطِعَ السِّدْرِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جاؤ! اللہ کی طرف سے لوگوں کو نداء دو نہ کہ رسول کی طرف سے: بیری کو جڑ سے کاٹنے والے پر اللہ نے لعنت فرمائی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا هِشَامُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث عمرو بن دینار' حسن بن محمد سے اور عمرو سے صرف ابراہیم بن یزید اور ابراہیم سے ہشام بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**3933** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اتَّخَذَ شَعْرًا فَلْيُحْسِنْ إِلَيْهِ أَوْ لِيَحْلِقْهُ وَكَانَ أَبُو قَتَادَةَ يُرَجِّلُ شَعْرًا غِبًّا

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو بال رکھے اُن کو خوبصورت بنا کر رکھنے کی کوشش کرے یا ٹنڈ کروا دے۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ اپنے بالوں کو ایک دن چھوڑ کر کنگھی کیا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف یحییٰ بن سعید الاموی روایت کرتے ہیں۔

**3934** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ

حضرت عبداللہ بن نجی سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بصرہ کے دن سونا یا چاندی لے کر آئے

---

3932- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8صفحه118 وقال ما ذكرناه .

3933- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 5صفحه167 وقال: وشيخه علي بن سعيد الرازي' قال الدارقطني: ليس بالقوي' وبقية رجاله رجال الصحيح . قلت: فيه سليمان بن عمر بن خالد الرقي وهو ليس من رجال الصحيح بل هو ليس من رجال التهذيب' ولكنه حسن الحديث .

3934- ذكره الهيثمي في المجمع جلد9صفحه134 وقال ما ذكرناه .

Marfat.com

الْكَرِيمِ اَبُو يَعْفُورَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَجِيٍّ، اَنَّ عَلِيًّا، اَتَى يَوْمَ الْبَصْرَةِ بِذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ فَنَكَتَهُ وَقَالَ: ابْيَضِّي وَاصْفَرِّي وَغُرِّي غَيْرِي، غُرِّي اَهْلَ الشَّامِ غَدًا اِذَا ظَهَرُوا عَلَيْكَ، فَشَقَّ قَوْلُهُ ذَلِكَ عَلَى النَّاسِ، فَذُكِرَ ذَلِكَ لَهُ، فَاَذِنَ فِي النَّاسِ، فَدَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالَ: اِنَّ خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا عَلِيُّ اِنَّكَ سَتَقْدَمُ عَلَى اللّٰهِ وَشِيعَتُكَ رَاضِينَ مَرْضِيِّينَ، وَيَقْدَمُ عَلَيْهِ عَدُوُّكَ غِضَابٌ مُقْمَحِينَ، ثُمَّ جَمَعَ عَلِيٌّ يَدَهُ اِلَى عُنُقِهِ يُرِيهُمْ كَيْفَ الْاِقْمَاحُ

اوراس کو زمین پر ڈال کر کہنے لگے: تُو سفید ہو جا! اورتُو زرد ہو جا اور میرے سوا کسی اور کو دھوکے میں ڈال۔ شامیوں کو دھوکہ دے کل جب وہ تیرے اوپر غالب آئیں۔لوگوں پر یہ بات گراں گزری تو کسی نے آپ کے سامنے اس کا ذکر کیا۔آپ نے لوگوں کو اپنے پاس آنے کی اجازت دی۔لوگ آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا: بے شک میرے خلیل ﷺ نے فرمایا تھا: اے علی! تُو اور تجھ سے محبت کرنے والے اللہ کی بارگاہ میں خوشی خوشی آئیں گے اور تیرے دشمن ناراض اور گردنوں سے ہاتھ بندھے ہوئے آئیں گے۔ پھر آپ نے اپنے ہاتھ کو اکٹھا کر کے اپنی گردن کی طرف کیا لوگوں کو دکھانے کیلئے کہ اقماح کیا ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ اِلَّا جَابِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْكَرِيمِ اَبُو يَعْفُورَ

حضرت ابوطفیل سے اس حدیث کو صرف حضرت جابر نے روایت کیا ہے۔عبدالکریم ابویعفور اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

**3935** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ نُوحٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ قَالَ: نا نَافِعُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ اِلَى الصَّلَاةِ فَلْيُقْبِلْ عَلَيْهَا حَتَّى يَفْرُغَ مِنْهَا، وَاِيَّاكُمْ وَالِالْتِفَاتَ فِي الصَّلَاةِ، فَاِنَّ اَحَدَكُمْ يُنَاجِي رَبَّهُ مَا دَامَ فِي الصَّلَاةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھنے کا ارادہ کرے تو دل کو مکمل اس کی طرف متوجہ کرے نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنے سے بچے کیونکہ تم میں سے ہر کوئی اپنے رب سے گفتگو کر رہا ہوتا ہے جب تک وہ نماز میں ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ اِلَّا

یہ حدیث یزید بن رومان سے نفع بن ثابت

3935- قال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه83: وفيه الواقدي وهو ضعيف .

Marfat.com

نَافِعُ بْنُ ثَابِتٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَاقِدِيُّ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں الواقدی اکیلے ہیں۔

**3936** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْجَمَّالُ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِيسَى أَبُو عِيسَى الْحَرَّانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ أَتَى ذَاتَ مَحْرَمٍ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنی محرم عورت سے حرام کام کرے گا وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ إِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ

یہ حدیث عمرو بن شعیب سے عبدالکریم اور عبدالکریم سے عبدالعزیز بن عیسیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن مہران اکیلے ہیں۔

**3937** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا أَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى نَاجَى مُوسَى بِمِائَةِ أَلْفٍ وَأَرْبَعِينَ أَلْفَ كَلِمَةٍ، فِي ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، وَصَايَا كُلُّهَا فَلَمَّا سَمِعَ مُوسَى كَلَامَ الْآدَمِيِّينَ مَقَتَهُمْ مِمَّا وَقَعَ فِي مَسَامِعِهِ مِنْ كَلَامِ الرَّبِّ، وَكَانَ فِيمَا نَاجَاهُ أَنْ قَالَ: يَا مُوسَى، إِنَّهُ لَمْ يَتَصَنَّعِ الْمُتَصَنِّعُونَ لِي بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا، وَلَمْ يَتَقَرَّبْ إِلَيَّ الْمُتَقَرِّبُونَ بِمِثْلِ الْوَرَعِ عَمَّا حَرَّمْتُ عَلَيْهِمْ، وَلَا تَعَبَّدَنِي الْعَابِدُونَ، بِمِثْلِ الْبُكَاءِ مِنْ خِيفَتِي، فَقَالَ مُوسَى: يَا إِلَهَ الْبَرِيَّةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے تین دن میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے جو گفتگو کی' اُس کے کلمات ایک لاکھ چالیس ہزار تھے' وہ ساری کی ساری وصیتیں تھیں۔ جب موسیٰ علیہ السلام نے لوگوں کا کلام سنا تو ان سے ناراض ہوئے اس وجہ سے کہ ان کے کانوں میں اللہ کے کلام کی لذت موجود تھی۔ جو مناجات و وصایا ہوئے ان میں سے یہ ہے کہ اللہ نے فرمایا: یا اے موسیٰ! زہد فی الدنیا کی مثل میرے لیے تصنع کرنے والے' تصنع نہیں کر سکتے۔ اور جو چیزیں میں نے اُن پر حرام کی ہیں اُن سے ورع کی مثل میرا تقرب حاصل کرنے والے میرا قرب حاصل نہیں کر سکتے۔ عبادت کرنے والے

3936- ذکره الهيثمي في المجمع جلد6صفحه272 وقال: وفيه عبد العزيز بن عيسى لم اعرفه' وبقية رجال ثقات .

3937- قال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه298-299: وفيه جويبر بن سعيد وهو ضعيف .

Marfat.com

كُلِّهَا، وَيَا مَالِكَ يَوْمِ الدِّينِ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، فَمَاذَا أَعْدَدْتَ لَهُمْ؟ وَمَاذَا جَزَيْتَهُمْ؟ قَالَ: يَا مُوسَى، أَمَّا الزَّاهِدُونَ فِي الدُّنْيَا فَإِنِّي أُبِيحُهُمْ جَنَّتِي، يَتَبَوَّءُونَ حَيْثُ يَشَاءُونَ، وَأَمَّا الْوَرَعَةُ عَمَّا حَرَّمْتُ عَلَيْهِمْ، فَإِنَّهُ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يَلْقَانِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا نَاقَشْتُهُ الْحِسَابَ، وَنَاقَشْتُهُ عَمَّا كَانَ فِي يَدَيْهِ، إِلَّا مَا كَانَ مِنَ الْوَرِعِينَ، فَإِنِّي أَسْتَحْيِيهِمْ وَأُجِلُّهُمْ فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ، وَأَمَّا الْبَكَّاؤُونَ مِنْ خِيفَتِي فَلَهُمُ الرَّفِيقُ الْأَعْلَى، لَا يُشَارَكُونَ فِيهِ

میری کوئی عبادت نہیں کر سکتے جیسی عبادت میرے خوف سے رونا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے تمام خشکی کے رب! اے روزِ جزاء کے مالک! اے ذوالجلال والاکرام! تُو نے ان کے لیے کیا تیار کیا ہے اور تُو نے ان کو کیا جزا دی ہے۔ اللہ نے فرمایا: زاہدوں کے لیے میں نے اپنی جنت حلال کر دی ہے۔ جہاں ٹھکانہ بنانا چاہیں بنا لیں' میری حرام کردہ چیزوں سے بچنے والے۔ تو قیامت کے دن جو بھی میرا بندہ مجھ سے ملے گا' میں اُس سے کچھ نہ کچھ حساب لوں گا اور اس کے بارے بھی پوچھوں گا جو (اُن کے لیے) میرے قبضے میں ہوگی مگر اہل ورع سے حساب نہ لوں گا۔ میں اُن کا لحاظ کروں گا۔ انہیں بزرگی عطا کر کے جنت میں بغیر حساب کے داخل کروں گا اور میرے خوف سے رونے والوں کے لیے رفیق اعلیٰ ہے' جس میں اُن کا کوئی شریک نہ ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ

یہ حدیث حضرت ابن عباس سے اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔ ابو مالک جنبی اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

**3938** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْقَاضِي قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ هَذَا الدِّينُ صَالِحًا، لَا يَضُرُّهُ مَنْ عَادَاهُ، أَوْ مَنْ نَاوَاهُ، حَتَّى يَمْلِكَ اثْنَا عَشَرَ أَمِيرًا، كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ دین ہمیشہ رہے گا جو اس کی مخالفت کرے گا وہ اس (دین) کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا ہے یا اس کا مقابلہ کرے یہاں تک کہ قریش سے بارہ امیر نہ بن جائیں۔

**3938**- اخرجه احمد: المسند جلد5صفحه104-105 رقم الحديث:20842 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ إِلَّا إِسْحَاقُ بْنُ طَلْحَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث معبد بن خالد سے اسحاق بن طلحہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بشر بن ولید اکیلے ہیں۔

**3939** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عُمَرَ الْجِنِّيُّ قَالَ: نا زَائِدَةُ بْنُ أَبِي الرُّقَادِ قَالَ: نا زِيَادٌ النُّمَيْرِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ رَجَبٌ قَالَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي رَجَبٍ، وَشَعْبَانَ، وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب رجب کا مہینہ آتا تو آپ عرض کرتے: اے اللہ! ہمارے لیے رجب اور شعبان میں برکت دے اور ہم کو رمضان تک پہنچا دے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَائِدَةُ بْنُ أَبِي الرُّقَادِ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں زائدہ بن ابو رقاء اکیلے ہیں۔

**3940** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عِمْرَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا أَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ سُلَيْمٍ بِنْتُ مِلْحَانَ أُمُّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، مِنْ فِيهَا إِلَى أُذُنِي، قَالَتْ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، فَوَجَدْتُ عِنْدَهُ رِجَالًا، فَجَلَسْتُ حَتَّى قَامُوا، فَلَمَّا خَرَجَ دَنَوْتُ مِنْهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَمْرٌ يُقَرِّبُنِي إِلَى اللَّهِ أُحِبُّ أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْهُ، إِذْ

حضرت اُم سلیم بنت ملحان اُم انس رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آئی' آپ اس دن حضرت اُم سلمہ کے گھر تھے' میں نے آپ کے پاس چند مردوں کو پایا تو میں بیٹھ گئی' یہاں تک کہ وہ اُٹھے اور آپ نکلے تو میں آپ ﷺ کے قریب ہوئی اور عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسے کام کے متعلق بتائیں جو مجھے اللہ کے قریب کر دے' میں پسند کرتی ہوں کہ میں آپ سے اس کے بارے سوال کروں جب میں اس میں شک کا شکار ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اُم سلیم! تُو نے ٹھیک کہا۔ میں نے عرض کی: عورت جب خواب میں

**3939**- أخرجه أيضًا البزار' وقال الهيثمي في المجمع جلد3صفحه143: وفيه زائدة بن أبي الرقاد' وفيه كلام' وقد وثق .

**3940**- أصله في مسلم من طريق زينب بنت أبي سلمة' عن أم سلمة . أخرجه مسلم: الحيض جلد 1صفحه251' وأبو داؤد: الطهارة جلد1صفحه60 رقم الحديث: 237 .

Marfat.com

شَكَكْتُ فِيهِ قَالَ: اَصَبْتِ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ قُلْتُ: هَلْ تَغْتَسِلُ الْمَرْاَةُ اِذَا رَاَتْ فِي مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ؟ قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: تَرِبَتْ يَدَاكِ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ، قَدْ فَضَحْتِ النِّسَاءَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ تَرِبَتْ يَدَاكِ يَا اُمَّ سَلَمَةَ، اَرَاَيْتِ لَوْلَا ذٰلِكَ مَا اَشْبَهَ الْوَلَدُ اَبَاهُ، نَعَمْ اِذَا رَاَيْتِ ذٰلِكَ فَاغْتَسِلِي

وہی دیکھے جو مرد دیکھتا ہے تو کیا اس پر غسل فرض ہوتا ہے؟ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے اُم سلیم! تیرا ہاتھ خاک آلود ہو! تم نے عورتوں کو رُسوا کر دیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اُم سلمہ! تیرے ہاتھ خاک آلود ہوں! آپ بتائیں کہ اگر ایسے نہ ہوتا ہو (یعنی عورت کو احتلام نہ ہوتا ہو) تو بچہ اپنی ماں کے کیسے مشابہ ہوتا ہے' اے اُم سلیم! جب تو (خواب) دیکھے تو تُو غسل کیا کر۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ

یہ حدیث ابوامامہ بن سہل سے محمد بن ابراہیم تیمی اور محمد بن ابراہیم سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن مغراء اکیلے ہیں۔

**3941** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْهِسِنْجَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَرِيكٍ قَالَ: نَا اَبِي، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نُصِرْتُ بِالصَّبَا، وَاُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُورِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صبا ہوا کے ساتھ میری مدد کی گئی ہے اور قومِ عاد کو دبور کے ساتھ ہلاک کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَرِيكٍ

یہ حدیث اعمش' منہال سے اور اعمش سے صرف شریک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن شریک اکیلے ہیں۔

**3942** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت معمر بن عبداللہ بن نضلہ رضی اللہ عنہ

---

**3941**- أخرجه البخاري: الاستسقاء جلد**2**صفحه**604** رقم الحديث:**1035**' ومسلم: الاستسقاء جلد**2**صفحه**617** .

**3942**- أخرجه مسلم: المساقاة جلد**3**صفحه**1228**' وأبو داؤد: البيوع جلد**3**صفحه**269** رقم الحديث: **3447**'

Marfat.com

قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَضْلَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحْتَكِرُ اِلَّا خَاطِءٌ

فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ذخیرہ اندوزی صرف گناہ گار ہی کرے گا۔

لَمْ يُدْخِلِ الزُّهْرِيَّ بَيْنَ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ بْنِ الْمُسَيِّبِ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ

حماد بن سلمہ کے علاوہ یحییٰ بن سعید اور سعید بن میسّب کے درمیان زہری کو کسی نے داخل نہیں کیا ہے اور حماد سے مؤمل بن اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں مؤمل بن اهاب اکیلے ہیں۔

**3943** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ مُوَفَّقٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِسْرَائِيلُ، عَنِ النُّعْمَانِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ سُدَيْسَةَ، مَوْلَاةِ حَفْصَةَ، عَنْ حَفْصَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَقَدْ نَذَرْتُ اَنْ اَدُفَّنَّ بِالدُّفِّ اِنْ قَدِمَ مِنْ مَكَّةَ، فَبَيْنَا اَنَا كَذٰلِكَ اِذِ اسْتَاْذَنَ عُمَرُ، فَانْطَلَقْتُ بِالدُّفِّ اِلَى جَانِبِ الْبَيْتِ، فَغَطَّيْتُهُ بِكِسَاءٍ، فَقُلْتُ: اَيْ نَبِيَّ اللّٰهِ، اَنْتَ اَحَقُّ اَنْ تُهَابَ، فَقَالَ: اِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَلْقَى عُمَرَ مُنْذُ اَسْلَمَ اِلَّا خَرَّ لِوَجْهِهِ

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے مکہ سے واپسی پر دف بجانے کی نذر مانی تھی میں اسی حالت میں تھی کہ اچانک حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت مانگی میں دف کو گھر کے اندر ایک طرف لے گئی اور اس کے اوپر چادر ڈال دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ زیادہ حق دار ہیں کہ آپ سے ڈرا جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب سے عمر اسلام لایا ہے شیطان جب بھی عمر سے ملتا ہے تو اپنے چہرے کے بل گر جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا

اوزاعی سے یہ حدیث نعمان ابوحنیفہ روایت کرتے

والترمذی: البیوع جلد3صفحه558 رقم الحدیث: 1267 .

**3943**- اخرجه فی الکبیر' وقال الهیثمی فی المجمع جلد9صفحه73: وفی سند الکبیر ولا نعلم الأوزاعی سمع أحدًا من الصحابة وفی اسناد الأوسط: عبد الرحمٰن بن الفضل بن موفق لم أعرفه' وبقية رجاله وثقوا' واسناده حسن . قلت: اسناد الأوسط ضعيف كما تقدم .

Marfat.com

النُّعْمَانُ وَهُوَ اَبُو حَنِيفَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَضْلُ بْنُ مُوَفَّقٍ وَرَوَاهُ اِسْحَاقُ بْنُ سَيَّارٍ النَّصِيبِيُّ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مُوَفَّقٍ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ وَلَمْ يَذْكُرِ النُّعْمَانَ

ہیں' ابوحنیفہ سے اسرائیل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں فضل بن موفق اکیلے ہیں۔ اس حدیث کو اسحاق بن سیار النصیبی' فضل بن موفق سے' وہ اسرائیل سے' وہ اوزاعی سے' انہوں نے نعمان کا ذکر نہیں کیا۔

**3944** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ وَهْبِ بْنِ خُنَيْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُمْرَةٌ فِي رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً

حضرت وہب بن خنیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رمضان میں عمرہ کا ثواب حج کرنے کے ثواب کے برابر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ اِلَّا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ يَعْلَى

یہ حدیث غیلان جامع سے یعلیٰ بن حارث روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں یحییٰ بن یعلیٰ اکیلے ہیں۔

**3945** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُخْتَارِ قَالَ: نَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَعْيَنَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَنْتَظِرُ اَحَدُكُمْ اِلَّا غِنًى مُطْغِيًا، اَوْ فَقْرًا مُنْسِيًا، اَوْ مَرَضًا مُفْسِدًا، اَوْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے ہر ایک منتظر ہے ایسی مال داری کا جو اس کو سرکش بنا دے' یا ایسی محتاجی کا جو اس کو اپنا آپ یا اپنا دین بھلا دے' یا ایسی بیماری کا جو اس کا حلیہ بگاڑ دے' یا ایسے بڑھاپے کا جو اس کو ختم کر دے' یا اچانک موت کا' یا دجال کا' دجال جو غائب ہے انتظار والی چیزوں میں سب سے بدتر ہے' یا قیامت کا' قیامت

3944- أخرجه ابن ماجة: المناسك جلد 2صفحه996 رقم الحديث: 2991' وأحمد: المسند جلد4صفحه218 رقم الحديث:17613 .

3945- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد4صفحه321 . وعند الترمذي بلفظ بادروا بالأعمال سبعًا: هل تنتظرون الا فقرًا منسيًا......' والترمذي: الزهد جلد4صفحه552 رقم الحديث:2306 . وقال: هذا حديث حسن غريب .

Marfat.com

هَرَمًا مُفَنِّدًا، اَوْ مَوْتًا مُجْهِزًا، اَوِ الدَّجَّالُ وَالدَّجَّالُ شَرُّ غَائِبٍ يُنْتَظَرُ، اَوِ السَّاعَةُ، وَالسَّاعَةُ اَدْهَى وَاَمَرُّ

تو بڑی ہولناک اور کڑوی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا مَعْمَرٌ وَلَا، عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَعْيَنَ، وَلَا عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، وَلَا عَنْ اِسْرَائِيلَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُخْتَارِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے معمر اور معمر سے ابراہیم بن اعین اور ابراہیم سے اسرائیل اور اسرائیل سے ابراہیم بن مختار روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حمید اکیلے ہیں۔

**3946** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: نا قَزْعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَجَّاجُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ: حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ حُجَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةِ عِمِّيَّةٍ، يَدْعُو اِلَى عَصَبِيَّةٍ، وَيَنْصُرُ عَصَبَةً فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو غرور یا گمراہی کے جھنڈے کے نیچے لڑا اور عصبیت کی طرف دعوت دی اور عصبیت کی مدد کی تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ حُجَيْرٍ اِلَّا الْحَجَّاجُ بْنُ الْحَجَّاجِ، تَفَرَّدَ بِهِ: قَزْعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ

یہ حدیث سوید بن حجیر سے حجاج بن حجاج روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں قزعہ بن سوید اکیلے ہیں۔

**3947** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ فِي صَلَاتِهِ وَكَبَّرْنَا مَعَهُ فَاَشَارَ اِلَى الْقَوْمِ اَنْ كَمَا اَنْتُمْ، فَلَمْ نَزَلْ قِيَامًا حَتَّى اَتَانَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِ اغْتَسَلَ وَرَاْسُهُ يَقْطُرُ مَاءً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز شروع کرنے لگے تو ہم آپ کے ساتھ تکبیر کہنے لگے' آپ نے صحابہ کرام کی طرف اشارہ کیا کہ رُکو! سارے صحابہ کھڑے رہے یہاں تک کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' آپ نے غسل کیا ہوا تھا اور آپ کے سر انور سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے۔

---

**3946**- قال الهيثمي في المجمع جلد6صفحه289: وفيه قزاعة وهو ضعيف' وقد وثق .

**3947**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه72: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا مُعَاذٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید اور سعید سے معاذ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن معاذ اکیلے ہیں۔

**3948** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُجَاهِدٌ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: الْوَلِيمَةُ حَقٌّ وَسُنَّةٌ فَمَنْ دُعِيَ فَلَمْ يُجِبْ فَقَدْ عَصَى اللَّهَ وَرَسُولَهُ، وَالْخُرْسُ وَالْإِعْذَارُ وَالتَّوْكِيرُ أَنْتَ فِيهِ بِالْخِيَارِ قَالَ: قُلْتُ: إِنِّي وَاللَّهِ لَا أَدْرِي مَا الْخُرْسُ وَالْإِعْذَارُ وَالتَّوْكِيرُ؟ قَالَ: الْخُرْسُ: الْوِلَادَةُ، وَالْإِعْذَارُ: الْخِتَانُ، وَالتَّوْكِيرُ: الرَّجُلُ يَبْنِي الدَّارَ، وَيَنْزِلُ فِي الْقَوْمِ فَيَجْعَلُ الطَّعَامَ، فَيَدْعُوهُمْ، فَهُمْ بِالْخِيَارِ، إِنْ شَاءُوا أَجَابُوا، وَإِنْ شَاءُوا قَعَدُوا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ولیمہ حق اور سنت ہے جس کو ولیمہ کی دعوت دی گئی اس نے قبول نہ کی اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی' خرس اور اعذار اور توکیر کا اختیار ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! خرس اور اعذار اور توکیر میں نہیں جانتا ہوں' اس کا مطلب کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خرس سے مراد بچہ' اعذار سے مراد ختنے' توکیر سے مراد آدمی گھر بناتا ہے' وہ اچھا گھر بنائے گا' کھانے بنائے گا' ان کو بلائے گا' ان کو اختیار ہے اگر چاہیں تو قبول کریں' اگر چاہیں تو بیٹھے رہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ التَّيْمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ

یہ حدیث اسماعیل بن امیہ سے یحییٰ بن عثمان تیمی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صلت بن مسعود اکیلے ہیں۔

**3949** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ زَنْجَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ الْعُكْلِيُّ قَالَ: نا عَيَّاشُ بْنُ عُقْبَةَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ مَيْمُونٍ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ قَالَ: اسْتَشَارَ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر و ابوبکر رضی اللہ عنہما دونوں سے مشورہ کیا' دونوں نے مشورہ دیا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے درست رائے دی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! بے شک اللہ ناپسند کرتا ہے کہ ابوبکر غلطی

3948- قال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه55: وفيه يحيى بن عثمان التيمي وثقه أبو حاتم الرازي' وابن حبان' وضعفه البخاري وغيره' وبقية رجاله رجال الصحيح .

3949- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه49 وقال: ورجاله ثقات .

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَاشَارُوا عَلَيْهِ، فَاَصَابَ اَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُمَرُ، اِنَّ اللّٰهَ يَكْرَهُ اَنْ يُخْطِءَ اَبُو بَكْرٍ

کرے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ

یہ حدیث سہل بن سعد سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں زید بن حباب اکیلے ہیں۔

**3950** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ قَالَ: نَا اَبُو الْمُنْذِرِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ يُحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى حِمَارٍ، وَهُوَ ذَاهِبٌ اِلَى خَيْبَرَ، يُصَلِّي وَالْقِبْلَةُ خَلْفَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو گدھے پر نماز (یعنی نفل) پڑھتے ہوئے دیکھا' آپ خیبر کی طرف جا رہے تھے' آپ اس پر نماز پڑھ رہے تھے اس حالت میں کہ قبلہ شریف آپ کی پشت کی طرف تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ وَرَوَاهُ اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، عَنْ دَاوُدَ، عَنْ يُحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَلَمْ يُذْكَرْ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ

یہ حدیث داؤد بن قیس' محمد بن عجلان سے روایت کرتے ہیں اور داؤد بن قیس سے اسماعیل بن عمر روایت کرتے ہیں۔ اسحاق بن سلیمان الرازی' داؤد سے' وہ یحییٰ بن سعید سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے محمد بن عجلان کا ذکر نہیں کیا۔

**3951** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ قَالَ: نَا اَبُو نُبَاتَةَ يُونُسُ بْنُ يَحْيَى الْمَدَنِيُّ قَالَ: نَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے تین چیزوں کی وصیت کی: (۱) فجر کی سنتوں کی (۲) چاشت کے دو رکعت نفلوں کی

**3950**- أخرجه النسائي: المساجد جلد **2** صفحه **47** (باب الصلاة على الحمار) . وأصله في البخاري ومسلم من طرق' أنس بن سيرين' بلفظ: قال استقبلنا أنسًا حين قدم من الشام' فلقيناه بعين التمر' فرأيناه يصلي على حمار ووجهه من ذا الجانب . فقلت: رأيتك تصلي لغير القبلة؟ فقال: لو لا أني رأيت رسول الله ﷺ فعله لم أفعله . البخاري: التقصير رقم الحديث: **1100**' ومسلم: المسافرين (**702/41**) .

Marfat.com

سَلَمَةُ بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ اَبِی سَعِيدِ بْنِ الْمُعَلّٰی، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: ثَلَاثٌ اَوْصَانِی بِهِنَّ حِبِّی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ، وَسَجْدَتَیِ الضُّحٰی، وَالْوِتْرِ بَعْدَ الْعِشَاءِ

(۳) عشاء کے بعد وتر پڑھنے کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی سَعِيدِ بْنِ الْمُعَلّٰی اِلَّا سَلَمَةُ بْنُ وَرْدَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو نُبَاتَةَ

یہ حدیث ابوسعید بن معلّٰی سے سلمہ بن وردان روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں ابونباتہ اکیلے ہیں۔

**3952** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِیُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِی سُلَيْمٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَ ابْنُ اِدْرِيسَ وَلَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا اَسْكَرَ فَرْقُهُ، فَالْوُقِيَّةُ مِنْهُ حَرَامٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ حضرت ابن ادریس فرماتے ہیں: میں اس حدیث کو نبی کریم ﷺ سے روایت شدہ جانتا ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کا ایک فرق (سولہ رطل) نشہ دے، تو اس میں سے ایک رطل کا بارھواں حصہ بھی حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا لَيْثٌ، وَلَا عَنْ لَيْثٍ اِلَّا ابْنُ اِدْرِيسَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنْ لَيْثٍ، عَنْ اَبِی عُثْمَانَ وَاسْمُهُ عَمْرُو بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ

یہ حدیث حکم سے لیث اور لیث سے ابن ادریس روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں علی بن سعید اکیلے ہیں۔ لوگوں نے لیث سے، انہوں نے ابوعثمان سے، ابوعثمان کا نام عمرو بن سالم ہے، وہ قاسم سے، وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔

**3953** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِیُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَی السُّدِّیُّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِی خَالِدٍ الدَّالَانِیِّ، عَنْ اَبِی الْعَلَاءِ الْاَوْدِیِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِیِّ، عَنْ اَبِی مُوسَی الْاَشْعَرِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنی بیوی سے کہے کہ میں نے تجھے طلاق دی اور تجھ سے رجوع کیا، یہ مسلمانوں کی طلاق نہیں ہے، اگر حالات طلاق دینے پر مجبور کر دیں تو اپنی عورت کو اس کی پاکی کے دنوں میں

---

**3952**- اسناده فيه: ليث بن أبي سليم وهو صدوق لكنه اختلط بآخره .

**3953**- عزاه الهيثمي في المجمع جلد**4**صفحه**339** الى الكبير أيضًا وذكر فيه قصة وقال: ورجاله ثقات .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُولُ اَحَدُكُمْ لِامْرَاَتِهِ: قَدْ طَلَّقْتُكِ، قَدْ رَاجَعْتُكِ، لَيْسَ هَذَا طَلَاقَ الْمُسْلِمِينَ، طَلِّقُوا الْمَرْاَةَ فِي قُبُلِ طُهْرِهَا

طلاق دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث ابوخالد الدالانی سے عبدالسلام بن حرب روایت کرتے ہیں۔

**3954** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ، وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نشہ آور شے شراب ہے' ہر نشہ آور شے حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ

یہ حدیث ابن جریج سے عبدالمجید روایت کرتے ہیں۔ لوگ ابن جریج سے' وہ موسیٰ بن عقبہ سے روایت کرتے ہیں۔

**3955** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَنَسٍ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى مِنَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے چاشت کی بارہ رکعت نفل پڑھے' اس کے لیے جنت میں گھر بنا دیا جائے گا۔

---

3954- أخرجه مسلم: الأشربة جلد3صفحه1587' وأبو داؤد: الأشربة جلد 3صفحه326 رقم الحديث: 3679' والترمذي: الأشربة جلد4صفحه290 رقم الحديث: 1861' والنسائي: الأشربة جلد 8صفحه263 (باب اثبات اسم الخمر لكل مسكر من الأشربة) .

3955- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد2صفحه337 رقم الحديث: 473 . وقال: حديث غريب . وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه439 رقم الحديث: 1380 بنحوه .وقال ابن حجر في التلخيص: واسناده ضعيف . انظر التلخيص جلد2صفحه21 رقم الحديث: 36 .

Marfat.com

الضُّحَى ثِنْتَيْ عَشَرَةَ بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ

یہ حدیث انس سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں محمد بن اسحاق اکیلے ہیں۔

**3956** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ زَرْبِيٍّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ مِنْكُمْ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَلْيَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِهِ

حضرت عمران بن حصین الخزاعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کام کے کرنے پر قسم اُٹھائی، پھر اس کے علاوہ کام کرنے میں بہتری دیکھی تو وہ اس بہتر کام کو کر لے اور اپنی قسم کا کفارہ کر دے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ زَرْبِيٍّ

یہ حدیث عمران بن حصین سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں سعید بن زربی اکیلے ہیں۔

**3957** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا أُهْدِيَتْ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهَا لُعَبُهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ کی طرف ایک چھوٹی عمر کی لونڈی کو بطور ہدیہ بھیجا گیا، اس کے ساتھ اس کے کھلونے بھی ہدیہ دیئے گئے۔

لَمْ يَرْوِ أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ حَدِيثًا مُسْنَدًا غَيْرَ هَذَا

اس کے سوا کوئی مسند حدیث ابواسامہ عبدالرزاق سے روایت کرتے ہیں۔

**3958** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا الْمُعَافَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: بدعت والے بدترین مخلوق ہیں، چاہے مؤنث

**3956**- اخرجه ايضا في الكبير من طريق صالح بن مالك الخوارزمي عن سعيد بن زربي بالاسناد المذكور أطول منه، وذكر فيه قصة، وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه186-187: وفيه سعيد بن زربي وهو ضعيف .

**3958**- أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد8صفحه291 .

Marfat.com

بْنُ عِمْرَانَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَهْلُ الْبِدَعِ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيقَةِ

ہو یا مذکر۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا الْمُعَافَى تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث اوزاعی سے معافی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عمار اکیلے ہیں۔

**3959** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي قَبْلَ الْجُمُعَةِ اَرْبَعًا، وَبَعْدَهَا اَرْبَعًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جمعہ کے فرضوں سے پہلے اور بعد میں چار رکعت سنت ادا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث خصیف سے عتاب بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**3960** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ الْعِلْمِ خَيْرٌ مِنْ فَضْلِ الْعِبَادَةِ، وَخَيْرُ دِينِكُمُ الْوَرَعُ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: علم کی فضیلت' عبادت کی فضیلت سے بہتر ہے اور بہترین دین تقویٰ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ

یہ حدیث اعمش سے عبداللہ بن عبدالقدوس روایت کرتے ہیں۔

---

3959- عزاه الحافظ بن حجر فی فتح الباری الی عبد الرزاق: موقوفًا وهو الصواب' وقال: وفی اسناد الطبرانی فی الأوسط ضعف وانقطاع . انظر فتح الباری جلد2صفحه493-494 (باب الصلاة بعد الجمعة وقبلها) .

3960- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد 1صفحه123 . وقال: رواه الطبرانی فی الأوسط والبزار وفيه عبد الله بن عبد القدوس وثقه البخاری وابن حبان' وضعه ابن معين .

Marfat.com

**3961** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَالِمٍ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْمَرًّا وَجْهُهُ، وَنَحْنُ نَتَمَارَى فِي آيَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ، فَقَالَ: مَا هَذَا الَّذِي كُنْتُمْ فِيهِ قُلْنَا: آيَةٌ مِنَ الْقُرْآنِ تَمَارَيْنَا فِيهَا قَالَ: لَا تَمَارَوْا فِي الْقُرْآنِ فَإِنَّ الْمِرَاءَ فِي الْقُرْآنِ كُفْرٌ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے تو آپ کا چہرہ سرخ تھا' اس حال میں کہ ہم قرآن کی آیت میں جھگڑ رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم کس لیے جھگڑ رہے تھے؟ ہم نے کہا: قرآن کی آیت میں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: قرآن میں جھگڑا نہ کرو' فرمایا: قرآن میں جھگڑا کرنا کفر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي النَّضْرِ اِلَّا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث ابونضر سے فلیح بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**3962** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْاَعْلَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّبِّ؟ فَقَالَ: لَا آكُلُهُ وَلَا اَنْهَى عَنْهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے گوہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: نہ میں اسے کھاتا ہوں نہ اس سے منع کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ

یہ حدیث یعلیٰ بن حکیم سے سعید بن ابی عروبہ روایت کرتے ہیں۔

**3963** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الذَّارِعُ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ سے عشاء کے وقت کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے

---

**3961**- عزاه الحافظ الهيثمي في الى الطبراني في الكبير بلفظ: المراء في القرآن كفر . وقال: وفيه موسى ابن عبيدة وهو ضعيف جدًا . انظر مجمع الزوائد جلد1صفحه162 .

**3962**- اسناده فيه: سعيد بن أبي عروبة وهو ثقة حافظ له تصانيف لكنه كثير التدليس' واختلط .

**3963**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1صفحه316 . وقال: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَقْتِ الْعِشَاءِ؟ قَالَ: إِذَا مَلَأَ اللَّيْلُ بَطْنَ كُلِّ وَادٍ

فرمایا: جب رات کا اندھیرا ہر جگہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے جعفر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**3964** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ الْمَسْعُودِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَكَلَتْنَا الضَّبُعُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيْرُ ذَلِكَ أَخْوَفُ لِي عَلَيْكُمْ، إِذَا صُبَّتْ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا صَبًّا فَلَيْتَ أُمَّتِي لَا تَلْبَسُ الذَّهَبَ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: یارسول اللہ! ہم گوہ کھاتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھ کو تم پر اس کے علاوہ خوف ہے' جب تمہارے پاس دنیا آئے' کاش اس وقت میری اُمت سونا نہ پہنے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ مَعْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَلَدُهُ عَنْهُ

یہ حدیث اعمش سے ابوعبیدہ بن معن روایت کرتے ہیں' اس کو ان کی اولاد روایت کرتی ہے۔

**3965** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ رَافِعٍ أَبُو حُجْرٍ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرِ بْنِ سَلْمَانَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ الْمُلَائِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: قرآن میں جو فرمایا گیا یارسول اللہ! اس اُمت کے وہ لوگ جن کو دیا گیا ان کے دل ڈر جاتے ہیں' فرمایا: کیا ان سے مراد وہ لوگ

**3964**- اسناده فيه: ابراهيم بن محمد بن أبي عبيدة لم أجده' وجاء ذكره في ترجمة أبيه' والحارث ابن أبي زياد لم أجده' وأخرجه أيضًا أحمد بنحوه من طريق زائدة' وسفيان عن يزيد ابن أبي زياد' عن زيد بن وهب به' والبزار من طريق بنحوه' وقال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه240: ورجال أحمد رجال الصحيح .

**3965**- أخرجه الترمذي: التفسير جلد5صفحه327 رقم الحديث:3175 .

Marfat.com

حَازِمٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوْا وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ اَهُمُ الَّذِينَ يُخْطِئُونَ وَيَعْمَلُونَ بِالْمَعَاصِي؟ فَقَالَ: لَا، يَا عَائِشَةُ، هُمُ الَّذِينَ يُصَلُّونَ، وَيَتَصَدَّقُونَ، وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ

ہیں جو غلطیاں کرتے ہیں اور گناہ کرتے ہیں؟ فرمایا: نہیں! اے عائشہ! مراد وہ لوگ ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں اور ان کے دل ڈرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ اِلَّا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث عمرو بن قیس سے حکم بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**3966** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاهِرٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُلِقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ ضِلَعٍ، فَمِثْلُهَا مِثْلُ الضِّلَعِ، اِنْ اَقَمْتَهُ انْكَسَرَ، وَاِنْ تَرَكْتَهُ كَانَ مُعْوَجًّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے اس کی مثال پسلی کی ہے اگر سیدھی کرو گے تو ٹوٹ جائے گی اگر چھوڑو گے تو ٹیڑھی رہے گی (اس لیے درمیانی سلوک رکھو)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ

یہ حدیث اعمش سے عبداللہ بن عبدالقدوس روایت کرتے ہیں۔

**3967** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ، وَشَقَّ الْجُيُوبَ، وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو چہروں پر مارے اور گریبان پھاڑے اور جاہلیت کے دعوے کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَبْدُ

یہ حدیث اعمش سے عبداللہ بن عبدالقدوس

3966- أخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد6صفحه418 رقم الحديث: 3331، ومسلم: الرضاع جلد2 صفحه1091 من طريق أبي حازم .

3967- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه18 . وقال: وفيه عبد الله بن عبد القدوس، وفيه كلام، وقد وثق .

Marfat.com

اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ

روایت کرتے ہیں۔

3968 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَرْوَانَ الْفَزَارِيُّ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ نَافِعٍ، اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، كَانَ يَاتِي شَجَرَةً بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، فَيَنْزِلُ تَحْتَهَا، وَيَزْعُمُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْتِيهَا

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما مکہ اور مدینہ کے ایک درخت کے پاس آتے تھے' اس کے نیچے اترتے تھے اور یقین کرتے تھے کہ حضور ﷺ اس کے نیچے تشریف فرما ہوتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ اِلَّا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث محمد بن سوقہ سے مروان بن معاویہ روایت کرتے ہیں۔

3969 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عِصَامُ بْنُ رَوَّادِ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَجُلًا اَتَى ابْنَ عُمَرَ، فَسَاَلَهُ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ؟ فَقَالَ: ذَاكَ مِمَّا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، فَاَتَى ابْنَ عَبَّاسٍ، فَاَخْبَرَهُ بِمَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ، فَقَالَ: صَدَقَ ابْنُ عُمَرَ

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور آپ سے مٹکے کی نبیذ کے متعلق پوچھا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ اللہ اور اس کے رسول نے حرام کی ہے۔ وہ آدمی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور آپ کو بتایا جو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ابن عمر نے سچ کہا ہے۔

3970 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ قَالَ: نا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: (قیامت کے دن) اللہ تعالیٰ اچھے

---

3968- أصله عند مسلم من طريق سالم قال: كان ابن عمر رضى الله عنهما اذا قيل له: الاحرام من البيداء' قال: البيداء التى تكذبون فيها على رسول الله ﷺ . ما أهل رسول الله ﷺ الا من عند الشجرة . حين قام به بعيره . أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه843 .

3969- أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3صفحه1581' و أبو داؤد: الأشربة جلد3صفحه328 رقم الحديث: 3691' والنسائي: الأشربة جلد8صفحه270-271 (باب النهى عن نبيذ الجر مفردًا) .

3970- اسناده حسن فيه: ابراهيم بن المستمر وهو صدوق .

Marfat.com

حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِى رَبَاحٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لِيُبَلِّغُ الْعَبْدَ بِحُسْنِ الْخَلْقِ دَرَجَةَ الصَّوْمِ وَالصَّلَاةِ

اخلاق کے بدلے اپنے بندے کو وہ درجہ عطا فرمائے گا جو زیادہ نفلی روزے رکھنے اور نفلی نمازیں پڑھنے والے کا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ

یہ حدیث بدیل بن میسرہ سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حبان بن ھلال اکیلے ہیں۔

**3971** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عُقْبَةُ بْنُ سِنَانٍ الْفَزَارِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمَتِ الْمَلَائِكَةُ طَوْعًا، وَاَسْلَمَتِ الْاَنْصَارُ طَوْعًا، وَاَسْلَمَتْ عَبْدُ الْقَيْسِ طَوْعًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: فرشتے اور انصار اور بنوعبدالقیس خوشی اور صدقِ دل سے اسلام لائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُقْبَةُ بْنُ سِنَانٍ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے محمد بن مروان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن سنان اکیلے ہیں۔

**3972** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، وَبِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ، عَنْ اَبِى عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِى خَلِيلِى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: بِصَوْمِ ثَلَاثَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے تین کاموں کی وصیت کی: (۱) ہر ماہ تین روزے رکھنے کی (۲) سونے سے پہلے وتر پڑھنے (۳) اور چاشت کی دو رکعتوں کی۔

**3971**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**10**صفحه**31**: وشيخه علي بن سعيد بن بشير وفيه لين' وبقية رجاله ثقات .

**3972**- أخرجه البخاري: الصوم جلد**4**صفحه**266** رقم الحديث: **1981**' ومسلم: المسافرين جلد**1**صفحه**499** .

Marfat.com

اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَالْوَتْرِ قَبْلَ النَّوْمِ، وَرَكْعَتَيِ الضُّحَى

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ اِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ

ابوالتیاح سے روایت کرنے میں عبدالوارث اکیلے ہیں۔

**3973** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَ: نا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ الْبَكَّاءُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ اَبَا طَالِبٍ، مَرِضَ فَعَادَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: يَا ابْنَ اَخِي، ادْعُ اِلٰهَكَ الَّذِي تَعْبُدُ اَنْ يُعَافِيَنِي، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اشْفِ عَمِّي فَقَامَ اَبُو طَالِبٍ كَاَنَّمَا نُشِطَ مِنْ عِقَالٍ فَقَالَ لَهُ: يَا ابْنَ اَخِي اِنَّ اِلٰهَكَ الَّذِي تَعْبُدُ لَيُطِيعُكَ قَالَ: وَاَنْتَ يَا عَمَّاهُ لَئِنْ اَطَعْتَ اللّٰهَ لَيُطِيعَنَّكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطالب بیمار ہوئے تو حضور ﷺ نے ان کی عیادت کی' حضرت ابوطالب نے عرض کی: اے میرے بھائی کے بیٹے! اپنے رب سے دعا کریں' جس کی آپ عبادت کرتے ہیں' کہ مجھے صحت دے۔ آپ ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! میرے چچا کو صحت دے! حضرت ابوطالب کھڑے ہوئے اور بالکل تندرست ہو گئے۔ گویا کہ کوئی گانٹھ تھی جو کھول دی گئی ہے۔ حضرت ابوطالب نے عرض کی: اے میرے بھائی کے بیٹے! جس خدا کی آپ عبادت کرتے ہیں' وہ آپ کی بات مانتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے چچا! اگر آپ اللہ کی اطاعت کریں گے تو وہ آپ کی بات کو بھی شرفِ قبول عطا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمَّازٍ، وَلَا عَنِ الْهَيْثَمِ اِلَّا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ

یہ حدیث ثابت سے ہیثم بن حماد اور ہیثم سے شریک بن عبدالمجید الحنفی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن مکرم اکیلے ہیں۔

**3974** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: اَخْبَرَتْنِي الْمُغِيرَةُ بِنْتُ حَسَّانَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک مُد (حجازیوں کے نزدیک گیارہ اور عراقیوں کے نزدیک سولہ چھٹانک) پانی سے وضو' ایک صاع

**3973**- قال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه303: وفيه الهيثم بن جماز البكاء وهو ضعيف .

**3974**- أخرجه البخاري: الوضوء جلد1صفحه364 رقم الحديث: 201' ومسلم: الحيض جلد1صفحه258 .

Marfat.com

التَّمِيمِيَّةُ، قَالَتْ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ بِالْمُدِّ، وَيَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ

(ساڑھے چار سیر) پانی سے غسل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بِنْتِ حَسَّانَ اِلَّا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ

یہ حدیث مغیرہ بن حسان سے زید بن حباب روایت کرتے ہیں۔

**3975** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ: نا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى قَالَ: حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: اَمَرَ اَبُو طَلْحَةَ بِمُدَّيْنِ مِنْ شَعِيرٍ يُعَدُّ، ثُمَّ بَعَثَنِي اَدْعُو رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْتُهُ، فَدَعَوْتُهُ، قَالَ لِمَنْ مَعَهُ: قُومُوا فَجِئْتُ اَمْشِي بَيْنَ يَدَيْهِ، حَتَّى دَخَلْتُ عَلَى اَبِي طَلْحَةَ، فَقَالَ: مَاذَا صَنَعْتَ؟ قُلْتُ: دَعَوْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِلْقَوْمِ: قُومُوا، فَقَالَ اَبُو طَلْحَةَ: فَضَحْتَنَا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوَمَا عَلِمْتَ مَا عِنْدَنَا؟ قُلْتُ: بَلَى، وَلٰكِنْ لَمْ اَسْتَطِعْ اَنْ اَقُولَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَلَمَّا انْتَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْبَابِ، دَخَلَ عَاشِرَ عَشَرَةٍ، فَتَكَلَّمَ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ قَالَ: اطْعَمُوا، فَلَمَّا شَبِعُوا خَرَجُوا، وَدَخَلَ عَشَرَةٌ حَتَّى اَكَلَ مِنْهَا ثَمَانُونَ رَجُلًا، وَفَضَلَ مِنْهُ مَا اَشْبَعَ اَهْلَ الْبَيْتِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ جَو کے دو مُد سے روٹیاں تیار کی جائیں' پھر مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بلانے کے لیے بھیجا' میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دعوت دینے کے لیے آیا' تو آپ نے اپنے غلاموں کو فرمایا: اُٹھو! میں آپ کے آگے چلتا ہوا آیا یہاں تک کہ ابوطلحہ کے پاس آیا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے کیا کیا؟ میں نے عرض کی: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دعوت دی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے غلاموں سے فرمایا: اُٹھو! حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (اگر کھانا کم ہوا تو) ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے رُسوا ہوں گے' کیا آپ کو معلوم نہیں تھا کہ ہمارے پاس اتنا کھانا نہیں ہے؟ میں نے کہا: کیوں نہیں! لیکن میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات کو روک نہیں سکتا تھا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دروازے کے پاس آئے تو دس افراد داخل ہوئے' آپ نے کلام کیا جو اللہ نے چاہا' پھر فرمایا: کھلاؤ! جب وہ سیر ہو گئے تو چلے گئے' پھر دس افراد آئے یہاں تک کہ اسّی افراد نے کھایا اور کھانا اتنا بچا پڑا تھا' جو گھر والوں نے بھی سیر ہو کر کھایا۔

**3975**- أصله في مسلم من طريق ابن نمير (واللفظ له) . حدثنا أبي حدثنا سعيد بن سعد . أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1612' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 284 رقم الحديث: 13433 ولفظه عنده .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُصَيْنٍ إِلَّا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

یہ حدیث حصین سے عمران بن عیینہ روایت کرتے ہیں۔

**3976** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَرْوَانَ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي طَرِيفٌ أَبُو سُفْيَانَ الْعُطَارِدِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ اللَّهُ تَعَالَى: أَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ حَبَّةِ شَعِيرَةٍ مِنْ إِيمَانٍ، ثُمَّ يَقُولُ: أَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيمَانٍ، ثُمَّ يَقُولُ: وَعِزَّتِي، لَا أَجْعَلُ مَنْ آمَنَ بِي سَاعَةً مِنْ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ كَمَنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرمائے گا: جہنم سے اس کو نکالو جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان ہے۔ پھر فرمائے گا: اس کو جہنم سے نکالو جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان ہے۔ پھر فرمایا: میری عزت کی قسم! جو مجھ پر دن یا رات کی صرف ایک گھڑی ایمان لایا اس کو جنت میں داخل نہیں کروں گا' وہ ایسے ہے جیسے مجھ پر ایمان ہی نہیں لایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ إِلَّا أَبُو سُفْيَانَ السَّعْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن حارث سے ابوسفیان السعدی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مروان بن معاویہ اکیلے ہیں۔

**3977** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ أَبِي بَزَّةَ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُ الْمَدَّاحِينَ فَاحْثُوا فِي وُجُوهِهِمِ التُّرَابَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو دوسرے کے منہ پر تعریف کرتے ہوئے دیکھو تو اس کے منہ میں مٹی ڈالو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا عُمَارَةُ بْنُ

یہ حدیث ثابت سے عمارہ بن زاذان روایت

---

3976- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه383: وفيه ابن شهاب وهو متروك .

3977- قال الهيثمي في المجمع جلد 8صفحه120-121: وفيه أحمد بن محمد بن القاسم بن أبي بزة' ولم أعرفه' وهو حسن الاسناد لو سلم من هذا .قلت: ابن أبي بزة معروف لكنه ضعيف .

Marfat.com

زَاذَانَ، تفَرَّدَ بِهِ: مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

**3978** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَبِي بَزَّةَ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: لَمَّا انْهَزَمَ الْمُسْلِمُونَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ، وَكَانَ اسْمُهَا دُلْدُلًا، قَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دُلْدُلُ، اسْبِدِي فَاَلْزَقَتْ بَطْنَهَا اِلَى الْاَرْضِ حَتّٰى اَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَفْنَةً مِنْ تُرَابٍ، فَرَمَى بِهَا فِي وُجُوهِهِمْ، وَقَالَ: حم، لَا يُنْصَرُونَ، فَانْهَزَمَ الْقَوْمُ، وَمَا رَمَيْنَاهُمْ بِسَهْمٍ، وَلَا طَعَنَّا بِرُمْحٍ، وَلَا ضَرَبْنَا بِسَيْفٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، تفَرَّدَ بِهِ: مُؤَمَّلٌ

**3979** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ قَالَ: نا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا جِئْتُمْ اِلَى الْجُمُعَةِ فَاغْتَسِلُوا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ اِلَّا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں مؤمل بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حنین کے دن جب مسلمان شکست کھانے لگے تو رسول اللہ ﷺ شہباء خچر پر تھے‘ اس کا نام دلدل تھا‘ اس کو حضور ﷺ نے فرمایا: جھک جا! اس نے اپنا پیٹ زمین سے لگایا‘ یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ نے مٹی کی ایک مٹھی لی اور ان کافروں کے چہروں پر پھینکا۔ فرمایا: حم! اب ان کی مدد نہیں کی جائے گی۔ وہ لوگ شکست کھا گئے حالانکہ ہم نے نہ انہیں نیزے مارے نہ تیر مارے نہ ہم نے تلواریں ماریں۔

یہ حدیث ثابت سے عمار بن زاذان روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں مؤمل اکیلے ہیں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم جمعہ کے لیے آؤ تو غسل کرو۔

یہ حدیث ربیعہ بن عثمان سے ابن ابی فدیک روایت کرتے ہیں۔

---

**3978**- ذکرہ الهیثمی فی المجمع جلد**6**صفحه**186** وقال ما ذکرناہ .

**3979**- اخرجه احمد: المسند جلد**2**صفحه**103** رقم الحدیث: **5449** .

Marfat.com

**3980** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عُثْمَانَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَاءَ إِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عُثْمَانَ إِلَّا وَلَدُهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے لیے آئے وہ غسل کرے۔

یہ حدیث حضرت عبدالرحمٰن بن یزید بن عثمان سے صرف ان کے بیٹے نے ہی روایت کی ہے۔

**3981** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا أَبِي، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَخْرُجُ عُنُقٌ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَهُ لِسَانٌ ذَلْقٌ فَيُنَادِي: إِنِّي وُكِّلْتُ الْيَوْمَ بِثَلَاثٍ: بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ، وَمَنْ جَعَلَ مَعَ اللَّهِ إِلَهًا آخَرَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُطَرِّفٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ وَصَالِحُ بْنُ عُمَرَ الْوَاسِطِيُّ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن جہنم سے ایک گردن نکالی جائے گی' اس کی لمبی زبان ہوگی' وہ آواز دے گی: میں آج تین آدمیوں کی وکیل ہوں' ہر سرکش تکبر کرنے والے کی' جس نے اللہ کے سوا دوسرا خدا ٹھہرایا اور جس نے ناحق کسی جان کو قتل کیا۔

یہ حدیث مطرف سے عمرو بن قیس اور صالح بن عمر الواسطی روایت کرتے ہیں۔

**3982** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَيَّاضٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ أَبِي الزُّبَيْرِ الْمَدَنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو يَزِيدَ الثُّمَالِيُّ، عَنْ طَاوُسِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ طَاوُسٍ،

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کے وقت ایک ہزار مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہٖ پڑھا' اس نے اپنے آپ کو اللہ سے خرید لیا' وہ اس دن کے آخر میں اللہ کا جہنم سے آزاد

---

**3980**- أخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه462 رقم الحديث:919' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه579 .

**3981**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه395 . وقال: رواه البزار واللفظ له وأحمد باختصار' وأبو يعلى بنحوه' والطبراني في الأوسط وأحد اسنادى الطبراني رجاله رجال الصحيح .

**3982**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه116-117: وقال: وفيه من لم أعرفه .

Marfat.com

عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ اَلْفَ مَرَّةٍ، فَقَدِ اشْتَرَى نَفْسَهُ مِنَ اللّٰهِ، وَكَانَ آخِرَ يَوْمِهِ عَتِيقَ اللّٰهِ

کردہ بندہ ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ طَاوُسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَيَّاضٍ

یہ حدیث طاؤس بن عبداللہ بن طاؤس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ بن فیاض اکیلے ہیں۔

**3983** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى صِبْيَانٍ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ بچوں کے پاس سے گزرے تو ان کو سلام کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ

یہ حدیث داؤد بن ابی ہند سے داؤد بن الزبرقان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بشر بن ہلال اکیلے ہیں۔

**3984** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مُسْلِمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَرِيكٍ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: سَاُحَدِّثُكُمْ بِاُمُورِ النَّاسِ وَاَخْلَاقِهِمْ: الرَّجُلُ يَكُونُ سَرِيعَ الْغَضَبِ سَرِيعَ الْفَيْءِ، فَلَا عَلَيْهِ وَلَا لَهُ، كَفَافٌ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں آپ کو ایسے کاموں اور اخلاق کے متعلق بتاتا ہوں' ایک وہ آدمی جس کو غصہ جلدی آتا ہے اور جلدی ختم ہو جاتا ہے تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے۔ ایک وہ آدمی جس کو غصہ دیر سے آتا ہے اور خوش جلدی ہوتا ہے تو اس کے لیے ثواب ہے' گناہ کوئی نہیں ہے۔ ایک وہ آدمی جس کو غصہ جلدی آتا ہے اور خوش دیر

3983- اخرجه البخاري: الاستئذان جلد 11 صفحه 34 رقم الحديث: 6247' ومسلم: السلام جلد 4 صفحه 1708 .

3984- عزاه الحافظ الهيثمي الى البزار من طريق عبد الرحمٰن بن شريك عن أبيه وهما ثقتان وفيهما ضعف' وبقية رجاله رجال الصحيح . انظر مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 71 .

Marfat.com

وَالرَّجُلُ يَكُونُ بَعِيدَ الْغَضَبِ سَرِيعَ الرِّضَا، فَذَاكَ لَهُ وَلَا عَلَيْهِ، وَالرَّجُلُ سَرِيعُ الْغَضَبِ بَعِيدُ الرِّضَا، فَذَاكَ عَلَيْهِ وَلَا لَهُ، وَالرَّجُلُ يَقْضِي الَّذِي لَهُ، وَيَقْضِي الَّذِي عَلَيْهِ، فَذَاكَ لَا عَلَيْهِ وَلَا لَهُ كَفَافًا، وَالرَّجُلُ يَقْضِي الَّذِي عَلَيْهِ وَلَا يَقْضِي الَّذِي لَهُ، فَذَاكَ لَهُ وَلَا عَلَيْهِ، وَالرَّجُلُ يَقْضِي الَّذِي لَهُ وَيَمْطُلُ النَّاسَ فِي الَّذِي لَهُمْ، فَذَاكَ عَلَيْهِ وَلَا لَهُ

سے ہوتا ہے ایسے آدمی پر گناہ ہے ثواب کوئی نہیں ہے۔ وہ آدمی جو اپنا حق پورا پورا لیتا ہے اور دوسرے کا حق بھی پورا پورا دیتا ہے۔ پس اس پر گناہ نہیں اور نہ ہی اس کے لیے کوئی ثواب ہے۔ وہ آدمی جو دوسرے کا حق ادا کرتا ہے اور اپنا حق نہیں لیتا ہے تو اس کے لیے ثواب ہی ثواب ہے گناہ کوئی نہیں۔ اور وہ آدمی جو اپنا حق تو لے لیتا ہے لیکن لوگوں کو ٹالتا رہتا ہے اس پر گناہ ہی گناہ ہے ثواب کوئی نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

اس حدیث کو اعمش سے شریک نے روایت کیا ہے۔ اس حدیث کے ساتھ ان کے بیٹے عبدالرحمٰن منفرد ہیں۔

**3985** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا أَبُو مُصْعَبٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِشُهُودٍ عُدُولٍ فِي عِدَّةٍ وَاحِدَةٍ، فَسَاهَمَ بَيْنَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اقْضِ بَيْنَهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی حضور ﷺ کے پاس جھگڑا لے کر آئے' ان میں سے ہر آدمی ایک ایک عادل گواہ بھی لایا' آپ ﷺ نے اُن دونوں کے درمیان فیصلہ نہیں فرمایا اور عرض کی: اے اللہ! ان دونوں کے درمیان فیصلہ فرما۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَلَا عَنْ أُسَامَةَ إِلَّا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو مُصْعَبٍ

یہ حدیث بکیر بن عبداللہ سے اسامہ بن زید اور اسامہ سے ابن ابی حازم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابومصعب اکیلے ہیں۔

**3986** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور

---

3985- ذکرہ الهيثمی فی المجمع جلد4صفحه206 وقال ما ذکرناہ .

3986- قال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد3صفحه261: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يُحَدِّثُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: نَزَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنَّا الْمُكَبِّرُ، وَمِنَّا الْمُهِلُّ، فَلَمْ يَعِبْ مُكَبِّرُنَا عَلَى مُهِلِّنَا، وَلَا مُهِلُّنَا عَلَى مُكَبِّرِنَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے ہم میں سے کوئی تکبیر کوئی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ رہا تھا' آپ نے ہمارے تکبیر کہنے والوں کی وجہ سے لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والوں پر اور لا الٰہ الا اللہ کہنے والوں کی وجہ سے تکبیر کہنے والوں پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے معتمر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**3987** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، فَجَاءَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، اَوْ اَحَدُهُمَا، فَرَكِبَ عَلَى ظَهْرِهِ، فَكَانَ اِذَا سَجَدَ رَفَعَ رَاْسَهُ، قَالَ بِيَدِهِ، فَاَمْسَكَهُ، اَوْ اَمْسَكَهُمَا، ثُمَّ قَالَ: نِعْمَ الْمَطِيَّةُ مَطِيَّتُكُمَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، وَلَا عَنْ فُضَيْلٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے کہ امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما تشریف لائے' یا دونوں میں سے کوئی ایک' اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت پر سوار ہو گئے' آپ جب سجدہ کرتے تو ان کو اُٹھا لیتے اپنے ہاتھ کے ساتھ' ایک کو یا دونوں کو پکڑے رکھتے' پھر فرمایا: تمہاری سواری کتنی اچھی ہے۔

یہ حدیث عدی بن ثابت سے فضیل بن مرزوق اور فضیل سے ابن ہاشم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عباد بن یعقوب اکیلے ہیں۔

**3988** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو مُصْعَبٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: وَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَسْوَافِ، وَبِلَالٌ مَعَهُ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقامِ اسواف میں ٹھہرے' آپ کے ساتھ حضرت بلال رضی اللہ عنہ بھی تھے' آپ نے دونوں پاؤں کنویں میں لٹکا لیے اور اپنی پنڈلیوں سے کپڑا اُٹھا لیا' اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اجازت لینے

**3987**- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد**9**صفحه**185** . وقال: واسناده حسن .

**3988**- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد**2**صفحه**56** . وقال: ورجاله موثقون .

Marfat.com

فَدَلَّى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ، وَكَشَفَ عَنْ فَخِذَيْهِ، فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: يَا بِلَالُ، ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَدَخَلَ أَبُو بَكْرٍ، فَجَلَسَ عَلَى يَمِينِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَلَّى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ، فَكَشَفَ عَنْ فَخِذَيْهِ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ يَا بِلَالُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَدَخَلَ، فَجَلَسَ عَلَى يَسَارِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَلَّى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ، وَكَشَفَ عَنْ فَخِذَيْهِ، ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ يَا بِلَالُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلَى بَلْوَى تُصِيبُهُ فَدَخَلَ عُثْمَانُ، فَجَلَسَ قُبَالَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَلَّى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ، وَكَشَفَ عَنْ فَخِذَيْهِ

کے لیے آئے تو آپ نے فرمایا: اے بلال! اُٹھو اس کو اجازت بھی دو اور جنت کی خوشخبری بھی دو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کی دائیں جانب بیٹھ گئے اور اپنے پاؤں کنویں میں لٹکا لیے اور اپنی پنڈلیوں سے کپڑا اُٹھا لیا۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے اور آپ ﷺ سے اجازت مانگی' آپ نے فرمایا: اے بلال! اس کو اجازت بھی دو اور جنت کی خوشخبری بھی دو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی داخل ہوئے اور آپ ﷺ کے بائیں جانب بیٹھ گئے اور اپنے دونوں پاؤں کنویں میں لٹکا لیے اور اپنی پنڈلیوں سے کپڑا اُٹھالیا۔ پھر اس کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے بھی اجازت مانگی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے بلال! اس کو اجازت دو اور جنت کی خوشخبری دو اور آزمائش بھی اُنہیں پہنچے گی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھ گئے اور اپنے پاؤں کنویں میں لٹکا لیے اور اپنی رانوں سے کپڑا اٹھالیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ إِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو مُصْعَبٍ

یہ حدیث شریک بن عبداللہ بن ابی نمر' عطاء بن یسار سے' وہ ابوسعید سے اور شریک سے الدراوردی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابومصعب اکیلے ہیں۔

**3989** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْفَرَّاءُ الرَّازِيُّ قَالَ: نا

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما تلبیہ اس طرح پڑھتے: ''لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ إِلٰى

3989- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 477 رقم الحديث: 1549' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 842 . ثبت في الأصل المزني' والصواب ما أثبتناه وهو صدوق فيه لين . انظر التقريب (5446) .

Marfat.com

الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ الْعُرَنِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، وَنَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: اَنَّهُ كَانَ يُلَبِّي لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ، وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ وَرَوَاهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آخر ہ'' اور فرماتے تھے: رسول اللہ ﷺ سے اسی طرح منقول ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ

یہ حدیث زید بن اسلم سے ہشام بن سعد روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں قاسم بن حکیم اکیلے ہیں۔

**3990** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَابْرُدُوهَا بِالْمَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بخار جہنم کی تپش ہے' اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا رَوْحٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ

یہ حدیث قتادہ سے سعید اور سعید سے روح روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن حبیب بن عربی اکیلے ہیں۔

**3991** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ نُبَاتَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمُقْرِءُ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ زَائِدَةَ، وَعَتَّابُ بْنُ اَعْيَنَ، وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي

حضرت عبداللہ بن یزید فرماتے ہیں: میں نے سنا حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کو' وہ فرماتے ہیں (یہ جھوٹے نہیں ہیں) کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے' جب آپ رکوع سے سر اُٹھاتے تو ہم میں سے

**3990**- عند ابن ماجة من طريق قتادة' عن الحسن' عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال: الحمى كبر من كبر جهنم . فنحوها عنكم بالماء البارد . أخرجه ابن ماجة: الطب جلد**2**صفحه**1150** رقم الحديث: **3475** في الزوائد: اسناده صحيح' ورجال ثقات . انظر كشف الخفاء للحافظ العجلوني جلد**1**صفحه**439** رقم الحديث: **1170** .

**3991**- أخرجه البخاري: الأذان جلد**2**صفحه**345** رقم الحديث: **811**' ومسلم: الصلاة جلد**1**صفحه**345** .

Marfat.com

إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، وَكَانَ، غَيْرَ كَذُوبٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ لَمْ يَحْنِ أَحَدٌ مِنَّا ظَهْرَهُ، حَتَّى يَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَبْهَتَهُ بِالْأَرْضِ

کوئی اپنی پشت نہیں جھکاتا تھا یہاں تک کہ حضور ﷺ اپنی پیشانی زمین پر نہ رکھ لیتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ زَائِدَةَ، وَعَتَّابِ بْنِ أَعْيَنَ إِلَّا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمُقْرِءُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ نُبَاتَةَ

یہ حدیث عثمان بن زائدہ اور عتاب بن اعین سے عبدالصمد بن عبدالعزیز المقری روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن نباتہ اکیلے ہیں۔

**3992** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ وَأُنْثَيَيْهِ فَلْيَتَوَضَّأْ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ

حضرت بسرہ بنت یزید رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو اپنی شرمگاہ کو یا خصیتین کو ہاتھ لگائے' وہ نماز جیسا وضو (مراد ہے: ہاتھ دھونا) کرے۔

لَمْ يَقُلْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ بُسْرَةَ: وَأُنْثَيَيْهِ فَيَتَوَضَّأْ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ إِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ

ہشام بن عروہ اپنے والد سے' وہ بسرہ سے: ''وانثیيه فیتوضاء وضوءه للصلٰوۃ'' کے الفاظ سوائے عبدالحمید بن جعفر کے کسی نے روایت نہیں کیے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن بکر البرسانی اکیلے ہیں۔

**3993** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**3992**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع أيضًا انظر مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **248** .

**3993**- أصله عند مسلم من طريق ابن أبي عمر . بنفس السند بلفظ لا تلقوا الجلب...... . أخرجه مسلم: البيوع جلد **3** صفحه **1157**' وأبو داؤد: البيوع جلد **3** صفحه **226** رقم الحديث: **3437**' والترمذي: البيوع جلد **3** صفحه **515** رقم الحديث: **1221** .

Marfat.com

قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ دَاوُدَ الْقَنْطَرِيُّ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا عُقْبَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ الْبَيْرُوتِيُّ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَلَقِّي الْجَلَبِ، فَمَنْ تَلَقَّى فَاشْتَرَى، فَصَاحِبُهُ أَحَقُّ بِهِ، إِذَا قَدِمَ

ﷺ نے تلقی جلب (جس میں نفع ہی نفع کا ارادہ ہو) کی بیع سے منع کیا' فرمایا: جو آگے مل کر خریدے' اس کا مالک زیادہ حق دار ہے اس کو فروخت کرنے کا' جب وہ آیا ہے فروخت کرنے کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا عُقْبَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، وَلَا عَنْ عُقْبَةَ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ دَاوُدَ

یہ حدیث اوزاعی سے عقبہ بن علقمہ اور عقبہ سے حارث بن سلیمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن داؤد اکیلے ہیں۔

**3994** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: مَرَّ أَبُو سُفْيَانَ وَمُعَاوِيَةُ خَلْفَهُ، وَكَانَ رَجُلًا مُسْتَمِدًّا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِصَاحِبِ الْأَسِنَّةِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوسفیان اور معاویہ آپ کے پیچھے سے گزرے' حضرت ابوسفیان امداد مانگنے والے تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! اس دانتوں والے آدمی کی مدد تُو فرما۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْبَرَاءِ إِلَّا سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، وَلَا عَنْ سَلَمَةَ إِلَّا ابْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث ابراہیم بن براء سے سلمہ بن کہیل اور سلمہ سے ابن اسحاق روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلمہ بن فضل اکیلے ہیں۔

**3995** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ سے بندر اور خنزیر کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: بے شک اللہ جس کسی قوم پر غضب ناک

---

**3994**- قال الهيثمي في المجمع جلد**6**صفحه**143**: وفيه ابن اسحاق وهو مدلس .

**3995**- أخرجه مسلم في القدر جلد **4**صفحه**2050-2051**' والامام احمد في مسنده جلد **1**صفحه**507** رقم الحديث: **3699** .

Marfat.com

مَرْثَدٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَشْكُرِيِّ، عَنِ الْوَرْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُئِلَ عَنِ الْقِرَدَةِ وَالْخَنَازِيرِ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَغْضَبْ عَلَى قَوْمٍ فَيَجْعَلُ لَهُمْ نَسْلًا وَلَا عَاقِبَةً

ہوا س کی نسل پیچھے نہیں چھوڑتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث ابوخالد الدالانی سے عبدالسلام بن حرب روایت کرتے ہیں۔

**3996** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْاَصْبَهَانِيُّ، عَنْ خَلَّادٍ الصَّفَّارُ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ طَلِيقٍ، عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: نَعَى اِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِاَبِي هُوَ، نَفْسَهُ قَبْلَ مَوْتِهِ بِشَهْرٍ، فَلَمَّا دَنَا الْفِرَاقُ جَمَعَنَا اِلَيْهِ فِي بَيْتِ اُمِّنَا عَائِشَةَ، ثُمَّ نَظَرَ اِلَيْنَا، وَدَمَعَتْ عَيْنَاهُ، وَتَشَدَّدَ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِكُمْ، حَيَّاكُمُ اللّٰهُ، رَحِمَكُمُ اللّٰهُ، آوَاكُمُ اللّٰهُ، نَصَرَكُمُ اللّٰهُ، رَفَعَكُمُ اللّٰهُ، نَفَعَكُمُ اللّٰهُ، هَدَاكُمُ اللّٰهُ، رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَفَّقَكُمُ اللّٰهُ، سَلَّمَكُمُ اللّٰهُ، قَبِلَكُمُ اللّٰهُ، اُوصِيكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور ﷺ نے وصال کی خبر ایک ماہ پہلے دی، جب ہم کو آپ کا فراق قریب ہوا تو ہم کو آپ نے اپنے پاس جمع فرمایا' ہماری ماں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر۔ پھر آپ نے ہماری طرف دیکھا تو آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے' آپ ﷺ سخت بیماری کی حالت میں تھے۔ آپ نے فرمایا تم کو خوش آمدید! اللہ عزوجل تم کو زندگی دے! اللہ تم پر رحم کرے! اللہ تمہاری مدد کرے! اللہ تم کو بلندی دے! اللہ تم کو نفع دے! اللہ تم کو ہدایت دے! اللہ عزوجل تم کو رزق دے! اللہ تم کو توفیق دے! اللہ عزوجل تم کو سلامتی عطا کرے! اللہ عزوجل تمہارے اعمال قبول کرے! میں تم کو اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں' اللہ عزوجل تم کو

**3996**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 27-28 وقال: رواه البزار وقال: روى هذا مرة عن عبد الله من غير وجه والأسانيد عن مرة متقاربة وعبد الرحمٰن لم يسمع هذا من مرة وانما أخبره عن مرة ولا نعلم رواه عن عبد الله غيره مرة' وقال الحافظ الهيثمي: قلت رجاله رجال الصحيح غير محمد بن اسماعيل بن سمرة الأحمسي وهو ثقة' رواه الطبراني في الأوسط بنحوه الا أنه قال قبل موته بشهر' وذكر في اسناده ضعفاء منهم أشعث بن طابق قال الأزدي: لا يصح حديثه' والله اعلم ۔ ثبت في الأصل (البخاري)' وانظر مجمع البحرين (**1227**) .

Marfat.com

وَاُوصِی اللّٰهَ بِكُمْ، وَاَسْتَخْلِفُهُ عَلَيْكُمْ، اِنِّی لَكُمْ مِنْهُ نَذِيرٌ مُبِينٌ، لَا تَعْلُوا عَلَى اللّٰهِ فِی عِبَادِهِ وَبِلَادِهِ، فَاِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِی وَلَكُمْ: (تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِی الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ) (القصص:83) وَقَالَ: (اَلَيْسَ فِی جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْمُتَكَبِّرِينَ) (الزمر:60) ثُمَّ قَالَ: قَدْ دَنَا الْاَجَلُ وَالْمُنْقَلَبُ اِلَى اللّٰهِ، وَاِلَى سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى، وَاِلَى جَنَّةِ الْمَاْوَى، وَاِلَى الرَّفِيقِ الْاَعْلَى، وَالْكَاْسِ الْاَوْفَى، وَالْحَظِّ وَالْعَيْشِ الْمُهَنَّى قُلْنَا: فَمَنْ يُغَسِّلُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: رِجَالُ اَهْلِ بَيْتِی، الْاَدْنَى فَالْاَدْنَى قُلْنَا: وَكَيْفَ نُكَفِّنُكَ؟ قَالَ: فِی ثِيَابِی هَذِهِ، اِنْ شِئْتُمْ، اَوْ فِی حُلَّةٍ يَمَانِيَةٍ، اَوْ فِی بَيَاضِ مِصْرَ قُلْنَا: فَمَنْ يُصَلِّی عَلَيْكَ مِنَّا؟ فَبَكَيْنَا وَبَكَى: ثُمَّ قَالَ: مَهْلًا، غَفَرَ اللّٰهُ لَكُمْ، وَجَزَاكُمْ عَنْ نَبِيِّكُمْ خَيْرًا، اِذَا غَسَّلْتُمُونِی وَكَفَّنْتُمُونِی، فَضَعُونِی عَلَى سَرِيرِی فِی بَيْتِی هَذَا عَلَى شَفِيرِ قَبْرِی، ثُمَّ اخْرُجُوا عَنِّی سَاعَةً، فَاِنَّ اَوَّلَ مَنْ يُصَلِّی عَلَیَّ جَلِيسِی وَخَلِيلِی، جِبْرِيلُ ثُمَّ مِيكَائِيلُ، ثُمَّ اِسْرَافِيلُ، ثُمَّ مَلَكُ الْمَوْتِ مَعَ جُنُودِهِ، ثُمَّ ادْخُلُوا عَلَیَّ فَوْجًا فَوْجًا، فَصَلُّوا عَلَیَّ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا، وَلَا تُؤْذُونِی بِبَاكِيَةٍ، وَلَا ضَجَّةٍ، وَلَا رَنَّةٍ، وَلْيَبْدَاْ بِالصَّلَاةِ عَلَیَّ رِجَالُ اَهْلِ بَيْتِی وَنِسَاؤُهُمْ، ثُمَّ اَنْتُمْ، اقْرَءُوا عَنِّی السَّلَامَ كَثِيرًا مَنْ غَابَ مِنْ اَصْحَابِی، فَاِنِّی قَدْ سَلَّمْتُ عَلَى مَنْ بَايَعَنِی عَلَى دِينِی اِلَى يَوْمِ

نصیحت پر عمل کی توفیق دے' میں تم پر اُسی کو خلیفہ بناتا ہوں' میں تم کو کھلا ڈر سنانے والا ہوں' اللہ کی عبادت اور اس کے شہر میں تکبر نہ کرنا' بے شک اللہ نے مجھے اور تمہیں فرمایا: ''ہم نے آخرت ان کے لیے بنائی ہے جو زمین میں تکبر اور فساد نہیں کرتے ہیں' اچھا انجام ہے پرہیزگاروں کے لیے''۔ اور فرمایا: ''کیا جہنم تکبر کرنے والوں کی پناہ نہیں ہے''۔ پھر فرمایا: ہماری وصال کی گھڑی اور اللہ کی طرف لوٹنا قریب ہے' سدرۃ المنتہیٰ کی طرف' جنت الماویٰ کی طرف' رفیق اعلیٰ کی طرف' بھرے پیالے کی طرف' پرلطف اور مبارک زندگی کی طرف۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کو غسل کون دے گا؟ آپ نے فرمایا: میرے گھر کے کچھ لوگ' اس کے بعد جو میرے قریبی ہوں گے۔ ہم نے عرض کی: ہم آپ کو کفن کیسا دیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو اسی کپڑے میں یا یمنی حلّہ میں یا مصر کے سفید کپڑے میں۔ ہم نے عرض کی: ہم میں سے آپ کی نمازِ جنازہ کون پڑھائے؟ ہم رو پڑے اور آپ ﷺ بھی رو پڑے۔ پھر فرمایا: بس کرو! اللہ تمہیں معاف فرمائے۔ اور تمہیں اپنے نبی کی جدائی برداشت کرنے کی خوبصورت جزا دے۔ جب تم مجھے غسل دے کر کفن دے لو تو مجھے میری چارپائی پر میرے اسی گھر میں' میری قبر کے کنارے رکھ دینا' پھر کچھ وقت کے لیے میرے پاس سے خود چلے جانا۔ سب سے پہلے میری نمازِ جنازہ میرا ہم مجلس' میرا خلیل جبریل پڑھے گا' پھر میکائیل' پھر

Marfat.com

الْقِيَامَةِ، قُلْنَا: فَمَنْ يُدْخِلُكَ فِي قَبْرِكَ؟ قَالَ: أَهْلِي مَعَ مَلَائِكَةٍ كَثِيرَةٍ، يَرَوْنَكُمْ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ

اسرافیل پھر ملک الموت اپنے لشکر سمیت میری نماز جنازہ پڑھے گا۔ پھر میرے پاس ایک ایک گروہ یکے بعد دیگرے داخل ہونا۔ مجھ پر درود پڑھنا اور سلام کہنا۔ کسی رونے والی کے ساتھ شور وشرابا اور گونج سے مجھے تکلیف نہ دینا۔ مجھ پر درود پڑھنے کی ابتداء میری اہل بیت کے مرد کریں۔ پھر ان کی عورتیں پھر تم میرے بہت سارے صحابہ اس وقت موجود نہیں ہیں جب وہ آئیں تو میری طرف سے ان کو سلام کہنا کیونکہ میں ہر اُس شخص پر سلام کہہ چکا ہوں جو قیامت تک میرے دین پر میری بیعت کرے۔ ہم نے عرض کی: قبر میں کون اُتارے؟ فرمایا: میرے گھر والے ساتھ فرشتوں کی کثیر تعداد کے جو تمہیں وہاں سے دیکھتے ہیں جہاں سے تم انہیں نہیں دیکھ سکتے۔

لَمْ يُجَوِّدْ أَحَدٌ إِسْنَادَ هَذَا الْحَدِيثِ إِلَّا عَمْرَو بْنَ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيَّ وَرَوَاهُ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، لَمْ يُذْكَرْ خَلَّادُ الصَّفَّارُ، وَلَا الْأَشْعَثُ بْنُ طَلِيقٍ، وَلَا الْحَسَنُ الْعُرَنِيُّ

اس حدیث کی سند کو صرف عمرو بن محمد عنقزی نے عمدہ کہا ہے۔ عبدالملک بن اصبہانی سے اس کو محاربی نے انہوں نے مرّہ سے انہوں نے عبداللہ سے روایت کیا۔ خلاد صفار اشعث بن طلیق اور حسن عُرنی کا ذکر نہیں ہے۔

**3997** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَيَّاضٍ الزِّمَّانِيُّ قَالَ: نا حَلْبَسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الضُّبَعِيُّ قَالَ: نا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَنَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُصَلِّي الْمَرِيضُ قَائِمًا، فَإِنْ نَالَتْهُ مَشَقَّةٌ صَلَّى جَالِسًا، فَإِنْ نَالَتْهُ مَشَقَّةٌ صَلَّى نَائِمًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مریض کھڑا ہو کر نماز پڑھے اگر کھڑے ہو کر نماز پڑھنا مشکل ہے تو بیٹھ کر پڑھے اگر بیٹھ کر پڑھنا مشکل ہے تو لیٹ کر سر کے اشارے سے پڑھے اگر لیٹ کر پڑھنا مشکل ہے تو سبحان اللہ پڑھے۔

**3997**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 152 وقال جلس بن محمد الضبعي: لم أجد من ترجمه وبقية رجاله ثقات.

Marfat.com

يُومِءُ بِرَاْسِهِ، فَإِنْ نَالَتْهُ مَشَقَّةٌ سَبَّحَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا حَلْبَسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَيَّاضٍ

یہ حدیث ابن جریج سے حلبس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ بن فیاض اکیلے ہیں۔

**3998** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ قَالَ: نَا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ أَيْمَنَ، مَوْلَى ابْنِ أَبِي عَمْرَةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ مَمْلُوكٌ، قَبْلَ أَنْ أُعْتَقَ فَقُلْتُ لَهَا: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، أَيُّ سَاعَةٍ كَانَ أَكْثَرَ مَا يُصَلِّي فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ: دُلُوكُ الشَّمْسِ حَتَّى تَمِيلَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے غلام ایمن فرماتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' میں ان دنوں غلام تھا کیے جانے سے پہلے۔ میں نے عرض کی: اے اُم المؤمنین! کس وقت حضور ﷺ کثرت سے نفل پڑھتے تھے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: سورج کے طلوع ہونے سے لے کر دوپہر تک۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيْمَنَ وهو أَبُو عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَيْمَنَ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُسْلِمِ بْنُ هُرْمُزَ تَفَرَّدَ بِهِ الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ

یہ حدیث ایمن سے اور یہ ابوعبداللہ واحد بن ایمن ہیں۔ عبداللہ بن مسلم بن ہرمز روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن محارب اکیلے ہیں۔

**3999** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ قَالَ: نا مُسْهِرُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ: نا عُتْبَةُ أَبُو مُعَاذٍ الْبَصْرِيُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: إِنِّي لَجَالِسٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ أَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ، فَقَامَتْ بِحِذَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مُقَابِلَةً، فَقَالَ: ادْنِي يَا فَاطِمَةُ، فَدَنَتْ دَنْوَةً، ثُمَّ قَالَ: ادْنِي يَا فَاطِمَةُ، فَدَنَتْ دَنْوَةً، ثُمَّ قَالَ: ادْنِي يَا

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں' حضور ﷺ کے سامنے کھڑی ہوئیں' آپ ﷺ نے فرمایا: اے فاطمہ! قریب ہو جاؤ! وہ تھوڑا سا قریب ہوئیں' پھر فرمایا: اے فاطمہ! آپ قریب ہو جائیں! وہ اور تھوڑا سا قریب ہوئیں' پھر فرمایا: اے فاطمہ! قریب ہو! آپ قریب ہوئیں یہاں تک کہ آپ کے آگے کھڑی ہوئیں۔

**3999**- قال الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 206-207: وفيه عتبة بن حميد' وثقه ابن حبان وغيره' وضعفه جماعة' وبقية رجاله وثقوا .

Marfat.com

فَاطِمَةُ فَدَنَتْ حَتّٰى قَامَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ، قَالَ عِمْرَانُ: فَرَاَيْتُ صُفْرَةً قَدْ ظَهَرَتْ عَلَى وَجْهِهَا، وَذَهَبَ الدَّمُ، فَبَسَطَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ، ثُمَّ وَضَعَ كَفَّهُ بَيْنَ تَرَاقِيهَا، فَرَفَعَ رَاْسَهُ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ مُشْبِعَ الْجَوْعَةِ، وَقَاضِيَ الْحَاجَةِ، وَرَافِعَ الْوَضْعَةِ، لَا تُجِعْ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ فَرَاَيْتُ صُفْرَةَ الْجُوعِ قَدْ ذَهَبَتْ عَنْ وَجْهِهَا، وَظَهَرَ الدَّمُ ثُمَّ سَاَلْتُهَا بَعْدَ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ: مَا جُعْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ يَا عِمْرَانُ

حضرت عمران فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا کے چہرے پر زردی دیکھی' خون دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ حضور ﷺ نے اپنی انگلیاں کھولیں پھر اپنا ہاتھ دونوں کندھوں کے درمیان رکھا' آپ نے اپنا سر اُٹھایا اور عرض کی: اے اللہ! پیٹ کو بھرنے والے' حاجت کو دور کرنے والے' بوجھ ختم کرنے والے' فاطمہ بنت محمد کو بھوکا نہ رکھ' میں نے بھوک کی وجہ سے آنے والی زردی دیکھی۔ وہ آپ کے چہرے سے ختم ہوگئی اور خون ظاہر ہوا۔ پھر میں نے اس کے بعد پوچھا تو آپ نے فرمایا: اے عمران! اس کے بعد میں بھوکی بھی نہیں رہی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا عُتْبَةُ اَبُو مُعَاذٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُسْهِرُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، وَلَا يُرْوٰى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عکرمہ سے عتبہ ابومعاذ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مہر بن عبدالملک اکیلے ہیں' حضرت عمران بن حصین سے اسی سند سے روایت کی گئی ہے۔

**4000** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا فِرْدَوْسُ بْنُ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نا مَسْعُودُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا حَبِيبُ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا خَرَجَتْ حَاجَّةً مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَاضَتْ، فَلَمْ تَطْهُرْ حَتّٰى اَتَتْ مِنًى وَعَرَفَاتٍ، وَقَضَتْ مَنَاسِكَ الْحَجِّ، ثُمَّ طَافَتْ بَعْدُ بِالْكَعْبَةِ، وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ قَالَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ حج کے لیے نکلی تو مجھے حیض آنا شروع ہو گیا' میں پاک نہیں ہوئی یہاں تک کہ میں منٰی اور عرفات آئی' میں نے حج کے باقی ارکان ادا کیے' پھر حیض ختم ہونے کے بعد کعبہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کی' پھر حضور ﷺ نے میرے بھائی سے فرمایا: حرم سے انہیں لے جاؤ اور عمرہ کرواؤ۔ تنعیم کے مقام سے عمرہ کا احرام باندھا اور عمرہ کروایا۔

**4000**- أخرجه البخاري في الحج رقم الحديث: **1784**' ومسلم في الحج رقم الحديث: **1212**' وأبو داؤد في المناسك رقم الحديث: **1995**' والترمذي في الحج رقم الحديث: **934**' والدارمي في المناسك جلد **2** صفحه **74** رقم الحديث: **1862**' والامام أحمد في مسنده جلد **1** صفحه **251** رقم الحديث: **1710** .

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَخِيهَا: أَخْرِجْهَا مِنَ الْحَرَمِ، فَأَعْمِرْهَا فَأَعْمَرَهَا مِنَ التَّنْعِيمِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ إِلَّا مَسْعُودٌ، وَلَا عَنْ مَسْعُودٍ إِلَّا فِرْدَوْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو كُرَيْبٍ

یہ حدیث حبیب بن ابی ثابت سے مسعود اور مسعود سے فردوس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوکریب اکیلے ہیں۔

**4001** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: نا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْهُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاشِمَةَ وَالْمَوْشُومَةَ، وَالْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُولَةَ، وَالْمُحِلَّ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ، وَآكِلَ الرِّبَا، وَمُطْعِمَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہاتھ (بازو) میں گودنے والی اور گودوانے والی' میل ملاپ کرنے والی (دلدل عورت) اور جس کے لیے دلالی کی جائے' حلالہ کرنے والے اور کروانے والے پر اور سود کھانے اور کھلانے والے پر لعنت فرمائی۔

**4001**- لم أجده بهذا اللفظ وهذا الترتيب عن سيدنا عبد الله بن مسعود' ولكن وجدته عنه بلفظ: آكل الربا' وموكله' وشاهداه' وكاتباه اذا علموا به' والواشمة والمستوشمة للحسن' ولاوى الصدقة' والمرتد أعرابيًا بعد الهجرة' ملعونون على لسان محمد ﷺ. عزاه الحافظ المنذرى فى الترغيب جلد **3** صفحه **5** للامام أحمد' وأبى يعلى' وابن خزيمة' وابن حبان' فى صحيحيهما' وزاد فى آخره: (يوم القيامة) . ولنتبع ألفاظ الحديث فى الكتب التسعة وهى كالآتى: أولًا: لعن الواشمة والمستوشمة أخرجه: البخارى فى اللباس جلد **10** صفحه **380** رقم الحديث: **5948** من حديث عون بن أبى جحيفة' ومسلم فى اللباس والزينة جلد **3** صفحه **1677** من حديث ابن عمر' وأبوداؤد فى الترجل رقم الحديث: **4169**' والترمذى فى الأدب جلد **5** صفحه **104** رقم الحديث: **2782**' وابن ماجة فى النكاح جلد **1** صفحه **640** رقم الحديث: **1989**' والامام أحمد فى مسنده جلد **1** صفحه **539** رقم الحديث: **3944** . كلهم عن سيدنا ابن مسعود . ثانيًا: لعن الواصلة والموصولة: أخرجه البخارى فى اللباس جلد **10** صفحه **386** رقم الحديث: **5933** . من حديث أبى هريرة' ومسلم فى اللباس والزينة جلد **3** صفحه **1676** من حديث أسماء بنت أبى بكر . وغيرهما . ثالثًا: لعن المحلل والمحلل له . أخرجه أبو داؤد فى النكاح جلد **2** صفحه **234** رقم الحديث: **2076**' والترمذى فى النكاح جلد **3** صفحه **418-415** رقم الحديث: **1119**' والنسائى فى جلد **8** صفحه **127**' وابن ماجة فى النكاح جلد **1** صفحه **622** رقم الحديث: **1935**' والدارمى فى النكاح جلد **2** صفحه **211** رقم الحديث: **2258**' والامام أحمد فى مسنده جلد **1** صفحه **83-463** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُزَيْلٍ إِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلٍ

یہ حدیث سفیان' ابواسحاق سے' وہ ہزیل سے روایت کرتے ہیں' سفیان سے معاویہ بن ہشام روایت کرتے ہیں۔ محدثین سفیان سے' وہ ابوقیس سے' وہ ہزیل سے روایت کرتے ہیں۔

**4002** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا حَرْبُ بْنُ حَسَنٍ الطَّحَّانُ قَالَ: نا حَنَانُ بْنُ سُدَيْرٍ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نا سُدَيْفٌ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، وَمَا رَأَيْتُ مُحَمَّدِيًّا قَطُّ يَعْدِلُهُ قَالَ: نا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهُ وَهُوَ يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ أَبْغَضَنَا أَهْلَ الْبَيْتِ حَشَرَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَهُودِيًّا فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى؟ قَالَ: وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى، وَزَعَمَ أَنَّهُ مُسْلِمٌ، أَيُّهَا النَّاسُ، احْتَجَرَ بِذَلِكَ مَنْ سَفَكَ دَمَهُ، وَأَنْ يُؤَدِّيَ الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ، مُثِّلَ لِي أُمَّتِي فِي الطِّينِ، فَمَرَّ بِي أَصْحَابُ الرَّايَاتِ، فَاسْتَغْفَرْتُ لِعَلِيٍّ وَشِيعَتِهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دیا' میں نے سنا کہ آپ فرما رہے تھے: اے لوگو! جس نے ہم اہل بیت سے بغض رکھا' اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کو یہودی اُٹھائے گا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ وہ روزے رکھتا ہو اور نمازیں پڑھتا ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگرچہ وہ نمازیں پڑھتا ہو اور روزے رکھتا ہو اور اس کا گمان ہو کہ وہ مسلمان ہے۔ اے لوگو! وہ اس میں پناہ لے گا جس نے اپنا خون بہایا اور یہ کہ وہ ذلیل و خوار ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ دے' میری اُمت کی مثال مٹی کی طرح ہے' میرے پاس سے جھنڈے والے گزرے' میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور آپ سے محبت کرنے والوں کی بخشش مانگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا أَبُو جَعْفَرٍ، وَلَا، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ إِلَّا سُدَيْفٌ، وَلَا عَنْ سُدَيْفٍ، إِلَّا حَنَانُ بْنُ سُدَيْرٍ

یہ حدیث حضرت جابر سے ابوجعفر اور ابوجعفر سے سدیف اور سدیف سے حنان بن سدیر روایت کرتے ہیں۔

**4003** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

---

4002- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 175: وفيه من لم أعرفهم. قلت: رجال الاسناد كلهم معروفون لكن فيه حنان' وسديف' وهما ضعيفان رافضيان. زيادة في مجمع البحرين (3801).

4003- صحيح: أخرجه البخاري في اللباس جلد 10 صفحه 345 رقم الحديث: 5885' و أبو داؤد في اللباس جلد 4 صفحه 59 رقم الحديث: 4097' والترمذي في الأدب جلد 5 صفحه 105-106 رقم الحديث: 2784' وابن ماجة في النكاح

Marfat.com

قَالَ: نا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُرَادِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ الرَّصَاصِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ امْرَاَةً، مَرَّتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مُتَقَلِّدَةً قَوْسًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ، وَالْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ

ایک عورت حضور ﷺ کے پاس سے گزری‘ اس نے کمان اپنے گلے میں لٹکائی ہوئی تھی‘ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لعنت ہو ایسی عورتوں پر جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں اور ایسے مردوں پر جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے محمد بن مسلم اور محمد بن مسلم سے عبدالرحمٰن بن زیاد روایت کرتے ہیں۔

**4004** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي غَرَزَةَ قَالَ: كُنَّا رِجَالًا بِالْمَدِينَةِ نَبْتَاعُ الْوُسُوقَ فِي سُوقِ الْمَدِينَةِ، فَسَمَّيْنَا اَنْفُسَنَا، وَسَمَّانَا النَّاسُ: السَّمَاسِرَةَ، فَسَمَّانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَحْسَنَ مِمَّا سَمَّيْنَا بِهِ نَفْسَنَا، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ، اِنَّ الْبَيْعَ يَحْضُرُهُ اللَّغْوُ وَالْحَلِفُ، فَشُوبُوهُ بِشَيْءٍ مِنَ الصَّدَقَةِ

حضرت قیس بن ابی غرزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کچھ مرد مدینہ میں رہنے والے تھے‘ ہم مدینہ کے بازار میں اچھی کھجوروں کا کاروبار کرتے ہیں‘ ہم نے اس کا نام اپنی طرف سے رکھا ہے‘ لوگ ہمیں سماسرہ کہتے‘ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے اچھا نام رکھا‘ اس سے جو ہم نے اپنی طرف سے اپنا نام رکھا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے تاجروں کے گروہ! کاروبار کرتے وقت لغویات ہوتی ہیں اور قسمیں اُٹھائی جاتی ہیں‘ صدقہ دے کر اس نقصان کا ازالہ کیا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا شَيْبَانُ، وَاَبُو حَمْزَةَ السُّكَّرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ شَيْبَانَ

یہ حدیث منصور سے شیبان اور ابوحمزہ السکری روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

---

جلد **1** صفحہ **614** رقم الحديث: **1904**‘ والامام أحمد في مسنده جلد **1** صفحہ **333** رقم الحديث: **2295** .

**4004**- أخرجه أبو داؤد في البيوع جلد **3** صفحہ **239-240** رقم الحديث: **3326** .

Marfat.com

**4005** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَفَاضِلُكُمْ أَحَاسِنُكُمْ أَخْلَاقًا، وَحُسْنُ الْخُلُقِ مِنَ الْإِيمَانِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے زیادہ فضیلت والے اچھے اخلاق کے مالک ہیں، اچھا اخلاق ایمان سے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى إِلَّا سُوَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدٌ

یہ حدیث یحییٰ سے سوید روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

**4006** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَرْوَانَ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي ثَابِتٍ الزُّهْرِيُّ الْمَدِينِيُّ قَالَ: أَخْبَرَنِي الزُّبَيْرُ بْنُ مُوسَى، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: رَخَّصَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَهْلَةَ بِنْتِ سُهَيْلٍ فِي الرَّضَاعِ خَاصَّةً، وَكَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ لَا تَأْخُذُ بِهِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے سہلہ بنت سہیل کے لیے دودھ پینے کی خاص کر رخصت دی، حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا اس کے بدلے کوئی معاوضہ نہیں لیتی تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ إِلَّا الزُّبَيْرُ، وَلَا عَنِ الزُّبَيْرِ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَرْوَانَ

مصعب بن عبداللہ سے زبیر اور زبیر سے عبدالعزیز روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن مروان اکیلے ہیں۔

---

4005- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8صفحه27 وعزاه الى الكبير أيضًا بنحوه، وقال: وفيه سويد بن عبد العزيز وهو متروك .

4006- اصله عند مسلم من طريق أبي عبيدة بن عبد الله بن زمعة، أن أمه زينب بنت أبي سلمة أخبرته، أن أمها أم سلمة زوج النبي ﷺ كانت تقول: أبى سائر أزواج النبي ﷺ أن يدخلن عليهن أحدًا بتلك الرضاعة وقلن لعائشة: والله! ما نرى هذا الا رخصة أرخصها رسول الله ﷺ لسالم خاصة . فما هو بداخل علينا أحد بهذه الرضاعة . ولا رائينا . أخرجه مسلم: الرضاع جلد2صفحه1078 .

Marfat.com

4007 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: رَاَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ وَهُوَ يَعْجِنُ فِي الصَّلَاةِ يَعْتَمِدُ عَلَى يَدَيْهِ اِذَا قَامَ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِنُ فِي الصَّلَاةِ، يَعْنِي: يَعْتَمِدُ

حضرت ازرق بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو نماز میں سہارا لیتے ہوئے دیکھا' آپ ہاتھوں کا سہارا لے کر کھڑے ہوتے تھے۔ میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! یہ کیا ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز میں ہاتھوں کا سہارا لے کر کھڑے ہوتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَزْرَقِ اِلَّا الْهَيْثَمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث ازرق سے ہشیم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یونس بن بکیر اکیلے ہیں۔

4008 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: نا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ جَابِرٍ الْاَسَدِيِّ قَالَ: كَتَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلَى سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ: اُرِيدُ قَسْمَ سَوَادِ الْكُوفَةِ بَيْنَ مَنْ ظَهَرَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَكَتَبَ اِلَيْهِ سَعْدٌ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اِنَّا قَدْ ظَهَرْنَا عَلَى اَلْيَنِ قَوْمٍ خَلَقَهُمُ اللّٰهُ قُلُوبًا، وَاَسْخَاهُمْ اَنْفُسًا، وَاَعْظَمِهِمْ بَرَكَةً، وَاَنْدَاهُمْ اَيْدٍ، اِنَّمَا اَيْدِيهِمْ طَعَامٌ، وَاَلْسِنَتُهُمْ سَلَامٌ، فَاِنْ رَاَيْتَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اَنْ لَا تُفَرِّقَهُمْ وَلَا تُقَسِّمَهُمْ، وَلَا يَصُدَّنَا عَنْ وِجْهَتِنَا الَّذِي فَتَحَ بِهِ عَلَيْنَا فِيهِ مَا فَتَحَ، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: عِزُّ الْعَرَبِ فِي اَسِنَّةِ رِمَاحِهَا

حضرت قبیصہ بن جابر الاسدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو خط لکھا ''میں ارادہ رکھتا ہوں کوفہ کی زمین مسلمانوں کے درمیان تقسیم کرنے کا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے جواباً خط لکھا: اے امیرالمؤمنین! ہم ایک نرم دل قوم پر غالب آئے ہیں' ان کے دلوں کو اللہ نے نرم پیدا کیا ہے' ان کے دل سخی ہیں' ان میں بڑی برکت ہے' ان کے ہاتھ احسان کرنے والے ہیں' ان کے ہاتھوں میں کھانا ہے' ان کی زبانیں سلامتی والی ہیں' اے امیرالمؤمنین! اگر آپ دیکھیں آپ ان کو جدا بھی نہیں کریں گے' ان کو تقسیم نہیں کریں گے' ہمارے چہروں سے روکیں گے بھی نہیں' جو اللہ عزوجل نے ہم پر کھولا سو کھولا' بے شک

4008- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد6صفحه5-6 وقال: ما ذكرناه .

Marfat.com

وَسَنَابِكِ خَيْلِهَا

رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے: عرب کی عزت ان کے نیزوں کی انیوں اور ان کے گھوڑوں کی ٹاپوں میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا صَالِحٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ

یہ حدیث عبدالملک بن صالح روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن عمر بن ابان اکیلے ہیں۔

**4009** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا نَصَّارُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا أَصْرَمُ بْنُ حَوْشَبٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ: نا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَذْهَبُ الْأَرَضُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا الْمَسَاجِدَ، فَإِنَّهَا تَنْضَمُّ بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ساری زمین ختم ہو جائے گی سوائے مسجدوں کے وہ ایک دوسرے سے مل جائیں گی۔

**4010** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا نَصَّارُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا أَصْرَمُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ: نا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْيَوْمَ الرِّهَانُ، وَغَدًا السِّبَاقُ، وَالْغَايَةُ الْجَنَّةُ، وَالْهَالِكُ مَنْ دَخَلَ النَّارَ، أَنَا الْأَوَّلُ، وَأَبُو بَكْرٍ الْمُصَلِّي، وَعُمَرُ الثَّالِثُ، وَالنَّاسُ بَعْدَنَا عَلَى السَّبْقِ، الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آج کا دن رہن ہے کل گزرا ہوا ہے انتہاء جنت ہے وہ ہلاک ہوا جو جہنم میں داخل ہوا میں پہلا ہوں ابوبکر دوسرے نمبر پر عمر تیسرے نمبر پر ہمارے بعد دوسرے لوگ درجہ بدرجہ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ قُرَّةَ إِلَّا أَصْرَمُ

یہ حدیث قرہ سے اصرم روایت کرتے ہیں۔

**4011** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي رُومَانَ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سنت دو طرح کی

---

4009- قال الهيثمی فی المجمع جلد2صفحه9: وأصرم بن حوشب كذاب .

4010- ذكره الهيثمی فی المجمع جلد10صفحه230 وقال: ما ذكرناه .

4011- اللسان جلد3صفحه286، والميزان جلد2صفحه422 .

Marfat.com

وَاقِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: السُّنَّةُ سُنَّتَانِ: سُنَّةٌ فِي فَرِيضَةٍ، وَسُنَّةٌ فِي غَيْرِ فَرِيضَةٍ، السُّنَّةُ الَّتِي فِي الْفَرِيضَةِ أَصْلُهَا فِي كِتَابِ اللَّهِ، أَخْذُهَا هُدًى، وَتَرْكُهَا ضَلَالَةٌ، وَالسُّنَّةُ الَّتِي لَيْسَ أَصْلُهَا فِي كِتَابِ اللَّهِ الْأَخْذُ بِهَا فَضِيلَةٌ، وَتَرْكُهَا لَيْسَ بِخَطِيئَةٍ

ہیں' ایک سنت فرض میں ہے ایک فرض کے علاوہ میں ہے' وہ سنت جو فرض میں ہے اس کی دلیل وثبوت کتاب اللہ میں ہے' اُسے اپنانا ہدایت ہے اور اس کا چھوڑنا گمراہی ہے۔ وہ سنت جو اس کے علاوہ ہے' اس کی اصل کتاب اللہ میں نہیں ہے' اس کا اختیار کرنا فضیلت و ثواب ہے اور اس کے چھوڑنے پر گناہ نہیں ہے۔

**4012** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يُوتِرْ فَلَا صَلَاةَ لَهُ فَبَلَغَ ذَلِكَ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: مَنْ سَمِعَ هَذَا مِنْ أَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ وَاللَّهِ مَا بَعُدَ الْعَهْدُ، وَمَا نَسِيتُ، إِنَّمَا قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَاءَ بِصَلَوَاتِ الْخَمْسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَدْ حَافَظَ عَلَى وُضُوئِهَا، وَمَوَاقِيتِهَا وَرُكُوعِهَا، وَسُجُودِهَا، لَمْ يُنْقِصْ مِنْهَا شَيْئًا، جَاءَ وَلَهُ عِنْدَ اللَّهِ عَهْدٌ أَنْ لَا يُعَذِّبَهُ، وَمَنْ جَاءَ وَقَدِ انْتَقَصَ مِنْهُنَّ شَيْئًا، فَلَيْسَ لَهُ عِنْدَ اللَّهِ عَهْدٌ، إِنْ شَاءَ رَحِمَهُ وَإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں (کہ آپ نے فرمایا:) جس نے وتر نہیں پڑھے اس کی نماز نہیں ہے۔ یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: کس نے یہ بات ابوالقاسم ﷺ سے سنی ہے؟ اللہ کی قسم! زمانہ دور نہیں ہوا' میں بھولی نہیں ہوں' ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا ہے: جو آدمی قیامت کے دن پانچ نمازوں کے ساتھ آیا' اس نے ان نمازوں کے وضو اور وقت اور رکوع او سجود کی حفاظت کی ہوگی تو اس کے ثواب میں کوئی شے کم نہیں ہو گی' وہ اللہ کے ہاں آئے گا تو اس کے لیے وعدہ ہے کہ اس کو عذاب نہ دینا' جو آئے گا ان چیزوں میں کوئی کمی کی ہوگی تو اللہ کے ہاں اس کے لیے کوئی وعدہ نہیں ہے' اگر وہ چاہے تو رحم کرے اور اگر چاہے تو اس کو عذاب دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ، عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِمَا: عَبْدُ اللَّهِ

یہ دونوں حدیثیں محمد سے عیسیٰ روایت کرتے ہیں' ان دونوں کے ساتھ عبداللہ اکیلے ہیں۔

**4012**- قال الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **296**: لم يروه عن محمد بن عمرو الا عيسى بن واقد' ولم أجد من ذكره . قلت: وفيه أيضًا عبد الله بن أبي رومان كما تقدم ذكره .

Marfat.com

**4013** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَيْبَةَ الْجُدِّيُّ قَالَ: نا هُشَيْمٌ، عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ قَالَ: سَمِعْتُ خَالِدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَسْرِيَّ، عَلَى الْمِنبَرِ يَقُولُ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: يَا يَزِيدَ بْنَ اَسَدٍ، لَا تَأْتِي اِلَى النَّاسِ اِلَّا مَا تُحِبُّ اَنْ يُؤْتَى اِلَيْكَ

حضرت ابوشبرمہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے خالد بن عبداللہ قسری کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے میرے والد نے ان کو میرے دادا نے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: اے یزید بن اسد! لوگوں کے لیے وہی شے لاؤ جو آپ پسند کرتے ہیں کہ وہ تیرے لیے لائیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ سَيَّارٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث ہشیم ابن شبرمہ سے اور ہشیم سے عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں اس حدیث کو لوگوں نے ہشیم سے انہوں نے سیار سے انہوں نے خالد بن عبداللہ سے روایت کیا ہے۔

**4014** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ: نا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ نَعْلِهِ، مَشَى فِي وَاحِدَةٍ، وَالْاُخْرَى فِي يَدِهِ، حَتَّى يَجِدَ شِسْعًا فَيَلْبَسَهَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ کی نعلین مبارک کا تسمہ ٹوٹ جاتا تو آپ ایک جوتا پہن کر چلتے اور دوسرا ہاتھ میں پکڑ لیتے جب تسمہ مل جاتا تو اس کو پہن لیتے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

**4015** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

---

**4013**- أخرجه أيضًا في الكبير من طريق عمرو بن عون' ثنا هشيم' عن يسار بن أبي الحكم' عن خالد به' وأحمد من طرق عن سيار به' وقال الهيثمي في المجمع جلد8صفحه189: ورجاله ثقات .

**4014**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه142 . وقال: واسناده حسن .

**4015**- اسناده فيه علي بن سعيد' قال الذهبي: الحافظ البارع نزيل مصر ومحدثها' وقال الدارقطني: لم يكن في دينه بذاك'

Marfat.com

الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى بْنِ السَّكَنِ الْاَصَمُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَسْكَرَ كَثِيرُهُ، فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ

نے فرمایا: جس شے کی زیادہ مقدار نشہ دیتی ہے' اُس شے کا تھوڑا سا استعمال بھی حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْاَصَمُّ

یہ حدیث مالک سے بشر بن عمر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن یحییٰ الاصم اکیلے ہیں۔

**4016** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ هَارُونَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مَشَيْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْتَبِرُهُ هَلْ يَكْرَهُ ذَلِكَ؟ فَالْتَمَسَنِي بِيَدِهِ فَاَلْحَقَنِي، ثُمَّ تَخَلَّفْتُ اَخْتَبِرُهُ، هَلْ يَكْرَهُ ذَلِكَ؟ فَالْتَمَسَنِي بِيَدِهِ فَاَلْحَقَنِي، ثُمَّ تَخَلَّفْتُ اَخْتَبِرُهُ فَالْتَمَسَنِي بِيَدِهِ، فَاَلْحَقَنِي، فَعَلِمْتُ اَنَّهُ يَكْرَهُ ذَلِكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پیچھے چل رہا تھا' میں آپ کو آزمانا چاہتا تھا کہ کیا آپ ایسا کرنے کو ناپسند کرتے ہیں؟ آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اپنے ساتھ ملا لیا' پھر میں پیچھے ہوا تو میں نے آپ کو آزمایا کہ کیا آپ اس کو ناپسند کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اپنے ساتھ ملا لیا' پھر میں پیچھے ہوا اور میں نے آپ کو آزمانا چاہا کہ کیا آپ اس کو ناپسند کرتے ہیں؟ آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اپنے ساتھ ملا لیا' پھر میں پیچھے ہو گیا آپ کو آزمانے کے لیے۔ آپ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اپنے ساتھ ملا لیا' میں نے جان لیا کہ آپ اس کو ناپسند کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ

ابن جریج سے یہ حدیث عبدالمجید روایت کرتے ہیں۔

**4017** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

---

والحسن بن يحيىٰ بن السكن وهو صدوق .

**4016**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد**8**صفحه**86** . وقال: فيه حسين بن عبد الله الهاشمي وهو متروك .

**4017**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**4**صفحه**11** . وقال: هو في الصحيح دون قوله: فهو أفضل . قلت:

Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ شَيْبَانَ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْجُدِّيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي تَعْدِلُ اَلْفَ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ، اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا‘ مسجد حرام کے علاوہ دوسری مسجدوں میں ہزار نمازوں کے برابر ثواب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ الْجُدِّيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ شَيْبَانَ

یہ حدیث یزید بن ابراہیم سے عبدالملک جدی روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں احمد بن شیبان اکیلے ہیں۔

**4018** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ اِذَا دَخَلَتِ الْمَرْاَةُ عَلَى زَوْجِهَا اَنْ يَقُومَ الرَّجُلُ، فَتَقُومُ مِنْ خَلْفِهِ فَيُصَلِّيَانِ رَكْعَتَيْنِ، وَيَقُولُ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِي فِي اَهْلِي، وَبَارِكْ لِاَهْلِي فِيَّ اللّٰهُمَّ ارْزُقْهُمْ مِنِّي، وَارْزُقْنِي مِنْهُمْ، اللّٰهُمَّ اجْمَعْ بَيْنَنَا مَا جَمَعْتَ فِي خَيْرٍ، وَفَرِّقْ بَيْنَنَا اِذَا فَرَّقْتَ اِلَى خَيْرٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سکھاتے تھے کہ جب عورت اپنے شوہر کے پاس آئے‘ آدمی کھڑا ہونا چاہے تو وہ اس کے پیچھے کھڑی ہو جائے‘ دونوں دو رکعت نفل پڑھیں اور عرض کریں: اے اللہ! میرے لیے میرے اہل خانہ میں اور میرے اہل خانہ کے لیے مجھ میں برکت دے! اے اللہ! اس کو میری وجہ سے اور مجھے ان کے وسیلہ سے رزق دے! اے اللہ! ہمارے اور اس کے درمیان بھلائی جمع کر دے! ہمارے درمیان جدائی کرے تو اچھائی پر جدائی کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هذا الحديث عن عطاء الّا الحسين بن واقد .

اس حدیث کو عطاء سے صرف حسین بن واقد نے ہی روایت کیا ہے۔

---

هذا الحديث ليس من الزوائد: فقد أخرجه مسلم فی صحيحه رقم الحديث: 1395 .

4018- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد4صفحه294 . وقال: وفيه اسم اعيل بن ابراهيم بن المغيرة المروزی ولم أجد من ذكره‘ وعطاء بن السائب‘ وقد اختلط‘ وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

4019 - وَبِهِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَدْ كَبَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْجَنَائِزِ سَبْعًا، وَخَمْسًا، وَاَرْبَعًا، فَكَبِّرُوا مَا كَبَّرَ الْإِمَامُ اِذَا قَدَّمْتُمُوهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جنائز پر سات اور پانچ اور چار تکبیریں کہتے تھے، تم اتنی تکبیریں کہو جو امام تکبیریں کہے، جب تم اس کو آگے کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ، عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ دونوں حدیثیں عطاء سے حسین بن واقد روایت کرتے ہیں۔

4020 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْجَمَّالُ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِاَصْحَابِهِ: اذْهَبُوا بِنَا اِلَى بَنِي وَاقِفٍ، نَعُودُ الْبَصِيرَ وَهُوَ مَحْجُوبُ الْبَصَرِ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنے صحابہ سے فرماتے تھے: چلو! ہم بنی واقف کے پاس جائیں، ہم بصیر کی عیادت کریں، وہ آنکھوں سے محروم ہو گیا ہے۔

لَمْ يَصِلْ هٰذَا الْحَدِيثَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْجَمَّالُ وَرَوَاهُ حُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ

یہ حدیث سفیان، عمرو سے، وہ محمد سے، وہ اپنے والد سے اور سفیان سے محمد بن یونس الجمال روایت کرتے ہیں۔ حسین الجعفی، ابن عیینہ سے، وہ عمرو بن دینار سے، وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

4021 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: نا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي الْوَدَّاكِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ:

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حنتم اور نقیر سے منع فرمایا (یہ دونوں ان برتنوں کے نام ہیں جن میں شراب بنائی جاتی

4019- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 37 . وقال: اسناده ضعيف لاختلاط عطاء، واسماعيل ابن ابراهيم لا يدرى من ذا؟

4020- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 301 وقال: ما ذكرناه .

4021- اسناده فيه علي بن سعيد، وعبد الله بن عمران وهو صدوق . ولم أجده في مجمع الزوائد، ولعل الحافظ الهيثمي أهمله عمدًا لاخراجه مسلم في كتاب الايمان حديث (26) من حديث طويل .

Marfat.com

اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْخَنَاتِمِ، وَالنَّقِيرِ

تھی)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُثَنَّى اِلَّا اَبُو دَاوُدَ

یہ حدیث مثنیٰ سے ابوداؤد روایت کرتے ہیں۔

**4022** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ اَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى وَفِي نَعْلَيْهِ اَثَرُ طِينٍ، وَعَلَيْهِ كِسَاءٌ فَجَعَلَ يَقِي اَنْ يُصِيبَ الْكِسَاءَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے نماز پڑھائی' آپ کی نعلین مبارک میں مٹی کے نشانات تھے' آپ پر چادر تھی' آپ چادر کو بچانے لگے کہ وہ مٹی چادر کو نہ لگے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ

یہ حدیث عطاء سے عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوعلی الحنفی اکیلے ہیں۔

**4023** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ قَزَعَةَ قَالَ: نا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ اَطْفَالِ الْمُشْرِكِينَ؟ فَقَالَ: اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سے مشرکوں کے بچوں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل زیادہ جانتا ہے جوانہوں نے کام کرنے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَثَّامٍ اِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ قَزَعَةَ

یہ حدیث ہشام سے حسین بن قزعہ روایت کرتے ہیں۔

**4024** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ خَلَفٍ الْاَعْسَمُ قَالَ: نا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْبِلَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ فِي

حضرت محمد بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کے پاس مسجد میں تھے کہ ایک آدمی نے بھالے کو اوپر نیچے کیا' حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا اسے معلوم نہیں کہ حضور

**4022**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد2صفحه58 وقال: ما ذكرناه .

**4023**- اخرجه البخاري: الجنائز جلد3صفحه289 رقم الحديث:1384' ومسلم: القدر جلد4صفحه2049 .

**4024**- قال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه29: وفيه أبو البلاد ضعفه أبو حاتم .

Marfat.com

الْمَسْجِدِ، فَقَلَّبَ رَجُلٌ نَبْلًا، فَقَالَ اَبُو سَعِيدٍ: اَمَا كَانَ هٰذَا يَعْلَمُ اَنَّ رَسُولَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ تَقْلِيبِ السِّلَاحِ فِى الْمَسْجِدِ وَسَلِّهٖ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد میں اسلحہ الٹ پلٹ کرنے سے اور سونتنے سے منع کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى الْبَلَادِ اِلَّا مَرْوَانُ

یہ حدیث ابوالاعلاء سے مروان روایت کرتے ہیں۔

**4025** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا بَقِيَّةُ قَالَ: حَدَّثَنِى عُتْبَةُ بْنُ اَبِى حَكِيمٍ قَالَ: حَدَّثَنِى عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَنْصَارِيُّ اَبُو مَرْيَمَ قَالَ: حَدَّثَنِى مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَاكُمْ اَهْلُ الْيَمَنِ، هُمْ اَرَقُّ اَفْئِدَةً، الْاِيمَانُ يَمَانٍ، وَالْفِقْهُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ، اَلَا اِنَّ السَّكِينَةَ وَالْوَقَارَ فِى اَصْحَابِ الْغَنَمِ، اَلَا وَاِنَّ الْخُيَلَاءَ وَالْفَخْرَ فِى اَصْحَابِ الْخَيْلِ وَالْاِبِلِ، وَالْفَدَّادِينَ اَهْلِ الْوَبَرِ

حضرت محمد بن سیرین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس یمن والے لوگ آئیں گے ان کے دل نرم ہوں گے ایمان یمن والوں کا ہے فقہ یمن والوں کا ہے حکمت بھی یمن والوں کی ہے خبردار! سکون اور عزت بکریوں والوں میں ہے خبردار! تکبر اور فخر گھوڑے اور اونٹ والوں میں دیہات والوں میں سخت دلی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ اَبِى حَكِيمٍ اِلَّا بَقِيَّةُ

یہ حدیث عقبہ بن ابی حکم سے بقیہ روایت کرتے ہیں۔

**4026** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے پانسوں کے ساتھ مارا اس

**4025**- أخرجه البخاری: المناقب جلد **6** صفحه **608** رقم الحديث: **3499** ولم يذكر أتاكم أهل اليمن' ولم يذكر أيضًا والفقه يمان' من طريق أبو سلمة بن عبد الرحمٰن أن أبا هريرة رضى الله عنه قال: فذكره' والبخاری: المغازی جلد **7** صفحه **701** رقم الحديث: **4390** بلفظ: أتاكم أهل اليمن أضعف قلوبًا وأرق أفئدة - والفقه يمان' والحكمة يمانية' من طريق الأعرج عن أبی هريرة رضى الله عنه - ومسلم: الايمان جلد **1** صفحه **72-73** من حديثين .

**4026**- اخبرجه أحمد: المسند جلد **4** صفحه **479** رقم الحديث: **1952**' والحاكم فی المستدرك جلد **1** صفحه **50** . انظر: كشف الخفاء للعجلونی جلد **2** صفحه **363** رقم الحديث: **2598** .

Marfat.com

مَغْرَاءَ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ مُوسَى بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ضَرَبَ بِالْكِعَابِ فَقَدْ عَصَى اللّٰهِ وَرَسُولَهُ

نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى اِلَّا الضَّحَّاكُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث موسیٰ سے ضحاک روایت کرتے ہیں' ان کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**4027** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ بِلَالٍ السَّعْدِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ الْقَسْمَلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوا جُنَّتَكُمْ، خُذُوا جُنَّتَكُمْ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مِنْ عَدُوٍّ حَضَرَ قَالَ: لَا وَلَكِنْ مِنَ النَّارِ، قُولُوا: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، فَاِنَّهُنَّ يَاْتِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُسْتَقْدِمَاتٍ وَمُجَنِّبَاتٍ، وَهُنَّ الْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم ڈھال حاصل کرو' ڈھال حاصل کرو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! دشمن جب موجود ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! بلکہ جہنم سے ڈھال لو' پڑھو! سبحان اللہ! والحمد للہ! ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر! کیونکہ یہ قیامت کے دن آگے آگے بچانے کے لیے ہوں گے' یہ ہمیشہ باقی رہنے والی چیزیں ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ، وَلَا رَوَاهُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا اَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، وَابْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے عبدالعزیز اور عبدالعزیز سے ابوعمر الحوضی اور ابن بلال روایت کرتے ہیں۔

**4028** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْقَاضِي قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ رَجُلٌ عَلَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور بیٹھنے کے لیے قریب ہوا' جب وہ آپ کے پاس سے گیا تو میں نے

---

4027- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه92 . وقال: ورجاله رجال الصحيح غير داؤد بن بلال وهو ثقة .

4028- اخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه252 رقم الحديث: 4793' وأحمد: المسند جلد6صفحه124 رقم الحديث: 24852 ولفظه عنده .

Marfat.com

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَّبَهُ وَادْنَى مَجْلِسَهُ، فَلَمَّا خَرَجَ مِنْ عِنْدِهِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَسْتَ كُنْتَ تَشْكُو هٰذَا؟ قَالَ: بَلَى وَلٰكِنْ مِنْ شِرَارِ النَّاسِ الَّذِينَ يُكْرَمُونَ اتِّقَاءَ شَرِّهِمْ

عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ اس کی شکایت نہیں بیان کر رہے تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں نہیں! لیکن لوگوں میں سے بدترین وہ ہے جس کے شر سے بچنے کے لیے اس کی عزت کی جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث اعمش سے شریک روایت کرتے ہیں۔

**4029** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا زُنَيْجٌ اَبُو غَسَّانَ قَالَ: نا اَبُو تُمَيْلَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ اِيَاسٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ: اَتَيْتُ ابْنَ عُمَرَ اَنَا، وَاُمَيَّةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ اُسَيْدٍ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مَتَى كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ؟ قَالَ: مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ

حضرت صلت بن ایاس الحنفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور امیہ بن عبداللہ بن خالد بن اسید' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آئے' میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! حضور ﷺ وتر کب پڑھتے تھے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: رات کے آخری حصے میں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الصَّلْتِ بْنِ اِيَاسٍ اِلَّا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو تُمَيْلَةَ

یہ حدیث صلت بن ایاس سے عبدالمؤمن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوتمیلہ اکیلے ہیں۔

**4030** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلَمَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي الْجَرَّاحِ مَوْلَى اُمِّ حَبِيبَةَ، عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو سنا: مشرق سے کچھ لوگ نکلیں گے' بیت اللہ کے پاس ایک آدمی کو تلاش کرتے ہوں گے' جب خالی میدان میں آئیں گے تو اللہ عزوجل ان کو دھنسا دے گا' جو ان کے پیچھے تھے چند لوگ ان کے پاس

---

**4029**- اسناده فيه: الصلت بن اياس ال حنفي، سكت عنه ابن أبي حاتم، وذكره ابن حبان في الثقات . وقع في الأصل (ياسين)، والتصويب في كلام الطبراني بعد .

**4030**- قال الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 318: وفيه سلمة بن الفضل الأبرش وثقه ابن معين، وغيره، وضعفه جماعة .
(١) وقع في الأصل (مسلم) . انظر: الجرح والتعديل جلد 5 صفحه 241 . (٢) وقع في الأصل (الفضيل) . انظر: مجمع البحرين (4465) .

Marfat.com

يَقُولُ: يَخْرُجُ نَاسٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، يُرِيدُونَ رَجُلًا عِنْدَ الْبَيْتِ، حَتَّى إِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِهِمْ، فَيَلْحَقُ بِهِمْ مَنْ تَخَلَّفَ عَنْهُمْ، فَيُصِيبُهُمْ مَا أَصَابَهُمْ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَكَيْفَ بِمَنْ كَانَ أُخْرِجَ مُسْتَكْرَهًا؟ قَالَ: يُصِيبُهُ مَا أَصَابَ النَّاسَ ثُمَّ يَبْعَثُ اللَّهُ كُلَّ امْرِءٍ عَلَى نِيَّتِهِ

پہنچیں گے' جو ان کو پہنچا ان کو بھی وہی پہنچے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کچھ لوگ تو مجبوراً نکالے گئے تھے' ان کا کیا قصور تھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ان کو وہی عذاب ملے گا جو لوگوں کو ملا' پھر اللہ عزوجل ہر آدمی کو اس کی نیت پر اُٹھائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجَرَّاحِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث جراح سے محمد بن ابراہیم اور محمد سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلمہ بن فضل اکیلے ہیں۔

**4031** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ: نا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَأَلَكُمْ بِاللَّهِ فَأَعْطُوهُ، وَمَنِ اسْتَعَاذَكُمْ بِاللَّهِ فَأَعِيذُوهُ، وَمَنْ دَعَاكُمْ فَأَجِيبُوهُ، وَمَنْ أَهْدَى لَكُمْ كُرَاعًا فَاقْبَلُوهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو تم سے اللہ کے نام پر مانگے' اسے عطا کرو' جو تم سے اللہ کے نام پر پناہ مانگے اس کو پناہ دو' جو تم کو دعوت دے تو قبول کرو' جو تم کو بکری کے پائے بھی ہدیہ دے تو قبول کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُصَيْنٍ إِلَّا أَبُو جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث حصین سے ابوجعفر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلمہ بن فضل اکیلے ہیں۔

**4032** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ بَهْرَامَ بِالرَّيِّ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا اور پانچ نمازیں ایک وضو کے ساتھ ادا فرمائیں۔

---

**4031**- اخرجه أيضًا في الكبير' من طريق العوام بن حوشب عن مجاهد به' وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه149: ورجال الكبير رجال الصحيح' خلا ليث بن أبي سليم وهو ثقة ولكنه مدلس .

**4032**- اخرجه مسلم: الطهارة جلد1صفحه232' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه43 رقم الحديث: 172' والترمذي: الطهارة جلد 1صفحه89 رقم الحديث: 61' والنسائي: الطهارة جلد 1صفحه73 (باب الوضوء لكل صلاة)' وأحمد: المسند جلد5صفحه411 رقم الحديث: 23030 .

Marfat.com

سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَصَلَّى الصَّلَوَاتِ بِوَضُوءٍ وَاحِدٍ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: لَقَدْ صَنَعْتَ شَيْئًا لَمْ تَكُنْ تَصْنَعُهُ؟ قَالَ: عَمْدًا صَنَعْتُهُ يَا عُمَرُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: آپ نے جیسا آج کیا ایسا آپ نے کبھی بھی نہیں کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عمر! یہ میں نے جان بوجھ کر کیا۔

**4033** - وَبِهِ: عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، اَوْ عَلَى خَالَتِهَا

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بھتیجی اور پھوپھی کو یا بھانجی اور خالہ کو ایک نکاح میں جمع کرنے سے منع فرمایا۔

لَا يُرْوَى هٰذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: اِسْمَاعِيلُ بْنُ بَهْرَامَ

یہ دونوں حدیثیں عمرو سے اسی سند سے روایت ہے ان دونوں کو روایت کرنے میں اسماعیل بن بہرام اکیلے ہیں۔

**4034** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ نُوحٍ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ قَالَ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَلَ فِي بَدْاَتِهِ الرُّبُعَ، وَفِي رَجْعَتِهِ الثُّلُثَ فِي غَزْوَةٍ

حضرت حبیب بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ موجود تھا آپ نے جہاد کے شروع میں چوتھا حصہ دیا اور واپسی پر تہائی حصہ عطا فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ عَطِيَّةَ اِلَّا زَيْدٌ وَرَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَغَيْرُهُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ مَكْحُولٍ

یہ حدیث سعید عطیہ سے اور سعید سے زید روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو عبدالرزاق اور ان کے علاوہ نے سعید بن عبدالعزیز سے انہوں نے مکحول سے روایت

---

4033- أخرجه أحمد: المسند جلد 2 صفحه 242 رقم الحديث: 6690 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 266: ورجاله ثقات .

4034- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 80 رقم الحديث: 2750 وابن ماجة: الجهاد جلد 2 صفحه 951 رقم الحديث: 2853 في الزوائد: اسناده حسن .

Marfat.com

**4035** - وَبِهِ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعَاذَكَ اللّٰهُ مِنْ اُمَرَاءَ يَكُونُونَ بَعْدِى قَالَ: وَمَا هُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلَى جَوْرِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّى، وَلَا يَرِدُ عَلَى حَوْضِى، اعْلَمْ يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، اَنَّ الصِّيَامَ جُنَّةٌ، وَالصَّلَاةَ بُرْهَانٌ، يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ سَمُرَةَ، اِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى اَبَى عَلَيَّ اَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنْ سُحْتٍ، النَّارُ اَوْلَى بِهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل آپ کو میرے بعد آنے والے حکمرانوں سے بچائے۔ عرض کی: یا رسول اللہ! جو ان کے پاس جائے گا' ان کے لیے کیا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: جو ان کے پاس جائے ان کے جھوٹ کی تصدیق اور ان کے ظلم کرنے پر ان کی مدد کرنے والا ہو' اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور وہ میرے حوض پر پیش نہیں کیے جائیں گے' اے عبدالرحمٰن! جان لو کہ روزہ ڈھال ہے' نماز دلیل ہے' اے عبدالرحمٰن بن سمرہ! بے شک اللہ عزوجل نے اس کو جنت میں داخل کرنے سے انکار کیا جس کا گوشت حرام سے پلا ہو' وہ جہنم کا ہی زیادہ حق دار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن جبیر اور سعید سے زید بن یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن معبدا کیلے ہیں۔

**4036** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِى الصُّبْحِ بِالْوَاقِعَةِ، وَنَحْوِهَا مِنَ السُّوَرِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ صبح کی نماز میں سورۂ واقعہ اور اس جیسی کوئی سورت پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا اِسْرَائِيلُ،

سماک سے یہ حدیث اسرائیل اور اسرائیل سے

4036- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 122 وقال: وفيه يعقوب بن حميد بن كاسب ضعفه جماعة' قال بعضهم: لأنه كان محدودًا' وذكره ابن حبان في الثقات' وبقية رجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

وَلَا عَنْ إِسْرَائِيلَ إِلَّا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ

سلمہ بن رجاء روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن حمید اکیلے ہیں۔

**4037** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا طَاهِرُ بْنُ أَبِي أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا جَيْفَرُ بْنُ الْحَكَمِ الْعَبْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِجَمْعِ الصَّدَقَةِ، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيءُ بِقَدْرِ مَالِهِ وَبِصَدَقَتِهِ، فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، مِمَّا تَبْكِي؟ قُلْتُ: ذَهَبَ الْمُكْثِرُونَ بِالْأَجْرِ قَالَ: كَيْفَ؟ قُلْتُ: يُصَلُّونَ كَمَا نُصَلِّي، وَيَصُومُونَ كَمَا نَصُومُ، وَيَجِدُونَ مَا يَتَصَدَّقُونَ، وَلَا نَجِدُ فَقَالَ: بَلِ الْمُكْثِرُونَ هُمُ الْأَسْفَلُونَ، إِلَّا مَنْ قَالَ: بِالْمَالِ هَكَذَا وَهَكَذَا، وَقَلِيلٌ مَا هُمْ قُلْتُ: كَيْفَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِنَّهُ مَا مِنْ صَاحِبِ إِبِلٍ لَا يُؤَدِّي زَكَاتَهَا فِي رِسْلِهَا، وَنَجْدَتِهَا إِلَّا أَتَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي قَاعٍ قَرْقَرٍ تَطَاهُ أَخْفَافُهَا، كُلَّمَا نَفَذَ أَوَّلُهَا عَادَ عَلَيْهِ آخِرُهَا، حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ قُلْتُ: فَالْخَيْلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْخَيْلُ لِثَلَاثَةِ رَهْطٍ: مَنِ اتَّخَذَهَا عِدَّةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، كَانَ لَهُ عُسْرُهَا وَيُسْرُهَا، وَايْمُ اللّٰهِ، لَوْ قَطَعَتْ رِحَابًا فَاشْتَدَّتْ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ هَبَطَتْ عَلَى رَوْضَةٍ خَضْرَاءَ، وَمَنِ اتَّخَذَهَا أَشَرًا كَانَتْ عَلَيْهِ وَبَالًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالُوا: فَالْحُمُرُ يَا نَبِيَّ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے زکوٰۃ جمع کرنے کا حکم دیا ہر آدمی اپنے مال کی معینہ مقدار اور صدقہ لانے لگا۔ میں رو پڑا' آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! تم کیوں رو رہے ہو؟ میں نے عرض کی: مال دار لوگ زیادہ ثواب میں سبقت لے گئے' آپ نے فرمایا: کیسے؟ میں نے عرض کی: وہ نماز پڑھتے ہیں جس طرح ہم پڑھتے ہیں' وہ روزے رکھتے ہیں جس طرح ہم رکھتے ہیں' وہ زکوٰۃ ادا کرنے کی طاقت رکھتے ہیں جو ہم نہیں رکھتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بلکہ زیادہ مال دار نچلے درجے میں ہوں گے ہاں! جس نے اپنا مال اس اس طرح صدقہ کر دیا اور ایسے لوگ بہت کم ہوں گے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیسے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی اونٹوں والا ہو گا وہ ان کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا ہے تو وہ اونٹ اپنے منہ سے کاٹے گا اور اپنے کھروں سے اس کو کچلے گا' جب ایک مرتبہ کچل کر آگے جائے گا تو وہ آدمی دوبارہ پہلے کی طرح ٹھیک ہو جائے گا' یہ سلسلہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے کے وقت تک رہے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ گھوڑوں کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: گھوڑے رکھنے والے تین طرح کے لوگ ہوتے ہیں: (۱) جس نے اللہ کی راہ میں چلانے کے لیے تیار

---

**4037**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه69 وقال: وفيه جماعة لم اعرفهم .

Marfat.com

اللّٰهِ؟ قَالَ: مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيهَا شَيْئًا اِلَّا آيَةَ الْفَاذَّةِ: (فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ) (الزلزلة:8)

کیا' اس کے لیے اس میں تنگی اور آسانی ہے' اللہ کی قسم! اس کی لگام چھوڑ دی جائے گی اور ایک گھاٹی یا دو گھاٹیاں چرے گا روضہ خضراء پر۔ جس نے بُرائی کے لیے گھوڑا تیار کیا تو وہ قیامت کے دن اس کے لیے عذاب بنے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! گدھوں کے متعلق کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اس کے متعلق سوائے اس کامیابی والی آیت کے کچھ نہیں اُتارا ہے' جو ذرّہ برابر بھی نیکی کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا اور جو ذرّہ برابر بھی بُرائی کرے گا تو وہ اس کو دیکھ لے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَيْفَرِ بْنِ الْحَكَمِ اِلَّا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ طَاهِرٌ

یہ حدیث جیفر بن حکم سے ابواحمد الزبیری روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے طاہر اکیلے ہیں۔

**4038** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ الْبُنَانِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ، مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ يُوضَعُ لِي وَلِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَاءٌ وَاحِدٌ، قَدْرَ نِصْفِ الْفَرَقِ، يَبْدَأُ قَبْلِي، فَنَغْتَسِلُ اَنَا وَهُوَ جَمِيعًا

حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے لیے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے آدھے فرق (سولہ رطل) کی مقدار کے مطابق پانی رکھا جاتا' آپ مجھ سے پہلے غسل شروع کرتے' میں اور آپ دونوں اکٹھے غسل کرتے تھے (ایک رطل برابر چالیس تولے یعنی آٹھ چھٹانک)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث علی بن حکم سے سعید بن زید روایت کرتے ہیں۔

**4039** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُفَضَّلِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورج کو حکم دیا تو دن کی ایک گھڑی کے برابر پیچھے ہو

**4039**- اسناده فيه ابن سعيد' قال الذهبي: الحافظ البارع نزيل مصر ومحدثها' وقال الدارقطني: لم يكن في دينه بذاك .

Marfat.com

نا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ التَّمِيمِيُّ قَالَ: نا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ الشَّمْسَ فَتَاَخَّرَتْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ

گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْقِلٍ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا مَعْقِلٌ

یہ حدیث معقل سے ولید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں' ابوزبیر سے روایت کرنے میں معقل اکیلے ہیں۔

**4040** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ نُبَاتَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمُقْرِءُ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: الْخُرُوجُ اِلَى الْجَبَّانِ فِي الْعِيدَيْنِ مِنَ السُّنَّةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عیدین کی نماز پڑھنے کے لیے ہموار زمین کی طرف نکلتے وقت سخاوت کرنا سنت ہے۔

**4041** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ سَهْلِ بْنِ زَنْجَلَةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سَابِقٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: الْجَهْرُ فِي صَلَاةِ الْعِيدَيْنِ مِنَ السُّنَّةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عیدین کی نماز میں اونچی آواز میں قرأت کرنا سنت سے ثابت ہے' یعنی واجب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ، عَنْ مُطَرِّفٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ

یہ دونوں حدیثیں مطرف سے عمرو بن ابی قیس روایت کرتے ہیں۔

**4042** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں

---

**4040**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**2**صفحه**209** وقال: ما ذكرناه .

**4041**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه**207** وقال: ما ذكرناه .

**4042**- أصله في البخاري ومسلم من طريق الأعمش قال: سمعت ابراهيم يحدث عن همام بن الحارث . أخرجه البخاري: الصلاة جلد**1**صفحه**589** رقم الحديث: **387**' ومسلم: الطهارة جلد **1** صفحه**227**' وأبو داؤد: الطهارة

Marfat.com

اَبِی النَّضْرِ قَالَ: نا اَبُو النَّضْرِ قَالَ: حَدَّثَنِی زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اِنَّمَا اَسْلَمْتُ بَعْدَ مَا نَزَلَتِ الْمَائِدَةُ، وَاِنِّی رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ بَعْدَمَا اَسْلَمْتُ

کہ میں سورۂ مائدہ کے نازل ہونے کے بعد ایمان لایا' میں نے اسلام لانے کے بعد آپ کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَلَا عَنْ زِيَادٍ اِلَّا اَبُو النَّضْرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی النَّضْرِ

یہ حدیث مجاہد سے عبدالکریم اور عبدالکریم سے زیاد بن عبداللہ اور زیاد سے ابونضر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن ابی نضر اکیلے ہیں۔

**4043** - حَدَّثَنَا عَلِیٌّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِی خَالِدٍ الدَّالَانِیِّ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ اَبِی شَبِيبٍ اَنَّ عَلِيًّا بَاعَ رَقِيقًا، فَفَرَّقَ بَيْنَ امْرَاَةٍ وابْنِهَا، فَنَهَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَدَّ الْبَيْعَ

حضرت میمون بن ابی شبیب سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک غلام فروخت کیا' عورت اور اس کے بیٹے کے درمیان جدائی ڈال دی' حضور ﷺ نے ایسا کرنے سے منع فرمایا اور بیع کو ردّ کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی خَالِدٍ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ

یہ حدیث ابوخالد سے عبدالسلام روایت کرتے ہیں۔

**4044** - حَدَّثَنَا عَلِیٌّ قَالَ: حَدَّثَنِی اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْكَاتِبُ قَالَ: حَدَّثَنِی عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْكِلَابِیُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِیِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَادَ الْحَسَدُ يَسْبِقُ الْقَدَرَ، وكَادَتِ الْحَاجَةُ تَكُونُ كُفْرًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حسد بسا اوقات تقدیر پر غالب آ جاتا ہے اور بسا اوقات ضرورت کافر بنا دیتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا عِيسَى،

یہ حدیث سلیمان سے عیسیٰ اور عیسیٰ سے عمرو بن

جلد 1 صفحه 38 رقم الحديث: 154 من طريق أبي زرعة بن عمرو بن جرير .

4044- قال الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 81: وفيه عمرو بن عثمان الكلابي وثقه ابن حبان' وهو متروك .

Marfat.com

وَلَا عَنْ عِيسَى إِلَّا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَاتِبُ

عثمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن محمد الکاتب اکیلے ہیں۔

**4045** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ هَارُونَ بْنِ عَنْتَرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ عَلَى الْمِنْبَرِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ وَقُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے منبر شریف پر قل یا ایھا الکافرون اور قل ھو اللہ احد کی تلاوت فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ

یہ حدیث سفیان سے ابراہیم بن خالد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن زریق اکیلے ہیں۔

**4046** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَطِيَّةُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ: نا أَبِي، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَجُوسُ هَذِهِ الْأُمَّةِ الْمُكَذِّبُونَ بِالْقَدَرِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس اُمت کے مجوسی تقدیر کو جھٹلانے والے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا الْأَوْزَاعِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

یہ حدیث ابن جریج سے اوزاعی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

**4047** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ

حضرت حمیصہ بنت شمردل سے روایت ہے کہ حضرت قیس بن حارث رضی اللہ عنہ مسلمان ہوئے تو ان

---

**4045**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **193** وقال بعد نقله كلام الطبراني: تفرد به اسحاق ولم أجد من ترجمه' وبقية رجاله موثقون .

**4046**- اخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد **1** صفحه **35** رقم الحديث: **92** .

**4047**- اخرجه أبو داؤد: الطلاق جلد **2** صفحه **279** رقم الحديث: **2241-2242**' وابن ماجة: النكاح جلد **1** صفحه **628** رقم الحديث: **1952** .

Marfat.com

يُونُسَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ اَبِي لَيْلَى، عَنْ حُمَيْضَةَ بِنْتِ الشَّمَرْدَلِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَارِثِ اَنَّهُ اَسْلَمَ وعِنْدَهُ ثَمَانِ نِسْوَةٍ، فَاَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَخْتَارَ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا

کے نکاح میں آٹھ بیویاں تھیں' حضور ﷺ نے ان میں سے چار رکھنے کا اختیار دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ: السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث مختار بن فلفل سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سری بن عاصم اکیلے ہیں۔

**4048** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْمَدَنِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ لِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ فِي سَرَاةِ الطَّرِيقِ، فَلْيَلْتَمِسْنَ حَافَتَيْهَا، وَلَا يَحْقُقْنَهَا

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: راستے کے درمیان میں عورتوں کے لیے کوئی حصہ نہیں ہے۔ انہیں چاہیے کہ چلنے کے لیے راستے کے کنارے اختیار کریں اور راستہ نہ روکیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا شَرِيكٌ، وَلَا، عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْعَزِيزِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عبید بن عمیر سے شریک اور شریک سے محمد بن طلحہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز اکیلے ہیں۔ حضرت علی سے یہ اسی سند سے روایت ہے۔

**4049** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ الْغَازِ قَالَ: اَنَا عُبَادَةُ بْنُ نُسَيٍّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ

حضرت سلمان سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کی راہ میں ایک دن نگہبانی کرنا' ایک ماہ کے روزے رکھنے اور قیام کرنے سے بہتر ہے' جو اللہ کی راہ میں نگہبانی کرتے

---

**4048**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8صفحه118: وفيه عبد العزيز بن يحيى المدني وهو كذاب ووثقه الحاكم .

**4049**- أصله عند مسلم من طريق أيوب بن موسى' عن مكحول' عن شرحبيل بن السمط . اخرجه مسلم: الامارة جلد 3 صفحه1520' والنسائي: الجهاد جلد6صفحه33 باب فضل الرباط .

Marfat.com

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَقِيَامِهِ، وَمَنْ مَاتَ مُرَابِطًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أُجِيرَ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَجَرَى عَلَيْهِ صَالِحُ عَمَلِهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

وقت فوت ہوا' اس کو قبر کے عذاب سے بچایا جائے گا' اس کا یہ نیک عمل قیامت کے دن تک جاری رہے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ إِلَّا عَبَادَةُ بْنُ نُسَيٍّ، وَلَا عَنْ عُبَادَةَ إِلَّا هِشَامُ بْنُ الْغَازِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ

یہ حدیث کعب بن عجرہ سے عبادہ بن نسی اور عبادہ سے ہشام بن غاز روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

**4050** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ أَبِي عَمَّارٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، حَتَّى يَكُونَ أَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، وَيُنَصِّرَانِهِ، كَمَا يُنْتِجُونَ الْإِبِلَ، هَلْ تَجِدُونَ فِيهَا جَدْعَاءَ حَتَّى تَجْدَعُونَهَا؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے' اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ أَبِي عَمَّارٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْوَارِثِ

یہ حدیث عمار بن ابی عمار سے یزید بن ابی عبید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالوارث اکیلے ہیں۔

**4051** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ خُثَيْمٍ قَالَ: نا ابْنُ شُبْرُمَةَ قَالَ: نا أَبُو الْخَلِيلِ،

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب خارجی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے الگ ہوئے تو ہم سب حضرت علی کے ساتھ' ان کی تلاش میں نکلے' ہم ایک

4050- اخرجه البخاري: القدر جلد 11 صفحه 502 رقم الحديث: 6599' ومسلم: القدر جلد 4 صفحه 2048 ولفظه للبخاري .

4051- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 244 وقال: لم أعرف أبا السابغة' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

عَنْ اَبِی الصَّایِفَةِ، عَنْ جُنْدُبٍ قَالَ: لَمَّا فَارَقَتِ الْخَوَارِجُ عَلِيًّا، خَرَجَ فِي طَلَبِهِمْ، وَخَرَجْنَا مَعَهُ، فَانْتَهَيْنَا اِلَى عَسْكَرِ الْقَوْمِ، فَاِذَا لَهُمْ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ مِنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ، وَفِيهِمْ اَصْحَابُ الثَّفِنَاتِ، وَاَصْحَابُ الْبَرَانِسِ، فَلَمَّا رَاَيْتُهُمْ دَخَلَنِي مِنْ ذَلِكَ شَكٌّ، فَتَنَحَّيْتُ فَرَكَزْتُ رُمْحِي، وَنَزَلْتُ عَنْ فَرَسِي، وَوَضَعْتُ تُرْسِي، فَنَثَرْتُ عَلَيْهِ دِرْعِي، وَاَخَذْتُ بِمِقْوَدِ فَرَسِي، فَقُمْتُ اُصَلِّي اِلَى رُمْحِي، وَاَنَا اَقُولُ فِي صَلَاتِي: اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ قِتَالُ هَؤُلَاءِ الْقَوْمِ لَكَ طَاعَةً فَائْذَنْ فِيهِ، وَاِنْ كَانَ مَعْصِيَةً فَاَرِنِي بَرَاءَتَكَ قَالَ: فَاَنَا كَذَلِكَ، اِذْ اَقْبَلَ عَلِيٌّ عَلَى بَغْلَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا حَاذَانِي قَالَ: تَعَوَّذْ بِاللّٰهِ يَا جُنْدُبُ مِنَ الشَّكِّ، فَجِئْتُ اَسْعَى اِلَيْهِ، وَنَزَلَ فَقَامَ يُصَلِّي، اِذْ اَقْبَلَ رَجُلٌ عَلَى بِرْذَوْنٍ يَقْرُبُ بِهِ، فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ: مَا تَشَاءُ؟ قَالَ: اَلَكَ حَاجَةٌ فِي الْقَوْمِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: قَدْ قَطَعُوا النَّهْرَ، فَذَهَبُوا قَالَ: مَا قَطَعُوهُ؟ قُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ ثُمَّ جَاءَ آخَرُ اَرْفَعُ مِنْهُ فِي الْجَرْيِ، فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ: مَا تَشَاءُ؟ قَالَ: اَلَكَ حَاجَةٌ فِي الْقَوْمِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: قَدْ قَطَعُوا النَّهْرَ، فَذَهَبُوا قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا قَطَعُوهُ ثُمَّ جَاءَ آخَرُ يَسْتَحْضِرُ بِفَرَسِهِ، فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ: مَا تَشَاءُ؟ قَالَ: اَلَكَ حَاجَةٌ فِي الْقَوْمِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: قَدْ قَطَعُوا

گروہ کے جہادی کیمپ کے پاس جا پہنچے۔ اچانک ہمارے کانوں میں تلاوت قرآن کی ایسی آواز گونجی جیسے کھجور کے پتوں کی آواز ہوتی ہے۔ ان میں سخت زانوؤں والے اور عربی لمبی ٹوپیوں والے بھی تھے۔ جب میں نے ان کو اس حالت میں دیکھا تو میرے دل میں ایک شک گزرا۔ میں نے تھوڑا ایک طرف ہٹ کر اپنا نیزہ زمین میں گاڑ دیا۔ اپنے گھوڑے سے نیچے اُتر آیا۔ اپنا سامان رکھ دیا۔ اس پر اپنی زرہ ڈال دی۔ گھوڑے کی لگام پکڑ کر نیزے کو سترہ بنا کے نماز پڑھنے لگا۔ میں اپنی نماز میں اللہ سے یہ دعا مانگ رہا تھا: اے اللہ! اگر اس قوم سے جنگ تیری عبادت شمار ہو تو مجھے اس میں اِذن عطا فرما اور اگر تیری نافرمانی بنے تو مجھے اس سے برأت کی راہ دکھا دے۔ آپ فرماتے ہیں: میں اسی حال میں تھا کہ اچانک حضرت علی رسول کریم ﷺ کے خچر پر سوار ہو کر آ رہے تھے۔ پس جب آپ میرے برابر پہنچے تو فرمایا: اے جندب! اس شک سے اللہ کی پناہ مانگ! میں جلدی کر کے آپ کی طرف گیا' آپ نے سواری سے اُتر کر نماز شروع کر دی تھی۔ جبکہ ٹٹو گھوڑے پر سوار ایک آدمی جو قریب ہی تھا' آگے بڑھا اور کہا: اے امیر المؤمنین! آپ نے فرمایا: تُو کیا چاہتا ہے؟ اس نے کہا: اس قوم سے آپ کو کوئی کام ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ اس نے کہا: وہ نہر پار کر کے چلے گئے ہیں۔ آپ نے فرمایا: انہوں نے نہر کو عبور نہیں کیا ہے۔ میں نے دل میں کہا: سبحان اللہ! پھر ایک اور آیا' پہلے سے بھی

Marfat.com

النَّهْرَ، فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا قَطَعُوهُ، وَلَا يَقْطَعُوهُ، وَلَيُقْتَلَنَّ دُونَهُ، عَهْدٌ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ قُلْتُ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ، ثُمَّ قُمْتُ، فَاَمْسَكْتُ لَهُ بِالرِّكَابِ، فَرَكِبَ فَرَسَهُ، ثُمَّ رَجَعْتُ اِلَى دِرْعِى، فَلَبِسْتُهَا وَاِلَى فَرَسِى، فَعَلَوْتُهُ، ثُمَّ وَضَعْتُ رِجْلِى فِى الرِّكَابِ، وَخَرَجْتُ اُسَايِرُهُ، فَقَالَ لِى: يَا جُنْدُبُ قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ: اَمَّا اَنَا فَابْعَثُ اِلَيْهِمْ رَجُلًا يَقْرَاُ الْمُصْحَفَ، يَدْعُو اِلَى كِتَابِ رَبِّهِمْ، وَسُنَّةِ نَبِيِّهِمْ، فَلَا يُقْبِلُ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ حَتَّى يَرْشُقُوهُ بِالنَّبْلِ، يَا جُنْدُبُ، اَمَا اِنَّهُ لَا يُقْتَلُ مِنَّا عَشَرَةٌ، وَلَا يَنْجُو مِنْهُمْ عَشَرَةٌ فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَوْمِ وَهُمْ فِى مُعَسْكَرِهِمُ الَّذِى كَانُوا فِيهِ لَمْ يَبْرَحُوا، فَنَادَى عَلِيٌّ فِى اَصْحَابِهِ فَصَفَّهُمْ، ثُمَّ اَتَى الصَّفَّ مِنْ رَاْسِهِ ذَا اِلَى رَاْسِهِ ذَا مَرَّتَيْنِ، وَهُوَ يَقُولُ: مَنْ يَاْخُذُ هٰذَا الْمُصْحَفَ، فَيَمْشِى بِهِ اِلَى هٰؤُلَاءِ، فَيَدْعُوهُمْ اِلَى كِتَابِ رَبِّهِمْ، وَسُنَّةِ نَبِيِّهِمْ، وَهُوَ مَقْتُولٌ، وَلَهُ الْجَنَّةُ؟ فَلَمْ يُجِبْهُ اِلَّا شَابٌّ مِنْ بَنِى عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ، فَلَمَّا رَاَى عَلِيٌّ حَدَاثَةَ سِنِّهِ، قَالَ لَهُ: ارْجِعْ اِلَى مَوْقِفِكَ، ثُمَّ نَادَى الثَّانِيَةَ، فَلَمْ يَخْرُجْ اِلَيْهِ اِلَّا ذٰلِكَ الشَّابُّ ثُمَّ نَادَى الثَّالِثَةَ، فَلَمْ يَخْرُجْ اِلَيْهِ اِلَّا ذٰلِكَ الشَّابُّ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: خُذْ فَاَخَذَ الْمُصْحَفَ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّكَ مَقْتُولٌ، وَلَسْتَ تُقْبِلُ عَلَيْنَا بِوَجْهِكَ حَتَّى يَرْشُقُوكَ بِالنَّبْلِ، فَخَرَجَ الشَّابُّ يَمْشِى بِالْمُصْحَفِ اِلَى الْقَوْمِ، فَلَمَّا دَنَا مِنْهُمْ حَيْثُ سَمِعُوا، قَامُوا، وَنَشَبُوا الْقِتَالَ قَبْلَ اَنْ

زیادہ تیز دوڑ رہا تھا۔ عرض کی: اے امیرالمؤمنین! آپ نے فرمایا: تیری چاہت کیا ہے؟ اس نے کہا: اس قوم سے آپ کو کوئی کام ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا ہوا؟ اس نے جواب دیا: وہ قوم دریا پار کر کے چلی گئی ہے۔ میں نے کہا: اللہ اکبر! حضرت علی نے فرمایا. انہوں نے دریا عبور نہیں کیا ہے۔ پھر ایک اور اپنے گھوڑے سمیت حاضر خدمت ہوا۔ عرض کی: اے امیرالمؤمنین! آپ نے فرمایا: تیری منشا کیا ہے؟ اس نے کہا: اس گروہ سے آپ کو کوئی کام ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا ہوا؟ اس نے کہا: وہ گروہ تو دریا عبور کر کے بھاگ گیا ہے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہ انہوں نے دریا عبور کیا ہے اور نہ عبور کر سکتے ہیں۔ وہ ضرور اسی دریا کے سامنے قتل ہوں گے یہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے وعدہ ہے۔ میری زبان سے نکلا اللہ اکبر! پھر میں اُٹھا۔ میں نے آپ کی رکاب تھامی۔ آپ اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے پھر میں اپنی زرہ کی طرف لوٹا' میں اس کو پہن کر اپنے گھوڑے کی طرف متوجہ ہوا۔ اس پر سوار ہو کر اپنا پاؤں رکاب میں ڈالا اور نکل کر ان کے ساتھ ساتھ چل پڑا۔ تو آپ نے فرمایا: اے جندب! میں نے عرض کی: اے امیرالمؤمنین! میں حاضر ہوں' آپ نے فرمایا: بہرحال میں (آپ کے سامنے بطور آزمائش) اُن کی طرف ایک آدمی بھیجتا ہوں' جو قرآن کی تلاوت کر کے انہیں ان کے رب کی کتاب کی طرف بلائے گا اور ان کے نبی کی سنت کی طرف' وہ تیروں کے ساتھ ہمارا استقبال کریں گے'

Marfat.com

يَرْجِعَ قَالَ: فَرَمَاهُ اِنْسَانٌ بِالنَّبْلِ، فَاَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَعَدَ فَقَالَ عَلِيٌّ: دُونَكُمُ الْقَوْمَ قَالَ جُنْدُبٌ: فَقَتَلْتُ بِكَفِّي هٰذِهِ بَعْدَ مَا دَخَلَنِي مَا كَانَ دَخَلَنِي ثَمَانِيَةً، قَبْلَ اَنْ اُصَلِّيَ الظُّهْرَ، وَمَا قُتِلَ مِنَّا عَشَرَةٌ وَلَا نَجَا مِنْهُمْ عَشَرَةٌ كَمَا قَالَ

اے جندب! (دیکھنا) لیکن دس بھی ہم میں سے قتل نہ ہوں گے اور ان میں سے دس نجات نہ پائیں گے یوں باتیں کرتے ہوئے ہم اس کیمپ میں پہنچ گئے جس میں ایسی فوج موجود تھی۔ حضرت علی نے اپنے دوستوں کو آواز دی۔ انہیں صف آراء کیا پھر دوبارہ ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک چکر لگایا۔ اس حال میں آپ فرمارہے تھے: کون ہے جو یہ قرآن ہاتھ میں لے اور خارجیوں کی طرف چلا جائے۔ ان کو ان کے رب کی کتاب اور ان کے نبی کی سنت کی طرف بلائے۔ اگر وہ قتل ہو جائے تو جنتی ہے۔ قبیلہ بنو عامر کے ایک جوان کے سوا کسی نے جواب نہ دیا۔ جب آپ نے اس کی کم عمری کو ملاحظہ فرمایا تو کہا: تُو واپس لوٹ جا! پھر ایک بار آواز لگائی تو پھر بھی وہی نوجوان نکلا' پھر تیسری بار آواز لگائی تو بھی وہی جوان آیا۔ حضرت علی نے اس سے کہا: لے پکڑ! اس نے قرآن کو ہاتھ میں لیا۔ آپ نے فرمایا: تُو شہید ہے! تُو ہماری طرف لوٹ کر نہیں آئے گا یہاں تک کہ وہ تجھے تیروں سے چھلنی کر دیں گے۔ پس وہ جوان نکل کر خراماں خراماں چلتا ہوا قرآن لے کر اس قوم کے پاس گیا۔ جب اتنی قریب گیا کہ وہ اس کی آواز سن سکتے تھے تو کھڑا ہوا تو انہوں نے اس کے وہاں سے لوٹنے سے پہلے جنگ برپا کر دی۔ ایک آدمی نے اسے تیر مارا اس نے ہماری طرف اپنا رخ کیا اور بیٹھ گیا۔ تو حضرت علی نے فرمایا: اب قوم کو پکڑ لو۔ حضرت جندب فرماتے ہیں: (ایسا ہی ہوا) میں نے اپنی اس مٹھی کے

Marfat.com

ساتھ قتال کیا۔ بعد اس کے کہ جو شک میرے دل میں داخل ہوا تھا وہ بالکل نہیں آیا۔ اس سے پہلے کہ میں ظہر کی نماز پڑھوں۔ ہم میں سے دس بھی شہید نہ ہوئے اور اُن میں سے دس آدمی بھی نہ بچ سکے جیسے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ خُثَيْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ

اس حدیث کو ابن شبرمہ سے صرف سعید بن خثیم روایت کرتے ہیں۔ اسحاق بن موسیٰ انصاری اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

**4052** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ الْيَمَانِ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الْفَجْرَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ

حضرت ابومالک الاشجعی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے فجر کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے اُس کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي مَالِكٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْهَيْثَمُ بْنُ الْيَمَانِ

یہ حدیث ابومالک سے اسماعیل روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ہشیم بن یمان اکیلے ہیں۔

**4053** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ شَبِيبٍ الْمُسْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اذان اور اقامت کے درمیان مانگی جانے والی دعا رد نہیں ہوتی ہے۔

---

**4052**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **300** وقال: وفيه الهيثم بن يمان ضعفه الأزدي، وبقية رجاله رجال الصحيح .

**4053**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **141** رقم الحديث: **521**، والترمذي: الصلاة جلد **1** صفحه **415-416** رقم الحديث: **212** وقال: حديث أنس حديث حسن صحيح . والبيهقي في الكبرى جلد **1** صفحه **604** رقم الحديث: **1937** . (١) وقع في الأصل (عن) . انظر تهذيب الكمال جلد **29** صفحه **281** . (٢) وقع في الأصل (بشر)، والتصويب من الاسناد نفسه .

Marfat.com

وَسَلَّمَ: لَا يُرَدُّ الدُّعَاءُ بَيْنَ الْإِقَامَةِ وَالنِّدَاءِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى إِلَّا عُمَرُ بْنُ شَبِيبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو هِشَامٍ

یہ حدیث عبداللہ بن یحییٰ سے عمر بن شبیب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوہشام اکیلے ہیں۔

**4054** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ أَبِي نُعَيْمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَانَ ثَلَاثَةٌ فِي سَفَرٍ فَلْيَؤُمَّهُمْ أَحَدُهُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تین آدمی حالت سفر میں ہوں تو ان میں سے ایک آدمی امامت کروائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعِ بْنِ أَبِي نُعَيْمٍ إِلَّا زِيَادُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث نافع بن ابی نعیم سے زیاد بن یونس روایت کرتے ہیں۔

**4055** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: نا أَبُو جَابِرٍ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ أُسَيْدٍ أَبُو الْيَقْظَانِ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مُدْرِكٍ النَّخَعِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بُرْدَةَ بْنُ أَبِي مُوسَى قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ أُمَّتِي أُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ، لَا عَذَابَ عَلَيْهَا، إِنَّمَا عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا: الزَّلَازِلُ، وَالْفِتَنُ، وَالْقَتْلُ

حضرت بردہ بن ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا' انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میری اُمت مرحومہ ہے اس کو عذاب نہیں دیا جائے گا' ان کو عذاب دنیا میں ہی دیا جائے گا' زلزلوں' آزمائش اور قتل کے ذریعے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ إِلَّا عُمَرُ بْنُ أُسَيْدٍ، وَلَا عَنْ عُمَرَ إِلَّا أَبُو جَابِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ

یہ حدیث علی بن سواک سے عمر بن اسید اور عمر سے ابوجابر روایت کرتے ہیں' اس سے روایت کرنے میں اسحاق بن زریق اکیلے ہیں۔

**4056** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ

حضرت ابوبکر بن عمارہ بن رویبہ اپنے والد سے

---

4055- أخرجه أبو داؤد: الفتن جلد4صفحه103 رقم الحديث: 4278' وأحمد: المسند جلد 4صفحه501 رقم الحديث:19700 .

4056- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1صفحه321 وقال: ورجاله موثقون .

Marfat.com

بْنِ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِی قَیْسٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِی بَکْرِ بْنِ عُمَارَةَ بْنِ رُوَیْبَةَ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّی قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَقَبْلَ غُرُوبِهَا، وَشَهِدَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ فَسَمِعَهَا شَیْخٌ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ، فَقَالَ: اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ نَعَمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے طلوعِ شمس سے پہلے اور غروبِ آفتاب سے پہلے والی نماز پڑھی اور لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دی تو وہ جنت میں داخل ہوگیا۔ اس حدیث کو بصرہ کے ایک شیخ سے سنا' اس نے کہا: آپ نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ فرمایا: جی ہاں! تین مرتبہ۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ مُطَرِّفٍ اِلَّا عَمْرٌو، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ اَبِیهِ

یہ حدیث مطرف سے عمرو روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن ہاشم اپنے والد سے اکیلے ہیں۔

**4057** - حَدَّثَنَا عَلِیٌّ قَالَ: نا زَیْدُ بْنُ اَخْزَمَ الطَّائِیُّ قَالَ: نا اَبُو دَاوُدَ الطَّیَالِسِیُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِیمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: طَهِّرُوا اَفْنِیَتَکُمْ، فَاِنَّ الْیَهُودَ لَا تُطَهِّرُ اَفْنِیَتَهَا

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے برتن پاک کرلیا کرو کیونکہ یہودی اپنے برتنوں کو پاک نہیں کرتے ہیں۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ اِلَّا اِبْرَاهِیمُ، وَلَا عَنْ اِبْرَاهِیمَ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَیْدُ بْنُ اَخْزَمَ

یہ حدیث زہری سے ابراہیم اور ابراہیم سے ابوداؤد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زید بن اخزم اکیلے ہیں۔

**4058** - حَدَّثَنَا عَلِیٌّ قَالَ: نا الْحُسَیْنُ بْنُ اَبِی زَیْدٍ الدَّبَّاغُ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ مَالِكٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کی مثال بارش

**4057**- ذکرہ الحافظ الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **289** . وقال: ورجاله رجال الصحیح خلا شیخ الطبرانی (علی بن سعید الرازی) .

**4058**- اخرجه الترمذی: الأمثال جلد **5** صفحه **152** رقم الحدیث: **2869** . وقال: هذا حدیث حسن غریب . وأحمد: المسند جلد**3** صفحه **161** رقم الحدیث: **12335** .

Marfat.com

بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا مَثَلُ أُمَّتِي مَثَلُ الْمَطَرِ، لَا يُدْرَى أَوَّلُهُ خَيْرٌ أَوْ آخِرُهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ إِلَّا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ بْنُ أَبِي زَيْدٍ الدَّبَّاغُ

کی طرح ہے' معلوم نہیں ہے کہ اس کے اوّل یا آخر میں بھلائی ہے۔

یہ حدیث مالک بن دینار سے عمر بن حفص روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسین بن ابی زید الدباغ روایت کرتے ہیں۔

**4059** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مِهْرَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَقَّالُ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرِ بْنِ سَلْمَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ عَمِيلَةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَرْبَعَةٌ، وَالْأَعْمَالُ سِتَّةٌ: فَمِنْهُمْ مُوَسَّعٌ لَهُ فِي الدُّنْيَا مُوَسَّعٌ لَهُ فِي الْآخِرَةِ، وَمِنْهُمْ مُوَسَّعٌ لَهُ فِي الدُّنْيَا مُقَتَّرٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمِنْهُمْ مُقَتَّرٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمِنْهُمْ شَقِيٌّ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَالْأَعْمَالُ مُوجِبَتَانِ، وَمِثْلٌ بِمِثْلٍ، وَعَشَرَةُ أَضْعَافٍ، وَسَبْعُ مِائَةِ ضِعْفٍ فَالْمُوجِبَتَانِ: مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ مَاتَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ النَّارَ وَأَمَّا مِثْلٌ بِمِثْلٍ: مَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ، وَمَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً وَعَشَرَةُ أَضْعَافٍ: مَنْ عَمِلَ حَسَنَةً، وَسَبْعُ مِائَةِ ضِعْفٍ: النَّفَقَةُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: لوگ قیامت کے دن چار طرح کے ہوں گے اور اعمال چھ طرح کے ہوں گے' ان میں سے بعض دنیا میں کشادگی میں رہے اور آخرت میں تنگ دست رہے' ان میں سے کچھ دنیا میں کشادگی میں رہے اور آخرت میں تنگ دست رہے اور ان میں سے کچھ دنیا میں تنگ دست رہے اور آخرت میں کشادگی میں' ان میں سے کچھ دنیا اور آخرت میں بدبخت رہے۔ دو اعمال واجب کرنے والے ہیں' ایک کا صلہ اس کے برابر' ایک کا دس گنا' ایک کا سات سو گنا۔ دو چیزیں واجب کرنے والی یہ ہیں' جو اس حالت میں مرا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا تھا تو وہ جنت میں داخل ہوگا اور جو اللہ کے ساتھ کسی شی کو شریک ٹھہراتا تھا اور اسی حالت میں مرا تو وہ جہنم میں داخل ہوگا اور وہ جس کا ثواب اس کی مثل ملتا ہے وہ یہ ہے جس نے نیکی کا ارادہ کیا اور جس نے برا عمل کیا' اس کا گناہ دس

---

**4059**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **26** وقال: رواه أحمد والطبراني في الكبير والأوسط' ورجال أحمد رجال الصحيح' الا أنه قال: عن الركين بن الربيع' عن رجل' عن خريم' وقال الطبراني: عن الركين بن الربيع عن أبيه' عن عمه يسير بن عميلة ورجاله ثقات . (ا)مستدرك من المعجم الكبير (**20614**) .

Marfat.com

گنا ہوگا‘ جس نے نیکی کر لی اس کے لیے ثواب سات سو گنا ہوگا اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو إِلَّا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث عمرو سے حکم بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**4060** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَأَيُّوبَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، وَأَنَا مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَ يَدَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نماز پڑھتے تھے اور میں آپ کے آگے لیٹی ہوتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا دَاوُدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْأَعْلَى

یہ حدیث ایوب سے داؤد روایت کرتے ہیں‘ ان سے روایت کرنے میں عبدالاعلیٰ اکیلے ہیں۔

**4061** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْأَسْوَدَ إِذَا جَاعَ سَرَقَ، وَإِذَا شَبِعَ زَنَى، وَإِنَّ لَهُمْ لَخُلَّتَيْنِ: صِدْقُ السَّمَاحَةِ، وَالنَّجْدَةُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سانپ جب بھوکا ہوتا ہے تو چوری کرتا ہے‘ جب سیر ہوتا ہے تو زنا کرتا ہے‘ اس کے اندر دو باتیں ہیں: (۱) سوراخ میں سیدھا جاتا ہے (۲) دلیر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث عثمان سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سعید اکیلے ہیں۔

---

**4060-** أخرجه البخاري: الصلاة جلد **1** صفحه **699** رقم الحديث: **512** من طريق هشام قال: حدثني أبي . ومسلم: الصلاة جلد **1** صفحه **366** من طريق الزهري‘ عن عروة .

**4061-** ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **238** . وقال: وفيه ابن اسحاق وهو ثقة ولكنه مدلس‘ وعلي بن سعيد الرازي‘ قال الدارقطني: ليس بذاك‘ تفرد بأشياء‘ وبقية رجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

**4062** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا زَيْرَكُ أَبُو الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَقُصُّ عَلَى النَّاسِ إِلَّا أَمِيرٌ، أَوْمَأْمُورٌ، أَوْ مُتَكَلِّفٌ

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: لوگوں پر قصے صرف حاکم، حاکم کا مقرر کردہ آدمی یا بناوٹ سے کام لینے والا ہی بیان کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ إِلَّا بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَلَا عَنْ بُكَيْرٍ إِلَّا الضَّحَّاكُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث بسر بن سعید اور سلیمان بن یسار سے بکیر بن عبداللہ اور بکیر سے ضحاک روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**4063** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا أَبِي، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ مَعَهُ الْهَدْيُ تَطَوُّعًا فَيَعْطَبُ قَبْلَ أَنْ يَبْلُغَ؟ قَالَ: يَنْحَرُهَا، ثُمَّ يُلَطِّخُ نَعْلَهَا بِدَمِهَا، ثُمَّ يَضْرِبُ بِهِ جَنْبَهَا، فَإِنْ أَكَلَ مِنْهَا وَجَبَ عَلَيْهِ قَضَاؤُهَا

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے نفلی قربانی والے آدمی کے بارے دریافت ہوا کہ حرم تک پہنچنے سے پہلے اگر وہ مرجائے؟ آپ نے فرمایا: جہاں مرنے لگے تو اسے ذبح کرنے کی اجازت ہے۔ پھر وہ اس کے خون سے اس کی نعل کو رنگین بنائے پھر اس کے پہلو پر خون لگائے، لیکن اگر اُس نے اس سے خود کھالیا تو اس پر قضا لازم ہوگی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَاسِطِيُّ

یہ حدیث ابوقتادہ سے اسی سند سے روایت ہے، اس کو روایت کرنے میں محمد بن خالد الواسطی اکیلے ہیں۔

**4064** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ

---

4062- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1صفحه193 . وقال: وفيه زيرك أبو العباس الرازي، ولم أر من ترجمه .

4063- قال الهيثمي في المجمع جلد3صفحه231: ورواه الطبراني في الأوسط مرفوعًا وموقوفًا باختصار عن المرفوع وفي اسناد الجميع محمد بن أبي ليلى وهو سيىء الحفظ .

4064- أصله عند البخاري ومسلم عن عائشة وأم سلمة رضي الله عنهما . أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه170

Marfat.com

مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْاَشْجَعِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ، وَخُثَيْمُ بْنُ عِرَاكٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْرُجُ اِلَى الصُّبْحِ وَرَاْسُهُ يَقْطُرُ مَاءً، نِكَاحًا مِنْ غَيْرِ حُلْمٍ، ثُمَّ يُصْبِحُ صَائِمًا

حضور ﷺ صبح کی نماز کے لیے نکلتے تو آپ ﷺ کے سر سے پانی کے قطرے ٹپک رہے ہوتے تھے' جماع کرنے کی وجہ سے احتلام کے علاوہ' پھر صبح روزے کی حالت میں کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ، وَخُثَيْمُ بْنُ عِرَاكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْهُمَا: عَاصِمٌ

یہ حدیث سلیمان بن یسار سے محمد بن عمارہ اور خثیم بن عراک روایت کرتے ہیں' ان دونوں سے روایت کرنے میں اس حدیث کے ساتھ عاصم اکیلے ہیں۔

**4065** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْغَافِقِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ اَسْلَمَ، مَوْلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: خَرَجْتُ يَوْمًا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَلَحِقَهُ اَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ لَهُ: قَوْلُ اللّٰهِ: (الَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ) (التوبة: 34) فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَنْ كَنَزَهُمَا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُمَا فَوَيْلٌ لَهُ، اِنَّمَا كَانَ هٰذَا قَبْلَ اَنْ تَنْزِلَ الزَّكَاةُ، فَلَمَّا نَزَلَتْ جَعَلَهَا اللّٰهُ طَهُورًا لِلْاَمْوَالِ، ثُمَّ الْتَفَتَ فَقَالَ: مَا اُبَالِي اَنْ لَوْ كَانَ مِثْلُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے غلام خالد بن اسلم فرماتے ہیں کہ میں ایک دن حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ نکلا تو ایک دیہاتی آپ سے ملا اور آپ سے اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''وہ لوگ جو سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے ہیں'' کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: جس نے دونوں کو جمع کیا اور ان دونوں کی زکوٰۃ ادا نہیں کی تو اس کے لیے ہلاکت ہے۔ یہ زکوٰۃ کا حکم نازل ہونے سے پہلے کی بات ہے' جب زکوٰۃ کا حکم نازل ہو گیا تو زکوٰۃ ادا کرنے سے مال پاک ہو جاتے ہیں۔ پھر وہ دیہاتی متوجہ ہوا اور کہا: مجھے کوئی پروا نہیں ہے کہ اگر

رقم الحديث: 1925-1926' ومسلم: الصيام جلد2صفحه779 . ولفظه في جامع المسانيد للخوارزمي جلد 1 صفحه480 . وقال: أخرجه أبو محمد البخاري عن أبي سعيد البصري البخاري عن علي بن منصور الجرجاني عن الحسن بن زياد عن أبي حنيفة رضي الله عنه .

4065- أخرجه البخاري: التفسير جلد8صفحه175 رقم الحديث: 4661 مختصرًا . وابن ماجة: الزكاة جلد1 صفحه569 رقم الحديث: 1787 ولفظه .

Marfat.com

أُحُدٍ ذَهَبًا، أَعْلَمُ عَدَدَهُ، وَأُزَكِّيهِ، وأَعْمَلُ فِيهِ بِطَاعَةِ اللَّهِ

میرے پاس اُحد پہاڑ کی مثل سونا ہو اور مجھے اس کی تعداد کا علم ہے اور میں اس کو پاک کروں گا اور اس میں اللہ کی اطاعت والا عمل کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا عُقَيْلٌ، وَلَا عَنْ عُقَيْلٍ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث زہری سے عقیل اور عقیل سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**4066** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الضُّبَعِيُّ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ بْنِ أَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: سَمِعَ ابْنُ عُمَرَ، رَجُلًا يَقُولُ: الشَّحِيحُ أَعْذَرُ مِنَ الظَّالِمِ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: كَذَبْتَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الشَّحِيحُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ

حضرت نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا کہ کنجوس، ظالم سے زیادہ عذر والا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تُو جھوٹ بولتا ہے، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ کنجوس جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا جُوَيْرِيَةُ، وَلَا عَنْ جُوَيْرِيَةَ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الضُّبَعِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، وَهُوَ: أَخُو عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْلَمَةَ، هُمْ ثَلَاثَةُ إِخْوَةٍ: عَبْدُ اللَّهِ، وَيَحْيَى، وَإِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث نافع سے جوہرہ اور جوہرہ سے عبداللہ بن محمد الضبی روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سلمہ القعنبی روایت کرتے ہیں، ان کا نام عبداللہ بن سلمہ ہے، یہ تین بھائی ہیں: عبداللہ، یحییٰ، اسماعیل۔

**4067** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: نا جَهْمُ بْنُ أَوْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي مَرْيَمَ، وَمَرَّ بِهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رُسْتُمَ فِي مَوْكِبِهِ، فَقَالَ لِابْنِ أَبِي مَرْيَمَ: إِنِّي

حضرت جہم بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن ابی مریم رضی اللہ عنہ سے سنا، اس حالت میں جب عبداللہ بن رستم گزرے اپنی جماعت میں، انہوں نے ابن ابی مریم سے کہا: میں آپ کے پاس بیٹھنا چاہتا ہوں اور آپ کی گفتگو سننا چاہتا ہوں، جب وہ

**4066**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه246: ما ذكرناه .

**4067**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10صفحه358 . وقال: ورجاله ثقات . وأخرجه أيضًا البخاري في تاريخه جلد2صفحه232 .

Marfat.com

لَاشْتَهِي مُجَالَسَتَكَ، وَحَدِيثَكَ، فَلَمَّا مَضَى قَالَ: ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَغْبِطُوا فَاجِرًا بِنِعْمَةٍ، اِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا هُوَ لَاقٍ بَعْدَ مَوْتِهِ، اِنَّ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ قَاتِلًا لَا يَمُوتُ

جانے لگے تو حضرت ابن ابی مریم نے کہا: میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ فاجر پر ہونے والی نعمتوں پر رشک نہ کرو کیونکہ اس کومعلوم نہیں کہ اس کو مرنے کے بعد کیا ملے گا؟ اللہ کے ہاں اس کے لیے ایک قاتل ہے' جس کو موت نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ اِلَّا جَهْمُ بْنُ اَوْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث عبداللہ بن ابی مریم سے جہم بن اوس روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں ابن مبارک اکیلے ہیں۔

**4068** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُمَوِيُّ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، وَابْنِ جُرَيْجٍ، وَعُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ رَجُلًا، جَرَحَ رَجُلًا، فَاَرَادَ اَنْ يَسْتَقِيدَ، فَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُسْتَقَادَ مِنَ الْجَارِحِ حَتَّى يَبْرَاَ الْمَجْرُوحُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے دوسرے کوزخمی کیا' اس نے اس سے بدلہ لینا چاہا' حضور ﷺ نے زخم کا بدلہ لینے سے منع کیا ہے زخم لگا ہوا درست ہونے سے پہلے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ وَعُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُمَوِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث یعقوب بن عطاء اور عثمان بن اسود سے عبداللہ بن عبداللہ اموی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن حمید اکیلے ہیں۔

**4069** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ مَغْرَاءَ، عَنْ اَبِي سَعْدٍ الْبَقَّالِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَعْدِ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب اُحد کا دن تھا تو حضور ﷺ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے لیے فرمایا: دشمن کا مقابلہ کرو' میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! حضرت سعد تیر کمان میں رکھتے' اس کے بعد پڑھتے: اے اللہ! تیرا

Marfat.com

اَبِی وَقَّاصٍ: دُونَكَ نُحُورَ الْقَوْمِ فِدَاكَ اَبِی وَاُمِّی، فَكَانَ سَعْدٌ يَضَعُ سَهْمَهُ فِي كَبِدِ قَوْسِهِ، فَيَقُولُ: اللّٰهُمَّ، سَهْمُكَ وَفِي سَبِيلِكَ اللّٰهُمَّ انْصُرْ رَسُولَكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ لِسَعْدٍ اِذَا دَعَاكَ

تیر تیری راہ میں! اے اللہ! اپنے پیارے رسول کی مدد فرما! حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! سعد کی دعا قبول فرما جب وہ تجھ سے دعا کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سَعْدٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ

یہ حدیث ابوسعد سے عبدالرحمٰن بن مغراء روایت کرتے ہیں۔

**4070** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ عِيسَى الْجُهَنِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ اسْمًا، مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کے ننانوے نام ہیں' جس نے ان کو یاد کرلیا وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ عِيسَى الْجُهَنِيُّ

یہ حدیث ابن جریج سے حماد بن عیسیٰ الجہنی روایت کرتے ہیں۔

**4071** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: نا مَرْوَانُ بْنُ ضِرَارٍ الْفَزَارِيُّ قَالَ: اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ الْبَرَاءِ بْنِ قَبِيصَةَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبِي، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ الْاَسَدِ الْعَبْقَسِيِّ، عَنْ عَبْدِ

حضرت عبداللہ بن غسیل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا تو آپ کا گزر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے پاس سے ہوا' آپ نے فرمایا: اے چچا! آپ اپنے بیٹوں کے ساتھ میری اتباع کرو؟ حضرت عباس رضی اللہ عنہ اپنے چھ

4070- اخرجه البخاری: الدعوات جلد 11 صفحه 218 رقم الحديث: 6410' ومسلم: الذكر والدعاء جلد 4 صفحه 2063 واللفظ لمسلم .

4071- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد 9 صفحه 272 وقال: وفيه جماعة لم أعرفهم . (ا)وقع فی الأصل (أسيد)' والتصويب من مجمع البحرين (3768) .

Marfat.com

اللّٰهِ بْنِ الْغَسِيلِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّ بِالْعَبَّاسِ، فَقَالَ: يَا عَمِّ، اتْبَعْنِي بِبَنِيكَ فَانْطَلَقَ بِستَّةٍ مِنْ بَنِيهِ: الْفَضْلِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَقُثَمَ، وَمَعْبَدٍ، فَأَدْخَلَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتًا، وَغَطَّاهُمْ بِشَمْلَةٍ لَهُ، سَوْدَاءَ، مُخَطَّطَةٍ بِحُمْرَةٍ وَقَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِي وَعِتْرَتِي، فَاسْتُرْهُمْ مِنَ النَّارِ كَمَا سَتَرْتُهُمْ بِهَذِهِ الشَّمْلَةِ قَالَ: فَمَا بَقِيَ فِي الْبَيْتِ مَدَرٌ وَلَا بَابٌ اِلَّا اَمَّنَ

بیٹوں فضل' عبداللہ' عبیداللہ' عبدالرحمٰن' قثم اور معبد کو لے کر آئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اپنے گھر میں داخل فرمایا' ان کو اپنی چادر سے ڈھانپ لیا' جو چادر کالی سرخ دھاری دار تھی اور عرض کی: اے اللہ! یہ میری اہل بیت اور عترت ہیں' ان کو جہنم سے اسی طرح پردہ میں رکھ جس طرح اس چادر کے نیچے پردہ میں ہیں۔ حضرت عبداللہ بن غسیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: گھر کے اندر کوئی ڈھیلا اور دروازہ باقی نہیں رہا مگر اس نے آمین کہی ہو گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْغَسِيلِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ مِهْرَانَ

یہ حدیث عبداللہ بن غسیل سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن صالح بن مہران اکیلے ہیں۔

**4072** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ: نا اَبُو الْمُطَرِّفِ الْمُغِيرَةُ بْنُ الْمُطَرِّفِ قَالَ: نا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِي لُبَابَةَ، عَنِ اَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدُّنْيَا مَلْعُونَةٌ، مَلْعُونٌ مَا فِيهَا اِلَّا عَالِمٌ اَوْ مُتَعَلِّمٌ، وَذِكْرُ اللّٰهِ، وَمَا وَالَاهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دنیا اللہ کی رحمت سے دُور ہے' جو دنیا کے اندر ہے وہ بھی اللہ کی رحمت سے دُور ہے مگر عالم اور طالب اور اللہ کا ذکر کرنے والا اور طالب اور عالم کی خدمت کرنے والے اللہ کی رحمت سے دُور نہیں ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَبْدَةَ اِلَّا اَبُو الْمُطَرِّفِ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ وَرَوَى غَيْرُهُ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

یہ حدیث ابن ثوبان' عبدہ سے' ابن ثوبان سے ابومطرف روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بشر بن معاذ اکیلے ہیں' ان کے علاوہ نے ابن ثوبان سے انہوں نے عطاء بن قرہ سے' وہ عبداللہ بن ضمرہ سے' وہ

**4072**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **127**: رواه الطبراني في الأوسط وقال: لم يروه عن ابن ثوبان عن عبدة الا المطرف بن المغيرة بن مطرف' قلت: لم أر من ذكره۔ انظر كشف الخفاء للعجلوني جلد **1** صفحه **496** رقم الحديث: **1321** .

Marfat.com

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

4073 - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا أَبُو بِشْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو يَحْيَى التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي أُسَامَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعِسَ عَبْدُ الدِّينَارِ وَالدِّرْهَمِ، الَّذِي إِنَّمَا هِمَّتُهُ دِينَارٌ أَوْ دِرْهَمٌ يُصِيبُهُ فَيَأْخُذُهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دینار اور درہم کے غلام کے لیے ہلاکت ہے یعنی وہ آدمی جو دینار یا درہم حاصل کرنے کی کوشش میں رہتا ہے اور اس کو حاصل کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي أُسَامَةَ إِلَّا أَبُو يَحْيَى التَّيْمِيُّ

یہ حدیث ابو امامہ سے ابو یحیٰی تیمی روایت کرتے ہیں۔

4074 - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النُّجُومُ أَمَانٌ لِأَهْلِ السَّمَاءِ، وَأَصْحَابِي أَمَانٌ لِأُمَّتِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ستارے آسمانوں والے کے لیے امان ہیں' میرے صحابہ میری اُمت کے لیے امان ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ إِلَّا الصَّبَّاحُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث محمد بن سوقہ سے صباح روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسین بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

4075 - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ اپنے والد سے

4073- أصله في البخاري من طريق أبي صالح عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال: تعس عبد الدينار والدرهم و......' ان أعطى رضي وان لم يعط لم يرض . أخرجه البخاري: الجهاد جلد 6 صفحه 95 رقم الحديث: 2886' وابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه 1385 رقم الحديث: 4135 .

4074- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 20 وقال: واسناده جيد الا أن علي بن أبي طلحة لم يسمع من ابن عباس . قلت: اسناده ضعيف للانقطاع .

4075- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 226: وفيه محمد بن عقبة السدوسي وثقه ابن حبان' وضعفه أبو حاتم' وسعيد بن أبي كعب لم أجد من ترجمه' وبقية رجاله ثقات . قلت: سعيد بن أبي كعب ذكره ابن حبان

Marfat.com

عُقْبَةَ السَّدُوسِيُّ، نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي كَعْبٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ: نا رَاشِدٌ اَبُو مُحَمَّدٍ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ، وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ، وَتَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ، وَعَلِّمُوهَا النَّاسَ، اَوْشَكَ اَنْ يَاْتِيَ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَخْتَصِمُ رَجُلَانِ فِي الْفَرِيضَةِ، فَلَا يَجِدَانِ مَنْ يَفْصِلُ بَيْنَهُمَا

روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن سیکھو اور سکھاؤ' وراثت سیکھو اور سکھاؤ' قریب ہے لوگوں پر ایسا وقت آئے گا کہ دو آدمی وراثت کے متعلق جھگڑیں گے اور ان دونوں کے درمیان فیصلہ کرنے والا نہیں ملے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَاشِدٍ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي بَكْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث راشد سے سعید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عقبہ اکیلے ہیں' ابوبکرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4076** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَزَّةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ يَسَارٍ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: نا حُسَيْنُ بْنُ صَدَقَةَ بْنِ يَسَارٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعِينُوا اَوْلَادَكُمْ عَلَى الْبِرِّ، مَنْ شَاءَ اسْتَخْرَجَ الْعُقُوقَ لِوَلَدِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم اپنی اولاد کی نیکی پر مدد کرو' جو چاہے اپنی اولاد کے لیے حقوق نکالے۔

**4077** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ قَالَ: حَدَّثَنِي حُسَيْنٌ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرمایا: اے عائشہ! نافرمانیوں سے دُور رہو! کیونکہ یہ بہترین ہجرت

---

في الثقات' وقال أبو حاتم: شيخ .

**4076**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8صفحه149: وفيه من لم أعرفهم .

**4077**- اسناده فيه: احمد بن محمد بن عبد الله بن القاسم بن أبي بزة مؤذن مسجد الحرام وهو ضعيف' ضعفه غير واحد' وقال العقيلي منكر الحديث' ومحمد بن يحيى بن يسار وهو مجهول' وحسين بن صدقة هو مجهول أيضًا' وقال الهيثمي في المجمع جلد1صفحه305: وفيه محمد ابن يحيى بن يسار وهو ضعيف قلت: بل هو مجهول كشيخه .

Marfat.com

لعائشة: يَا عَائِشَةُ، اهْجُرِي الْمَعَاصِيَ، فَإِنَّهَا خَيْرُ الْهِجْرَةِ، وَحَافِظِي عَلَى الصَّلَوَاتِ، فَإِنَّهَا أَفْضَلُ الْبِرِّ

ہے اور پانچ نمازوں پر ہمیشگی اختیار کیے رکھو کیونکہ یہ سب سے افضل نیکی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ إِلَّا حُسَيْنٌ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: ابْنُ أَبِي بَزَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى

یہ دونوں حدیثیں مقبری سے حسین' ان دونوں حدیثوں کو اکیلے ابن ابی بزہ روایت کرتے ہیں' ابن ابی بزہ سے محمد بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

**4078** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: نا أَبِي، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ أَبِي عَمْرٍو، وَكَانَتْ تَحْتَهُ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ فَطَلَّقَهَا، فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا نَفَقَةَ لَهَا

حضرت عبدالحمید' ابوعمرو رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میرے نکاح میں حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا تھیں' میں نے ان کو طلاق دی تو یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے لیے کوئی نفقہ مقرر نہیں کیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ أَبِي عَمْرٍو إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث عبدالحمید سے ابوعمرو اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن خالد اکیلے ہیں۔

**4079** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا أَبُو الدَّرْدَاءِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُنِيبِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيِّدُ الشُّهَدَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَرَجُلٌ قَامَ إِلَى إِمَامٍ جَائِرٍ، فَنَهَاهُ وَأَمَرَهُ، فَقَتَلَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے شہداء کے سردار حمزہ بن عبدالمطلب ہیں اور وہ آدمی جو ظالم بادشاہ کے سامنے کھڑے ہو کر امر ونہی کا فریضہ سرانجام دے اور ظالم بادشاہ نے اس آدمی کے قاتل کو قتل کر دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ إِلَّا أَبُو

یہ حدیث عکرمہ سے ابوحنیفہ اور ابوحنیفہ سے سعید

4078- اسناده فيه: محمد بن خالد بن عبد الله بن عبد الرحمن الطحان الواسطي وهو ضعيف . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه328: ما ذكرناه.

4079- اسناده فيه: سعيد بن ربيعة لم أجده . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد7صفحه269 . وقال: وفيه ضعف .

Marfat.com

حَنِيفَةَ، وَلَا عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ رُشَيْدٍ، وَلَا عَنِ الْحَسَنِ بْنِ رُشَيْدٍ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الدَّرْدَاءِ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابودرداء اکیلے ہیں۔

**4080** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو حُمَيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ سِنَانٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ وبَرَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَيَدْفَعُ بِالْمُسْلِمِ الصَّالِحِ عَنْ مِائَةِ اَهْلِ بَيْتٍ مِنْ جِيرَانِهِ الْبَلَاءَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نیک مسلمان کی وجہ سے اللہ عزوجل اس کے پڑوس کے سوگھروں سے آزمائش دور کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ اِلَّا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَلَا عَنْ حَفْصٍ اِلَّا يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو حُمَيْدٍ الْحِمْصِيُّ

یہ حدیث محمد بن سوقہ سے حفص بن سلیمان اور حفص سے یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوحمید الحمصی اکیلے ہیں۔

**4081** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ: نا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْعُودِيُّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ حَصِيرَةَ، عَنْ صَخْرِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَمِّهِ، اَنَّهُ سَمِعَ عَمْرَو بْنَ الْحَمِقِ، يَقُولُ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک سریہ بھیجا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ہم کو بھیج رہے ہیں حالانکہ ہمارے پاس نہ زادِ راہ ہے نہ کھانا ہے اور نہ ہم کو راستہ معلوم ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: عنقریب تم ایک ایسے خوبصورت چہرے والے آدمی کے پاس سے گزرو گے

4080- اسناده فيه: حفص بن سليمان القارى وهو متروك . وعزاه الهيثمى فى المجمع جلد 8 صفحه 167 الى الكبير أيضًا وقال: وفيه يحيى بن سعيد العطار وهو ضعيف قلت: فيه متروك كما تقدم ذكره .

4081- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 1 صفحه 32 . وقال: وفى اسناده صخر بن الحارث (الحكم) عن عمه ولم أر أحدًا ذكرهما . (۱) طعمس فى الأصل' واستدركناه من مجمع البحرين (31) . (۲) طعمس فى الأصل' واستدركناه من مجمع البحرين (31) .

Marfat.com

بِسَرِيَّةٍ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّكَ تَبْعَثُنَا وَلَيْسَ لَنَا زَادٌ، وَلَا لَنَا طَعَامٌ، وَلَا عِلْمَ لَنَا بِالطَّرِيقِ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ سَتَمُرُّونَ بِرَجُلٍ صَبِيحِ الْوَجْهِ، يُطْعِمُكُمْ مِنَ الطَّعَامِ، وَيَسْقِيكُمْ مِنَ الشَّرَابِ، وَيَدُلُّكُمْ عَلَى الطَّرِيقِ، وَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَلَمَّا نَزَلَ الْقَوْمُ عَلَيَّ جَعَلَ يُشِيرُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ وَيَنْظُرُونَ إِلَيَّ فَقُلْتُ: مَا بِكُمْ يُشِيرُ بَعْضُكُمْ إِلَى بَعْضٍ، وَتَنْظُرُونَ إِلَيَّ؟ فَقَالُوا: أَبْشِرْ بِبُشْرَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، فَإِنَّا نَعْرِفُ فِيكَ نَعْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرُونِي بِمَا قَالَ لَهُمْ: فَأَطْعَمْتُهُمْ، وَسَقَيْتُهُمْ، وَزَوَّدْتُهُمْ، وَخَرَجْتُ مَعَهُمْ حَتَّى دَلَلْتُهُمْ عَلَى الطَّرِيقِ ثُمَّ رَجَعْتُ إِلَى أَهْلِي فَأَوْصَيْتُهُمْ بِإِبِلِي ثُمَّ خَرَجْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: مَا الَّذِي تَدْعُو إِلَيْهِ؟ فَقَالَ: أَدْعُو إِلَى شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ فَقُلْتُ: إِذَا أَجَبْنَاكَ إِلَى هَذَا، فَنَحْنُ آمِنُونَ عَلَى أَهْلِنَا، وَدِمَائِنَا، وَأَمْوَالِنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَسْلَمْتُ، وَرَجَعْتُ إِلَى قَوْمِي، فَأَخْبَرْتُهُمْ بِإِسْلَامِي، فَأَسْلَمَ عَلَى يَدَيَّ بَشَرٌ كَثِيرٌ مِنْهُمْ ثُمَّ هَاجَرْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْنَمَا أَنَا عِنْدَهُ ذَاتَ يَوْمٍ، فَقَالَ لِي: يَا عَمْرُو هَلْ لَكَ أَنْ أُرِيَكَ آيَةَ الْجَنَّةِ؟ يَأْكُلُ الطَّعَامَ وَيَشْرَبُ الشَّرَابَ، وَيَمْشِي فِي الْأَسْوَاقِ، قُلْتُ: بَلَى بِأَبِي أَنْتَ قَالَ: هَذَا،

جوتم کو کھانا کھلائے گا اور پانی پلائے گا اور تم کو راستہ بتائے اور وہ جنتی آدمی ہوگا۔ جب صحابہ کرام میرے پاس آئے تو ان میں سے بعض بعض کی طرف اشارہ کرنے لگے اور میری طرف دیکھنے لگے۔ میں نے کہا: تمہیں کیا ہوا کہ تم ایک دوسرے کی طرف اشارہ کر رہے ہو اور میری طرف دیکھ رہے ہو؟ انہوں نے کہا: آپ کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے خوشخبری ہو! کیونکہ ہم نے آپ کو پہچان لیا ہے' رسول اللہ ﷺ نے آپ کی تعریف کی ہے' مجھے انہوں نے بتایا جو آپ ﷺ نے ان کو میرے متعلق فرمایا تھا۔ میں نے ان صحابہ کو کھانا کھلایا اور پانی پلایا اور زادِ راہ دیا' پھر میں ان کے ساتھ نکلا اور ان کو راستہ بتایا۔ پھر میں اپنے گھر آیا اور اپنے اونٹ کو تیار کیا' پھر میں حضور ﷺ کی طرف نکلا۔ میں نے عرض کی: آپ ﷺ کس کی طرف بلاتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے اور بیت اللہ کے حج کرنے اور رمضان کے روزے رکھنے کی طرف بلاتا ہوں۔ پس میں اسلام لایا پھر میں اپنی قوم کی طرف واپس آیا تو میں نے اپنے اسلام لانے کا بتایا' میرے ہاتھ پر بہت زیادہ لوگ مسلمان ہوئے' پھر میں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف ہجرت کی' میں آپ کے پاس ایک دن تھا۔ آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے عمرو! کیا میں آپ کو جنت کی نشانی نہ دکھاؤں! جو کھانا کھلاتا ہے اور پانی پلاتا ہے اور بازار میں چلتا ہے؟ میں نے عرض

Marfat.com

وَقَوْمُهُ آيَةُ الْجَنَّةِ، وَاَشَارَ اِلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ وَقَالَ لِي: يَا عَمْرُو، هَلْ لَكَ اَنْ اُرِيَكَ آيَةَ النَّارِ؟ يَأْكُلُ الطَّعَامَ وَيَشْرَبُ الشَّرَابَ، وَيَمْشِي فِي الْاَسْوَاقِ؟ قُلْتُ: بَلَى، بِاَبِي اَنْتَ قَالَ: هٰذَا وَقَوْمُهُ آيَةُ النَّارِ وَاَشَارَ اِلَى رَجُلٍ، فَلَمَّا وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ، ذَكَرْتُ قَوْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَفَرَرْتُ مِنْ آيَةِ النَّارِ اِلَى آيَةِ الْجَنَّةِ، وَتَرَى بَنِي اُمَيَّةَ قَاتِلِي بَعْدَ هٰذَا؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: وَاللّٰهِ، لَوْ كُنْتَ فِي جُحْرٍ فِي جَوْفِ جُحْرٍ لَاسْتَخْرَجَنِي بَنُو اُمَيَّةَ حَتَّى يَقْتُلُونِي حَدَّثَنِي بِهِ حَبِيبِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ رَاْسِي اَوَّلُ رَاْسٍ تُحْتَزُّ فِي الْاِسْلَامِ، وَيُنْقَلُ مِنْ بَلَدٍ اِلَى بَلَدٍ

کی: میرا باپ آپ پر قربان ہوں! کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: یہ اور اس کی قوم جنت کی نشانی ہے' آپ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالب کی طرف اشارہ کیا۔ مجھے فرمایا: اے عمرو! کیا میں آپ کو دوزخ کی نشانی نہ بتاؤں! جو کھانا کھلاتا ہے اور پانی پلاتا ہے اور بازار میں چلتا ہو؟ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: یہ اور اس کی قوم جہنم کی نشانی ہیں' ایک آدمی کی طرف اشارہ کیا' جب فتنہ برپا ہوا تو مجھے رسول اللہ ﷺ کا اشارہ یاد آیا۔ پس میں جہنم کی نشانی سے جنت کی نشانی کی طرف بھاگا۔ اس کے بعد تو بنوامیہ کو میرا قتل دیکھتا ہے؟ میں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں' اگر میں پتھر کے اندر چھپ جاتا تو بنوامیہ مجھے نکال کر قتل کرتے' مجھے میرے دوست ﷺ نے بتایا: میرا سر وہ پہلا سر ہے جو اسلام کے لیے قربان ہوگا' وہ ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف منتقل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَارِثِ اِلَّا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

یہ حدیث حارث سے ابوعبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔

**4082** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا جِبْرَةُ بْنُ لَخْمٍ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَفِتُ فِي الصَّلَاةِ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز کے دوران دائیں بائیں جانب توجہ کر لیا کرتے تھے' پھر اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''بے شک وہ ایمان والے کامیاب ہو گئے جو اپنی نماز میں خشوع کرتے ہیں''۔ حضور ﷺ نے خشوع فرمایا

**4082**- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد2صفحه83 بعد نقله كلام الطبرانى تفرد به حبرة' ولم أجد من ترجمه' وبقية رجال ثقات .

Marfat.com

يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ، ثُمَّ أَنْزَلَ اللَّهُ: (قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ) (المؤمنون: 2) فَخَشَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَكُنْ يَلْتَفِتُ يَمِينًا وَلَا شِمَالًا

پھر آپ دائیں بائیں توجہ نہیں فرمایا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ إِلَّا جَرِيرٌ، وَلَا عَنْ جَرِيرٍ إِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حِبَرَةُ

یہ حدیث ابن عون سے جریر اور جریر سے ابن وہب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حبرہ اکیلے ہیں۔

**4083** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا زُنَيْجٌ أَبُو غَسَّانَ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرِ بْنِ سَلْمَانَ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ زَائِدَةَ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ، وَأَبُو بَكْرٍ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ، وَعُمَرُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ کا وصال ہوا تو آپ کی عمر مبارک تریسٹھ سال تھی' حضرت ابوبکر کا وصال ہوا تو آپ کی عمر بھی تریسٹھ سال تھی' حضرت عمر کا وصال ہوا تو آپ کی عمر بھی تریسٹھ سال تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّبَيْرِ إِلَّا عُثْمَانُ بْنُ زَائِدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَكَمُ

یہ حدیث زبیر سے عثمان بن زائدہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حکم اکیلے ہیں۔

**4084** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زِيَادٍ الْأَحْمَرُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: دونوں کان سر کی تخلیق میں شامل ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَشْعَثِ إِلَّا عَلِيٌّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي مُوسَى إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث اشعث سے علی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن زیاد اکیلے ہیں' حضرت ابوموسیٰ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

---

**4084**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1 صفحه239: وفيه أشعث بن سوار وهو ضعيف .

Marfat.com

**4085** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ يُضَحِّي بِالشَّاةِ الْوَاحِدَةِ عَنْهُ، وَعَنْ اَهْلِ بَيْتِهِ، ثُمَّ تَبَاهَى النَّاسُ، فَصَارَتْ مُبَاهَاةً

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی ایک بکری اپنی طرف سے اور اپنے گھر والوں کی طرف سے قربانی کرتا تھا۔ پھر قربانی کرنے میں لوگوں نے ایک دوسرے سے فخر کرنا شروع کر دیا۔ تو قربانی فخر ومباہات بن کے رہ گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث مالک' زہری سے اور مالک سے عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں احمد بن عبیداللہ اکیلے ہیں۔

**4086** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اَمْرَ هَذِهِ الْاُمَّةِ لَا يَزَالُ مُتَقَارِبًا اَوْ قَالَ: مُوَاتِيًا، مَا لَمْ يَتَكَلَّمُوا فِي الْوِلْدَانِ وَالْقَدَرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ اس اُمت کا کام ہمیشہ درمیانہ رہے گا جب تک کہ وِلدان (غلاموں) اور تقدیر کے متعلق گفتگو نہ کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ

ابی رجاء سے اس حدیث کو صرف جریر بن حازم ہی نے روایت کیا ہے۔

**4087** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

**4085**- اخرجه الترمذی: الأضاحی جلد **4** صفحه **910** رقم الحديث: **1505** وقال: هذا حديث حسن صحيح ـ وابن ماجة: الأضاحی جلد **2** صفحه **1051** رقم الحديث: **3147**' ومالك فی الموطا: الضحايا جلد **2** صفحه **486** رقم الحديث: **10** .

**4086**- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد **7** صفحه **205** وعزاه أيضًا الی الكبير' والبزار عن محمد ابن معمر' ثنا أبو عاصم' ثنا جرير بن حازم به' وقال: ورجال البزار رجال الصحيح .

**4087**- اسناده فيه: المعلی بن عرفان وهو متروك' قال ابن معين: ليس بشیء' وقال البخاری: منكر الحديث' وقال النسائی: متروك . وقال الهيثمی فی المجمع جلد **8** صفحه **22** ما تقدم ذكره .

Marfat.com

تَوْبَةَ الْقَزْوِينِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ عُرْفَانَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرِّفْقُ يُمْنٌ، وَالْخَرْقُ شُؤْمٌ

کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نرمی برکت ہے، سختی بدبختی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُعَلَّى اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث معلّٰی سے محمد روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں اسماعیل اکیلے ہیں۔

**4088** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا طَاهِرُ بْنُ اَبِي اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ صَالِحٍ، مَوْلَى التَّوْاَمَةِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر اور عصر کے درمیان نفل پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا اَبُو خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: طَاهِرُ بْنُ اَبِي اَحْمَدَ

یہ حدیث سفیان سے ابوخالد روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں طاہر بن ابی احمد اکیلے ہیں۔

**4089** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ شَوْكَرٍ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، قَالَتْ: مَا رَاَيْتُ اَحَدًا مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ اَشْبَهَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِينًا، وَلَا جِلْسَةً، وَلَا

اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیادہ مشابہ دین اور بیٹھنے اور چلنے کے لحاظ سے حضرت فاطمہ کے علاوہ اللہ کی مخلوق میں سے کسی کو نہیں دیکھا، جب حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس آتے تو آپ خوش آمدید کہتی تھیں اور اپنی جگہ سے اُٹھ کھڑی ہوتیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ کا بوسہ لیتیں

---

**4088**- اسناده فيه: صالح مولى التوأمة وهو صدوق اختلط . وقال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 224: وفيه صالح بن نبهان، وقد تكلم فيه بسبب أنه اختلط، ووثقه جماعة رجال .

**4089**- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 3 صفحه 154 و جلد 3 صفحه 160 من حديثين حتى قولها: ......وقبل يدها، وأجلسها في مجلسه . وأصله عند البخاري ومسلم بلفظ: أقبلت فاطمة تمشي كان مشيتها مشي النبي صلى الله عليه وسلم فقال النبي صلى الله عليه وسلم مرحبًا...... . اخرجه البخاري: المناقب جلد 6 صفحه 726 رقم الحديث: 3623 و 3626، ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1905 .

Marfat.com

بِشْيَةً مِنْ فَاطِمَةَ، وَكَانَتْ إِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحَّبَتْ بِهِ وَقَامَتْ مِنْ مَجْلِسِهَا، وَقَبَّلَتْ يَدَهُ، وَاَجْلَسَتْهُ فِي مَجْلِسِهَا، وَكَانَتْ إِذَا دَخَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحَّبَ بِهَا، وَقَامَ إِلَيْهَا، وَقَبَّلَ يَدَهَا، وَاَجْلَسَهَا فِي مَجْلِسِهِ، وَاَنَّهَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ وَهُوَ فِي بَيْتِهِ، فَسَارَّهَا، فَبَكَتْ، ثُمَّ اَسَرَّ إِلَيْهَا، فَضَحِكَتْ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ لِلنِّسْوَةِ: إِنْ كُنْتُ لَأَرَى اَنَّ لِهَذِهِ الْمَرْاَةِ فَضْلًا عَلَى النِّسَاءِ بَيْنَا هِيَ تَبْكِي إِذَا هِيَ تَضْحَكُ، فَسَاَلْتُهَا بَعْدَ ذَلِكَ: مَا اَسَرَّ إِلَيْكِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَلَمْ تُخْبِرْنِي فَلَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلْتُهَا، فَقَالَتْ قَالَ: إِنِّي مَيِّتٌ فِي مَرَضِي هَذَا فَجَزِعْتُ، فَبَكَيْتُ، وَاَسَرَّ إِلَيَّ اَنِّي اَوَّلُ اَهْلِهِ لُحُوقًا، فَسُرِرْتُ بِذَلِكَ فَضَحِكْتُ

اور اپنی جگہ بٹھاتیں۔ جب حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا‘ حضور ﷺ کے پاس آتیں تو آپ ﷺ خوش آمدید کہتے اور آپ رضی اللہ عنہا کے لیے کھڑے ہوتے‘ آپ ﷺ ان کا بوسہ لیتے اور اپنی جگہ بٹھاتے۔ ایک دن آپ ﷺ کے پاس آپ کے گھر میں آئیں تو آپ نے اُن سے کوئی راز کی بات کی تو آپ رضی اللہ عنہا رو پڑیں‘ پھر آپ ﷺ نے راز کی بات کی تو آپ رضی اللہ عنہا مسکرائیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میں نے عورتوں سے کہا: میں خیال کرتی تھی کہ اس عورت کو تمام عورتوں پر فضیلت ہے۔ یہ اچانک رو پڑیں اور اچانک مسکرا پڑیں‘ میں نے اس کے بعد پوچھا کہ آپ رضی اللہ عنہا کے ساتھ رسول اللہ ﷺ نے کیا راز کی بات کی ہے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے مجھے نہیں بتایا‘ جب حضور ﷺ کا وصال ہوگیا تو میں نے آپ رضی اللہ عنہا سے پوچھا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے اس بیماری میں دنیا سے جانا ہے‘ میں پریشان ہوئی اور اس کے بعد رو پڑی اور پھر میرے ساتھ راز کی بات کی کہ تُو میرے خاندان سے سب سے پہلے مجھ سے ملے گی‘ میں یہ سن کر مسکرا پڑی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْرَائِيلَ إِلَّا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث اسرائیل سے عثمان بن عمر اور اسماعیل بن جعفر روایت کرتے ہیں۔

**4090** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عُقْبَةُ بْنُ

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ فرماتے

**4090**- اسناده فيه: عبد الله بن عيسى الخزاز وهو ضعيف . وعزاه الهيثمي في المجمع جلد4صفحه92 الى الكبير أيضًا وقال ما تقدم ذكره .

Marfat.com

مُكْرَمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى الْخَزَّازُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِى الْعَاصِ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَمْرَ، وَشَارِبَهَا، وَعَاصِرَهَا، وَمُعْتَصِرَهَا، وَحَامِلَهَا، وَالْمَحْمُولَةَ اِلَيْهِ، وَبَائِعَهَا، وَمُشْتَرِيَهَا، وَآكِلَ ثَمَنِهَا

ہیں کہ حضور ﷺ نے شراب پینے اور نچوڑنے اور نچڑوانے اور اُٹھانے والے اور جس نے اُٹھائی اور فروخت کرنے والے اور خریدنے والے اور اس کی کمائی کھانے والے پر لعنت فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ

یہ حدیث یونس سے عبداللہ بن یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن مکرم اکیلے ہیں۔

**4091** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اِدْرِيسُ بْنُ اَبِى الرَّبَابِ قَالَ: نا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ نَبِيذَ الْجَرِّ، ثُمَّ اَحَلَّهُ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مٹکے کی نبیذ حرام فرمائی' پھر اس کو حلال فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ اِلَّا يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: ضَمْرَةُ

یہ حدیث جریری سے یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ضمرہ اکیلے ہیں۔

**4092** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ خَبَّابٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْخَلِيلِ، يُحَدِّثُ مُجَاهِدًا قَالَ: نا مُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ قَالَ: اَوَّلُ اَمِيرٍ خَطَبَ عَلَيْنَا بِالْبَصْرَةِ عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ السُّلَمِيُّ، وَكَانَ اَوَّلَ مَنْ مَصَّرَهَا، وَكَانَ بَدْرِيًّا، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الدُّنْيَا قَدْ آذَنَتْ بِصَرْمٍ، وَوَلَّتْ حَذَّاءَ، وَلَمْ يَبْقَ مِنْهَا اِلَّا

مطرف بن عبداللہ بن شخیر فرماتے ہیں: بصرہ میں سب سے پہلے جس امیر نے ہمیں خطبہ دیا وہ عتبہ بن غزوان سلمی تھے اور یہی پہلی شخصیت تھے جس نے بصرہ کو شہر کا درجہ دیا۔ یہ بدری صحابی تھے' اللہ کی حمد و ثناء کی' پھر کہا: بے شک دنیا اپنے خاتمے کا اعلان کر چکی ہے۔ بڑی تیزی سے جا رہی ہے۔ اس میں اب صرف برتن کی تلچھٹ کی مانند' تلچھٹ باقی رہ گئی ہے۔ اور تم اس گھر سے منتقل ہونے والے ہو۔ سو بھلائیاں لے کر منتقل

4092- أصله في مسلم من طريق حميد بن هلال عن خالد بن عمير العدوي . وقال: خطبنا عتبة بن غزوان......' فذكره .

أخرجه مسلم: الزهد جلد4صفحه2278' وأحمد: المسند جلد4صفحه214 رقم الحديث:17588 .

Marfat.com

صُبَابَةٌ كَصُبَابَةِ الْإِنَاءِ، وَإِنَّكُمْ مُنْتَقِلُونَ مِنْ هَذِهِ الدَّارِ، فَانْتَقِلُوا بِخَيْرِ مَا بِحَضْرَتِكُمْ، لَقَدْ بَلَغَنِي أَنَّ الْحَجَرَ يُرْمَى بِهِ مِنْ شَفِيرِ جَهَنَّمَ، مَا يَبْلُغُ قَعْرَهَا أَرْبَعِينَ عَامًا، أَلَا فَعَجِبْتُمْ، وَايْمُ اللّٰهِ لَتُمْلَأَنَّ، وَإِنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّ بَيْنَ مِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ الْجَنَّةِ أَرْبَعِينَ عَامًا، وَاللّٰهِ لَيَأْتِيَنَّ عَلَيْهِ يَوْمٌ كَظِيظُ الزِّحَامِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَابِعَ سَبْعَةٍ، وَقَدْ تَسَلَّقَتْ أَفْوَاهُنَا مِنْ أَكْلِ الشَّجَرِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنِي وَسَعْدًا اشْتَقَقْنَا بُرْدَةً نِصْفَيْنِ فَلَبِسْتُ نِصْفَهَا، وَلَبِسَ سَعْدٌ نِصْفَهَا، وَمَا مِنَّا الْيَوْمَ إِلَّا أَمِيرٌ عَلَى مِصْرٍ مِنْ هَذِهِ الْأَمْصَارِ، وَإِنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّهَا لَمْ تَكُنْ نُبُوَّةٌ إِلَّا نَسَخَتْ مُلْكًا، وَإِنِّي أَعُوذُ بِاللّٰهِ أَنْ أَكُونَ فِي نَفْسِي عَظِيمًا، وَفِي أَعْيُنِ النَّاسِ حَقِيرًا، وَسَتُجَرِّبُونَ الْأُمَرَاءَ بَعْدِي

ہونا۔ مجھے یہ حدیث پہنچی ہے کہ جہنم کے کنارے سے ایک پتھر پھینکا جائے گا۔ جو اس کی گہرائی تک چالیس سال کے عرصے میں پہنچے گا۔ خبردار! تم تعجب نہ کرنا۔ قسم بخدا! اسے بھرا جائے گا۔ مجھے یہ حدیث بھی پہنچی ہے کہ جنت کے دروازوں میں پٹوں میں سے دو کے درمیان چالیس سال کا فاصلہ ہے۔ قسم بخدا! ایک بہت زیادہ بھیڑ والا دن آئے گا۔ تحقیق میں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ اپنے آپ کو سات میں سے ساتواں خیال کیا۔ درخت کھانے کی وجہ سے ہمارے منہ سوج گئے۔ میں نے اپنے آپ کو اور حضرت سعد کو دیکھا کہ ہم نے ایک چادر کے دو حصے کیے۔ آدھا میں نے پہنا اور آدھا سعد نے زیب تن کیا' آج کے دن ہم میں سے ہر ایک ان شہروں میں سے کسی نہ کسی شہر پر امیر ہے۔ مجھے یہ بات بھی پہنچی ہے کہ پیغامبری نے بادشاہی کو منسوخ کر دیا' میں اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں اپنے آپ میں تو عظیم ہوں لیکن لوگوں کی نظروں میں حقیر۔ عنقریب میرے بعد تم امراء کو آزماؤ گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُطَرِّفٍ إِلَّا أَبُو خَلِيلٍ، وَلَا عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ إِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ إِلَّا عَمْرٌو، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ

اس حدیث کو مطرف سے ابوخلیل' ابوخلیل سے یونس' یونس سے عمرو روایت کرتے ہیں۔ عباد بن یعقوب اس حدیث کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**4093** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ سَلَمَةَ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ صِرْمَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ أَبِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے پاس ایک ضرورت مند عورت آئی' اس نے دو بچیاں اٹھائی ہوئی تھیں' میں نے اس کو کھانے کے لیے دو

4093- أخرجه مسلم: البر والصلة جلد 4 صفحه 2027' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 102-103 رقم الحديث: 24665.

Marfat.com

زِيَادٍ مَوْلَى ابْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَتْنِي مِسْكِينَةٌ تَحْمِلُ ابْنَيْنِ لَهَا، فَأَطْعَمْتُهَا ثَلَاثَ تَمَرَاتٍ، فَأَعْطَتِ ابْنَيْهَا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا تَمْرَةً، وَرَفَعَتْ إِلَى فِيهَا تَمْرَةً لِتَأْكُلَهَا، فَاسْتَطْعَمَهَا ابْنَاهَا، فَشَقَّتِ التَّمْرَةَ الَّتِي أَرَادَتْ أَنْ تَأْكُلَ بَيْنَهُمَا، فَأَعْجَبَنِي شَأْنُهَا، فَذَكَرْتُهَا وَالَّذِي صَنَعَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ قَدْ أَوْجَبَ لَهَا الْجَنَّةَ، وَأَعْتَقَهَا مِنَ النَّارِ

کھجوریں دیں' اس نے ایک ایک کھجور اپنی بیٹیوں کو دے دی اور ایک خود کھانے کے لیے منہ کی طرف کی تو اس کی بچیوں نے مانگ لی' اس نے خود کھانے کے بجائے کھجور آدھی آدھی کر کے دونوں بچیوں کو دے دی' مجھے اس کی یہ عادت بڑی پسند آئی' میں نے اس کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اس کے لیے جنت واجب کر دی ہے اور اس کو جہنم سے آزاد کر دیا ہے۔

**4094** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا شُعَيْبٌ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنِّي أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ، كَمَا حَرَّمَ إِبْرَاهِيمُ مَكَّةَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں مدینہ کے دونوں کناروں کو حرم قرار دے رہا ہوں جس طرح ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا إِبْرَهِيمُ بْنُ صِرْمَةَ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے ابراہیم بن صرمہ روایت کرتے ہیں۔

**4095** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ قَالَ: أَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْتَمِسُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لیلۃ القدر کو (رمضان المبارک کی) ستائیسویں رات کو تلاش کرو۔

**4094**- اخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه991' واحمد: المسند جلد4صفحه174 رقم الحديث: 17279 .

**4095**- اخرجه البخاري: االتعبير جلد12صفحه396 رقم الحديث: 6991 . بلفظ: التمسوها في السبع الأواخر . ومسلم: الصيام جلد 2صفحه823 بلفظ: تحروا ليلة القدر......' فذكره . والدارمي: الصوم جلد 2صفحه44 رقم الحديث: 1783' واحمد: المسند جلد2صفحه51 رقم الحديث: 4937 .

Marfat.com

السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ

یہ حدیث سعید بن مسروق سے اسرائیل روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں مصعب بن عمیر اکیلے ہیں۔

**4096** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْمِهْرِقَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ عَائِذٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ اِلَّا اَيُّوبُ، وَلَا عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث اسماعیل بن ابو خالد سے ایوب اور ایوب سے عبداللہ روایت کرتے ہیں۔

**4097** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا مَوْهَبُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ مَوْهَبٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حُمَيْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَ حَصَيَاتٍ فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، ثُمَّ وَضَعَهُنَّ فَخَرِسْنَ، ثُمَّ اَخَذَهُنَّ فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، ثُمَّ اَعْطَاهُنَّ اَبَا بَكْرٍ، فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، ثُمَّ اَخَذَهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، ثُمَّ وَضَعَهُنَّ فَخَرِسْنَ، ثُمَّ اَعْطَاهُنَّ عُمَرَ، فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، ثُمَّ اَخَذَهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، ثُمَّ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے کہ آپ نے کنکریاں پکڑیں تو وہ آپ کے ہاتھ میں سبحان اللہ پڑھنے لگیں پھر آپ نے ان کو رکھ دیا تو وہ خاموش ہوگئیں پھر آپ نے ان کو پکڑا تو وہ آپ کے ہاتھ میں سبحان اللہ پڑھنے لگیں پھر آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیں تو وہ (کنکریاں) آپ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں سبحان اللہ پڑھنے لگیں پھر حضور ﷺ نے ان کو پکڑا تو وہ (کنکریاں) آپ کے ہاتھ میں سبحان اللہ پڑھنے لگیں پھر آپ ﷺ نے ان کو رکھ دیا تو وہ خاموش ہوگئیں پھر آپ ﷺ نے (وہ کنکریاں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو

---

**4096**- قال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد**1**صفحه**123**: وفيه عبد الله بن عبد العزيز بن أبی رواد ضعيف جدًا ـ

**4097**- قال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد**5**صفحه**182**: ما تقدم ذكره ـ

Marfat.com

وَضَعَهُنَّ فَخَرِسْنَ، ثُمَّ اَعْطَاهُنَّ عُثْمَانَ، فَسَبَّحْنَ فِي يَدِهِ، ثُمَّ اَعْطَاهُنَّ عَلِيًّا، فَوَضَعَهُنَّ فِي يَدِهِ فَخَرِسْنَ قَالَ الزُّهْرِيُّ: هِيَ الْخِلَافَةُ الَّتِي اَعْطَاهَا اللّٰهُ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ

دیں تو اُن کے پاس بھی (وہ کنکریاں) سبحان اللہ پڑھنے لگیں' پھر حضور ﷺ نے (وہ کنکریاں) پکڑیں تو آپ کے ہاتھ میں سبحان اللہ پڑھنے لگیں' پھر آپ ﷺ نے رکھ دیں تو وہ خاموش ہو گئیں' پھر آپ نے (وہ کنکریاں) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو دیں تو اُن کے ہاتھ میں بھی سبحان اللہ پڑھنے لگیں' پھر آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیں تو اُن کے ہاتھ میں وہ خاموش ہو گئیں۔ امام زہری فرماتے ہیں: اس سے مراد خلافت ہے جو اللہ عزوجل نے ابوبکر وعمر وعثمان کو عطا کی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حُمَيْدٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ اَبِي حُمَيْدٍ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَوْهَبٌ

یہ حدیث زہری' سعید بن مسیب سے اور زہری سے محمد بن احمد بن ابی حمید اور ابن ابی حمید سے ابن وہب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں موہب اکیلے ہیں۔

**4098** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ ابْنِ عُلَيَّةَ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ بَيَانٍ قَالَ: نا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْفَجْرِ، ثُمَّ انْفَتَلَ، فَاَقْبَلَ عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي مَدِينَتِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِي مُدِّنَا وَصَاعِنَا، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا وَيَمَنِنَا فَقَالَ رَجُلٌ: وَالْعِرَاقُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَسَكَتَ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي مَدِينَتِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِي مُدِّنَا

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی' پھر سلام پھیرا' اس کے بعد قوم کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے عرض کی: اے اللہ! ہمارے شہر میں برکت دے! اے اللہ! ہمارے مُد اور صاع (وزن کے پیمانے) میں برکت دے! اے اللہ! ہمارے یمن اور شام میں برکت دے! ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! عراق کے لیے بھی؟ پس آپ ﷺ خاموش رہے' پھر عرض کی: اے اللہ! ہمارے شہر اور

4098- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 308 وقال: ورجاله ثقات . (ا) مستدرك من مجمع البحرين



Marfat.com

وَصَاعِنَا، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي حَرَمِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا وَيَمَنِنَا فَقَالَ رَجُلٌ: وَالْعِرَاقُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: مِنْ ثَمَّ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ، وَتَهِيجُ الْفِتَنُ

ہمارے مُد اور صاع میں برکت دے! اے اللہ! ہمارے حرم میں برکت دے! اے اللہ! ہمارے شام اور یمن میں برکت دے! ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! عراق کے لیے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا اور فتنوں کے طلوع ہونے کی جگہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ بَيَانٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ حَمَّادُ فِي الْأَصْلِ حَمَّادٌ

حضرت زیاد بن بیان سے یہ حدیث اسماعیل بن علیہ نے روایت کی ہے۔ ان کے بیٹے حماد اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

**4099** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْجَمَّالُ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلّٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْزِلُ الدَّجَّالُ هٰذِهِ السَّبْخَةَ، فَيَكُونُ أَكْثَرَ مَنْ يَخْرُجُ إِلَيْهِ النِّسَاءُ، حَتّٰى إِنَّ الرَّجُلَ يَعْمِدُ إِلَى حَبِيبَتِهِ، إِمَّا أُمِّهِ، أَوْ أُخْتِهِ، أَوْ زَوْجَتِهِ، فَيُشَدِّدُ رِبَاطَهَا أَوْ تَلْحَقُ بِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثُمَّ يُسَلَّطُونَ عَلَيْهِ وَعَلَى شِيعَتِهِ، وَشِيعَتُهُ الْيَهُودُ، فَيَقْتُلُوهُمْ، حَتّٰى إِنَّ أَحَدَهُمْ لَيَسْتَتِرُ بِالْحَجَرِ أَوِ الشَّجَرِ، فَيَقُولُ الْحَجَرُ أَوِ الشَّجَرُ: يَا مُؤْمِنُ، هٰذَا وَرَائِي يَهُودِيٌّ، فَاقْتُلْهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دجال اس شور والی جگہ میں اُترے گا اس کی طرف زیادہ عورتیں نکلیں گی یہاں تک کہ ایک آدمی اپنے دوست' اپنی ماں یا اپنی بہن یا اپنی زوجہ کا ارادہ کرے گا' اس کو باندھ دے گا یا اس سے وہ مل جائے گی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پھر وہ اس پر اور اس کے گروہ پر مسلط ہو جائیں گے' اس کا گروہ یہودی ہوں گے' وہ ان کو قتل کریں گے یہاں تک کہ ان میں سے کوئی ایک پتھر یا درخت کے پیچھے چھپے گا تو درخت یا پتھر کہے گا: اے مؤمن! یہ میرے پیچھے یہودی ہے' اس کو قتل کرو۔

---

4099- اسنادہ فیہ: محمد بن اسحاق وھو صدوق یدلس . واخرجه ايضًا أحمد بنحوه . وقال الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 349 ما تقدم ذكره .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلَّى

یہ حدیث محمد بن طلحہ سے محمد بن اسحاق سے روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن معلّٰی اکیلے ہیں۔

**4100** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: نا أَبُو جَابِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ: حَدَّثَنِي سَهْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ بُرَيْدَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَكْثِيرٌ الْحَجَرُ وَالشَّجَرُ؟ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قُلْنَا: نَعَمْ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَشَفَاعَتِي أَكْثَرُ مِنَ الْحَجَرِ وَالشَّجَرِ

حضرت سہل بن عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا بریدہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: کیا درخت اور پتھر زیادہ ہیں؟ تین مرتبہ آپ ﷺ نے فرمایا ہم نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میری شفاعت پتھروں اور درختوں سے زیادہ ہوگی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو جَابِرٍ

یہ حدیث ابن بریدہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابوجابر اکیلے ہیں۔

**4101** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ تَخْلُوَ الْأَرْضُ مِنْ أَرْبَعِينَ رَجُلًا مِثْلَ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلِ الرَّحْمَنِ، فَبِهِمْ يُسْقَوْنَ وَبِهِمْ يُنْصَرُونَ، مَا مَاتَ مِنْهُمْ أَحَدٌ إِلَّا أَبْدَلَ اللّٰهُ مَكَانَهُ آخَرَ قَالَ: وَسَمِعْتُ قَتَادَةَ يَقُولُ: لَسْنَا نَشُكُّ أَنَّ الْحَسَنَ مِنْهُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زمین ایسے چالیس آدمیوں سے خالی نہیں ہوتی ہے جو ابراہیم خلیل الرحمٰن علیہ السلام کے مثل ہیں ان کی وجہ سے لوگوں کی مدد کی جاتی ہے اور ان کی وجہ سے ہی لوگوں پر بارش برسائی جاتی ہے ان میں سے کوئی بھی دنیا سے جاتا ہے تو اللہ عزوجل اس کی جگہ پر دوسرے کو مقرر کرتا ہے۔ راوی حدیث سعید بن ابی عروبہ فرماتے ہیں کہ میں نے قتادہ کو فرماتے ہوئے سنا:

**4100**- اسناده فيه: سهل بن عبد الله بن بريدة قال ابن حبان: منكر الحديث' وقال الحاكم: روى عن أبيه أحاديث موضوعه' ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه381-383 . وقال: وفيه سهل بن عبد الله بن بريدة وهو ضعيف .

**4101**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10صفحه66 . وقال: واسناده حسن . وذكره السيوطي في جامعه الصغير' ورمز لحسنه' وأورده الألباني في ضعيف الجامع الصغير' وقال: ضعيف .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْحَاقُ

ہم شک نہیں کرتے ہیں' بے شک امام حسن بصری ان ابدال میں شامل ہیں۔

یہ حدیث قتادہ سے سعید اور سعید سے عبدالوہاب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

**4102** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ شُعَيْبِ بْنِ اِسْحَاقَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا الْاَوْزَاعِيُّ، وَسُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ قَالَ: حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَحْيَا اَرْضًا مَوَاتًا فَهِيَ لَهُ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ: تَشْهَدُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَذَا؟ فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْنِي بِهَذَا، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَشْهَدُ اَنَّ عَائِشَةَ مَا كَذَّبَتْنِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ویران زمین کو آباد کیا' وہ اسی کے لیے ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے عروہ سے فرمایا: آپ گواہی دیتے ہیں کہ یہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے؟ حضرت عروہ نے عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان کیا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے میرے ساتھ جھوٹ نہیں بولا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث اوزاعی سے سوید بن عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔

**4103** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ: نا بَشِيرُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الدُّرَيْكِ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُنْيَةَ، رَفَعَ الْحَدِيثَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُنْشِءُ اللّٰهُ سَحَابَةً لِاَهْلِ النَّارِ سَوْدَاءَ

حضرت یعلی بن منیہ مرفوعاً حدیث حضور ﷺ کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جہنم والوں کے لیے ایک کالا اندھیرے والا بادل پیدا کیا ہے' وہ کہتا ہے: اے جہنم والو! تم کون سی شے طلب کرتے ہو؟ وہ دنیا کے بادلوں کو یاد کریں گے تو

---

**4102**- اسناده ضعيف جدًا فيه: سويد بن عبدالعزيز هو متروك . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه**160-161**: وفيه راوٍ كذاب يعني (سويد) .

**4103**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**10**صفحه**393** . وقال: وفيه من فيه ضعف قليل' ومن لم أعرفه .

Marfat.com

مُظْلِمَةً، فَيَقَالُ: يَا اَهْلَ النَّارِ، اَیُّ شَیْءٍ تَطْلُبُونَ؟ فَيَذْكُرُونَ بِهَا سَحَابَةَ الدُّنْيَا، فَيَقُولُونَ: يَا رَبَّنَا الشَّرَابَ، فَيُمْطِرُهُمْ اَغْلَالًا تَزِيدُ فِي اَغْلَالِهِمْ، وَسَلَاسِلَ تَزِيدُ فِي سَلَاسِلِهِمْ، وَجَمْرًا تَلْتَهِبُ عَلَيْهِمْ

وہ کہیں گے: اے رب! پانی! ان پر طوق برسائے جائیں گے جو پہلے طوقوں میں مل کر زیدہ ہو جائیں گے اور بیڑیاں پھینکی جائیں گی' جو پہلی بیڑیوں میں اضافہ کر دیں گی' انگارے پھینکے جائیں گے جو ان پر شعلے بن کر بھڑکیں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ يَعْلَى اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَنْصُورٌ

یہ حدیث یعلیٰ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں منصور اکیلے ہیں۔

**4104** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ شَوْذَبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا فِي السَّحُورِ بِالْبَرَكَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سحری کے لیے برکت کی دعا فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ اِلَّا عُقْبَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث ابن شوذب سے عقبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**4105** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ: نا اَسْوَدُ بْنُ حَفْصٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ، قَبَّلَ ابْنَتَهُ فَاطِمَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر سے واپس آتے تو اپنی بیٹی رضی اللہ عنہا کے ماتھے کو چومتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ اِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، وَلَا عَنِ الْحُسَيْنِ اِلَّا اَسْوَدُ بْنُ

یہ حدیث یزید النحوی سے حسین بن واقد اور حسین سے اسود بن حفص اور زید بن حباب روایت کرتے

---

**4104**- اصله فی البخاری ومسلم بلفظ: تسحروا فان فی السحور برکة . أخرجه البخاری: الصوم جلد 4 صفحه 165 رقم الحدیث: 1923 من طریق آدم بن ابی ایاس حدثنا شعبة . ومسلم: الصیام جلد 2 صفحه 770 من طریق قتیبة بن سعید حدثنا أبو عوانة عن قتادة و...... .

**4105**- ذکره الحافظ الهیثمی فی المجمع جلد 8 صفحه 45 . وقال: ورجاله ثقات' وفی بعضهم ضعف لا یضر .

Marfat.com

حَفْصٍ وَزِيدُ بْنُ الْحُبَابِ

ہیں۔

**4106** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَلِيٍّ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: نا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّجَاشِيَّ، أَصْدَقَ أُمَّ حَبِيبَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَتَيْ دِينَارٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت نجاشی نے اُم حبیبہ کو رسول کریم ﷺ کی طرف سے دو سو دینار حق مہر کے دیئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: رَوَّادٌ

یہ حدیث قتادہ سے سعید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں روّاد اکیلے ہیں۔

**4107** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ: نا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ دَلَّيْتُمْ أَحَدَكُمْ بِحَبْلٍ إِلَى الْأَرْضِ السَّابِعَةِ لَقَدِمَ عَلَى رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ تَلَا (هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ) (الحديد: 3)

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر تم میں سے کوئی اپنی رسّی سے لٹک کر سات زمینوں تک چلا جائے تو پھر بھی اپنے رب کے پاس ہی جائے گا' پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی: ''وہی اوّل' آخر' ظاہر' باطن ہے وہ ہر شے کو جاننے والا ہے''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا أَبُو جَعْفَرٍ، وَلَا عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ إِلَّا سَلَمَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ

یہ حدیث قتادہ سے ابوجعفر اور ابوجعفر سے سلمہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسین بن عیسیٰ بن میسرہ الرازی اکیلے ہیں۔

---

**4106**- اسناده فيه: اسماعيل بن على الأنصارى لم أجده' ورواد بن الجراح وهو صدوق اختلط ـ وقال الهيثمى فى المجمع جلد4صفحه285: رواه الأوسط باسنادين فى أحدهما اسماعيل بن على الأنصارى عن رواد بن الجراح' ورواد فيه ضعف' وقد وثقه جماعة' واسماعيل لم أعرفه' وبقية رجال هذا ثقات يعنى هذا والاسناد الآخر ضعيف .

**4107**- عزاه الحافظ السيوطى فى الدر المنثور الى ابن مردويه ـ انظر الدر المنثور جلد6صفحه170 .

Marfat.com

4108 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ قَالَ: نا سَلَمَةُ قَالَ: نا اَبُو جَعْفَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَسْكَرَ مِنْهُ الْفَرَقُ فَالْحُسْوَةُ مِنْهُ حَرَامٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس (شے) کا فرق (زیادہ) پینے سے نشہ آتا ہو اس کا (کم) پینا (بھی) حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث ایوب سے ابوجعفر الرازی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں سلمہ بن فضل اکیلے ہیں۔

4109 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ نَافِعٍ اَبُو حَجَرٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّرْمَقِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى الْبَكَّاءُ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: تَجَشَّاَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كُفَّ جُشَاءَكَ، فَاِنَّ اَطْوَلَكُمْ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا اَطْوَلُكُمْ جُوعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس ڈکار مار رہا تھا' آپ نے فرمایا: اپنے ڈکار روکو کیونکہ جو دنیا میں زیادہ پیٹ بھر کر کھاتے ہیں' وہ آخرت میں زیادہ بھوکے ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْعَزِيزِ النَّرْمَقِيُّ

یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز نرمقی اکیلے ہیں۔

4110 - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مَحْمَوَيْهِ بْنُ شُجَاعٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُثَنَّى قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، اَنَّهُ كَانَ قَاعِدًا فِي

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ منبر شریف کے زین پر تشریف فرما تھے اور لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے' دیہات سے ایک آدمی آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! رات کی نماز کتنی رکعت ہے؟

4108- اسناده فيه: علي بن سعيد' قال الدارقطني: ليس بذاك' تفرد بأشياء . وأخرجه أيضًا الدارقطني' والترمذي بهذا اللفظ .

4109- أخرجه الترمذي: صفة القيامة جلد4صفحه649 رقم الحديث: 2478 وقال: هذا حديث غريب . وابن ماجة: الأطعمة جلد2صفحه1111 رقم الحديث: 3350 . انظر الدر المنثور للسيوطي جلد3صفحه80 .

4110- أصله عند البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: الصلاة جلد1صفحه669 رقم الحديث: 472 . ومسلم: المسافرين جلد1صفحه518 .

Marfat.com

اَصْلِ مِنبَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخطُبُ النَّاسَ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَاةُ اللَّيْلِ؟ قَالَ: نَعَمْ، مَثْنَى مَثْنَى، فَاِذَا خَشِيتَ اَنْ يُرْهِقَكَ الْفَجْرُ اَوْ يُدْرِكَكَ الْفَجْرُ، رَكَعْتَ رَكْعَةً، فَاَوْتَرَتْ لَكَ مَا مَضَى حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مَحْمَوَيْهِ قَالَ: نا اَبُو عُبَيْدَةَ، عَنِ الْمُثَنَّى قَالَ: اَتَيْنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، فَسَاَلْنَاهُ فَحَدَّثَنَا، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ الَّذِي حَدَّثَنَا سَالِمٌ

آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! دو دو رکعت ہے جب فجر کا وقت ہونے کا خوف ہو تو ایک رکعت ساتھ ملا کر وتر کر لیا کرو۔ حضرت مثنیٰ فرماتے ہیں: ہم قاسم بن محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہم کے پاس آئے اور آپ سے پوچھا: آپ نے ہمیں حضرت عبداللہ بن عمر از حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے بیان کیا ہے سالم والی حدیث کی مثل۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ، وَالْقَاسِمِ اِلَّا اَبُو عُبَيْدَةَ

یہ حدیث سالم اور قاسم سے ابوعبیدہ روایت کرتے ہیں۔

**4111** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ قَالَ: نا الضَّحَّاكُ بْنُ حُمْرَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْبَجَلِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَمْ يُلْزِقْ اَنْفَهُ مَعَ جَبْهَتِهِ بِالْاَرْضِ فِي سُجُودِهِ لَمْ تُقْبَلْ صَلَاتُهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے اپنی ناک سجدہ کرتے ہوئے زمین کے ساتھ نہ ملائی' اس کی نماز قبول نہ کی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ اِلَّا الضَّحَّاكُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ وَعَاصِمٌ الْبَجَلِيُّ هُوَ: عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلُ

یہ حدیث منصور بن زاذان سے ضحاک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حمیر اور عاصم البجلی روایت کرتے ہیں' عاصم کا نام عاصم بن سلیمان

**4111**- اسناده فيه: الضحاك بن حمزة وهو ضعيف' وضعفه غير واحد' وقال النسائي: ليس بثقة' وقال البخاري: منكر الحديث مجهول' وحسن الترمذي حديثه ووثقه اسحاق بن راهويه' وقال ابن حجر: ضعيف (التقريب' والتهذيب' والميزان جلد2صفحه322) . وقال الهيثمي في المجمع جلد6صفحه129: ورجاله موثقون وان كان في بعضهم اختلاف من أجل التشيع .

Marfat.com

**4112** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَارُونَ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ قَالَ: اسْتَعْمَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، مُعَاذًا عَلَى الشَّامِ، فَكَتَبَ اِلَيْهِ: اَنْ اَعْطِ النَّاسَ اُعْطِيَاتِهِمْ، وَاغْزُ بِهِمْ، فَبَيْنَا هُوَ يُعْطِي النَّاسَ، وَذَلِكَ فِي آخِرِ النَّهَارِ، جَاءَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الرُّسْتَاقِ، مِنْ مَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ لَهُ: يَا مُعَاذُ، مَنْ لِي بِعَطَائِي؟ فَاِنِّي رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الرُّسْتَاقِ، مِنْ مَكَانِ كَذَا وَكَذَا فَلَعَلِّي آوِي اِلَى اَهْلِي قَبْلَ اللَّيْلِ؟ فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا اُعْطِيكَ حَتَّى هَؤُلَاءِ، يَعْنِي: اَهْلَ الْمَدِينَةِ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْاَنْبِيَاءُ كُلُّهُمْ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ قَبْلَ دَاوُدَ، وَسُلَيْمَانَ بِاَلْفَيْ عَامٍ، وَاِنَّ فُقَرَاءَ الْمُسْلِمِينَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَائِهِمْ بِاَرْبَعِينَ عَامًا، وَاِنَّ صَالِحَ الْعَبِيدِ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَحْرَارِ بِاَرْبَعِينَ عَامًا، وَاِنَّ اَهْلَ الْمَدَائِنِ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَهْلِ الرَّسَاتِيقِ بِاَرْبَعِينَ عَامًا، تُفَضَّلُ الْمَدَائِنُ بِالْجُمُعَةِ وَالْجَمَاعَاتِ وَحِلَقِ الذِّكْرِ، وَاِذَا كَانَ بَلَاءٌ خُصُّوا بِهِ دُونَهُمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا شُعَيْبٌ، وَلَا عَنْ شُعَيْبٍ اِلَّا عَمْرٌو، تَفَرَّدَ بِهِ: هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ.

حضرت عبدالرحمٰن بن غنم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو شام والوں پر امیر مقرر کیا' آپ کی طرف خط لکھا کہ لوگوں کو ان کے عطیات دو' وہ اسی حالت میں لوگوں کو دے رہے تھے' یہ دن کا آخری وقت تھا۔ دیہات کا رہنے والا ایک آدمی فلان فلان جگہ سے آیا' اس نے کہا: اے معاذ! مجھے کون دے گا؟ میں دیہات کا رہنے والا آدمی ہوں فلاں فلاں جگہ کا' ہوسکتا ہے کہ میں رات آنے سے پہلے گھر چلا جاؤں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں اپنے شہر والوں کو دینے سے پہلے نہیں دوں گا' میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ سارے انبیاء جنت میں داخل ہوں گے دو ہزار سال پہلے حضرت داؤد' سلیمان علیہما السلام سے اور فقراء مسلمان' جنت میں مال دار لوگوں سے چالیس سال پہلے داخل ہوں گے۔ نیک غلام' آزاد لوگوں سے چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے اور شہروں والے دیہاتوں والوں سے چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے' شہروں والوں کو جمعہ اور باجماعت نمازوں اور ذکر کے حلقوں کے ساتھ فضیلت دی گئی ہے اور جب آزمائش ہوگی تو وہ ان کے علاوہ سے خاص کی گئی ہے۔

یہ حدیث زہری سے شعیب اور شعیب سے عمرو اور احول ہے۔

**4112**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **265** . وقال: وفيه علي بن سعيد بن بشير' قال الدارقطني: ليس بذاك تفرد بأشياء' وقال ابن يونس كان يفهم ويحفظ' وقال الذهبي: حافظ رجال وبقية رجاله ثقات . (١) استدركناه من المجمع .

Marfat.com

وَلَا رَوَاهُ، عَنْ شُعَيْبٍ اِلَّا عَمْرٌو، وَلَا رَوَاهُ، عَنْ عَمْرٍو اِلَّا هَارُونُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

عمرو سے ہارون روایت کرتے ہیں۔ اور حضور ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4113** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُونِ الْقَدَّاحُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ قَالَ: قُلْتُ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: مَتَى كُنْتُمْ تُصَلُّونَ الْعَصْرَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ

حضرت یحییٰ بن سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے عرض کی: تم حضور ﷺ کے ساتھ عصر کی نماز کب پڑھتے تھے؟ فرمایا: سورج ابھی صاف چمک رہا ہوتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث یحییٰ سے عبداللہ روایت کرتے ہیں۔

**4114** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَطِيَّةُ بْنُ بَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدَعُنَّ صَلَاةَ اللَّيْلِ، وَلَوْ حَلْبَ شَاةٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: رات کی نماز نہ چھوڑو اگرچہ اتنا وقت اُٹھ کر مختصر نماز پڑھو جتنے وقت میں تم بکری کا دودھ نکالتے ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

یہ حدیث ابن منکدر سے جریر بن یزید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

**4115** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ، وَعَنِ ابْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى مَكَّةَ، فَكَانَ يَقْصُرُ الصَّلَاةَ، حَتَّى قَدِمْنَا مَكَّةَ، فَاَقَامَ بِهَا عَشْرًا يَقْصُرُ الصَّلَاةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ مکہ کی طرف جانے کے لیے نکلے' آپ ﷺ نماز قصر کرتے رہے یہاں تک کہ ہم مکہ آئے' وہاں دس دن ٹھہرے اور نماز قصر کرتے رہے۔

---

**4113**- اخرجه أحمد: المسند جلد**3**صفحه**256** رقم الحديث: **13186** .

**4115**- اخرجه البخاري: التقصير جلد**2**صفحه**653** رقم الحديث: **1081**' ومسلم: المسافرين جلد**1**صفحه **481** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ يُونُسَ إِلَّا أَيُّوبُ

یہ حدیث ثوری' یونس سے اور ثوری سے ایوب روایت کرتے ہیں۔

**4116** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكِلَابِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَرْبُ خَدْعَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنگ ایک فن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ مَوْصُولًا، عَنْ عَبْدَةَ إِلَّا ابْنُهُ مُحَمَّدٌ

یہ حدیث موصولاً عبدہ سے ان کے بیٹے محمد روایت کرتے ہیں۔

**4117** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: جَمَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْأُولَى وَالْعَصْرِ، وَبَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، فَقِيلَ لَهُ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ: صَنَعْتُ هَذَا لِكَيْ لَا تُحْرَجَ أُمَّتِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظہر اور عصر اور مغرب اور عشاء کو اکٹھا پڑھا۔ آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے ایسا کیا ہے تاکہ میری اُمت پر حرج نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا عَبْدُ اللهِ، وَلَا رَوَاهُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ إِلَّا الْحُسَيْنُ وَأَحْمَدُ بْنُ حَاتِمٍ الطَّوِيلُ

یہ حدیث اعمش سے عبداللہ اور عبداللہ سے حسین اور احمد بن حاتم طویل حدیث روایت کرتے ہیں۔

---

**4116**- أخرجه ابن ماجة: الجهاد جلد 2 صفحه 945 رقم الحديث: 2833 . انظر كشف الخفاء للعجلوني جلد 1 صفحه 425 رقم الحديث: 1126 . وعزاه السخاوي في المقاصد الحسنة أيضًا الى العسكري وقال: أراد أن المعاكرة في الحرب أنفع من المكاثرة . انظر المقاصد الحسنة رقم الحديث: 400 .

**4117**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 163 . وقال: وفيه عبد الله بن عبد القدوس ضعفه ابن معين والنسائي' ووثقه ابن حبان' وقال البخاري: صدوق الا أنه يروى عن أقوام ضعفاء' وقال الهيثمي: وقد روى هذا عن الأعمش وهو ثقة . وأخرجه أيضًا في الكبير من طريق أحمد بن حاتم الطويل' ثنا عبد الله بن عبد القدوس بالاسناد .

Marfat.com

**4118** - حَدَّثَنَا عَلِیٌّ قَالَ: نا الْهَیْثَمُ بْنُ مَرْوَانَ الدِّمَشْقِیُّ قَالَ: نا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَخِیهِ مَحْفُوظِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَائِذٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ خَالِدِ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَقِیَ الْعَدُوَّ فَصَبَرَ حَتّٰی یُقْتَلَ اَوْ یُغْلَبَ لَمْ یُفْتَنْ فِی قَبْرِهِ

حضرت ابوایوب خالد بن زید رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس کا سامنا دشمن سے ہوتو وہ صبر کرے یہاں تک کہ شہید ہو جائے یا مغلوب ہو جائے' اس کو قبر میں عذاب نہیں ہوگا۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث ابوہریرہ' ابوایوب سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں منبہ بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4119** - حَدَّثَنَا عَلِیٌّ قَالَ: نا عِیسَی بْنُ اِبْرَاهِیمَ بْنِ مَثْرُودٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ عِیَاضٍ، عَنْ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَدْرَكَ الرَّكْعَةَ فَقَدْ اَدْرَكَ السَّجْدَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رکوع کو پالیا' بے شک اس نے سجدہ یعنی رکعت کو پالیا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی حَازِمٍ اِلَّا یَزِیدُ بْنُ عِیَاضٍ، وَلَا عَنْ یَزِیدَ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِیسَی بْنُ اِبْرَاهِیمَ

یہ حدیث ابوحازم سے یزید بن عیاض اور یزید سے ابن وہب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عیسیٰ بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

---

**4118**- اخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد4صفحه187 رقم الحدیث:4094 ۔ وقال: فی المجمع جلد5صفحه330: رواه الطبرانی فی الأوسط وفیه مصفی بن بهلول والد محمد ولم اعرفه وبقیة رجاله ثقات ۔ قلت: لیس فیه مصفی انما فیه محمد وهو صدوق له أوهام ۔

**4119**- اخرجه البخاری: المواقیت جلد 2صفحه68 رقم الحدیث: 580' ومسلم: المساجد جلد 1صفحه423 . ولفظهما من أدرك ركعة من الصلاة فقد أدرك الصلاة ۔

Marfat.com

**4120** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ الرَّاسِيُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّرَائِفِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَرَادَةَ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَابَتْهُمْ مَخْمَصَةٌ عَلَى عَهْدِهِ، فَأَقْبَلَ رَجُلَانِ حَتَّى أَشْرَفَا عَلَى حَوَائِطَ، فَإِذَا هُمْ بِتَمْرٍ فِي حَائِطٍ، فَنَزَلَ أَحَدُهُمَا وَفَرَقَ الْآخَرُ، فَأَكَلَ حَتَّى إِذَا شَبِعَ، جَعَلَ يَحْثِي فِي ثِيَابِهِ، وَجَاءَ صَاحِبُ الْحَائِطِ، فَانْتَزَعَ ثَوْبَهُ، وَأَوْثَقَهُ إِلَى نَخْلَةٍ، وَأَخَذَ شَظِيَّةً فَأَوْجَعَهُ ضَرْبًا، ثُمَّ انْطَلَقَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَجَدْتُ هَذَا فِي حَائِطِي، أَكَلَ حَتَّى إِذَا شَبِعَ جَعَلَ يَحْثِي فِي ثِيَابِهِ، قَالَ الْآخَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَقْبَلْتُ أَنَا وَصَاحِبِي وَنَحْنُ جَائِعَانِ، فَأَمَّا أَنَا فَنَزَلْتُ، وَأَمَّا صَاحِبِي فَفَرَقَ، فَأَكَلْتُ وَأَخَذْتُ لِصَاحِبِي، فَجَاءَ هَذَا فَفَعَلَ بِي كَذَا، وَفَعَلَ بِي كَذَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْطَلِقْ فَأَعْطِهِ ثَوْبَهُ، وَكِلْ لَهُ وَسْقًا مَكَانَ مَا ضَرَبْتَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَرَادَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي سَعِيدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کو آپ کے زمانہ میں بھوک لگی' دو آدمی آئے یہاں تک کہ ایک نے باغ کی دیواروں پر سے دیکھا تو باغ میں کھجوریں تھیں' ان میں سے ایک باغ میں اُترا اور دوسرے کو چھوڑ دیا' اس نے سیر ہو کر کھجوریں کھائیں اور اپنے کپڑے میں ڈالنا شروع کیں' اتنے میں باغ کا مالک آیا' اس نے اس کا کپڑا اُتارا اور اس کو ایک کھجور کے درخت سے باندھ دیا' ایک ٹہنی پکڑی اور اس کے ساتھ اسے مارنا شروع کر دیا' پھر اس کو لے کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اسے اپنے باغ میں پایا ہے' اس نے سیر ہو کر کھجوریں کھانے کے بعد اپنے کپڑے میں ڈالنا شروع کیں۔ دوسرے نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اور میرا ساتھی اس حالت میں آئے کہ ہم دونوں بھوکے تھے' میں باغ میں گیا اور اپنے ساتھی کو پیچھے چھوڑ دیا' میں نے کھجوریں کھائیں اور اپنے ساتھی کے لیے لے لیں' یہ آیا اس نے میرے ساتھ ایسے کیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو لے جا! اس کا کپڑا دے دو جتنا مارا اس کے بدلہ ایک وسق (ساٹھ صاع اور ایک صاع ساڑھے چار کلو) کھجوریں دے دو۔

یہ حدیث جریری سے عبداللہ بن مرارہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عثمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں' حضرت ابوسعید سے اسی سند سے روایت

4120- اسناده فيه: عبد الله بن عرادة وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 168: وفيه عبد الله بن عرادة وثقه أبو داؤد' وضعفه جماعة . قلت: اسناده ضعيف كما تقدم .

Marfat.com

ہے۔

**4121** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ قَالَ: نا اَبُو قَتَادَةَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ غَيْلَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صَوْمٌ صَامَ عَنْهُ وَلِيُّهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اس حالت میں مرا کہ اس کے ذمے روزے تھے اس کا ولی اس کی طرف سے روزے رکھے یعنی ہر روزے کے بدلہ فدیہ دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا حَيْوَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قَتَادَةَ

یہ حدیث سالم سے حیوہ روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابوقتادہ اکیلے ہیں۔

**4122** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: نا عَمِّي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ السَّمْحِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ الْمُشْرِكِينَ يَتَسَرْبَلُونَ، وَلَا يَتَّزِرُونَ؟ قَالَ: تَسَرْبَلُوا اَنْتُمْ، وَاتَّزِرُوا قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاِنَّ الْمُشْرِكِينَ يَحْتَفُونَ وَلَا يَنْتَعِلُونَ؟ قَالَ: فَاحْتَفُوا اَنْتُمْ، وَانْتَعِلُوا، خَالِفُوا اَوْلِيَاءَ الشَّيْطَانِ كُلَّمَا اسْتَطَعْتُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! مشرکین شلواریں پہنتے ہیں اور تہبند نہیں پہنتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم شلوار بھی پہنو اور تہبند بھی پہنو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ جوتی پہنتے ہیں اور نعل بھی پہنتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم جوتی بھی پہنو اور نعل بھی پہنو جتنی طاقت رکھتے ہو شیطان کے دوستوں کی مخالفت کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا خَالِدٌ، وَلَا عَنْ خَالِدٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَخِيهِ

یہ حدیث یونس سے خالد اور خالد سے عبداللہ اور عبداللہ سے ابن وہب روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ان کے بھائی کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**4123** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

---

4121- اخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه226 رقم الحديث:1952 ومسلم: الصيام جلد2صفحه803 .

4122- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه134 وقال: وعلي بن سعيد الرازي ضعيف .

4123- اخرجه ابن حبان ( 695/موارد الظمآن) وقال الحافظ الهيثمي: ورجال الطبراني في الأوسط ثقات الا اني لم

Marfat.com

دَاوُدَ الْمُنْكَدِرِيُّ قَالَ: نا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اشْتَكَى الْمُؤْمِنُ اَخْلَصَهُ اللّٰهُ كَمَا يُخْلِصُ الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ

روایت کرتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مؤمن بیمار ہوتا ہے تو اس کے گناہ اس طرح مٹ جاتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے سے زنگ دور کردیتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث زہری سے ابن ابی ذئب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

**4124** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْبَزَّارُ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَلَامٍ الْاِفْرِيقِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ نَهِيكٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ تَصَدَّقَ عَلَيْهِ اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت یعلی بن شداد بن اوس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے تنگ دست کو مہلت دی یا اس پر صدقہ کر دیا تو اللہ عزوجل اس کو قیامت کے دن اپنی رحمت کا سایہ عطا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْلَى بْنُ شَدَّادٍ اِلَّا اَيُّوبُ بْنُ نَهِيكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ سَلَّامٍ

یہ حدیث یعلی بن شداد سے ایوب بن نہیک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن سلام اکیلے ہیں۔

**4125** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ هَارُونَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی' حضرت

---

أعرف شيخ الطبراني . انظر مجمع الزوائد جلد2صفحه305 .

**4124**- اسناده فيه: ايوب بن نهيك ضعفه أبو حاتم' وقال أبو زرعة: منكر الحديث' وقال الأزدي متروك' وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه137: وفيه يحيى بن سلام الأفريقي وهو ضعيف . قلت: فيه من هو أضعف من يحيى بن سلام كما تقدم ذكره .

**4125**- أصله في البخاري ومسلم من طريق بكير عن كريب أن ابن عباس والمسور بن مخرمة وعبد الرحمن بن أزهر رضي الله عنهم . أخرجه البخاري: السهو جلد3صفحه126 رقم الحديث: 1233' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه571-572 .

Marfat.com

بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ مُعَاوِيَةَ، صَلَّى الْعَصْرَ، ثُمَّ قَامَ ابْنُ الزُّبَيْرِ فَصَلَّى بَعْدَهَا، فَقَالَ: مُعَاوِيَةُ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، مَا هَاتَانِ الرَّكْعَتَانِ؟ فَقَالَ: بِدْعَةٌ وَصَاحِبُهَا صَاحِبُ بِدَعٍ، فَلَمَّا انْفَتَلَ قَالَ: مَا قُلْتُمَا؟ قَالَ: قُلْنَا: كَيْتَ وَكَيْتَ قَالَ: مَا ابْتَدَعْتُ، وَلَكِنْ حَدَّثَتْنِي خَالَتِي عَائِشَةُ، فَاَرْسَلَ مُعَاوِيَةُ اِلَى عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: صَدَقَ، حَدَّثَتْنِي اُمُّ سَلَمَةَ فَاَرْسَلَ اِلَى اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ عَائِشَةَ، حَدَّثَتْنَا عَنْكِ بِكَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَتْ: صَدَقَتْ، اَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَصَلَّى بَعْدَ الْعَصْرِ، فَقُمْتُ وَرَاءَهُ فَصَلَّيْتُ، فَلَمَّا انْفَتَلَ قَالَ: مَا شَانُكِ؟ قُلْتُ: رَاَيْتُكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّيْتَ، فَصَلَّيْتُ مَعَكَ، فَقَالَ: اِنَّ عَامِلًا عَلَى الصَّدَقَاتِ قَدِمَ عَلَيَّ، فَخِفْتُ عَلَيْهِ فَلَقِيتُهُ، فَنَسِيتُ اَنْ اُصَلِّيَ بَعْدَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ

ابن زبیر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' اس کے بعد نماز شروع کی تو حضرت معاویہ نے فرمایا: اے ابن عباس! یہ دو رکعتیں کون سی ہیں؟ حضرت ابن عباس نے فرمایا: یہ بدعت ہے' یہ کرنے والا بھی بدعتی ہے۔ جب ابن زبیر نے سلام پھیرا تو کہا: تم نے کیا بات کی؟ کہا: ہم نے ایسا ایسا کیا ہے تو آپ نے کہا: میں نے بدعت نہیں کی ہے' لیکن مجھے میری خالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان کی ہے۔ حضرت معاویہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف کسی کو اس کے متعلق پوچھنے کے لیے بھیجا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ابن زبیر نے سچ کہا ہے' مجھے اُم سلمہ نے بتایا ہے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کی طرف کسی کو پوچھنے کے لیے بھیجا کہ حضرت عائشہ نے ہم کو آپ کے حوالے سے اس اس طرح بیان کیا ہے؟ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: عائشہ نے سچ کہا ہے' رسول اللہ ﷺ ایک دن میرے پاس آئے اور آپ نے عصر کے بعد نماز پڑھی' میں آپ کے پیچھے کھڑی ہوئی اور میں نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: کیا بات ہے؟ میں نے عرض کی: یا نبی اللہ! میں نے آپ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو میں نے آپ کے ساتھ نماز شروع کر دی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس صدقات کے عامل آئے تھے' میں نے ان سے ملاقات کی تو میں عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھنے کو بھول گیا۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زید بن یحییٰ بن عبید اکیلے ہیں۔

**4126** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ الرَّجُلِ وَالشِّرْكِ وَالْكُفْرِ إِلَّا تَرْكُ الصَّلَاةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمان آدمی اور شرک اور کفر کے درمیان فرق نماز چھوڑنا ہے (یعنی نماز کا انکار کرنا مراد ہے' نہ پڑھنے والا گناہ گار ہوتا ہے' کافر نہیں)۔

**4127** - وَبِهِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَرْشُ إِبْلِيسَ عَلَى الْبَحْرِ، ثُمَّ يَبْعَثُ سَرَايَاهُ فَيَفْتِنُونَ، فَأَعْظَمُهُمْ عِنْدَهُ أَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ابلیس اپنا تخت سمندر پر بچھاتا ہے پھر لوگوں کو فتنوں میں ڈالنے کے لیے اپنا لشکر بھیجتا ہے' اس کے ہاں بڑا وہ ہوتا ہے جو بڑا فتنہ ڈال کر آتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ إِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا مُصْعَبٌ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: أَبُو كُرَيْبٍ

یہ دونوں حدیثیں قتادہ' سلیمان سے اور قتادہ سے سعید اور سعید سے مصعب روایت کرتے ہیں' ان دونوں حدیثوں کو روایت کرنے میں ابوکریب اکیلے ہیں۔

**4128** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عِيسَى بْنِ الْمُخْتَارِ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رکاز یعنی پوشیدہ خزانے میں خمس ہے۔

---

**4126**- اخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه88' وأحمد: المسند جلد3صفحه476 رقم الحديث: 15191 .

**4127**- اسناده فيه: سعيد بن بشير وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد7صفحه292: ورجاله وثقوا' وفيهم ضعف . قلت: هذا الحديث ليس من الزوائد' فقد أخرجه مسلم بن طريق عن جابر .

**4128**- اسناده فيه: محمد بن عبد الرحمٰن بن أبي ليلى وهو صدوق سيئ الحفظ . وأخرجه أيضًا أحمد' والبزار' من طريق مجالد' عن الشعبي' عن جابر مرفوعًا . وقال الهيثمي في المجمع جلد3صفحه80: ورجاله موثقون .

Marfat.com

الرِّكَازِ الْخُمُسُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا ابْنُ اَبِي لَيْلَى

یہ حدیث ابوزبیر سے ابن ابی لیلیٰ روایت کرتے ہیں۔

**4129** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اَبُو بَكْرٍ الْاَعْيَنُ قَالَ: ثَنَا دَاوُدُ بْنُ الْمُحَبَّرِ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُرُوهُمْ بِالصَّلَاةِ لِسَبْعِ سِنِينَ، وَاضْرِبُوهُمْ عَلَيْهَا لِثَلَاثَ عَشْرَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بچہ سات سال کا ہو جائے تو اس کو نماز پڑھنے کا حکم دو اور تیرہ سال کا ہو جائے (اور نماز نہ پڑھے) تو اس کو مارو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثُمَامَةَ اِلَّا الْمُحَبَّرُ بْنُ قَحْذَمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث ثمامہ سے محبر بن قحذم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**4130** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ قَالَ: نا كَثِيرُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِي نَفَرٍ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ، وَالْاَنْصَارِ، عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عَنْ يَسَارِهِ، وَالْعَبَّاسُ عَنْ يَمِينِهِ اِذْ تَلَاحَى الْعَبَّاسُ وَرَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَاَغْلَظَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مہاجرین و انصار کے گروہ میں تشریف فرما تھے' حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ آپ کے بائیں جانب اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ آپ کی دائیں جانب تھے' حضرت عباس اور انصار کے ایک آدمی کا جھگڑا ہوا' انصاری نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ پر سختی کی۔ حضور ﷺ نے حضرت علی و عباس رضی اللہ عنہما

---

**4129**- اسناده فيه: داؤد بن المحبر بن قحذم الطائي' والبصري نزيل بغداد وهو متروك' ضعفه غير واحد' وقال أبو حاتم: ذاهب الحديث غير ثقة' وقال الدارقطني: متروك وكذبه أحمد' وقال ابن حبان: كان يضع الحديث على الثقات' ويروى عن المجاهيل المقلوبات . وقال الهيثمي في المجمع جلد**1**صفحه**297**: وفيه داؤد بن المحبر ضعفه أحمد' والبخاري وجماعة' ووثقه ابن معين . (ا)مستدرك من مجمع البحرين (**537**) .

**4130**- اسناده فيه: عبد الله بن عمر وهو ضعيف . وقال الهيثمي فيا لمجمع جلد**7**صفحه**320**: وفيه ابن لهيعة وفيه لين' ولكن الحديث منكر' فان النبي ﷺ لم يكن يستقبل أحدًا في وجهه بشيء يكرهه' وخاصة عمه العباس الذي قال فيه: انه صنو أبيه' والله أعلم .

Marfat.com

الْاَنْصَارِيُّ لِلْعَبَّاسِ، فَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيَدِ الْعَبَّاسِ وَيَدِ عَلِيٍّ فَقَالَ: سَيَخْرُجُ مِنْ صُلْبِ هَذَا حَيٌّ يَمْلَأُ الْاَرْضَ جَوْرًا وَظُلْمًا، وَسَيَخْرُجُ مِنْ صُلْبِ هَذَا حَيٌّ يَمْلَأُ الْاَرْضَ عَدْلًا وَقِسْطًا، فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ، فَعَلَيْكُمْ بِالْفَتَى التَّمِيمِيِّ، فَاِنَّهُ يُقْبِلُ مِنَ الْمَشْرِقِ وَهُوَ صَاحِبُ رَايَةِ الْمَهْدِيِّ

دونوں کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: عنقریب اس (عباس) کی پشت سے ایک قبیلہ نکلے گا وہ زمین کو ظلم اور زیادتی سے بھر دے گا اور عنقریب اس (علی) کی پشت سے ایک قبیلہ نکلے گا وہ زمین کو عدل اور انصاف سے بھر دے گا' جب تم ایسا دیکھو تو تم پر لازم ہے کہ تمیمی نوجوان کی اتباع کرو وہ مشرق سے آئے گا وہ مہدی کا جھنڈا اُٹھانے والا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: كَثِيرُ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث عبداللہ بن عمر سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں کثیر بن جعفر اکیلے ہیں۔

**4131** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ قَالَ: نا عَمِّي عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ، عَنْ قَزَعَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْضَلُ الْجِهَادِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الَّذِينَ يَلْتَقُونَ فِي الصَّفِّ فَلَا يَلْفِتُونَ وُجُوهَهُمْ حَتَّى يُقْتَلُوا، اُولَئِكَ يَتَلَبَّطُونَ فِي الْغُرَفِ الْعُلَى مِنَ الْجَنَّةِ، يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ رَبُّكَ، اِنَّ رَبَّكَ اِذَا ضَحِكَ اِلَى قَوْمٍ فَلَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: افضل جہاد کرنے والے اللہ کے ہاں وہ لوگ ہوں گے جو پہلی صف میں ہوتے ہیں' اپنے چہرے پھیرتے نہیں ہیں یہاں تک کہ وہ قتل ہو جاتے ہیں' ایسے ہی لوگوں کے لیے جنت میں اعلیٰ محلات ہوں گے' ان کا رب ان کی طرف دیکھ رہا ہوگا' بے شک آپ کا رب جس قوم کو دیکھ کر خوش ہو' ان سے حساب نہیں لیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا ابْنُ

یہ حدیث اوزاعی سے ابن مبارک اور ابن مبارک

**4131**- اسناده فيه: عروة بن رويم وهو صدوق يرسل كثيرًا' وعلى بن سعيد' قال الدارقطني: ليس بذاك تفرد بأشياء. وقال ابن يونس: كان يفهم ويحفظ' وقال الذهبي: حافظ رجال . وقال الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 295: فيه عنبسة بن سعيد بن أبان' وثقه الدارقطني' كما نقل الذهبي' ولم يضعفه أحد' وبقية رجاله رجال الصحيح . قلت: بل اسناده ضعيف كما تقدم .

Marfat.com

الْمُبَارَكِ، وَلَا عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اِلَّا عَنْبَسَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِسَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى

سے عنبسہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سعید بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**4132** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حعفرٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ نَسَبٍ وَصِهْرٍ مُنْقَطِعٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اِلَّا نَسَبِي وَصِهْرِي

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نسب اور سسرال کا تعلق قیامت کے دن ختم ہو جائے گا' مگر میرا نسب اور سسرال کا تعلق رہے گا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ

حضرت عبداللہ بن زبیر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عمر اکیلے ہیں۔

**4133** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبَّادِ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ الزُّرَقِيُّ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ، فَقَالَ: اَلَا اُرِيكُمْ كَيْفَ تَوَضَّاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَيْفَ صَلَّى؟ قُلْنَا: بَلَى، فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ مُقْبِلًا وَمُدْبِرًا، وَاَمَسَّ اُذُنَيْهِ، وَغَسَلَ

حضرت عبدالرحمٰن بن عباد یحییٰ بن خلاد الزرقی رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن انیس کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا: کیا میں آپ کو بتاؤں کہ حضور ﷺ کیسے وضو کرتے تھے اور کیسے نماز پڑھتے تھے! ہم نے عرض کی: جی ہاں! کیوں نہیں! آپ نے دونوں ہاتھ تین تین مرتبہ دھوئے اور کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا اور اپنی دونوں کلائیوں کو تین تین مرتبہ دھویا اور اپنے سر کے آگے اور پیچھے مسح کیا اور اپنے دونوں کانوں کا مسح کیا اور اپنے

**4132**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**10**صفحه**20**: وفيه ابراهيم بن يزيد الخوزي وهو متروك .

**4133**- اسناده فيه: حسين بن عبد الله بن ضميرة الحميري المدني وهو متروك الحديث' كذاب (راجع اللسان جلد**3** صفحه**57**' واللسان جلد **2**صفحه**289**' والميزان جلد **1**صفحه**538**) . وقال الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه**236**: وفيه عبد الرحمٰن بن عباد بن يحيٰى بن خلاد' ولم أجد من ترجمه . قلت: فيه أيضًا من هو متروك كما تقدم .

Marfat.com

رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، ثُمَّ اَخَذَ ثَوْبًا، فَاشْتَمَلَ بِهِ، وَصَلَّى، وَقَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُ حِبِّي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ وَيُصَلِّي

دونوں پاؤں تین مرتبہ دھوئے پھر ایک کپڑا پکڑ کر اس کے ساتھ پانی صاف کیا اور نماز پڑھائی اور فرمایا: میں نے اپنے حبیب ﷺ کو ایسے ہی وضو کرتے اور نماز پڑھتے دیکھا۔

لَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ

یہ حدیث عبداللہ بن انیس سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں زید بن حباب اکیلے ہیں۔

**4134** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا النُّعْمَانُ بْنُ جَابِرٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا اَبُو هَاشِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي خِدَاشٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ مَصَادِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ السَّلَبَ لِلْقَاتِلِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کافروں سے لیا ہوا مال غازی ومجاہد کے لیے بنا دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَصَادِ بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا عُمَرُ بْنُ اَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو هَاشِمٍ

یہ حدیث مصار بن عقبہ سے عمر بن ایوب روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابوہاشم اکیلے ہیں۔

**4135** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جب کسی میت کی نمازِ جنازہ پڑھاتے تو یہ

---

**4134**- اسناده فيه: محمد بن عبد الرحمٰن بن أبي ليلى وهو صدوق سيىء الحفظ جدًا ۔ وأخرجه أيضًا أحمد، عن عبد الله، وأبو يعلى، والطبراني في الكبير، وذكر الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 334 لفظ أحمد، عن عبد الله، وأبو يعلى، والطبراني في الكبير والأوسط بمعناه ورجال أحمد والكبير رجال الصحيح غير عتاب بن زياد، شيخ أحمد، وهو ثقة، قلت: في اسناد الجميع ابن أبي ليلى .

**4135**- أخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 207 رقم الحديث: 3200، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 459 رقم الحديث: 8566 .

Marfat.com

اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ، عَنْ اَبِى هَاشِمِ الْوَاسِطِيّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا صَلَّى عَلَى الْمَيِّتِ قَالَ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَهُ وَاَنْتَ هَدَيْتَهُ لِلْاِسْلَامِ وَاَنْتَ قَبَضْتَ رُوحَهُ، وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِسِرِّهِ وَعَلَانِيَتِهِ، جِئْنَا نَشْفَعُ لَهُ فَشَفِّعْنَا فِيهِ

دعا پڑھتے تھے: اے اللہ! تُو نے اس کو پیدا کیا' تُو نے اسلام لانے کی توفیق دی' تُو نے اس کی روح قبض کی' تُو اس کے علانیہ اور غیر علانیہ گناہ کو زیادہ جانتا ہے' ہم اس کی شفاعت کے لیے آئے ہیں' ہماری اس کے حق میں شفاعت قبول کر!

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ وَيَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ هُوَ اَبُو هُبَيْرَةَ الْمَخْزُومِيُّ

یہ حدیث اسماعیل بن خالد سے محمد بن فضیل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن حماد اور یحییٰ بن عباد اکیلے ہیں' یحییٰ بن عباد کی کنیت ابوہبیرہ المخزومی ہے۔

**4136** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ نا اِسْرَائِيلُ، عَنْ عِيسَى بْنِ اَبِى عَزَّةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ اِلَيْنَا بِطَعَامٍ اَصَابَ مِنْهُ فَبَعَثَ اِلَيْنَا بِطَعَامٍ وَلَمْ يُصِبْ مِنْهُ، فَقُلْتُ: اِنَّ هٰذَا طَعَامٌ لَمْ تُصِبْ مِنْهُ قَالَ: اِنَّ فِيهِ بَقْلَةً اَكْرَهُهَا، فَكُلُوهُ قُلْتُ: اِنِّى اَكْرَهُ مَا تَكْرَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے لیے جب کھانا بھیجتے تھے تو خود بھی اس سے لیتے تھے' آپ نے ہماری طرف کھانا بھیجا' اس سے خود نہیں کھایا' میں نے کہا: یہ کھانا ہے جس سے آپ نے خود نہیں کھایا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس میں لوبیا ہے' میں اس کو ناپسند کرتا ہوں' اس کو تم کھاؤ۔ میں نے عرض کی: جس کو آپ ﷺ ناپسند سمجھتے ہیں میں بھی اس کو ناپسند سمجھتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِيسَى بْنِ اَبِى عَزَّةَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث عیسیٰ بن ابی نمرہ سے اسرائیل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرزاق اکیلے ہیں۔

**4137** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْفُضَيْلُ بْنُ

حضرت محمد بن ضریح الاشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے

4136- اصله عند مسلم من طريق شعبة عن سماك بن حرب بالاسناد . أخرجه مسلم: الأشربة جلد3صفحه1623' وأحمد: المسند جلد5صفحه485 رقم الحديث: 23876 .

4137- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6صفحه236 . وقال: وفيه العباس بن عوسجة ولم أعرفه .

Marfat.com

حُسَيْنٍ اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا اَبُو مَعْشَرٍ الْبَرَّاءُ يُوسُفُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ عَوْسَجَةَ التَّمِيمِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي فُرَاتٌ الْقَزَّازُ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ضُرَيْحٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ: لَا اُحَدِّثُكُمْ اِلَّا مَا سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ، وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ لَمْ اَسْمَعْهُ اِلَّا مَرَّةً، اَوْمَرَّتَيْنِ، اَوْ ثَلَاثًا، اَوْ اَرْبَعًا، اَوْ خَمْسًا، اَوْ سِتًّا، اَوْ سَبْعًا، لَظَنَنْتُ اَنِّي لَا اُحَدِّثُهُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كُنْتُمْ عَلَى جَمَاعَةٍ، فَجَاءَ مَنْ يُفَرِّقُ جَمَاعَتَكُمْ، وَيَشُقُّ عَصَاكُمْ، فَاقْتُلُوهُ، كَائِنًا مَنْ كَانَ مِنَ النَّاسِ

ہیں کہ کیا میں تمہیں ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے اپنے دونوں کانوں سے سنی ہے اور اپنے دل سے یاد کی ہے! رسول اللہ ﷺ سے اگر میں نے ایک مرتبہ یا دو یا تین یا چار یا پانچ یا چھ یا سات بار سنی نہ ہوتی تو میں گمان کرتا کہ میں اس کو بیان نہ کروں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم جماعت میں ہو اور کوئی تمہاری جماعت تفرقہ ڈالنے کے لیے آئے اور تمہارے عصا کو چیر دے تو اسے قتل کرو وہ لوگوں میں سے کوئی بھی ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ اِلَّا فُرَاتٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ فُرَاتٍ اِلَّا اَبُو مَعْشَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو كَامِلٍ

یہ حدیث ابوحازم سے فرات اور فرات سے ابومعشر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوکامل اکیلے ہیں۔

**4138** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْاَيَّامِ مَخَافَةَ اَنْ يُمِلَّنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں اکتاہٹ سے بچانے کے لیے صرف بعض دنوں میں وعظ و نصیحت کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ

یہ حدیث حماد بن زید سے صلت بن مسعود روایت کرتے ہیں۔

---

والحديث أخرجه مسلم رقم الحديث: 1852' وابو داؤد: 4762' والنسائى: جلد7صفحه92 وغيرهم . (۱) ثبت فى الأصل (محمد بن ضريح الأشجعى)' والتصويب من موضع التخريج .

4138- اخرجه البخارى: العلم جلد1صفحه195 رقم الحديث: 68' ومسلم: المنافقين جلد4صفحه2172 .

Marfat.com

**4139** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي سُرَيْجٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ حَفْصٍ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا سَتَكُونُ بَعْدِي اُمَرَاءُ، يُصَلُّونَ بِكُمُ الصَّلَاةَ، فَاِنْ اَتَمُّوا رُكُوعَهَا وَسُجُودَهَا فَلَكُمْ وَلَهُمْ، وَاِنِ انْتَقَصُوا فَلَكُمْ وَعَلَيْهِمْ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد عنقریب ایسے حکمران آئیں گے کہ تم کو ان کے ساتھ نماز پڑھنی ہے اگر وہ رکوع و سجود مکمل کریں تو ان کے لیے بھی ثواب اور تمہارے لیے بھی ثواب' اگر کمی کریں تو تمہارے لیے ثواب ہے اور ان کے لیے گناہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ اِلَّا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ حَفْصٍ الْمَدَائِنِيُّ وَرَوَاهُ يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمِصْرِيُّ وَغَيْرُهُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ اَبِي عَلِيٍّ الْهَمْدَانِيِّ ثُمَامَةَ بْنِ شُفَيٍّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن حرملہ' سعید بن میتب سے اور عبدالرحمٰن سے مطاف بن خالد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن حفص المدائن اکیلے ہیں۔ یحییٰ ابن ایوب المصری اور ان کے علاوہ عبدالرحمٰن بن حرملہ سے' وہ ابوعلی الہمدانی' ثمامہ بن شفی سے' وہ عقبہ بن عامر سے' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**4140** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ قَالَ: نا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ، فَاِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ عَشْرًا اِلَى مَا شَاءَ اللّٰهُ، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے نیکی کرنے کا ارادہ کیا اور نیکی نہیں کی تو اس کے لیے ایک نیکی لکھی جائے گی' اگر کر لی تو دس نیکیوں سے لے کر جتنی اللہ چاہے گا لکھ دے گا۔ جس نے برائی کا ارادہ کیا اور کی نہیں تو اس کا گناہ لکھا نہیں جائے گا اور اگر اس نے گناہ کر لیا تو ایک گناہ لکھا

**4139**- عند أبو داؤد وابن ماجة وأحمد بلفظ: من أم الناس فأصاب الوقت فله ولهم' ومن انتقص ... . أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **155** رقم الحديث: **580**' وابن ماجة: الاقامة جلد **1** صفحه **314** رقم الحديث: **983**' وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **179** رقم الحديث: **17313** .

**4140**- أخرجه مسلم: الايمان جلد **1** صفحه **118**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **314** رقم الحديث: **7215** .

Marfat.com

يَعْمَلْهَا لَمْ تُكْتَبْ عَلَيْهِ، فَإِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ عَلَيْهِ وَاحِدَةٌ أَوْ يَمْحُهَا اللّٰهُ

جائے گا یا اللہ عزوجل اس کو بھی معاف کر دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ إِلَّا هُشَيْمٌ، وَلَا عَنْ هُشَيْمٍ إِلَّا الْقَاسِمُ، وَعَمْرُو بْنُ عَوْنٍ

یہ حدیث منصور بن زاذان سے ہشیم اور ہشیم سے قاسم اور عمرو بن عوف روایت کرتے ہیں۔

**4141** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ بَشِيرٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: إِنْ مَرِضَ عَادَهُ، وَإِنْ مَاتَ شَهِدَ جَنَازَتَهُ، وَإِنْ مَرَّ سَلَّمَ عَلَيْهِ، وَإِنْ عَطَسَ شَمَّتَهُ، وَإِنْ دَعَاهُ وَلَوْ عَلَى كُرَاعٍ أَجَابَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں: (۱) اگر وہ بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرنا (۲) اگر وہ مر جائے تو اس کے جنازہ میں شریک ہونا (۳) اگر اس کے پاس سے گزرے تو اس کو سلام کرنا (۴) اگر چھینک مارے تو اس کی چھینک کا جواب دینا (۵) اگر دعوت دے اگرچہ بکری کے پائے پر ہی ہو تو اس کی دعوت قبول کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَشْعَثَ إِلَّا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، وَسَعِيدٌ هُوَ الْمَقْبُرِيُّ، وَيُقَالُ: سَعِيدُ بْنُ مِينَا

یہ حدیث اشعث سے صباح بن محارب روایت کرتے ہیں، سعید سے مراد مقبری ہے، ان کا نام سعید بن میناء بھی ہے۔

**4142** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تو سونا چاندی کے بدلے خریدے تو اس سے جدا نہ ہو جب تک تیرے اور اس کے درمیان خوب وضاحت نہ ہو جائے۔

---

**4141**- أصله في البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: الجنائز جلد3صفحه135 رقم الحديث: 1240 من طريق الأوزاعي قال: أخبرني ابن شهاب به ومسلم: السلام جلد4صفحه1704 من طريق عبد الرزاق أخبرنا معمر عن الزهري' به قال: خمس تجب للمسلم على أخيه: رد السلام...... .

**4142**- أخرجه النسائي في البيوع جلد 7صفحه248 (باب أخذ الورق من الذهب' والذهب من الورق)' وابن ماجة: التجارات جلد 2صفحه760 رقم الحديث: 2262' وأحمد: المسند جلد 2صفحه81 رقم الحديث: 5236 واللفظ عنده .

Marfat.com

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اشْتَرَيْتَ الذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ فَلَا تُفَارِقْهُ وَبَيْنَكَ وَبَيْنَهُ لَبْسٌ.

**4143** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُمَّرَةً تَعْبُرُ عَلَى رَأْسِ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: مَنْ فَجَعَ هَذِهِ؟ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَخَذْتُ بِيضَاتٍ لَهَا، أَوْ فِرَاخًا فَأَمَرَهُ، فَرَدَّهَا

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُؤْمِنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک فاختہ دیکھی جو صحابہ کے سروں کے اوپر گھوم رہی تھی' آپ ﷺ نے فرمایا: اسے کس نے تکلیف دی ہے؟ انصار کے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس کے انڈے یا بچے لیے ہیں' آپ ﷺ نے حکم دیا کہ اس کو واپس لوٹا دو۔

یہ تمام احادیث ابوخالد سے عبدالسلام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالمؤمن اکیلے ہیں۔

**4144** - وَبِهِ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، وَالْحِنْطَةُ بِالْحِنْطَةِ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ، مِثْلًا بِمِثْلٍ، فَمَنْ زَادَ أَوِ ازْدَادَ فَقَدْ أَرْبَى قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَإِنَّ صَاحِبَ تَمْرِكَ يَشْتَرِي صَاعًا بِصَاعَيْنِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سونا سونا کے بدلے اور چاندی چاندی کے بدلے اور گندم گندم کے بدلے' جَو جَو کے بدلے' نمک نمک کے بدلے' برابر برابر فروخت کرو' جس نے اضافہ کیا یا کروایا' اس نے سود لیا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ کی کھجوروں والا ایک صاع کے بدلے دو صاع لیتا ہے۔ آپ ﷺ نے اسے بلانے کے لیے کسی کو بھیجا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میری کھجور

4143- اخرجه ابوداؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 55 رقم الحديث: 2675' واحمد: المسند جلد 1 صفحه 525 رقم الحديث: 3835' والطبراني في الكبير جلد 10 صفحه 177 رقم الحديث: 10375-10376 . انظر نصب الراية جلد 3 صفحه 407 .

4144- اسناده فيه: ابو خالد هو يزيد بن عبد الرحمٰن الدالاني وهو صدوق يخطئ كثيرًا و كان يدلس . وقال الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 117: ورجاله ثقات . قلت: اسناده ضعيف كما تقدم .

Marfat.com

تَمْرِی كَذَا وَكَذَا، فَلَا يَأْخُذُوهُ إِلَّا أَنْ أَزِيدَهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَفْعَلْ

اس طرح اور اس طرح کی ہے' اس کو اضافہ کرنے کی صورت میں لیا جا سکتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ایسے نہ کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ إِلَّا أَبُو خَالِدٍ، وَلَا رَوَاهُ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُؤْمِنِ، وَأَبُو غَسَّانَ النَّهْدِيُّ

یہ حدیث عبدالملک بن میسرہ سے ابوخالد اور ابوخالد سے عبدالسلام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالمؤمن اور ابوغسان النہدی اکیلے ہیں۔

**4145** - وَبِهِ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أُعْطِيتُ خَوَاتِيمَ سُورَةِ الْبَقَرَةِ مِنْ كَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سورۂ بقرہ کی آخری آیات عرش کے نیچے خزانہ سے لے کر عطا کی گئی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا أَبُو خَالِدٍ، وَلَا عَنْ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُؤْمِنِ

یہ حدیث سعید سے ابوخالد اور ابوخالد سے عبدالسلام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالمؤمن اکیلے ہیں۔

**4146** - وَبِهِ: عَنْ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ أَيُّوبَ الْحَارِثِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَابَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِفُوَاقِ نَاقَةٍ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے مرنے سے پہلے اونٹنی کے سانس لینے کی مقدار توبہ کر لی تو اللہ عزوجل اس کی توبہ قبول کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا عَبْدُ

یہ حدیث ابوخالد سے عبدالسلام روایت کرتے

---

**4145**- اسناده فيه: أبو خالد هو يزيد بن عبد الرحمٰن الدالاني وهو صدوق يخطئ كثيرًا' وكان يدلس . وأخرجه أيضًا في الكبير' وأحمد' وقال الهيثمي في المجمع جلد6صفحه327: ورجال أحمد رجال الصحيح .

**4146**- اسناده فيه: أبو خالد وهو صدوق يخطئ كثيرًا وكان يدلس . وأخرجه أيضًا أحمد' وقال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه200 بعد ذكره رواية أحمد: وفيه راوٍ لم يسم وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

السَّلَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُؤْمِنِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالمومن اکیلے ہیں' حضرت عمرو بن عاص سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4147** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، وَالْقَاسِمِ بْنِ اَبِی بَزَّةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَجُلًا، سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ رَمْيِ الْجِمَارِ: مَا لَنَا فِيهِ؟ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: تَجِدُ ذٰلِكَ عِنْدَ رَبِّكَ اَحْوَجَ مَا تَكُونُ اِلَيْهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جمرات کو کنکریاں مارنے کے متعلق پوچھا کہ اس میں ہمارے لیے کیا ہے؟ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو اس کے ساتھ ہوتا ہے آپ کے رب کے ہاں زیادہ ثواب کا درجہ رکھتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَبِی بَزَّةَ اِلَّا حَجَّاجٌ، وَلَا عَنْ حَجَّاجٍ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُؤْمِنِ

یہ حدیث قاسم بن ابی بزہ سے حجاج اور حجاج سے عبدالسلام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالمومن اکیلے ہیں۔

**4148** - وَبِهِ، عَنْ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا يَنْصُرُ اللّٰهُ الْمُسْلِمِينَ بِدُعَاءِ الْمُسْتَضْعَفِينَ

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل مسلمانوں کی مدد کرتا ہے' کمزور مسلمانوں کی دعا کے صدقے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ اِلَّا اَبُو خَالِدٍ، وَلَا عَنْ اَبِی خَالِدٍ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُؤْمِنِ

یہ حدیث عمرو بن مرہ سے ابوخالد اور ابوخالد سے عبدالسلام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالمومن اکیلے ہیں۔

**4149** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے

---

**4147**- اسناده فيه: حجاج بن أرطاة وهو صدوق كثير الخطأ والتدليس . وقال الهيثمي في المجمع: وفيه الحجاج بن أرطاة وفيه كلام .

**4148**- اسناده فيه: أبو خالد وهو صدوق يخطئ كثيرًا وكان يدلس . وقال الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **332**: وشيخه علي بن سعيد الرازي' قال الدارقطني: ليس بذلك' وقال يونس: كان يحفظ ويفهم' وبقية رجاله ثقات .

**4149**- أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد **1** صفحه **154** رقم الحديث: **452**' واحمد: المسند جلد **6** صفحه **45** رقم الحديث: **24178** .

Marfat.com

هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَيْلٌ لِلْعَرَاقِيبِ مِنَ النَّارِ

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہلاکت ہے ان ایڑیوں کے لیے آگ سے جو (وضو میں) خشک رہ جاتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُؤْمِنِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عبدالسلام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالمؤمن اکیلے ہیں۔

**4150** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الْعَطَّارُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْغَفَّارِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ السُّلَمِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: النَّاسُ مِنْ شَجَرٍ شَتَّى، وَاَنَا وَعَلِيٌّ مِنْ شَجَرَةٍ وَاحِدَةٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: لوگ مختلف درختوں سے ہیں' میں اور علی ایک ہی درخت سے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ السُّلَمِيُّ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْغَفَّارِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ

یہ حدیث عبداللہ بن محمد بن عقیل سے محمد بن علی السلمی اور محمد بن علی سے عمرو بن عبدالغفار روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن علی بن خلف اکیلے ہیں۔

**4151** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْخَزَّازُ، بِالرَّيِّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا كُنَّا نَعْرِفُ مُنَافِقِينَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! ہم منافقت کو رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بغض سے پہچان لیتے تھے۔

---

**4150**- اسناده فيه: عمرو بن عبد الغفار وهو متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 103: وفيه من لم أعرفه' ومن اختلف فيه .

**4151**- اسناده فيه: محمد بن حسان الخزاز وهو ضعيف' وعمرو بن ثابت ضعيف .

Marfat.com

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِبُغْضِهِمْ عَلِيًّا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْقُبِّيِّ إِلَّا عَمْرٌو، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ

یہ حدیث عمران بن سلیمان القبی سے عمرو روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حسان اکیلے ہیں۔

**4152** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْفُرَاتُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْرَوَانِيُّ قَالَ: نا شَجَرَةُ بْنُ عِيسَى الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّجِرُوا فِي أَمْوَالِ الْيَتَامَى، لَا تَأْكُلُهَا الزَّكَاةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یتیموں کے مالوں میں تجارت کرو' ایسا نہ ہو انہیں زکوٰۃ ہی کھا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى إِلَّا عُمَارَةُ، وَلَا عَنْ عُمَارَةَ إِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا شَجَرَةُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث یحییٰ سے عمارہ اور عمارہ سے عبدالملک اور عبدالملک سے شجرہ روایت کرتے ہیں' حضرت انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**4153** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ سَهْلِ بْنِ بَسَّامٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجَنَّةُ مُحَرَّمَةٌ عَلَى جَمِيعِ الْأُمَمِ حَتَّى أَدْخُلَهَا أَنَا وَأُمَّتِي، الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں داخل ہونا پہلی اُمتوں کے لیے اس وقت تک حرام ہے یہاں تک کہ میں اور میری اُمت جنت میں داخل ہوں' سب سے پہلے میں داخل ہوں گا' اس کے بعد دوسرے داخل ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا خَارِجَةُ، وَلَا عَنْ خَارِجَةَ إِلَّا عَبْدَانُ

یہ حدیث ابن جریج سے خارجہ روایت کرتے ہیں اور خارجہ سے عبدان روایت کرتے ہیں۔

---

**4152**- قال الحافظ بن حجر فی التلخیص: رواہ الطبرانی فی الأوسط فی ترجمة علی بن سعید . انظر تلخیص الحبیر جلد**2** صفحہ**167** رقم الحدیث: **7** . وذکرہ الحافظ الزیلعی أیضًا وقال: قال الطبرانی: لا یروی ھذا الحدیث عن أنس الا بھذا الاسناد . انظر نصب الرایة جلد**2**صفحہ**332** .

**4153**- اسنادہ فیہ: خارجة بن مصعب وھو متروک . وقال الحافظ الھیثمی فی المجمع جلد**10**صفحہ**72** ما ذکرناہ .

Marfat.com

**4154** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا قَعْنَبُ بْنُ مُحْرِزِ بْنِ قَعْنَبٍ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نا الْأَصْمَعِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ عَبْدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُنَادِي مُنَادٍ فِي النَّارِ: يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جہنم میں ایک آواز دینے والا آواز دے گا: یا حنان یا منان!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدَةَ إِلَّا الْأَصْمَعِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: قَعْنَبُ بْنُ مُحْرِزِ بْنِ قَعْنَبٍ

یہ حدیث یوسف بن عبدہ سے الاصمعی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں قعنب بن محرز بن قعنب روایت کرتے ہیں۔

**4155** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ أَبِي هُبَيْرَةَ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ قَالَ: سَمِعْتُ تَمِيمًا الدَّارِيَّ قَالَ: أُهْدِيَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زِقُّ خَمْرٍ بَعْدَمَا حُرِّمَتْ، فَلَمَّا أُتِيَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَوْ بَاعُوهَا، فَأَعْطُوا ثَمَنَهَا فُقَرَاءَ الْمُسْلِمِينَ، فَأَمَرَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأُهْرِيقَتْ فِي وَادٍ مِنْ أَوْدِيَةِ الْمَدِينَةِ، وَقَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُودَ، حُرِّمَتْ عَلَيْهِمْ شُحُومُهَا فَبَاعُوهَا، وَأَكَلُوا أَثْمَانَهَا

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو شراب کا مٹکا ہدیہ کے طور پر دیا گیا اس کے حرام ہونے کے بعد' جب آپ ﷺ کے پاس لایا گیا تو آپ نے فرمایا: شراب حرام کی گئی ہے' بعض حضرات کہنے لگے: اگر اس کو فروخت کیا جائے اور اس کے پیسے محتاج مسلمانوں کو دیئے جائیں؟ آپ ﷺ نے مدینہ کی وادیوں میں سے کسی وادی میں بہا دینے کا حکم دیا اور فرمایا: اللہ کی یہود پر لعنت ہو! ان پر چربی حرام کی گئی تو انہوں نے اس کو فروخت کیا اور اس کے پیسے کھائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ أَبِي هُبَيْرَةَ إِلَّا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ

یہ حدیث اشعث' ابوہبیرہ سے اور اشعث سے صباح بن محارب روایت کرتے ہیں۔

---

**4154**: اسناده فيه: يوسف بن عبدة وهو لين الحديث . وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 162: واسناده حسن . قلت: بل ضعيف كما تقدم . (ا) مستدرك من المجمع .

**4155**: اسناده فيه: أشعث بن سوار الكندي قاضي الاهواز وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 92: وفيه أشعث بن سوار وهو ثقة وفيه كلام . (ا) مستدرك من المجمع .

Marfat.com

**4156** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْوَابِصِيُّ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا أَبِي، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي سَيَّارٌ، مَوْلَى عِيَاضٍ، عَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ الْأَسَدِيِّ قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَهُوَ يَخْطُبُ، وَيَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، أَيُّ شَهْرٍ أَحْرَمُ؟ قَالُوا: هَذَا الشَّهْرُ قَالَ: أَيُّ يَوْمٍ أَحْرَمُ؟ قَالُوا: هَذَا الْيَوْمُ، وَهُوَ يَوْمُ النَّحْرِ قَالَ: فَأَيُّ بَلَدٍ أَعْظَمُ عِنْدَ اللَّهِ حُرْمَةً؟ قَالُوا: هَذَا قَالَ: فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ مُحَرَّمَةٌ عَلَيْكُمْ فِي يَوْمِكُمْ هَذَا، فِي شَهْرِكُمْ هَذَا، فِي بَلَدِكُمْ هَذَا، إِلَى يَوْمِ تَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟ فَقَالَ النَّاسُ: نَعَمْ، فَرَفَعَ يَدَيْهِ إِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ اشْهَدْ ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَرَفَعَ يَدَيْهِ إِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ اشْهَدْ ثُمَّ قَالَ: لِيُبَلِّغَ الشَّاهِدُ مِنْكُمُ الْغَائِبَ قَالَ وَابِصَةُ: وَإِنَّا شَهِدْنَا وَغِبْتُمْ وَنُبَلِّغُكُمْ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت وابصہ بن معبد الاسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حجۃ الوداع کے دن حضور ﷺ کے پاس موجود تھا' آپ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے: اے لوگو! کون سا حرمت والا مہینہ ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یہ مہینہ ہے' آپ نے فرمایا: کون سا حرمت والا دن ہے؟ عرض کی: یہ دن ہے یعنی نحر کا دن ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ہاں بڑی حرمت والا کون سا شہر ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یہ والا' آپ نے فرمایا: تمہارے خون اور تمہارے اموال اور عزتیں ایک دوسرے پر حرام ہیں' تمہارے اس دن اور اس ماہ اور اس شہر کی طرح قیامت کے دن تک' کیا میں نے پیغام پہنچا دیا! لوگوں نے عرض کی جی ہاں! آپ ﷺ نے اپنے دونوں دست قدرت آسمان کی طرف اُٹھائے' پھر عرض کی: اے اللہ! تُو گواہ رہنا! پھر فرمایا: اے لوگو! کیا میں نے پیغام پہنچا دیا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اُٹھائے' پھر عرض کی: اے اللہ! گواہ رہنا! پھر آپ نے فرمایا: حاضر غائب کو پہنچا دے! حضرت وابصہ فرماتے ہیں کہ میں حاضر تھا تم غائب تھے' میں نے تمہیں ایسے ہی پہنچا دیا جس طرح رسول اللہ ﷺ نے پہنچایا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ وَابِصَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث وابصہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عبدالسلام بن عبدالرحمٰن اکیلے

4156- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن صخر بن عبد الرحمٰن الرقي وهو مجهول . وعزاه الهيثمي في المجمع جلد3 صفحه 272 الى أبي يعلى أيضًا وقال: ورجاله ثقات . (١)ثبت في الأصل (محمد)' والتصويب من مجمع البحرين (1783) (٢)مستدرك من مجمع البحرين (1783) .

Marfat.com

ہیں۔

**4157** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ الْبَجَلِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي يَحْيَى، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُبَاشِرُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ اِلَّا وهُمَا زَانِيَتَانِ، وَلَا يُبَاشِرُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ اِلَّا وهُمَا زَانِيَانِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک عورت دوسری عورت کے ساتھ نہ لیٹے اگر لیٹیں گی تو دونوں زانیہ ہوں گی' کوئی مرد دوسرے مرد کے ساتھ نہ لیٹے' اگر لیٹیں گے تو دونوں لواطت کرنے والے ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي مُوسَى اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو دَاوُدَ، وَاَبُو يَحْيَى الَّذِي رَوَى عَنْهُ اَنَسُ بْنُ سِيرِينَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ هُوَ مَعْبَدُ بْنُ سِيرِينَ

یہ حدیث ابوموسیٰ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابوداؤد اور ابویحییٰ جس سے انس بن سیرین روایت کرتے ہیں' اس حدیث میں انس بن سیرین سے مراد معبد بن سیرین ہیں۔

**4158** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ الْخَلِيلِ الْكَلَاعِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا مَرْوَانُ بْنُ ثَوْبَانَ، قَاضِي حِمْصَ قَالَ: نا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اَنَّ بِلَالًا، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْاَذَانِ فِي الصُّبْحِ فَوَجَدَهُ نَائِمًا، فَنَادَاهُ: الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، فَلَمْ يُنْكِرْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَدْخَلَهُ، فِي الْاَذَانِ فَلَا يُؤَذَّنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس صبح کی اذان کے وقت آئے اور آپ کو حالت نیند میں پایا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے آواز دی: الصلوٰۃ خیر من النوم! حضور ﷺ نے کوئی اعتراض نہیں کیا' اس کو اذان میں رکھا' فجر کی نماز کے علاوہ کسی کیلئے وقت سے پہلے اذان نہ پڑھی جائے۔

---

4157- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8 صفحه105 وعزاه أيضًا الى الكبير' وقال: شيخه علي ابن سعيد الرازي فيه لين' وبقية رجاله ثقات .

4158- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه333 وقال بعد نقله كلام الطبراني: تفرد بن مروان بن ثوبان: ولم أجد من ذكره . (١) مستدرك في المجمع . (٢) مستدرك في المجمع .

Marfat.com

لِصَلَاةٍ قَبْلَ وَقْتِهَا غَيْرَ صَلَاةِ الْفَجْرِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا النُّعْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ

اس حدیث کو زہری سے نعمان نے روایت کیا اور مروان اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

**4159** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ بْنِ الْبِرِنْدِ السَّامِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُزَنِيُّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، وَمَعَهُ شَيْخٌ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ، مَنْ هَذَا مَعَكُمْ؟ قَالَ: أَبِي قَالَ: فَلَا تَمْشِ أَمَامَهُ، وَلَا تَجْلِسْ قَبْلَهُ، وَلَا تَدْعُهُ بِاسْمِهِ، وَلَا تَسْتَسِبَّ لَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا' اس کے ساتھ ایک بزرگ تھے' آپ نے فرمایا: اے فلان! یہ تمہارے ساتھ کون ہے؟ اس نے عرض کی: میرے باپ! آپ نے فرمایا: اس کے آگے نہ چل' اس سے پہلے نہ بیٹھ' اس کو اس کے نام کے ساتھ نہ بلا اور اس کو گالی نہ دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ہشام سے محمد بن حسن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن محمد بن عرعرہ اکیلے ہیں' حضور ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4160** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا أَبُو الْأَسْوَدِ مُعَاوِيَةُ بْنُ وَاهِبِ بْنِ سَوَّارٍ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نا عَمِّي أُنَيْسُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَشْفَعُ، وَسَيُدْرِكُ رِجَالٌ مِنْ أُمَّتِي عِيسَى ابْنَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں سب سے پہلے میں داخل ہوں گا اور میں شفاعت کروں گا' میری اُمت کے لوگ عنقریب عیسیٰ ابن مریم سے ملیں گے' ان کے ساتھ مل کر دجال کو قتل کریں گے۔

4159- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 140 . وقال بعد نقله كلام الطبراني: لا يروى عن النبي ﷺ الا بهذا الاسناد: شيخه على بن سعيد لين' وقد نقل ابن دقيق العيد أنه وثق' ومحمد بن عروة بن البرند لم أعرفه' وبقية رجاله رجال الصحيح .

4160- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 352 وقال: وفيه معاوية بن واهب ولم أعرفه .

Marfat.com

مَرْيَمَ، وَيَشْهَدُونَ قِتَالَ الدَّجَّالِ

**4161** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ وَاهِبِ بْنِ سَوَّارٍ قَالَ: نا عَمِّي أُنَيْسٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا نَعْتِرُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: اذْبَحُوا فِي أَيِّ شَهْرٍ مَا كَانَ، وَبَرُّوا اللّٰهَ وَأَطْعِمُوا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم جاہلیت میں (مہینہ کا نام) بدل کر ذبح کرتے تھے اب آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس ماہ میں چاہو ذبح کرو اور اللہ کے لیے نیکی کرو اور کھلاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا أُنَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاوِيَةُ بْنُ وَاهِبٍ

یہ حدیث ایوب سے انیس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معاویہ بن واہب اکیلے ہیں۔

**4162** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، عَنْ سَالِمٍ الْأَنْعُمِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ هَرِمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً قَالَ: اغْزُوا بِسْمِ اللّٰهِ، وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَقَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، لَا تَغُلُّوا، وَلَا تَغْدِرُوا، وَلَا تَمْثُلُوا، وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا، وَلَا امْرَأَةً وَلَا شَيْخًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب سریہ بھیجتے تو فرماتے: اللہ کے نام سے جہاد کرو' اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور اس کو قتل کرو جو اللہ کا انکار کرے' ظلم نہ کرو' دھوکہ نہ کرو' مثلہ نہ کرو' بچوں اور عورتوں اور بزرگوں کو قتل نہ کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ هَرِمٍ، وَلَا عَنْ عَمْرٍو إِلَّا سَالِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الصَّبَّاحُ

یہ حدیث جابر بن زید سے عمرو بن ہرم اور عمرو سے سالم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صباح اکیلے ہیں۔

**4163** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ

---

**4161**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4 صفحه31 وقال: معاوية بن واهب' وعمه أنيس كلاهما لا أعرفه .

**4162**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5 صفحه319-320 وعزاه أيضًا الى أحمد' وأبو يعلى' والبزار' والطبراني في الكبير' وقال: وفي رجال البزار ابراهيم بن اسماعيل بن أبي حبيبة وثقه أحمد وضعفه الجمهور' وبقية رجال البزار رجال الصحيح .

**4163**- أخرجه مسلم: الجنائز جلد 2 صفحه666' وأبو داؤد: الجنائز جلد3 صفحه212 رقم الحديث: 3218'

Marfat.com

نُبَاتَةَ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمُقْرِءُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ لِاَبِي الْهَيَّاجِ: اَبْعَثُكَ عَلَى مَا بَعَثَنِي عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: لَا تَدَعَنَّ قَبْرًا مُشْرِفًا اِلَّا سَوَّيْتَهُ، وَلَا تِمْثَالًا اِلَّا طَمَسْتَهُ

عنہ نے ابوھیاج سے فرمایا: کیا میں آپ کو اس مقصد کے لیے نہ بھیجوں جس مقصد کے لیے رسول اللہ ﷺ نے مجھے بھیجا تھا؟ فرمایا: وہ مقصد یہ ہے کہ کسی اونچی قبر کو دیکھو تو برابر کر دو اور تصویر کو دیکھو تو مٹا دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث اعمش سے عمرو بن ابی قیس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالصمد بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

**4164** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ قَالَ: نَا اَشْهَلُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ: نَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْقِبْطِيَّةِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُخْسَفُ بِجَيْشٍ بِبَيْدَاءَ مِنَ الْاَرْضِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک لشکر کو زمین میں دھنسا دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا ابْنُ عَوْنٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا اَشْهَلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے ابن عون اور ابن عون سے اشہل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن مستمر اکیلے ہیں۔

**4165** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ سے

والترمذی: الجنائز جلد**3**صفحه**357** رقم الحديث: **1049**' والنسائي: الجنائز جلد **4**صفحه**72-73** (باب تسوية القبور اذا رفعت) .

**4164**- أخرجه مسلم: الفتن جلد**4**صفحه**2208**' وأبو داؤد: المهدى جلد**4**صفحه**105** رقم الحديث: **4286** .

**4165**- اسناده فيه: علي بن سعيد' قال الذهبي: حافظ رجال' وقال الدارقطني: ليس بذاك' وقال الهيثمي في المجمع جلد **6** صفحه **260**: وفيه جعفر بن محمد بن جعفر المدائني' ولم أعرفه .قلت: هو معروف ذكره ابن حبان في الثقات' وقال: روى عنه أهل واسط' وترجمه الخطيب في تاريخه .

Marfat.com

مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَلَدُ الزِّنَا لَيْسَ عَلَيْهِ مِنْ اِثْمِ اَبَوَيْهِ شَيْءٌ، ثُمَّ قَرَاَ: (وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ اُخْرَى) (الانعام: 164)

روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: زنا سے پیدا ہونے والا بچہ پر ماں باپ کا کوئی گناہ نہیں ہے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی کہ ''کوئی دوسرے کے گناہ کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا''۔

لَمْ يَرْفَعْ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَدَائِنِيُّ

یہ حدیث سفیان ثوری سے عباد بن عوام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں جعفر بن محمد المدائنی اکیلے ہیں۔

**4166** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ اَبِي خِدَاشٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا عَمِّي اَبُو هَاشِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي خِدَاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مِحْصَنٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: لَا تَرْتَدُّوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، لَا يُؤْخَذُ الرَّجُلُ بِجَرِيرَةِ اَخِيهِ وَلَا بِجَرِيرَةِ اَبِيهِ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: میرے بعد کفر کی طرف نہ لوٹنا' نہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنا' کوئی آدمی اپنے بھائی کے گناہ کے سبب نہیں پکڑا جائے گا اور اپنے والد کے قصور کی وجہ سے کسی آدمی کا مؤاخذہ نہیں کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مِحْصَنٍ وَهُوَ الْعُكَاشِيُّ، مِنْ وَلَدِ عُكَاشَةَ بْنِ مِحْصَنٍ الْاَسَدِيِّ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي خِدَاشٍ الْمُوصِلِيُّ

یہ حدیث سفیان سے محمد بن محصن روایت کرتے ہیں' محمد بن محصن سے مراد عکاشی ہیں' جو عکاشہ بن محصن اسدی کے بیٹے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی خداش الموصلی اکیلے ہیں۔

**4167** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اَبُو قُرَّةَ

حضرت ابو بردہ اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ سے

4166- اسناده فيه: محمد بن محصن وهو متروك . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 286 . وقال: ما ذكرناه .

4167- اسناده فيه: عبد الله بن صالح كاتب الليث وهو صدوق كثير الغلط . وعزاه الهيثمي أيضًا في المجمع

Marfat.com

مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرُّعَيْنِيُّ، قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَتَمَ شَهَادَةً اِذَا دُعِيَ اِلَيْهَا كَانَ كَمَنْ شَهِدَ بِالزُّورِ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے بلانے پر گواہی چھپائی وہ ایسے ہے جس طرح کسی نے جھوٹی گواہی دی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا الْعَلَاءُ، وَلَا عَنِ الْعَلَاءِ اِلَّا مُعَاوِيَةُ، وَلَا عَنْ مُعَاوِيَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث مکحول سے علاء اور علاء سے معاویہ اور معاویہ سے عبداللہ بن صالح روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**4168** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي عُبَيْدَةَ النَّاجِيُّ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ لَا يَرْحَمُهُ اللّٰهُ

حضرت بہز بن حکیم اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے اللہ اس پر رحم بھی نہیں کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ اِلَّا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي عُبَيْدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ

یہ حدیث بہز بن حکیم سے زکریا بن ابی عبیدہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدالمؤمن اکیلے ہیں۔

**4169** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَلَفِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ مِرْسَالٍ الْخَثْعَمِيُّ قَالَ: نا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ هَارُونَ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی کی طرف لوہے کے ساتھ اشارہ کیا' فرشتے اس پر

---

جلد 4 صفحہ 203 الی الكبير' وقال: وفيه عبد الله بن صالح وثقه عبد الملك بن شعيب بن الليث فقال: ثقة مأمون' وضعفه جماعة . وأورده الشيخ الألباني في سلسلة الضعيفة' وقال: ضعيف .

4168- اسناده فيه: زكريا بن أبي عبيدة الناجي وهو ضعيف' قال العقيلي: حديثه غير محفوظ ولا يعرف زكريا الا بهذا الحديث (الضعفاء جلد 2 صفحه 89) . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 190: ما ذكرناه .

4169- أخرجه مسلم: البر والصلة جلد 4 صفحه 2020' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 343 رقم الحديث: 7495 واللفظ عند مسلم .

Marfat.com

عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَشَارَ اِلَى اَخِيهِ بِحَدِيدَةٍ فَلَا تَزَالُ الْمَلَائِكَةُ تَلْعَنُهُ حَتّٰى يَضَعَهَا، وَاِنْ كَانَ اَخَاهُ لِاَبِيهِ وَاُمِّهِ

لعنت کرتے ہیں' رکھنے تک اگرچہ وہ اس کا ماں باپ کی طرف سے بھائی ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ اِلَّا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ

یہ حدیث علاء سے ضمرہ بن ربیعہ روایت کرتے ہیں۔

**4170** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْمُثَنّٰى الْجُهَنِيُّ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْخَزَّازُ قَالَ: نا سَيَّارُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاَيْتُ اِبْرَاهِيمَ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِى، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اَقْرِءْ اُمَّتَكَ السَّلَامَ، وَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ الْجَنَّةَ طَيِّبَةُ التُّرْبَةِ، عَذْبَةُ الْمَاءِ، وَاِنَّهَا قِيعَانٌ، وَغِرَاسُهَا قَوْلُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے معراج کی رات حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا' حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عرض کی: اے محمد ﷺ! اپنی اُمت کو میرا سلام کہنا اور ان کو بتانا کہ جنت کی مٹی زرخیز ہے اور اس کا پانی میٹھا ہے' اس کے درخت سبحان اللہ اور الحمد للہ' لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا مِنْ حَدِيثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ الْقَاسِمِ

یہ حدیث ابن مسعود سے قاسم اور قاسم سے عبدالرحمٰن بن اسحاق روایت کرتے ہیں۔

لم يروه عن القاسم الّا عبد الرحمن ولا عنه الّا عبد الواحد ولم يروه عن عبد الواحد مرفوعا الّا سياد .

اس کو قاسم سے عبدالرحمان نے' ان سے صرف عبدالواحد نے اور عبدالواحد سے صرف سیاد روایت کرتے ہیں۔

---

**4170**- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن اسحاق بن سعد بن الحارث أبو شيبة الواسطى ويقال الكوفى الأنصارى: وهو ضعيف' متفق على ضعفه' وأخرجه أيضًا فى الصغير . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 10 صفحه 94: ما تقدم ذكره .

Marfat.com

4171 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَمْرٍو الْوَاسِطِيُّ الْبَزَّازُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا هُشَيْمٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرٍو، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَاحَ إِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے لیے آئے اسے چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى إِلَّا هُشَيْمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث یحییٰ سے ہشیم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن خالد اکیلے ہیں۔

4172 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَامِرِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا أَبُو نُعَيْمٍ ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ الطَّحَّانُ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ فِي قَوْلِهِ: (ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا) (آل عمران: 154) قَالَ: أُلْقِيَ عَلَيْنَا النَّوْمُ يَوْمَ أُحُدٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے اس ارشاد کہ ''تم پرغم کے بعد سکون وہ نیند اُتاری'' کے متعلق فرماتے ہیں: مراد ہے کہ ہم پر اُحد کے دن نیند ڈال دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث زہری سے محمد بن عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔

4173 - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا ضِرَارٌ قَالَ: نا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

4171- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه92-93 رقم الحديث: 342 بلفظ: ......وعلى كل من راح الى الجمعة الغسل . والنسائي: الجمعة جلد 3صفحه86 (باب حض الامام في خطبته على الغسل يوم الجمعة) بلفظ: اذا راح أحدكم الى الجمعة فليغتسل . والطبراني في الصغير جلد1صفحه196 وقال: لم يروه عن يحيى الا هشيم . تفرد به محمد .

4172- اسناده فيه: أبو نعيم ضرار بن صرد الطحان وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد6صفحه120: ما تقدم ذكره .

4173- أخرجه البخاري: التفسير جلد8صفحه504 رقم الحديث: 4891' ومسلم: الامارة جلد3صفحه1489 .

Marfat.com

عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَبِی عَوْنٍ قَالَ: حَدَّثَنِی ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْتَحِنُ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ بِهٰذِهِ الْآيَةِ (يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ) (الممتحنة: 12) اَلْآيَةَ

ان مؤمن عورتوں کا امتحان لیتے تھے جب وہ آپ کی طرف ہجرت کر کے آتی تھیں' اس آیت کی وجہ سے کہ اے غیب کی خبریں بتانے والے نبی! جب آپ کے پاس مؤمن عورتیں آئیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ

یہ حدیث عبدالواحد سے عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔

**4174** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَجَلِیُّ الْكُوفِیُّ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْاَكْفَانِیُّ قَالَ: نا خُنَيْسُ بْنُ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِی جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ سَيِّدَا كُهُولِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، مَا خَلَا النَّبِيِّينَ وَالْمُرْسَلِينَ

حضرت عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ابوبکر وعمر انبیاء اور رسولوں کے علاوہ پہلے اور بعد والے جنتی بزرگوں کے سردار ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا خُنَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ اَبِی جُحَيْفَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث مالک سے خنیس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زکریا بن یحییٰ اکیلے ہیں' ابن ابی جحیفہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**4175** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَجَلِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ بْنِ صُبَيْحٍ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ مُزَاحِمٍ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سے عرض کی گئی: یا رسول اللہ! آپ کے لیے نبوت کب لکھی گئی تھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس

---

4174- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد1صفحه38 رقم الحديث:100' وابن حبان فی الموارد رقم الحديث:2192 .

4175- اسناده فيه: نصر بن مزاحم الكوفی وهو رافض كذاب متروك' قال أبو خيثمة كان كذابًا' وقال أبو حاتم: زائغ الحديث متروك (اللسان جلد6صفحه157) . وأخرجه أيضًا البزار' عن محمد بن عمارة بن صبيح به' وقال الهيثمی فی المجمع جلد8صفحه226: وفيه جابر ابن يزيد الجعفی وهو ضعيف . قلت: وفيه من هو أضعف منه كما تقدم .

Marfat.com

الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَتَى كُتِبْتَ نَبِيًّا؟ قَالَ: وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوحِ وَالْجَسَدِ

وقت سے جب آدم روح اور جسم کے مراحل میں تھے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: نَصْرُ بْنُ مُزَاحِمٍ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں نصر بن مزاحم اکیلے ہیں۔

**4176** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ: نا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ كَانَ فِي بَيْتِ مَيْمُونَةَ، فَوُضِعَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَهُورًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَضَعَهُ؟ قِيلَ: ابْنُ عَبَّاسٍ: فَضَرَبَ عَلَى مَنْكِبِيَّ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّينِ وَعَلِّمْهُ التَّأْوِيلَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جس رات حضور ﷺ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے (تو میں وہیں تھا) حضور ﷺ کے وضو کرنے کے لیے پانی رکھا گیا' آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کس نے رکھا؟ عرض کی گئی: ابن عباس نے' آپ نے اپنا دست مبارک میرے کندھے پر مارا اور فرمایا: اے اللہ! اس کو دین کی سمجھ اور قرآن کی تفسیر کا علم دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُقَدَّمٌ

یہ حدیث داؤد سے قاسم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مقدّم اکیلے ہیں۔

**4177** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ جَبَلَةَ الْبَغْدَادِيُّ الْكَاتِبُ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعَلَّمَ الرَّمْيَ ثُمَّ نَسِيَهُ فَهِيَ نِعْمَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے تیر اندازی سیکھ کر پھر اسے بھلا دیا تو اس نے اللہ کی نعمت کی ناشکری کی ہے۔

**4176**- اسناده حسن فيه: على بن العباس بن الوليد البجلى الكوفى المقانعى الشيخ المحدث الصدوق (سير أعلام النبلاء جلد**14**صفحه**430**' والشذرات جلد**2**صفحه**259** . وأخرجه فى الصغير أيضًا وأحمد مطولًا' ومختصرًا' والبزار' وقال الهيثمى فى المجمع جلد**9**صفحه**279**: لأحمد طريقان رجالهما رجال الصحيح .

**4177**- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد**5**صفحه**272** وقال: وفيه قيس بن الربيع وثقه شعبة' والثورى وغيرهما' وضعفه جماعة' وبقية رجاله ثقات . رواه أيضًا الطبرانى فى الصغير' وذكره المنذرى فى الترغيب جلد**2**صفحه**282** وحسنه .

Marfat.com

كَفَرَهَا

لـم يروه عن سهيل الّا قيس تفرد به الحسن بن بشر .

اسے سہیل سے قیس نے روایت کیا' اس کے ساتھ حسن بن بشر منفرد ہیں۔

**4178** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ جَبَلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بَرْدَانَ بْنِ اَبِي النَّضْرِ، مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ الْمَرْءِ فِي بَيْتِهِ اَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهِ فِي مَسْجِدِي هَذَا، اِلَّا الْمَكْتُوبَةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کا اپنے گھر میں نفل نماز پڑھنا میری اس مسجد میں نماز پڑھنے سے افضل ہے سوائے فرضوں کے۔

لَمْ يُسْنِدْ بَرْدَانُ بْنُ اَبِي النَّضْرِ غَيْرَ هَذَا الْحَدِيثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

بردان بن ابی نضر کی طرف اس حدیث کے علاوہ کوئی حدیث منسوب نہیں ہے' اس کو روایت کرنے والے اسماعیل بن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4179** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِسْحَاقَ الْوَزِيرُ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَوْسِيُّ قَالَ: نا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ قَالَ: نا خَارِجَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ، فَمَنْ اَصْبَحَ صَائِمًا فَلَا يَجْهَلْ يَوْمَئِذٍ، فَاِنِ امْرُؤٌ جَهِلَ عَلَيْهِ فَلَا يَشْتُمْهُ وَلَا يَسُبَّهُ، وَلْيَقُلْ: اِنِّي صَائِمٌ وَالَّذِي نَفْسِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روزہ دوزخ سے ڈھال ہے' جس نے صبح روزے کی حالت میں کی' وہ کسی سے جہالت سے پیش نہ آئے' اگر کوئی اس سے جہالت سے پیش آئے تو وہ اس کو گالی نہ دے اور نہ برا بھلا کہے' صرف یہ کہے کہ میں روزہ کی حالت میں ہوں' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! روزے دار کے منہ کی بدبو اللہ کے ہاں مشک کی خوشبو سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

---

**4178**- اسناده حسن فيه: ابراهيم بردان بن أبي النضر هو ابراهيم بن سالم بن ابي أمية التيمي أبو اسحاق المدني وثقه ابن سعد' وابن حبان' وقال ابن حجر: صدوق ـ وأخرجه أيضًا في الصغير' وأبو داؤد .

**4179**- أخرجه النسائي: الصوم جلد4صفحه137-143 (باب الاختلاف على محمد بن أبي يعقوب) .

Marfat.com

بِيَدِهِ لَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ عِنْدَ اللّٰهِ اَطْيَبُ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ اِلَّا خَارِجَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَعْنٌ

یہ حدیث یزید بن رومان سے خارجہ روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں معن اکیلے ہیں۔

**4180** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ رُسْتُمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ يَعْنِي الْاَصْبَهَانِيَّ قَالَ: نا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، وسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَا: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ اَبِي حَازِمٍ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي الْمُسْتَوْرِدُ، اَخُو بَنِي فِهْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَاللّٰهِ مَا الدُّنْيَا اَوَّلُهَا اِلَى آخِرِهَا اِلَّا كَمَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ اُصْبُعَهُ فِي الْيَمِّ، فَلْيَنْظُرْ مَا يَرْجِعُ اِلَيْهِ

حضرت مستورد رضی اللہ عنہ جو بنی فہر قبیلہ کے ایک فرد ہیں فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: دنیا اس کے شروع سے لے کر آخر تک کی مثال ایسے ہے جس طرح کوئی اپنی انگلی سمندر میں رکھے پھر دیکھے کہ اس کے ساتھ کیا لگ کر واپس آیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ اِلَّا النُّعْمَانُ

یہ حدیث مالک بن مغول سے نعمان روایت کرتے ہیں۔

**4181** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَهْلٍ الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعْجِبُهُ اِذَا خَرَجَ لِحَاجَةٍ اَنْ يَسْمَعَ: يَا نَجِيحُ، يَا رَاشِدُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب کسی کام کے لیے نکلتے تھے تو آپ یہ سننا پسند کرتے تھے: ''یا نجیح' یا راشد''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ اِلَّا

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے ابوعامر روایت کرتے

4180- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه291 وقال: وفيه أحمد بن معاوية وهو ضعيف .

4181- أخرجه الترمذي: السير جلد4صفحه161 رقم الحديث: 1616 . وقال: هذا حديث حسن غريب صحيح .

Marfat.com

اَبُو عَامِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ

ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن رافع اکیلے ہیں۔

**4182** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَهْلٍ الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ مَسَحَ وَجْهَهُ بِطَرَفِ ثَوْبِهِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا جب آپ وضو تو آپ اپنے چہرے کو اپنے کپڑے کے ایک کنارہ سے صاف کرتے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاذٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ رِشْدِينُ

یہ حدیث معاذ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں رشدین اکیلے ہیں۔

**4183** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَهْلٍ الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَطَّارُ الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عِيسَى السِّجْزِيُّ، قَالَ نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَسَارَعْتُمْ إِلَى الْخَيْرِ فَامْشُوا حُفَاةً، فَإِنَّ اللّٰهَ يُضَاعِفُ أَجْرَهُ عَلَى الْمُنْتَعِلِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم باہم مل کر بھلائی کے کاموں کی طرف جلدی کرو تو ننگے پاؤں چلو کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کو جوتی پہننے والے سے دوگنا اجر عطا فرماتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا سُلَيْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُوسُفُ

یہ حدیث سفیان سے سلیمان روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں یوسف اکیلے ہیں۔

**4184** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**4182**- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 75 رقم الحديث: 54 . وقال: هذا حديث غريب' واسناده ضعيف . ورشدين بن سعد وعبد الرحمٰن بن زياد بن أنعم الأفريقي يضعفان في الحديث . والبيهقي في الكبرى جلد 1 صفحه 359 رقم الحديث: 1120 .

**4183**- اسناده فيه: ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 136 . وقال: وفيه سليمان بن عيسى كذاب .

**4184**- اسناده فيه: على بن محمد الأنصاري لم أجده' وأخرجه أيضًا في الصغير (559) . (١)وقع في الأصل (محمد)'

Marfat.com

الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُمْ كَانُوا يَوْمًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَفْحَةِ خُبْزٍ وَلَحْمٍ مِنْ بَيْتِ اُمِّ سَلَمَةَ، فَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ضَعُوا اَيْدِيَكُمْ فَوَضَعَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، وَوَضَعْنَا اَيْدِيَنَا، فَاَكَلْنَا قَالَ: وَعَائِشَةُ تَصْنَعُ طَعَامًا عَجَّلَةً، قَدْ رَاَتِ الصَّحْفَةَ الَّتِي اُتِيَ بِهَا، فَلَمَّا فَرَغَتْ مِنْ طَعَامِهَا جَاءَ تْ بِهِ فَوَضَعَتْهُ، وَرَفَعَتْ صَحْفَةَ اُمِّ سَلَمَةَ وَكَسَرَتْهَا، وَقَالَتْ: وَقَالَتْ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُوا بِاسْمِ اللّٰهِ غَارَتْ اُمُّكُمْ ثُمَّ اَعْطَى صَحْفَتَهَا اُمَّ سَلَمَةَ، وَقَالَ: طَعَامٌ مَكَانَ طَعَامٍ، وَاِنَاءٌ مَكَانَ اِنَاءٍ

وہ ایک دن حضور ﷺ کے پاس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر تھے کہ اچانک رسول اللہ ﷺ کے پاس گوشت اور روٹی حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے آئی' اسے حضور ﷺ کے آگے رکھا گیا تو آپ نے فرمایا: تم بھی اپنے ہاتھ بڑھاؤ! حضور ﷺ نے اپنا ہاتھ رکھا اور ہم نے بھی رکھا' سو ہم نے کھایا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جلدی جلدی کھانا بنانے لگیں' جب وہ پیالہ دیکھا جو آپ ﷺ کے پاس آیا تھا' جب آپ رضی اللہ عنہا کھانا پکا کر لائیں تو آپ رضی اللہ عنہا اپنے ہاتھ سے پکا ہوا لے کر آئیں اور اسے رکھا اور اُم سلمہ والا برتن اُٹھا دیا اور توڑ دیا اور بات کی جو بات کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر کھاؤ' تمہاری والدہ نے غارت کی ہے' پھر ان کا پیالہ اُم سلمہ کو دے دیا اور فرمایا: تمہارے کھانے کی جگہ کھانا اور برتن کی جگہ برتن۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا يَحْيَى، وَلَا عَنْ يَحْيَى اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَرْمَلَةُ

یہ حدیث عبیداللہ سے یحییٰ اور یحییٰ سے ابن وہب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حرملہ اکیلے ہیں۔

**4185** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الطَّيَالِسِيُّ عَلَّانُ مَاغَمَّةُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ قَالَ: نا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ' حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم رجم کرتے تھے۔

والتصويب من الصغير (559) .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا حَاتِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ

یہ حدیث یونس سے حاتم روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن موسیٰ الحرشی اکیلے ہیں۔

**4186** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ حَاتِمٍ الْعَلَّافُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا سَهْلُ السَّرَّاجُ، وَالرَّبِيعُ بْنُ صُبَيْحٍ، ووَاصِلٌ، وَسَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ويَزِيدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، وَهِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَجُلًا، جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُصَلِّي اَحَدُنَا فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ قَالَ: وَكُلُّكُمْ يَجِدُ ثَوْبَيْنِ؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم میں سے کوئی ایک کپڑے میں نماز پڑھ سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے ہر ایک دو کپڑے پاتا ہے؟

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَهْلٍ السَّرَّاجِ، وَالرَّبِيعِ بْنِ صُبَيْحٍ اِلَّا يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ حَاتِمٍ

یہ حدیث سہل السراج اور ربیع بن صبیح سے یحیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن حاتم اکیلے ہیں۔

**4187** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحِمْيَرِيُّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ زِيَادٍ الطَّحَّانُ قَالَ: نا اَيُّوبُ بْنُ اَبِي تَمِيمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: مَا خُيِّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَمْرَيْنِ اِلَّا اخْتَارَ اَيْسَرَهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو جب دو کاموں میں اختیار دیا جاتا تو آپ دونوں میں سے آسان کو اختیار کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا سَهْلٌ

یہ حدیث ایوب سے سہل روایت کرتے ہیں۔

---

4186- أخرجه البخاري: الصلاة جلد1صفحه566 رقم الحديث:365' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه368 .

4187- اسناده فيه: سهل بن زياد أبو زياد الطحان من أهل البصرة' ذكره ابن حبان في الثقات وقال الأزدي: منكر الحديث' ومحمد بن عبيد الله الحميري لم أجده . وأخرجه أيضًا البزار' وقال الهيثمي في المجمع جلد 9صفحه18: وفيه من لم أعرفه . (ا)وقع في الأصل (سهيل)' والتصويب من مجمع البحرين (3576) .

Marfat.com

**4188** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الدَّبَّاسُ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الْجُمُعَةِ رَكْعَةً فَقَدْ أَدْرَكَ إِلَّا أَنْ يَقْضِيَ مَا فَاتَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جمعہ کی ایک رکعت پالی اس نے جمعہ پا لیا' تو جو رکعت رہ گئی ہے وہ بعد میں پڑھ لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے عبدالعزیز روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

**4189** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ هَارُونَ الْحَنْبَلِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَغَوِيُّ قَالَ: نا الْعَلَاءُ بْنُ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَرِبَ فِي إِنَاءٍ مِنْ ذَهَبٍ أَوْ إِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ النَّارَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے سونے یا چاندی کے برتن میں پیا' اس کے پیٹ میں جہنم کی آگ بھری جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بُرْدُ بْنُ سِنَانٍ، وَهِشَامُ بْنُ الْغَازِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ الْأَسْلَمِيُّ وَرَوَاهُ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَأَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، وَالنَّاسُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

یہ حدیث نافع' ابن عمر سے اور نافع سے بُرد بن سنان اور ہشام بن غاز اور عبداللہ بن عامر الاسلمی روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو مالک بن انس اور عبیداللہ بن عمر اور ایوب السختیانی۔ لوگوں نے نافع سے' انہوں نے زید بن عبداللہ بن عمر سے' انہوں نے عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی بکر سے' وہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔

---

4188- ذکرہ الهیثمی فی المجمع جلد 2صفحه195 . وقال: وفیه ابراهیم بن سلیمان الدماس (الدباس) ذکرہ ابن أبی حاتم ولم یذکر فیه جرحًا ولا تعدیلًا' وذکرہ ابن حبان فی الثقات .

4189- أخرجه الدارقطنی فی سننه جلد1صفحه40 رقم الحدیث: 1' وقال: اسنادہ حسن .

Marfat.com

**4190** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الثَّقَفِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ الرَّيَّانِ الْخُرَاسَانِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخُرَاسَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ اُمَرَاءُ ظَلَمَةٌ، وَوُزَرَاءُ فَسَقَةٌ، وَقُضَاةٌ خَوَنَةٌ، وَفُقَهَاءُ كَذَبَةٌ، فَمَنْ اَدْرَكَ مِنْكُمْ ذٰلِكَ الزَّمَانَ فَلَا يَكُونَنَّ لَهُمْ جَابِيًا، وَلَا عَرِيفًا، وَلَا شُرْطِيًّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آخر زمانہ میں ظالم بادشاہ ہوں گے فاسق وزراء ہوں گے فیصلہ کرنے والے خائن ہوں گے فقہاء جھوٹے ہوں گے جو تم میں سے اس زمانے کو پائے ان کا نہ وہ حاجب بنے نہ نقیب نہ کوتوال۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث قتادہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4191** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدَةَ الْفَزَارِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا مَسْعُودُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خِرَاشٍ، عَنْ وَاسِطِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ حَتَّى يَمُوتَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو شراب پیتے ہوئے موت آئی تو اس پر شراب طہور آخرت میں حرام کی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا وَاسِطُ بْنُ الْحَارِثِ

یہ حدیث نافع سے واسط بن حارث روایت کرتے ہیں۔

---

4190- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 236 وقال: وفيه داؤد بن سليمان الخراساني' قال الطبراني: لا بأس به' وقال الأزدي: ضعيف جدًا' ومعاوية بن الهيثم لم أعرفه' وبقية رجاله ثقات .

4191- اسناده فيه: عبيد الله بن خراش وهو ضعيف جدًا . وأخرجه أيضًا في الصغير . وهذا الحديث ليس من الزوائد فقد أخرجه البخاري ومسلم وغيرهما بنحوه .

Marfat.com

**4192** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْحُسَيْنِ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ قَالَ: نا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا إِسْرَائِيلُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ وَالْقَتَّاتُ: النَّمَّامُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں چغل خور نہیں جائے گا اور قتات کا معنی نمام یعنی چغل خور ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ إِلَّا إِسْرَائِيلُ، وَلَا عَنْ إِسْرَائِيلَ إِلَّا أَبُو أَحْمَدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَجَّاجٌ

یہ حدیث ابراہیم بن مہاجر سے اسرائیل اور اسرائیل سے ابواحمد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حجاج اکیلے ہیں۔

**4193** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ زَاطِيَا الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا الرَّبِيعُ بْنُ ثَعْلَبٍ قَالَ: نا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنْ كُنْتُ لَأُفْطِرُ أَيَّامًا مِنْ رَمَضَانَ فَمَا أَقْضِيهَا إِلَّا فِي شَعْبَانَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے اگر رمضان کے کچھ دن کے روزے رہ جاتے تو میں ان کی قضاء شعبان میں کرتی۔

**4194** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْفَرْغَانِيُّ طُغَكٌ قَالَ: نا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْحَذَّاءُ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ سَعِيدٍ عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَعَا رَفَعَ يَدَيْهِ، حَتَّى يُرَى بَيَاضَ إِبْطَيْهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ جب دعا فرماتے تو اپنے ہاتھوں کو اتنا اوپر اُٹھاتے کہ لوگ آپ کے بغلوں کی سفیدی دیکھ پاتے۔

---

4192- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه487 رقم الحديث:6056' ومسلم: الايمان جلد1صفحه101 .

4193- أصله في البخاري ومسلم من طريق أبي سلمة أخرجه البخاري: الصوم جلد 4صفحه222 رقم الحديث: 1950' ومسلم: الصيام جلد 2صفحه803' والنسائي: الصوم جلد 4صفحه162 (باب وضع الصيام عن الحائض) . وابن ماجة: الصيام جلد1صفحه533 رقم الحديث:1669 ولفظه عند النسائي وابن ماجة .

4194- أخرجه البخاري: المناقب جلد6صفحه655 رقم الحديث: 3565 من طريق قتادة' ومسلم: الاستسقاء جلد2 صفحه612 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا بَقِيَّةُ

یہ حدیث سعید سے بقیہ روایت کرتے ہیں۔

**4195** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْتَرَ عَلَى رَاحِلَتِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سواری پر وتر پڑھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث زہری سے یونس اور یونس سے عبداللہ بن حارث روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمن بن یونس اکیلے ہیں۔

**4196** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا إِدْرِيسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الرَّبَابِ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا أَسْبَاطُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا الْعَلَاءُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: كُنْتُ أَلْقَى مِنَ الْمَذْيِ شِدَّةً وَعَنَتًا وَكُنْتُ أُكْثِرُ مِنْهُ الْغُسْلَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّمَا يُجْزِيكَ مِنْهُ الْوُضُوءُ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ بِمَا يُصِيبُ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے مذی بڑی آتی تھی' میں اس وجہ سے اکثر غسل کرتا تھا' میں نے اس کا ذکر حضور ﷺ کے ہاں کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے وضو کرنا ہی کافی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جو چیز کپڑے پہ لگی ہوتی ہے' اس کا کیا کیا جائے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہتھیلی میں پانی لے کر اپنے کپڑے میں چھڑک دیا کر' جس جگہ نجاست لگی ہے۔

---

4195- أصله في البخاري ومسلم من طريق همام قال: حدثنا أنس بن سيرين' أخرجه البخاري: التقصير جلد 2صفحه 671 رقم الحديث: 1100' ومسلم: المسافرين جلد 1صفحه 488 . ولفظه: استقبلنا أنسًا حين قدم من الشام' فلقيناه بعين التمر' فرأيناه يصلي على حمار ووجهه من ذا الجانب يعني عنه يسار القبلة . فقلت: رأيتك تصلي لغير القبلة؟ فقال: لو لا أني رأيت رسول الله ﷺ فعله لم أفعله .

4196- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه 53 رقم الحديث: 210' والترمذي: الطهارة جلد 1صفحه 197 رقم الحديث: 115 . وقال: هذا حديث حسن صحيح . وابن ماجة: الطهارة جلد 1صفحه 169 رقم الحديث: 506' والدارمي: الطهارة جلد 1صفحه 199 رقم الحديث: 623 .

Marfat.com

ثَوْبِي مِنْهُ؟ قَالَ: يَكْفِيكَ كَفٌّ مِنْ مَاءٍ تَنْضَحُ بِهِ ثَوْبَكَ حَيْثُ تَرَى اَنَّهُ اَصَابَهُ

**4197** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا اِدْرِيسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الرَّبَابِ قَالَ: نا اَسْبَاطُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ قَالَ: نا الْعَلَاءُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ سَهْلَةَ بِنْتَ سُهَيْلٍ، وَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ، اَنْ تَغْتَسِلَ لِكُلِّ صَلَاةٍ، فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهَا، فَاَمَرَهَا اَنْ تَجْمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي غُسْلٍ، وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فِي غُسْلٍ، وَتَغْتَسِلَ لِلصُّبْحِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت سہلہ بنت سہیل کو حکم دیا (ان کو استحاضہ آتا تھا) کہ ہر نماز کے وقت کے لیے غسل کر لیا کرے یہ ان پر بڑا دشوار ہوا' آپ ﷺ نے ان کو ظہر اور عصر ایک غسل کر کے پڑھنے کا حکم دیا اور مغرب اور عشاء کو ایک غسل کر کے اور صبح کی نماز کے لیے غسل کرنے کا حکم دیا۔

الْعَلَاءُ بْنُ هَارُونَ هُوَ: اَخُو يَزِيدَ بْنِ هَارُونَ وَلَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْهُ اِلَّا اَسْبَاطُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: اِدْرِيسُ بْنُ اَبِي الرَّبَابِ الرَّمْلِيُّ

علاء بن ہارون' یزید بن ہارون کے بھائی ہیں' یہ دونوں حدیثیں اسباط بن عبدالواحد سے' ان دونوں کو ادریس بن ابوالرباب الرملی روایت کرتے ہیں۔

**4198** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو حَسَّانَ الزِّيَادِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے میزان میں سب سے زیادہ حسن اخلاق بھاری ہوگا۔

---

4198- اخرجه أبو داؤد: الأدب جلد 4صفحه253 رقم الحديث: 4799 بلفظ: ما من شيء أثقل......' والترمذي: البر والصلة جلد 4صفحه363 رقم الحديث: 2003 . وقال: هذا حديث غريب بلفظ: ما من شيء يوضع في الميزان...... . انظر الدر المنثور للسيوطي جلد 3صفحه71 . والطبراني في الصغير جلد 1صفحه199' وقال: لم يروه عن خالد الا يزيد تفرد به أبو حسان' وما أثبتناه الا عن علي .

Marfat.com

وُضِعَ لِي مِيزَانٌ أَرْجَحُ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ إِلَّا أَبُو قِلَابَةَ، وَلَا عَنْ أَبِي قِلَابَةَ إِلَّا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، وَلَا عَنْ خَالِدٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو حَسَّانَ الزِّيَادِيُّ

یہ حدیث ابن محیریز سے ابوقلابہ اور ابوقلابہ سے خالد الحذاء اور خالد سے یزید بن زریع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوحسان الزیادی اکیلے ہیں۔

**4199** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا أَبُو حَسَّانَ الزِّيَادِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُوَقَّرِيُّ قَالَ: نا الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَا صَلَّيْتُ خَلْفَ إِمَامٍ أَتَمَّ وَلَا أَوْجَزَ صَلَاةً مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی امام کے پیچھے مکمل اور مختصر نماز رسول اللہ ﷺ کے علاوہ نہیں پڑھی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُوَقَّرِيُّ

یہ حدیث زہری سے ولید بن محمد الموقری روایت کرتے ہیں۔

**4200** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا أَبُو حَسَّانَ الزِّيَادِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُوَقَّرِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أُمِّ سُلَيْمٍ، قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَاتِفًا يَهْتِفُ: أَلَا إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ، فَلَا تَبِيعُوهَا، وَلَا تَبْتَاعُوهَا وَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْهَا شَيْءٌ فَلْيُهْرِقْهُ قَالَ أَبُو طَلْحَةَ: يَا غُلَامُ، احْلُلْ عَنِ الْمَزَادَةِ، فَأَهْرِقْهَا، فَأَهْرَاقَ النَّاسُ، وَمَا لَهُمْ خَمْرٌ يَوْمَئِذٍ إِلَّا الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ

حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب شراب کی حرمت نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے اعلان کرنے والے کو حکم دیا کہ اعلان کر دو کہ شراب حرام کی گئی ہے' اسے نہ فروخت کرو نہ خریدو اور جس کے پاس ہے وہ بہا دے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے غلام! مزادہ سے شراب کو بہا دو۔ لوگوں نے بہا دی' ان دنوں شراب خشک اور تر کھجوروں کی ہوتی تھی۔

4199- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه236 رقم الحديث:708' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه342 .

4200- اسناده فيه الوليد بن محمد الموقرى وهو متروك (التقريب جلد2صفحه335 وقال الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه93 بعد أن ذكره: وفيه الوليد بن محمد الموقرى وهو ضعيف .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُوَقَّرِيُّ

یہ حدیث زہری سے ولید بن محمد الموقری روایت کرتے ہیں۔

**4201** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا أَبُو حَسَّانَ الزِّيَادِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَعِبَ طَائِفَةٌ مِنَ السُّودَانِ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ أَنْظُرُ بَيْنَ مَنْكِبَيْهِ وَرَأْسِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حبشی لوگوں کا ایک گروہ حضور ﷺ کے سامنے کھیل رہا تھا' میں انہیں آپ ﷺ کے دونوں کندھوں اور سر کے درمیان سے دیکھ رہی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ

یہ حدیث یحییٰ بن عروہ سے محمد بن اسحاق اور محمد بن اسحاق سے یحییٰ بن سعید الاموی روایت کرتے ہیں۔

**4202** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ قَالَ: نا أَبُو ضَمْرَةَ أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ حَجَبَ التَّوْبَةَ عَنْ صَاحِبِ كُلِّ بِدْعَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر بدعتی کے لیے اللہ کے ہاں اس کی بدعت' اس کی توبہ کے لیے رکاوٹ ہے۔

**4203** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا أَبُو حَسَّانَ الزِّيَادِيُّ قَالَ: نا سَوَّارُ بْنُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ گندم کے ایک ڈھیر کے پاس سے

---

**4201**- اخرجه أحمد: المسند جلد **6** صفحه **64** رقم الحديث: **24350** بلفظ: أن الحبشة كانوا يلعبون عند رسول الله ﷺ في يوم عيد' قالت: فاطلعت من فوق عاتقه فطاطا لي رسول الله ﷺ منكبيه' فجعلت أنظر اليهم من فوق عاتقه......

**4202**- اسناده صحيح . ذكره الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **192** وقال: ورجاله رجال الصحيح غير هارون بن موسى الفروي وهو ثقة .

**4203**- اسناده ذكره الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **82** وقال: وفيه سوار بن مصعب وهو متروك .

Marfat.com

مُصْعَبٍ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ اَبِي الْجَهْمِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَعَامٍ، فَاَدْخَلَ يَدَهُ فِيهِ، فَقَالَ: مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا

گزرے تو آپ نے اس میں اپنا دست مبارک داخل کیا' فرمایا: جس نے ہم سے ملاوٹ کی تو اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُطَرِّفٍ اِلَّا سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ الْبَرَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث مطرف سے سوار بن مصعب روایت کرتے ہیں' حضرت براء سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4204** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ قَالَ: نَا اَبُو ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِنْفَانِ مِنْ اُمَّتِي لَا يَرِدَانِ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَلَا يَدْخُلَانِ الْجَنَّةَ: الْقَدَرِيَّةُ، وَالْمُرْجِئَةُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کے دو قسم کے لوگ میرے حوض پر نہیں آئیں گے اور نہ دونوں جنت میں داخل ہوں گے' (۱) قدریہ (۲) مرجئہ۔

**4205** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ قَالَ: نَا اَبُو ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقَدَرِيَّةُ، وَالْمُرْجِئَةُ، مَجُوسُ هَذِهِ الْاُمَّةِ، فَاِنْ مَرِضُوا فَلَا تَعُودُوهُمْ، وَاِنْ مَاتُوا فَلَا تَشْهَدُوهُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قدریہ اور مرجئہ اس اُمت کے مجوسی ہیں' اگر یہ بیمار ہو جائیں تو ان کی عیادت نہ کرو اور اگر مر جائیں تو ان کے جنازہ میں شریک نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ اِلَّا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ

یہ دونوں حدیثیں حمید الطّویل سے انس بن عیاض روایت کرتے ہیں' ان دونوں کو روایت کرنے میں ہارون بن موسیٰ الفروی اکیلے ہیں۔

---

4204- اسناده صحيح . ذكره الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 210 وقال: ورجاله رجال الصحيح غير هارون بن موسى الفروي' وهو ثقة .

4205- اسناده صحيح . والكلام فيه كسابقه .

Marfat.com

**4206** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بِسْطَامُ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ: نا عَمِّي اِبْرَاهِيمُ بْنُ بِسْطَامَ قَالَ: نا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا اَبُو عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ تَغْلِبَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ، فَقَالَ: اَمَّا بَعْدُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي عَامِرٍ الْخَزَّازُ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ بِسْطَامَ

حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے خطبہ دیا تو اما بعد پڑھا۔

یہ حدیث ابوعامر الحزار سے ابوداؤد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن بسطام اکیلے ہیں۔

**4207** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامَ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ طَالُوتَ بْنِ عَبَّادٍ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ الْكَحَّالُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِينَ اِلَى الْمَسَاجِدِ فِي الظُّلَمِ بِالنُّورِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

لَمْ يُرْوَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ بُرَيْدَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ الْكَحَّالُ

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اندھیروں میں چل کر مسجدوں کی طرف آنے والوں کے لیے قیامت کے دن مکمل نور کی خوشخبری ہے۔

یہ حدیث بریدہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل الکحال اکیلے ہیں۔

**4208** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخُزَاعِيُّ

حضرت عمرو بن مرہ الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

**4206**- اخرجه البخاری: الجمعة جلد2صفحه468 رقم الحديث: 923 من حديث طويل . والطبرانی فی الصغير جلد 1 صفحه206-207 . وقال: لم يروه عن أبی عامر الا أبو داؤد تفرد به ابراهيم بن بسطام .

**4207**- اخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه151 رقم الحديث: 561' والترمذی: الصلاة جلد1صفحه435 رقم الحديث: 223 وقال: هذا حديث غريب من هذا الوجه مرفوع' هو صحيح مسند وموقوف الی أصحاب النبی ﷺ ولم يسند الی النبی ﷺ .

**4208**- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد 8صفحه43 وعزاه الی الكبير أيضًا وقال: وفيه جماعة لم أعرفهم .

(١) مستدرك من مجمع البحرين (3044) .

Marfat.com

الْاَهْوَازِیُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ بْنِ دَلْهَاثٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ اَبِیهِ دَلْهَاثٍ، عَنْ اَبِیهِ اِسْمَاعِیلَ، عَنْ اَبِیهِ، اَنَّ اَبَاهُ مُسْرِعُ بْنُ یَاسِرٍ حَدَّثَهُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ الْجُهَنِیِّ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ اَنْ یَتَمَثَّلَ لَهُ الرِّجَالُ بَیْنَ یَدَیْهِ قِیَامًا فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ لوگ اس کے سامنے ادباً کھڑے ہوں، اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ الْجُهَنِیِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عمرو بن مرہ الجہنی سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4209** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اِبْرَاهِیمَ بْنِ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ قَالَ: حَدَّثَنِی مُوسَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوسَی بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَی، عَنْ اَبِیهِ مُوسَی بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِیهِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِیهِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: احْفَظُونِی فِی الْعَبَّاسِ، فَاِنَّهُ بَقِیَّةُ آبَائِی

حضرت ابوعبداللہ بن موسیٰ اپنے والد موسیٰ بن عبداللہ سے، وہ اپنے والد عبداللہ بن حسن سے، وہ اپنے والد حسن بن حسن، وہ اپنے والد حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے (چچا) عباس کی حفاظت کرو کیونکہ وہ میرے اباء کی نشانی ہے۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حسن بن علی سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4210** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ اَحْمَدَ الْمَرْوَرُوذِیُّ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ اَبِی مُزَاحِمٍ قَالَ: نا یَزِیدُ بْنُ یُوسُفَ، عَنِ الْمُطْعِمِ بْنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ اَبَانَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان رات کو اُٹھے اور اس کے بعد لا الہ الا اللہ واللہ اکبر والحمد للہ وسبحان

**4209**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد9صفحه272 وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط وفيه جماعة لم أعرفهم .

**4210**- اسناده ذكره الهيثمي في المجمع جلد10صفحه128 وقال: وفيه أبان بن أبي عياش وهو متروك .

Marfat.com

بْـنِ اَبِـی عَیَّـاشٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَـالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَـلَّـی الـلّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَتَعَارَّ مِنَ اللَّیْلِ، فَیَقُولُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ، وَالْـحَمْدُ لِلّٰهِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِینَ، الـلّٰهُـمَّ اغْـفِـرْ لِـی اِلَّا غُـفِـرَ لَهُ فَاِنْ هُوَ عَزَمَ، فَقَامَ، فَتَوَضَّاَ فَدَعَا اللّٰهَ اسْتَجَابَ لَهُ

الـلّٰـه رب العالمین اللّٰھم اغفرلی پڑھے اس کو بخش دیا جائے گا' اگر اس کا ارادہ پختہ ہے وہ اُٹھے اور وضو کرے' اللہ سے دعا کرے تو اللہ اس کی دعا قبول کرے گا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الْمُطْعِمِ بْنِ الْمِقْدَامِ اِلَّا یَـزِیـدُ بْـنُ یُـوسُفَ، تَـفَـرَّدَ بِـهِ: مَنْصُورُ بْنُ اَبِی مُزَاحِمٍ

یہ حدیث مطعم بن مقدام سے یزید بن یوسف روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں منصور بن ابومزاحم اکیلے ہیں۔

**4211** - حَـدَّثَـنَـا عَـلِـیُّ بْـنُ الْحُسَیْنِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْبَزَّازُ السُّوسِیُّ الْاَنْطَاكِیُّ قَالَ: نا مَحْمُودُ بْـنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِیُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ عَلِیٍّ الـنُّـمَـیْـرِیُّ، عَـنْ صَـفْـوَانَ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ ابْنُ شِهَـابٍ: حَـدَّثَـنِـی سَـعِـیـدُ بْـنُ الْمُسَیِّبِ، عَنْ اَبِی هُـرَیْـرَةَ قَـالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ یَقُولُ: نِسَاءُ قُرَیْشٍ خَیْرُ نِسَاءٍ رَکِبْنَ الْاِبِلَ، اَحْنَاهُ عَلَی طِفْلٍ، وَاَرْعَاهُ عَلَی زَوْجٍ فِی ذَاتِ یَدٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قریش کی عورتیں بہتر ہیں' اونٹ پر سوار ہوتی ہیں' بچوں سے پیار کرتی ہیں اور اپنے شوہر کے گھر کی حفاظت کرتی ہیں۔

لَـمْ یَـرْوِ هَـذَا الْحَدِیثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا اَحْـمَـدُ بْـنُ عَلِیٍّ النُّمَیْرِیُّ، تَفَرَّدَ بِهِ مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث صفوان بن عمرو سے احمد بن علی النمیری روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمود بن خالد اکیلے ہیں۔

**4212** - حَـدَّثَـنَـا عَـلِـیُّ بْـنُ الْحُسَیْنِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

4211- اخرجه البخاری: احادیث الأنبیاء جلد 6 صفحه 544 رقم الحدیث: 3434' ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1959 .

4212- اخرجه ابو داؤد: السنة جلد 4 صفحه 199 رقم الحدیث: 4603' واحمد: المسند جلد 2 صفحه 401 رقم الحدیث: 8009 .

Marfat.com

الْمُبَارَكِ السُّوسِيُّ قَالَ: نا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْحَذَّاءُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ أَبِي الْأَشْعَثِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمِرَاءُ فِي الْقُرْآنِ كُفْرٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي الْأَشْعَثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ

ﷺ نے فرمایا: قرآن میں اپنی رائے بیان کرنا کفر ہے۔

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے شعیب بن ابی اشعث روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حمیر اکیلے ہیں۔

**4213** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سُلَيْمَانَ النَّيْسَابُورِيُّ، بِبَغْدَادَ قَالَ: نا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ وَهُوَ يَبْكِي، فَقُلْتُ: مَا يُبْكِيكَ؟ فَقَالَ: حَدِيثَانِ سَمِعْتُهُمَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: مَا هُمَا؟ قَالَ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَأَيْتُ فِي وَجْهِهِ شَيْئًا سَاءَنِي فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا هَذَا الَّذِي أَرَى فِي وَجْهِكَ؟ قَالَ: أَمْرَيْنِ أَتَخَوَّفُهُمَا عَلَى أُمَّتِي بَعْدِي: الشِّرْكُ، وَالشَّهْوَةُ الْخَفِيَّةُ، أَمَا إِنَّهُمْ لَا يَعْبُدُونَ شَمْسًا، وَلَا قَمَرًا، وَلَا وَثَنًا، وَلَكِنَّهُمْ يُرَاءُونَ بِأَعْمَالِهَا فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَهَذَا شِرْكٌ؟ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ: وَمَا الشَّهْوَةُ

حضرت عبادہ بن نسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوا تو آپ رو رہے تھے' میں نے عرض کی: آپ کیوں رو رہے ہیں؟ فرمایا: میں نے دو حدیثیں رسول اللہ ﷺ سے سنی ہیں' میں نے عرض کی: وہ دونوں کیا ہیں؟ فرمایا: حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو میں نے آپ کے چہرۂ مبارک پر پریشانی کے اثرات دیکھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کیا ہے جو میں آپ کے چہرۂ مبارک پر دیکھ رہا ہوں؟ فرمایا: مجھے اپنی اُمت پر اپنے بعد دو کاموں کا خوف ہے: (۱) شرک خفی (۲) شہوتِ خفیہ۔ وہ نہ تو سورج' چاند اور کسی بت کی عبادت کریں گے بلکہ وہ اپنے اعمال میں دکھاوا کریں گے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا یہ شرک ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے عرض کی: شہوتِ خفیہ کیا ہے؟

4213- أخرجه ابن ماجة: الزهد جلد2صفحه1406 رقم الحديث: 4205 مختصرًا . وأحمد: المسند جلد4 صفحه153 رقم الحديث: 17125 . انظر الدر المنثور للسيوطي جلد 4صفحه256 . (۱)وقع في الأصل (قسي)' والتصويب من موضع التخريج .

Marfat.com

الْخَفِيَّةُ؟ قَالَ: يُصْبِحُ الرَّجُلُ صَائِمًا، فَتُعْرَضُ لَهُ شَهْوَةٌ مِنْ شَهَوَاتِهِ فَيُوَافِقُهَا، وَيَدَعُ الصَّوْمَ قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: وَتَفْسِيرُ الشَّهْوَةُ الْخَفِيَّةُ: مِمَّا لَا يُرْضِى اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ

فرمایا: آدمی روزہ کی حالت میں صبح کرے پھر اپنی شہوت کے موافق کرے گا اور روزہ چھوڑ دے گا۔امام طبرانی فرماتے ہیں: شہوتِ خفیہ کی تفسیر یہ ہے کہ وہ کام کرنا جس پر اللہ راضی نہ ہو۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ الْعَبَّاسُ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام عباس ہے

**4214** - حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا رَبَاحُ بْنُ عَمْرٍو الْقَيْسِيُّ قَالَ: نا اَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا شَابٌّ مِنَ الثَّنِيَّةِ، فَلَمَّا رَمَيْنَاهُ بِاَبْصَارِنَا، قُلْنَا: لَوْ اَنَّ ذَا الشَّابَّ جَعَلَ نَشَاطَهُ وَشَبَابَهُ وَقُوَّتَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَسَمِعَ مَقَالَتَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَمَا سَبِيلُ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ قُتِلَ؟ مَنْ سَعَى عَلَى وَالِدَيْهِ فَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعَى عَلَى عِيَالِهِ فَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعَى مُكَاثِرًا فَفِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے کہ اچانک ہمارے پاس مقامِ ثنیہ سے ایک نوجوان آیا' ہم نے جب اس کی طرف آنکھیں کھول کر دیکھا تو ہم نے کہا: اگر اس نوجوان کی جوانی اور اس کی قوت اللہ کی راہ میں ہو؟ ہماری بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سنی' آپ نے فرمایا: کیا اللہ کی راہ وہی ہے جو قتل والی راہ ہے؟ جس نے اپنے والدین کی خدمت کے لیے کوشش کی وہ بھی اللہ کی راہ میں ہے' جس نے اپنے بچوں کے لیے رزق کی کوشش کی وہ بھی اللہ کی راہ میں ہے' جس نے مال بڑھانے کے لیے کوشش کی تو وہ شیطان کی راہ میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ اِلَّا اَيُّوبُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا رَبَاحُ بْنُ عَمْرٍو الْقَيْسِيُّ، لَا يُرْوَى عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث محمد بن سیرین سے ایوب اور ایوب سے رباح بن عمرو القیسی روایت کرتے ہیں' حضرت ابوہریرہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں احمد بن یونس اکیلے ہیں۔

**4215** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قبا کی طرف نکلے تو آپ کے پاس کسی گھر

---

**4214**- اسناده فيه: رباح بن عمرو القيسي لم أجده .

**4215**- أصله عند البخاري من طريق عبد الرحمٰن بن مبارك حدثنا حزم قال: سمعت الحسن . أخرجه البخاري: المناقب جلد6صفحه672 رقم الحديث:3574' وأحمد: المسند جلد3صفحه265 رقم الحديث:13271 ولفظه عنده .

Marfat.com

حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى قُبَاءَ، فَاُتِيَ مِنْ بَعْضِ بُيُوتِهِمْ بِقَدَحٍ صَغِيرٍ، فَاَدْخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، فَلَمْ يَسَعْهَا الْقَدَحُ، فَاَدْخَلَ اَصَابِعَهُ الْاَرْبَعَةَ، وَلَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يُدْخِلَ اِبْهَامَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلْقَوْمِ: هَلُمَّ اِلَى الشَّرَابِ قَالَ اَنَسٌ: بَصَرَ عَيْنِي يَنْبُعُ الْمَاءُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ وَلَمْ يَرِدِ الْقَدَحَ حَتّٰى رَوَوْا مِنْهُ جَمِيعًا

سے چھوٹا پیالہ لایا گیا' حضور ﷺ نے اپنا دست مبارک اس میں داخل کیا' وہ پیالہ اتنی گنجائش نہیں رکھتا تھا' آپ نے چار انگلیاں داخل کیں' آپ نے انگوٹھا داخل نہیں کیا' پھر قوم سے فرمایا: آؤ پینے کے لیے! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی دونوں آنکھوں سے آپ ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کا چشمہ جاری ہوتے دیکھا' پیالہ اس وقت تک واپس نہیں کیا گیا یہاں تک کہ سب نے سیر ہو کر پی لیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے سلمان بن بلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4216** - حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے' اللہ عزوجل اس پر دس رحمتیں بھیجے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4217** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

---

4216- اسناده حسن فيه: العباس بن الفضل الأسفاطي وهو لا بأس به . وأخرجه أيضًا في الصغير والكبير' وأشار الهيثمي الى هذا الحديث في المجمع جلد10صفحه164 ولم يتكلم على السند .

4217- اسناده حسن فيه: العباس بن الفضل الأسفاطي وهو لا بأس به . وقال الهيثمي في المجمع جلد7صفحه300:

Marfat.com

الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ سَاَلَهُ سَائِلٌ، فَقَالَ: يَا اَبَا الْعَبَّاسِ، هَلْ لِلْقَاتِلِ مِنْ تَوْبَةٍ؟ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَالْمُعْجَبِ مِنْ شَاْنِهِ: مَاذَا تَقُولُ؟ فَاَعَادَ عَلَيْهِ مَسْاَلَتَهُ فَقَالَ لَهُ: مَاذَا تَقُولُ؟ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اَنَّى لَهُ التَّوْبَةُ؟ سَمِعْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَاْتِي الْمَقْتُولُ مُتَعَلِّقًا رَاْسُهُ بِاِحْدَى يَدَيْهِ، مُتَلَبِّبًا قَاتِلَهُ بِيَدِهِ الْاُخْرَى، تَشْجُبُ اَوْدَاجُهُ دَمًا، حَتَّى يَاْتِيَ بِهِ الْعَرْشَ، فَيَقُولُ الْمَقْتُولُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ: هٰذَا قَتَلَنِي؟ فَيَقُولُ اللّٰهُ لِلْقَاتِلِ: تَعِسْتَ، وَيُذْهَبُ بِهِ اِلَى النَّارِ

ایک سوال کرنے والے نے عرض کی: اے ابن عباس! کیا قتل کے لیے توبہ ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: آپ کی بات بڑی تعجب خیز ہے' تُو کیا کہتا ہے؟ اس نے اپنا سوال دوبارہ کیا' پھر آپ نے کہا: تُو کیا کہتا ہے؟ دو مرتبہ یا تین مرتبہ فرمایا' پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس کی توبہ کیوں قبول ہو؟ میں نے تمہارے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مقتول کو لایا جائے گا' اس کا سر دونوں ہاتھوں میں سے ایک ہاتھ سے باندھا ہوا ہوگا' دوسرے ہاتھ سے قاتل کو پکڑا ہوگا' اس کی رگیں خون سے بھری ہوئی ہوں گی' یہاں تک کہ عرش کے پاس لے کر آئے گا' مقتول تمام کائنات کے پالنے والے رب سے عرض کرے گا: اس نے مجھے قتل کیا تھا' اللہ عزوجل قاتل کے لیے فرمائے گا: تُو ہلاک ہوا اور اس کو جہنم کی طرف لے جایا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ اِلَّا اَبُو اُوَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث عبداللہ بن فضل سے ابواویس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اسماعیل اکیلے ہیں۔

**4218** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ قَالَ: نا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ قَالَ: نا النَّهَّاسُ بْنُ قَهْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجُوزُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: نکاح جائز نہیں مگر ولی اور دو گواہوں کی موجودگی میں اور مہر دیا جائے خواہ تھوڑا ہو یا زیادہ۔

---

ورجاله رجال الصحيح .

**4218**- اسناده فيه: الربيع بن بدر وهو متروك . وأخرجه أيضًا في الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 289: وفي اسنادهما الربيع بن بدر وهو متروك .

Marfat.com

نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ وشَاهِدَيْنِ، وَمَهْرٌ مَا كَانَ قَلَّ أَمْ كَثُرَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا النَّهَّاسُ بْنُ قَهْمٍ وَلَا عَنِ النَّهَّاسِ إِلَّا الرَّبِيعُ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ قَيْسٍ الضَّبِّيُّ

اس حدیث کو عطاء سے روایت کیا گیا' وہ ابن عباس سے اور عطا سے صرف نہاس بن قہم اور نہاس سے صرف ربیع اور عبدالرحمٰن بن قیس ضبی نے روایت کیا ہے۔

**4219** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا هُرَيْمُ بْنُ عُثْمَانَ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: نا سُوَيْدٌ أَبُو حَاتِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَحُجُّ عَنْ أُمِّي، فَقَدْ مَاتَتْ؟ قَالَ: أَرَأَيْتِ إِنْ كَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ فَقَضَيْتِيهِ، أَلَيْسَ قَدْ كَانَ مَقْبُولًا مِنْكِ؟ قَالَتْ: بَلَى فَأَمَرَهَا أَنْ تَحُجَّ عَنْهَا وَجَاءَتِ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ: أَحُجُّ بِابْنِي وَهُوَ مُرْضَعٌ أَوْ صَغِيرٌ؟ قَالَ: نَعَمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سُوَيْدٌ أَبُو حَاتِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: هُرَيْمُ بْنُ عُثْمَانَ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی اور عرض کی: یارسول اللہ! میں اپنی والدہ کی طرف سے حج کروں' وہ فوت ہوچکی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اب بتاؤ کہ اگر اس کے ذمہ قرض ہوتا تو تُو اس کو ادا کرتی تو اس کی طرف سے ادا نہیں ہونا تھا؟ اس عورت نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے اس کی طرف سے حج کرنے کا حکم دیا' اس کی طرف سے ایک اور عورت آئی اور اس نے عرض کی: کیا میں چھوٹے بچے اور دودھ پیتے بچہ کی طرف سے حج کرسکتی ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں!

یہ حدیث قتادہ سے سوید بن ابوحاتم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ھریم بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4220** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا وُهَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے تین عمرے کیے' ایک ذی القعدہ میں حدیبیہ کے مقام سے احرام باندھ کر' دوسرا صلح قریش میں اور

---

4219- اسناده فيه: سويد أبو حاتم وهو صدوق سيىء الحفظ . وأخرجه أيضًا في الكبير . وقال الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 285: وفيه شريك (سويد) وأبو حاتم وثقه أبو زرعة' وابن معين في رواية' وضعفه النسائي وابن معين في رواية .

4220- اسناده حسن فيه: العباس بن الفضل الأسفاطي لا بأس به . وأخرجه أيضًا البزار' عن محمد بن معمر' ثنا سهل بن بكار به' وقال الهيثمي في المجمع جلد3صفحه282: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

جُبَيْرٍ، وَطَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ، وَأَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ ثَلَاثَ عُمَرَاتٍ فِي ذِي الْقَعْدَةِ: إِحْدَاهُنَّ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَالْأُخْرَى فِي صُلْحِ قُرَيْشٍ، وَالْأُخْرَى مَرْجِعَهُ مِنْ خَيْبَرَ مِنَ الْجِعِرَّانَةِ

تیسرا خیبر سے واپسی پر جعرانہ کے مقام سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، وَطَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ إِلَّا وُهَيْبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث ابن خثیم' سعید بن جبیر اور طلق بن حبیب سے اور ابن خثیم سے وہیب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل بن بکار اکیلے ہیں۔

**4221** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمَدِينِيِّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَاصِرَةُ عِرْقُ الْكُلْيَةِ، إِذَا تَحَرَّكَ آذَى صَاحِبَهَا، فَدَاوُوهَا بِالْمَاءِ الْمُحْرَقِ وَالْعَسَلِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پہلو کا درد گردے کی آنت کی وجہ سے ہوتا ہے' جب وہ حرکت کرتی ہے تو اس کے صاحب کو تکلیف ہوتی ہے' اس کی دوا جلا ہوا پانی اور شہد ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَدِينِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ

یہ حدیث زہری سے عبدالرحمٰن بن محمد المدائنی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مسلم بن خالد الزنجی اکیلے ہیں۔

**4222** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: نا أَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اللہ عزوجل سے دن میں ستر مرتبہ توبہ اور بخشش طلب کرتا ہوں (تعلیم اُمت کے لیے

---

**4221**- اسناده فيه: مسلم بن خالد الزنجي' وهو صدوق كثير الأوهام. وقال الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **90**: وفيه مسلم بن خالد الزنجي وهو ضعيف' وقد وثقه جماعة.

**4222**- اسناده حسن فيه: العباس بن الفضل الأسفاطي وهو لا بأس به. وقال الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **211**: واسناده حسن.

Marfat.com

اللّٰهِ بْنِ اَبِی عَتِیقٍ، وَمُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِي الْيَوْمِ وَاَتُوبُ اِلَيْهِ سَبْعِينَ مَرَّةً

کیونکہ انبیاء علیہم السلام ہر قسم کے گناہوں سے پاک ہوتے ہیں)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا ابْنُ اَبِی عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْهُمَا اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو بَكْرِ بْنِ اَبِی اُوَيْسٍ

یہ حدیث زہری ابوبکر بن عبدالرحمٰن سے اور زہری سے ابن ابی عتیق اور موسیٰ بن عقبہ روایت کرتے ہیں ان دونوں سے سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4223** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا جُوَيْرِيَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ، مَوْلَى بِلَالِ بْنِ اَبِی بُرْدَةَ وَكَانَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ يَرْوِي عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ الْبُنَانِيَّ قَالَ: حَدَّثَنِي مَوْلَايَ اَبُو هَانِءٍ، عَنْ اُمِّ هَانِءٍ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي عَمَلًا اَعْمَلُهُ وَاَنَا جَالِسَةٌ، فَقَدْ شَقَّ عَلَيَّ الْقِيَامُ فَقَالَ: يَا اُمَّ هَانِءٍ قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ: سَبِّحِي مِائَةَ تَسْبِيحَةٍ، فَاِنَّهُ عِدْلُ مِائَةِ رَقَبَةٍ، وَاحْمَدِي مِائَةَ تَحْمِيدَةٍ، فَاِنَّهُ عِدْلُ مِائَةِ فَرَسٍ مَعَ اَدَاتِهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَكَبِّرِي مِائَةَ تَكْبِيرَةٍ فَاِنَّهَا عِدْلُ مِائَةِ بَدَنَةٍ مُجَلَّلَةٍ مُسَبَّلَةٍ، وَهَلِّلِي مِائَةَ تَهْلِيلَةٍ فَاِنَّهَا لَا تَمُرُّ عَلَى ذَنْبٍ اِلَّا مَحَتْهُ

حضرت اُم ھانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس آئے میں نے عرض کی: یا نبی اللہ! مجھے ایسے عمل کے متعلق سکھائیں جو میں بیٹھنے کی حالت میں کروں کیونکہ کھڑا ہونا میرے لیے مشکل ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اُم ھانی! میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! حاضر ہوں فرمایا: سومرتبہ سبحان اللہ پڑھ کیونکہ اس کا ثواب سوغلام آزاد کرنے کے برابر ہے سومرتبہ الحمد للہ پڑھ کیونکہ اس کا ثواب سوگھوڑے بمع سازوسامان کے اللہ کی راہ میں دینے کے برابر ثواب ہے سومرتبہ اللہ اکبر کہہ کیونکہ اس کا ثواب سو اونٹ بمع پالان کے دینے کے برابر ثواب ہے سومرتبہ لا الٰہ الا اللہ پڑھ جو بھی تجھ سے گناہ ہوا ہوگا اس کو مٹا دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ الْبُنَانِيِّ اِلَّا

یہ حدیث سالم البنانی سے جویریہ بن محمد (جویریہ

4223- اخرجه احمد: المسند جلد 6 صفحه 377 رقم الحديث: 26972 انظر الترغيب للمنذرى جلد 2 صفحه 426 رقم الحديث: 20 .

Marfat.com

جُوَيْرِيَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَهُوَ جُوَيْرِيَةُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ

بن محمد سے مراد جویریہ بن بشیر ہے) روایت کرتی ہیں کہ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

**4224** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَعِيرِهِ، اِذْ لَعَنَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسِرْ مَعَنَا عَلَى بَعِيرٍ مَلْعُونَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے کہ ایک آدمی اپنے اونٹ پر تھا' اچانک اس نے اس پر لعنت کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: ہمارے ساتھ مت چل ایسے اونٹ پر سوار ہو کر جس پر لعنت کی گئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ اِلَّا اَبُو اُوَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث شریک بن ابی نمر سے ابواویس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل اکیلے ہیں۔

**4225** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ قَالَ: نا عَبْدُ الْاَعْلَى قَالَ: نا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي يَزِيدَ الْمَدِينِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ بِسَرِفٍ، وَبَنَى بِهَا بِسَرِفٍ، وَمَاتَتْ بِسَرِفٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے مقامِ سرف میں شادی کی' مقامِ سرف سے رخصتی ہوئی اور مقام سرف پر آپ کا وصال ہوا یعنی حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي يَزِيدَ الْمَدِينِيِّ اِلَّا قُرَّةُ، وَلَا عَنْ قُرَّةَ اِلَّا عَبْدُ الْاَعْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ: عَيَّاشٌ الرَّقَّامُ

یہ حدیث ابویزید المدینی سے قرہ اور قرہ سے عبدالاعلیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عیاش الرقام اکیلے ہیں۔

**4226** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے

---

**4224**- اسناده حسن فيه: العباس بن الفضل الأسفاطي وهو لا بأس به . وأخرجه أيضًا أبو يعلى' عن خيثمة زهير بن حرب' حدثنا ابن أبي أويس به' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8صفحه80: ورجال أبي يعلى رجال الصحيح .

**4225**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه252: ورجال الأوسط رجال الصحيح .

Marfat.com

الْاَسْفَاطِیُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی نَمِرٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَتَكُونُ اُمُورًا بَعْدِی وَفِتَنًا، خَيْرُ النَّاسِ فِيهَا: الْمُؤْمِنُ الْخَفِیُّ التَّقِیُّ

ہیں' انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد ایسے ناپسندیدہ کام اور فتنے ہوں گے' اس وقت لوگوں میں بہتر ہوگا جو میری اُمت پر مہربان اور پرہیزگار ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی نَمِرٍ اِلَّا اَبُو اُوَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث شریک بن عبداللہ بن ابی نمر سے ابواویس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل اکیلے ہیں۔

**4227** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِیُّ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ وَقَالَ: هُمَا لِمَنْ غَلَبَ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع کیا اور یہ دونوں اُس کے لیے ہوں گے جو غالب آ جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْوَلِيدِ

یہ حدیث عمیر بن عبداللہ سے قیس بن ربیع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوالولید اکیلے ہیں۔

**4228** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل صدقہ قبول کرتا ہے اور اس کو اسی طرح بڑھاتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی گھوڑے کا بچہ یا اونٹنی کا بچہ بڑھاتا ہے۔

**4227**- اسناده فيه: عطية العوفی وهو صدوق يخطئ كثيرًا وكان شيعيًا مدلسًا ـ قال الهيثمی فی المجمع جلد5 صفحه321: وفيه عطية العوفی وهو ضعيف .

**4228**- اسناده حسن فيه: العباس بن الفضل الأسفاطی وهو لا باس به ـ وقال الهيثمی فی المجمع جلد3صفحه114: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ الصَّدَقَةَ وَيُرَبِّيهَا لِاَحَدِكُمْ كَمَا يُرَبِّى اَحَدُكُمْ فُلُوَّهُ اَوْ فَصِيلَهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اَبُو اُوَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے ابواویس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اسماعیل اکیلے ہیں۔

**4229** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَعْمَرَ عُمْرَى فَهِيَ لَهُ وَلِعَقِبِهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے زمین کو آباد کیا تو وہ اس کے لیے اور اس کے بعد آنے والوں کے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث یعقوب بن عطاء سے ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن یونس اکیلے ہیں۔

**4230** - حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَخْرُجُ نَارٌ مِنْ اَرْضِ الْحِجَازِ تُضِيءُ لَهَا اَعْنَاقُ الْاِبِلِ بِبُصْرَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حجاز سے آگ نکلے گی' اس کی روشنی سے بصرہ کے اونٹوں کی گردنیں دکھائی دیں گی۔

---

4229- أخرجه مسلم: الهبات جلد 3 صفحه 1245' وأبو داؤد: البيوع جلد 3 صفحه 292 رقم الحديث: 3551' والنسائي: العمرى جلد 6 صفحه 232 (باب ذكر الاختلاف على الزهرى فيه)' وابن ماجة: الهبات جلد 2 صفحه 796 رقم الحديث: 2380 .

4230- أخرجه البخاري: الفتن جلد 13 صفحه 84 رقم الحديث: 7118' ومسلم: الفتن جلد 4 صفحه 2227 . (ا) بياض' واستدركناه من موضع التخريج .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث ابن ابی عتیق اور موسیٰ بن عقبہ سے سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4231** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے اور مہاجر وہ ہے جو ان چیزوں سے رُک جائے جن سے اللہ عزوجل نے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ اِلَّا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث عاصم بن بہدلہ سے ابان بن یزید روایت کرتے ہیں۔

**4232** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ قَالَ: نا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّمَيْرِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَبِيعَةَ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روزہ جہنم سے ڈھال ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي رَبِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ:

یہ حدیث محمد بن کعب سے اسماعیل بن ابراہیم بن ابی ربیعہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں

**4231**- أخرجه البخاري: الرقاق جلد **11** صفحه **323** رقم الحديث: **6484**' ومسلم: الايمان جلد **1** صفحه **65** ولفظه: أن رجلًا سأل رسول الله رقم الحديث:: أي المسلمين خير؟ قال: من سلم المسلمون من لسانه ويده . وأبو داؤد: الجهاد جلد **3** صفحه **4** رقم الحديث: **2481** .

**4232**- تقدم تخريجه . انظر الحديث رقم: **4179** .

Marfat.com

فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ

فضیل بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**4233** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ قَالَ: نا عَبْدُ الْاَعْلَى قَالَ: نا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا بُدَيْلُ بْنُ مَيْسَرَةَ قَالَ: نا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ: قَالَ اَبُو مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ: اَلَا اُصَلِّيَنَّ بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَدَعَا بِوَضُوءٍ، فَتَوَضَّاَ، ثُمَّ قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ، فَصَفَّ رِجَالًا، وَخَلْفَ خَلْفَهُمُ الْغِلْمَانَ، فَجَعَلَ يُكَبِّرُ اِذَا سَجَدَ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ، وَاِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ، وَسَلَّمَ، عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھ کر نہ بتاؤں! آپ ﷺ نے وضو کے لیے پانی مانگا' وضو کیا پھر نماز کے لیے کھڑے ہوئے' مردوں کی صفیں اپنے پیچھے اور بچوں کی ان کے پیچھے صفیں بنائیں' تکبیر کہتے جب سجدہ کرتے اور سجدے سے سر اُٹھاتے' جب دو رکعتیں پڑھ لیتے تو دائیں بائیں جانب سلام پھیرتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُرَّةَ اِلَّا عَبْدُ الْاَعْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ: عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ فِي الْاَصْلِ اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث قرہ سے عبدالاعلیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عیاش بن ولید الرقام اکیلے ہیں۔ یہ اصل میں ابوبکر بن ابی اویس ہیں۔

**4234** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَلَّاقَ، فَقَالَ: هُنَا فَحَلَقَ رَاْسَهُ، فَدَفَعَهُ اِلَى اَبِي طَلْحَةَ، ثُمَّ حَلَقَ الشِّقَّ الْآخَرَ، فَقَالَ: اقْسِمْهُ بَيْنَ النَّاسِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بال کاٹنے والے کو حکم دیا کہ یہاں سے کاٹ' اس نے آپ کے سر کے بال کاٹے تو آپ ﷺ نے وہ ابوطلحہ کو دے دیئے' پھر دوسری طرف کے کاٹے تو آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کے درمیان تقسیم کر دے۔

---

4233- أخرجه أحمد: المسند جلد5صفحه408 رقم الحديث: 22964و22972 بنحوه وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه133: وروى الطبراني في الكبير بعضها وفي طرقها كلها شهر بن حوشب وفيه كلام وهو ثقة ان شاء الله .

4234- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه948 . انظر: نصب الراية جلد3صفحه80 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ إِلَّا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

**4235** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسًا: أَقَنَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، بَعْدَ الرُّكُوعِ يَسِيرًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ إِلَّا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ

**4236** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ، وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، وَأَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْأَغَرُّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُهَجِّرُ إِلَى الْجُمُعَةِ كَالَّذِي يَهْدِي بَدَنَةً، ثُمَّ كَالَّذِي يَهْدِي بَقَرَةً، ثُمَّ كَالَّذِي يَهْدِي كَبْشًا، ثُمَّ كَالَّذِي يَهْدِي دَجَاجَةً وَحَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ كَالَّذِي يَهْدِي بَيْضَةً

یہ حدیث ابن عون سے عباد بن عوام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سعید بن سلیمان اکیلے ہیں۔

حضرت محمد بن سیرین رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا حضور ﷺ دعائے قنوت پڑھتے تھے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! رکوع کے بعد تھوڑی دیر پڑھتے تھے۔

یہ حدیث یونس سے بشر بن مفضل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن مبارک اکیلے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو جمعہ کے لیے جلدی جاتا ہے اس کو ایک اونٹ قربانی کرنے کا ثواب ملتا ہے' پھر جو اس کے بعد جاتا ہے تو اسے ایک گائے قربانی کرنے کا ثواب ملتا ہے' پھر جو اس کے بعد آتا ہے تو اس کو ایک بکرا قربانی کرنے کا ثواب ملتا ہے' پھر جو اس کے بعد آتا ہے تو اس کو ایک مرغی صدقہ کرنے کا ثواب ملتا ہے۔ میں نے گمان کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو اس کے بعد آتا ہے اس کو ایک انڈا صدقہ کرنے کا ثواب ملتا ہے۔

---

4235- أخرجه البخاری: الوتر جلد2صفحه568 رقم الحديث: 1001' ومسلم: المساجد جلد1صفحه468 .

4236- أخرجه البخاری: الجمعة جلد 2صفحه472 رقم الحديث: 929' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه587 (باب فضل التهجر يوم الجمعة) .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن ابواویس اکیلے ہیں۔

**4237** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ ثَعْلَبٍ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي الْعَيْزَارِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الصَّلَاةَ فِي الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ عَلَى صَلَاةِ الرَّجُلِ وَحْدَهُ بِضْعًا وَعِشْرِينَ دَرَجَةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: باجماعت نماز پڑھنے کا ثواب اکیلے نماز پڑھنے سے ستائیس گنا زیادہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ عُقْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الرَّبِيعُ بْنُ ثَعْلَبٍ

یہ حدیث قاسم بن ولید سے یحییٰ بن عقبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ربیع بن ثعلب اکیلے ہیں۔

**4238** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ ثَعْلَبٍ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي الْعَيْزَارِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: انْطَلَقْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى سُوقِ الْبَقِيعِ، فَاَدْخَلَ يَدَهُ فِي غِرَارَةٍ، فَاَخْرَجَ طَعَامًا مُخْتَلِفًا اَوْ قَالَ: مَغْشُوشًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ غَشَّنَا

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ بقیع بازار میں چلا' آپ نے ایک ڈھیر میں ہاتھ داخل کیا' مختلف یا ملاوٹ کیا ہوا نکالا' حضور ﷺ نے اس کے بعد فرمایا: جس نے ہم سے ملاوٹ کی اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

---

**4237**- أخرجه البخاري: البيوع جلد **4** صفحه **397** رقم الحديث: **2119**' ومسلم: المساجد جلد **1** صفحه **459** (باب فضل صلاة الجماعة وانتظار الصلاة) .

**4238**- اسناده فيه: يحيى بن عقبة بن أبي العيزار وهو متروك . وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **82** الى الكبير أيضًا' وقال: وفيه يحيى بن عقبة أبي العيزار وقد قيل: ان يفتعل الحديث .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ مُجَمِّعٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى اِلَّا يَحْيَى بْنُ عُقْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الرَّبِيعُ بْنُ ثَعْلَبٍ وَرَوَاهُ شَرِيكٌ، وَقَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ نِيَارٍ، وَهُوَ الصَّوَابُ

یہ حدیث عبداللہ بن عیسیٰ' مجمع سے' وہ ابوبردہ سے' وہ ابوموسیٰ سے' عبدالرحمٰن بن عیسیٰ سے یحییٰ بن عقبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ربیع بن ثعلب اکیلے ہیں۔ لوگوں نے شریک اور قیس بن ربیع سے' انہوں نے عبداللہ بن عیسیٰ سے' انہوں نے جمیع بن عمیر سے' انہوں نے ابوبردہ بن نیار سے' یہ ہی زیادہ صحیح ہے۔

**4239** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ ثَعْلَبٍ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُؤَمِّنُ اَحَدَكُمْ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ قَبْلَ الْاِمَامِ اَنْ يُحَوِّلَ اللّٰهُ رَاْسَهُ اِلَى كَلْبٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں کوئی ایمان رکھتا ہے کہ جب وہ اپنا سر امام سے پہلے اُٹھائے تو اللہ عزوجل اس کا سر کتے کے سر کی طرح بنادے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْسَرَةَ اِلَّا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الرَّبِيعُ بْنُ ثَعْلَبٍ

یہ حدیث محمد بن میسرہ سے ابواسماعیل المؤدب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ربیع بن ثعلب اکیلے ہیں۔

**4240** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عُقَيْلٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ قَالَ: نا اَبُو سَعِيدٍ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو مسلمانوں سے کسی بھی شی کا ولی مقرر ہوا' اللہ عزوجل اس کے ساتھ

---

**4239**- اسناده حسن فيه: العباس بن الربيع بن ثعلب ترجمه الخطيب في تاريخه جلد **12** صفحه **149** .وقال: حدث عن أبيه' روى عنه الطبراني . وقال الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **81**: ورجاله ثقات' خلا شيخ الطبراني العباس بن الربيع بن تغلب (ثعلب) فاني لم أجد من ترجمه . قلت: ترجمه الخطيب كما تقدم .

**4240**- اخرجه أبو داؤد: الامارة جلد **3** صفحه **131** رقم الحديث: **2932** بلفظ: اذا أراد الله بالأمير خيرًا......' والنسائي: البيعة جلد **7** صفحه **142** (باب وزير الامام) بلفظ: من ولي منكم عملًا......' وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **97** رقم الحديث: **24468** . (ا) ثبت بعده قوله: (فرج بن فضالة عن أبي سعيد)' وحذفتها لعدم فائدتها .

Marfat.com

عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ الْمُسْلِمِينَ شَيْئًا فَاَرَادَ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا رَزَقَهُ وَزِيرًا صَالِحًا، اِنْ نَسِيَ ذَكَّرَهُ، وَاِنْ ذَكَرَ اَعَانَهُ

بھلائی کا ارادہ کرے گا تو اس کو نیک وزیر دے گا' اگر وہ بھول جائے گا تو وہ وزیر اس کو یاد کروائے گا' اگر یاد ہوگا تو اس کی مدد کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اَبُو سَعِيدٍ الْمُؤَدِّبُ فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے ابوسعید المؤدب فرج بن فضالہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں منصور بن ابی مزاحم اکیلے ہیں۔

**4241** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عُقَيْلٍ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى السِّينَانِيُّ، عَنْ عُبَيْدَةَ الضَّبِّيِّ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ يَسَّرَ عَلَيْهِ اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو تنگ دست کو مہلت دے گا یا اس پر آسانی کرے گا' اللہ عزوجل اس کو اپنی رحمت کا سایہ عطا کرے گا' جس دن صرف اس کی رحمت کا سایہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدَةَ اِلَّا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عبیدہ سے فضل بن موسیٰ روایت کرتے ہیں' حضرت کعب بن عجرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4242** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عُقَيْلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ

حضرت اُم ھانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے نکاح کا پیغام بھیجا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے آپ سے بے رغبتی

**4241**- اسناده فيه: عبيدة بن معتب الضبي أبو عبد الرحيم الكوفي الضرير وهو ضعيف واختلط بآخره' وأخرجه أيضًا في الصغير والكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد**4**صفحه**137**: وفيه عبيدة بن معتب وهو متروك .

**4242**- اسناده فيه: العباس بن أبي عقيل' وقيل ابن عقيل أبو الفضل البزار ترجمه الخطيب في تاريخه جلد**12**صفحه**150** وذكر جماعة ممن رووا عنه' ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا . وأخرجه أيضًا في الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد**4**صفحه**274**: ورجاله ثقات .

Marfat.com

الشَّعْبِيِّ، عَنْ أُمِّ هَانِءٍ بِنْتِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَتْ: خَطَبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: مَا بِي عَنْكَ رَغْبَةٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَلَكِنْ لَا أُحِبُّ أَنْ أَتَزَوَّجَ وَبَنِيَّ صِغَارٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الْإِبِلَ نِسَاءُ قُرَيْشٍ، أَحْنَاهُ عَلَى طِفْلٍ فِي صِغَرِهِ، وَأَرْعَاهُ عَلَى بَعْلٍ فِي ذَاتِ يَدِهِ

نہیں ہے لیکن میں شادی کرنا پسند نہیں کرتی حالانکہ میرے بیٹے بھی چھوٹے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین عورتیں قریش کی ہیں جو اونٹ پر سوار ہوتی ہیں اور چھوٹے بچوں کی حفاظت کرتی ہیں اور اپنے شوہر کے گھر کا خیال کرتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا أَبُو إِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ

یہ حدیث اسماعیل بن ابوخالد سے ابواسماعیل المؤدب روایت کرتے ہیں۔

**4243** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عُقَيْلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ يَعْقُوبَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْرَجَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خَطَلٍ مِنْ تَحْتِ أَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَقَتَلَهُ، ثُمَّ قَالَ: لَا يُقْتَلَنَّ قُرَشِيٌّ بَعْدَ هَذَا صَبْرًا

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے عبداللہ بن خطل کو کعبہ کے پردوں کے پیچھے سے نکالا اور قتل کر دیا۔ پھر فرمایا: اس کے بعد کسی قریشی کو باندھ کر قتل نہیں کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ إِلَّا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو مَعْشَرٍ

یہ حدیث سائب بن یزید سے یوسف بن یعقوب روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں ابومعشر اکیلے ہیں۔

**4244** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُجَاشِعِيُّ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ الْكِرْمَانِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ذی القعدہ میں حجۃ الوداع سے پہلے تین عمرے کیے۔

---

**4243**- اسناده فيه: أبو معشر هو نجيح بن عبد الرحمٰن السندی وهو ضعيف . وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد **6** صفحه **178**: ما تقدم ذكره .

**4244**- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد **3** صفحه **282** وقال: ورجاله ثقات' الا أن سعيد بن المسيب مختلف فی سماعه من عمر .

Marfat.com

عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: اعْتَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا قَبْلَ حَجَّتِهِ فِي ذِي الْقَعْدَةِ

**4245** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُجَاشِعِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ الْكِرْمَانِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُمَرَ، أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ قَسْمُ الْجَدِّ؟ قَالَ: سُؤَالُكَ عَنْ ذَلِكَ يَا عُمَرُ؟ إِنِّي أَظُنُّكَ تَمُوتُ قَبْلَ أَنْ تَعْلَمَ ذَلِكَ، فَمَاتَ قَبْلَ أَنْ يَعْلَمَ ذَلِكَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ دادا کی وراثت کیسے تقسیم کی جائے گی؟ (آپ ﷺ نے فرمایا:) اے عمر! آپ کا اس کے متعلق پوچھنے کا کیا مطلب ہے؟ (عرض کی:) میرا یقین ہے کہ آپ کا وصال ہو جائے گا' اس کے علم سے پہلے' واقعتاً حضور ﷺ کا وصال ہوا اس کے جاننے علم سے پہلے ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ إِلَّا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ

یہ دونوں حدیثیں ابن حرملہ سے بشر بن مفضل روایت کرتے ہیں۔

**4246** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُجَاشِعِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ الْكِرْمَانِيُّ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا أَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كُنْتُ أَمُرُّ بِهَذِهِ الْآيَةِ فَمَا أَدْرِي مَا هِيَ: (بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ) (ص:**18**) حَتَّى حَدَّثَتْنِي أُمُّ هَانِئٍ بِنْتُ أَبِي طَالِبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قرآن پاک پڑھتے ہوئے میری نظروں سے یہ آیت گزری' میں اس کی تفسیر نہیں جانتا کہ شام اور اشراق کے وقت نماز پڑھیں' یہاں تک کہ مجھے اُم ھانی بنت ابی طالب نے بتایا کہ حضور ﷺ میرے پاس آئے اور آپ نے ایک برتن میں پانی مانگا' میں اس میں آٹا کے نشانات کو دیکھ رہی ہوں' آپ ﷺ نے وضو کیا' پھر

**4245**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **230** وقال: ورجاله رجال الصحيح الا أن سعيد بن المسيب اختلف في سماعه من عمر .

**4246**- اسناده ضعيف جدًا فيه: أبو بكر الهذلي اخباري متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد **7** صفحه **102**: وفيه أبو بكر الهذلي وهو ضعيف .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا، فَدَعَا بِوَضُوءٍ فِي جَفْنَةٍ، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى أَثَرِ الْعَجِينِ فِيهَا، فَتَوَضَّأَ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى الضُّحَى، ثُمَّ قَالَ: يَا أُمَّ هَانِءٍ هِيَ صَلَاةُ الْإِشْرَاقِ

آپ کھڑے ہوئے اور چاشت کی نماز پڑھی۔ پھر فرمایا: اے اُم ھانی! یہ اشراق کی نماز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا أَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ

یہ حدیث عطاء ابن عباس سے اور عطاء سے ابوبکر الہذلی روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں حجاج بن نصیر اکیلے ہیں۔

**4247** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُجَاشِعِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ الْكِرْمَانِيُّ قَالَ: نَا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ الصَّائِغُ قَالَ: نَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي امْرَأَةٍ لَهَا زَوْجٌ، وَلَهَا مَالٌ، وَلَا يَأْذَنُ لَهَا فِي الْحَجِّ؟ قَالَ: لَيْسَ لَهَا أَنْ تَنْطَلِقَ إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک عورت جس کا شوہر بھی تھا‘ اس عورت کے پاس مال تھا‘ آپ نے اس کو حج کرنے کی اجازت نہیں دی‘ فرمایا: تُو اپنے شوہر کی اجازت سے جا سکتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ الصَّائِغُ، وَلَا عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ الْكِرْمَانِيُّ

یہ حدیث نافع سے ابراہیم الصائغ اور ابراہیم سے حسان بن ابراہیم روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابی یعفور الکرمانی اکیلے ہیں۔

**4248** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُجَاشِعِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ الْكِرْمَانِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَلَّفْتُكَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں آپ کو اپنے گھر والوں میں خلیفہ بنا رہا ہوں‘ عرض کی: یا نبی اللہ! کیا میں آپ کے بعد آپ کے پیچھے رہوں گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تُو اس بات پر راضی نہیں ہے کہ تیرا میرے ہاں وہی مقام ہو جو

**4247**- اسناده حسن فيه: ابراهيم بن ميمون الصائغ المروزى وهو صطدوق؛ واخرجه فى الصغير أيضًا وقال الهيثمى فى المجمع جلد3صفحه217: ورجاله ثقات .

**4248**- اسناده صحيح . وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد9صفحه113: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

اَنْ تَكُونَ خَلِيفَتِي فِي اَهْلِي قَالَ: اَتَخَلَّفُ بَعْدَكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلا تَرْضَىٰ اَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى اِلَّا اَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي؟

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ يَزِيدَ اِلَّا ابْنُ اَبِي يَعْقُوبَ وَقَدْ رَوَاهُ مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدٍ، وَرَوَاهُ جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَرْبِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، كَمَا رَوَاهُ مَعْمَرٌ

حضرت ہارون علیہ السلام کا مقام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھا (فرق یہ ہے کہ) میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

سعید بن ابوعروبہ سے یزید بن زریع اور یزید سے ابن ابی یعقوب روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو معمر' قتادہ سے' وہ سعید بن میتب سے' وہ سعد سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو جعفر بن سلیمان حرب بن شداد سے' وہ سعید بن ابی عروبہ سے روایت کرتے ہیں' جس طرح معمر روایت کرتے ہیں۔

**4249** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُجَاشِعِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي يَعْقُوبَ الْكِرْمَانِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّا مَعَاشِرَ الْاَنْبِيَاءِ اُمِرْنَا اَنْ نُعَجِّلَ الْاِفْطَارَ، وَاَنْ نُؤَخِّرَ السُّحُورَ، وَاَنْ نَضْرِبَ بِاَيْمَانِنَا عَلَى شَمَائِلِنَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہم انبیاء علیہم السلام کے گروہ کو جلدی افطار کرنے اور دیر سے سحری کرنے کا حکم دیا گیا اور (نماز کی حالت میں) دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھنے کا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي يَعْقُوبَ

یہ حدیث ابن عیینہ سے محمد بن ابی یعقوب روایت کرتے ہیں۔

**4250** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّاسٍ الْمِصْرِيُّ، بِمِصْرَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ اَخِيهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مروہ پہاڑی کے لیے فرمایا: یہ قربانی کرنے کی جگہ ہے۔ مکہ کی ہر گلی اور اس کے جملہ راستے' عمرہ میں قربان گاہ ہیں۔

---

4249- اسناده صحيح ـ وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه158: ورجاله رجال الصحيح .

4250- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه165 رقم الحديث: 11376' والطبراني في الصغير جلد1صفحه210 وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه284: وفيه عبد الله بن عمر العمري وفيه كلام وقد وثق .

Marfat.com

رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْمَرْوَةِ: هٰذَا الْمَنْحَرُ وَكُلُّ فِجَاجِ مَكَّةَ، وَطُرُقِهَا مَنْحَرٌ فِي الْعُمْرَةِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا اَخُوهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

حضرت عبیداللہ سے اس حدیث کو ان کے بھائی عبداللہ بن عمر نے ہی روایت کیا ہے۔

**4251** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ اَبِي الْوَضَّاحِ قَالَ: نا سَالِمٌ الْاَفْطَسِ قَالَ: حَدَّثَنِي رَزِينٌ الْجُرْجَانِيُّ قَالَ: سَاَلْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنْ هٰذِهِ الْآيَةِ: (وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ) (النساء: **24**) قَالَ: لَا عِلْمَ لِي بِهَا، فَسَاَلْتُ الضَّحَّاكَ بْنَ مُزَاحِمٍ، وَذَكَرْتُ لَهُ قَوْلَ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: اَشْهَدُ لَسَمِعْتُهُ يَسْاَلُ عَنْهَا ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: نَزَلَتْ يَوْمَ خَيْبَرَ، لَمَّا فَتَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ اَصَابَ الْمُسْلِمُونَ نِسَاءً مِنْ نِسَاءِ اَهْلِ الْكِتَابِ، لَهُنَّ اَزْوَاجٌ، وَكَانَ الرَّجُلُ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَاْتِيَ الْمَرْاَةَ مِنْهُنَّ قَالَتْ: اِنَّ لِي زَوْجًا، فَسُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَاُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: (وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ) (النساء: **24**) الْآيَةَ يَعْنِي: وَالسَّبْيُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ يُصَابُ لَا بَاْسَ بِذٰلِكَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ

حضرت رزین الجرجانی فرماتے ہیں کہ میں نے سعید بن جبیر سے اس آیت: ''والمحصنات من النساء'' کے متعلق پوچھا' حضرت سعید نے فرمایا: مجھے اس کا علم نہیں' میں نے ضحاک بن مزاحم سے پوچھا اور میں نے سعید بن جبیر والی بات ذکر کی۔ فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے ان کو اس کے متعلق حضرت ابن عباس سے پوچھتے ہوئے سنا تھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جب خیبر کا دن تھا اور رسول اللہ ﷺ نے خیبر فتح کیا تو مسلمانوں کو اہل کتاب کی عورتیں ملیں' جب کوئی آدمی اس عورت کے قریب جانے کا ارادہ کرتا تو وہ کہتی: میرا شوہر ہے۔ حضور ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو یہ آیت نازل ہوئی: ''عورتوں سے پاک دامن یعنی وہ عورتیں مشرکوں کی قیدی عورتیں' ان سے جماع کرو' اس میں کوئی حرج نہیں ہے''۔ میں نے یہ بات سعید بن جبیر سے ذکر کی تو حضرت سعید نے فرمایا: ضحاک نے سچ کہا۔

**4251**- اسناده فيه: العباس بن محمد بن العباس المصرى لم أجده' ورزين الجرجاني ذكره السهمي في تاريخ جرجان (**212**) ولم يتكلم فيه وذكر له هذا الحديث' وأخرجه في الكبير أيضًا وقال الهيثمي في المجمع جلد **7** صفحه**6**: ورزين الجرجاني لم أعرفه' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

لِسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، فَقَالَ: صَدَقَ الضَّحَّاكُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَالِمٍ الْأَفْطَسِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ أَبِي الْوَضَّاحِ

سالم الافطس سے محمد بن مسلم بن ابی الوضاح روایت کرتے ہیں۔

**4252** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَرَجِ أَبُو يَعْلَى الرُّخَّجِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا مِهْرَانُ بْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ رِفَاعَةَ الْقِتْبَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَمَّنَ رَجُلًا عَلَى دَمِهِ، فَقَتَلَهُ، فَأَنَا بَرِيءٌ مِنَ الْقَاتِلِ، وَإِنْ كَانَ الْمَقْتُولُ كَافِرًا

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے کسی آدمی کے خون پر اسے امان دی اور اس نے اسے قتل کیا تو میں قاتل سے بری الذمہ ہوں اگرچہ مقتول کافر ہی کیوں نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْأَعْلَى إِلَّا مِهْرَانُ

حضرت علی بن عبدالاعلیٰ سے مہران روایت کرتے ہیں۔

**4253** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ حُصَيْنٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الْمُنَافِقِ مَثَلُ الشَّاةِ الْعَائِرَةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ، إِذَا أَتَتْ هَذِهِ نَطَحَتْهَا، وَإِذَا أَتَتْ هَذِهِ نَطَحَتْهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: منافق کی مثال اس بکری کی طرح ہے جو دو ریوڑوں کے درمیان میں رہتی ہو جب ادھر آتی ہے تو اس کو سینگ مارتی ہے جب ادھر آتی ہے تو اس کو سینگ مارتی ہے۔

---

**4252**- أخرجه البيهقي في دلائل النبوة جلد 6 صفحه 483 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 288: رواه الطبراني بأسانيد كثيرة وأحدها رجال الثقات . (١) وقع في الأصل (يحيى)' والتصويب من تهذيب الكمال (465/32) .

**4253**- أخرجه أحمد: المسند جلد 2 صفحه 113 رقم الحديث: 5545' والبيهقي في شعب الايمان جلد 6 صفحه 341 رقم الحديث: 8437 . انظر الدر المنثور للحافظ السيوطي جلد 2 صفحه 236 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ

یہ حدیث صفوان بن سلیم سے عبدالعزیز بن حصین روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

**4254** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْقَرَاطِيسِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو جمعہ کے لیے آئے تو اسے چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ إِلَّا زِيَادٌ الْبَكَّائِيُّ، وَلَا رَوَى يَزِيدُ، عَنْ نَافِعٍ غَيْرَ هَذَا

یہ حدیث یزید بن زیاد سے زیاد البکائی روایت کرتے ہیں' یزید بن نافع سے اس کے علاوہ روایت نہیں کرتے۔

**4255** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْقَرَاطِيسِيُّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ حَاتِمٍ الْعَلَّافُ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ، عَنْ رَعِيَّتِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر کوئی نگہبان ہے' ہر ایک سے نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ إِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ إِلَّا إِسْحَاقُ بْنُ حَاتِمٍ

یہ حدیث عبدالوہاب' سلیمان سے روایت کرتے ہیں اور عبدالوہاب سے اسحاق بن حاتم روایت کرتے ہیں۔

**4256** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمیں

---

4254- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 364 رقم الحديث: 492 وقال: هذا حديث حسن صحيح . وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 346 رقم الحديث: 1088' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 58 رقم الحديث: 5004' انظر الزاية للحافظ الزيلعي جلد 1 صفحه 86 .

4255- أخرجه البخاري: النكاح جلد 9 صفحه 210 رقم الحديث: 5200' ومسلم: الامارة جلد 3 صفحه 1459 .

4256- أخرجه البخاري: الطلاق جلد 9 صفحه 280 رقم الحديث: 5262' ومسلم: الطلاق جلد 2 صفحه 1104 .

Marfat.com

الْاَصْبَهَانِيُّ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ اَبِي يَزِيدَ قَالَ: نا اَخِي حُسَيْنُ بْنُ اَبِي يَزِيدَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَيَّرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ، فَلَمْ يَعُدَّهُ شَيْئًا

حضور ﷺ نے اختیار دیا تو ہم نے آپ کو اختیار کیا' اس کو طلاق شمار نہیں کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ اِلَّا قَيْسٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ قَيْسٍ اِلَّا حُسَيْنُ بْنُ اَبِي بُرْدَةَ

یہ حدیث سعید بن مسروق سے قیس روایت کرتے ہیں اور قیس سے حسین بن ابوبردہ روایت کرتے ہیں۔

**4257** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ اَبِي بُرْدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي حُسَيْنٌ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، وَاَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: حُرِّمَتْ لِبْسَتَانِ وَبَيْعَتَانِ، احْتِبَاءُ الرَّجُلِ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ يُفْضِي بِفَرْجِهِ اِلَى السَّمَاءِ، وَاَنْ يَشْتَمِلَ عَلَى شِقِّهِ الْاَيْسَرِ ثُمَّ يَرْفَعُهُ، وَعَنِ اللِّمَاسِ وَالْاِلْقَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو لباس اور دو بیع حرام کی گئی ہیں: (۱) ایک کپڑے میں اس طرح لپٹنا جس سے آسمان کی طرف سے شرمگاہ ننگی ہو اور بائیں طرف لپیٹنا' پھر اس کو اُٹھانا۔ ایسی بیع سے منع کیا جو اس طرح ہو کہ خریدنے والا کہے: جس کو میں نے ہاتھ لگایا وہ میری یا اس طرح کہ میں پتھر پھینکتا ہوں ریوڑ میں سے جس جانور تک پہنچ گیا وہ میرا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَشْعَثَ وَعَاصِمٍ اِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

اشعث اور عاصم سے قیس بن ربیع روایت کرتے ہیں۔

**4258** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الدَّامِغَانِيُّ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مرفوعاً حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے ایک مرغ کو پیدا کیا ہے' اس کا پنجہ سات زمین تک ہے' اس کی کلغی

4257- اصله عن البخاری من طریق قتیبة حدثنا عبد الوهاب حدثنا أیوب' ولفظه: نهی عن لبستین: أن یحتبی الرجل فی الثوب الواحد' ثم یرفعه علی منكبه .وعن بیعتین اللماس' والنباذ . أخرجه البخاری: البیوع جلد 4صفحه420 رقم الحدیث: 2145' وأحمد: المسند جلد2صفحه646 رقم الحدیث: 10380 ولفظه عنده .

4258- اسناده فیه: سلمة بن الفضل وهو صدوق كثیر الخطأ' ومحمد بن اسحاقبن یسار صدوق یدلس' ورمی بالتشیع' والقدر' وقال الهیثمی فی المجمع جلد8صفحه136: وفیه ابن اسحاق وهو ثقة مدلس' وبقیة رجاله وثقوا .

Marfat.com

بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، يَرْفَعُ الْحَدِيثَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ مِمَّا خَلَقَ اللّٰهُ لَدِيكًا، بَرَاثِنُهُ عَلَى الْاَرْضِ السَّابِعَةِ، وَعُرْفُهُ مُنْطَوٍ تَحْتَ الْعَرْشِ جَنَاحَاهُ بِالْاُفُقَيْنِ، فَاِذَا بَقِيَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْآخِرُ ضَرَبَ بِجَنَاحَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ، سُبْحَانَ رَبِّنَا الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ، لَا اِلَهَ لَنَا غَيْرُهُ فَيَسْمَعُهُ مَا بَيْنَ الْخَافِقَيْنِ اِلَّا الثَّقَلَيْنِ، فَيَرَوْنَ اَنَّ الدِّيكَةَ اِنَّمَا تَضْرِبُ اَجْنِحَتَهَا اِذَا صَرَخَتْ، اِذَا سَمِعَتْ ذَلِكَ

عرش کے نیچے تک ہے' اس کے پر دونوں اُفق پر ہیں' جب رات کا تیسرا حصہ رہ جاتا ہے تو یہ اپنا پر مارتا ہے' پھر پڑھتا ہے: ''سبحان الملك القدوس' سبحان ربنا الملك القدس لا اله لنا غيره'' سوائے انسان اور جن کے ہر شے آواز سنتی ہے' وہ مرغ کو دیکھتے ہیں کہ وہ اپنے پر مار رہا ہے تو اپنے پَر مارتے ہیں اور اذان دیتا ہے تو یہ اُس کی آواز سن کر اذان دیتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ، عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا ابْنُ اِسْحَاقَ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ اِلَّا سَلَمَةُ بْنُ الْفُضَيْلِ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

منصور سے ابن اسحاق اور ابن اسحاق سے سلمہ بن فضل روایت کرتے ہیں اور ابن عباس سے اسی طریقے سے روایت ہے۔

**4259** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الدَّامِغَانِيُّ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مِيكَالَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ آدَمَ، اَنَبِيٌّ كَانَ؟ قَالَ: نَعَمْ، كَانَ نَبِيًّا رَسُولًا، كَلَّمَهُ اللّٰهُ قُبُلًا، قَالَ لَهُ: (يَا آدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ) (البقرة: 35)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ کیا آدم علیہ السلام نبی تھے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! آپ نبی رسول تھے اللہ عزوجل نے آمنے سامنے آپ سے گفتگو کی تھی' یہ جو فرمایا: اے آدم! تم اور تمہاری بیوی جنت میں رہو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ اِلَّا لَيْثٌ، وَلَا رَوَاهُ، عَنْ لَيْثٍ اِلَّا مِيكَالُ، وَهُوَ شَيْخٌ كُوفِيٌّ، لَا نَعْلَمُهُ اَسْنَدَ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا

ابراہیم التیمی سے لیث اور لیث سے میکال روایت کرتے ہیں' میکال کوفی بزرگ ہیں' ہم اس کے علاوہ ان کی کوئی اور حدیث نہیں جانتے ہیں۔

**4259**- اسناده فيه: سلمة بن الفضل صدوق كثير الخطأ' وليث بن أبى سليم صدوق لكنه اختلط وأخرجه أحمد بنحوه فى حديث طويل' وقال الهيثمى فى المجمع جلد 8 صفحه 201: وفيه المسعودى وقد اختلط' ولم يتعرض لاسناد الأوسط' وهو ضعيف كما تقدم۔

Marfat.com

**4260** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الدَّامِغَانِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ حُمْرَانَ قَالَ: نا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کھجور کی چٹائی پر نماز پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا هِشَامٌ، وَلَا رَوَاهُ، عَنْ هِشَامٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ حُمْرَانَ

قتادہ سے ہشام اور ہشام سے عمرو بن عمران روایت کرتے ہیں۔

**4261** - حَدَّثَنَا أَبُو الْفَضْلِ عَبَّاسُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ فَضَالَةَ الصَّيْرَفِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَرَجِ الرِّيَاشِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْيَمَامِيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ عَوْنٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَى عَبْدٍ نِعْمَةً فِي أَهْلٍ أَوْ مَالٍ، أَوْ وَلَدٍ، فَقَالَ: مَا شَاءَ اللَّهُ، لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ، فَيَرَى فِيهِ آفَةً، دُونَ الْمَوْتِ وَقَرَأَ: (وَلَوْلَا إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاءَ اللَّهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ) (الكهف: 39)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس بندے پر اللہ عزوجل انعام کرے خاندان یا مال یا اولاد کے لحاظ سے تو وہ پڑھے: جو اللہ نے چاہا نیکی کی طاقت اللہ ہی دیتا ہے جب اس میں کوئی آفت دیکھے موت کے علاوہ تو پڑھے: اور کیوں نہ ہوا جب تُو اپنے باغ میں داخل ہوا تو تُو نے کہا تھا: جو اللہ نے چاہا قوت صرف اللہ کی طرف سے ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث عبدالملک بن زرارہ' حضرت انس بن مالک سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمر بن یونس اکیلے ہیں۔

---

**4260**- اسناده فيه: العباس بن حمدان الحنفي الأصبهاني' ترجمه أبو نعيم في أخبار أصبهان جلد2صفحه142 ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا' وأخرجه أيضًا في الصغير . وقال الهيثمي في المجمع جلد 2صفحه60: رواه الطبراني في الأوسط فالصغير بأسانيد بعضها رجاله ثقات .

**4261**- اسناده فيه: عبد الملك بن زرارة' قال الأزدي: لا يصح حديثه (اللسان جلد4صفحه63) . وأخرجه أيضًا في الصغير' وقال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه143: وفيه عبد الملك بن زرارة وهو ضعيف .

Marfat.com

**4262** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ فَضَالَةَ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ الْفَضْلِ الْخَرَقِيُّ قَالَ: نا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ: نا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَسَحَّرَ اَوْ تُسِحِّرَ لَهُ، اَوْ تَكَهَّنَ اَوْ تُكِهِّنَ لَهُ، اَوْ تَطَيَّرَ اَوْ تُطِيِّرَ لَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو جادو کرے یا کروائے' یا کاہن کے پاس جائے یا کاہن بنے یا فال لے یا نکالے۔

☆☆☆☆☆

**4262**- عزاه الهيثمی أيضًا فی المجمع جلد5صفحه120 الی البزار' وقال: وفيه زمعة ابن صالح وهو ضعيف .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام عبداللہ ہے

4263 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ؟ قُلْنَا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعِّفٍ، ذِي طِمْرَيْنِ، لَا يُؤْبَهُ بِهِ، لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ، اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِاَهْلِ النَّارِ؟ قُلْنَا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ كُلُّ جَظٍّ جَعْظٍ مُسْتَكْبِرٍ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا الْجَظُّ؟ قَالَ الضَّخْمُ قُلْتُ: فَمَا الْجَعْظُ؟ قَالَ: الْعَظِيمُ فِي نَفْسِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا اَبُو يَحْيَى الْقَتَّاتُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنتی لوگوں کے متعلق نہ بتاؤں! ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! فرمایا: ہر کمزور آدمی جس کو کمزور سمجھا جاتا ہو' دو پرانے کپڑوں کا مالک' جس کی پرواہ کوئی نہ کرتا ہو' اگر وہ اللہ پر قسم اُٹھالے تو اللہ عزوجل اس کو ضرور پورا کرے گا' کیا میں تمہیں جہنمی لوگوں کے متعلق نہ بتاؤں! ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! فرمایا: ہر موٹا اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جظ سے کیا مراد ہے: فرمایا: موٹا۔ میں نے عرض کی: جعظ کیا ہے؟ فرمایا: اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والا۔

یہ حدیث ابویحییٰ القتات سے اسرائیل روایت کرتے ہیں اور مجاہد سے یحییٰ قتات روایت کرتے ہیں۔

4264 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ التِّنِّيسِيُّ قَالَ: نا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل قیامت کے دن اپنے بندوں کو اُٹھائے گا پھر علماء کو علیحدہ کرے گا'

---

4263- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن أبي مريم ضعيف' وأبو يحيى القتات لين الحديث' وقال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه268: وشيخه عبد الله بن محمد بن أبي مريم وهو ضعيف .

4264- اسناده فيه: طلحة بن زيد القرشي الرقي وهو متروك' قال: أبو حاتم' والبخاري' والنسائي: منكر الحديث' وقال أحمد' وابن المديني: كان يضع الحديث . وأخرجه أيضًا في الصغير' وقال الهيثمي في المجمع جلد1صفحه129: رواه الطبراني في الكبير' وفيه موسى بن عبيدة الربذي' وهو ضعيف .

Marfat.com

زَيْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِى هِنْدٍ، عَنْ اَبِى مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَبْعَثُ اللّٰهُ الْعِبَادَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ يُمَيِّزُ الْعُلَمَاءَ، فَيَقُولُ: يَا مَعْشَرَ الْعُلَمَاءِ، اِنِّى لَمْ اَضَعْ فِيكُمْ عِلْمِى وَاَنَا اُرِيدُ اَنْ اُعَذِّبَكُمْ، اذْهَبُوا فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ

فرمائے گا: اے علماء کے گروہ! میں نے تمہیں عذاب دینے کے لیے تمہارے سینوں میں علم نہیں رکھا تھا' جاؤ میں نے تمہیں معاف کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِى هِنْدٍ اِلَّا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، وَلَا عَنْ مُوسَى اِلَّا طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِى مُوسَى اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث سعید بن ابوھند سے موسیٰ بن عبیدہ اور موسیٰ سے طلحہ بن زید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صدقہ بن عبداللہ اور موسیٰ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4265** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِى مَرْيَمَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِى سَلَمَةَ قَالَ: نا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قال: حَدَّثَنِى اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ صَالِحٍ، مَوْلَى التَّوْاَمَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُؤْذُوا الْحَيَّ بِالْمَيِّتِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: زندہ لوگوں کو مُردوں کی وجہ سے تکلیف نہ دو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ صَالِحٍ مَوْلَى التَّوْاَمَةِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث صالح مولیٰ التوامہ سے ابراہیم بن محمد انصاری روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صدقہ بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

**4266** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِى مَرْيَمَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِى سَلَمَةَ قَالَ: نا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُرَّةَ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کو جب دو کاموں کا اختیار دیا جاتا تو آپ ان میں سے آسان کو اختیار کرتے' جب تک وہ گناہ نہ ہوتا اگر وہ گناہ

**4265**- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن أبي مريم ضعيف' وصدقة بن عبد الله ضعيف' وصالح مولى التوأمة صدوق اختلط' وابراهيم بن محمد الأنصاري' لا يدرى من هو .

**4266**- أخرجه البخاري: الحدود جلد12صفحه88 رقم الحديث:6786' ومسلم: الفضائل جلد4صفحه1813 .

Marfat.com

عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا خُيِّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَمْرَيْنِ قَطُّ اِلَّا اَخَذَ اَيْسَرَهُمَا مَا لَمْ يَأْثَمْ، فَاِنْ كَانَ اِثْمًا كَانَ اَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ، وَمَا انْتَقَمَ لِنَفْسِهِ مِنْ شَيْءٍ يُؤْتَى اِلَيْهِ قَطُّ حَتّٰى تُنْتَهَكَ مَحَارِمُ اللّٰهِ فَيَنْتَقِمَ لَهُ

ہوتا تو آپ تمام لوگوں سے زیادہ اس سے دور رہتے تھے' آپ اپنی ذات کے لیے کبھی انتقام نہیں لیتے تھے' ہاں! اگر اللہ کی حدود کی بے حرمتی ہوتی تو آپ انتقام لیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُرَّةَ اِلَّا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ

یہ حدیث ابراہیم بن مرہ سے صدقہ بن عبداللہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ابوسلمہ اکیلے ہیں۔

**4267** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ التِّنِّيسِيُّ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کے دن ہر بالغ پر غسل واجب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے زہیر بن محمد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ابی سلمہ اکیلے ہیں' حضرت جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**4268** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**4267**- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن أبي مريم ضعيف ـ ذكره الهيثمي في المجمع جلد2صفحه176 ـ وقال: وفيه عبد الله بن محمد بن سعيد بن أبي مريم وهو ضعيف جدًا ـ

**4268**- أخرجه أبو داؤد: النكاح جلد 2صفحه238 رقم الحديث: 2093' والترمذي: النكاح جلد 3صفحه408 رقم الحديث: 1109 ـ وقال: هذا حديث حسن ـ والنسائي: النكاح جلد 6صفحه71 (باب البكر يزوجها أبوها وهي كارهة) ـ

Marfat.com

سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُسْتَأْمَرُ الْيَتِيمَةُ فِي نَفْسِهَا، وَصَمْتُهَا إِقْرَارُهَا

ﷺ نے فرمایا: کنواری سے اس کے نفس (یعنی شادی کرتے وقت) کے بارے مشورہ کیا جائے گا' اس کا خاموش رہنا اس کا اقرار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا ابْنُ عُيَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفِرْيَابِيُّ

یہ حدیث زہری سے ابن عیینہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں فریابی اکیلے ہیں۔

**4269** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَيَّاتُ مَسْخُ الْجِنِّ، كَمَا مُسِخَتِ الْقِرَدَةُ وَالْخَنَازِيرُ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سانپ جنوں کی مسخ کی ہوئی نسل ہے' جس طرح بنی اسرائیل میں سے کچھ کو مسخ کر کے بندر اور خنزیر بنائے گئے۔

**4270** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ زَمْزَمَ؟، فَقَالَ: إِنَّهَا مُبَارَكَةٌ، طَعَامُ طُعْمٍ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے آبِ زمزم کا ذکر کیا' فرمایا: یہ بابرکت ہے اور کھانے کا کھانا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ

یہ دونوں حدیثیں خالد الحذاء سے عبدالعزیز بن مختار روایت کرتے ہیں۔

**4269**- اسناده صحيح . واخرجه ايضًا في الكبير' والبزار من طريقين' وقال الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **49**: ورجاله رجال الصحيح .

**4270**- اخرجه مسلم: فضائل الصحابة جلد **4** صفحه **1919**' واحمد: المسند جلد **5** صفحه **207-208** رقم الحديث: **21581** من حديث طويل .

Marfat.com

**4271** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خُرُوجُ الْآيَاتِ بَعْضِهَا عَلَى اِثْرِ بَعْضٍ، يَتَتَابَعْنَ كَمَا تَتَابَعُ الْخَرَزُ فِي النِّظَامِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ نشانیوں کا نکلنا' بعض بعض کے پیچھے لگا تار ہوں گی' جس طرح دھاگہ سے موتی گرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا دَاوُدُ الْعَتَكِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الرَّبِيعِ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے داؤد العتکی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوالربیع اکیلے ہیں۔

**4272** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَارِبُوا وَسَدِّدُوا، فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَنْ يُنْجِيَهُ عَمَلُهُ قَالُوا: وَلَا اَنْتَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَتَغَمَّدَنِي اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ وَفَضْلٍ

حضرت ابوہریرہ اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میانہ روی اختیار کرو اور سیدھے رہو' تم میں سے کوئی بھی اپنے عمل سے نجات نہیں پائے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں بھی نہیں مگر یہ کہ اللہ عزوجل نے مجھے اپنی رحمت اور فضل سے گھیر لیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ جَابِرٍ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث اعمش سے ابوصالح اور وہ جابر سے' اعمش سے شریک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حاتم بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

---

**4271**- اسناده صحيح . وذكره الحافظ في المجمع جلد **7** صفحه **324** وقال: ورجاله رجال الصحيح غير عبد الله بن أحمد بن حنبل' وداؤد الزهراني وكلاهما ثقة .

**4272**- أخرجه البخاري: الرقاق جلد **11** صفحه **300** رقم الحديث: **6463** من طريق سعيد المقبري' ومسلم: المنافقين جلد **4** صفحه **2170** واللفظ له .

Marfat.com

4273 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ الْخَيَّاطُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ الزُّبَيْرَ حُضْرَ فَرَسِهِ، بِاَرْضٍ يُقَالُ لَهَا: ثُرَيْرٌ، فَاَجْرَى الْفَرَسَ حَتَّى قَامَ ثُمَّ رَمَى بِسَوْطِهِ فَقَالَ: اَعْطُوهُ حَيْثُ بَلَغَ السَّوْطُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک زمین میں حضرت زبیر کو اپنے گھوڑے کے پاس چھوڑا۔ جس کو ثریر کہا جاتا تھا‘ پس انہوں نے گھوڑے کو دوڑایا یہاں تک کہ وہ کھڑا ہو گیا‘ پھر اپنے کوڑے کے ساتھ مارا‘ پھر کہا: اس کو دے دو جہاں کوڑا پہنچا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث نافع‘ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں‘ اس کو حماد بن خالد روایت کرتے ہیں۔

4274 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ الْكِلَابِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ ثَنِيَّةِ الْاِذْخِرِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ فتح مکہ کے سال ثنیۃ الاذخر کے مقام سے مکہ میں داخل ہوئے تھے (مہمان کو الوداع کہنے کا مقام ثنیہ کہلاتا ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ

یہ حدیث قاسم سے عبیداللہ بن ابی زیادہ روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ربیعہ اکیلے ہیں۔

---

4273- أخرجه أبو داؤد: الامارة جلد 3 صفحه 174 رقم الحديث: 3072‘ وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 212 رقم الحديث: 6464‘ والطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 363 رقم الحديث: 13352 . وقال: وفي اسناده عبد الله بن عمر المكبر العمري الضعيف .

4274- أصله في البخاري ومسلم بلفظ: دخل عام الفتح من كداء وخرج من كدًا من أعلى مكة . أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 511 رقم الحديث: 1578‘ ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 919‘ والبيهقي في دلائل النبوة جلد 5 صفحه 65 بلفظ: دخل رسول الله ﷺ مكة عام الفتح من الثنية العليا التي بأعلى مكة .

Marfat.com

**4275** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْكِسَائِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اسْتَسْقَى حُذَيْفَةُ مِنْ دِهْقَانٍ، فَسَقَاهُ فِي اِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ، فَحَذَفَهُ بِهِ، ثُمَّ قَالَ: لَوْ اَنِّي لَمْ اَتَقَدَّمْ اِلَيْهِ مَرَّةً، اَوْ مَرَّتَيْنِ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَشْرَبَ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَاَنْ نَلْبَسَ الْحَرِيرَ وَالدِّيبَاجَ، فَاِنَّهُ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا، وَهُوَ لَنَا فِي الْآخِرَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ نے ایک کسان دیہاتی سے پانی مانگا تو ان کو پانی چاندی کے برتن میں دیا گیا تو انہوں نے پھینک دیا' پھر فرمایا: میں نے کئی مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نے ہمیں سونا اور چاندی کے برتنوں میں پینے سے منع کیا اور ریشم اور دیباج پہننے سے منع کیا اور فرمایا: یہ کافروں کے لیے دنیا میں ہے اور ہمارے لیے آخرت میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، وَلَا عَنْ فُضَيْلٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْكِسَائِيُّ

یہ حدیث نافع سے فضیل بن غزوان اور فضیل سے محمد بن الفضیل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زکریا بن یحییٰ الکسائی اکیلے ہیں۔

**4276** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نا اَبُو مَعْشَرٍ الْبَرَّاءُ يُوسُفُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ: اَنَّهُ شَهِدَ ذَاكَ حِينَ اَعْطَى عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا جَهَّزَ بِهِ جَيْشَ الْعُسْرَةِ، فَجَاءَ بِسَبْعِمِائَةِ وُقِيَّةٍ مِنْ ذَهَبٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ اس وقت موجود تھے جب حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جنگ تبوک کا سامان تیار کر کے دیا' آپ سات سو اوقیہ سونا لے کر آئے (ایک اوقیہ ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور ایک صاع ساڑھے چار کلو کا ہوتا ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث زہری سے ابراہیم بن عمر بن ابان بن

---

4275- لـه شاهد في البخاري ومسلم عن ابن أبي ليلى قال: كان حذيفة بالمدائن فاستسقى...... فذكره . أخرجه البخاري: اللباس جلد10صفحه296 رقم الحديث: 5831' ومسلم: اللباس جلد3صفحه1637 .

4276- ذكره الهيثمي في المجمع جلد9صفحه88 وقال: وفيه ابراهيم بن عمر بن أبان وهو ضعيف . (ا)وقع في الأصل (يحيى) والتصويب من كلام الطبراني نفسه .

Marfat.com

بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا اَبُو مَعْشَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُقَدَّمِيُّ

عثمان روایت کرتے ہیں اور ابراہیم سے ابومعشر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مقدمی اکیلے ہیں۔

**4277** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي بِخَطِّ يَدِهِ: نا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْمُحْرِمِ يَمُوتُ يُكَفَّنُ فِي ثَوْبَيْهِ، وَلَا يُغَطَّى رَاْسُهُ، وَلَا يُمَسُّ طِيبًا، وَيُغْسَلُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، فَاِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُلَبِّي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو حالت احرام میں مرتا ہے اس کو دو کپڑوں میں کفن دو اور اس کا سر نہ ڈھانپو نہ خوشبو لگاؤ' اس کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو کیونکہ قیامت کے دن یہ تلبیہ پڑھتا ہوا اُٹھے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ اِلَّا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ

یہ حدیث حسن بن صالح سے اسود بن عامر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن حنبل اکیلے ہیں۔

**4278** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، عِشْ مَا شِئْتَ فَاِنَّكَ مَيِّتٌ، وَاعْمَلْ مَا شِئْتَ فَاِنَّكَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: اے محمد ﷺ! زندہ رہیں جتنا آپ چاہیں' آپ نے دنیا سے جانا ہے' جو چاہیں عمل کریں' اس کا آپ کو بدلہ دیا جائے گا' جس سے چاہیں محبت کریں اس سے جدا ہونا ہے' جان لو! مؤمن کی عزت

**4277**- اخرجه البخاري: الجنائز جلد 3صفحه164 رقم الحديث: 1267' ومسلم: الحج جلد2صفحه867 ولفظه لمسلم .

**4278**- اسناده فيه: محمد بن حميد الرازى قال ابن حجر فى التقريب: حافظ ضعيف' وكان ابن معين حسن الرأى فيه' وزافر بن سليمان الأيادى أبو سليمان التهستانى صدوق كثير الأوهام . وقال الهيثمى فى المجمع جلد2صفحه255: وفيه زافر بن سليمان وثقه أحمد وابن معين وأبو داؤد' وتكلم فيه ابن عدى' وابن حبان بما لا يضر' قلت: وفيه من هو أضعف من زافر كما تقدم .

Marfat.com

مَجْزِيٌّ بِهِ، وَاَحْبِبْ مَنْ شِئْتَ فَاِنَّكَ مُفَارِقُهُ، وَاعْلَمْ اَنَّ شَرَفَ الْمُؤْمِنِ قِيَامُ اللَّيْلِ، وَعِزَّهُ اسْتِغْنَاؤُهُ عَنِ النَّاسِ

رات کے قیام کرنے پر ہے اور عزت لوگوں سے بے پرواہ رہنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُيَيْنَةَ اِلَّا زَافِرٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ: اَخُو سُفْيَانَ

یہ حدیث محمد بن عیینہ سے زافر اور محمد بن عیینہ سفیان کے بھائی روایت کرتے ہیں۔

**4279** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: قَالَ نَافِعٌ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اِذَا صَدَرَ اِلَى الْمَدِينَةِ اَنَاخَ بِالْبَطْحَاءِ الَّذِي بِذِي الْحُلَيْفَةِ، الَّتِي كَانَ اَنَاخَ مِنْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب مدینہ آتے تو بطحاء کے مقام پر جو ذی الحلیفہ کے قریب ہے' وہاں آپ اپنے اونٹ کو بٹھاتے (فرماتے تھے:) اس جگہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی سواری کو بٹھایا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ اِلَّا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث زہری سے یونس اور یونس سے حسان بن ابراہیم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ازرق بن علی اکیلے ہیں۔

**4280** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نماز پڑھ رہے ہوتے تو میں آپ کے آگے لیٹی ہوتی تھی۔

---

**4279**- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه692 رقم الحديث: 1767' ومسلم: الحج جلد 2صفحه 981 رقم الحديث: 432 (باب التعريس بذى الحليفة) .

**4280**- أصله في البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1صفحه699 رقم الحديث: 512 من طريق مسدد قال: حدثنا يحيى به قالت: كان النبي ﷺ يصلي وأنا راقدة معترضة على فراشه . ومسلم: الصلاة جلد 1صفحه366 . من طريق أبو بكر بن أبي شيبة' حدثنا وكيع به قالت كان النبي ﷺ يصلي صلاته من الليل' كلها . وأنا معترضة بينه وبين القبلة .

Marfat.com

يُصَلِّي وَاَنَا مُعْتَرِضَةٌ قُدَّامَهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ اِلَّا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث یعقوب بن عطاء سے ابواسماعیل المؤدب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سریج بن یونس اکیلے ہیں۔

**4281** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِي حُبَيْشٍ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ، اَفَاَتْرُكُ الصَّلَاةَ؟ قَالَ: اِنَّ تِيكِ لَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ، اِنَّمَا ذٰلِكَ عِرْقٌ، فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَاتْرُكِي الصَّلَاةَ، وَاِذَا وَلَّتْ اَوْ قَالَتْ: اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِي عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ بنت حبیش رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں حالت استحاضہ میں ہوتی ہوں' میں پاک نہیں رہتی ہوں' کیا میں نماز چھوڑ دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ ایک رگ کا پھٹنا ہے یہ حیض نہیں ہے' جب حیض آئے تو نمازیں چھوڑ دے' جب اس کے دن مکمل ہو جائیں تو اس خون کو دھو اور نماز پڑھ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ

یہ حدیث ایوب سے اسماعیل بن علیہ روایت کرتے ہیں۔

**4282** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً فَاِنْ كَانَتْ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ہجرت میں سبقت لے گیا ہے قوم کی وہ امامت کروائے' اگر ہجرت کرنے میں برابر ہیں تو جو عمر میں بڑا ہے وہ امامت کروائے' اگر عمر میں بھی برابر ہوں تو وہ امامت کروائے جو زیادہ قاری ہو۔

**4281**- أخرجه البخاری: الحيض جلد **1** صفحه **487** رقم الحديث: **306**' ومسلم: الحيض جلد **1** صفحه **262** .

**4282**- أخرجه مسلم: المساجد جلد **1** صفحه **465**' وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **156** رقم الحديث: **584**' والترمذی: الصلاة جلد **1** صفحه **458** رقم الحديث: **235**' وأحمد: المسند جلد **5** صفحه **321** رقم الحديث: **22403** ملحوظة . عقبة بن عمرو هو أبو مسعود عقبة بن عمرو الأنصاری رضی الله عنه .

Marfat.com

هِجْرَتُهُمْ سَوَاءً فَأَقْدَمُهُمْ سِنًّا، فَإِنْ كَانُوا فِي السِّنِّ سَوَاءً فَأَقْرَؤُهُمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ إِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے عبدالوارث روایت کرتے ہیں۔

4283 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنَّا نُقَلِّدُ الشَّاءَ، فَيُرْسِلُ بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَالًا، لَمْ يُحَرِّمْ شَيْئًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم بکری کو قلادہ پہناتی تھیں' اس کو حضور ﷺ بھیجتے تھے جبکہ آپ حالت احرام میں نہیں ہوتے تھے' اب کوئی شے حرام نہیں کرتے تھے۔

4284 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ أَبِي لُبَابَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، وَذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ: نَسِيتُ آيَةَ كَيْتَ وَكَيْتَ، فَإِنَّهُ لَيْسَ هُوَ نَسِيَ وَلَكِنَّهُ نُسِّيَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے حوالہ سے ذکر کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میں فلاں فلاں آیت بھول گیا' یہ بھولنے والی نہیں ہے بلکہ بھلا دی گئی ہے۔

4285 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ قَالَ: نا عَبْدُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ تین رکعت وتر پڑھتے تھے' پہلی رکعت میں سبح اسم ربک

4283- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه959' والنسائي: المناسك جلد5صفحه135 (باب تقليد الغنم)' وأحمد: المسند جلد6صفحه278 رقم الحديث: 26179 .

4284- أخرجه البخاري: فضائل القرآن جلد 8صفحه703 رقم الحديث: 5039' ومسلم: المسافرين جلد 1صفحه544 ولفظه لمسلم .

4285- أخرجه الترمذي: جلد 2صفحه326 رقم الحديث: 463 وقال: هذا حديث حسن غريب . وابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه371 رقم الحديث: 1173' وأحمد: المسند جلد6صفحه253 رقم الحديث: 25960 .

Marfat.com

الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبْزَى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِثَلَاثٍ، يَقْرَاُ فِي الْاُولَى سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ وَفِي الثَّالِثَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

الاعلیٰ، دوسری میں قل یا ایھا الکافرون، تیسری میں قل ھواللہ احد پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ وَلَمْ يَقُلْ فِي حَدِيثِ الْوِتْرِ، عَنِ ابْنِ اَبْزَى، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے عبدالوارث روایت کرتے ہیں۔وتر کی حدیث میں ابن ابزیٰ حضرت عائشہ سے روایت کرتے ہیں اور ابن ابزیٰ سے روایت کرنے والے جعفر بن مہران السباک ہیں۔

**4286** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التِّرْمِذِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى وَالِدِي طَاوُسٍ، اَنَّهُ قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ فَاِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ فَقَدْ عَصَمُوا دِمَاءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ، اِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن طاؤس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد طاؤس پر گواہی دیتا ہوں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما پر گواہ ہوں' وہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ پر گواہ ہوں کہ آپ نے فرمایا: مجھے لوگوں سے جہاد کرنے کا حکم دیا گیا ہے یہاں تک کہ لوگ لا الہ الا اللہ پڑھ لیں' جب وہ ایسا کرلیں گے تو انہوں نے اپنے خون اور اموال بچا لیے ہیں مگر حق کے ساتھ' اور ان کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَاوُسٍ اِلَّا ابْنُهُ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عَامِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التِّرْمِذِيُّ

یہ حدیث طاؤس سے ان کے بیٹے اور ابن طاؤس سے سفیان بن عامر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صالح بن عبداللہ الترمذی اکیلے ہیں۔

4286- اخرجه مسلم: الايمان جلد 1 صفحه 52-53 من طريق سفيان عن أبي الزبير والزبيري: التفسير جلد 5 صفحه 439 رقم الحديث: 3341' وابن ماجة: الفتن جلد 2 صفحه 1295 رقم الحديث: 3928' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 368 رقم الحديث: 14219 .

Marfat.com

**4287** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي جَبَانٌ، وَاِنِّي ضَعِيفٌ، فَقَالَ: هَلُمَّ اِلَى جِهَادٍ لَا شَوْكَةَ فِيهِ: الْحَجِّ

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: میں بزدل اور کمزور ہوں' آپ نے فرمایا: تم ایسے جہاد کی طرف کیوں نہیں جاتے ہو جس میں کوئی تکلیف نہیں ہے' وہ حج ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حسین بن علی سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4288** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ: نا هُرَيْمُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَدُفِنَ لَيْلَةَ الْاَرْبَعَاءِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال پیر کے دن ہوا' آپ کو بدھ کے دن دفن کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هُرَيْمِ بْنِ سُفْيَانَ اِلَّا اَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ

یہ حدیث ہریم بن سفیان سے اسود بن عامر روایت کرتے ہیں۔

**4289** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ قَالَ: نا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ طُفَيْلٍ اَبُو سِيدَانَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ وہ دجال کے آنے کی تمنا کریں گے۔ میں

4287- اسناده صحيح . وأخرجه أيضًا في الكبير . وذكره الهيثمي في المجمع جلد3صفحه209 وقال: ورجاله ثقات .

4288- أخرجه أحمد: المسند جلد6صفحه123 رقم الحديث:24844 .

4289- اسناده فيه: شداد بن عمار ترجمه البخاري في تاريخه جلد4صفحه225' وابن أبي حاتم جلد4صفحه328 وسكتا عنه' وأشار الى هذا الحديث' وذكره ابن حبان في الثقات جلد4صفحه358 . وأخرجه أيضًا البزار' وقال الهيثمي في المجمع جلد7صفحه288: رواه الطبراني في الأوسط' ورجاله ثقات' ورواه البزار بنحوه ورجاله ثقات .

Marfat.com

الْعَبْسِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ شَدَّادًا اَبَا عَمَّارٍ، يَقُولُ: قَالَ حُذَيْفَةُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَاْتِيَنَّ عَلَى اُمَّتِي زَمَانٌ يَتَمَنَّوْنَ فِيهِ الدَّجَّالَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، مِمَّ ذَاكَ؟ قَالَ: مِمَّا يَلْقَوْنَ مِنَ الْعَنَاءِ وَالْعَنَاءِ

نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! کیوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مشکلات آنے کی وجہ سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ طُفَيْلٍ اِلَّا قَبِيصَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ

یہ حدیث عبید بن طفیل سے قبیصہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن عمر الوکیعی اکیلے ہیں۔

**4290** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا ثَابِتُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُمَيْعٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: قَالَ لِي اَبُو الطُّفَيْلِ: اَدْرَكْتُ ثَمَانَ سِنِينَ مِنْ حَيَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَوُلِدْتُ عَامَ اُحُدٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ اَبِي: قَدِمَ عَلَيْنَا ثَابِتُ بْنُ الْوَلِيدِ مِنَ الْكُوفَةِ، فَنَزَلَ مَدِينَةَ اَبِي جَعْفَرٍ، فَذَهَبْتُ اَنَا وَيَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، فَسَمِعْنَا مِنْهُ اَحَادِيثَ

حضرت ثابت بن ولید بن عبداللہ بن جمیع فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا کہ مجھے ابوطفیل نے کہا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کے آٹھ سال پائے ہیں' میں جنگ اُحد کے سال پیدا ہوا تھا۔ عبداللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے فرمایا: ثابت بن ولید ہمارے پاس کوفہ سے آئے تھے' مدینہ شریف میں ابوجعفر کے پاس رہے' میں اور یحییٰ بن معین ان کے پاس آئے' ہم نے ان سے احادیث سنیں۔

**4291** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْوَرْكَانِيُّ قَالَ: نا اَبُو شِهَابٍ الْحَنَّاطُ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اَعُوذُ بِاللّٰهِ الَّذِي يُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، وَذَرَاَ

4290- اسناده حسن فيه: ثابت بن الوليد بن جميع الزهرى قال أبو حاتم: صالح الحديث (الجرح جلد 2 صفحه 458).
واخرجه أيضًا أحمد. وقال الهيثمى فى المجمع جلد 1 صفحه 202: واسناده حسن.

4291- اسناده فيه: ابن أبى صدوق سيىء الحفظ. وقال الهيثمى فى المجمع جلد 10 صفحه 122: ورجاله ثقات وفى بعضهم خلاف لا يضر. قلت: اسناده ضعيف لأجل ابن أبى ليلى كما تقدم.

Marfat.com

اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اَعُوذُ بِاللّٰهِ الَّذِي يُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، وَذَرَاَ وَبَرَاَ، مَنْ قَالَهُنَّ عُصِمَ مِنْ كُلِّ سَاحِرٍ، وَكَاهِنٍ، وَشَيْطَانٍ وَحَاسِدٍ

وَبَرَاَ'' جس نے ان کلمات کو پڑھ لیا' اس کو ہر جادوگر' کاہن اور شیطان اور حاسد سے محفوظ رکھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا ابْنُ اَبِي لَيْلَى، وَلَا عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا اَبُو شِهَابٍ

یہ حدیث حکم سے ابن ابی لیلیٰ اور ابن ابی لیلیٰ سے ابوشہاب روایت کرتے ہیں۔

**4292** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ: نا ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى حِمَارًا، قَدْ وُسِمَ فِي وَجْهِهِ، فَقَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ فَعَلَ هَذَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک گدھا دیکھا' اس کے چہرے کو داغا ہوا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے یہ کیا ہے وہ اللہ کی رحمت سے دور ہوا۔

**4293** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ: نا ثُمَامَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمْ يَخْلَعِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعْلَيْهِ فِي الصَّلَاةِ اِلَّا مَرَّةً، فَخَلَعَ الْقَوْمُ نِعَالَهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِمَ خَلَعْتُمْ نِعَالَكُمْ؟ قَالُوا: رَاَيْنَاكَ خَلَعْتَ، فَخَلَعْنَا فَقَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَخْبَرَنِي اَنَّ بِهِمَا قَذَرًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز کے دوران سوائے ایک مرتبہ کے اپنی نعلین مبارک نہیں اتاری ہیں' آپ نے اُتاری تو صحابہ کرام نے بھی اُتارنی شروع کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم نے جوتیاں کیوں اُتاری ہیں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: ہم نے آپ کو اُتارتے ہوئے دیکھا تو ہم نے بھی اتار دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے بتایا کہ ان دونوں کے نیچے نجاست لگی ہوئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ ثُمَامَةَ اِلَّا عَبْدُ

یہ دونوں حدیثیں ثمامہ سے عبداللہ بن مثنیٰ

**4292**- اسناده صحيح . وأخرجه أيضًا البزار . وقال الهيثمي في المجمع جلد8 صفحه113: ورجال البزار ثقات .

**4293**- قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2 صفحه59: ورجال الأوسط رجال الصحيح . وعزاه أيضًا الى البزار وقال: رواه باختصار .

Marfat.com

اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى الْاَنْصَارِيُّ

4294 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطُّفَاوِيُّ قَالَ: نا اَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ سَلَمَةَ قَالَ: كُنَّا مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ بِمَكَّةَ، فَقُلْتُ: اِنَّا اِذَا كُنَّا مَعَكُمْ صَلَّيْنَا اَرْبَعًا، وَاِذَا رَجَعْنَا اِلَى رِحَالِنَا صَلَّيْنَا رَكْعَتَيْنِ؟ قَالَ: تِلْكَ سُنَّةُ اَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطُّفَاوِيُّ، وَالْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ

4295 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نا اَبُو اُوَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ صَبِيٍّ يَبْكِي، فَقَالَ: مَا بِصَبِيِّكُمْ هَذَا يَبْكِي؟ هَلَّا اسْتَرْقَيْتُمْ لَهُ مِنَ الْعَيْنِ؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ اِلَّا اَبُو اُوَيْسٍ

4296 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ اَبُو قُدَامَةَ الْعُمَرِيُّ قَالَ: حَدَّثَتْنَا عَائِشَةُ بِنْتُ سَعْدٍ، عَنْ اُمِّ

الانصاری روایت کرتے ہیں۔

حضرت موسیٰ بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے ساتھ مکہ میں تھے' میں نے عرض کی: جب ہم آپ کے ساتھ ہوتے ہیں تو ہم چار رکعت پڑھتے ہیں اور جب ہم اپنے گھروں کو جاتے ہیں تو دو پڑھتے ہیں؟ فرمایا: یہ ابوالقاسم ﷺ کی سنت ہے۔

یہ حدیث ایوب سے محمد بن عبدالرحمٰن الطفاوی اور حارث بن عمیر روایت کرتے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے ہاں آئے تو آپ نے ایک بچہ کے رونے کی آواز سنی' آپ ﷺ نے فرمایا: بچہ کیوں رو رہا ہے؟ کیا تم اسے نظر کا دم نہیں کرواتے۔

یہ حدیث عبداللہ بن ابی بکر سے ابواویس روایت کرتے ہیں۔

حضرت اُم ذرہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو چاشت کی نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اور آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو چار رکعتیں ہی پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔

---

4294- اخرجه احمد: المسند جلد1صفحه284 رقم الحديث: 1867 .

4295- اخرجه احمد: المسند جلد6صفحه81 رقم الحديث: 24496 .

4296- اخرجه احمد: المسند جلد6صفحه118 رقم الحديث: 24799 .

Marfat.com

ذَرَّةٍ، قَالَتْ: رَايَتُ عَائِشَةَ تُصَلِّي الضُّحَى، فَتَقُولُ: مَا رَايَتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي اِلَّا اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ ذَرَّةٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَرِضْوَانُهُ عَلَيْهِ

یہ حدیث اُم ذرہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں احمد بن حنبل اکیلے ہیں' اللہ کی ان پر رحمت ہو اور اللہ ان سے راضی ہو۔

**4297** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا وَكِيعٌ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمُجَالِدِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ انْتَفَى مِنْ وَلَدِهِ لِيَفْضَحَهُ فِي الدُّنْيَا، فَضَحَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رُءُوسِ الْاَشْهَادِ قِصَاصٌ بِقِصَاصٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بچہ کی نفی کی' دنیا میں اسے رسوا کرنے کے لیے اللہ عزوجل اسے قیامت کے دن تمام مخلوق کے سامنے بدلے کے طور پر رسوا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي الْمُجَالِدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَكِيعٌ

یہ حدیث مجاہد سے محمد بن ابومجالد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں وکیع اکیلے ہیں۔

**4298** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ قَالَ: نا فُرَاتُ بْنُ اَحْنَفَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، قَامَ خَطِيبًا فِي الرَّحْبَةِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُولَ، ثُمَّ دَعَا بِكُوزٍ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ، فَمَضْمَضَ مِنْهُ

حضرت ربعی بن حراش رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ایک کشادہ جگہ میں خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے' اللہ کی حمد وثناء بیان کی جو اس کے لائق ہے' پھر فرمایا جو اللہ نے کہنا چاہا' پھر ایک برتن میں زمزم کا پانی منگوایا' اس سے کلی کی اور مسح کیا اور وضو سے بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر پیا۔ پھر فرمایا: مجھے خبر ملی ہے کہ تم میں سے کوئی آدمی ایسا

---

**4297**- اسناده صحيح . وأخرجه أيضًا في الكبير' وأحمد . وقال الهيثمي في المجمع جلد5صفحة18: ورجال الطبراني رجال الصحيح' خلا عبد الله بن أحمد وهو ثقة امام .

**4298**- أخرجه البخاري: الأشربة جلد10صفحة83 رقم الحديث: 5615 من طريق عبد الملك بن ميسرة عن النزال مختصرًا . وأحمد: المسند جلد1صفحة127 رقم الحديث: 800 ولفظه عنده .

Marfat.com

وَمَسَحَ وَشَرِبَ فَضْلَ وَضُوئِهِ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ قَالَ: بَلَغَنِي أَنَّ الرَّجُلَ مِنْكُمْ يَكْرَهُ أَنْ يَشْرَبَ وَهُوَ قَائِمٌ، وَهَذَا وُضُوءُ مَنْ لَمْ يُحْدِثْ، وَرَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ هَكَذَا

کرنے کو مکروہ جانتا ہے کہ وہ کھڑے ہو کر پانی پئے' یہ وضو ہے' اس کا جس کو حدث لاحق نہیں ہوا اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسے ایسے کرتے دیکھا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رِبْعِيٍّ إِلَّا أَحْنَفُ أَبُو فُرَاتٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ

یہ حدیث ربعی سے احنف ابوفرات روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوعبیدہ بن عیاض اکیلے ہیں۔

**4299** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ سَالِمٍ الشَّاشِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ أَنْتَ إِذَا بَقِيتَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ، قَدْ مَرِجَتْ فِيهَا عُهُودُهُمْ وَأَمَانَاتُهُمْ، وَاخْتَلَفُوا فَصَارُوا هَكَذَا؟ وَخَالَفَ بَيْنَ أُصْبُعَيْهِ، قَالُوا: كَيْفَ الْمَخْرَجُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: خُذْ مَا عَرَفْتَ. وَدَعْ مَا أَنْكَرْتَ وَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَإِيَّاكَ وَعَوَامَّهُمْ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: وہ وقت کیسا ہوگا جب تو کم درجہ لوگوں میں ہوگا (یعنی ان میں ایمان والے کم ہوں گے) ان میں وعدہ اور امانت ختم ہو جائے گی اور اختلاف کریں گے' ایسے ہو جائیں گے؟ آپ نے دو انگلیوں کا فرق کیا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس فتنے سے کیسے نکلا جائے گا؟ آپ نے فرمایا: تو جس کو نیکی جانے وہ لے لے جو تیرے نزدیک بُرائی ہو اس کو چھوڑ دے' تم پر خاص اپنی جان کی حفاظت لازم ہے' ان کی اکثریت سے بچنا۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ إِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ سَالِمٍ

یہ حدیث ایوب سے معمر اور معمر سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عیسیٰ بن سالم اکیلے ہیں۔

---

4299- اخرجه احمد: المسند جلد 2 صفحه 219 رقم الحديث: 6515 . والحديث عند البخاري مختصرًا من حديثين بلفظ: شبك النبي ﷺ اصابعه' والثاني بلفظ: كيف اذا بقيت في حثالة من الناس بهذا . البخاري: الصلاة جلد 1 صفحه 673 رقم الحديث: 478-479-480 .

Marfat.com

4300 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دِينَارٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ الْخَيَّاطُ، عَنْ بِشْرِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حُمَيْدٍ الْاَزْرَقِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَرَاَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (اِنَّهُ عَمِلَ غَيْرَ صَالِحٍ) (هود: 46 )

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت اس طرح پڑھی: ''انه عمل غير صالح'' (جبکہ ہماری قرأت میں ''اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ'')۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَسْرُوقٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ دِينَارٍ

یہ حدیث مسروق سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن دینار اکیلے ہیں۔

4301 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبَانَ قَالَ: نا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ قَالَ: نا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَمْسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَاِنْ جَاءَ اَحَدُنَا مِنَ الْغَائِطِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں بول و براز کے بعد موزوں پر مسح کرنے کا حکم دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ اِلَّا عنسبَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ

یہ حدیث عکرمہ بن عمار سے عنبسہ بن عبدالواحد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن عمر بن ابان اکیلے ہیں۔

4302 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ قَالَ: نا هَاشِمُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَنَسِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی اور عرض کی: میں نے زنا کیا ہے اور میں حاملہ ہو چکی ہوں۔ آپ نے فرمایا: واپس چلی جاؤ یہاں تک کہ حمل جن لو' اگر تو واپس

4300- اسناده فيه: حميد الأزرق هو حميد بن زاذوية مولى خزاعة . ذكره ابن حبان في الثقات' وله ترجمة في التهذيب جلد3صفحه40 وقال ابن حجر في التقريب: مجهول . وقال الهيثمي في المجمع جلد7صفحه158: وفيه حميد الأزرق ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

4302- ذكره الهيثمي في المجمع جلد6صفحه271 وقال: وفيه الحارث بن نبهان وهو متروك .

Marfat.com

بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ امْرَاَةً اَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اِنَّهَا قَدْ زَنَتْ، وَكَانَتْ حَامِلًا، فَقَالَ: انْطَلِقِي حَتّٰى تَضَعِي حَمْلَكِ وَلَوْ لَمْ تَرْجِعْ اِلَيْهِ لَمْ يُرْسِلْ اِلَيْهَا، فَوَضَعَتْ حَمْلَهَا، ثُمَّ اَتَتْهُ، فَقَالَ: انْطَلِقِي حَتّٰى تَفْطِمِي وَلَدَكِ فَاتَتْهُ، وَلَوْ لَمْ تَاْتِهِ لَمْ يُرْسِلْ اِلَيْهَا، فَجَاءَتْ بَعْدَمَا فَطَمَتْهُ، فَرَجَمَهَا

نہیں آئے گی تو تجھے بلانے کے لیے کوئی فرد نہیں بھیجا جائے گا' اس نے بچہ جنا پھر آئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو واپس جا اور اپنے بچہ کو دودھ پلا' تُو اگر خود آئی تو ٹھیک ہے' اگر نہ آئی تو تجھے بلانے کے لیے کوئی آدمی نہیں بھیجا جائے گا' وہ دودھ پلانے کے بعد آئی تو اسے رجم کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ

یہ حدیث بکر بن عبداللہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں سعد بن ربیع السمان اکیلے ہیں۔

**4303** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نا جَرِيرٌ، عَنْ اَبِي جَنَابٍ الْكَلْبِيِّ، عَنْ مَغْرَاءَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يُجِبْ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ، فَلَا صَلَاةَ لَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے اذان سنی اور عذر بھی کوئی نہ تھا اور اس نے جواب نہیں دیا تو اس کی نماز ہی نہیں ہے (یہ ارشاد مبارک ڈانٹ ڈپٹ کے لیے ہے' نماز تو ہو جائے گی)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَغْرَاءَ اِلَّا اَبُو جَنَابٍ وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي جَنَابٍ اِلَّا جَرِيرٌ تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو مَعْمَرٍ

یہ حدیث مغراء سے ابو جناب اور ابو جناب سے جریر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابو معمر اکیلے ہیں۔

**4304** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْجَرَوِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ قَالَ: نا هُشَيْمٌ،

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بطن وادی کے مقام سے کنکری ماری' پھر فرمایا: یہ وہ مقام ہے جس جگہ

4303- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 446 رقم الحديث: 12266' وابن حبان (426/موارد) وعند ابن ماجة بلفظ: من سمع النداء فلم ياته.....فذكره' وابن ماجة: المساجد جلد 1 صفحه 260 رقم الحديث: 793 .

4304- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 678 رقم الحديث: 1747 .

Marfat.com

عَنْ مُغِيرَةَ، وَابْنِ عَوْنٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ: اَنَّهُ رَمَى الْجَمْرَةَ مِنْ بَطْنِ الْوَادِي، ثُمَّ قَالَ: هٰذَا مَقَامُ الَّذِي نَزَلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ

سورۂ بقرہ نازل ہوئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا هُشَيْمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ

یہ حدیث ابن عون سے ہشیم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن حسان اکیلے ہیں۔

**4305** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ اَبِي عَاصِمٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا كَثِيرُ بْنُ فَائِدٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ السَّمَّاكُ قَالَ: سَمِعْتُ بَكْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيَّ قَالَ: نَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ قَالَ: يَا ابْنَ آدَمَ، لَوْ بَلَغَتْ ذُنُوبُكَ عَنَانَ السَّمَاءِ ثُمَّ اسْتَغْفَرْتَنِي لَغَفَرْتُ لَكَ وَلَا اُبَالِي، يَا ابْنَ آدَمَ، لَوْ اَتَيْتَ بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطَايَا ثُمَّ لَقِيتَنِي لَا تُشْرِكُ بِي شَيْئًا لَاَتَيْتُكَ بِقُرَابِهَا مَغْفِرَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: اے ابن آدم! اگر تیرے گناہ آسمان تک لے جائیں پھر تو مجھ سے بخشش طلب کرے تو میں تیرے گناہ معاف کر دوں گا' مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے' اے انسان! اگر تو میرے پاس اس حالت میں آئے کہ تیرے گناہوں سے زمین بھری ہوئی ہو تو پھر مجھ سے ملے تو میں زمین بھر کر تیری بخشش کروں گا' بشرطیکہ تو نے میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا كَثِيرُ بْنُ فَائِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو عَاصِمٍ

یہ حدیث بکر بن عبداللہ المزنی سے سعید بن عبید اور سعید سے کثیر بن فائد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوعاصم اکیلے ہیں۔

**4306** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل جب اپنے بندوں پر رحمت کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو ان سے

---

**4305**- اخرجه الترمذي: الدعوات جلد5صفحه548 رقم الحديث: 3540 . وقال: هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه . انظر الترغيب للمنذري جلد2صفحه467 رقم الحديث: 2 .

**4306**- اخرجه مسلم: الفضائل جلد4صفحه1791' والبيهقي في دلائل النبوة جلد3صفحه77 .

Marfat.com

اَبِی، عَنْ اَبِی بُرْدَةَ، عَنْ اَبِی مُوسَی، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَرَادَ رَحْمَةَ اُمَّةٍ مِنْ عِبَادِهِ قَبَضَ نَبِیَّهَا قَبْلَهَا، فَجَعَلَهُ سَلَفًا وَفَرَطًا بَیْنَ یَدَیْهَا، وَاِذَا اَرَادَ هَلَاکَهَا عَذَّبَهَا وَنَبِیُّهَا حَیٌّ، وَهُوَ یَنْظُرُ، فَاَقَرَّ عَیْنَهُ بِهَلَاکِهَا حِینَ کَذَّبُوهُ، وَعَصَوْا اَمْرَهُ

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ اَبِی مُوسَی اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَوَارِیرِیُّ

پہلے اس اُمت کے نبی کو اپنے پاس بلا لیتا ہے اس کے آگے اچھا ثواب رکھتا ہے جب کسی اُمت کو عذاب کے ساتھ ہلاک کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو اس اُمت کے نبی کو زندہ رکھتا ہے وہ ان کو دیکھ رہا ہوتا ہے اور اپنی آنکھوں کو ٹھنڈی کر رہا ہوتا ہے جس وقت جنہوں نے اس کو جھٹلایا اور نافرمانی کی ہوتی ہے۔

یہ حدیث ابوموسیٰ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں قواریری اکیلے ہیں۔

**4307** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِیُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ عَلِیٍّ قَالَ: خَرَجَ عُبَیْدٌ مِنْ اَهْلِ مَکَّةَ اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْحُدَیْبِیَةِ قَبْلَ الصُّلْحِ، فَاَسْلَمُوا فَبَعَثَ اِلَیْهِ مَوَالِیهِمْ مِنْ اَهْلِ مَکَّةَ، وَاللّٰهِ یَا مُحَمَّدُ: مَا خَرَجُوا اِلَیْکَ رَغْبَةً فِی دِینِکَ، وَلَکِنَّهُمْ اِنَّمَا خَرَجُوا هَرَبًا مِنَ الرِّقِّ، فَقَالَ رِجَالٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقُوا یَا رَسُولَ اللّٰهِ، رُدَّهُمْ اِلَیْهِمْ، فَغَضِبَ، ثُمَّ قَالَ: مَا اُرَاکُمْ یَا مَعْشَرَ قُرَیْشٍ تَنْتَهُونَ حَتَّی یَبْعَثَ اللّٰهُ عَلَیْکُمْ مَنْ یَضْرِبُ اَعْنَاقَکُمْ عَلَی هَذَا الدِّینِ وَاَبَی اَنْ یَرُدَّهُمْ، وَقَالَ: هُمْ عُتَقَاءُ اللّٰهِ وَخَرَجَ آخَرُونَ بَعْدَ الصُّلْحِ، فَرَدَّهُمْ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل مکہ کے کچھ غلام حدیبیہ کے دن صلح سے پہلے حضور ﷺ کے پاس آئے اور مسلمان ہوئے آپ کی طرف ان کے آقاؤں نے پیغام بھیج دیا: قسم بخدا! اے محمد! یہ تیرے دین کی رغبت کے لیے نہیں نکلے بلکہ غلامی سے بھاگ کے نکلے ہیں۔ حضور ﷺ کے اصحاب نے عرض کی: یا رسول اللہ! انہوں نے سچ کہا ہے ان کو ان کی طرف واپس بھیج دو! آپ ناراض ہوئے پھر فرمایا: اے قریش کے گروہ! میں تمہیں دیکھ رہا ہوں کہ تم اپنی روش سے باز نہ آؤ گے یہاں تک کہ اللہ عزوجل تم پر بھیجے گا جو تمہاری گردنیں اُتارے گا اس دین پر آپ نے انکار کیا واپس کرنے سے تو آپ نے فرمایا: یہ اللہ کے آزاد کردہ ہوتے ہیں دوسرے صلح کے بعد نکلے تو آپ نے ان کو واپس کر دیا۔

**4307**- اخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد **3** صفحه **65** رقم الحديث: **2700** والبيهقي في الكبرى جلد **9** صفحه **383** رقم الحديث: **18838** . انظر نصب الراية جلد **3** صفحه **280-281** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث ابان بن صالح سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد اکیلے ہیں۔

**4308** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو مَعْمَرٍ اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً مِنْ اَهْلِهَا حَتَّى يُصَلَّى عَلَيْهَا فَلَهُ قِيرَاطٌ، وَمَنْ تَبِعَهَا حَتَّى تُدْفَنَ فَلَهُ قِيرَاطَانِ، اَصْغَرُهُمَا مِثْلُ اُحُدٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جنازہ کے پیچھے آیا اور نمازِ جنازہ پڑھی اس کے لیے ایک قیراط کے برابر ثواب ہے جو جنازہ کے پیچھے چلا اور نمازِ جنازہ پڑھی پھر دفن کر کے واپس آیا تو دو قیراط ثواب ہے قیراط اُحد پہاڑ کی مثل ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ اِلَّا عُبَيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث عمارہ بن غزیہ سے عبیدہ بن حمید روایت کرتے ہیں۔

**4309** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الرَّقَاشِيُّ الْخَزَّازُ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ: نَا اَيُّوبُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي الصَّلَاةِ عَلَى الْمَيِّتِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، وَصَلِّ عَلَيْهِ، وَبَارِكْ فِيهِ، وَاَوْرِدْهُ حَوْضَ رَسُولِكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک میت پر نمازِ جنازہ پڑھتے ہوئے سنا: اے اللہ! اس کو بخش دے! اس پر رحمت بھیج، اس میں برکت دے! اس کو اپنے رسول کے حوض پر پیش کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا اَيُّوبُ، وَلَا عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ:

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے ایوب اور ایوب سے عاصم بن ہلال روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے

4308- اصله في البخاری ومسلم . أخرجه البخاری: الایمان جلد1صفحه133 رقم الحديث: 47، ومسلم: الجنائز جلد2صفحه653 .

4309- اسناده فيه: عاصم بن هلال البارقی أبو النضر البصری، ضعفه الأكثرون وحسن حاله البعض، وقال ابن حجر: فيه لين . وأخرجه أيضًا أبو يعلى في المقصد العلى . وقال الهيثمی فی المجمع جلد3صفحه36: وفيه عاصم بن هلال وثقه أبو حاتم، وضعفه غيره .

Marfat.com

زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى

میں زکریا بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

4310 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَّلُ مَنْ يُصَافِحُهُ الْحَقُّ عُمَرُ، وَأَوَّلُ مَنْ يَأْخُذُ بِيَدِهِ فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل سب سے پہلے عمر سے مصافحہ کرے گا اور اس کے ہاتھ کو پکڑ کر جنت میں داخل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، وَعُمَرُ بْنُ قَيْسٍ

یہ حدیث زہری سے صالح بن کیسان اور عمر بن قیس روایت کرتے ہیں۔

4311 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، نا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: نا ابْنُ هُرْمُزَ الْأَعْرَجُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الشِّغَارِ

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نکاح شغار سے منع کیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث معاویہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

4312 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

4310- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 39 رقم الحديث: 104 في الزوائد: اسناده ضعيف فيه: داؤد بن عطاء المدني، وقد اتفقوا على ضعفه: وباقي رجاله ثقات. وقال السيوطي: وقال الحافظ عماد الدين بن كثير، في جامع المسانيد: هذا حديث منكر جدًا، وما هو أبعد من أن يكون موضوعًا والحاكم في المستدرك جلد 3 صفحه 84 .

4311- أخرجه أبو داؤد: النكاح جلد 2 صفحه 234 رقم الحديث: 2075، وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 117 رقم الحديث: 16862، والطبراني في الكبير جلد 19 صفحه 346 رقم الحديث: 803 .

4312- أخرجه البخاري: فضل الصلاة في مسجد مكة والمدينة جلد 3 صفحه 84 رقم الحديث: 1197، ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 975 (باب سفر المرأة مع محرم الى حج وغيره) .

Marfat.com

حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: نا اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ قُسَيْمٍ، مَوْلَى عُمَارَةَ، عَنْ قَزَعَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَالْمَسْجِدِ الْاَقْصَى وَمَسْجِدِي

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اپنی سواریاں نہ باندھو مگر تین مسجدوں کی طرف: مسجد حرام، مسجد اقصیٰ اور مسجد نبوی ﷺ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُسَيْمٍ اِلَّا اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، وَلَا عَنْ اَبَانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث قسیم سے ابان بن صالح اور ابان سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**4313** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: اَتَيْتُهُ، يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَلَيْهِ خَمِيصَةٌ، وَهُوَ فِي حَائِطٍ، يَسِمُ الظَّهْرَ قَالَ: رُوَيْدًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو آپ نے چادر لی ہوئی تھی اور آپ ایک باغ میں تھے، آپ اونٹ کو داغ رہے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھہرو!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، وَحَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ وَرْدَانَ

یہ حدیث ابن عون سے ابن ابی عدی اور حاتم بن وردان روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں ابوکامل الجحدری، حاتم بن وردان اکیلے ہیں۔

**4314** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا حُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَشْقَرُ قَالَ: نا جَعْفَرٌ الْاَحْمَرُ، عَنْ مُخَوَّلٍ، عَنْ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب غصہ کی حالت میں ہوتے تو آپ سے سوائے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کوئی گفتگو کرنے کی جرأت

**4314**- اسناده فيه: حسين بن الحسن الأشقر صدوق يهم ويغلو في التشيع، ومنذر هو ابن يعلى لم يسمع من أم سلمة . وقال الهيثمي في المجمع جلد9صفحه119: وفيه حسين بن حسن الأشقر، وثقه ابن حبان، وضعفه الجمهور، وبقية رجاله وثقوا .

Marfat.com

مُنْذِرٍ الثَّوْرِیّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا غَضِبَ لَمْ يَجْتَرِءْ اَحَدٌ اَنْ يُكَلِّمَهُ، اِلَّا عَلِیٌّ

نہیں کرتا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: حُسَيْنٌ الْاَشْقَرُ

حضرت اُم سلمہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں حسین اشقر اکیلے ہیں۔

**4315** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبَانَ قَالَ: نا عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثٌ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ فِی الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے موزوں پر مسح کی مدت مقیم کے لیے ایک دن اور مسافر کے لیے تین دن مقرر کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ اِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَلَا عَنِ الْقَاسِمِ اِلَّا عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ

یہ حدیث طلحہ بن مصرف سے قاسم بن ولید اور قاسم سے عبیدہ بن اسود روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن عمر بن ابان اکیلے ہیں۔

**4316** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی مَنْصُورُ بْنُ اَبِی مُزَاحِمٍ قَالَ: نا اَبُو سَعِيدٍ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِی زَائِدَةَ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَا نَسِيتُ فِيمَا نَسِيتُ مِنَ الْاَشْيَاءِ، فَلَمْ اَنْسَ تَسْلِيمَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بعض چیزیں بھول گیا ہوں البتہ رسول اللہ ﷺ کے نماز میں دائیں اور بائیں جانب سلام پھیرنے کو نہیں بھولا: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ پڑھتے تھے۔

**4315**- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد2صفحه342 رقم الحديث: 2431 .

**4316**- أخرجه ابو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه260 رقم الحديث: 996' والترمذی: الصلاة جلد 2صفحه89 رقم الحديث: 295 . وقال: هذا حديث حسن صحيح . بلفظ: أنه كان يسلم عن يمينه وعن يساره: السلام عليكم ورحمة الله' والسلام عليكم ورحمة الله .

Marfat.com

الصَّلَاةِ عَنْ يَمِينِهِ وشِمَالِهِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِی زَائِدَةَ اِلَّا اَبُو سَعِيدٍ الْمُؤَدِّبُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَنْصُورٌ

یہ حدیث زکریا بن ابی زائدہ سے ابوسعید المؤدب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں منصور اکیلے ہیں۔

**4317** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا رَبَاحُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِئْسَ الشِّعْبُ جِيَادٌ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ اَوْثَلَاثَةً، قَالُوا: فِيمَ ذَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَخْرُجُ الدَّابَّةُ، فَتَصْرُخُ ثَلَاثَ صَرَخَاتٍ، فَيَسْمَعُهَا مَا بَيْنَ الْخَافِقَيْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کتنی بُری ہے جیاد کی وادی' دو یا تین مرتبہ آپ نے فرمایا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جانور نکلے گا' تین چیخیں مارے گا' زمین و آسمان کے درمیان جو شے ہے وہ اس کو سنے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ اِلَّا رَبَاحُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَلَا عَنْ رَبَاحٍ اِلَّا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ

یہ حدیث سہیل بن ابی صالح سے رباح بن عبیداللہ بن عمر روایت کرتے ہیں اور رباح سے ہشام بن یوسف روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن معین اکیلے ہیں۔

**4318** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب حضور ﷺ کا وصال ہوا تو میرے والد پر وہ آزمائش آئی کہ اگر وہ مضبوط پہاڑ پر آتی تو پہاڑ ختم ہو جاتے' وہ آزمائش یہ تھی کہ کفر ظاہر ہونے لگا' منافقت ظاہر ہونے

**4317**- اسناده فيه: رباح بن عبيد الله بن عمر العمری' قال أحمد الدارقطنی: منكر الحديث' وقال ابن حبان: لا يجوز الاحتجاج به (اللسان جلد2صفحه442) . وقال الهيثمی فی المجمع جلد8صفحه10: وفيه رباح بن عبيد الله بن عمر وهو ضعيف .

**4318**- اسناده فيه: عبد الله بن جعفر المدينی ضعيف .

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ بِاَبِى مَا لَوْ نَزَلَ بِالْجِبَالِ الرَّاسِيَاتِ لَهَاضَهَا، ظَهَرَ الْكُفْرُ، وَاشْرَاَبَّ النِّفَاقُ، فَمَا اخْتَلَفُوا فِى نُقْطَةٍ اِلَّا طَارَ اَبِى بِخَصْلِهَا وَغَنَائِهَا قَالَ: وَكَانَتْ تَذْكُرُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَتَقُولُ: كَانَ وَاللّٰهِ اَحْوَذِيًّا، نَسِيجٌ وَحْدَهُ، قَدْ اَعَدَّ لِلْاُمُورِ اَقْرَانَهَا

لگی' جس کسی شے میں اختلاف کیا جاتا تو میرے والد اس کو ختم کرتے۔ آپ یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے بھی ذکر فرماتی تھیں تو فرماتیں: اللہ کی قسم! واقعۃً آپ اچھے نگہبان تھے' اپنی اچھی صفات میں لاثانی تھے۔ آپ اکیلے تمام اُمور کو نمٹا لیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مَعْمَرٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے عبداللہ بن جعفر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابومعمر اکیلے ہیں۔

**4319** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِى اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّمَا النَّاسُ كَالْاِبِلِ الْمِئَةِ، لَا يُوجَدُ فِيهَا رَاحِلَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: لوگ سو اونٹ کی طرح ہیں' اس میں سواری کے قابل کوئی نہیں ہے۔

هَكَذَا رَوَاهُ مَعْمَرٌ بِالْبَصْرَةِ، وَرَوَاهُ بِصَنْعَاءَ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، وَهُوَ الصَّحِيحُ

معمر نے بصرہ میں اور صنعاء میں زہری سے اسی طرح روایت کیا ہے۔ انہوں نے سالم سے' سالم نے اپنے والد سے یہ زیادہ صحیح ہے۔

**4320** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مسجد کے قبلہ کی جانب تھوک کو دیکھا تو آپ نے اسے صاف کر دیا' فرمایا: جب تم میں سے کوئی تھوکے تو قبلہ رخ نہ تھوکے' اپنی بائیں جانب تھوک

---

**4319**- اسنادہ صحیح . وذکرہ الهیثمی فی المجمع جلد10صفحه74 وقال: ورجاله رجال الصحیح .

**4320**- اخرجه البخاری: الصلاة جلد 1صفحه607 رقم الحدیث: 408و409' ومسلم: المساجد جلد1صفحه389 بنحوه .

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى نُخَامَةً فِي قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، فَحَكَّهَا، ثُمَّ قَالَ: اِذَا انْتَخَمَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَنْتَخِمْ فِي الْقِبْلَةِ، وَلْيَنْتَخِمْ عَنْ يَسَارِهِ

لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے حسان بن ابراہیم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن بکار اکیلے ہیں۔

**4321** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، سَمِعَهُ مِنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ وَمُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ، فَقَالَ لَهُمَا: يَسِّرَا وَبَشِّرَا، وَعَلِّمَا وَلَا تُنَفِّرَا فَلَمَّا وَلَّوْا رَجَعَ اَبُو مُوسَى، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ لَهُمْ شَرَابًا مِنَ الْعَسَلِ يُطْبَخُ حَتَّى يَعْقِدَ، وَالْمِزْرُ يُصْنَعُ مِنَ الشَّعِيرِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مَا اَسْكَرَ عَنِ الصَّلَاةِ فَهُوَ حَرَامٌ

حضرت سعید بن بردہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے ان کو اور حضرت معاذ کو یمن کی طرف بھیجا' دونوں کو فرمایا: آسانی کرنا' خوشخبری دینا اور علم سکھانا' نفرت پیدا نہ کرنا۔ جب دونوں واپس آئے تو حضرت ابوموسیٰ واپس آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! ان کے ہاں شہد کی شراب تھی' وہ اس کو پکاتے ہیں یہاں تک کہ وہ گاڑھی ہو جاتی ہے' مزر شراب جو سے بناتے ہیں' اس کا حکم کیا ہے؟ حضورﷺ نے فرمایا: ہر وہ شے جو نماز سے غافل کرے نشہ دے کر' وہ حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے سفیان بن عیینہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبادہ اکیلے ہیں۔

**4322** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی میں مخلوق کی

4321- اخرجه البخاري: الأدب، جلد 10 صفحه 541 رقم الحديث: 6124، ومسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1586 واللفظ لمسلم .

4322- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 229 وقال: رواه البزار والطبراني في الكبير والأوسط ورجال البزار رجال الصحيح .

Marfat.com

قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوقٍ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ

بات ماننا جائز نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ إِلَّا حَفْصُ بْنُ عِمْرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ

یہ حدیث سماک بن حرب سے حفص بن عمران روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن ابان اکیلے ہیں۔

**4323** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ عَامِرِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: رَمَقْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَقْطَعِ التَّلْبِيَةَ، حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ جمرہ کو کنکریاں مارنے تک تلبیہ پڑھتے رہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَامِرِ بْنِ شَقِيقٍ إِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَحْمَوَيْهِ

یہ حدیث عامر بن شقیق سے شریک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زحمویہ اکیلے ہیں۔

**4324** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ قَالَ: نا سِنَانُ بْنُ هَارُونَ الْبُرْجُمِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي، فَصَلَّيْتُ بِصَلَاتِهِ مِنْ وَرَائِهِ، وَهُوَ لَا يَعْلَمُ، فَاسْتَفْتَحَ الْبَقَرَةَ، فَقَرَأَ مِنْهَا حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيَرْكَعُ، ثُمَّ مَضَى قَالَ سِنَانٌ: لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا قَالَ: صَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، كَانَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نماز پڑھ رہے تھے' میں نے بھی آپ کے پیچھے نماز شروع کر دی' آپ کو معلوم نہیں تھا کہ میں اقتداء کر رہا ہوں' آپ نے سورۂ بقرہ شروع کی اور اس میں سے کچھ پڑھا' میں نے خیال کیا کہ آپ رکوع کریں گے' لیکن اس کے بعد بھی آپ پڑھتے رہے۔ حضرت سنان فرماتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ آپ نے کتنا پڑھا مگر کہا: آپ نے چار رکعت ادا

**4324**- اسناده حسن فيه: سنان بن هارون البرجمي أبو بشر الكوفي وهو صدوق فيه لين . وقال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 278: وفيه سنان بن هارون البرجمي قال ابن معين: سنان بن هارون أخو سيف وسنان أحسنهما حالًا' وقال مرة: سنان أوثق من سيف' وضعفه غير ابن معين .

Marfat.com

رُكُوعُهُ مِثْلَ قِيَامِهِ قَالَ: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَلَا اَعْلَمْتَنِي؟ قَالَ حُذَيْفَةُ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ نَبِيًّا، اِنِّي لَاَجِدُهُ فِي ظَهْرِي حَتَّى السَّاعَةِ، فَقَالَ: لَوْ اَعْلَمُ اَنَّكَ وَرَائِي لَخَفَّفْتُ

کیں' آپ کا رکوع بھی قیام کی طرح تھا' میں نے اس کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا تو آپ نے فرمایا: مجھے بتا دینا تھا؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس ذات نے آپ کو نبی بنا کر مبعوث کیا! میں اس وقت سے آپ کی پشت کے پیچھے تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تم میرے پیچھے ہوتو میں مختصر کر دیتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا سِنَانُ بْنُ هَارُونَ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَحْمَوَيْهِ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے سنان بن ہارون روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زحمویہ اکیلے ہیں۔

**4325** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي هُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى اَبُو حَمْزَةَ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَارَةَ بْنَ غَزِيَّةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلَا يَجْلِسْ حَتَّى يَرْكَعَ رَكْعَتَيْنِ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہوتو دو رکعت تحیۃ المسجد ادا کرنے سے پہلے نہ بیٹھے۔

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے عمارہ بن غزیہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معتمر اکیلے ہیں۔

**4326** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا عَنْبَسَةُ بْنُ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سوئے اور

4325- أخرجه البخاري: التهجد جلد3صفحه58 رقم الحديث: 1167' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه495 .

4326- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه267 وعزاه الى الكبير' والبزار' وقال: وفيه أيوب بن عتبة' وثقة أحمد في رواية وكذلك ابن معين' وضعفاه في رواية' وضعفه البخاري ومسلم وجماعة .

Marfat.com

عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا نَامَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ يُرِيدُ اَنْ يُصَلِّيَ مِنَ اللَّيْلِ فَلْيَضَعْ عَنْ يَمِينِهِ قَبْضَةً مِنْ تُرَابٍ، فَاِذَا انْتَبَهَ فَلْيَقْبِضْ مِنْهُ بِيَمِينِهِ، فَلْيَحْصِبْهُ عَنْ شِمَالِهِ

اس کا ارادہ رات کو تہجد پڑھنے کا ہو تو وہ دائیں کروٹ لیٹے' مٹی کی ایک مٹھی لے کر رکھ لے' جب جاگ آئے تو دائیں جانب سے اُٹھا کر اپنی بائیں جانب رکھ لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا اَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ

یہ حدیث یحییٰ بن کثیر سے ایوب بن عتبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عنبسہ بن عبدالواحد اکیلے ہیں۔

**4327** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ ضُرَيْسٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنِ الْهِرْمَاسِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ اَبِي، فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَعِيرٍ، وَهُوَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مَعًا

حضرت ہرماس بن زیاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے پیچھے سوار تھا کہ میں نے حضور ﷺ کو اونٹ پر سوار دیکھا' آپ حج و عمرہ کا تلبیہ اکٹھا پڑھ رہے تھے۔

**4328** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: بَيْنَا اَنَا جَالِسٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حضور کے پاس تھے کہ اچانک آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے آپ کو سلام کیا' پھر وہ چلا گیا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! میں اس سے محبت کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تُو نے اسے بتایا ہے؟

---

4327- اسناده حسن فيه: عبد الله بن عمران الأصبهانی صدوق . وأخرجه أيضًا فی الكبير' وقال الهيثمی فی المجمع جلد3 صفحه238: ورجاله ثقات .

4328- اسناده حسن فيه: الأزرق بن علی بن مسلم الحنفی أبو الجهم صدوق يغرب . وأخرجه أيضًا فی الكبير' وقال الهيثمی فی المجمع جلد10 صفحه285: ورجالهما رجال الصحيح' غير الأزرق بن علی' وحسان بن ابراهيم وكلاهما ثقة .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، ثُمَّ وَلَّى عَنْهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُحِبُّ هٰذَا قَالَ: هَلْ اَعْلَمْتَهُ؟ قُلْتُ: لَا قَالَ: فَاَعْلِمْ ذَاكَ اَخَاكَ فَاتَّبَعْتُهُ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، وَاَخَذْتُ بِمَنْكِبَيْهِ، وَقُلْتُ: وَاللّٰهِ، اِنِّي لَاُحِبُّكَ فِي اللّٰهِ قَالَ: وَاللّٰهِ، اَنَا اُحِبُّكَ فِي اللّٰهِ، وَقُلْتُ: لَوْلَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنِي اَنْ اُعْلِمَكَ لَمْ اَفْعَلْ

میں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اس کو بتا دو یہ تمہارا بھائی ہے۔ میں اس کے پیچھے گیا اور اسے سلام کیا' میں نے اس کا کندھا پکڑا اور کہا: میں اللہ کی رضا کے لیے تم سے محبت کرتا ہوں' اس نے کہا: اللہ کی قسم! میں بھی تم سے محبت کرتا ہوں۔ میں نے کہا: اگر حضور ﷺ مجھے بتانے کا حکم نہ دیتے تو میں ایسا نہ کرتا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَلَا عَنْ زُهَيْرٍ اِلَّا حَسَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر اور موسیٰ بن عقبہ سے زہیر بن محمد روایت کرتے ہیں اور زہیر سے حسان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ازرق بن علی اکیلے ہیں۔

**4329** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْحَضْرَمِيُّ سَجَّادَةُ قَالَ: نا اَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ امْرَاَةً كَانَتْ تَسْتَعِيرُ الْحُلِيَّ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ تُمْسِكُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِتَتُوبَ الْمَرْاَةُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَى رَسُولِهِ، وَلْتَرُدَّ مَا عِنْدَهَا وَهِيَ تَمْتَنِعُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْ يَا فُلَانُ فَخُذْ بِيَدِهَا فَاقْطَعْهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے زمانہ میں زیورات اُدھار لیتی تھی' پھر ان کو وہ اپنے پاس ہی رکھ لیتی تھی تو حضور ﷺ نے فرمایا: عورت کو چاہیے اللہ اور اس کے رسول کے ہاں توبہ کر لے اور جو تیرے پاس ہے وہ واپس کر دے۔ اس نے واپس نہ کیا' پھر حضور ﷺ نے فرمایا: اے فلاں! اُٹھو اور اس کا ہاتھ پکڑ کر کاٹ دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا اَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے ابو مالک الجنبی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن حماد اکیلے ہیں۔

---

4329- أخرجه النسائي: السارق جلد 8 صفحه 61 (باب ما يكون حرزًا' وما لا يكون)' والطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 366 رقم الحديث: 13360 .

Marfat.com

**4330** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی قَالَ: سَمِعْتُ اِبْرَاهِیمَ بْنَ سَعْدٍ الزُّهْرِیَّ، فِی سَنَةِ اثْنَیْنِ وَثَمَانِینَ وَمِائَةٍ یَقُولُ: حَدَّثَنِی الرَّبِیعُ بْنُ صُبَیْحٍ، عَنْ اَبِی عُثْمَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَسْكَرَ كَثِیرُهُ فَقَلِیلُهُ حَرَامٌ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ اَبِی: اَبُو عُثْمَانَ الْاَنْصَارِیُّ اسْمُهُ عَمْرُو بْنُ سَالِمٍ رَوَاهُ عَنْهُ مَهْدِیُّ بْنُ مَیْمُونٍ، وَلَیْثُ بْنُ اَبِی سُلَیْمٍ، وَمُطَرِّفُ بْنُ طَرِیفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی قَالَ: حَدَّثَنِی اَبُو تُمَیْلَةَ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی قَالَ: رَاَیْتُ اَبَا عُثْمَانَ الْاَنْصَارِیَّ عَمْرَو بْنَ سَالِمٍ یَقْضِی بِبَلْدَةٍ. قَالَ: اَبِی: كَانَ قَاضِیًا بِمَرْوَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نشہ تھوڑا ہو یا زیادہ اس کا استعمال حرام ہے۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ ابوعثمان انصاری نے بتایا: ان کا نام عمرو بن سالم ہے۔ ان سے مہدی بن میمون اور لیث بن ابی سالم اور طرف بن طریف روایت کرتے ہیں۔ ہمیں عبداللہ بن احمد بن حنبل نے بیان کیا' وہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد فرماتے ہیں کہ مجھے ابوتمیلہ فرماتے ہیں' مجھے میرے والد نے' وہ فرماتے ہیں کہ ابوعثمان انصاری نے کہ عمرو بن سالم اپنے شہر کے قاضی تھے' میرے والد مرو میں قاضی تھے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ الرَّبِیعِ بْنِ صُبَیْحٍ، اِلَّا اِبْرَاهِیمُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ

یہ حدیث ربیع بن صبیح سے ابراہیم بن سعد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن حنبل اکیلے ہیں۔

**4331** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ قَالَ: نا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِیُّ، عَنِ ابْنِ اَبِی مُلَیْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا كَانَ وَجَعُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الَّذِی قُبِضَ فِیهِ قَالَ: ادْعُوا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب حضور ﷺ بیمار ہوئے جس بیماری میں آپ نے وصال فرمایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس ابوبکر اور ان کے بیٹے کو بلا کر لاؤ' میں اُن کے لیے ایک کتاب لکھوا دوں تا کہ ابوبکر کے معاملہ میں کوئی طمع کرنے والا طمع نہ

4330- اخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد 6 صفحه 71' اخرجه الدارقطنی جلد 4 صفحه 255 من طریق عبد الله بن المبارك' اخبرنی الربیع بن صبیح به نحوه .

4331- اخرجه مسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1857' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 119 رقم الحدیث: 24805.

Marfat.com

لِي اَبَا بَكْرٍ وَابْنَهُ، فَلَاكْتُبُ لَهُمْ كِتَابًا لِكَيْ لَا يَطْمَعَ فِي اَمْرِ اَبِي بَكْرٍ طَامِعٌ، وَلَا يَتَمَنَّى مُتَمَنٍّ، ثُمَّ قَالَ: يَاْبَى اللّٰهُ ذٰلِكَ وَالْمُسْلِمُونَ مَرَّتَيْنِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

کرے نہ خواہش کرنے والا خواہش کرے۔ پھر فرمایا: اللہ اور مسلمانوں نے اس کو ناپسند کیا ہے دو مرتبہ آپ نے فرمایا۔

یہ حدیث نافع بن عمر سے مؤمل بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔

**4332** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَرِيكٌ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حسن و حسین جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔

یہ حدیث عدی بن ثابت سے اشعث بن سوار روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں شریک اکیلے ہیں۔

**4333** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نا حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ قَالَ: نا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي حَكِيمٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا تَصَوَّرْتُ مِنْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ اِلَّا سَمِعْتُ فِي الْمَسْجِدِ، صَوْتًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تِلْكَ الْحَوْلَاءُ بِنْتُ تُوَيْتٍ، لَا تَنَامُ اِذَا نَامَ النَّاسُ، فَكَرِهَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آج رات میں نے مسجد میں رونے کی آواز سنی ہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حولاء بنت تویت ہے' جب لوگ سو جاتے ہیں تو وہ نہیں سوتی ہے۔ حضور ﷺ نے میرے کہے کو ناپسند کیا یہاں تک کہ ناپسندیدگی کے آثار آپ کے چہرے پر دیکھے جا سکتے تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نہیں تھکتا ہے' تم تھک جاتے ہو۔

---

**4332**- اسناده فيه: أشعث بن سوار وهو ضعيف . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 187 وقال: اسناده حسن . قلت: بل اسناده ضعيف' شريك مختلط' وأشعث ضعيف .

**4333**- أخرجه البخاري: التهجد جلد 3 صفحه 43-44 رقم الحديث: 1151' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 542 . ومالك في الموطأ: صلاة الليل جلد 1 صفحه 118 رقم الحديث: 4 .

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُلْتُ، حَتّٰى رَاَيْتُ ذٰلِكَ فِي وَجْهِهِ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، وَلَا عَنِ الضَّحَّاكِ اِلَّا حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُقَدَّمِيُّ

یہ حدیث اسماعیل سے ضحاک بن عثمان اور ضحاک سے حمید بن اسود روایت کرتے ہیں' اس کو مقدمی اکیلے ہی روایت کرتے ہیں۔

**4334** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا اَبُو مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: بِمَ كَانَ يُوتِرُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ: كَانَ يُوتِرُ بِ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى وَقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ وقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

حضرت زرارہ بن اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: حضور ﷺ کتنی رکعت وتر پڑھتے تھے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ تین رکعت وتر پڑھتے تھے' پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ' دوسری میں قل یا ایھا الکافرون' تیسری میں قل ھواللہ احد پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ اِلَّا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ الْكُوفِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُقَدَّمِيُّ

یہ حدیث ابو مالک اشجعی سے حسن بن حسین الکوفی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مقدمی اکیلے ہیں۔

**4335** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَتْنَا عَائِشَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ فِيهِ الشَّمْسُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، فِيهِ خُلِقَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین دن جس میں سورج طلوع ہوتا ہے وہ جمعہ کا دن ہے' اس دن آدم علیہ السلام پیدا ہوئے' اسی دن جنت میں داخل ہوئے' اسی دن جنت سے نکالے گئے' قیامت بھی جمعہ کے دن آئے گی۔

---

**4334**- تقدم تخريجه . انظر الحديث رقم: **4285** .

**4335**- اخرجه مسلم: الجمعة جلد **2** صفحه **585**' وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **273** رقم الحديث: **1046**' والترمذي: الصلاة جلد **2** صفحه **359** رقم الحديث: **488** .

Marfat.com

آدَمُ، وَفِيهِ أُدْخِلَ الْجَنَّةَ، وَفِيهِ أُخْرِجَ مِنْهَا، وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ إِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا عَائِشَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الزُّبَيْرِيُّ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عائشہ بنت منذر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معاویہ بن عبداللہ الزبیری اکیلے ہیں۔

**4336** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَتْنَا عَائِشَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ فَرِيضَةَ اللَّهِ فِي الْحَجِّ أَدْرَكَتْ أَبِي شَيْخًا كَبِيرًا لَا يَسْتَمْسِكُ عَلَى الرَّاحِلَةِ، أَفَأَحُجُّ عَنْهُ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: حُجِّي، عَنْ أَبِيكِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں کہ ایک عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ عزوجل نے حج فرض کیا' میرے والد پر فرض ہے لیکن وہ بہت بزرگ ہو گئے ہیں' وہ سواری پر بیٹھ نہیں سکتے ہیں' تو کیا میں ان کی طرف سے حج کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! تم اپنے والد کی طرف سے حج کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا عَائِشَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عائشہ بنت منذر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معاویہ بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

**4337** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي بِخَطِّهِ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ الْأَشْعَرِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: صَلَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَنَازَةٍ، فَسَلَّمَ، عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نمازِ جنازہ پڑھی' آپ نے نمازِ جنازہ میں دائیں بائیں جانب سلام پھیرا۔

---

4336- أخرجه البخاری: جزاء الصيد جلد4صفحه79 رقم الحديث:1854' ومسلم: الحج جلد2صفحه973 .

4337- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد 3صفحه37 وعزاه الی الكبير أيضًا وقال: وفيه خالد بن نافع الأشعری' وضعفه أبو زرعة .

Marfat.com

**4338** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو شُرَحْبِيلَ عِيسَى بْنُ خَالِدٍ الْحِمْصِيُّ بْنُ اَخِي اَبِي الْيَمَانِ قَالَ: نا عَمِّي اَبُو الْيَمَانِ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: سَمَّى لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسَهُ اَسْمَاءً، مِنْهَا مَا حَفِظْنَا، وَمِنْهَا لَمْ نَحْفَظْ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَحْمَدُ، وَالْمُقَفَّى، وَالْحَاشِرُ، وَنَبِيُّ التَّوْبَةِ، وَنَبِيُّ الْمَلْحَمَةِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ نام بتائے' کچھ کو ہم نے یاد رکھا اور کچھ ہمیں یاد نہ رہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرا نام محمد اور احمد' مقفّی' حاشر' نبی التوبہ' نبی ملحمہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، وَلَا عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا اَبُو الْيَمَانِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو شُرَحْبِيلَ

یہ حدیث اوزاعی سے اسماعیل بن عیاش اور اسماعیل سے ابویمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوشرحبیل اکیلے ہیں۔

**4339** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي هَدِيَّةُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ قَالَ: نا اَبُو سَعْدٍ الْبَقَّالُ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: لَقَدْ تَرَكْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ مُتَوَافِرُونَ، وَمَا مِنَّا اَحَدٌ فَتِّشَ عَنْ جائفةٍ اَوْ مُنَقِّلَةٍ، اِلَّا عُمَرَ اَوِ ابْنَ عُمَرَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں اس حالت میں چھوڑا کہ ہماری تعداد بڑھنے والی تھی۔ حضرت عمر اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کے علاوہ ہم میں سے کوئی ایسا نہ تھا جو پیٹ کے زخم یا آر پار زخم کا حکم ہی تلاش کرلے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ اِلَّا اَبُو سَعْدٍ الْبَقَّالُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث ابوحصین سے ابوسعد روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں عمر بن عبید اکیلے ہیں۔

---

**4338**- أخرجه مسلم: الفضائل جلد 4 صفحه 1828 . ولم يذكر: ونبي الملحمة' وزاد: ونبي الرحمة . وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 482 رقم الحديث: 19544 .

**4339**- اسناده فيه: أبو سعد البقال وهو ضعيف مدلس . وقال الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 299: وفيه أبو سعد البقال وهو ضعيف وقد وثق .

Marfat.com

**4340** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطُّفَاوِیُّ قَالَ: نا اَیُّوبَ بْنُ اَبِی تَمِیمَةَ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَعَلَیَّ اِزَارٌ یَتَقَعْقَعُ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ فَقُلْتُ عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: اِنْ کُنْتَ عَبْدَ اللّٰهِ فَارْفَعْ اِزَارَكَ اِلَی نِصْفِ السَّاقَیْنِ فَلَمْ تَزَلْ اِزْرَتُهُ حَتَّی مَاتَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس اس حالت میں آیا کہ میرا تہبند نیچے لٹک رہا تھا' آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ میں نے عرض کی: عبداللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو عبداللہ ہے تو اپنا تہبند آدھی پنڈلیوں تک اُٹھا' میرا تہبند مرتے وقت تک نصف پنڈلی تک رہا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَیُّوبَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطُّفَاوِیُّ

یہ حدیث ایوب سے محمد بن عبدالرحمٰن الطفاوی روایت کرتے ہیں۔

**4341** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَکَّارٍ قَالَ: نا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیعِ، عَنْ سَالِمٍ الْاَفْطَسِ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلًا وَقَعَتْ بِهِ نَاقَتُهُ، فَمَاتَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَکَفِّنُوهُ فِی ثَوْبَیْهِ، وَلَا تُقَرِّبُوهُ طِیبًا، فَاِنَّهُ یُبْعَثُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مُلَبِّیًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی اونٹنی سے گرا اور حالتِ احرام میں مرگیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو' اس کو ان دو کپڑوں ہی میں کفن دو' اس کو خوشبو نہ لگاؤ کیونکہ قیامت کے دن یہ تلبیہ پڑھتا ہوا اُٹھے گا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ سَالِمٍ الْاَفْطَسِ اِلَّا قَیْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ بَکَّارٍ

یہ حدیث سالم افطس سے قیس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن بکار اکیلے ہیں۔

**4342** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی عِمْرَانُ بْنُ بَکَّارٍ الْبَرَّادُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس آئے'

---

**4340**- اسناده صحيح . وأخرجه أيضًا أحمد من طريقين . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه126: وأحد اسنادى أحمد رجاله رجال الصحيح .

**4341**- أخرجه البخارى: جزاء الصيد جلد4صفحه76 رقم الحديث: 1850' ومسلم: الحج جلد2صفحه866 .

**4342**- أخرجه البخارى: الشروط جلد5صفحه418 رقم الحديث: 2737' ومسلم: الوصية جلد3صفحه1255 .

Marfat.com

الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا الرَّبِيعُ بْنُ رَوْحٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْأَبْرَشُ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَهُوَ اَبُو الْهَيْثَمِ بْنُ عَدِيٍّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اَتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّي اَصَبْتُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ، لَمْ اُصِبْ مَالًا هُوَ اَنْفَسُ عِنْدِي مِنْهُ، فَمَا تَأْمُرُ؟ قَالَ: اِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ اَصْلَهَا فَتَصَدَّقْتَ بِهَا قَالَ: فَحَبَسَ عُمَرُ اَصْلَهَا، وَتَصَدَّقَ بِهَا لَا تُبَاعُ، وَلَا تُوهَبُ، وَلَا تُوَرَّثُ فِي الْفُقَرَاءِ، وَالرِّقَابِ، وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَابْنِ السَّبِيلِ، وَالضَّيْفِ، لَا جُنَاحَ عَلَى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَاْكُلَ بِالْمَعْرُوفِ، وَيُطْعِمَ صَدِيقًا، غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيهِ

عرض کی: مجھے خیبر سے زمین ملی ہے' مجھے مال نہیں ملا ہے۔وہ میرے نزدیک زیادہ راحت بخش ہے۔ پس آپ کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اگر تو چاہے تو زمین کو اپنے پاس رکھ اور اس کی آمدن کو صدقہ کر۔ راوی کا بیان ہے: حضرت عمر نے ایسا ہی کیا' زمین اپنے پاس رکھ کر اس کی آمدن صدقہ کرتے رہے۔ نہ بیچی گئی' نہ ہبہ ہوئی۔ فقیروں' غلاموں' اللہ کی راہ میں' مسافر اور مہمان وغیرہ کے حق میں اسے میراث بنایا گیا' نہیں ہے کوئی حرج اس کے مالک پر کہ نیکی کے ساتھ اس کو کھائے اور دوست کو کھلائے جو خوشحال نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الرَّبِيعُ بْنُ رَوْحٍ

یہ حدیث داؤد بن ابو ہند سے اسی سند سے روایت ہے۔ ان سے روایت کرنے میں ربیع بن روح اکیلے ہیں۔

**4343** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَابَلُتِّيُّ، قَالَ نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ جُرَيْجٍ الرُّهَاوِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَعِدَةُ حَوْضُ الْبُدْنِ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: معدہ بدن کا حوض ہے' رگیں اس کی طرف آنے والی ہیں' جب معدہ ٹھیک ہوتا ہے تو رگیں بھی ٹھیک ہوتی ہیں' جب معدہ خراب ہوتا ہے تو رگیں بھی خراب ہو جاتی ہیں۔

**4343**- اسناده فيه: ابراهيم بن جريج الرهاوى' قال الأزدى: متروك الحديث' وذكره ابن حبان فى الثقات' وقال: روى عنه البابلتى خبرًا منكرًا (اللسان جلد 1صفحه43) وقال الهيثمى فى المجمع جلد 5صفحه89: وفيه يحيىٰ بن عبد الله البابلتى وهو ضعيف . قلت: وفيه من هو أضعف من البابلتى كما تقدم .

Marfat.com

وَالْعُرُوقُ إِلَيْهَا وَارِدَةٌ، فَإِذَا صَحَّتِ الْمَعِدَةُ صَدَرَتِ الْعُرُوقُ بِالصِّحَّةِ، وَإِذَا فَسَدَتِ الْمَعِدَةُ صَدَرَتِ الْعُرُوقُ بِالسَّقَمِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا زَيْدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيجٍ الرُّهَاوِيُّ

یہ حدیث زہری سے زید بن ابی انیسہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن جریج الرھاوی اکیلے ہیں۔

**4344** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا مَرْوَانُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَتْ تَلْبِيَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّيْكَ إِلَهَ الْحَقِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا تلبیہ یہ تھا: ''لبيك اله الحق''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ زَكَرِيَّا إِلَّا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے زکریا بن اسحاق اور زکریا سے بشر بن السری روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مروان بن عبید اکیلے ہیں۔

**4345** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ مَرْوَانَ الْخَلَّالُ قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى هِنْدِ بِنْتِ الْمُهَلَّبِ بْنِ أَبِي صُفْرَةَ وَهِيَ امْرَأَةُ الْحَجَّاجِ بْنِ يُوسُفَ وَبِيَدِهَا مِغْزَلٌ تَغْزِلُ بِهِ، فَقُلْتُ لَهَا: تَغْزِلِينَ وَأَنْتِ امْرَأَةُ أَمِيرٍ؟ فَقَالَتْ: سَمِعْتُ أَبِي

حضرت زیاد بن عبداللہ القرشی فرماتے ہیں کہ میں ھند بن مہلب بن ابوصفرہ' حجاج بن یوسف کی بیوی کے پاس آیا' اس کے ہاتھ میں تکلہ تھا' اس کے ساتھ وہ سوت کات رہی تھیں۔ میں نے اُسے کہا: تم سوت کاتتی ہو حالانکہ تم بادشاہ کی بیوی ہو؟ اس نے کہا: میں نے اپنے والد سے سنا' وہ اپنے دادا کے حوالہ سے بیان کر

4344- أخرجه النسائي: المناسك جلد5صفحه123 (بناب كيف التلبية؟)' وابن ماجة: المناسك جلد 2صفحه974 رقم الحديث:2920' وأحمد: المسند جلد2صفحه455 رقم الحديث:8518 .

4345- اسناده فيه: يزيد بن مروان الخلال ضعفه أبو داؤد وغيره' وقال ابن معين: كذاب . ذكره الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه96 . وفيه يزيد بن مروان الخلال' قال ابن معين: كذاب .

Marfat.com

يُحَدِّثُ، عَنْ جَدِّي، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَطْوَلُكُنَّ طَاقَةً اَعْظَمُكُنَّ اَجْرًا

لَمْ يُسْنِدْ اَبُو صُفْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا، وَلَا يُرْوَى عَنْهُ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزِيدُ بْنُ مَرْوَانَ وَاسْمُ اَبِي صُفْرَةَ سَارِقُ بْنُ ظَالِمٍ

رہے تھے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے جو زیادہ طاقت والی ہے وہ زیادہ اجر والی ہے۔

ابوصفرہ کی طرف یہ حدیث حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالہ سے اس کے علاوہ منسوب نہیں ہے۔ ان سے یہ حدیث اُن سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں یزید بن مروان اکیلے ہیں ابوصفرہ کا نام سارق بن ظالم ہے۔

**4346** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ مَرْوَانَ الْخَلَّالُ قَالَ: نا الْيَقْظَانُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، يَقُولُ: كُنَّا جُلُوسًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عِدَّةٍ مِنْ اَصْحَابِهِ: اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، وَمُعَاذٌ، وَحُذَيْفَةُ، وَسَعْدُ بَعْدَ الْهِجْرَةِ بِثَمَانِ سِنِينَ فِي السَّنَةِ التَّاسِعَةِ، فَسَاَلَهُ حُذَيْفَةُ: فِدَاكَ اَبِي وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَدِّثْنَا فِي الْفِتَنِ فَقَالَ: يَا حُذَيْفَةُ، اَمَا اِنَّهُ سَيَاْتِي عَلَى اُمَّتِي زَمَانٌ الْقَاعِدُ فِيهِ خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، الْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس صحابہ کی ایک تعداد میں بیٹھے ہوئے تھے جو کہ حضرت ابوبکر وعمر وعثمان وعلی وطلحہ وزبیر و عبدالرحمٰن بن عوف ومعاذ وحذیفہ وسعد رضی اللہ عنہم تھے ہجرت کے آٹھ سال کے بعد نویں سال میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! ہمیں فتنوں کے متعلق بتائیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے حذیفہ! عنقریب میری اُمت پر ایسا زمانہ آئے گا کہ اس میں بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا' قاتل اور مقتول جہنم میں ہوں گے۔

یہ حدیث عمار بن یاسر سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4346**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد7صفحه311 وقال: وفيه يزيد بن مروان الخلال وهو ضعيف .

Marfat.com

**4347** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نا أَيُّوبُ، وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَحَبِيبُ بْنُ الشَّهِيدِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وعَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تلبیہ اس طرح پڑھتے تھے: ''لبیك اللّٰهم لبیك الٰی آخره''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ، وَهِشَامٍ، وَحَبِيبٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ دَاوُدَ

یہ حدیث ایوب اور ہشام' حبیب سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز بن داؤد اکیلے ہیں۔

**4348** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا جَدِّي أَحْمَدُ بْنُ أَبِي شُعَيْبٍ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً، إِمَّا زَادَ فِيهَا وَإِمَّا نَقَصَ مِنْهَا، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ الْقَوْمِ: أَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: مَا أُحْدِثَ فِيهَا شَيْءٌ وَلَوْ أُحْدِثَ فِيهَا لَحَدَّثْتُكُمْ، وَلَكِنِّي بَشَرٌ أَنْسَى، فَإِذَا نَسِيتُ فَذَكِّرُونِي، فَصَلَّى مَا بَقِيَ مِنْ صَلَاتِهِ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ قَالَ: إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَلَمْ يَدْرِ أَزَادَ أَمْ نَقَصَ فَلْيَتَوَخَّى الصَّوَابَ مِنْ ذَلِكَ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نماز پڑھائی اور آپ نے زیادہ رکعت یا کم رکعت پڑھائی' بعض صحابہ نے عرض کیا: کیا نماز کے متعلق کوئی نیا حکم نازل ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی نیا حکم نازل ہوا تو میں تمہیں ضرور بتاتا لیکن میں (بظاہر) انسان ہوں' بھلا دیا جاتا ہوں' جب مجھے بھلا دیا جائے تو مجھے یاد کروا دیا کرو' جو رکعت رہ گئی تھی آپ نے پڑھائی پھر دو سجدے سہو کے طور پر کیے۔ پھر فرمایا: جب تم میں سے کسی کو شک ہو کہ اُس کی نماز کی کوئی رکعت کم ہوئی یا زیادہ' پھر جس پر یقین جاتا ہے وہاں سے شروع کرے' پھر بیٹھے بیٹھے دو سہو کے سجدے کرے۔

4347- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه477 رقم الحديث: 1549' ومسلم: الحج جلد2صفحه842 .

4348- أخره البخاري: الصلاة جلد1صفحه600 رقم الحديث: 401' ومسلم: المساجد جلد1صفحه400 .

Marfat.com

ثُمَّ لِيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ اَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ

یہ حدیث ایوب سے حارث بن عمیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن ابوشعیب الحرانی اکیلے ہیں۔

**4349** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَقَتْلُ الْمُؤْمِنِ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ زَوَالِ الدُّنْيَا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ساری دنیا کا ختم ہو جانا (زوال) اللہ کے ہاں بڑا نہیں جتنا بڑا کسی مؤمن کا قتل ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث ابراہیم بن مہاجر سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

**4350** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا جَدِّي اَحْمَدُ بْنُ اَبِي شُعَيْبٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ فِي صَلَاةِ الْخَوْفِ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَفَتْ طَائِفَةٌ مِنَّا، فَصَلَّوْا وَرَاءَهُ، وَاَقْبَلَتِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نمازِ خوف کے متعلق بتاتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے' ہم سے ایک گروہ آپ کے پیچھے کھڑا ہوا' انہوں نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی' دوسرا گروہ دشمن کے سامنے تھا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اس گروہ نے ایک رکعت پڑھی' پھر وہ دشمن کے سامنے چلے گئے' اور اس دوسرے گروہ کو آپ نے ایک

4349- أخرجه النسائي: التحريم جلد 7 صفحه 76 (باب تعظيم الدم)' والطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 214 وقال: لم يروه عن ابراهيم الا محمد بن اسحاق تفرد به: محمد بن سلمة .

4350- أخرجه البخاري: صلاة الخوف جلد 2 صفحه 497 رقم الحديث: 942' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 574 ولفظه للبخاري .

Marfat.com

الطَّائِفَةُ الْأُخْرَى عَلَى الْعَدُوِّ، فَرَكَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالطَّائِفَةِ الَّتِي مَعَهُ رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفُوا عَلَى الْعَدُوِّ، وَجَاءَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِي لَمْ تُصَلِّ، فَصَلَّوْا وَرَاءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِهِمْ رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى كُلُّ وَاحِدٍ مِنَ الطَّائِفَتَيْنِ لِأَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ

رکعت مکمل پڑھائی' پھر حضور ﷺ نے سلام پھیر دیا' ہر گروہ نے اپنی ایک ایک رکعت خود پڑھی۔

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ

یہ حدیث ایوب السختیانی سے حارث بن عمیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اعین اکیلے ہیں۔

**4351** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: سَأَلْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ عَنِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ؟ فَقَالَ: سَأَلْتُ عَنْهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا سَأَلَنِي عَنْهَا أَحَدٌ قَبْلَكَ، قِيلَ لِي، فَقُلْتُ: قَالَ أُبَيٌّ: فَقِيلَ لَنَا، فَقُلْنَا

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کے متعلق پوچھا تو حضرت ابی نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: آپ سے پہلے مجھ سے کسی نے نہیں پوچھا' مجھے کہا گیا۔ حضرت ابی نے فرمایا: ہمیں کہا گیا تو ہم کہتے ہیں۔

**4352** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم سورۃ

**4351**- أخرجه البخاري: التفسير جلد **8** صفحه **614** رقم الحديث: **4977**' وأحمد: المسند جلد **5** صفحه **156** رقم الحديث: **21244** بنحوه .

**4352**- عزاه الحافظ العجلونيا لي السيوطي الحديث في الاتقان فذكره . انظر كشف الخفاء جلد **2** صفحه **23** رقم الحديث: **1579** .

Marfat.com

عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: قَالَ لِي اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ: كَمْ تَعُدُّونَ سُورَةَ الْاَحْزَابِ؟ فَقُلْتُ: نَعُدُّهَا اثْنَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا وَسَبْعِينَ آيَةً قَالَ: اِنْ كَانَتْ لَتُوَازِي سُورَةَ الْبَقَرَةِ، وَلَقَدْ كَانَ فِيهَا: الشَّيْخُ، وَالشَّيْخَةُ اِذَا زَنَيَا فَارْجُمُوهُمَا نَكَالًا مِنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

احزاب کی کتنی آیتیں شمار کرتے ہو؟ میں نے عرض کی: بہتر یا تہتر آیتیں' آپ نے فرمایا: سورۂ بقرہ میں ایک آیت تھی کہ شادی شدہ مرد وعورت جب زنا کریں تو ان کو رجم کرو' یہ اللہ کی طرف سے عبرت ہے اللہ عزوجل غالب حکمت والا ہے۔

**4353** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ اُبَيٍّ قَالَ: لَيْلَةُ الْقَدْرِ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ فَقُلْتُ: اَبَا الْمُنْذِرِ: اَنّٰى عَلِمْتَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: بِالْآيَةِ الَّتِي حَدَّثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَفِظْنَاهَا، ثُمَّ حَلَفَ لَا يَسْتَثْنِي، فَقَالَ: وَالَّذِي اَنْزَلَ الْكِتَابَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ

حضرت زر' حضرت ابی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابی نے فرمایا: لیلۃ القدر ستائیس رمضان کو ہے' میں نے عرض کی: ابوالمنذر! آپ کو کیسے اس کے متعلق علم ہے؟ فرمایا: جو نشانی ہمیں حضور نے بتائی ہے ہم نے یاد کر لی ہے' پھر حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے قسم اُٹھائی' اس میں انشاء اللہ نہیں کہا ہے۔ فرمایا: وہ ذات جس نے محمد ﷺ پر قرآن نازل کیا ہے! اس کی قسم یہ لیلۃ القدر ستائیس رمضان کو ہے۔

**4354** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: کسی مسلمان کو نہیں چاہیے کہ وہ اس بندے کو ضائع کرے یا بے کار کرے جو اس کی خوراک وغیرہ کا

4353- أخرجه مسلم: الصيام جلد2صفحه828 رقم الحديث: 220 (باب فضل ليلة القدر والحث على طلبها)' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه52 رقم الحديث: 1378' والترمذي: الصوم جلد 3صفحه151 رقم الحديث: 793 .

4354- عن ابي داؤد واحمد بلفظ: كفى بالمرء انما أن يضيع من يقوت. أخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد2صفحه136 رقم الحديث: 1692' وأحمد: المسند جلد2صفحه261 رقم الحديث: 6839 .

Marfat.com

اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا يَنْبَغِي لِمُسْلِمٍ اَنْ يُضَيِّعَ مَنْ يَقُوتُ .

انتظام کرتا ہے۔

**4355** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ اَكَلَ مَعَ قَوْمٍ تَمْرًا فَلَا يَقْرُنْ، فَاِنْ اَرَادَ اَنْ يَفْعَلَ فَلْيَسْتَاْذِنْهُمْ، فَاِنْ اَذِنُوا لَهُ فَلْيَفْعَلْ اِنْ شَاءَ .

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کسی قوم کے ساتھ مل کر کھجوریں کھائے تو وہ ملا کر نہ کھائے اگر ایسا کرنا چاہتا ہے تو وہ ان سے اجازت لے لے اگر وہ اجازت دیں تو وہ ایسا کرلے اگر چاہے۔

**4356** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُخْلَطَ بَلَحٌ وَتَمْرٌ، يَعْنِي: يُنْتَبَذَا،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے تازہ اور خشک کھجوروں کی نبیذ بنانے سے منع فرمایا۔

**4357** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کو آپ کے وصال مبارک سے پانچ دن پہلے فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں میرا ایک بھائی اور

---

4355- أصله عند البخاری ومسلم من طريق جبلة بن سحيم . أخرجه البخاری: الأطعمة جلد9صفحه482 رقم الحديث: 5446' ومسلم: الأشربة جلد 3صفحه1617 . وقال الحافظ ابن حجر فی فتح الباری: وأما رواية زيد بن أبی أنيسة فأخرجها ابن حبان فی النوع الثامن والخمسين من القسم الثانی من صحيحه بلفظ: فذكره' وقال: هذا أظهر فی الرفع مع احتمال الادراج أيضًا . انظر فتح الباری جلد9صفحه483 .

4357- أخرجه مسلم: المساجد جلد1صفحه377 ولم يذكر: قد كان لی فيكم اخوة وأصدقاء' والبيهقی فی دلائل النبوة جلد7صفحه176-177 .

Marfat.com

عَـمْـرِو بْـنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: نا جُنْدُبٌ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِـهِ بِـخَـمْـسٍ يَـقُولُ: قَدْ كَانَ لِي فِيكُمْ اِخْوَةٌ وَاَصْـدِقَـاءُ، وَاِنِّـي اَبْـرَاُ اِلَـى اللّٰهِ اَنْ يَكُونَ كَانَ لِي مِـنْـكُـمْ خَـلِيـلٌ، وَلَـو كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا مِنْ اُمَّتِي لَاتَّـخَـذْتُ اَبَا بَـكْـرٍ خَلِيلًا، وَاِنَّ رَبِّي قَدِ اتَّخَذَنِي خَلِيلًا، كَمَا اتَّخَذَ اِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا، اَلَا اِنَّ مَنْ قَبْلَكُمْ كَانُوا يَتَّخِذُونَ قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ، وَاِنِّي اَنْهَاكُمْ عَنْ ذَلِكَ

دوست تھا' میں نے اللہ عزوجل کی بارگاہ میں دعا کی کہ میرے لیے تم میں سے کوئی دوست ہو' اگر میری اُمت میں میرا کوئی دوست ہوتا تو میں ابوبکر کو دوست بناتا' لیکن میرے رب نے مجھے دوست بنایا جس طرح ابراہیم علیہ السلام کو دوست بنایا' خبردار! تم سے پہلے لوگ اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ کرتے تھے' میں تم کو ایسا کرنے سے منع کرتا ہوں۔

**4358** - حَـدَّثَـنَـا عَـبْـدُ الـلّٰـهِ بْنُ الْحَسَنِ الْـحَـرَّانِـيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ الـلّٰـهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَمْرِو بْـنِ مُـرَّةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ الْاَوْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: آخَى رَسُولُ الـلّٰـهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَـلَـيْـهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ مِنْ صَحَابَتِهِ، فَقُتِلَ اَحَدُهُمَا وَعَاشَ الْآخَرُ بَعْدَهُ مَا شَاءَ الـلّٰـهُ، ثُـمَّ مَـاتَ فَجَعَلَ اَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُونَ لَهُ، وَكَانَ مُنْتَهَى دُعَائِهِمْ اَنْ يُلْـحِـقَهُ اللّٰهُ بِاَخِيهِ الَّذِي قُتِلَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَـلَـيْـهِ وَسَـلَّمَ: اَيُّهُمَا تَقُولُونَ اَفْضَلُ؟ قَـالُـوا: الَّـذِي قُتِـلَ قَـالَ: اَمَـا تَجْعَلُونَ لِصَلَاةِ هَذَا وَصِيَامِـهِ فَـضْلًا، لَمَا بَيْنَهُمَا اَبْعَدُ مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ فَفَضَّلَ الَّذِي مَاتَ عَلَى الَّذِي قُتِلَ

حضرت عبید بن خالد رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے دو صحابیوں کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا' ایک دن میں شہید ہوگیا اور دوسرا اس کے بعد جتنا اللہ نے چاہا زندہ رہا' پھر وہ فوت ہوا۔ حضور ﷺ کے صحابہ اس کے لیے دعا کرنے لگے' اس دن کی انتہاء اس پر ہوئی تھی کہ اے اللہ! اس کو اپنے شہید بھائی سے ملا دے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم دونوں میں سے کسے افضل سمجھتے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جو شہید ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو اس نے اپنی زندگی میں روزے رکھے ہیں اور نمازیں پڑھی ہیں' ان کی فضیلت اس سے زیادہ ہے جو زمین اور آسمان کے درمیان ہے' وہ کہاں گئی؟ جو فوت ہوا اس کی فضیلت ہے' اس پر جو شہید ہوا ہے۔

لَـمْ يَـرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ

یہ حدیث زید بن ابی انیسہ سے عبیداللہ بن عمرو

Marfat.com

إِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

روایت کرتے ہیں۔

**4359** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَابَلُتِّيُّ قَالَ: نا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ الْغَسَّانِيُّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ بِلَالِ بْنِ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ

حضرت بلال بن ابوالدرداء رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی شے سے تیری محبت اندھا اور بہرا کر دیتی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن ابی مریم اکیلے ہیں۔

**4360** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَابَلُتِّيُّ قَالَ: نا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ الْغَسَّانِيُّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشُّؤْمُ سُوءُ الْخُلُقِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نحوست بداخلاقی میں ہے۔

**4361** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَيُّوبَ الْقِرَبِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الذُّهْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ

حضرت عبدالوارث بن سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مکہ آیا تو وہاں میری حضرت ابوحنیفہ، ابن ابی

---

4359- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه336 رقم الحديث: 5130، وأحمد: المسند جلد5صفحه231 رقم الحديث: 21751 .

4360- اسناده فيه: يحيىٰ بن عبد الله بن الضحاك البابلتي ضعيف، وأبو بكر بن أبي مريم ضعيف مختلط، وقال الهيثمي في المجمع جلد8صفحه28: وفيه أبو بكر بن أبي مريم وهو ضعيف .

4361- اسناده فيه: عبد الله بن أيوب بن زاذان أبو محمد الضرير القربي، البصري قال الدارقطني: متروك . (تاريخ بغداد جلد9صفحه314، واللسان جلد3صفحه262) . وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه88: وفي طريق عبد الله بن عمرو مقال . قلت: لم يتكلم على سياق القصة، وكانه يشعر بكلامه هذا أن عبد الوارث بن سعيد ومن دونه ثقات، وليس كذلك فان شيخ الطبراني، متروك، ومحمد بن سليمان الذهلي مجهول .

Marfat.com

الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: قَدِمْتُ مَكَّةَ فَوَجَدْتُ بِهَا اَبَا حَنِيفَةَ، وَابْنَ اَبِي لَيْلَى، وَابْنَ شُبْرُمَةَ، فَسَاَلْتُ اَبَا حَنِيفَةَ، قُلْتُ: مَا تَقُولُ فِي رَجُلٍ بَاعَ بَيْعًا وَشَرَطَ شَرْطًا؟ قَالَ: الْبَيْعُ بَاطِلٌ، وَالشَّرْطُ بَاطِلٌ، ثُمَّ اَتَيْتُ ابْنَ اَبِي لَيْلَى، فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: الْبَيْعُ جَائِزٌ، وَالشَّرْطُ بَاطِلٌ، ثُمَّ اَتَيْتُ ابْنَ شُبْرُمَةَ، فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: الْبَيْعُ جَائِزٌ، وَالشَّرْطُ جَائِزٌ فَقُلْتُ: يَا سُبْحَانَ اللّٰهِ، ثَلَاثَةٌ مِنْ فُقَهَاءِ الْعِرَاقِ اخْتَلَفْتُمْ عَلَيَّ فِي مَسْاَلَةٍ وَاحِدَةٍ . فَاَتَيْتُ اَبَا حَنِيفَةَ، فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: لَا اَدْرِي مَا قَالَا

لیلیٰ اور ابن شبرمہ سے ملاقات ہوئی' میں نے ابوحنیفہ سے پوچھا: آپ اس آدمی کے متعلق کیا فرماتے ہیں جو آدمی کاروبار کرتا ہے اور کوئی شرط لگاتا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ کاروبار بھی باطل ہے اور شرط بھی۔ پھر میں ابن ابی لیلیٰ کے پاس آیا اور آپ سے پوچھا تو اُنہوں نے فرمایا: بیع جائز ہے' شرط باطل ہے۔ پھر میں ابن شبرمہ کے پاس آیا اور اُن سے پوچھا تو آپ نے فرمایا: بیع جائز ہے اور شرط بھی جائز ہے۔ میں نے دل میں کہا: اللہ پاک ہے' عراق کے تین فقیہ ہیں' ایک مسئلہ میں اختلاف کر رہے ہیں۔ میں حضرت امام ابوحنیفہ کے پاس آیا تو میں نے آپ کو بتایا' آپ نے فرمایا: میں نہیں جانتا ہوں کہ دونوں نے کیا کہا ہے۔

حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعٍ وَشَرْطٍ، الْبَيْعُ بَاطِلٌ، وَالشَّرْطُ بَاطِلٌ ثُمَّ اَتَيْتُ ابْنَ اَبِي لَيْلَى، فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: لَا اَدْرِي مَا قَالَا

مجھے عمرو بن شعیب نے اپنے والد سے' انہوں نے اپنے دادا سے بیان کیا کہ حضورﷺ نے بیع اور شرط سے منع کیا' بیع باطل اور شرط باطل ہے۔ پھر میں حضرت ابن ابی لیلیٰ کے پاس آیا تو میں نے آپ کو بتایا' آپ نے فرمایا: میں نہیں جانتا ہوں کہ دونوں نے کیا کہا ہے۔

حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَشْتَرِيَ بَرِيرَةَ، فَاُعْتِقَهَا، الْبَيْعُ جَائِزٌ، وَالشَّرْطُ بَاطِلٌ ثُمَّ اَتَيْتُ ابْنَ شُبْرُمَةَ، فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: مَا اَدْرِي مَا قَالَا:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ مجھے حضور ﷺ نے حکم دیا کہ بریرہ کو خریدنے اور اس کو آزاد کرنے کا بیع جائز اور شرط باطل کرنے کا' پھر میں ابن شبرمہ کے پاس آیا اور میں نے آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: میں نہیں جانتا ہوں کہ دونوں نے کیا کہا ہے۔

حَدَّثَنِي مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: بِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضورﷺ نے اونٹنی خریدی اور میرے لیے مدینہ تک

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَةً وَشَرَطَ لِي حُمْلَانَهُ إِلَى الْمَدِينَةِ الْبَيْعُ جَائِزٌ، وَالشَّرْطُ جَائِزٌ

سوار ہو کر جانے کی شرط لگائی' بیع بھی جائز اور شرط بھی جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، وَابْنِ أَبِي لَيْلَى، وَابْنِ شُبْرُمَةَ إِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ

اس حدیث کو تینوں حضرات سے عبدالوارث ہی روایت کرتے ہیں۔

**4362** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَيُّوبَ الْقِرَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَحْرٍ قَالَ: نا مُبَارَكُ بْنُ سَعْدٍ الْيَمَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، وَلَا عَلَى خَالَتِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک عورت اور اس کی پھوپھی کو نیز ایک عورت اور اس کی خالہ کو ایک نکاح میں جمع نہ کیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ إِلَّا مُبَارَكُ بْنُ سَعْدٍ الْيَمَامِيُّ، وَلَمْ يُدْخِلْ بَيْنَ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ، عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ إِلَّا يَحْيَى بْنَ أَبِي كَثِيرٍ

یہ حدیث یحییٰ بن ابوکثیر سے مبارک بن سعد الیمانی روایت کرتے ہیں۔ سلیمان بن یسار اور ابوہریرہ کے درمیان عبدالملک بن مروان کو یحییٰ بن ابوکثیر نے داخل کیا ہے۔

**4363** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَيُّوبَ الْقِرَبِيُّ قَالَ: نا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ الْقَاسِمِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْإِمَامُ ضَامِنٌ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: امام ضامن ہے' مؤذن امین ہے' اے اللہ! مؤذنوں کی بخشش فرما اور اماموں کو ہدایت دے۔

---

**4362**- أخرجه البخاري: النكاح جلد**9**صفحه**64-65** رقم الحديث: **5110**' ومسلم: النكاح جلد **2**صفحه**1029** .

(١)وقع في الأصل (عبد الله بن بحر) والتصويب في التهذيب جلد **10**صفحه**25** . (٢)وقع في الأصل (سعد) .

وانظر: التهذيب جلد**10**صفحه**25**) . (٣)وقع في الأصل (سعد) . انظر: التهذيب جلد**10**صفحه**25** .

**4363**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1**صفحه**140** رقم الحديث: **517-518**' والترمذي: الصلاة جلد **1**صفحه**402** رقم الحديث: **207**' وأحمد: المسند جلد**2**صفحه**311** رقم الحديث: **7187** .

Marfat.com

وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِينَ، وَارْشِدِ الْائِمَّةَ

**4364** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ اَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلَاةُ، وَمِفْتَاحُ الصَّلَاةِ الْوُضُوءُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت کی کنجی نماز ہے اور نماز کی کنجی وضو ہے۔

**4365** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ قَالَ: نا اَبُو مَالِكٍ النَّخَعِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ لِلْآخَرِ: يَا شَاهَانْ شَاهْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ مَلِكُ الْمُلُوكِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کو سنا کہ وہ دوسرے آدمی سے کہہ رہا تھا: ''یا شاہان شاہ'' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمام بادشاہوں کا بادشاہ تو اللہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ اِلَّا اَبُو مَالِكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: آدَمُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

عاصم احول سے اس حدیث کو روایت نہیں کیا ہے مگر حضرت ابومالک نے۔ اس حدیث کے ساتھ آدم منفرد ہیں۔ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صرف اسی سند کے ساتھ مروی ہے۔

**4366** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

**4364**- أخرجه الترمذی: الطهارة جلد **1** صفحه **10** رقم الحديث: **4**' وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **417** رقم الحديث: **14674** . انظر: تلخيص الحبير جلد **1** صفحه **229** رقم الحديث: **3** .

**4366**- أخرجه الترمذی: فضائل القرآن جلد **5** صفحه **180** رقم الحديث: **2918** . وقال: هذا حديث ليس اسناده بالقوی . والطبرانی فی الكبير جلد **8** صفحه **31** رقم الحديث: **7295** . وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد **1** صفحه **182**: وفيه محمد بن يزيد بن سنان الرهاوی ضعفه البخاری وغيره وذكره ابن حبان فی الثقات'

Marfat.com

الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ الرُّهَاوِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِي رَبَاحٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ صُهَيْبًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا آمَنَ بِالْقُرْآنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهُ

نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے قرآن کی حرام کردہ چیزوں کو حلال سمجھا' گویا وہ قرآن پر ایمان نہیں لایا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ صُهَيْبٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ

یہ حدیث صہیب سے اسی سند سے روایت ہے۔ ان سے روایت کرنے میں محمد بن یزید بن سنان اکیلے ہیں۔

**4367** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِي كَبْشَةَ الْاَنْمَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمَّتِي اَرْبَعَةٌ: رَجُلٌ اَعْطَى مَالًا وَنَفَقَةً فِي طَاعَةِ اللّٰهِ، فَرَآهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: لَوْ كَانَ لِي مِثْلُ مَالِهِ صَنَعْتُ فِيهِ مِثْلَ مَا صَنَعَ، فَهُمَا فِي الْاَجْرِ سَوَاءٌ، وَرَجُلٌ اُعْطِيَ مَالًا فَخَبَّطَ فِيهِ وَاَفْسَدَهُ، فَرَآهُ رَجُلٌ فَقَالَ: لَوْ كَانَ لِي مِثْلُ هَذَا لَصَنَعْتُ فِيهِ مِثْلَ هَذَا، فَهُمَا فِي الْوِزْرِ سَوَاءٌ

حضرت ابوکبشہ انماری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میرے اُمتی چار طرح کے ہیں: جس نے اللہ کی راہ میں اپنا مال اور نفقہ لگا دیا۔ اسے ایک دوسرے آدمی نے دیکھ کر کہا: اگر میرے پاس' اس کی مثل مال ہوتا تو میں بھی اسی آدمی کی طرح اللہ کی راہ میں لگاتا۔ یہ دونوں اجر میں برابر ہیں۔ دیگر جس کو اللہ نے مال دیا اس نے اسے غلط کاموں میں لگایا اور یوں برباد کیا تو اسے دیکھنے والے نے کہا: اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں بھی ایسا کرتا۔ یہ دونوں گناہ برابر ہیں۔

**4368** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس آدمی نے ایسی

---

وأبو يزيد ضعفه أبو داؤد وغيره وقال البخاري: مقارب الحديث .

**4368**- اسناده فيه: عبد الله بن الحسين ضعيف، ومحمد بن بكار ضعيف، وسعيد بن بشير ضعيف، وأخرجه أيضًا في الدعاء، واحمد، وأبو يعلى، والبزار، بنحوه من طريقين وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 151: ورجال أحمد، وأبي يعلى، وأحد اسنادي البزار رجال الصحيح، غير علي بن علي الرفاعي، وهو ثقة .

Marfat.com

قَتَادَةَ، عَنْ اَبِی الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِیِّ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ دَعَا بِدَعْوَةٍ لَیْسَ فِیهَا اِثْمٌ وَلَا قَطِیعَةُ رَحِمٍ اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ بِهَا اِحْدَی ثَلَاثٍ: اِمَّا اَنْ یَغْفِرَ لَهُ بِهَا ذَنْبًا قَدْ سَلَفَ، وَاِمَّا اَنْ یَجْعَلَهَا لَهُ فِی الدُّنْیَا، وَاِمَّا اَنْ یَدَّخِرَهَا لَهُ فِی الْآخِرَةِ

دعا کی جس میں گناہ کا کلمہ نہیں اور نہ ہی کسی سے قطع تعلقی کی بات ہے تو اللہ تعالیٰ اسے تین اجروں میں سے ایک ضرور عطا فرمائے گا: اس کے صدقے' اس کی بخشش فرمائے گا۔

**4369** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَیْنِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا سَعِیدُ بْنُ بَشِیرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِی الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ یَرْفَعُهُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْخَوَارِجِ قَالَ: مَثَلُهُمْ مَثَلُ رَجُلٍ رَمَی بِرَمْیَةٍ، فَبَرِحَ السَّهْمُ حَیْثُ وَقَعَ، فَاَخَذَهُ فَنَظَرَ اِلَی فُوقِهِ فَلَمْ یَرَ بِهِ دَسَمًا وَلَا دَمًا، ثُمَّ نَظَرَ اِلَی رَاْسِهِ فَلَمْ یَرَ بِهِ دَسَمًا وَلَا دَمًا، فَلَمَّا لَمْ یَتَعَلَّقْ بِشَیْءٍ مِنَ الدسم وَلَا الدَّمِ، كَذٰلِكَ لَمْ یَتَعَلَّقْ هٰؤُلَاءِ بِشَیْءٍ مِنَ الْاِسْلَامِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے خارجیوں کے بارے میں فرمایا: ان کی مثال اس آدمی کی ہے جس نے تیر پھینکا اور وہ اپنے نشانے پر لگا۔ اس نے تیر نکال کر دیکھا تو نہ اس پر چکنائی اور نہ خون ہے پھر اس کے سر کی طرف دیکھا تو چربی کی میل اور خون نظر نہیں آیا۔ پس جب اس تیر سے چربی اور خون میں سے کوئی چیز نہیں لگی' اسی طرح ان لوگوں کا اسلام سے کسی طرح کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

**4370** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَیْنِ الْمِصِّیصِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا سَعِیدُ بْنُ بَشِیرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: لَمَّا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهُ قَالَتْ: یَا نَبِیَّ اللّٰهِ، مَا مِنَّا اَحَدٌ اِلَّا یَكْرَهُ الْمَوْتَ؟ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو اللہ سے ملاقات پسند کرتا ہے تو اللہ بھی اس سے ملاقات پسند کرتا ہے' اور جو اللہ سے ملنا ناپسند کرتا ہے تو اللہ بھی اس سے ملنا پسند نہیں فرماتا۔ تو آپ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: ہم میں سے ہر ایک موت کو ناپسند کرتا ہے' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہ موت کی ناپسندیدگی نہیں ہے بلکہ جب مؤمن پر

4369- اخرجه الحاكم فی المستدرك جلد2صفحه148 .

4370- اخرجه البخاری: الرقاق جلد11صفحه364-365 رقم الحدیث: 6507' ومسلم: الذكر جلد 4 صفحه2065 .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هُوَ بِكَرَاهَةِ الْمَوْتِ، وَلَكِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ بُشِّرَ بِرِضْوَانِ اللّٰهِ وَجَنَّتِهِ، فَلَا شَيْءَ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِمَّا اَصَابَهُ، فَاَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ، وَاَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ، وَاِنَّ الْكَافِرَ اِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ بُشِّرَ بِعَذَابِ اللّٰهِ وَسَخَطِهِ، فَلَا شَيْءَ اَكْرَهُ اِلَيْهِ مِمَّا اَتَاهُ، فَكَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ، وَكَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهُ

موت کا وقت آتا ہے تو اسے اللہ کی خوشنودی اور اللہ کی جنت کی بشارت دی جاتی ہے تو اس وقت اُس کے نزدیک اسے ملنے والی شی سے زیادہ محبوب کوئی چیز نہیں ہوتی' تو وہ اللہ کی ملاقات پسند کرتا ہے' وہ اللہ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے اور کافر پر جب موت آنے لگتی ہے تو اللہ کے عذاب اور جہنم کا وعدہ کیا جاتا ہے تو اسے ملنے والی چیز اسے بہت ناپسند ہوتی ہے تو وہ اللہ کی ملاقات کو ناپسند کرتا ہے' وہ اللہ کی ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔

**4371** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: احْضُرُوا الْجُمُعَةَ وَادْنُوا مِنَ الْاِمَامِ، وَاِنِّي قَدْ عَرَفْتُ اَنَّ اَقْوَامًا يُؤَخَّرُونَ عَنْ دُخُولِ الْجَنَّةِ بِتَاَخُّرِهِمْ عَنِ الْجُمُعَةِ، وَاِنْ كَانُوا مِنْ اَهْلِهَا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ مرفوعاً حضور ﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جمعہ کے لیے آیا کرو اور امام کے قریب رہو' میں جانتا ہوں کہ جو لوگ جنت میں دیر سے جائیں گے' وہی لوگ ہوں گے جو جمعہ کے لیے دیر سے جاتے ہیں' اگرچہ وہ جنتی ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیثیں قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن بکار اکیلے ہیں۔

**4372** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي

حضرت بہز بن حکیم اپنے والد سے' وہ ان کے دادا

**4371**- أخرجه أحمد: المسند جلد **5** صفحه **15** رقم الحديث: **20133**' والطبرانی فی الكبير جلد **7** صفحه **206** رقم الحديث: **6854**' والطبرانی فی الصغير جلد **1** صفحه **125** . وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد **2** صفحه **180** بعد أن نسبه الى الصغير فقط: وفيه الحكم بن عبد الملك وهو ضعيف .

**4372**- اسناده فيه: محمد بن أبی السری صدوق عارف له أوهام كثيرة . وأخرجه أيضًا فی الصغير' والكبير' والعقيلی' وابن عدی' وابن حبان فی المجروحين' والبيهقی فی سننه' والخطيب فی تاريخه' وفی الكفاية' وقال الهيثمی فی المجمع جلد **1** صفحه **152**: ورواه الطبرانی فی الثلاثة' واسناد الأوسط والصغير حسن' رجاله موثقون' واختلف فی بعضهم اختلافًا لا يضر' وأولاده الشيخ الألبانی فی سلسلة الضعيفة' وقال: موضوع .

Marfat.com

السَّرِیِّ الْعَسْقَلَانِیُّ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ هَمَّامٍ، اَخُو عَبْدِ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِیمٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: خَطَبَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: حَتّٰی مَتٰی تَرْعَوْنَ عَنْ ذِكْرِ الْفَاسِقِ؟ هَتِّكُوهُ حَتّٰی یَحْذَرَهُ النَّاسُ

سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خطبہ دیا' فرمایا: تم فاسق کا ذکر کرنے سے کب تک رعایت کرو گے' اس کے عیب بیان کروتا کہ لوگ اس سے بچیں۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ هَمَّامٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ

یہ حدیث معمر سے عبدالوہاب بن ہمام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابوالسری اکیلے ہیں۔

**4373** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَیْبٍ الْغَزِّیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ الْعَسْقَلَانِیُّ قَالَ: نا بَقِیَّةُ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ: نا اَبُو كَثِیرٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: زَیِّنُوا اَعْیَادَكُمْ بِالتَّكْبِیرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنی عیدوں کو تکبیروں کے ساتھ مزین کرو۔

لَا یُرْوَی هٰذَا الْحَدِیثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ

حضور ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالوہاب اکیلے ہیں۔

**4374** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَیْبٍ الْغَزِّیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ، فَقَالَ: نا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ زِیَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ الْمُغِیرَةِ بنِ شُعْبَةَ، فَذَكَرَ

حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: آپ ابوبکر' عمر' عثمان' علی' طلحہ' زبیر' عبدالرحمٰن بن عوف' سعد جنتی ہیں' اگر میں چاہوں تو اس

---

4373- قال الهیثمی فی المجمع جلد 2 صفحه 200: رواه الطبرانی فی الصغیر والأوسط وفیه: عمر بن راشد ضعفه أحمد وابن معین' والنسائی' وقال العجلی: لا باس به .

4374- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 48 رقم الحدیث: 133' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 237 رقم الحدیث: 1634 واللفظه عنده .

Marfat.com

عِنْدَهُ عَلِيٌّ، فَقَالَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَبُو بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدٌ فِي الْجَنَّةِ وَلَوْ شِئْتَ لَسَمَّيْتُ التَّاسِعَ فَقَالُوا لَهُ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: سَعِيدٌ: اِنَّهُ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَاشِرُ

کا نام بھی لے سکتا ہوں انہوں نے عرض کی: وہ کون ہے؟ فرمایا: سعید بے شک وہ اور رسول کریم ﷺ مل کر کل دس بنتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ اِلَّا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث زیاد بن علاقہ سے حسن بن صالح اور حسن بن صالح سے عطاء بن مسلم روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن السری اکیلے ہیں۔

**4375** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَيْبٍ الْغَزِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَسَارٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْعَسَلِ الْعُشْرِ، فِي كُلِّ ثِنْتَيْ عَشَرَ قِرْبَةً، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ ذَلِكَ شَيْءٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شہد میں عشر ہے جب بارہ مشکیزے کے برابر ہو تو اس سے کم میں عشرہ نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

حضرت ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**4376** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَيْبٍ الْغَزِّيُّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**4375**- اسناده فيه: صدقة بن عبد الله السمين وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد **3** صفحه **80**: وفيه صدقة بن عبد الله . وفيه كلام كثير، وقد وثقه أبو حاتم، وغيره .

**4376**- أخرجه أبو داؤد: الأطعمة جلد **3** صفحه **355** رقم الحديث: **3807**، والترمذي: البيوع جلد **3** صفحه **569** رقم الحديث: **1280** . وقال: هذا حديث غريب . وابن ماجة: الصيد جلد **2** صفحه **1082** رقم الحديث: **3250** .

Marfat.com

قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ الْعَسْقَلَانِیُّ قَالَ: نا بَقِیَّةُ بْنُ الْوَلِیدِ قَالَ: حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ زِیَادٍ الْاَلْهَانِیُّ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَهَی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَكْلِ الْهِرِّ، وَاَكْلِ ثَمَنِهَا

ﷺ نے بلی کو کھانے اور اس کو فروخت کر کے اس کے پیسے کھانے سے منع کیا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِیَادٍ اِلَّا بَقِیَّةُ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ

یہ حدیث محمد بن زیاد سے بقیہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابی السری اکیلے ہیں۔

**4377** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَیْبٍ الْغَزِّیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ قَالَ: نا رِشْدِینُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ: كَیْفَ اَصْبَحْتَ یَا فُلَانُ؟ قَالَ: اَحْمَدُ اللّٰهَ اِلَیْكَ یَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا الَّذِی اَرَدْتُ مِنْكَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو فرمایا: تم نے صبح کیسے کی ہے؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اللہ کی حمد بیان کی ہے اور آپ کی خدمت میں آ گیا' حضور ﷺ نے فرمایا: تو نے وہی کیا جس کا میں نے آپ سے ارادہ کیا تھا۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن السری اکیلے ہیں۔

**4378** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَیْبٍ الْغَزِّیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ الْعَسْقَلَانِیُّ قَالَ: نا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ اَبِی بَكْرٍ الْهُذَلِیِّ، عَنْ قَتَادَةَ،

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت نجاشی کا وصال ہوا تو تمہارا بھائی اصحمہ اس کا وصال ہوگیا' حضور ﷺ میدان میں نکلے تو

4377- ذكره الهيثمی فی المجمع جلد 8 صفحه 49 . وقال: وفيه رشدين بن سعد' وهو ضعيف' وقال: لا يروى عن النبی ﷺ الا بهذا الاسناد .

4378- أصله عند البخاری ومسلم من طريق ابی بكر بن ابی شيبة . حدثنا يزيد بن هارون عن سليم بن حبان . قال: حدثنا سعيد بن ميناء . أخرجه البخاری: مناقب الأنصار جلد 7 صفحه 230 رقم الحديث: 3879' ومسلم: الجنائز جلد 2 صفحه 657 . ولفظه: أن النبی ﷺ صلى على أصحمة النجاشی فكبر عليه أربعًا .

Marfat.com

عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ مَاتَ النَّجَاشِيُّ: إِنَّ أَخَاكُمْ أَصْحَمَةَ قَدْ مَاتَ فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى عَلَيْهِ كَمَا يُصَلِّي عَلَى الْجَنَائِزِ وَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا

آپ نے نمازِ جنازہ پڑھائی' ایسے ہی جس طرح آپ جنازہ پڑھاتے تھے' آپ نے چار تکبیریں پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا أَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ وَرَوَاهُ النَّاسُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ

یہ حدیث قتادہ سے ابوبکر الہذیلی روایت کرتے ہیں' لوگوں نے اسے قتادہ سے' وہ عطاء سے' وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

**4379** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَيْبٍ الْغَزِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَرَادَ بَنُو سَلِمَةَ أَنْ يَتَحَوَّلُوا، فَيَكُونُوا قَرِيبًا مِنْ مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا بَنِي سَلِمَةَ، دِيَارَكُمْ؛ فَإِنَّهَا تُكْتَبُ آثَارُكُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بنوسلمہ نے مسجد نبوی ﷺ کے قریب منتقل ہونے کا ارادہ کیا' آپ نے فرمایا: اے بنی سلمہ! تمہارا گھروں سے آتے وقت قدموں کے نشانات لکھے جاتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَهْمَسٍ إِلَّا مُعْتَمِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث کہمس سے معتمر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابی السری اکیلے ہیں۔

**4380** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَيْبٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: غسل ایک صاع (ساڑھے چار سیر) پانی سے اور وضو ایک مُد (تقریباً ایک کلو) پانی سے کیا جائے۔

---

4379- أخرجه مسلم: المساجد جلد1صفحه462' وأحمد: المسند جلد3صفحه407-408 رقم الحديث: 14578 .

4380- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه23 رقم الحديث: 93' وابن ماجة: الطهارة جلد 1صفحه99 رقم الحديث: 269' وأحمد: المسند جلد 3صفحه372 رقم الحديث: 14260' بلفظ: كان رسول الله ﷺ يغتسل بالصاع ويتوضأ بالمد .

Marfat.com

الْغُسْلُ بِالصَّاعِ وَالْوُضُوءُ بِالْمُدِّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ صُبَيْحٍ إِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث ربیع بن صبیح سے ولید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابوالسری اکیلے ہیں۔

**4381** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وُهَيْبٍ الْغَزِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَصْرِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَعَدَ مِنَ الْمَرْأَةِ بَيْنَ شُعَبِهَا الْأَرْبَعِ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی اپنی بیوی کے چار شانوں کے درمیان بیٹھے تو اس پر غسل فرض ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ الْخَيَّاطِ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث سالم الخیاط سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**4382** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ الْفِرْيَابِيُّ الْمَقْدِسِيُّ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا سَلَّامُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ عَلِيٍّ، وَعَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِمَا عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيهِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلِّقُوا السَّوْطَ حَيْثُ يَرَاهُ أَهْلُ الْبَيْتِ، فَإِنَّهُ لَهُمْ أَدَبٌ

علی اپنے والد ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنا کوڑا اُس جگہ لٹکاؤ جہاں سے گھر والے اسے دیکھیں کیونکہ یہ ان کے لیے ادب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِيسَى وَعَبْدِ الصَّمَدِ إِلَّا سَلَّامُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَالْمَشْهُورُ مِنْ حَدِيثِ دَاوُدَ بْنِ عَلِيٍّ

یہ حدیث عیسیٰ اور عبدالصمد سے سلام بن سلیمان روایت کرتے ہیں' یہ حدیث داؤد بن علی کے حوالہ سے مشہور ہے۔

**4381**- اخرجه احمد: المسند جلد**6**صفحه**54** رقم الحديث: **24261** .

**4382**- اسناده فيه: سلام بن سليمان بن سوار الثقفى مولاهم أبو العباس المدائنى خراسانى سكن دمشق ضعيف' ضعفه أبو حاتم وغيره' وأخرجه أيضًا فى الكبير' والبزار' وقال الهيثمى فيا لمجمع جلد **8**صفحه**109**: واسناد الطبرانى فيهما حسن .

Marfat.com

**4383** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيرِ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ السَّفَرِ قَالَ: نا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُفَضَّلُ بْنُ يُونُسَ الْكِنَانِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَشَرَ اللّٰهُ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِهِ اَكْثَرَ لَهُمَا الْمَالَ وَالْوَلَدَ، فَقَالَ لِاَحَدِهِمَا: اَیْ فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ قَالَ: لَبَّيْكَ رَبِّ وَسَعْدَيْكَ فَقَالَ: اَلَمْ اُكْثِرْ لَكَ مِنَ الْمَالِ وَالْوَلَدِ؟ قَالَ: بَلَى اَیْ رَبِّ قَالَ: وَكَيْفَ صَنَعْتَ فِيمَا آتَيْتُكَ؟ قَالَ: تَرَكْتُهُ لِوَلَدِي مَخَافَةَ الْعَيْلَةِ عَلَيْهِمْ قَالَ: اَمَا اِنَّكَ لَوْ تَعْلَمُ الْعِلْمَ لَضَحِكْتَ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتَ كَثِيرًا، اَمَا اِنَّ الَّذِي تَخَوَّفْتَ عَلَيْهِمْ قَدْ اَنْزَلْتُ بِهِمْ وَيَقُولُ لِلْآخَرِ: اَیْ فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ فَيَقُولُ: لَبَّيْكَ اَیْ رَبِّ وَسَعْدَيْكَ قَالَ لَهُ: اَلَمْ اُكْثِرْ لَكَ مِنَ الْمَالِ وَالْوَلَدِ؟ قَالَ: بَلَى اَیْ رَبِّ قَالَ: فَكَيْفَ صَنَعْتَ فِيمَا آتَيْتُكَ؟ قَالَ: اَنْفَقْتُ فِي طَاعَتِكَ، وَوَثِقْتُ لِوَلَدِي مِنْ بَعْدِي بِحُسْنِ طَوْلِكَ قَالَ: اَمَا اِنَّكَ لَوْ تَعْلَمُ الْعِلْمَ لَضَحِكْتَ كَثِيرًا وَلَبَكَيْتَ قَلِيلًا، اَمَا اِنَّ الَّذِي وَثِقْتَ لَهُمْ بِهِ قَدْ اَنْزَلْتُ بِهِمْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اپنے بندوں میں سے دو مال داروں کو اُٹھائے گا' جن دونوں کے پاس مال و اولاد زیادہ تھی۔ ایک سے فرمائے گا: اے فلان بن فلان! وہ عرض کرے گا: اے رب! سعادت تیرے لیے ہے' اللہ عزوجل فرمائے گا: کیا میں نے آپ کو زیادہ مال و اولاد نہیں دی تھی؟ وہ عرض کرے گا: اے رب! کیوں نہیں! اللہ عزوجل فرمائے گا: تُو نے کیا کیا جو مال میں نے تجھے عطا کیا تھا؟ وہ عرض کرے گا: مَیں مال اپنے بچوں کے محتاج ہونے کے خوف کی وجہ سے ان کے لیے چھوڑ آیا ہوں' اللہ عزوجل فرمائے گا: اگر تجھے علم ہوتا تو تھوڑا ہنستا اور زیادہ روتا' بہرحال جس کا تُو نے خوف کیا تھا وہ ان پر آ گئی ہے۔ دوسرے سے فرمائے گا: اے فلان بن فلان! وہ عرض کرے گا: اے رب! حاضر ہوں' سعادت مندی تیری طرف سے ہے' اس کو فرمائے گا: کیا میں نے تجھے مال و اولاد کثرت سے نہیں دی؟ وہ عرض کرے گا: اے رب! کیوں نہیں! جی ہاں! اللہ عزوجل فرمائے گا: جو میں نے آپ کو دی اتھا اس میں تُو نے کیا کیا؟ وہ عرض کرے گا: میں نے تیری اطاعت میں خرچ کیا' اپنے بچوں کو اپنے بعد تیری رحمت پر چھوڑ کر آیا ہوں۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: اگر تجھے علم ہوتا تو تم تھوڑا ہنستے اور زیادہ روتے' بہرحال جو تُو نے ان کے لیے مجھ

---

**4383**- اسناده فيه: يوسف بن السفر أبو الفيض الدمشقي كاتب الأوزاعي قال الدارقطني' وأبو زرعة وغيرهما: متروك' وقال البيهقي: هو في عداد من يضع الحديث . وأخرجه أيضًا في الصغير' وقال الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 126: وفيه يوسف بن العز (السفر) وهو ضعيف .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا يُوسُفُ بْنُ السَّفَرِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

پر بھروسہ کیا تھا وہ اُن کو مل جائے گا۔

یہ حدیث اوزاعی سے یوسف بن سفر روایت کرتے ہیں' رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**4384** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي قَالَ: حَدَّثَنِي حَمَّادُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْخَوْلَانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُصُّ عَلَى النَّاسِ إِلَّا أَمِيرٌ أَوْ مَأْمُورٌ، أَوْ مُرَاءٍ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر قصے کہانیاں تین قسم کے لوگ بیان کر سکتے ہیں' حاکم یا جس کو حاکم نے حکم دیا ہو یا دکھاوا کرنے والا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ان سے روایت کرنے میں عباس بن ولید اکیلے ہیں۔

**4385** - حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُنِي ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَى الصَّلَاةِ، وَلَا يَتَوَضَّأُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرا بوسہ لیتے پھر نماز کے لیے نکلتے اور وضو نہ کرتے۔

---

**4384**- اسناده فيه: حماد بن عبد الملك الخولاني' قال الذهبي: لا يدرى من ذا؟ وقال ابن عدى: أظنه مصرى' ثم ذكر حديثه من طريق الوليد من مزيد' وقال: هذا عجب من حديث هشام' ولا أعرف لهشام عن عمرو غيره (الكامل جلد 2 صفحه 668' والميزان جلد 1صفحه597)' واخرجه أيضًا في الصغير . وقد أخرجه أيضًا ابن ماجة' والدارمي' وأحمد .

**4385**- قال الحافظ الهيثمي: وفيه سعيد بن بشير وثقه شعبة وغيره وضعفه يحيى وجماعة . انظر مجمع الزوائد جلد 1 صفحه252 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مَنْصُورٌ

یہ حدیث منصور سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں' زہری سے روایت کرنے میں منصور اکیلے ہیں۔

**4386** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا أَبُو إِسْرَائِيلَ الْمُلَائِيُّ وَاسْمُهُ إِسْمَاعِيلُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ، مُجْتَابِي النِّمَارِ، عَلَيْهِمْ أَثَرُ الضُّرِّ، فَسَاءَهُ مَا رَأَى مِنْ هَيْئَتِهِمْ، فَدَخَلَ مَنْزِلَهُ، ثُمَّ خَرَجَ، فَأَمَرَ بِالصَّدَقَةِ، وَحَرَّضَ عَلَيْهَا، ثُمَّ قَالَ: لِيَتَصَدَّقِ الرَّجُلُ مِنْ صَاعِ بُرِّهِ، وَلْيَتَصَدَّقْ مِنْ صَاعِ تَمْرِهِ قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ بِصُرَّةٍ، فَوَضَعَهَا، ثُمَّ تَتَابَعَ النَّاسُ، حَتَّى اجْتَمَعَ شَيْءٌ مِنْ ثِيَابٍ وَطَعَامٍ قَالَ: فَتَهَلَّلَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى صَارَ كَأَنَّهُ مُذْهَبٌ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً، فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ، كَانَ لَهُ أَجْرُهَا وَأَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا، مِنْ غَيْرِ أَنْ يُنْقَصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً، فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ، كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا، مِنْ غَيْرِ أَنْ يُنْقَصَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس عبدالقیس کا وفد آیا' ان کے جسم ننگے تھے' بھوک کے اثرات ان پر نمایاں تھے' آپ ان کی حالت دیکھ کر بڑے پریشان ہوئے' آپ اپنے گھر میں داخل ہوئے پھر نکلے اور آپ نے صدقہ کا حکم دیا اور صدقہ دینے پر اُبھارا۔ ایک آدمی کو چاہیے ایک صاع گندم صدقہ کرے' ایک آدمی ایک صاع کھجور صدقہ کرے۔ راوی کا بیان ہے: ایک آدمی ایک بوری (گندم) لے کر آیا اور اس نے آپ کے آگے رکھ دی' پھر اور لوگ بھی لانے لگے' یہاں تک کہ کپڑے اور کھانے کی بہت زیادہ اشیاء جمع ہو گئیں۔ حضرت ابوجحیفہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کا چہرہ جگمگا رہا تھا' ایسے محسوس ہوتا کہ سونا چمک رہا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا: جس نے اچھا طریقہ ایجاد کیا' اس کے بعد لوگوں نے اس پر عمل کیا' اس کے کرنے والے اور جس نے یہ کام شروع کیا اس کو بھی ثواب ملے گا' کسی کے ثواب میں کمی نہیں ہو گی۔ اور جس نے بُرا طریقہ ایجاد کیا اور اس کے بعد لوگوں نے اس پر عمل شروع کیا تو کرنے والے اور جس نے ایجاد کیا ہے' اس پر اس کا گناہ ہوگا' کسی کے گناہ میں کمی نہیں ہوگی۔

---

**4386**- اسناده فيه: أبو اسرائيل اسماعيل بن خليفة العبسي الملائي' وقيل اسمه عبد العزيز شيعي ضعيف (التقريب' والكامل جلد1صفحه285' والميزان جلد4صفحه490) . وقال الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه171: وفيه غسان بن الربيع' وثقه ابن حبان' وضعفه الدارقطني وغيره . قلت: وفيه أيضًا أبو اسرائيل كما تقدم' وأخرجه أيضًا ابن ماجة .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا أَبُو إِسْرَائِيلَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث حکم سے ابواسرائیل روایت کرتے ہیں' ابوجحیفہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4387** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا أَبُو إِسْرَائِيلَ الْمُلَائِيُّ، عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي الْحَجَّاجِ يَعْنِي مُجَاهِدًا، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: مَسَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَلَاةِ الْعِشَاءِ حَتَّى صَلَّى الْمُصَلِّي، وَاسْتَيْقَظَ الْمُسْتَيْقِظُ، وَتَهَجَّدَ الْمُتَهَجِّدُونَ، ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ: لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي أَمَرْتُهُمْ يُصَلُّونَ هَذَا الْوَقْتَ أَوْ هَذِهِ الصَّلَاةَ أَوْ نَحْوَ هَذَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور ﷺ نے عشاء کی نماز دیر سے پڑھی یہاں تک کہ نماز پڑھنے والے پڑھ کر چلے گئے' جاگنے والے جاگ گئے اور تہجد پڑھنے والے تہجد کے لیے اُٹھے' پھر آپ اپنے گھر سے نکلے' فرمایا: اگر مجھے اپنی اُمت پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں تم کو یہ نماز اس وقت ادا کرنے کا حکم دے دیتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا أَبُو إِسْرَائِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ: غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث فضیل بن عمرو سے ابواسرائیل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں غسان بن ربیع اکیلے ہیں۔

**4388** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا أَبُو إِسْرَائِيلَ الْمُلَائِيُّ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيُحَدِّثُ بِالْحَدِيثِ مَا يُرِيدُ بِهِ سُوءًا، إِلَّا لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ، فَيَخِرُّ بِهِ أَبْعَدَ مِنَ السَّمَاءِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی کسی سے بات کرتا ہے اور اس کا مقصد بُرائی ہے تا کہ اس بات کو سن کر ہنسیں تو وہ اس بات کے وبال سے آسمان سے بھی زیادہ بلندی سے گرے گا۔

---

4387- أخرجه أحمد: المسند جلد2 صفحه40 رقم الحديث: 4825 .

4388- اسناده فيه: غسان بن الربيع وهو ضعيف واخرجه ايضًا أحمد . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 8 صفحه92: وفيه عطية العوفى وثقه ابن معين' وهو ضعيف .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: غَسَّانُ

یہ حدیث ابوسعید سے اسی سند سے روایت ہے اس کوروایت کرنے میں غسان اکیلے ہیں۔

**4389** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدُ بْنِ عَزِيزٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحُرِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ: أَخَذَ عَلْقَمَةُ بِيَدِي، وَأَخَذَ ابْنُ مَسْعُودٍ بِيَدِ عَلْقَمَةَ، وَأَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي التَّشَهُّدِ فِي الصَّلَاةِ: التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ، وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِينَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: إِذَا فَرَغْتَ مِنْ هَذَا فَقَدْ فَرَغْتَ مِنْ صَلَاتِكَ: فَإِنْ شِئْتَ فَاثْبُتْ، وَإِنْ شِئْتَ فَانْصَرِفْ

حضرت قاسم بن مخیمرہ سے روایت ہے کہ میرا ہاتھ علقمہ نے پکڑا' ابن مسعود نے علقمہ کا ہاتھ پکڑا اور ابن مسعود کا ہاتھ رسول اللہ ﷺ نے پکڑا' آپ کو نماز میں پڑھی جانے والی التحیات سکھائی: ''تمام مالی' بدنی' قولی' فعلی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں' اے غیب کی خبریں بتانے والے! آپ پر سلامتی ہو! اور اللہ کی رحمت اور برکت ہو! سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر! میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں''۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تُو یہ پڑھ کر فارغ ہو تو نماز سے تو فارغ ہو گیا ہے اگر تو چاہے تو بیٹھا رہ اور اگر تُو چاہے تو سلام پھیر کر چلا جا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ إِلَّا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث ابن ثوبان سے غسان بن ربیع روایت کرتے ہیں۔

**4390** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ جب میرا بندہ بُرائی کا ارادہ کرے اور اس نے بُرائی نہیں کی تو اس بُرائی کو لکھا نہیں جائے گا' اگر کر لے تو اس کا ایک گناہ لکھا جائے گا' اگر میرے خوف سے

**4389**- اسنادہ فیہ: غسان بن الربیع الأزدی ضعیف واخرجه أیضًا أحمد. وقال الهیثمی فی المجمع جلد **2** صفحه **145**: ورجال أحمد موثقون.

**4390**- أخرجه البخاری: التوحید جلد **13** صفحه **473** رقم الحدیث: **7051**' ومسلم: الایمان جلد **1** صفحه **117**.

Marfat.com

اِنَّ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: اِذَا هَمَّ عَبْدِى بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا، فَلَا تَكْتُبُوهَا، وَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوهَا وَاحِدَةً، وَاِنْ تَرَكَهَا مِنْ اَجْلِى فَاكْتُبُوهَا حَسَنَةً، وَاِذَا هَمَّ بِحَسَنَةٍ، فَلَمْ يَعْمَلْهَا، فَاكْتُبُوهَا حَسَنَةً وَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوهَا بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلَى سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ

چھوڑ دے تو اس کے لیے ایک نیکی لکھی جائے گی' اگر کوئی نیکی کا ارادہ کرے اور اس نے نیکی نہیں کی تو اس کے لیے ایک نیکی لکھی جائے گی' اگر وہ کر لے تو دس نیکیوں سے لے کر سات سو تک نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ اِلَّا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث ابن ثوبان سے غسان بن ربیع روایت کرتے ہیں۔

**4391** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ مُطَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ عَلَى مُؤْمِنٍ، يَبْعَثُ اللّٰهُ رِيحًا بَيْنَ يَدَىِ السَّاعَةِ طَيِّبَةً، فَتَهُبُّ، فَلَا يَبْقَى مُؤْمِنٌ اِلَّا مَاتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت مؤمن پر نہیں آئے گی' اللہ عزوجل قیامت سے پہلے ایک خوشبودار ہوا بھیجے گا' وہ چلے گی تو سب مؤمن فوت ہو جائیں گے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4392** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ مُطَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: شَكَوْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّهْوَ فِى الصَّلَاةِ قَالَ: اِذَا صَلَّيْتِ فَرَاَيْتِ اَنَّكِ قَدْ اَتْمَمْتِ صَلَاتَكِ، وَاَنْتِ فِى شَكٍّ، فَتَشَهَّدِى، وَانْصَرِفِى، ثُمَّ اسْجُدِى سَجْدَتَيْنِ وَاَنْتِ قَاعِدَةٌ ثُمَّ تَشَهَّدِى بَيْنَهُمَا وَانْصَرِفِى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ہاں نماز میں بھولنے کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: جب تُو نماز پڑھ لے تو دیکھ کہ تیری نماز مکمل ہو گئی حالانکہ تجھے نماز میں شک تھا تو التحیات پڑھ لے اور سلام پھیر دے' پھر دو سہو کے سجدے کر اس حالت میں کہ تُو بیٹھی ہوئی ہو' پھر التحیات پڑھ اور سلام پھیر دے۔

**4392**- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد **2** صفحه **156** وقال: وفيه موسى بن مطير وهو متروك الحديث' نسب الى الوضع. قلت: بل هو مسلسل بالضعفاء والمتروكين.

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، مِنْ حَدِيثِ مُوسَى بْنُ مُطَيْرٍ

یہ حدیث عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے یعنی موسیٰ بن مطیر کے حوالہ سے۔

**4393** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مَيْسَرَةَ الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْمُسَوِّفَاتِ فَقِيلَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، وَمَا الْمُسَوِّفَاتُ؟ قَالَ: الَّتِي يَدْعُوهَا زَوْجُهَا إِلَى فِرَاشِهَا، فَتَقُولُ: سَوْفَ، حَتَّى تَغْلِبَهُ عَيْنَاهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لعنت ہو مسوفات پر۔ عرض کی گئی: یا نبی اللہ! مسوفات سے مراد کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس عورت کا شوہر اپنی بیوی کو اپنے بستر پر بلائے اور وہ کہتی ہے: عنقریب آتی ہوں' اتنے میں شوہر پر نیند غالب آ جاتی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4394** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ يَوْمًا بَيْنَ قُبُورٍ، وَمَعَهُ جَرِيدَةٌ رَطْبَةٌ، فَشَقَّهَا بِاثْنَتَيْنِ، وَوَضَعَ وَاحِدَةً عَلَى قَبْرٍ وَالْأُخْرَى عَلَى قَبْرٍ آخَرَ، ثُمَّ مَضَى قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لِمَ فَعَلْتَ ذَاكَ؟ فَقَالَ: أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ يُعَذَّبُ بِالنَّمِيمَةِ، وَأَمَّا الْآخَرُ فَكَانَ لَا يَتَّقِي الْبَوْلَ، وَلَنْ يُعَذَّبَا مَا دَامَتْ هَذِهِ رَطْبَةً

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک دن قبروں کے پاس سے گزرے' آپ کے پاس سبز ٹہنی تھی' آپ نے اس کے دو حصے کیے اور ایک ایک قبر پر اور دوسری دوسری قبر پر رکھی' پھر آپ چلے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے ایسے کیوں کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک کو تو چغلی خوری کی وجہ سے عذاب ہو رہا تھا اور دوسرا پیشاب کی چھینٹوں سے پرہیز نہیں کرتا تھا' جب تک یہ دونوں ٹہنیاں سبز رہیں گی تو ان کو عذاب ہرگز نہیں ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے۔

---

**4393**- اسناده فيه: جعفر بن ميسرة الأشجعي قال البخاري: منكر الحديث' وقال أبو حاتم: منكر الحديث جدًا (الميزان جلد1صفحه418) . وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه299: رواه الطبراني في الأوسط والكبير من طريق جعفر بن ميسرة الأشجعي عن أبيه' وميسرة هذا (الصواب جعفر) ضعيف' ولم أر لأبيه من ابن عمر سماعًا .

**4394**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1صفحه211 . وقال: جعفر بن ميسرة وهو منكر الحديث .

Marfat.com

الْإِسْنَادِ

**4395** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مَيْسَرَةَ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ حَجَّ مَعَهُ حَتّٰى وَقَفَ بِعَرَفَاتٍ، فَقَالَ لَهُ: يَا مَيْسَرَةُ اشْتَدَّ فِي الْجَبَلِ . قَالَ: فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا اَفَاضَ النَّاسُ ذَهَبْتُ لِاَدْفَعَ نَاقَتِي، فَقَالَ: مَهْ عَنَقًا بَيْنَ الْعَنَقَيْنِ فَلَمَّا قَطَعْتُ الْجَبَلَ، قُلْتُ: اَنْزِلُ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ؟ قَالَ: سِرْ يَا مَيْسَرَةُ فَلَمَّا دَفَعْنَا اِلَى جَمْعٍ قَامَ فَاَذَّنَ، ثُمَّ اَقَامَ الصَّلَاةَ، فَصَلَّى الْمَغْرِبَ، ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى صَلَاةَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةَ، ثُمَّ اَصْبَحْنَا فَفَعَلَ فِي الْمَشْعَرِ كَمَا فَعَلَ فِي الْمَشْعَرِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ قَالَ: كَانَ الْمُشْرِكُونَ لَا يُفِيضُونَ مِنْ عَرَفَاتٍ حَتّٰى تَعَمَّمَ الشَّمْسُ فِي الْجِبَالِ، فَتَصِيرُ فِي رُءُوسِهَا كَعَمَائِمِ الرِّجَالِ فِي وُجُوهِهِمْ، وَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يُفِيضُ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ لَا يُفِيضُونَ مِنْ جَمْعٍ حَتّٰى يَقُولُوا: اَشْرِقْ ثَبِيرُ، فَلَا يُفِيضُونَ حَتّٰى تَصِيرَ الشَّمْسُ فِي رُءُوسِ الْجِبَالِ كَعَمَائِمِ الرِّجَالِ فِي وُجُوهِهِمْ، وَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُفِيضُ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت جعفر بن میسرہ الاشجعی اپنے والد سے وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابن عمر کے ساتھ حج کیا اور میدانِ عرفات میں ٹھہرے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے میسرہ! پہاڑ پر ٹھہریں میں نے ایسے ہی کیا' جب لوگ پلٹے تو میں اپنی اونٹنی کو آگے کرنے کے لیے چلا' آپ نے فرمایا: رکو! جب پہاڑ پار کرلیا تو میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! اترنا نہیں ہے؟ آپ نے فرمایا: اے میسرہ! چلو! جب ہم مزدلفہ آئے تو آپ ٹھہرے' اس کے بعد اذان ہوئی تو پھر نماز کے لیے اقامت پڑھی گئی' آپ نے مغرب کی نماز پڑھائی' پھر اقامت پڑھی تو آپ نے عشاء کی نماز پڑھائی' پھر ہم نے صبح کی تو آپ نے مزدلفہ میں ایسے کیا جس طرح پہلے دن مزدلفہ میں کیا تھا۔ پھر فرمایا: مشرکین عرفات سے واپس نہیں آتے تھے' یہاں تک کہ سورج پہاڑ میں چمک رہا ہوتا تھا' اس سردی میں ایسے ہوتا جس طرح مردوں کے عمامے ان کے چہروں پر ہوتے رہیں اور حضورﷺ سورج غروب ہونے کے وقت لوٹتے تھے' مشرکین مزدلفہ سے واپس نہیں آتے تھے یہاں تک کہ سورج چمکنے لگ جاتا' وہ واپس نہیں آتے تھے یہاں تک کہ سورج پہاڑوں کے سروں سے ایسے ہوجاتا جس طرح مردوں کے چہروں پر عمامے ہوتے ہیں اور حضورﷺ سورج طلوع ہونے سے پہلے مزدلفہ سے

**4395**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد3صفحه258 . وقال: وفيه جعفر بن ميسرة الأشجعي وهو ضعيف .

Marfat.com

واپس آتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں غسان بن ربیع اکیلے ہیں۔

**4396** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَا: مَنْ مَشَى فِي حَاجَةِ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ أَظَلَّهُ اللّٰهُ تَعَالَى بِخَمْسَةٍ وَسَبْعِينَ أَلْفَ مَلَكٍ يَدْعُونَ لَهُ، وَلَمْ يَزَلْ يَخُوضُ فِي الرَّحْمَةِ حَتَّى يَفْرُغَ، فَإِذَا فَرَغَ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ حَجَّةً وَعُمْرَةً، وَمَنْ عَادَ مَرِيضًا أَظَلَّهُ اللّٰهُ بِخَمْسَةٍ وَسَبْعِينَ أَلْفَ مَلَكٍ، لَا يَرْفَعُ قَدَمًا إِلَّا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ، وَلَا يَضَعُ قَدَمًا إِلَّا حُطَّتْ عَنْهُ سَيِّئَةٌ، وَرُفِعَ بِهَا دَرَجَةً حَتَّى يَقْعُدَ فِي مَقْعَدِهِ، فَإِذَا قَعَدَ غَمَرَتْهُ الرَّحْمَةُ، فَلَا يَزَالُ كَذَلِكَ إِذَا أَقْبَلَ حَتَّى يَنْتَهِيَ إِلَى مَنْزِلِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ جو اپنے مسلمان بھائی کی ضرورت کے لیے چلا' اللہ عزوجل اس کے لیے پچھتر ہزار فرشتے مقرر کر دے گا' جو اس کے لیے دعا کرتے ہوں گے' وہ اس سے فارغ ہونے تک اللہ کی رحمت میں ڈھانپ دے گا' جب وہ فارغ ہوگا تو اللہ عزوجل اس کے لیے ایک حج وعمرہ کا ثواب لکھتا ہے' جو مریض کی عیادت کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے لیے پچھتر ہزار فرشتے مقرر کرتا ہے' وہ قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے لیے ایک نیکی لکھتا ہے' دوسرا قدم اُٹھاتا ہے تو ایک گناہ معاف کرتا ہے اور ایک درجہ بلند کرتا ہے یہاں تک کہ اس کے بیٹھ جانے تک' جب وہ بیٹھتا ہے تو اللہ کی رحمت میں غوطہ زن ہوتا ہے' وہ گھر واپس آنے تک اللہ کی رحمت میں رہتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4397** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ أَبُو الدَّرْدَاءِ الْأَنْطَرْطُوسِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ:

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بندہ جب اپنی ہتھیلیاں دھوتا ہے تو اس کے ہاتھ سے گناہ نکل

**4396**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه302 . وقال: وفيه جعفر بن ميسرة الأشجعي وهو ضعيف .

**4397**- اسناده فيه: ليث بن أبي سليم - صدوق اختلط . (١)وقع في الأصل الأنطرسوس' والتصويب من معجم البلدان جلد 1 صفحه270 . (٢)مستدرك في مجمع البحرين (389) .

Marfat.com

نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ الْمُحَارِبِيِّ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا غَسَلَ كَفَّيْهِ خَرَجَتْ خَطَايَا يَدَيْهِ، وَاِذَا غَسَلَ وَجْهَهُ، وَمَضْمَضَ، وَتَشَوَّصَ، وَاسْتَنْشَقَ وَاسْتَنْثَرَ، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ خَرَجَتْ خَطَايَا سَمْعِهِ وَبَصَرِهِ وَلِسَانِهِ وَاِذَا غَسَلَ ذِرَاعَيْهِ وَقَدَمَيْهِ كَانَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ وَمَنْ نَامَ طَاهِرًا عَلَى ذِكْرِ اللّٰهِ لَمْ يَسْاَلِ اللّٰهَ شَيْئًا حَتَّى يَرُدَّ اِلَيْهِ رُوحَهُ مِنْ اُمُورِ دُنْيَاهُ وَآخِرَتِهِ اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ

جاتے ہیں' جب وہ اپنا چہرہ دھوتا ہے اور کلی کرتا ہے اور منہ کو صاف کرتا ہے اور ناک صاف کرتا ہے اور سر کا مسح کرتا ہے تو اس کی آنکھوں اور کانوں اور زبان کے گناہ نکل جاتے ہیں' جب اپنے دونوں ہاتھ اور قدم دھوتا ہے تو گناہوں سے اس طرح پاک ہو جاتا ہے جس طرح آج ہی اس کی ماں نے اس کو جنا ہے جو باوضو سوتا ہے اور اللہ کا ذکر کرتا ہے تو دنیا اور آخرت کی کوئی شی مانگتا ہے تو اللہ عزوجل اسکو عطا کرتا ہے یہاں تک کہ اس کی روح واپس آ جاتی ہے۔

**4398** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ اَبُو الدَّرْدَاءِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: حَجَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ، فَصَلَّيْتُ مَعَهُ صَلَاةَ الْغَدَاةِ فِي مِنًى، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ اِذَا رَجُلَانِ خَلْفَ النَّاسِ لَمْ يُصَلِّيَا مَعَ النَّاسِ، فَقَالَ: عَلَيَّ بِالرَّجُلَيْنِ فَجِيءَ بِهِمَا تُرْعَدُ فَرَائِصُهُمَا، فَقَالَ: اَمَا صَلَّيْتُمَا مَعَنَا؟ فَقَالَا: لَا يَا

حضرت جابر بن اسود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج الوداع کیا' میں نے آپ کے ساتھ منیٰ میں فجر کی نماز پڑھی' جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو دیکھا کہ دو آدمی لوگوں کے پیچھے بیٹھے ہوئے ہیں' دونوں نے لوگوں کے ساتھ نماز نہیں پڑھی تھی' آپ نے فرمایا: دونوں آدمیوں کو میرے پاس بلاؤ' دونوں کو لایا گیا تو دونوں کانپ رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: تم دونوں نے ہمارے ساتھ نماز نہیں پڑھی؟ دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ! نہیں! ہم گھر نماز پڑھ چکے تھے' ہم نے گمان کیا تھا کہ ہم جماعت نہیں پاسکیں گے۔ آپ ﷺ نے

**4398**- اسناده فيه: ابراهيم بن محمد بن عبيدة' ومحمد بن عبيدة' ولم أحدهما . وأخرجه أيضًا في الصغير' والكبير . وقال الهيثمي في المجمع جلد8صفحه286: واسناده حسن .

Marfat.com

رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا صَلَّيْنَا فِي رِحَالِنَا، وَظَنَنَّا أَنَّا لَا نُدْرِكُ الصَّلَاةَ قَالَ: فَلَا تَفْعَلَا إِذَا صَلَّيْتُمَا فِي رِحَالِكُمَا، ثُمَّ أَدْرَكْتُمَا الصَّلَاةَ فَصَلِّيَا، تَكُونُ لَكُمَا نَافِلَةً فَقَالَ أَحَدُهُمَا: اسْتَغْفِرْ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ فَازْدَحَمَ النَّاسُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّا يَوْمَئِذٍ كَأَشَبِّ الرِّجَالِ وَأَقْوَاهُمْ، فَزَحَمْتِ النَّاسُ حَتَّى أَخَذْتُ بِيَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعْتُهَا عَلَى صَدْرِي، فَلَمْ أَرَ شَيْئًا كَانَ أَبْرَدَ وَلَا أَطْيَبَ مِنْ يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فرمایا: دونوں ایسے نہ کیا کرو جب تم دونوں گھر میں نماز پڑھ لو پھر باجماعت پاؤ تو اس کے ساتھ شریک ہو جایا کرو وہ تمہارے لیے نفل ہو جائیں گے۔ ان میں سے ایک نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بخشش طلب کریں! آپ نے عرض کی: اے اللہ! اس کو بخش دے! اس کے بعد لوگوں کا رش ہو گیا' میں اس دن دونوں سے بڑا طاقت ور تھا' اور اپنی قوم سے' لوگوں نے بھیڑ کی تو میں نے رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ پکڑا' ان دونوں کو اپنے سینے پر رکھا' میں نے آپ ﷺ کے ہاتھوں جیسی ٹھنڈی اور خوشبو والی کوئی شے نہیں دیکھی۔

**4399** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ أَبُو الدَّرْدَاءِ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ: يَأْمُرُ بِالْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى هَذَا الْمِنْبَرِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس حالت میں فرماتے ہوئے سنا: آپ جمعہ کے دن اس منبر پر جمعہ کے دن غسل کرنے کا حکم دے رہے تھے۔

**4400** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

**4399**- أصله في البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: الجمعة جلد 2صفحه462 رقم الحديث: 919 من طريق الزهري عن سالم عن أبيه قال: سمعت رسول الله ﷺ يخطب على المنبر فقال: من جاء الى الجمعة فليغتسل . ومسلم: الجمعة جلد2صفحه579 من طريق الليث وحدثنا قتيبة حدثنا ليث عن نافع عن عبد الله ' قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: اذا أراد أدكم أن يأتي الجمعة' فليغتسل .

**4400**- تقدم . انظر الحديث المتقدم .

Marfat.com

الْاَشْعَثِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا الْجَرَّاحُ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَاْمُرُ بِالْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا کہ آپ جمعہ کے دن غسل کا حکم دے رہے تھے۔

**4401** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ مَوْلًى لِاَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ عَمَلٍ اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ عَمَلٍ فِي هٰذِهِ الْاَيَّامِ، يَعْنِي: الْعَشْرَ، اِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ مُجَاهِدًا بِمَالِهِ وَنَفْسِهِ، ثُمَّ لَمْ يَرْجِعْ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ذی الحجہ کے دن دنوں میں جتنا نیکی کرنے کا عمل پسند ہے اسے اتنا کسی اور دنوں میں پسند نہیں ہے' ہاں! وہ آدمی جو اپنے مال اپنی جان سے جہاد کرتے ہوئے نکلے اور واپس نہ آئے' ساری زندگی جہاد میں بتائے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ ذِي حِمَايَةَ

یہ حدیث قتادہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن ذی حمایہ اکیلے ہیں۔

**4402** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ اَبِي عَامِرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب مؤذن اذان دیتا ہے تو شیطان بھاگتا ہے اس حالت میں کہ اس کی ہوا خارج ہو رہی ہوتی ہے' جب اذان دے کر فارغ ہوتا ہے تو پھر آ جاتا ہے یہاں تک کہ آدمی کے دل میں

4402- الحديث عن البخاری ومسلم من طريق هشام بن أبی عبد الله الدستوائی' بلفظ: اذا تودی بالأذان...... . أخرجه البخاری: السهو جلد 3 صفحه 124 رقم الحديث: 1231' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 398 (باب السهو فی الصلاة والسجود له) .

Marfat.com

اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ اَدْبَرَ الشَّيْطَانُ وَلَهُ ضُرَاطٌ، فَاِذَا سَكَتَ اَقْبَلَ حَتّٰى يَخْطِرَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ، حَتّٰى يُذَكِّرَهُ مَا لَمْ يَكُنْ يَذْكُرُهُ، حَتّٰى يُوَهَمَ فِی صَلَاتِهِ فَلَا يَدْرِی كَمْ صَلّٰى فَاِذَا لَقِیَ اَحَدُكُمْ ذٰلِكَ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى؟ زَادَ اَمْ نَقَصَ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَیِ السَّهْوِ بَعْدَمَا يُسَلِّمُ، فَاِنَّهُمَا الْمُرْغِمَتَانِ

وسوسہ ڈالتا ہے یہاں تک کہ اس کو وہ چیزیں یاد کرواتا ہے جو اس کو یاد نہیں ہوتی ہیں' یہاں تک کہ نماز میں وسوسہ ڈالتا ہے' اس نمازی کو معلوم نہیں ہوتا ہے کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں' جب تم میں سے کسی کو وسوسہ ڈالے اور تمہیں معلوم نہ ہو کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں؟ زیادہ یا کم تو وہ سلام پھیرنے کے بعد دو سہو کے سجدے کرے' دونوں سے نقصان پورا ہو جائے گا۔

**4403** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَشْعَثُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِی حِمَايَةَ، عَنْ شُعْبَةَ الْاَزْدِیِّ، عَنْ قَتَادَةَ بْنِ دِعَامَةَ، عَنْ اَبِی اَيُّوبَ الْاَزْدِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلُّوا صَلَاةَ الْاَوَّلِ قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ وَقْتُ الْعَصْرِ، وَالْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَصْفَرَّ الشَّمْسُ، وَالْمَغْرِبِ قَبْلَ اَنْ يَسْقُطَ الشَّفَقُ، وَالْعِشَاءِ الْآخِرَةِ فِی نِصْفِ اللَّيْلِ، وَالصُّبْحِ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ

حضرت عبداللہ بن عمرو مرفوعاً حضور ﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ظہر کی نماز پڑھو عصر کا وقت داخل ہونے سے پہلے اور عصر پڑھو سورج زرد ہونے سے پہلے اور مغرب شفق غروب ہونے سے پہلے اور عشاء آدھی رات تک اور صبح طلوعِ شمس سے پہلے۔

**4404** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِی حِمَايَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ قَالَ:

حضرت سعد بن ہشام فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضور ﷺ کے نفلوں کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ کے لیے وضو کا پانی اور مسواک رکھی جاتی' پھر رات کے جس حصے میں اللہ اُٹھانا چاہتا آپ اُٹھتے' اس کے بعد

**4404**- أخرجه المسلم: المسافرين جلد **1** صفحه **512**' والنسائي: قيام الليل جلد **3** صفحه **199** (باب كيف الوتر بتسع؟)' وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **61** رقم الحديث: **24323** .

Marfat.com

سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ قِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: كَانَ يُوضَعُ لَهُ وَضُوءُهُ وَسِوَاكُهُ، ثُمَّ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ مَتَى شَاءَ أَنْ يَبْعَثَهُ لَهُ مِنَ اللَّيْلِ، فَيَسْتَاكُ، وَيَتَوَضَّأُ، ثُمَّ يَقُومُ فَيَرْكَعُ تِسْعَ رَكَعَاتٍ، وَرَكْعَتَيْنِ وَهُوَ قَاعِدٌ، وَكَانَ إِذَا مَرِضَ أَوْ لَمْ يَقُمْ مِنَ اللَّيْلِ صَلَّى اثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً

آپ مسواک کرتے اور وضو کرتے' پھر کھڑے ہوتے اور نو رکعت نفل پڑھتے اور رکعتیں بیٹھ کر پڑھتے' جب آپ بیمار ہوتے یا رات کو نہ اُٹھ سکتے تو آپ دن کو بارہ رکعت نفل پڑھتے۔

**4405** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ بِشَيْءٍ حَتَّى حَفَزَهُ النَّفَسُ، حَتَّى دَخَلَ فِي الصَّفِّ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: أَيُّكُمُ الْقَائِلُ الْكَلِمَاتِ؟ قَالَ الرَّجُلُ: أَنَا قَالَ: ابْتَدَرَهَا اثْنَا عَشَرَ مَلَكًا، أَيُّهُمْ يَرْفَعُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں ایک دن حضور ﷺ نے نماز پڑھائی' ایک آدمی کوئی شے لے کر آیا اس طرح کہ اس کی سانس پھولی ہوئی تھی' وہ صف میں داخل ہوا اور اس نے (رکوع سے اُٹھنے کے بعد) پڑھا: ''الحمد للّٰه كثيرًا طيبًا مباركًا فيـه ''جب آپ ﷺ نے سلام پھیرا تو فرمایا: تم میں کون آدمی تھا جو یہ کلمات پڑھ رہا تھا؟ اس آدمی نے عرض کی: میں نے! آپ ﷺ نے فرمایا: بارہ فرشتے جلدی کر رہے تھے ایک دوسرے سے کہ کون اس کے ان کلمات کا ثواب لکھ کر اللہ کی بارگاہ میں پیش کریں۔

**4406** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَتَيْتُمُ الصَّلَاةَ فَأْتُوا وَعَلَيْكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز کے لیے آئے تو اس حالت میں آئے کہ تم پر وقار اور سکونت ہو اور جو پالو وہ پڑھ لو' جو رکعت رہ جائے اس کو بعد میں پڑھ لو۔

**4405**- أخرجه مسلم: المساجد جلد**1**صفحه**419**' وأحمد: المسند جلد**3**صفحه**235** رقم الحديث: **12993** .

**4406**- اسناده فيه: ابراهيم بن محمد بن عبيدة' ومحمد بن عبيدة' ولم أجد من ترجمهما . وقال الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه**34**: ورجاله موثقون .

Marfat.com

السَّكِينَةُ وَالْوَقَارُ، وَصَلُّوا مَا اَدْرَكْتُمْ، وَاقْضُوا مَا سُبِقْتُمْ

4407 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى نُخَامَةً فِي حَائِطِ الْقِبْلَةِ، فَغَضِبَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے قبلہ کی جانب دیوار پر تھوک دیکھا تو آپ ناراض ہوئے۔

4408 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَخَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ ذَاتَ لَيْلَةٍ اِلَى شَطْرِ اللَّيْلِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى بِنَا، فَلَمَّا فَرَغَ قَامَ فَخَطَبَنَا، فَقَالَ: اِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا وَرَقَدُوا، وَاَنْتُمْ فِي صَلَاةٍ مَا انْتَظَرْتُمُ الصَّلَاةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عشاء کی نماز آدھی رات تک مؤخر کی' پھر آپ نکلے اور ہمیں نماز پڑھائی' جب نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ ہمیں خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے' فرمایا: لوگوں نے نماز پڑھ لی اور سو گئے' تم جب سے نماز کا انتظار کر رہے ہو نماز ہی میں ہو۔

4409 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک دن نکلے اور آپ نے نماز کیلیے اذان کا حکم دیا تو دیکھا کہ دو آدمی جھگڑ رہے ہیں' آپ

---

4407- أصله عند البخاري من طريق قتيبة قال: حدثنا اسماعيل بن جعفر بالاسناد بلفظ: رأى نخامة في القبلة فشق ذلك عليه حتى رؤي في وجهه...... أخرجه البخاري: الصلاة جلد1صفحه605 رقم الحديث:405 .

4408- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2صفحه88 رقم الحديث:600' ومسلم: المساجد جلد1صفحه443 .

4409- أخرجه البخاري: الايمان جلد 1صفحه139 رقم الحديث:49' والدارمي: الصوم جلد2صفحه44 رقم الحديث: 1781' وأحمد: المسند جلد5صفحه368 رقم الحديث:22738 .

Marfat.com

اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِی حِمَايَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ فَنَادَى بِ الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ، فَاِذَا هُوَ بِرَجُلَيْنِ يَتَلَاحَيَانِ فَقَامَ، فَخَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّی خَرَجْتُ لِاُعْلِمَكُمْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، وَاِنِّی لَقِيتُ فُلَانًا وَفُلَانًا يَتَلَاحَيَانِ، وَاِنِّی نَسِيتُهَا، فَالْتَمِسُوهَا فِی الْعَشْرِ الْبَوَاقِی، وَالْتَمِسُوهَا فِی التَّاسِعَةِ وَالسَّابِعَةِ وَالْخَامِسَةِ

کھڑے ہوئے اور لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: اے لوگو! میں تمہارے پاس لیلۃ القدر کے متعلق بتانے کے لیے نکلا تھا' میں فلاں فلاں سے ملا تو وہ دونوں جھگڑ رہے تھے' مجھے اس کا یقین بھلا دیا گیا' پس اس کو آخری عشرے میں تلاش کرو' پچیسویں' ستائیسویں اور انتیسویں رمضان کو تلاش کرو۔

**4410** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اِبْرَاهِيمُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، اِنَّ اُمَّ هَانِءٍ: اَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِمَكَّةَ لِبَعْضِ حَاجَاتِهَا، فَوَجَدْتُهُ يُصَلِّی الضُّحَى سِتَّ رَكَعَاتٍ

حضرت محمد بن قیس فرماتے ہیں کہ حضرت اُم ھانی رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ کے پاس آئیں' آپ مکہ میں کسی کام میں مصروف تھے' انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے چاشت کی چھ رکعت نفل نماز پڑھی۔

**4411** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِی حِمَايَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قُطِعَ بِی مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَمَلَنِی عَلَى جَمَلٍ، فَمَرَّ بِی وَاَنَا اَضْرِبُهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا کہ مجھے آپ نے اونٹ پر سوار کیا' آپ میرے پاس سے اس حالت میں گزرے کہ میں اپنے اونٹ کو لوگوں کے ساتھ ملانے کے لیے مار رہا تھا' حضور ﷺ نے اپنی چھڑی کے ساتھ اس کو مارا' وہ لوگوں کے اونٹوں سے زیادہ تیز ہو گیا' ہم جب مکہ آئے تو میں حضور ﷺ کو واپس

4410- اسناده فيه: ابراهيم بن محمد بن عبيدة' ومحمد بن عبيدة' ولم أجد من ترجمهما .

4411- اسناده فيه: ابراهيم بن محمد بن عبيدة' ومحمد بن عبيدة' ولم أجد من ترجمهما .

Marfat.com

فِي أُخْرَى النَّاسِ، فَضَرَبَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَوْطٍ، فَمَا زَالَ فِي أَوَائِلِ النَّاسِ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرُدُّهُ إِلَيْهِ، فَوَجَدْتُهُ يُصَلِّي صَلَاةَ الضُّحَى سِتَّ رَكَعَاتٍ

کرنے کے لیے آیا تو میں نے آپ کو چاشت کی چھ رکعت ادا کرتے ہوئے پایا۔

**4412** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ أَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَبْلَ صَلَاةِ الظُّهْرِ، لَيْسَ بَيْنَهُنَّ فَصْلٌ بِتَسْلِيمٍ، حِينَ تَمِيلُ الشَّمْسُ؟ فَقَالَ: إِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَأُحِبُّ أَنْ يَصْعَدَ لِي فِيهَا عَمَلٌ صَالِحٌ

حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے ظہر سے پہلے چار رکعتوں کے متعلق پوچھا گیا' ان کے درمیان سلام نہیں ہے' اس کو سورج ڈھلنے کے وقت پڑھا جاتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس وقت آسمان کے رحمت کے دروازے کھلتے ہیں' میں پسند کرتا ہوں کہ میرے اس وقت نیک عمل اللہ کی بارگاہ میں پیش ہوں۔

**4413** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ حُمْرَةَ، عَنْ أَبِي نُصَيْرَةَ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ عَتِيقِ أَبِي بَكْرٍ، وعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ الْخُزَاعِيِّ،

حضرت عمران بن حصین الخزاعی رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا' اس کے گناہ اور غلطیاں معاف ہو جائیں گی' جب وہ جمعہ کے لیے چلے گا تو ہر قدم کے بدلے اس کے لیے بیس نیکیاں لکھی جائیں گی' جب وہ سلام پھیرے گا تو اس کے لیے دو سو سال کی نیکیاں لکھی

4412- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 342-343 رقم الحديث: 478 . وقال: هذا حديث حسن غريب .

وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 503 رقم الحديث: 15402 .

4413- اسناده فيه: الضحاك بن حمزة الأملوكي ضعيف . واخرجه أيضًا في الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 177: وفيه الضحاك بن حمزة ضعفه ابن معين' والنسائي وذكره ابن حبان في الثقات .

Marfat.com

عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ كُفِّرَتْ ذُنُوبُهُ وَخَطَايَاهُ، فَإِذَا أَخَذَ فِي الْمَشْيِ كُتِبَ لَهُ بِكُلِّ خَطْوَةٍ عِشْرُونَ حَسَنَةً، فَإِذَا انْصَرَفَ مِنَ الصَّلَاةِ أُجِيزَ بِعَمَلِ مِائَتَيْ سَنَةٍ

جائیں گی۔

**4414** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ حَكِيمٍ الصَّنْعَانِيِّ، يَرُدُّهُ إِلَى طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ غَسَّلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاغْتَسَلَ، ثُمَّ غَدَا، وَبَكَّرَ، وَدَنَا حَيْثُ يَسْمَعُ خُطْبَةَ الْإِمَامِ، ثُمَّ أَنْصَتَ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خَطْوَةٍ عَمَلُ سَنَةٍ، صِيَامُهَا وَقِيَامُهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا پھر جلدی جلدی چلا اور خطبہ سننے کے لیے امام کے قریب ہوا' پھر خطبہ خاموشی سے سنا' اس کے لیے ایک قدم اُٹھانے کے بدلہ میں ایک سال کی نیکیاں اور روزے اور قیام کرنے کا ثواب لکھا جائے گا۔

**4415** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي حِمَايَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: نَزَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عُسْفَانَ، فَأَرَادَ الْمُشْرِكُونَ أَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مقامِ عسفان میں اترے' مشرکوں نے ہم پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا' اس حالت میں کہ جب ہم ظہر کی نماز پڑھ رہے تھے تو وہ نماز ہم کو اپنے بیٹوں اور اپنی جانوں اور بیویوں سے زیادہ محبوب تھی۔ حضور ﷺ کو اس کے متعلق بتایا گیا' جب نماز کے لیے اقامت پڑھی جانے لگی تھی تو حضور ﷺ

4414- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه175 وعزاه أيضًا الى البزار' وقال: وفيه عطاء بن عجلان وهو كذاب .

4415- اخرجه مسلم: المسافرين جلد1صفحه575' واحمد: المسند جلد3صفحه458 رقم الحديث: 5029 .

Marfat.com

يَحْمِلُوا عَلَيْنَا، وَنَحْنُ فِي صَلَاةِ الظُّهْرِ، فَقَالُوا: وَلَكِنْ صَلَاةٌ هِيَ اَحَبُّ اِلَيْهِمْ مِنْ اَبْنَائِهِمْ، وَاَنْفُسِهِمْ وَاَهْلِيهِمْ فَتَحْمِلُونَ عَلَيْهِمْ، فَاَتَى جِبْرِيلُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ، فَلَمَّا اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ، النَّاسَ فَلَبِسُوا السِّلَاحَ وَعَمِلُوا صَفَّيْنِ، ثُمَّ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَبَّرَ فَكَبَّرُوا جَمِيعًا، ثُمَّ اِنَّهُ رَكَعَ فَرَكَعُوا جَمِيعًا، ثُمَّ اِنَّهُ سَجَدَ فَسَجَدَ مَعَهُ الصَّفُّ الْاَوَّلُ، وَقَامَ الْآخَرُ قِيَامًا، فَلَمَّا قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ مَعَهُ الصَّفُّ الْاَوَّلُ وَخَرَّ الَّذِي فِي الصَّفِّ الْآخَرِ سُجُودًا، فَلَمَّا فَرَغُوا مِنَ السَّجْدَتَيْنِ، وَقَامُوا تَاَخَّرَ الصَّفُّ الْاَوَّلُ، وَتَقَدَّمَ الصَّفُّ الْآخَرُ، فَلَمَّا رَاَى الْمُشْرِكُونَ مَا صَنَعُوا عَلِمُوا اَنْ قَدْ جَاءَهُمُ الْخَبَرُ، فَكَبَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَبَّرُوا جَمِيعًا، ثُمَّ رَكَعَ فَرَكَعُوا جَمِيعًا، ثُمَّ سَجَدَ فَسَجَدَ الصَّفُّ الْاَوَّلُ، وَثَبَتَ الْآخَرُ قِيَامًا، حَتَّى فَرَغُوا مِنْ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَّ الصَّفُّ الْآخَرُ سُجُودًا، ثُمَّ قَعَدُوا جَمِيعًا فَتَشَهَّدُوا، ثُمَّ انْصَرَفُوا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا ابْنُ ذِي حِمَايَةَ

**4416** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ قَالَ: نا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ

نے لوگوں کو حکم دیا کہ اسلحہ پہن لو اور دو صفیں بنا لو۔ پھر حضور ﷺ نے تکبیر کہی تو سب صحابہ کرام نے تکبیر کہی' پھر آپ نے رکوع کیا تو سب صحابہ نے رکوع کیا' پھر آپ نے سجدہ کیا تو آپ کے ساتھ پہلی صف نے سجدہ کیا' دوسری صف والے کھڑے رہے' جب حضور ﷺ کھڑے ہوئے پہلی صف والے بھی کھڑے ہوئے' دوسری صف والے سجدہ میں گئے' جب وہ دونوں سجدوں سے فارغ ہوئے تو پہلی صف والے پیچھے کھڑے ہوئے اور دوسری صف والے آگے ہوئے' جب مشرکوں نے ایسے کرتے ہوئے دیکھا تو ان کو معلوم ہوا کہ ان کے پاس خبر آئی ہوگی۔ حضور ﷺ نے اللہ اکبر کہا تو تمام نے اللہ اکبر کہا' پھر آپ نے رکوع کیا تو تمام نے رکوع کیا' پھر آپ نے سجدہ کیا تو پہلی صف والوں نے سجدہ کیا اور دوسری صف والے کھڑے رہے' یہاں تک کہ یہ دو سجدوں سے فارغ ہو گئے' پھر دوسری صف والوں نے سجدہ کیا' پھر التحیات کے لیے سارے بیٹھ گئے اور سب نے التحیات پڑھی' پھر سب نے سلام پھیر دیا۔

یہ حدیث ابن ابی لیلیٰ سے ابن ذی حمایہ روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم پر ایسے حکمران مسلط ہوں گے جو نماز وقت پر ادا نہیں کریں گے' تو تم

4416- أخرجه مسلم: المساجد جلد1صفحه448' واحمد: المسند جلد5صفحه202 رقم الحديث: 21546 .

Marfat.com

عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُونُ عَلَيْكُمْ اُمَرَاءُ يُؤَخِّرُونَ الصَّلَاةَ، فَصَلِّ الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَاجْعَلْ صَلَاتَكَ مَعَهُمْ نَافِلَةً

وقت پر پڑھ لینا اور ان کے ساتھ پڑھ لینا نفل نماز کی نیت سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا سُفْيَانُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا اَبُو اَحْمَدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ

یہ حدیث یونس بن عبید سے سفیان اور سفیان سے ابواحمد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حجاج بن شاعر اکیلے ہیں۔

**4417** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِي خَمْسَةُ اَسْمَاءٍ: اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَحْمَدُ، وَالْمُقَفَّى، وَالْحَاشِرُ، وَنَبِيُّ التَّوْبَةِ، وَنَبِيُّ الْمَلْحَمَةِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے پانچ نام ہیں' محمد' احمد' مقفّی' حاشر' نبی التوبہ اور نبی الملحمہ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ

یہ حدیث عمر بن سعید سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن حفص اکیلے ہیں۔

**4418** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا مَخْلَدُ بْنُ اَبِي زُمَيْلٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَسْرِقُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چور جس وقت چوری کرتا ہے اور شرابی جس وقت شراب پیتا ہے' زانی جس وقت زنا کرتا ہے' اس وقت وہ ایمان کی حالت میں نہیں ہوتے ہیں' لیکن توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔

**4417**- تقدم تخريجه . انظر الحديث رقم: **4338** .

**4418**- اخرجه البخاري: الحدود جلد**12**صفحه**116** رقم الحديث: **6810** ومسلم: الايمان جلد**1**صفحه**77** .

Marfat.com

السَّارِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَزْنِي الزَّانِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَكِنَّ اَبْوَابَ التَّوْبَةِ مَعْرُوضَةٌ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث زید بن ابی انیسہ سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

**4419** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ السُّكُونِيُّ، قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ اَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ: اِنَّا نَجِدُ فِي اَنْفُسِنَا مَا لَا نُحِبُّ اَنْ نَتَكَلَّمَ بِهِ، وَاِنَّ لَنَا مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَقَدْ وَجَدْتُمْ ذَاكَ؟ قَالُوا: نَعَمْ . قَالَ: ذَاكَ صُرَاحُ الْاِيمَانِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب نے عرض کی: ہم اپنے دلوں میں ایسی بات پاتے ہیں کہ ان کو اپنی زبان پر لانا پسند نہیں کرتے ہیں' نہ اسلیے کہ ہم گفتگو کریں' اس دن سورج طلوع ہوا ہو۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم یہ حالت پاتے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: یہ ہی صریح ایمان ہے۔

**4420** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ السُّكُونِيُّ، قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ اِيمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَخَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں کامل ایمان والا وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہوں' تم میں بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ، عَنْ حُصَيْنٍ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ دونوں حدیثیں حصین سے عباد بن عوام روایت کرتے ہیں' ان دونوں کو روایت کرنے میں عبدالرحیم

4419- أخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه119' وأبو داؤد: الأدب جلد4صفحه331 رقم الحديث: 5111' وأحمد: المسند جلد2صفحه581 رقم الحديث: 9707 .

4420- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد 4صفحه219 رقم الحديث: 4682' والترمذي: الرضاع جلد 3صفحه457 رقم الحديث: 1162 . وقال: هذا حديث حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد2صفحه335 رقم الحديث: 7420 .

Marfat.com

السَّكُونِیُّ

بن محمد السکونی اکیلے ہیں۔

**4421** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُذِنَ لِي اَنْ اُحَدِّثَ عَنْ مَلَكٍ مِنْ مَلَائِكَةِ اللّٰهِ مِنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ، مَا بَيْنَ شَحْمَةِ اُذُنِهِ اِلَى عَاتِقِهِ مَسِيرَةُ سَبْعِينَ عَامًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے اجازت دی گئی ہے کہ عرش اُٹھانے والے اللہ کے فرشتوں میں سے ایک فرشتے کے متعلق بتاؤں کہ اس کی کان کی لَو سے لے کر کندھے تک ستر سال چلنے جتنا فاصلہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، وَلَا عَنْ مُوسَى اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے موسیٰ بن عقبہ اور موسیٰ سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن حفص اکیلے ہیں۔

**4422** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ اَبِي عَبَّادٍ الْقَلْزَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ اِيمَانًا اَحَاسِنُهُمْ اَخْلَاقًا، الْمُوَطَّئُونَ اَكْنَافًا، الَّذِينَ يَاْلَفُونَ وَيُؤْلَفُونَ، وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ لَا يَاْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کامل ایمان والے وہ ہیں جن کے اخلاق اچھے ہوں' وہ محبت کرتے بھی ہیں' محبت پھیلاتے بھی ہیں' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو نہ محبت کرے نہ پھیلائے۔

---

**4421**- اسناده صحيح . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1صفحه83 . وقال: ورجاله رجال الصحيح .

**4422**- اسناده حسن فيه: يعقوب بن أبي عباد القلزمي هو يعقوب بن اسحاق بن أبي عباد المكي' قال أبو حاتم: محله الصدق لا بأس به (الجرح جلد 9صفحه203)' ومحمد بن عيينة الهلالي أخبر سفيان' قال ابن حجر: صدوق له أوهام . وأخرجه أيضًا في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه61: ويعقو بن عباد القلزمي لم أر من ذكره .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُيَيْنَةَ إِلَّا يَعْقُوبُ بْنُ أَبِي عَبَّادٍ

یہ حدیث محمد بن عیینہ سے یعقوب بن ابی عباد روایت کرتے ہیں۔

4423 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ قَالَ: نا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نا أَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْإِفْرِيقِيِّ، عَنْ سَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، وَسَعْدٍ، قَالَا: رَأَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر اور حضرت سعد رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْإِفْرِيقِيِّ إِلَّا أَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الرَّبِيعِ

یہ حدیث ابوایوب الافریقی سے ابویوسف قاضی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوالربیع اکیلے ہیں۔

4424 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ إِسْرَائِيلَ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَلَمَةَ الْأَفْطَسُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْتِي قُبَاءَ رَاكِبًا، وَمَاشِيًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد قباء سے پیدل اور سوار ہو کر آتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَلَا عَنْ يَحْيَى إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ إِسْرَائِيلَ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے یحییٰ بن سعید اور یحییٰ سے عبداللہ بن سلمہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن اسرائیل اکیلے ہیں۔

4425 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور

---

4423- أصله عند البخاري من طريق ابن وهب قال: حدثني عمرو حدثني أبو النضر بالاسناد . أخرجه البخاري: الوضوء جلد1صفحه365 رقم الحديث:202' ومالك في الموطأ جلد1صفحه36 رقم الحديث:42 .

4424- أخرجه البخاري: فضل الصلاة في مسجد مكة والمدينة جلد3صفحه83 رقم الحديث: 1194' ومسلم: الحج جلد2صفحه1016 .

4425- اسناده فيه: جنادة بن سلم بن خالد بن جابر بن سمرة الدستوائي' ضعفه أبو زرعة' وأبو حاتم' ووثقه ابن خزيمة'

Marfat.com

الْعَزِيزِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ امْرَاَةً سَوْدَاءَ، ثَائِرَةَ الرَّاْسِ، خَرَجَتْ حَتّٰى قَامَتْ بِمَهْيَعَةَ وَهِيَ الْجُحْفَةُ فَاَوَّلْتُ اَنَّ وَبَاءَ الْمَدِينَةِ نُقِلَ اِلَى الْجُحْفَةِ

ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب میں ایک سیاہ عورت دیکھی جس کے بال بکھرے ہوئے تھے' میں نکلا تو وہ جحفہ کے مقام پر کھڑی تھی' میں نے اس کی تاویل کی کہ مدینہ سے وباء نکل کر جحفہ کی طرف چلی گئی ہے۔

**4426** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ قَالَ: نا الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ السِّمْسَارُ قَالَ: نا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيِّ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ غَسَّلَتْ آدَمَ وَكَبَّرَتْ عَلَيْهِ اَرْبَعًا، وَقَالُوا: هٰذَا سُنَّتُكُمْ يَا بَنِي آدَمَ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ فرشتوں نے آدم علیہ السلام کو غسل دیا اور جنازہ میں چار تکبیریں پڑھیں' انہوں نے کہا: اے بنی آدم! یہ تمہارے لیے سنت ہے۔

**4427** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا اَبِي عَلِيُّ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبِي رَاشِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: اَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَدِّثْنِي بِحَدِيثٍ وَاجْعَلْهُ مُوجَزًا،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی مختصر بات بتائیں! حضور ﷺ نے اس کو فرمایا: نماز اس طرح پڑھ کہ وہ الوداعی نماز ہے اور اس خیال سے پڑھ کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے' جو لوگوں کے پاس ہے اس سے بے پروا ہو جا' مال دار ہو جائے گا' جو عذر والی

---

وابن حبان' وقال ابن حجر: صدوق له أغلاط (التقريب' والتهذيب' والجرح جلد 2 صفحه 515) . وقال الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 308: ورجاله ثقات . قلت: هذا الحديث ليس من الزوائد فقد أخرجه البخاري في التعبير' وغيره نحوه .

**4426**- اسناده فيه: عثمان بن سعد الكاتب البصري وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 38: وفيه عثمان بن سعد وثقه أبو نعيم وغيره' وضعفه جماعة .

**4427**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 232 . وقال: وفيه من لم أعرفهم .

Marfat.com

فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلِّ صَلَاةَ مُوَدِّعٍ، فَإِنَّكَ إِنْ كُنْتَ لَا تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ، وَأَيِسْ مِمَّا فِي أَيْدِي النَّاسِ تَكُنْ غَنِيًّا، وَإِيَّاكَ وَمَا يُعْتَذَرُ مِنْهُ

چیز ہو اس سے بچ۔

**4428** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نا عَامِرٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُمْرَةٌ فِي رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رمضان میں عمرہ کا ثواب حج کے برابر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَكْرٍ إِلَّا عَامِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْوَارِثِ

یہ حدیث بکر سے عامر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالوارث اکیلے ہیں۔

**4429** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجَارُودِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْلِسُ الرَّجُلُ بَيْنَ الرَّجُلِ وَابْنِهِ فِي الْمَجْلِسِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی آدمی مجلس میں' آدمی اور اس کے بیٹے کے درمیان نہ بیٹھے۔

**4430** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

4428- أخرجه البخاري: العمرة جلد3صفحه705 رقم الحديث:1782' ومسلم: الحج جلد2صفحه917 .

4429- اسناده حسن فيه: محمد بن حبيب بن محمد الجارودي' قال الخطيب: كان صدوقًا' وقال الذهبي: غمزة الحاكم النيسابوري (تاريخ بغداد جلد 2صفحه277' وميزان الاعتدال جلد 3صفحه805) وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8صفحه64: وفيه من لم أعرفه . قلت: رجال السند كلهم معروفون .

4430- اسناده حسن فيه: العلاء بن موسى بن عطية أبو الجهم الباهلي' قال الخطيب: كان صدوقًا (تاريخ بغداد جلد 12 صفحه240) . وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه6: واسناده حسن .

Marfat.com

الْعَزِيزِ قَالَ: نا الْعَلَاءُ بْنُ مُوسَى بْنِ عَطِيَّةَ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ مَا رُكِبَتْ اِلَيْهِ الرَّوَاحِلُ مَسْجِدِي هٰذَا، وَالْبَيْتُ الْعَتِيقُ

ﷺ نے فرمایا: بہترین جس کی طرف سواریاں چلیں وہ میری مسجد ہے اور مسجد حرام کی طرف ہے۔

**4431** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ بَدْرِ بْنِ الْخَلِيلِ، وَعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، وَاَبِي الْجَحَّافِ، وكَثِيرٍ النَّوَّاءِ، كُلُّهُمْ سَمِعُوا عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: يَا عَلِيُّ، هٰذَانِ سَيِّدَا كُهُولُ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، يَعْنِي: اَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، لَا تُخْبِرْهُمَا ذٰلِكَ يَا عَلِيُّ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے علی! ابوبکر و عمر دونوں جنتی بزرگوں کے سردار ہیں' اے علی! ان دونوں کو نہ بتانا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَدْرِ بْنِ خَلِيلٍ وَمَنْ مَعَهُ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْجُبَيْرِيُّ

یہ حدیث بدر بن خلیل اور جو اس کے ساتھ ہیں' ان سے روایت علی بن عابس کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں جبیری اکیلے ہیں۔

**4432** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ قَالَ: نا حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ اِلَّا الْجَنَّةَ، وَالْعُمْرَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حج مبرور کی جزاء صرف جنت ہے اور عمرہ دوسرے عمرہ تک ان دونوں کے درمیان کیے ہوئے کاموں کا کفارہ ہے۔

---

4431- اسناده فيه: على بن عابس ضعيف' وكثير النواء ضعيف' وعطية العوفي صدوق يخطئ كثيرًا وكان شيعيًا مدلسًا واخرجه ايضًا البزار بنحوه . وقال الهيثمي في المجمع جلد9صفحه56: وفيه على بن عابس وهو ضعيف .

4432- اخرجه البخارى: العمرة جلد3صفحه698 رقم الحديث:1773' ومسلم: الحج جلد3صفحه983 .

Marfat.com

اِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا

لَمْ يَرْوِ هَـٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ إِلَّا حُمَيْدُ بْنُ الْأَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ

یہ حدیث اسماعیل بن امیہ سے حمید بن اسود روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں حسن بن قزعہ اکیلے ہیں۔

**4433** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَنْ يَخْرُجَ رَجُلٌ مِنَ الْإِيمَانِ إِلَّا بِجُحُودِ مَا دَخَلَ فِيهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایمان سے آدمی ایمان کا انکار کرنے سے ہی نکلے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث مسعر سے اسماعیل بن یحییٰ التیمی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حرب اکیلے ہیں۔

**4434** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ سُفْيَانَ الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْقَارِءُ أَبُو سُلَيْمَانَ الْكَرِيزِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَرَأْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُورَةَ الْوَاقِعَةِ فَلَمَّا بَلَغْتُ (فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ) (الواقعة: 89) قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ) (الواقعة: 89) يَا ابْنَ عُمَرَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو سورۂ واقعہ سنائی' جب میں "فروح وریحان" کے مقام پر پہنچا تو مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: "فروح وریحان" ہے' اے ابن عمر!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث ایوب سے حماد بن سلمہ اور حماد سے داؤد بن سلیمان الکریزی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت

**4433**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1 صفحه 109 . وقال: وفيه اسماعيل بن يحيى التيمي' وهو وضاع .

**4434**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد7 صفحه 109 . وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط ورجاله ثقات .

Marfat.com

| | |
|---|---|
| الْكَرِيزِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَارُونُ بْنُ سُفْيَانَ | کرنے میں ہارون بن سلیمان اکیلے ہیں۔ |
| **4435** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاجِيَةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِي حُرَّةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْغُلَامُ مُرْتَهَنٌ بِعَقِيقَتِهِ، يُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ سَابِعِهِ | حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بچہ عقیقہ کا مرتہن رہتا ہے ساتویں دن اس کی طرف سے ذبح کیا جائے۔ |
| لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حُرَّةَ اِلَّا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ | یہ حدیث ابوحرہ سے عیسیٰ بن شعیب روایت کرتے ہیں۔ |
| **4436** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ وَاصِلٍ قَالَ: نا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَطَاءٍ الْبَصْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبَّرَ عَلَى ابْنِهِ اِبْرَاهِيمَ اَرْبَعَ تَكْبِيرَاتٍ | حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے بیٹے ابراہیم رضی اللہ عنہ کے جنازہ میں چار تکبیریں پڑھیں۔ |
| لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ اِلَّا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، وَعَطَاءٌ الْبَصْرِيُّ هُوَ عَطَاءُ بْنُ عَجْلَانَ | یہ حدیث حسن بن صالح سے مصعب بن مقدام اور علاء البصری روایت کرتے ہیں عطاء بصری سے عطاء بن عجلان مراد ہے۔ |
| **4437** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ قَالَ: نا | حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ |

**4435**- أخرجه أبو داؤد: الضحايا جلد 3 صفحه 105 رقم الحديث: 2837-2838' والترمذي: الأضاحي جلد 4 صفحه 101 رقم الحديث: 1522 وقال: هذا حديث حسن صحيح . والنسائي: العقيقة جلد 7 صفحه 147 (باب متى يعق؟) . وابن ماجة: الذبائح جلد 2 صفحه 1056 رقم الحديث: 3165' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 24 رقم الحديث: 20215 . وانظر تلخيص الحبير جلد 4 صفحه 161 رقم الحديث: 2 .

**4436**- اسناده فيه: عطاء بن العجلان العطار وهو متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 38: رواه البزار والطبراني' وفي اسناد البزار عبد الرحمٰن بن مالك بن مغول وهو متروك .

**4437**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 41 وقال: رواه الطبراني في الأوسط' وأبي يعلى' ورجال أبي يعلى رجال الصحيح .

Marfat.com

عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ قَالَ: نا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ یَزِیدَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: تَسْلِیمُ الرَّجُلِ بِاُصْبَعٍ وَاحِدَةٍ یُشِیرُ بِهَا فِعْلُ الْیَهُودِ

نے فرمایا: ایک انگلی کے ساتھ سلام کرنا' اس طرح یہودی کرتے ہیں۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ ثَوْرٍ اِلَّا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، وَلَا یُرْوَی عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ثور سے ابوخالد الاحمر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عثمان بن ابی شیبہ اکیلے ہیں' رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4438** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ یَحْیَی الرَّقِّیُّ قَالَ: نا اَبُو فَرْوَةَ یَزِیدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَزِیدَ بْنِ سِنَانِ الرُّهَاوِیُّ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: نا زَیْدُ بْنُ اَبِی اُنَیْسَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِیٍّ، عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ خَرَجَ مَعَ جَنَازَةٍ حَتّٰی تُدْفَنَ کَانَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ قِیرَاطَانِ فَقِیلَ: اَیُّ شَیْءٍ الْقِیرَاطُ؟ قَالَ: مِثْلُ اُحُدٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جنازہ کے ساتھ نکلے اس کی نمازِ جنازہ پڑھ کر اس کو دفن کر کے واپس آئے تو اس کے لیے دو قیراط کے برابر ثواب ہوگا۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! قیراط کیا شے ہے؟ فرمایا: ایک قیراط اُحد پہاڑ کے برابر ہے۔

**4439** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ یَحْیَی الرَّقِّیُّ قَالَ: نا یَزِیدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: نا زَیْدُ بْنُ اَبِی اُنَیْسَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِیٍّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِیَّةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِی اُمَامَةَ الْبَاهِلِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے وضو کیا اور اچھا وضو کیا' اس کے کانوں اور آنکھ اور دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں سے گناہ نکل جائیں گے۔ ابوظبیہ الحمصی وہ ابوامامہ کے پاس تھے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عمرو بن عبسہ سے سنا رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے بیان کرتے

4438- تقدم تخریجه . انظر الحدیث رقم: 4308 .

4439- اسناده فیه: محمد بن یزید بن سنان ضعیف' ویزید بن سنان ضعیف . وقال الحافظ الهیثمی فی المجمع جلد 1 صفحه 226: رواه أحمد والطبرانی فی الکبیر والأوسط بنحوه' واسناده حسن .

Marfat.com

وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ مَسَامِعِهِ وَبَصَرِهِ وَيَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ فَقَالَ اَبُو ظَبْيَةَ الْحِمْصِيُّ، وَهُوَ عِنْدَ اَبِي اُمَامَةَ، وَاَنَا سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ عَبَسَةَ يُحَدِّثُ بِذٰلِكَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَبِيتُ عَلَى طُهْرٍ فَيَذْكُرُ اللّٰهَ ثُمَّ يَتَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَيَدْعُو اللّٰهَ اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ مَا سَاَلَ مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

ہوئے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو بندہ وضو پر رات گزارتا ہے' اللہ کا ذکر کرتا ہے پھر رات کو اُٹھتا ہے تو اللہ عزوجل سے دنیا و آخرت کی کوئی شے مانگتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو عطا کرتا ہے۔

**4440** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ يَحْيَى الرَّقِّيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ اَبِي اُنَيْسَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَتَوَضَّأُ فَيَغْسِلُ يَدَيْهِ، اِلَّا خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ يَدَيْهِ ثُمَّ يَغْسِلُ وَجْهَهُ، اِلَّا خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ وَجْهِهِ، ثُمَّ يَغْسِلُ ذِرَاعَيْهِ اِلَّا خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ ذِرَاعَيْهِ ثُمَّ يَمْسَحُ رَاْسَهُ، اِلَّا خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ رَاْسِهِ ثُمَّ يَغْسِلُ رِجْلَيْهِ اِلَّا خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ رِجْلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو بندہ وضو کرتا ہے' اپنے ہاتھوں کو دھوتا ہے تو اس کے ہاتھوں کے گناہ نکل جاتے ہیں اور اپنے چہرے کو دھوتا ہے تو اس کے چہرے کے گناہ نکل جاتے ہیں' اپنی کلائیوں کو دھوتا ہے تو اس کے گناہ نکل جاتے ہیں' پھر اپنے سر کا مسح کرتا ہے تو سر کے گناہ نکل جاتے ہیں' پھر اپنے پاؤں دھوتا ہے تو اس کے پاؤں کے گناہ نکل جاتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ وَهُوَ اَبُو اَيُّوبَ الْاِفْرِيقِيُّ، اِلَّا اَبُو فَرْوَةَ يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو فَرْوَةَ يَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ

یہ تمام احادیث عبداللہ بن علی سے ابوفروہ بن سنان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوفروہ یزید بن محمد بن سنان اکیلے ہیں۔ عبداللہ بن علی کی کنیت ابوایوب الافریقی ہے۔

**4440**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد**8**صفحه**251** رقم الحديث:**7984** .

Marfat.com

**4441** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدَانَ بْنِ يَزِيدَ الْبَجَلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْهَيَّاجِيُّ قَالَ: انا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَرْحَبِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ، مَلِكٌ كَذَّابٌ، وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ، وَغَنِيٌّ بَخِيلٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں سے اللہ عزوجل ناراض ہوتا ہے: (۱) جھوٹے بادشاہ سے (۲) تکبر کرنے والے فقیر سے (۳) جو مال دار ہو اور بخیل ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ اِلَّا عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث قاسم بن ولید سے عبیدہ بن اسود روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**4442** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدَانَ الْبَجَلِيُّ قَالَ: نا حَمْزَةُ بْنُ عَوْنٍ الْمَسْعُودِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ مِسْكِينٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ قَالَ: مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا سَمِعْتُهُ حِينَ يَنْصَرِفُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطَايَايَ وَذُنُوبِي كُلِّهَا، اللّٰهُمَّ وَانْعَشْنِي وَاجْبُرْنِي وَاهْدِنِي لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ، اِنَّهُ لَا يَهْدِي لِصَالِحِهَا وَلَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے پیچھے جب بھی نماز پڑھی تو آپ سلام پھیرنے کے بعد" اللّٰهم اغفرلی الی آخرہ" پڑھتے تھے۔

---

**4441**- اسناده حسن فيه: محمد بن عمر الهياجي صدوق' ويحيى بن عبد الرحمٰن بن مالك الأرى الكوفي صدوق ربما أخطأ' وعبيدة بن الأسود بن سعيد الهمداني الكوفي صدوق ربما دلس . وقال الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 251: وفيه يحيى بن عبد الرحمٰن الأرجي' وبقية رجال ثقات .

**4442**- اسناده فيه: عمر بن مسكين' روى عنه غير واحد' ترجمه ابن أبي حاتم في الجرح جلد 6 صفحه 136 وسكت عنه' وذكره ابن حبان في الثقات' وقال البخاري جلد 6 صفحه 198 لا يتابع على حديثه في الجنازة . وأخرجه أيضًا في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 114: واسناده جيد .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ

یہ حدیث ابوایوب سے اسی سند سے روایت ہے' اس کوروایت کرنے میں محمد بن صلت اکیلے ہیں۔

**4443** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدَانَ الْبَجَلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ طَرِيفٍ الْبَجَلِيُّ قَالَ: نا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الرُّؤَاسِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْقُرَشِيُّ، عَنْ اُمِّ كَبْشَةَ، امْرَاَةٍ مِنْ بَنِي عُذْرَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ائْذَنْ لِي اَنْ اَخْرُجَ مَعَ جَيْشِ كَذَا وَكَذَا قَالَ: لَا قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنِّي لَا اُرِيدُ الْقِتَالَ، اِنَّمَا اُرِيدُ اَنْ اُدَاوِيَ الْجَرِيحَ وَالْمَرِيضَ قَالَ: لَوْلَا اَنْ تَكُونَ سُنَّةً، يُقَالُ: خَرَجَتْ فُلَانَةُ، لَاَذِنْتُ لَكِ

حضرت اُم کبشہ بنی عذرہ کی ایک عورت ہیں' وہ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے لشکر کے ساتھ جانے کی اجازت دیں! آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں غزوہ میں جانے کا ارادہ رکھتی ہوں' میں زخمیوں اور مریضوں کو دوا دینے کا ارادہ رکھتی ہوں' آپ نے فرمایا: اگر یہ یعنی مریض کی عیادت اور زخمیوں کو دوا دینا سنت نہ ہوتا تو کہا جاتا: فلانی نکلی ہے' میں آپ کو اجازت دیتا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ كَبْشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث اُم کبشہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کوروایت کرنے میں حسن بن صالح اکیلے ہیں۔

**4444** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ النُّعْمَانِ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ فَرَّ اَحَدُكُمْ مِنْ رِزْقِهِ لَاَدْرَكَهُ كَمَا يُدْرِكُهُ الْمَوْتُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر کسی کا رزق اُسے اس طرح تلاش کر لیتا ہے جیسے موت انسان کو تلاش کر لیتی ہے۔

---

**4443**- اسناده صحيح . وأخرجه أيضًا في الكبير . وقال الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **326-327**: ورجالهما رجال الصحيح .

**4444**- اسناده فيه: على بن يزيد' فيه لين' وعطية بن سعد العوفي صدوق يخطئ كثيرًا وكان شيعيًا مدلسًا وأخرجه أيضًا في الصغير . وقال الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **75**: وفيه عطية العوفي وهو ضعيف' وقد وثق .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي سَعِيدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث فضیل بن مرزوق سے علی بن یزید روایت کرتے ہیں اور ابوسعید سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**4445** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ النُّعْمَانِ الْقَزَّازُ قَالَ: نا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَلَائِكَةُ تَلْعَنُ أَحَدُكُمْ إِذَا أَشَارَ إِلَى أَخِيهِ بِحَدِيدَةٍ، وَإِنْ كَانَ أَخَاهُ لِأَبِيهِ وَأُمِّهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی طرف لوہے کے ساتھ اشارہ کرتا ہے تو فرشتے اس پر لعنت بھیجتے ہیں اگرچہ وہ اس کا ماں باپ کی طرف سے سگا بھائی ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ إِلَّا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنِ الْمُغِيرَةِ إِلَّا إِسْحَاقُ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو هِشَامٍ

یہ حدیث مطر سے مغیرہ بن مسلم اور مغیرہ سے اسحاق روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابوہشام اکیلے ہیں۔

**4446** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ النُّعْمَانِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نا خَارِجَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ بَشِيرِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، وَرَجُلٌ آخَرُ مِنَ الْعَلَوِيِّينَ عَلَى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: مَنْ أَنْتُمَا؟ فَانْتَسَبَ لَهُ الْعَلَوِيَّانِ، فَعَرَفَهُمَا وَانْتَسَبْتُ لَهُ، فَقَالَ: مَا أَعْرِفُكَ، فَقُلْتُ: إِنْ لَمْ تَعْرِفْنِي فَإِنَّ اللّٰهَ يَعْرِفُنِي، فَقَالَ: مَا يُغْنِي عَنْكَ مَعْرِفَةُ جَابِرٍ قُلْتُ: صَلِّ بِنَا كَمَا رَأَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت حسین بن سلام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں اور محمد بن علی اور ایک اور آدمی علویوں میں سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے پاس آئے کہ حضرت جابر نے فرمایا: تم دونوں کون ہو؟ علویان نے اس کا نسب بیان کیا' دونوں کو آپ نے پہچان لیا اور اپنا نسب بیان کیا' فرمایا: میں آپ کو نہیں جانتا ہوں' میں نے کہا: اگر آپ مجھے نہیں پہچانتے تو بے شک اللہ مجھے پہچانتا ہے۔ فرمایا: آپ کو جابر کی پہچان کوئی فائدہ نہ دے گی۔ میں نے عرض کی: آپ ہمیں نماز ایسے ہی پڑھائیں جس طرح رسول اللہ ﷺ

**4445**- أخرجه مسلم: البر والصلة جلد4صفحه2020' وأحمد: المسند جلد2صفحه343 رقم الحديث: 7495 .

**4446**- أخرجه النسائي: المواقيت جلد1صفحه208 (باب آخر وقت المغرب) .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي . فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الظُّهْرَ إِذَا كَانَ الظِّلُّ مِثْلَ الشِّرَاكِ، وَالْعَصْرَ إِذَا كَانَ الظِّلُّ مِثْلَهُ وَقَدْرَ الشِّرَاكِ، وَيُصَلِّي الْمَغْرِبَ إِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ، وَيُصَلِّي الْعِشَاءَ إِذَا غَابَ الشَّفَقُ، وَيُصَلِّي الْفَجْرَ إِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ، ثُمَّ صَلَّى مِنَ الْغَدِ الظُّهْرَ حِينَ كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَهُ، ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ حِينَ كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَهُ، ثُمَّ صَلَّى الْمَغْرِبَ حِينَ غَابَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ مَعَ ثُلُثِ اللَّيْلِ الْآخِرِ

کو نماز پڑھاتے دیکھا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ ظہر کی نماز پڑھاتے تھے جب ہر شی کا سایہ ایک تسمہ کی مثل ہو جاتا تھا اور عصر جب سایہ ایک مثل ہو جاتا اور تسمہ کی مقدار اور مغرب جب سورج غروب ہو جاتا اور عشاء جب شفق غروب ہو جاتی اور فجر جب فجر طلوع ہوتی' پھر دوسرے دن ظہر کی نماز پڑھائی جس وقت ہر شی کا سایہ ایک مثل ہوا' پھر عصر جب ہر شی کا سایہ دو مثل ہوا' پھر مغرب جس وقت سورج غروب ہوا' پھر عشاء جب رات کا ایک حصہ چلا گیا۔

**4447** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ النُّعْمَانِ الْقَزَّازُ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الْجِهَادِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ أُهَرِيقَ دَمُهُ، وَعُقِرَ جَوَادُهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! کون سا جہاد افضل ہے؟ فرمایا: جس نے اپنا خون بہا دیا اور اس کے گھوڑے کی کونچیں کاٹ دی گئیں۔

هَكَذَا رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، عَنِ ابْنِ نُمَيْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ وَرَوَاهُ النَّاسُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ

یہ حدیث اسی طرح سفیان بن وکیع' ابن نمیر سے' وہ اعمش سے روایت کرتے ہیں۔ لوگوں نے اعمش سے' وہ ابوسفیان سے' وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

**4448** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ قَالَ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی بیماری کے دنوں میں پردہ اٹھایا اور

---

**4447**- اسناده فيه: سفيان بن وكيع' قال ابن حجر فيه: كان صدوقًا' الا أنه ابتلى بوراقه' فادخل عليه ما ليس من حديثه فنصح فلم يقبل' فسقط حديثه .

**4448**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد9 صفحه40 وقال: وفيه عبد الله بن جعفر والد علي ابن المديني' وهو ضعيف .

Marfat.com

نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی مُصْعَبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَشَفَ رَسُولُ اللّٰهِ سِتْرًا وَفَتَحَ بَابًا فِي مَرَضِهِ، فَنَظَرَ اِلَى النَّاسِ يُصَلُّونَ خَلْفَ اَبِي بَكْرٍ، فَسُرَّ بِذَلِكَ وَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، اِنَّهُ لَمْ يَمُتْ نَبِيٌّ حَتَّى يَؤُمَّهُ رَجُلٌ مِنْ اُمَّتِهِ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، مَنْ اُصِيبَ مِنْكُمْ بِمُصِيبَةٍ مِنْ بَعْدِي فَلْيَتَعَزَّ بِمُصِيبَتِهِ بِي، عَنْ مُصِيبَتِهِ الَّتِي تُصِيبُهُ، فَاِنَّهُ لَنْ يُصَابَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِي مِنْ بَعْدِي بِمِثْلِ مُصِيبَتِهِ بِي

دروازہ کھولا' آپ نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ ابوبکر کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہیں' آپ یہ دیکھ کر خوش ہوئے۔ آپ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں کیونکہ جو نبی بھی دنیا سے جاتا ہے اس وقت جاتا ہے جب اس کی اُمت کا آدمی اس کی موجودگی میں امامت کرواتا ہے' پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے لوگو! جس کو میرے بعد کوئی مصیبت پہنچے تو اسے چاہیے کہ وہ میری اس مصیبت کو دیکھے جو مجھ پر آئی ہے کیونکہ میرے بعد کسی کو بھی میری طرح مصیبت نہیں پہنچے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا مُصْعَبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے مصعب بن محمد بن شرحبیل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن جعفر اکیلے ہیں۔

**4449** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَخْتَانَ الشِّيرَازِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الزِّيَادَ آبَادِيُّ الشِّيرَازِيُّ قَالَ: نا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَفَعَ الْحَدِيثَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى كُلِّ سُلَامَى اَوْ عَلَى عُضْوٍ مِنْ بَنِي آدَمَ فِي كُلِّ يَوْمٍ صَدَقَةٌ، وَتُجْزِءُ مِنْ ذَلِكَ كُلِّهِ رَكْعَتَا الضُّحَى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انسان کے ہر جوڑ پر صدقہ ہے' اگر کوئی چاشت کی دو رکعتیں ادا کرلے گا تو تمام جوڑوں کا صدقہ ادا ہوجائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ،

یہ حدیث قیس بن سعد سے ہشام بن حسان اور ہشام سے سالم بن نوح روایت کرتے ہیں' اس کو

**4449**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **240** . وقال: رواه الطبراني في الصغير' والأوسط وفيه من لم أجد له ترجمة .

Marfat.com

تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ

روایت کرنے میں علی بن محمد اکیلے ہیں۔

**4450** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ الْخَزَّازُ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ النُّمَيْرِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيُّ، قَالَ نا الْاَعْمَشُ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا صَلَّى افْتَرَشَ يُسْرَاهُ، وَنَصَبَ يُمْنَاهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز پڑھتے تو آپ بایاں پاؤں بچھاتے اور دایاں کھڑا کر لیتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ

یہ حدیث اعمش سے حسین بن حسن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمر بن شبہ اکیلے ہیں۔

**4451** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنُ نَصْرِ بْنِ طُوَيْتٍ الرَّمْلِيُّ الْبَزَّازُ، قَالَ نا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَخِي رَوَّادٍ قَالَ: نا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَقَالَ: حَدَّثَنَا رَوَّادٌ قَالَ: نا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ، يَمْنَعُ اَحَدَكُمْ نَوْمَهُ وطَعَامَهُ وشَرَابَهُ وَلَذَّتَهُ، فَاِذَا فَرَغَ اَحَدُكُمْ مِنْ حَاجَتِهِ فَلْيَتَعَجَّلْ اِلَى اَهْلِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سفر عذاب کا ٹکڑا ہے' تم میں سے ہر ایک کو سفر کی حالت میں نیند' کھانے اور پینے اور لذت سے رکنا پڑتا ہے' جب تم میں سے کوئی اپنے کام سے فارغ ہو جائے تو جلدی جلدی گھر آ جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ رَبِيعَةَ اِلَّا رَوَّادٌ وَالْمَشْهُورُ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ

یہ حدیث مالک' ربیعہ سے اور مالک سے روّاد روایت کرتے ہیں' یہ حدیث مشہور مالک سے اور وہ سمی سے روایت کرتے ہیں۔

---

**4450**- أخرجه الطبرانی فی الصغیر جلد1صفحه229 . وقال: لم یروه عن الأعمش الی الحسین تفرد به عمر بن شبة .

**4451**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه213 . وقال: وفيه رواد بن الجراح وفيه كلام كثير' وقد وثقه ابن حبان' وقال: يخطئ .

Marfat.com

**4452** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى بْنِ اَبِی عُثْمَانَ الْاَنْمَاطِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَرُزِّیُّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُقَبِّلُ الصَّائِمُ؟ فَقَالَ: وَمَا بَاْسُ ذٰلِكَ؟ رَيْحَانَةٌ يَشُمُّهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا کہ کیا روزے دار (اپنی بیوی کا) بوسہ لے سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے! یہ خوشبو ہے سونگھنی چاہئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا مُعْتَمِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَرُزِّیُّ

یہ حدیث سلیمان التیمی سے معتمر روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ الازدی اکیلے ہیں۔

**4453** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى بْنِ اَبِی عُثْمَانَ الْاَنْمَاطِیُّ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ، عَنِ السَّرِيِّ بْنِ يَحْيَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَجِمُ لِسَبْعَ عَشْرَةَ يَمْضِينَ مِنَ الشَّهْرِ، وَتِسْعَ عَشْرَةَ، وَاِحْدَى وَعِشْرِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مہینہ کی سترہ، انیس اور اکیس تاریخ کو پچھنا لگواتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السَّرِيِّ بْنِ يَحْيَى اِلَّا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ سِيرِينَ اِلَّا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث السری بن یحییٰ سے مسلمہ بن علی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں حکم بن موسیٰ اکیلے ہیں، محمد بن سیرین سے السری بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

---

**4452**- اسناده فيه: عبد الله بن موسى بن ابى عثمان الأنماطي البغدادى الدهقان، قال الخطيب جلد 10 صفحه 148: ما علمت من حاله الا خيرًا . واخرجه أيضًا فى الصغير . وذكره الهيثمى فى المجمع جلد 3 صفحه 170 ولم يتعقبه .

**4453**- أخرجه أبو داؤد: الطب جلد 4 صفحه 4 رقم الحديث: 3861 بلفظ: من احتجم لسبع عشرة و...... كان شفاءً من كل داء . والحاكم فى المستدرك جلد 4 صفحه 210 . انظر الترغيب جلد 4 صفحه 314 رقم الحديث: 10 .

Marfat.com

**4454** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، قَالَ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اللَّيْثِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَبِيعَةَ بْنَ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، يُحَدِّثَانِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ حِينَ فُرِضَتْ، فَزِيدَ فِي صَلَاةِ الْحَضَرِ، وَاُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ عَلَى الْفَرِيضَةِ الْاُولَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نماز دو دو رکعت فرض ہوئی تھی' حالت اقامت کی صورت میں اضافہ ہوا اور سفر والی نماز کو پہلی حالت پر برقرار رکھا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى وَرَبِيعَةَ اِلَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ

یہ حدیث یحییٰ سے اسامہ بن زید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن موسیٰ التیمی اکیلے ہیں۔

**4455** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ مَجُوسَ هَذِهِ الْاُمَّةِ الْمُكَذِّبُونَ بِاَقْدَارِ اللّٰهِ، اِنْ مَرِضُوا فَلَا تَعُودُوهُمْ، وَاِنْ لَقِيتُمُوهُمْ فَلَا تُسَلِّمُوا عَلَيْهِمْ، وَاِنْ مَاتُوا فَلَا تَشْهَدُوهُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس اُمت کے مجوسی اللہ کی تقدیر کا انکار کرنے والے ہیں' اگر یہ بیمار ہو جائیں تو ان کی عیادت نہ کرو' اگر ان سے ملاقات ہو تو ان کو سلام نہ کرو' اگر مر جائیں تو ان کے جنازہ میں شریک نہ ہونا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا بَقِيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى

یہ حدیث اوزاعی سے بقیہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن مصفّٰی اکیلے ہیں۔

---

**4454**- أخرجه البخاری: مناقب الأنصار جلد 7 صفحه 314 رقم الحديث: 3935' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 478 بنحوه .

**4455**- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 35 رقم الحديث: 92' والطبرانی فی الصغير جلد 1 صفحه 221 . وقال: لم يروه عن الأوزاعی الا بقية تفرد به: ابن مصفی .

Marfat.com

**4456** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ اَبِي وَدَاعَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اُمَيَّةَ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمِّي مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ بِنْتِ اَبِي اُمَيَّةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: كَانَ النَّاسُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُصَلِّي الْمُصَلِّي فَلَا يَعْدُو بَصَرُهُ مَوْضِعَ قَدَمَيْهِ

حضرت اُم سلمہ بنت ابوامیہ زوجہ نبی ﷺ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں نمازی اپنی نظر اپنے قدموں پر رکھتا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**4457** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بَشِيرِ بْنِ خَلَّادٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي اَمَةُ الْوَاحِدِ بِنْتُ يَامِينَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النَّصْرِيِّ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: حَدَّثَنِي اَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَسِّطُوا الْاِمَامَ وَسُدُّوا الثُّلَمَ لَا يَتَخَلَّلُهَا الشَّيْطَانُ، وَضَعُوا نِعَالَكُمْ بَيْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: امام کو درمیان میں کھڑا کرو درمیان میں جگہ نہ چھوڑو تاکہ شیطان داخل نہ ہو اپنے نعلین قدموں کے درمیان رکھو۔

**4456**- أخرجه ابن ماجة: الجنائز جلد 1صفحه523 رقم الحديث: 1634 . في الزوائد: في اسناده مصعب بن عبد الله ذكره ابن حبان في الثقات . قال العجلي: ثقة . وموسى بن عبد الله لم أر من جرحه ولا وثقه ومحمد بن ابراهيم ذكره ابن حبان في الثقات .

**4457**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه179 رقم الحديث: 681 . بلفظ: وسطوا الامام وسدوا الخلل . والبيهقي في الكبرى جلد3صفحه147 رقم الحديث: 5203 ولفظ لفظ أبو داؤد .

Marfat.com

اَقْدَامِكُمْ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث ابو ہریرہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن بشیر اکیلے ہیں۔

**4458** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: قُلْتُ لِلرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ: صِفِي لِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: لَوْ رَاَيْتَهُ رَاَيْتَ الشَّمْسَ طَالِعَةً

حضرت محمد بن عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے ربیع بنت معوذ بن عفراء سے عرض کی کہ مجھے حضور ﷺ کی تعریف سناؤ! آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر تو آپ ﷺ کو دیکھتا تو ایسے دیکھتا کہ جس طرح سورج طلوع ہو رہا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الرُّبَيِّعِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ

یہ حدیث ربیع سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن موسیٰ التیمی اکیلے ہیں۔

**4459** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ، قَالَ نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ: نا بَكَّارُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَارِسَتَ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ: حَدَّثَتْنِي اُمُّ خَالِدٍ بِنْتُ خَالِدٍ، قَالَتْ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرْتُ اِلَى خَاتَمِ النُّبُوَّةِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ

حضرت اُم خالد بنت خالد رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آئی' میں نے مہر نبوت آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان دیکھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا بَكَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے بکار بن محمد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

---

**4458**- أخرجه الدارمي: المقدمة جلد **1** صفحه **44** رقم الحديث: **60**' والطبراني في الكبير جلد **24** صفحه **274** رقم الحديث: **696** . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **8** صفحه **283**: ورجاله وثقوا .

**4459**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد **25** صفحه **95** رقم الحديث: **245** .

Marfat.com

**4460** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شُعَيْبٍ اَبُو الْقَاسِمِ الْحَرْبِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ وَرْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْرَمِيُّ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ عُثْمَانَ الْبَتِّيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ مَمْلُوكًا كَانَ بَيْنَ عَشَرَةٍ، فَاَعْتَقَ تِسْعَةٌ مِنْهُمْ، وَاَبَى الْعَاشِرُ اَنْ يُعْتِقَ، وَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سِهَامِي؟ قَالَ: سِهَامُكَ فِيهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک غلام دس آدمیوں کے درمیان مشترک تھا' اس کے نو حصے آزاد کیے گئے' دسویں حصے کے مالک نے آزاد کرنے سے انکار کر دیا' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرا حصہ ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارا حصہ اس میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا عُثْمَانُ الْبَتِّيُّ، وَلَا عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَرْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے عثمان البتی اور عثمان سے عدی بن فضل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ورد بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

**4461** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شُعَيْبٍ اَبُو الْقَاسِمِ الْحَرْبِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ جَنَاحٍ، مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا اَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَافَ بِالْبَيْتِ، وَصَلَّى خَلْفَ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ رَكْعَتَيْنِ، وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مکہ مکرمہ تشریف لائے اور آپ نے طوافِ کعبہ کیا اور مقامِ ابراہیم کے پیچھے دو رکعت نفل ادا کیے اور صفا و مروہ کی سعی کی' تمہارے لیے رسول اللہ ﷺ کی زندگی بطور نمونہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ وَهُوَ اَبُو اَيُّوبَ الْاِفْرِيقِيُّ، اِلَّا اَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي

یہ حدیث عبداللہ بن علی سے ابو یوسف قاضی روایت کرتے ہیں' عبداللہ بن علی سے مراد ابو ایوب الافریقی ہیں۔

**4462** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قُرَيْشٍ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

4460- ذكره الهيثمي في المجمع جلد4صفحه251 . وقال: وفيه محمد (عدى) بن الفضل' وهو متروك .

4461- أخرجه البخاري: العمرة جلد3صفحه720 رقم الحديث:1793' ومسلم: الحج جلد2صفحه906 .

4462- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد 4صفحه155 رقم الحديث: 4457 بنحوه والنسائي: النكاح جلد6صفحه90

Marfat.com

الْاَسَدِیُّ الْبَغْدَادِیُّ قَالَ: وَجَدْتُ فِی سَمَاعِ الْفَرَجِ بْنِ الْیَمَانِ الْکَرْدَلِیِّ قَالَ: نا سَیْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّیَّاتِ، عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، خَالِی اِلَی رَجُلٍ مِنَ الْیَمَنِ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِیهِ، فَقَالَ: اِنْ اَدْرَکْتَهُ فَاضْرِبْ عُنُقَهُ وَاسْتَخْلِفْ مَالَهُ

کہ حضور ﷺ نے میرے خالو کو یمن کے ایک آدمی کی طرف بھیجا کہ اس نے اپنے والد کی بیوی سے شادی کی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو اس کو پائے تو اس کی گردن اُڑا دے اور اس کا مال سنبھال لے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ حَمْزَةَ الزَّیَّاتِ اِلَّا سَیْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث حمزہ الزیات سے سیف بن محمد روایت کرتے ہیں۔

**4463** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِیمَ الصَّقْرِیُّ الْحَلَبِیُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ الْاَخْیَلِ قَالَ: نا مُعَاوِیَةُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: نا سُفْیَانُ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِیِّ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: دَخَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّةَ، وَعَلَیْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ فتح کے دن مکہ مکرمہ داخل ہوئے تو آپ نے سیاہ رنگ کا عمامہ شریف زیب تن کیا ہوا تھا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الثَّوْرِیِّ اِلَّا مُعَاوِیَةُ بْنُ هِشَامٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ الْاَخْیَلِ

یہ حدیث ثوری سے معاویہ بن ہشام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن الاخیل روایت کرتے ہیں۔

**4464** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ ابْنِ اَخِی رَوَّادِ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ الْعَسْقَلَانِیُّ قَالَ: نا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ،

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اس ارشادِ باری تعالیٰ کے متعلق "ان کے چہروں میں سجدے کے نشانات ہیں" فرمایا کہ اس

(باب نکاح ما نکح الآباء)' وابن ماجة: الحدود جلد 2 صفحه 869 رقم الحديث: 2607' والدارمي: النكاح جلد 2 صفحه 205 رقم الحديث: 2239 .

**4463**- اخرجه مسلم: الحج جلد 2 صفحه 990' والنسائي: المناسك جلد 5 صفحه 158 (باب دخول مكة بغير احرام) .

**4464**- ذكره الحافظ الهيثمي فيا لمجمع جلد 7 صفحه 110 . وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط . وفيه رواد بن الجراح وثقه ابن حبان وغيره' وضعفه الدارقطني وغيره .

Marfat.com

وَالْمُسَيَّبُ بْنُ شَرِيكٍ: قَالَا: نا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِمْ مِنْ اَثَرِ السُّجُودِ) (الفتح: 29) قَالَ: النُّورُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

سے مراد قیامت کے دن نور ہوگا۔

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ اِلَّا رَوَّادُ وَالْمُسَيَّبُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث ابوجعفر الرازی سے روّاد اور مسیّب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابوالسری اکیلے ہیں۔

**4465** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الضَّبِّيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نا عُمَرُ اَبُو حَفْصٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ، فَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ مِنْ تَحْتِ حَنَكِهِ، وَقَالَ: بِهَذَا اَمَرَنِي رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے داڑھی شریف کا خلال کیا' گردن کی طرف سے ہاتھ داخل کر کے اور فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایسا کرنے کا حکم دیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا عُمَرُ اَبُو حَفْصٍ الْعَبْدِيُّ

یہ حدیث ثابت سے عمر ابوحفص العبدی روایت کرتے ہیں۔

**4466** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا مَيْمُونُ بْنُ نَجِيحٍ اَبُو الْحَسَنِ قَالَ: نا الْحَسَنُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّي اَشْتَهِي الْجِهَادَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میں جہاد کرنا چاہتا ہوں لیکن میں اس کی طاقت نہیں رکھتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تیرے والدین میں سے کوئی زندہ ہے؟ اس نے عرض کی: میری والدہ!

**4465**- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن العباس الضبي الجمري ترجمه السمعاني في الأنساب جلد 3 صفحه 328 وابن ماكولا جلد 2 صفحه 194 ولم يذكرا فيه جرحًا ولا تعديلًا .

**4466**- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن العباس الضبي ترجمه السمعاني وابن ماكولا ولم يذكرا فيه جرحًا ولا تعديلًا .

Marfat.com

وَاِنِّی لَا اَقْدِرُ عَلَيْهِ؟ قَالَ: هَلْ بَقِيَ اَحَدُ وَالِدَيْكَ؟ قَالَ: اُمِّي قَالَ: فَابْلِ اللّٰهَ عُذْرًا فِي بِرِّهَا، فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ فَاَنْتَ حَاجٌّ وَمُعْتَمِرٌ وَمُجَاهِدٌ، اِذَا رَضِيَتْ اُمُّكَ، فَاتَّقِ اللّٰهَ وَبِرَّهَا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہاری نیکی کا عذر قبول کرلیا ہے' جب تُو اپنی والدہ کی خدمت کرے گا تو تجھے حج وعمرہ اور جہاد کرنے کا ثواب ملے گا' جب تُو اپنی والدہ کو خوش کرے تو اللہ سے ڈرنا اور والدہ صاحبہ سے نیکی کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا مَيْمُونُ بْنُ نَجِيحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حسن سے میمون بن نجیح روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن حجاج اکیلے ہیں۔ حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4467** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ اَخِيهِ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُومُ مِنْ مَجْلِسٍ حَتّٰى يَقُولُ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ ثُمَّ يَقُولُ: اِنَّهَا كَفَّارَةٌ لِمَا يَكُونُ فِي الْمَجْلِسِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس وقت کسی مجلس سے کھڑے ہوتے تھے تو یہ کلمات پڑھتے: ''سبحانك اللّٰهم وبحمدك استغفرك واتوب اليك''۔ پھر فرماتے: یہ مجلس میں ہونے والی لغویات کا کفارہ ہے۔

هٰكَذَا رَوَاهُ مُقَاتِلٌ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُقَاتِلٍ اِلَّا اَخُوهُ مُصْعَبُ بْنُ حَيَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَرَوَاهُ الْحَجَّاجُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ اَبِي بَرْزَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اسی طرح مقاتل نے ابوالعالیہ سے' وہ رافع بن خدیج سے' وہ مقاتل سے' ان کے بھائی مصعب بن حیان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یونس بن محمد اکیلے ہیں' حجاج بن دینار نے ابوہاشم الرمانی سے' وہ ابوالعالیہ سے' وہ ابوبرزہ سے' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔

---

**4467**- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن العباس الضبى ترجمه السمعانى وابن ماكولا' ولم يذكرا فيه جرحًا ولا تعديلًا . وأخرجه أيضًا فى الصغير والكبير' وقال الهيثمى فى المجمع جلد**10**صفحه**144**: ورجاله ثقات .

Marfat.com

4468 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نا اَبُو مَعْمَرٍ صَالِحُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا سَلَّامُ بْنُ اَبِي خُبْزَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاِقْعَاءِ فِي الصَّلَاةِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نماز میں کتے کی طرح بیٹھنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا سَلَّامُ بْنُ اَبِي خُبْزَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَالِحُ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث یونس سے سلام بن ابی خبزہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صالح بن حرب اکیلے ہیں۔

4469 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ بَزِيعٍ الْخَصَّافُ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ اَبِي جَنَابٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ نَهَى عَنْ صِيَامِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ: تَعْجِيلِ يَوْمٍ قَبْلَ الرُّؤْيَةِ، وَيَوْمِ الْاَضْحَى، وَالْفِطْرِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے تین دن روزے رکھنے سے منع کیا: (۱) چاند دیکھنے سے پہلے جلدی کے طور پر (۲) عید الاضحیٰ کے دن (۳) عید الفطر کے دن۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ اِلَّا اَبُو جَنَابٍ، وَلَا عَنْ اَبِي جَنَابٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ بَزِيعٍ

یہ حدیث طلحہ بن مصرف سے ابوجناب اور ابوجناب سے سعید بن سلمہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن بزیع اکیلے ہیں۔

4470 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس حالت

---

4468- اسناده فيه: سلام بن أبي خيزة العطار بصري ضعفه غير واحد' وقال ابن المديني: يضع الحديث' وقال النسائي والساجي: مروك . وأخرجه أيضًا البزار' ذكره الهيثمي في المجمع جلد2صفحه89 . وقال في اسناد البزار: وفيه سعيد بن بشير' وفيه كلام .

4469- وأخرجه أيضًا في الصغير . وذكره الهيثمي في المجمع جلد3صفحه206 . وقال: وفيه سعيد بن مسلمة' وقد ضعفه البخاري وجماعة' ووثقه ابن حبان' وقال: يخطئ .

4470- أخرجه مسلم: الايمان جلد1صفحه138' وأحمد: المسند جلد5صفحه197 .

Marfat.com

اِبْرَاهِيمَ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ الْمِنْهَالِ الْانْمَاطِيُّ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نا اَبُو مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالشَّمْسُ تَصْعَدُ: اَتَدْرِي اَيْنَ تَصْعَدُ هَذِهِ يَا اَبَا ذَرٍّ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: فَاِنَّهَا تَصْعَدُ فَتَغْرُبُ، ثُمَّ تَجْرِي لِمُسْتَقَرِّهَا، وَتَاْتِي الْعَرْشَ فَتَخِرُّ سَاجِدَةً، حَتَّى يُقَالُ لَهَا: اطْلُعِي مِنْ مَطْلَعِكِ، وَكَانَ قَدْ قِيلَ لَهَا: ارْجِعِي مِنْ حَيْثُ جِئْتِ، فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَذَلِكَ حِينَ (لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِي اِيمَانِهَا خَيْرًا) (الانعام: **158**) الْآيَةَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اَبُو مَرْيَمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَكَمُ بْنُ مَرْوَانَ

میں کہ سورج طلوع ہو رہا تھا تو حضورﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! جانتے ہو کہ سورج کہاں سے نکلتا ہے؟ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں؟ آپﷺ نے فرمایا: یہ نکلتا بھی ہے اور غروب بھی ہوتا ہے' پھر چلتا ہے اپنی ٹھہرنے والی جگہ کی طرف' پھر عرش کے پاس آتا ہے اور سجدے میں گرتا ہے یہاں تک کہ اس کو کہا جاتا ہے کہ اپنی طلوع ہونے والی جگہ سے طلوع ہو اور جہاں سے آیا تھا وہاں سے آ۔ یہ اس وقت مغرب سے طلوع ہوگا' اس وقت کسی کو اس کا ایمان فائدہ نہیں دے گا' جو اس سے پہلے ایمان نہیں لایا یا اس نے حالت ایمان میں بھلائی کے کام نہیں کیے۔

یہ حدیث ہارون بن سعید سے ابومریم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حکم بن مروان اکیلے ہیں۔

**4471** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ الْقُومَسِيُّ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَيَاءُ وَالْاِيمَانُ مَقْرُونَانِ، لَا يَفْتَرِقَانِ اِلَّا جَمِيعًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ اِلَّا

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: حیاء اور ایمان دونوں ملے ہوئے ہیں' دونوں اکٹھے ہی جدا ہوتے ہیں۔

یہ حدیث مالک بن مغول سے ابواسحاق الفزاری

**4471**- اسناده فيه: محمد بن عبيدة القومسي لم اجده . واخرجه ايضًا في الصغير' وذكره الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه**97**' ولم اجد له كلامًا في الحديث .

Marfat.com

اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدَةَ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبیدہ اکیلے ہیں۔

**4472** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدَةَ الْقُومَسِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَرَاسَةَ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَذْنَبَ ذَنْبًا فَعَلِمَ اَنَّ اللّٰهَ قَدِ اطَّلَعَ عَلَيْهِ غُفِرَ لَهُ وَاِنْ لَمْ يَسْتَغْفِرْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے گناہ کیا اس کو علم ہے کہ اللہ عزوجل اس پر مطلع ہے' اس کو بخش دیا جائے گا اگرچہ وہ بخشش طلب نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَرَاسَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدَةَ

یہ حدیث حمزہ الزیات سے ابراہیم بن ھراسہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبیدہ اکیلے ہیں۔

**4473** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الرَّجَّانِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ، وَبَيْنَ يَدَيْهِ طَعَامٌ يَاْكُلُ مِنْهُ، فَقَالَ: ادْنُوا فَكُلُوا مِنْ هَذَا الطَّعَامِ، فَقُلْتُ اَوْ قَالَ بَعْضُنَا: اِنَّا صِيَامٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: هَلْ صُمْتُمْ اَمْسِ؟ قُلْنَا: لَا قَالَ: فَهَلْ تُرِيدُونَ اَنْ تَصُومُوا غَدًا؟ قُلْنَا: لَا قَالَ: فَادْنُوا، فَكُلُوا مِنْ هَذَا الطَّعَامِ، فَاِنَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لَا يُصَامُ وَحْدَهُ، يُتَّخَذُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس جمعہ کے دن آئے تو آپ کے آگے کھانا تھا اور آپ اس سے کھا رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: قریب ہو جاؤ! اس کھانے سے کھاؤ۔ میں نے عرض کی' یا ہم میں سے بعض نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم روزے کی حالت میں ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے کل روزہ رکھا تھا؟ ہم نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: کل تم رکھنا چاہتے ہو؟ ہم نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: قریب ہو جاؤ اور کھانا کھاؤ' صرف جمعہ کے دن کا روزہ رکھ کر اس کو عید نہ بناؤ۔

---

**4472**- ذکرہ الهیثمی فی المجمع جلد**10**صفحه**214** . وقال: وفیه ابراهیم بن هراسة' وهو متروک .

**4473**- ذکرہ الحافظ الهیثمی فی المجمع جلد **3**صفحه**202** . وقال: رواه الطبرانی فی الصغیر والأوسط وفیه عبد الله بن سعید بن أبی سعید المقبری' وهو متروک .

Marfat.com

عِيدًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدٌ الْمَقْبُرِيُّ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث عبداللہ بن ابی قتادہ سے سعید المقبری اور سعید سے عبداللہ بن سعید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صفوان بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**4474** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ السَّمُرِيُّ النَّاقِدُ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الشَّيْلَمَانِيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: بَشَّرْتُ بِلَالًا فَقَالَ لِي: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، بِمَ تُبَشِّرُنِي؟ فَقُلْتُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَجِيءُ بِلَالٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَاحِلَةٍ مِنْ ذَهَبٍ وَزِمَامُهَا مِنْ دُرٍّ وَيَاقُوتٍ، مَعَهُ لِوَاءٌ يَتْبَعُهُ الْمُؤَذِّنُونَ، فَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، حَتَّى إِنَّهُ لَيُدْخِلُ مَنْ أَذَّنَ أَرْبَعِينَ صَبَاحًا، يُرِيدُ بِذَلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو خوشخبری دی' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے مجھے فرمایا: اے عبداللہ! تم مجھے کیوں خوشخبری دے رہے ہو؟ میں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بلال قیامت کے دن سونے کی سواری پر آئے گا' اس کی لگام موتی اور یاقوت کی ہوگی' آپ کے پاس جھنڈا ہوگا' مؤذن آپ کے پیچھے ہوں گے' اللہ عزوجل ان کو جنت میں داخل کرے گا' یہاں تک کہ اس کو بھی لے کر آئے جس نے چالیس دن صبح کی اذان دی' اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے۔

**4475** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ السَّمُرِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الشَّيْلَمَانِيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ صَالِحٍ، مَوْلَى التَّوْأَمَةِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّمَا شَابٌّ تَزَوَّجَ فِي حَدَاثَةِ سِنِّهِ إِلَّا عَجَّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نوجوان جوانی میں شادی کرتا ہے تو شیطان چیخیں مارتا ہے' اے ہلاکت! اے ہلاکت! اس نے مجھ سے اپنا دین بچالیا۔

4474- اسناده فيه: خالد بن اسماعيل المخزومي متهم بالكذب . وأخرجه أيضًا في الصغير . وقال الهيثمي في المجمع جلد9صفحه303: وفيه خالد بن اسماعيل المخزومي وهو ضعيف .

4475- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 4صفحه256 . وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الأوسط وفيه خالد بن اسماعيل المخزومي وهو متروك .

Marfat.com

شَيْطَانُهُ: يَا وَيْلَهُ، يَا وَيْلَهُ، عَصَمَ مِنِّي دِينَهُ

4476 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ السَّمُرِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الشَّيْلَمَانِيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ صَالِحٍ مَوْلَى التَّوْأَمَةِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنْ أَجَلِي إِلَّا يَوْمٌ وَاحِدٌ إِلَّا لَقِيتُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ بِزَوْجَةٍ، لِأَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: شِرَارُكُمْ عُزَّابُكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر مجھے ایک دن بھی زندگی کی اُمید ہو تو میں اللہ عزوجل سے اس حالت میں ملوں کہ میں نے شادی کی ہو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ تم میں بُرے لوگ وہ ہیں جو عورت بغیر خاوند اور مرد بغیر بیوی کے رہنے والے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا خَالِدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهَا: الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ

یہ تمام احادیث عبیداللہ بن عمر سے خالد بن اسماعیل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسین بن حسن اکیلے ہیں۔

4477 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ خَلَّادٍ الْقَطَّانُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا عَبْدُ الْأَعْلَى قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ كَانَ يُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَأْتِي قَوْمَهُ، فَيَؤُمُّ بِهِمْ فِي الصَّلَاةِ الَّتِي صَلَّى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے' پھر اپنی قوم میں آتے اور ان کو اس نماز کی امامت کرواتے جو وہ حضور ﷺ کے ساتھ پڑھ کر آتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَحْيَى إِلَّا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْأَعْلَى

یہ حدیث حبیب بن یحییٰ سے سعید بن ابی عروبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالاعلیٰ

4476- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 254 . وعزاه الى أبي يعلى أيضًا وقال: وفيه خالد بن اسماعيل المخزومي' وهو متروك .

4477- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 226 رقم الحديث: 700' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 339 .

Marfat.com

اکیلے ہیں۔

**4478** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ خَلَّادٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ عَلِيّ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبِي قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي الْحَسْنَاءِ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ الْبَرَّاءِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ، اَنَّ الْحَجَّاجَ لَمَّا دَخَلَ عَلَيْهَا، قِيلَ لَهَا: هٰذَا الْاَمِيرُ الْحَجَّاجُ، قَالَتْ: اَمَا اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِي ثَقِيفٍ كَذَّابٌ وَمُبِيرٌ، فَاَمَّا الْكَذَّابُ فَقَدْ رَاَيْنَاهُ، وَاَمَّا الْمُبِيرُ فَاَنْتَ هُوَ

حضرت العالیہ البراء فرماتے ہیں کہ حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما نے حجاج سے کہا جب وہ آپ کے پاس آیا' حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے عرض کی گئی: یہ حجاج امیر ہے' آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضور ﷺ نے فرمایا کہ قبیلہ ثقیف میں ایک جھوٹا اور ایک خون بہانے والا ہوگا' بہرحال جھوٹا تو ہم نے اس کو دیکھ لیے ہے' پس خون بہانے والا وہ تُو ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي الْحَسْنَاءِ

یہ حدیث ابوالعالیہ سے حسن بن ابوالحسناء روایت کرتے ہیں۔

**4479** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ خَلَّادٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ قَالَ: نا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، عَنْ عُقَيْلٍ الْجَعْدِيِّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اَيُّ عُرَى الْاِيمَانِ اَوْثَقُ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: اَوْثَقُ عُرَى الْاِسْلَامِ الْوَلَايَةُ فِي اللّٰهِ، وَالْحُبُّ فِيهِ، وَالْبُغْضُ ثُمَّ قَالَ: يَا ابْنَ مَسْعُودٍ قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَهَا ثَلَاثًا: قَالَ: اَتَدْرِي، اَيُّ النَّاسِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ آپ نے فرمایا: اے ابن مسعود! ایمان کے کون سے معاملات زیادہ مضبوط ہیں۔ میں نے عرض کی: اللہ ورسولہ اعلم! آپ نے فرمایا: سب سے زیادہ پختہ ایمان کے مقالات یہ ہیں: کسی سے دوستی ہوتو اللہ کی رضا کے لیے' پیار ہوتو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے اور اگر کسی سے نفرت ہوتو اللہ کو خوش کرنے کے لیے۔ پھر آپ نے فرمایا: اے ابن مسعود! لوگوں میں سے کون افضل ہے؟ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے۔ فرمایا: لوگوں

4478- أخرجه مسلم: فضائل الصحابة جلد4صفحه1971 مطولًا . والطبرانی فی الكبير جلد25 رقم الحديث: 103 رقم الحديث: 276 .

4479- ذكره الهيثمی فی المجمع جلد1صفحه95 . وقال: رواه الطبرانی فی الصغير وفيه عقيل بن الجعد قال البخاری: منكر الحديث .

Marfat.com

اَفْضَلُ؟، قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: فَإِنَّ اَفْضَلَ النَّاسِ اَفْضَلُهُمْ عَمَلًا، إِذَا فَقِهُوا فِي دِينِهِمْ ثُمَّ قَالَ: يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ثَلَاثَ مِرَارٍ قَالَ: اَتَدْرِي، اَيُّ النَّاسِ اَعْلَمُ؟، قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: إِنَّ اَعْلَمَ النَّاسِ اَبْصَرُهُمْ بِالْحَقِّ إِذَا اخْتَلَفَ النَّاسُ، وَإِنْ كَانَ مُقَصِّرًا فِي الْعَمَلِ، وَإِنْ كَانَ يَزْحَفُ عَلَى اسْتِهِ زَحْفًا، وَاخْتَلَفَ مَنْ كَانَ قَبْلِي عَلَى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، نَجَا مِنْهَا ثَلَاثٌ، وَهَلَكَ سَائِرُهُمْ، فِرْقَةٌ آزَتِ الْمُلُوكَ، وَقَاتَلُوهُمْ عَلَى دِينِهِمْ وَدِينِ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، فَاَخَذُوهُمْ، فَقَتَلُوهُمْ، وَقَطَّعُوهُمْ بِالْمَنَاشِيرِ، وَفِرْقَةٌ لَمْ تَكُنْ لَهُمْ طَاقَةٌ بِمُوَازَاةِ الْمُلُوكِ، وَلَا بِاَنْ يُقِيمُوا بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ يَدْعُونَهُمْ إِلَى دِينِ اللّٰهِ وَدِينِ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، فَسَاحُوا فِي الْبِلَادِ، وَتَرَهَّبُوا قَالَ: وَهُمُ الَّذِينَ قَالَ اللّٰهُ: (وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ) (الحديد: 27) الْآيَةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ آمَنَ بِي، وَاتَّبَعَنِي، وَقَدْ صَدَّقَنِي، فَقَدْ رَعَاهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا، وَمَنْ لَمْ يَتَّبِعْنِي فَاُولَئِكَ هُمُ الْهَالِكُونَ

میں سے وہی زیادہ فضیلت والا ہے جو عمل کے لحاظ سے افضل ہے جب وہ سب دین کے بارے میں سمجھ بوجھ رکھتے ہوں۔ پھر فرمایا: اے ابن مسعود! لوگوں میں سے بڑا عالم کون ہے؟ میں نے عرض کی: اللہ ورسولہ اعلم! فرمایا: تمام لوگوں میں سے بڑا عالم وہ ہے جسے لوگوں کے اختلاف کے وقت حق واضح دکھائی دے اگرچہ عمل میں کوتاہ ہو اگرچہ سرین کے بل گھسٹ کے چلتا ہو۔ مجھ سے پہلے لوگوں نے بہتر فرقے بنائے' ان میں سے تین نے نجات پائی باقی سارے ہلاک ہو گئے۔ ایک فرقہ وہ تھا جو بادشاہوں کے مقابلے میں آیا' ان سے جہاد کیا تو بادشاہوں نے انہیں پکڑ کر قتل کر دیا اور بعض کو آریوں سے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ ایک فرقہ کو بادشاہوں سے مقابلے کی طاقت نہ تھی' وہ ان کے سامنے اللہ اور عیسیٰ علیہ السلام کے دین کی دعوت دیتے ہوئے دین کو قائم نہ کر سکے۔ وہ دیگر شہروں میں چلے گئے۔ انہوں نے دنیا کو خیرآباد کہہ دیا' انہیں کے بارے اللہ نے فرمایا: ''ورھبانیة ابتدعوھا ما کتبناھا علیھم'' نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھ پر ایمان لایا' میری اتباع کی' میری تصدیق کی تو اس نے رہبانیت کی خوب رعایت کی اور جس نے میری اتباع نہ کی تو ایسے لوگ ہلاک ہونے والے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا عُقَيْلٌ الْجَعْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ

اس حدیث کو ابی اسحاق سے عقیل جعدی نے روایت کیا۔ صعق بن حزن اس حدیث کے ساتھ منفرد ہیں۔

4480 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4480- اسناده فيه: عقيل بن الجعد' قال البخاري: منكر الحديث .

Marfat.com

الْجَارُودِيُّ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عُقَيْلٍ، رَجُلٍ مِنْ بَنِي جَعْدَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعَاذَكَ اللّٰهُ مِنْ اُمَرَاءَ يَكُونُونَ بَعْدِي قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا ذَاكَ؟ فَقَالَ: مَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ، فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَاَعَانَهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّي، وَلَسْتُ مِنْهُ، وَلَنْ يَرِدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَذَلِكَ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ، وَسَيَرِدُ عَلَيَّ حَوْضِي لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنْ سُحْتٍ، وَكُلُّ لَحْمٍ نَبَتَ مِنْ سُحْتٍ فَالنَّارُ اَوْلَى بِهِ النَّاسُ غَادِيَانِ، فَبَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُوبِقُهَا، وَفَادٍ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا، وَالصَّلَاةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِءُ الْخَطِيئَةَ كَمَا يُطْفِءُ الْمَاءُ النَّارَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا عُقَيْلٌ الْجَعْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

**4481** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ

حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل تمہیں میرے بعد آنے والے حکمرانوں سے بچائے! میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیوں؟ آپ نے فرمایا: جو ان کے پاس آئے گا ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے اور ان کے ظلم کرنے پر ان کی مدد کرے گا' اس کا تعلق مجھ سے نہیں ہے' میں ان سے نہیں ہوں' وہ میرے حوض پر نہیں آئیں گے' جو ان کے پاس نہیں جائے گا اور ان کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کرے گا' ان کے ظلم پر ان کی مدد نہیں کرے گا تو وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ عنقریب وہ میرے حوض پر پیش کیے جائیں گے' حرام چیز سے پیدا ہونے والا گوشت جنت میں داخل نہیں ہوگا' جو گوشت حرام سے پیدا ہوتا ہے وہ جہنم میں جلنے کا زیادہ حق دار ہے' دو طرح کے لوگ صبح کرتے ہیں' یا تو اپنے نفس کو فروخت کر کے ہلاک کرتے ہیں اور ایک فدیہ دے کر اس کو آزاد کروا لیتا ہے' نماز دلیل ہے' روزہ ڈھال ہے' صدقہ غلطیوں کو ایسے مٹا دیتا ہے جس طرح کہ پانی آگ کو بجھا دیتا ہے۔

یہ حدیث ابواسحاق سے عقیل الجعدی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن طہمان اکیلے ہیں۔

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ سلام ہے' ہم آپ پر سلام پڑھنے کو جانتے ہیں' لیکن ہم آپ پر درود کیسے

**4481**- اخرجه البخاري: احاديث الأنبياء جلد 6 صفحه 469-470 رقم الحديث: 3370' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 305.

Marfat.com

السُّدِّيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا السَّلَامُ عَلَيْكَ، قَدْ عَلِمْنَا كَيْفَ نُسَلِّمُ عَلَيْكَ، فَكَيْفَ الصَّلَاةُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ صَلِّي عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

پڑھیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پڑھو ''اللّٰهم صلِ علٰى محمدٍ الٰى آخره''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ

یہ حدیث سدی سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن حفص اکیلے ہیں۔

**4482** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَاشِدٍ السُّلَمِيُّ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مِهْرَانَ بْنِ حَكِيمٍ اَخِي بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ اَبَرُّ قَالَ: اُمَّكَ قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ اُمَّكَ، قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ اُمَّكَ قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ اَبَاكَ، ثُمَّ الْاَقْرَبَ فَالْاَقْرَبَ

حضرت مہران بن حکیم اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں زیادہ نیکی کس سے کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی ماں سے' میں نے عرض کی: اس کے بعد کون؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیری ماں' میں نے عرض کی: اس کے بعد؟ فرمایا: تیری ماں! میں نے عرض کی: اس کے بعد؟ فرمایا: تیرا باپ! پھر جو اس کے قریب ہو' پھر جو اس کے بعد قریب والا ہو۔

لَمْ يُسْنِدْ مِهْرَانُ بْنُ حَكِيمٍ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

مہران بن حکیم سے اس حدیث کے علاوہ کوئی منسوب نہیں ہے' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن طہمان اکیلے ہیں۔

4482- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه338 رقم الحديث: 5139' والترمذي: البر والصلة جلد 4صفحه 21 رقم الحديث: 1897 . وقال: وبهز بن حكيم: وهو أبو معاوية بن حيدة القشيري' وهذا حديث حسن . وقد تكلم شعبة في بهز بن حكيم' وهو ثقة عند أهل الحديث . وأحمد: المسند جلد5صفحه7 رقم الحديث: 20070 .

Marfat.com

**4483** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ رَاشِدٍ السُّلَمِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا سَجَدَ اَحَدُكُمْ فَلْيَعْتَدِلْ، وَلَا يَفْتَرِشْ ذِرَاعَيْهِ افْتِرَاشَ الْكَلْبِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو اپنی پیٹھ سیدھی رکھے' کتے کی طرح اپنی کلائیاں نہ بچھائے۔

**4484** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنُ رَاشِدٍ السُّلَمِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: وَقَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَرَسٍ لَهُ بِالْمَدِينَةِ، فَانْفَكَّتْ قَدَمُهُ، فَاَتَيْنَاهُ نَعُودُهُ وَهُوَ فِي مَشْرُبَةٍ لِعَائِشَةَ جَالِسٌ، فَقُمْنَا خَلْفَهُ، فَصَلَّيْنَا ثُمَّ اَتَيْنَاهُ مَرَّةً اُخْرَى، فَوَجَدْنَاهُ جَالِسًا يُسَبِّحُ الْمَكْتُوبَةَ، فَقُمْنَا خَلْفَهُ، فَاَوْمَا بِيَدِهِ، اَنِ اجْلِسُوا، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قَالَ: اِذَا صَلَّى اِمَامُكُمْ قَائِمًا فَصَلُّوا قِيَامًا، وَاِذَا صَلَّى جَالِسًا فَصَلُّوا جُلُوسًا، وَلَا تَقُومُوا وَهُوَ قَاعِدٌ كَمَا تَفْعَلُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مدینہ میں اپنے گھوڑے سے گر پڑے' آپ کے پاؤں میں موچ آئی تو ہم آپ کی عیادت کرنے کے لیے آئے۔ آپ ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تشریف فرما تھے' ہم آپ کے پیچھے کھڑے ہوئے اور ہم نے نماز پڑھی' پھر ہم دوسری مرتبہ آئے تو ہم نے آپ کو فرض نماز بیٹھ کر پڑھتے ہوئے پایا تو ہم آپ کے پیچھے کھڑے ہوئے۔ آپ نے ہاتھ سے بیٹھنے کا اشارہ کیا' جب نماز مکمل ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: جب امام کھڑا ہو تو تم بھی کھڑے ہو جاؤ جب امام بیٹھ کر نماز پڑھائے تو تم بھی بیٹھ جاؤ' تم بیٹھنے کے بعد کھڑے نہ ہوا کرو جس طرح کہ فارس کے لوگ اپنے بڑے لوگوں کے

---

4483- اخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 65-66 رقم الحديث: 275 . وقال: هذا حديث حسن صحيح . وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 288 رقم الحديث: 891' واحمد: المسند جلد 3 صفحه 387 رقم الحديث: 14397 .

4484- اصله عند مسلم من طريق الزبير' عن جابر' قال: اشتكى رسول الله ﷺ . فصلينا وراء ه وهو قاعد...... فذكر نحوه . اخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 309 . ولفظه كما عند المصنف عند ابو داؤد واحمد . ابو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 161 رقم الحديث: 602' واحمد: المسند جلد 3 صفحه 368 رقم الحديث: 14215 .

Marfat.com

فَارِسُ بِعُظَمَائِهَا

لیے کرتے ہیں۔

**4485** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ رَاشِدٍ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي غَرَزَةَ قَالَ: كُنَّا نَبِيعُ بِالْمَدِينَةِ وَنُسَمِّي اَنْفُسَنَا السَّمَاسِرَةَ، فَمَرَّ بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمَّانَا بِاسْمٍ هُوَ اَحْسَنُ مِمَّا سَمَّيْنَا بِهِ اَنْفُسَنَا، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ، اِنَّ هٰذِهِ الْبُيُوعَ يَحْضُرُهَا اللَّغْوُ، اَوِ الْحَلِفُ، فَشُوبُوهَا بِالصَّدَقَةِ

حضرت ابوغرزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم مدینہ میں چیزیں فروخت کرتے تھے‘ ہم نے اپنی طرف سے اس کا نام سماسرہ رکھا ہوا تھا‘ ہمارے پاس سے رسول اللہ ﷺ گزرے اور ہم سے اچھا اس کا نام رکھا‘ جو ہم نے رکھا تھا‘ آپ ﷺ نے فرمایا: اے تاجروں کے گروہ! یہ بیع کرتے وقت لغو باتیں اور قسمیں اُٹھائی جاتی ہیں‘ اس کی تلافی کے لیے صدقہ دیا کرو۔

**4486** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ رَاشِدٍ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَطْيَبَ مَا اَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهِ، وَاِنَّ وَلَدَهُ مِنْ كَسْبِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کا اچھا کھانا وہ ہے جو خود کما کر کھائے‘ اس کی اولاد بھی اس کی کمائی ہی ہے۔

---

4485- أخرجه أبو داؤد: البيوع جلد 3 صفحه 239 رقم الحديث: 3326‘ والترمذي: البيوع جلد 3 صفحه 505 رقم الحديث: 1208 وقال: هذا حديث حسن صحيح . والنسائي: الأيمان والنذور جلد 7 صفحه 13-14 (باب في الحلف والكذب لمن لم يعتقد اليمين بقلبه) . وابن ماجة: التجارات جلد 2 صفحه 725 رقم الحديث: 2145‘ وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 9 رقم الحديث: 16145 .

4486- أخرجه أبو داؤد: البيوع جلد 3 صفحه 287 رقم الحديث: 3528‘ والترمذي: الأحكام جلد 3 صفحه 630 رقم الحديث: 1358 . وقال: هذا حديث حسن صحيح . والنسائي: البيوع جلد 7 صفحه 212 (باب الحث على الكسب) . وابن ماجة: التجارات جلد 2 صفحه 723 رقم الحديث: 2137‘ وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 36 رقم الحديث: 24087 .

Marfat.com

**4487** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ رَاشِدٍ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ: اَخْبَرَنِي عُمَارَةُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ عَمَّتِهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِثْلَ ذٰلِكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے اسی کی مثل فرمایا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ

یہ تمام احادیث عمر بن سعید سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن حفص اکیلے ہیں۔

**4488** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ كَاذِبَةٍ، يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ، لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا تو اللہ سے قیامت کے دن اس حالت میں ملاقات کرے گا کہ اللہ عزوجل اس سے ناراض ہو گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے عبداللہ بن بزیع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن غیلان اکیلے ہیں۔

**4489** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے

---

4487- تقدم تخريجه . انظر الحديث المتقدم .

4488- ذكره الهيثمي في المجمع جلد4صفحه183 . وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط' وفيه عبد الله بن بزيع' وهو لين' وبقية رجاله ثقات .

4489- اسناده فيه: عبد الله بن بزيع' قال الدارقطني: لين' ليس بمتروك' وقال ابن عدى: ليس بحجة (الميزان جلد 2 صفحه396) .

Marfat.com

التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ سَائِلًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُوجِبُ الْمَاءَ اِلَّا الْمَاءُ؟ فَقَالَ: اِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانِ، وَغَابَتِ الْحَشَفَةُ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ، اَنْزَلَ اَوْ لَمْ يُنْزِلْ

دادا سے روایت کرتے ہیں ایک پوچھنے والے نے حضور ﷺ سے پوچھا: کیا غسل پانی کے نکلنے سے واجب ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جب دو شرمگاہیں مل جائیں اور حشفہ غائب ہو جائے تو اس پر غسل فرض ہو جاتا ہے انزال ہو یا نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اِلَّا اَبُو حَنِيفَةَ، وَلَا عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ

یہ حدیث عمرو بن شعیب سے ابوحنیفہ اور ابوحنیفہ سے عبداللہ بن بزیع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحیٰ بن غیلان اکیلے ہیں۔

**4490** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُثْلَةِ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مثلہ کرنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ اِلَّا اَبُو حَنِيفَةَ، وَلَا عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ

یہ حدیث علقمہ بن مرثد سے ابوحنیفہ اور ابوحنیفہ سے عبداللہ بن بزیع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحیٰ بن غیلان اکیلے ہیں۔

**4491** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، عَنْ هِشَامٍ الْقُرْدُوسِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ، وَاَيُّمَا امْرَاَةٍ تَزَوَّجَتْ بِغَيْرِ وَلِيٍّ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نکاح ولی ہی کر سکتا ہے' جو عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اس کا نکاح باطل ہے۔

---

**4491**- اسناده فيه: عبد الله بن بزيع' وهو لين الحديث .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيغٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے عبداللہ بن بزیع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن غیلان اکیلے ہیں۔

**4492** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَطِيَّةُ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَزَوَّجَ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، اَوْ خَالَتِهَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عورت اور اس کی پھوپھی یا اس کی خالہ کو ایک نکاح میں جمع کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطِيَّةَ اِلَّا اَبُو حَنِيفَةَ، وَلَا عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيغٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ

یہ حدیث عطیہ سے ابوحنیفہ اور ابوحنیفہ سے عبداللہ بن بزیع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن غیلان اکیلے ہیں۔

**4493** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ سُلَيْمٍ، مَوْلَى الشَّعْبِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُزَوَّجُ الْمَرْاَةُ عَلَى خَالَتِهَا، وَلَا الْخَالَةُ عَلَى ابْنَةِ اُخْتِهَا، وَلَا تُزَوَّجُ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، وَلَا الْعَمَّةُ عَلَى بِنْتِ اَخِيهَا، لَا تُزَوَّجُ الصُّغْرَى عَلَى الْكُبْرَى، وَلَا الْكُبْرَى عَلَى الصُّغْرَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت اور اس کی خالہ اور بھانجی' عورت اور پھوپھی اور پھوپھی اور بھتیجی' اور بڑی بہن کی موجودگی میں چھوٹی بہن سے اور چھوٹی بہن کی موجودگی میں بڑی بہن سے نکاح نہ کیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمٍ مَوْلَى الشَّعْبِيِّ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيغٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ

یہ حدیث سلیم شعبی کے غلام سے عبداللہ بن بزیع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن

---

**4492**- اسناده فيه: عبد الله بن بزيع ضعيف' وعطية صدوق يخطئ كثيرًا' وكان يدلس . وقال الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **266**: وفيه عطية' وهو ضعيف' وقد وثق' وفيه ضعيف آخر لا يذكر .

**4493**- اخرجه أبو داؤد: النكاح جلد **2** صفحه **231** رقم الحديث: **2065**' والترمذي: النكاح جلد **3** صفحه **424** رقم الحديث: **1126** . وقال: هذا حديث حسن صحيح .

Marfat.com

غیلان اکیلے ہیں۔

4494 - حَدَّثَنَا اَبُو شُرَّاعَةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شُرَّاعَةَ الْقَيْسِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا النَّمِرُ بْنُ كُلْثُومٍ النَّمَرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: جَاءَتْ رَبِيعَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاْذِنُونَهُ فِي النَّفْرِ الْاَوَّلِ، فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنَّ اللّٰهَ يَقْرَاُ عَلَيْكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ لِرَبِيعَةَ: لَا تَنْفِرُوا فِي النَّفْرِ الْاَوَّلِ، فَلَا قَلِيلَ مِنْ حَبِيبٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ ربیعہ والے حضور ﷺ کے پاس آئے اور پہلے گروہ میں جانے کے لیے اجازت مانگی' آپ ﷺ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور عرض کی: اے محمد ﷺ! اللہ عزوجل آپ کو سلام کہتا ہے اور بنو ربیعہ کے متعلق فرماتا ہے کہ ان کو پہلے گروہ میں نہ جانے دو' دوستوں کی کمی نہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ النَّمِرُ بْنُ كُلْثُومٍ النَّمَرِيُّ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں نمر بن کلثوم النمری اکیلے ہیں۔

4495 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَقُولُ: لَبَّيْكَ، عَنْ شُبْرُمَةَ، فَقَالَ: حَجَجْتَ؟ قَالَ: لَا قَالَ: حُجَّ عَنْ نَفْسِكَ، ثُمَّ حُجَّ عَنْ شُبْرُمَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو سنا کہ وہ پڑھ رہا تھا: ''لبيك عن شبرمه''۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے اپنا حج کر لیا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: پہلے تُو اپنا حج کر پھر شبرمہ کی طرف سے کر۔

4494- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 268 . وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط وفيه من لم أعرفه . (١) وقع في الأصل (سراجة)' والتصويب من الصغير ( 620) . (٢) وقع في الأصل (سراقة)' والتصويب من المصدر السابق .

4495- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 167 رقم الحديث: 1811' وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 968 رقم الحديث: 2903' والطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 42-43 رقم الحديث: 12419' والطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 226 . انظر: تلخيص الحبير جلد 2 صفحه 237 رقم الحديث: 7 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے حماد بن سلمہ اور حماد سے یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن خالد الرقی اکیلے ہیں۔

**4496** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَنْدَهْ بْنِ الْوَلِيدِ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ نُبَاتَةَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُجْمِرِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْعَدَوِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحْتَكِرُ إِلَّا خَاطِءٌ

حضرت معمر بن عبداللہ العدوی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ذخیرہ اندوزی صرف گناہ گار ہی کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نُعَيْمٍ الْمُجْمِرِ، إِلَّا مَعْبَدُ بْنُ نُبَاتَةَ، وَلَا عَنْ مَعْبَدٍ، إِلَّا ابْنُ جُرَيْجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث نعیم المجمر سے معبد بن نباتہ اور معبد سے ابن جریج روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حجاج بن محمد اکیلے ہیں۔

**4497** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَالتُّسْتَرِيُّ، وَغَيْرُهُمَا، قَالُوا: نا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَتْ بِنْتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا، أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ، إِنْ رَأَيْتُنَّ ذَلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ شَيْئًا مِنْ كَافُورٍ، فَإِذَا

حضرت اُم عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی صاحبزادی کا انتقال ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو تین یا پانچ یا اس سے زیادہ مرتبہ نہلاؤ' اگر تم مناسب سمجھو تو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور آخر میں کافور لگاؤ' جب تم فارغ ہو جاؤ تو مجھے بتانا' جب ہم فارغ ہوئیں تو ہم نے آپ کو بتایا تو آپ ﷺ نے اپنا ازار بند ہماری طرف پھینکا' آپ نے فرمایا: اس کو نشانی کے طور پر رکھو۔

**4496**- اخرجه مسلم: المساقاة جلد3صفحه1228' وابو داؤد: البيوع جلد3صفحه269 رقم الحديث: 3447' والترمذي: البيوع جلد 3صفحه558 رقم الحديث: 1267' وابن ماجة: التجارات جلد 2صفحه728 رقم الحديث: 2154' واحمد: المسند جلد6صفحه428 رقم الحديث: 27314 .

**4497**- اخرجه البخاري: الجنائز جلد3صفحه150 رقم الحديث: 1253' ومسلم: الجنائز جلد2صفحه647 .

Marfat.com

فَرَغْتُنَّ فَآذِنِّي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ، فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَةَ إِزَارِهِ، فَقَالَ: أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِلَّا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، وَأَبُو دَاوُدَ

یہ حدیث سعید بن عبدالرحمٰن سے نعمان بن عبدالسلام اور ابوداؤد روایت کرتے ہیں۔

**4498** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَوْنُ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُثَنَّى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ أُمَّتِي مُعَافًى، إِلَّا مَنْ يَعْمَلُ الْعَمَلَ بِاللَّيْلِ ثُمَّ يُصْبِحُ يَسْتُرُهُ رَبُّهُ، وَيَقُولُ: يَا فُلَانُ، عَمِلْتُ الْبَارِحَةَ كَذَا وَكَذَا، أَوْ قَالَ بَاتَ يَسْتُرُهُ رَبُّهُ، وَيُصْبِحُ فَيَكْشِفُ سِتْرَ اللَّهِ عَنْهُ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے سارے گناہ معاف ہو سکتے ہیں مگر وہ گناہ جو رات کو کرتے ہیں، پھر صبح کے وقت ان کے رب نے پردہ ڈالا ہوتا ہے، وہ کہتا ہے: اے فلان! آج رات میں نے فلاں فلاں گناہ کیا ہے۔ یا فرمایا: اس کے رب نے رات کے وقت پردہ ڈالا ہوتا ہے لیکن وہ صبح کے وقت اللہ کا ڈالا ہوا پردہ کھول دیتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ

حضرت ابوقتادہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے، اس کو روایت کرنے میں حسن بن علی الحلوانی اکیلے ہیں۔

**4499** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ أَبُو حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو قُتَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ أَبِي

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ، اللہ عزوجل کے اس ارشاد کہ "رات کے کچھ حصہ میں تہجد پڑھو یہ خاص آپ کے لیے ہے" متعلق فرماتے: مراد ہے حضور ﷺ کے

**4498**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**10**صفحه**195** . وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط فيه عون بن عمارة، وهو ضعيف .

**4499**- اسناده حسن فيه: الحسن بن أبي الحسناء أبو سهل البصري القواس صدوق، لم يصب الأزدي في تضعيفه، وأبو غالب لا بأس له .وأخرجه أيضًا في الكبير، وعبد الرزاق، وأحمد، وقال الهيثمي في المجمع جلد **8**صفحه**268**: وبعض أسانيد أحمد وغيره حسن .

Marfat.com

الْحَسْنَاءِ، عَنْ اَبِي غَالِبٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، فِي قَوْلِهِ: (وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَكَ) (الاسراء: 79) قَالَ: اِنَّمَا كَانَتِ النَّافِلَةُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لیے زائد نماز۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ اَبِي الْحَسْنَاءِ اِلَّا اَبُو قُتَيْبَةَ، وَعَلِيُّ بْنُ نَصْرٍ الْجَهْضَمِيُّ

یہ حدیث حسن بن ابی الحسناء سے ابوقتیبہ اور علی بن نصر الجہضمی روایت کرتے ہیں۔

**4500** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُنْدَارٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ، قَالَ نا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: نا عِمْرَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَيَّةَ، فَقَالَ: خُلِقَتْ هِيَ وَالْاِنْسَانُ سَوَاءً، فَاِنْ رَاَتْهُ اَفْزَعَتْهُ، وَاِنْ لَدَغَتْهُ اَوْجَعَتْهُ، فَاقْتُلُوهَا حَيْثُ وَجَدْتُمُوهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سانپ کا ذکر کیا' فرمایا: یہ اور انسان دونوں اکٹھے پیدا کیے گئے تھے' اگر یہ انسان کو دیکھے گا تو اُسے ڈرائے گا اور اگر اُسے ڈنگ مارے گا تو اسے تکلیف دے گا' اس کو جہاں بھی پاؤ قتل کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، وَلَا عَنْ عِمْرَانَ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ

یہ حدیث حضرت جابر سے عمران القطان اور عمران سے ابوداؤد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن عمران اکیلے ہیں۔

**4501** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُنْدَارٍ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ قَالَ: نا اِسْرَائِيلُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا نَاْكُلُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنَّا نَسْمَعُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھ کر کھایا کرتے تھے تو ہم اپنے کانوں سے کھانے کی تسبیح سنا کرتے تھے۔

---

**4500**- اسناده فيه: جابر هو ابن يزيد الجعفي ضعيف رافضي . وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه48: وفيه جابر غير مسمى (منسوب) والظاهر أنه الجعفي وثقه الثوري وشعبة' وضعفه الأئمة أحمد وغيره .

**4501**- أخرجه البخاري: المناقب جلد 6صفحه679 رقم الحديث: 3579' والترمذي: المناقب جلد 5صفحه597 رقم الحديث: 3633' والدارمي: المقدمة جلد1صفحه28 رقم الحديث: 29' وأحمد: المسند جلد 1صفحه569 رقم الحديث:4392 .

Marfat.com

تَسْبِيحَ الطَّعَامِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ، إِلَّا إِسْرَائِيلُ -

اس حدیث کو منصور سے صرف اسرائیل نے روایت کیا ہے۔

**4502** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُنْدَارٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي حَكِيمٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ فِي يَوْمِ الْفِطْرِ، فَأَخْرَجَ إِلَيْنَا تَمْرًا، فَقَالَ: كُلُوا قَبْلَ أَنْ تَغْدُوا، فَقُلْنَا لَهُ: عِنْدَكَ فِي هَذَا شَيْءٌ؟ قَالَ: نَعَمْ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَارِظٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَطْعَمُ يَوْمَ الْفِطْرِ قَبْلَ أَنْ يَغْدُوَ، وَيَأْمُرُ النَّاسَ بِذَلِكَ

حضرت اسماعیل بن ابوحکیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم عید الفطر کے دن عمر بن عبدالعزیز کے ساتھ تھے کہ آپ نے ہمیں کھجوریں دیں' فرمایا: عید کی نماز سے پہلے اس کو کھاؤ' ہم نے عرض کی: آپ کے پاس اس کا حوالہ ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! مجھے ابراہیم بن عبداللہ بن قارظ نے حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کیا کہ حضور ﷺ عید الفطر کے دن عیدگاہ کی طرف جانے سے پہلے کھاتے تھے اور صحابہ کو بھی کھانے کا حکم دیتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَاقِدِيُّ

یہ حدیث عمر بن عبدالعزیز سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں الواقدی اکیلے ہیں۔

**4503** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُنْدَارٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: نا السَّكَنُ أَبُو

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس بندہ پر اللہ کی نعمت ہو' اس کو علم ہے کہ یہ

**4502**- اسناده فيه: سليمان بن داؤد الشاذكوني متروك' ومحمد بن عمر الواقدي متروك' وموسى بن محمد بن ابراهيم بن الحارث التيمي المدني منكر الحديث . واخرجه ايضًا احمد وابو يعلى في المقصد العلي' وقال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه202: وفي اسناد الطبراني الواقدي' وفيه كلام كثير' وفيما قبله' وأبي يعلى والبزار عبد الله بن محمد بن عقيل وفيه كلام وقد وثق .

**4503**- اسناده فيه: سليمان بن داؤد المنقري وهو متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد 5صفحه122: وفيه سليمان بن داؤد المنقري وهو ضعيف .

Marfat.com

عَمْرٍو الْبُرْجُمِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ اَبِي هِشَامٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَى عَبْدٍ نِعْمَةً فَعَلِمَ اَنَّهَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ، اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا شُكْرَهُ قَبْلَ اَنْ يَحْمَدَهُ عَلَيْهَا، وَمَا اَذْنَبَ عَبْدٌ ذَنْبًا فَنَدِمَ عَلَيْهِ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ مَغْفِرَتَهُ قَبْلَ اَنْ يَسْتَغْفِرَهُ، وَمَا اشْتَرَى عَبْدٌ ثَوْبًا بِدِينَارٍ اَوْ نِصْفِ دِينَارٍ فَحَمِدَ اللّٰهَ حِينَ يَلْبَسُهُ اِلَّا لَمْ يَبْلُغْ رُكْبَتَيْهِ حَتَّى يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُ

اللہ عزوجل کی طرف سے ہے تو اللہ اس کا شکر لکھ لے گا‘ اس پر اس کی تعریف کرنے سے پہلے‘ جب بندہ سے کوئی گناہ ہو جائے اور وہ اس پر پریشان ہو تو اللہ عزوجل اس کی بخشش لکھ دے گا‘ بخشش مانگنے سے پہلے۔ جو بندہ ایک دینار یا نصف دینار کا کپڑا خریدتا ہے‘ اللہ کی حمد کرتا ہے‘ جس وقت وہ کپڑا پہنتا ہے تو گھٹنوں تک پہنچنے سے پہلے اللہ عزوجل اس کی بخشش کر دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ اَبِي هِشَامٍ، وَلَا عَنِ الْوَلِيدِ اِلَّا السَّكَنُ الْبُرْجُمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ

یہ حدیث قاسم بن محمد سے ولید بن ابوہشام اور ولید سے سکن البرجمی روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن داؤد اکیلے ہیں۔

**4504** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اُسَيْدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا الْعَلَاءُ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الْقُرْقُسَانِيُّ قَالَ: نَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَرَّجَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً جَعَلَ اللّٰهُ تَعَالَى لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُعْبَتَيْنِ مِنْ نُورٍ عَلَى الصِّرَاطِ يَسْتَضِيءُ بِضَوْئِهِمَا عَالَمٌ لَا يُحْصِيهِمْ اِلَّا رَبُّ الْعِزَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی مؤمن کی ایک تنگی دور کی تو اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن پل صراط پر نور کے دو ٹیلے بنائے گا‘ اُن دونوں کی چمک سے ایک عالَم چمک رہا ہوگا‘ اس کا احاطہ صرف رب العزت ہی کر سکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَلَاءُ بْنُ مَسْلَمَةَ

یہ حدیث اوزاعی سے محمد بن مصعب روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں علاء بن مسلمہ

**4504**- اسناده فيه: العلاء بن مسلمة بن عثمان الرواس مولى بنى تميم بغدادى يكنى ابا سالم: متروك‘ ورماه ابن حبان بالوضع . وقال الهيثمى فى المجمع جلد8صفحه195: وفيه العلاء بن مسلمة بن عثمان وهو ضعيف .

Marfat.com

اکیلے ہیں۔

**4505** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اُسَيْدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ بْنِ صُبَيْحٍ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْمَعْنِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَرْفِقَتَانِ فِي الْبَيْتِ فِيهِمَا صُورَةٌ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ يَا عَائِشَةُ؟ قَالَتْ: جَعَلْتُهُمَا تَتَرَفَّقُ بِهِمَا قَالَ: اَوَمَا عَلِمْتِ اَنَّ الْمُصَوِّرِينَ يُقَالُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: اَحْيُوا مَا صَوَّرْتُمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس آئے، آپ کو معلوم نہیں کہ تصویریں بنانے والوں کو کہا جائے گا کہ جن تصویروں کو تم نے بنایا ہے ان کو زندہ کرو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْمَعْنِيُّ، وَمَنْصُورٌ هُوَ ابْنُ زَاذَانَ

یہ حدیث حضرت ابن عمر، حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں علی بن عبدالحمید المعنی اور منصور سے مراد ابن زاذان ہیں۔

**4506** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اُسَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو اَنَسٍ كَثِيرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نا خَلَفُ بْنُ خَالِدٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمٌ الْمَكِّيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ آتَاهُ اللّٰهُ وَجْهًا حَسَنًا، وَاسْمًا حَسَنًا، وَجَعَلَهُ اللّٰهُ فِي مَوْضِعٍ غَيْرِ شَائِنٍ لَهُ، فَهُوَ مِنْ صَفْوَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ خَلْقِهِ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ الشَّاعِرُ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو اللہ عزوجل نے خوبصورت چہرہ دیا اور اچھا نام رکھا اور کسی جگہ بھی اس کو عیب دار نہیں رکھا تو وہ اللہ عزوجل کی مخلوق میں اللہ کی صفت ہے۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ شاعر نے کہا: تو نبی کی شرط ہے ایک دن جب فرمایا: بھلائی نیک لوگوں کے صدقے مانگو۔

**4505**- أصله في البخاري من طريق مالك عن نافع عن القاسم بن محمد ـ أخرجه البخاري: البيوع جلد4صفحه381 رقم الحديث:2105، ومسلم: اللباس جلد3صفحه1669 .

**4506**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8صفحه197 ـ وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط، وفيه خلف بن خالد البصري، وهو ضعيف .

Marfat.com

(البحر الخفيف)

اَنْتَ شَرْطُ النَّبِيِّ اِذْ قَالَ يَوْمًا . . . اطْلُبُوا الْخَيْرَ فِي حِسَانِ الْوُجُوهِ،

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: كَثِيرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں کثیر بن محمد اکیلے ہیں۔

**4507** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا هَاشِمُ بْنُ الْوَلِيدِ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ: نا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا فِي يَوْمٍ مَطِيرٍ: اَنْ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بارش کے دن اعلان کرنے کا حکم دیا کہ نمازیں اپنے گھروں میں پڑھ لو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ

یہ حدیث ابن عون سے نضر بن شمیل روایت کرتے ہیں۔

**4508** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَمَلْتُمْ فَاَخِّروا، فَاِنَّ الرِّجْلَ مُوثَقَةٌ، وَاِنَّ الْيَدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب سوار ہو تو پیچھے ہو کر بیٹھو کیونکہ ٹانگیں مضبوط ہوتی ہیں اور ہاتھ لٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔

4507- أصله في البخاري ومسلم من طريق عبد الله بن الحارث . أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 116 رقم الحديث: 616، ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 485 . ولفظ المصنف عند ابن ماجة وأحمد . ابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 302 رقم الحديث: 938، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 361 رقم الحديث: 2507 .

4508- اسناده فيه: الحسين بن على بن الأسود العجلى أبو عبد الله الكوفى نزيل بغداد صدوق يخطىء كثيرًا، وقيس بن الربيع الأسدى أبو محمد الكوفى صدوق تغير لما كبر . واخرجه ايضًا فى البزار، وقال الهيثمى فى المجمع جلد 3 صفحه 219: وفيه قيس بن الربيع وثقه شعبة والثورى، وفيه كلام .

Marfat.com

مُعَلَّقَةٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا بَكْرُ بْنُ وَائِلٍ

یہ حدیث زہری سے بکر بن وائل روایت کرتے ہیں۔

**4509** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ الدَّقِيقِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ أَبُو يُوسُفَ الْقُلُوسِيُّ قَالَ: نا أَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نا عِمْرَانُ أَبُو الْعَوَّامِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ صَلَّى بِالنَّاسِ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى خَلْفَهُ فِي الصَّفِّ، فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، مُتَوَشِّحًا بِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو نماز پڑھائی' لوگ ابھی نماز پڑھ رہے تھے کہ حضور ﷺ نکلے' آپ ﷺ نے ایک کپڑے میں لپٹ کر حضرت ابوبکر کے پیچھے صف میں نماز پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ إِلَّا أَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ

یہ حدیث عمران القطان سے ابوعلی الحنفی روایت کرتے ہیں۔

**4510** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ أُسَيْدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ الْكِنَانِيُّ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَرْجِعُونَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ وَأَرْجِعُ بِحَجَّةٍ؟ فَأَمَرَ أَخَاهَا: فَخَرَجَ بِهَا، فَاعْتَمَرَتْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ حج وعمرہ کر کے واپس جا رہے ہیں اور میں صرف حج کر کے واپس جا رہی ہوں' آپ نے میرے بھائی کو میرے ساتھ نکلنے کا کہا' پھر میں نے عمرہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدِ بْنِ دِينَارٍ إِلَّا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث خالد بن دینار سے یونس بن بکیر روایت کرتے ہیں۔

---

**4509**- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد **2** صفحه **197-198** رقم الحديث: **363** . وقال: هذا حديث حسن صحيح . والنسائي: الامامة جلد **2** صفحه **61** (باب صلاة الامام خلف رجل من رعيته) . وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **298** رقم الحديث: **13563** .

**4510**- أخرجه البخاري: الحج جلد **3** صفحه **492** رقم الحديث: **1561**' ومسلم: الحج جلد **2** صفحه **877** . من طريق منصور عن ابراهيم عن الأسود عن عائشة رضي الله عنهما فذكره بنحوه .

Marfat.com

**4511** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ مُوسَى الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا صَالِحُ بْنُ عَلِيّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ هُبَيْرَةَ الْمُؤَدِّبُ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ سِنَانٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ اَمَرَ اللّٰهُ مُنَادِيًا، فَنَادَى: اِنِّي جَعَلْتُ نَسَبًا، وَجَعَلْتُمْ نَسَبًا، فَجَعَلْتُ اَكْرَمَكُمْ اَتْقَاكُمْ، فَاَبَيْتُمْ اِلَّا اَنْ تَقُولُوا: فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ خَيْرٌ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ، فَاَنَا الْيَوْمَ رَافِعٌ نَسَبِي، وَاَضَعُ نَسَبَكُمْ اَيْنَ الْمُتَّقُونَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ عزوجل ایک اعلان کرنے والے کو حکم دے گا: میں نے ایک نسب بنایا' تم نے بھی نسب بنایا ہے' میں نے جو نسب بنایا ہے تم میں زیادہ عزت والا' زیادہ تقویٰ والا ہے' تم نے انکار کر دیا اس کو اپنانے سے' تم کہنے لگے: فلاں بن فلاں' فلاں بن فلاں سے بہتر ہے' میں آج اپنے نسب والوں کو بلند کروں گا' تمہارے نسب والوں کو نیچے رکھوں گا' کہاں ہیں پرہیزگار!

☆☆☆☆☆

**4511**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**8**صفحه**87** . وقال: رواه الطبراني في الصغير الأوسط وفيه طلحة بن عمرو' وهو متروك .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدَانُ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام عبدان ہے

**4512** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا سَحْبَلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي حَدْرَدٍ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ: كَانَ لِيَهُودِيٍّ عَلَيَّ اَرْبَعَةُ دَرَاهِمَ فَلَزِمَنِي، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ الْخُرُوجَ اِلَى خَيْبَرَ، فَاسْتَنْظَرْتُهُ اِلَى اَنْ اَقْدَمَ، فَقُلْتُ: لَعَلَّنَا اَنْ نَغْنَمَ شَيْئًا، فَجَاءَ بِي اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْطِهِ حَقَّهُ مَرَّتَيْنِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّكَ تُرِيدُ الْخُرُوجَ اِلَى خَيْبَرَ، وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَرْزُقَنَا بِهَا غَنَائِمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْطِهِ حَقَّهُ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَالَ الشَّيْءَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَمْ يُرَاجَعْ قَالَ: وَعَلَيَّ اِزَارٌ، وَعَلَى رَاْسِي عِصَابَةٌ، فَلَمَّا خَرَجْتُ، قُلْتُ: اشْتَرِ مِنِّي هَذَا الْاِزَارَ، فَاشْتَرَاهُ بِالدَّرَاهِمِ الَّتِي لَهُ عَلَيَّ، فَاَتَزَرْتُ بِالْعِصَابَةِ الَّتِي عَلَى رَاْسِي، فَمَرَّتِ امْرَاَةٌ عَلَيْهَا شَمْلَةٌ، فَاَلْبَسَتْنِي اِيَّاهَا

حضرت ابی حدرد اسلمی فرماتے ہیں: ایک یہودی تھا' جس کے چار درہم میں نے قرض دینا تھا۔ پس وہ میرے ساتھ ساتھ رہتا۔ رسول کریم ﷺ خیبر جانے کا ارادہ رکھتے تھے۔ میں نے قرض خواہ سے مہلت طلب کی یہاں تک کہ میں خیبر سے ہو کر واپس آ جاؤں۔ میں نے کہا: ممکن ہے کوئی چیز مال غنیمت میں ملے۔ پس وہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اسے اس کا حق ادا کر دے۔ دو بار فرمایا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ خیبر جانا چاہتے ہیں' ممکن ہے اللہ ہمیں وہاں سے رزق عطا فرمائے۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس کو اس کا حق دے دے۔ نبی کریم ﷺ کی عادت مبارک تھی جب کوئی شی تین مرتبہ فرما دیتے پھر اسے لوٹایا نہیں جا سکتا تھا۔ فرماتے ہیں: میرا تہبند تھا اور میرے سر پر پگڑی' پس جب میں نکلا تو میں نے اُس سے کہا: مجھ سے یہ ازار خرید لے تو اس نے ان درہموں کے بدلے اُسے خرید لیا جو اس کے میرے اوپر تھے۔ میں نے سر سے پگڑی اُتار کر تہبند بنا لیا جو میرے سر پر تھی۔ سو ایک

---

**4512**- اسنادھه حسن فيه: محمد بن ابي يحيى الأسلمي أبو عبد الله المدني واسم أبي يحيى سمعان وثقه العجلي' وأبو داؤد والخليلي' وابن حبان' ولينه ابن شاهين' وقال ابن حجر: صدوق . أخرجه الطبراني في الصغير' وأحمد بنحوه . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه132 وقال: رجاله ثقات الا ان محمد بن ابي يحيى لم أجد له رواية عن الصحابة' فيكون مرسلًا صحيحًا .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي حَدْرَدٍ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: قُتَيْبَةُ

4513 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي رَزِينٍ، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنِ ابْنِ سَابِطٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ الْقَيْنَةَ، وَبَيْعَهَا، وَثَمَنَهَا، وَتَعْلِيمَهَا، وَالِاسْتِمَاعَ اِلَيْهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي رَزِينٍ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

4514 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنَّ نِسَاءُ الْمُهَاجِرَاتِ يُصَلِّينَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ ثُمَّ يَرْجِعْنَ وَهُنَّ مُتَلَفِّعَاتٌ بِمُرُوطِهِنَّ، مَا يُعْرَفْنَ مِنَ الْغَلَسِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

4515 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ

عورت گزری جس پر شملہ تھا تو اس نے وہ مجھے پہنا دیا۔

اس حدیث کو ابی حدرد نے اسی سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ قتیبہ اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے گانے والی لونڈی حرام فرمائی اور اس کی بیع اور اس کی قیمت اور اس کی تعلیم اور اس کو سننا حرام کیا ہے۔

یہ حدیث سعید بن رزین سے جعفر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ مہاجر عورتیں حضور ﷺ کے ساتھ فجر کی نماز پڑھتیں، پھر اپنے کپڑوں میں لپٹ کر واپس آتیں اور اندھیرا ہونے کی وجہ سے پہچانی نہیں جاتی تھیں۔

یہ حدیث ابو اسود سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

4513- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 94 وقال: وفيه اثنان لم أجد من ذكرهما، وليث بن ابي سليم مدلس - (١) زيادة من مجمع البحرين (1985) .

4514- اخرجه البخاري: المواقيت جلد 2 صفحه 65 رقم الحديث: 578، ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 446 .

4515- اخرجه مسلم: القدر جلد 4 صفحه 2050، والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 46 (باب الصلاة على الصبيان)،

Marfat.com

الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ سَيَّارٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ: مَاتَ صَبِيٌّ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: عُصْفُورٌ مِنْ عَصَافِيرِ الْجَنَّةِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: طُوبَى لَهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَلَا تَدْرِينَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْجَنَّةَ، وَخَلَقَ النَّارَ، وَخَلَقَ لِهٰذِهِ اَهْلًا وَلِهٰذِهِ اَهْلًا

کے زمانہ میں ایک بچہ فوت ہوگیا' عرض کی گئی: جنت کی چڑیوں میں سے ایک چڑیا ہے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یارسول اللہ! اس کے لیے خوشخبری! آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ بے شک اللہ نے جنت کو پیدا کیا ہے اور دوزخ کو پیدا کیا ہے' جنت میں رہنے والا اور دوزخ میں رہنے والوں کو پیدا کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا الْعَلَاءُ بْنُ الْمُسَيِّبِ

یہ حدیث فضیل بن عمرو سے علاء بن میسّب روایت کرتے ہیں۔

**4516** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا اَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُصْمٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: صَلَّى رَجُلٌ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يَرْكَعُ قَبْلَ اَنْ يَرْكَعَ، وَيَرْفَعُ قَبْلَ اَنْ يَرْفَعَ، فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ الْفَاعِلُ هَذَا؟ قَالَ: اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَحْبَبْتُ اَنْ اَدْرِيَ اَتَعْلَمُ ذٰلِكَ اَمْ لَا؟ فَقَالَ: اتَّقُوا خِدَاجَ الصَّلَاةِ، إِذَا رَكَعَ الْإِمَامُ فَارْكَعُوا، وَإِذَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پیچھے نماز پڑھ رہا تھا' وہ آپ سے پہلے رکوع کرتا اور آپ سے پہلے رکوع سے اُٹھتا' جب حضور ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: ایسا کرنے والا کون ہے؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہوں' میں نے پسند کیا کہ کیا آپ جانتے ہیں یا نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نماز میں کمی کرنے سے ڈرو' جب امام رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو' جب امام رکوع سے سر اُٹھاؤ تو تم بھی رکوع کرو۔

---

وابن ماجة: المقدمة جلد1 صفحه32 رقم الحديث: 82 .

4516- اسناده فيه: أيوب بن جابر بن سيار السحيمي أبو سليمان اليمامي ضعيف' ضعفه ابن معين' وأبو حاتم' وأبو زرعة' وابن المديني وغيرهم . تخريجه: أحمد من طريق أيوب بن جابر بالاسناد . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2 صفحه 80 وقال: وفيه أيوب بن جابر' قال أحمد: حديثه يشبه حديث أهل الصدق' وقال ابن عدي: حديثه يحمل بعضه بعضًا' وضعفه ابن معين وجماعة .

Marfat.com

رَفَعَ فَارْفَعُوا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُصْمٍ إِلَّا أَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: قُتَيْبَةُ

یہ حدیث عبداللہ بن عصم سے ایوب بن جابر روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں قتیبہ اکیلے ہیں۔

**4517** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ قَالَ: نَا نَافِعٌ، مَوْلَى يُوسُفَ السُّلَمِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قُرِءَ عِنْدَ عُمَرَ: (كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُودُهُمْ بَدَّلْنَاهُمْ جُلُودًا غَيْرَهَا) (النساء: 56)، فَقَالَ عُمَرُ: أَعِدْهَا، فَأَعَادَهَا، فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ: عِنْدِي تَفْسِيرُهَا: تُبَدَّلُ فِي سَاعَةٍ مِائَةَ مَرَّةٍ، فَقَالَ عُمَرُ: هَكَذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس یہ آیت: ''جب ہم ان کے جسموں کو جلا دیں گے' ہم اس کے بدلہ اور لے آئیں گے''۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دوبارہ پڑھو! حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے پاس اس آیت کی تفسیر ہے' وہ یہ ہے کہ ایک گھڑی میں سو مرتبہ بدلی جائے گی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اسی طرح رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث حضرت عمر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**4518** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ مُزَاحِمِ بْنِ أَبِي مُزَاحِمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي مُزَاحِمٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ أُسَيْدٍ، عَنْ مُحَرِّشٍ الْكَعْبِيِّ قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجِعْرَانَةَ، فَعَلِمَ أَهْلُ الْجِعْرَانَةِ بِدُخُولِهِ، فَاجْتَمَعُوا عَلَيْهِ فَكَثُرُوا، فَرَفَعَ يَدَيْهِ، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِ إِبْطَيْهِ وَجَنْبَيْهِ، كَأَنَّهُ بَيَاضُ قُضْبَانَ،

حضرت محرش الکعبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جعرانہ کے مقام پر داخل ہوئے تو اہل جعرانہ کو آپ کے آنے کا علم ہوا' وہ آپ کے پاس کثرت سے جمع ہوئے' آپ نے دونوں ہاتھ اُٹھائے' گویا کہ میں اب بھی آپ کی بغلوں اور کروٹوں کی سفیدی دیکھ رہا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! مجھ سے دور ہو جاؤ! وہ آپ سے دُور ہو گئے' آپ ﷺ مسجد میں آئے' اور جتنا اللہ نے چاہا آپ نے نماز پڑھی'

**4517**- اسناده فيه: نافع مولى يوسف السلمي وهو متروك . (١)وقع في الأصل (نافع بن يوسف)' والصواب ما أثبتناه . انظر: الضعفاء الكبير للعقيلي جلد4صفحه285 .

Marfat.com

فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِلَيْكُمْ عَنِّي، فَتَنَحَّوْا عَنْهُ حَتَّى جَاءَ الْمَسْجِدَ، فَرَكَعَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى رَاحِلَتِهِ، فَاسْتَقْبَلَ بَطْنَ سَرِفَ حَتَّى صَبَّحَ طَرِيقَ الْمَدِينَةِ، فَاَصْبَحَ بِمَكَّةَ كَبَائِتٍ

پھر آپ سواری پر سیدھے بیٹھ گئے' آپ وادیٔ سرف پر آئے' اس جگہ سے مدینہ کے راستے دکھائی دینے لگے' آپ نے صبح مکہ میں مقام کبائت پر کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مُزَاحِمٍ اِلَّا قُتَيْبَةُ

یہ حدیث سعید بن مزاحم سے قتیبہ روایت کرتے ہیں۔

**4519** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ صَاحَ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ، وَرُكْبَتُهُ تَصُكُّ رُكْبَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حج وعمرہ کا تلبیہ اکٹھا پڑھا اس حالت میں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھٹنے حضور ﷺ کے گھٹنوں سے ملے ہوئے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَالِمُ بْنُ نُوحٍ

یہ حدیث مالک بن دینار سے عمر بن عامر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سالم بن نوح اکیلے ہیں۔

**4520** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنِ النَّهَّاسِ بْنِ قَهْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَغَايَا اللَّاتِي يُزَوِّجْنَ اَنْفُسَهُنَّ، لَا يَجُوزُ نِكَاحٌ اِلَّا بِوَلِيٍّ، وَشَاهِدَيْنِ، وَمَهْرٍ مَا قَلَّ اَوْ كَثُرَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: باغی وہ عورتیں ہیں جو اپنی شادی خود کرتی ہیں' حالانکہ نکاح صرف ولی کی اجازت سے اور گواہوں کی موجودگی میں ہے' مہر کم ہو یا زیادہ۔

---

4519- اخرجه البخاري: الجهاد جلد 6 صفحه 153 رقم الحديث: 2986 بنحوه: انظر: تلخيص الجبير جلد 2 صفحه 246 رقم الحديث: 2 .

4520- اسناده فيه: الربيع بن بدر وهو متروك . تخريجه الطبراني في الكبير من طريق عبد الرحمٰن بن المبارك' ثنا الربيع بن بدر' بالاسناد المذكور .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ النَّهَّاسِ اِلَّا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ

**4521** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، اَنَّهُ قَالَ: حَضَرْتُ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ وَالْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَهُمَا يَخْتَصِمَانِ اِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِي مِيرَاثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّاسُ: اقْضِ بَيْنَهُمَا يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ . فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى يَقُولُ فِي كِتَابِهِ: سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ فَقَرَاَ اِلَى قَوْلِهِ: (مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا) (الحشر: 7)، ثُمَّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُهَا فِي الْمَسَاكِينِ، وَالْيَتَامَى، وَابْنِ السَّبِيلِ، وَفِي ضَيْفِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفَوَارِسِهِ حَتَّى تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَلِيَهَا اَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ وُلِّيتُهَا اَنَا، فَوَضَعْتُهَا حَيْثُ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُهَا وَاَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ قَدْ بَدَا لِي اَنْ اُوَلِّيَكَهَا يَا عَلِيُّ، فَضَعْهَا حَيْثُ رَاَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ حدیث نہاس سے ربیع بن بدر روایت کرتے ہیں۔

حضرت مالک بن اوس بن حدثان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب اور حضرت عباس بن عبدالمطلب دونوں حضرات رسول اللہ ﷺ کی میراث کے متعلق اپنا جھگڑا حضرت عمر بن خطاب کے پاس لے کر آئے لوگوں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! ان دونوں کے درمیان فیصلہ کریں! حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل اپنی کتاب میں فرماتا ہے کہ جو کچھ زمین اور آسمانوں میں ہے وہ اللہ کی تسبیح کر رہی ہیں وہ غالب حکمت والا ہے۔ آپ نے یہاں تک آیت پڑھی: جو تم کو رسول اللہ عطا کریں وہ لے لو جس سے تمہیں منع کریں اس سے رُک جاؤ۔ پھر فرمایا: رسول اللہ ﷺ مساکین یتیموں مسافروں اپنے مہمانوں اور اللہ کی راہ میں چلنے والے گھوڑ سواروں کو دیتے تھے جب حضور ﷺ کا وصال ہوا تو آپ کے خلیفہ حضرت ابوبکر بنے پھر آپ کے بعد میں بنا ہوں جہاں ان چیزوں کو رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رکھتے تھے میں بھی ویسے ہی رکھوں گا پھر میرے لیے واضح ہوا کہ اے علی! تم خلیفہ بنو گے جہاں رسول اللہ ﷺ رکھتے تھے آپ بھی اسے وہیں رکھنا اور جہاں مجھے رکھتے ہوئے دیکھا۔

**4521**- أصله عند البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: الخمس جلد **6** صفحه **227** رقم الحديث: **3094**، ومسلم: الجهاد جلد **3** صفحه **1377**، والنسائي: الفيء جلد **7** صفحه **117** (افتتاحية كتاب قسم الفيء) بنحوه .

Marfat.com

يَضَعُهَا، وَحَيْثُ رَأَيْتَنِي أَضَعُهَا

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَلَدُهُ، عَنْهُ

محمد بن منکدر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**4522** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَتَقَارَبُ الزَّمَانُ، وَيَنْقُصُ الْعِلْمُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت قریب آئے گی تو علم کم ہو جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جَابِرٍ إِلَّا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

ابن جابر سے یہ حدیث صدقہ بن خالد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**4523** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الْأَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ حُدَيْجِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ السِّرَاجَ حِينَ يُصْبِحُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صبح کے وقت جلتے ہوئے چراغ کو ناپسند کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا حُدَيْجٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي دَاوُدَ

یہ حدیث عبدالملک سے حدیج روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلیمان بن ابوداؤد اکیلے

---

**4522**- أخرجه البخاري: الأدب جلد 10 صفحه 471 رقم الحديث: 6037 وفي الاستئذان جلد 11 صفحه 88 رقم الحديث: 7121' ومسلم: العلم جلد 4 صفحه 2057 رقم الحديث: 12 (باب رفع العلم وقبضه) ولفظه لمسلم .

**4523**- اسناده فيه: خديج بن معاوية' قال ابن حجر فيه: صدوق يخطئ .

Marfat.com

ہیں۔

4524 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِیُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَطَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رُبُعِ دِينَارٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے چار دینار چوری کرنے پر ہاتھ کاٹے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ إِلَّا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث حمید الاعرج سے جعفر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

4525 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِیُّ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ يَحْيَى الْقُرْقُسَانِيُّ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَضَّأَ فَبِهَا وَنِعْمَتْ، وَمَنِ اغْتَسَلَ فَالْغُسْلُ أَفْضَلُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن جس نے وضو کیا' اس نے اچھا کیا اور جس نے غسل کیا تو غسل افضل ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ إِلَّا مُؤَمَّلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے مؤمل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عثمان بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

4526 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِیُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا صَدَقَةُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن عکیم الجہنی فرماتے ہیں کہ ہمیں قبیلہ جہینہ کے مشائخ نے بتایا کہ حضور ﷺ نے ان کی

4524- أخرجه البخاري: الحدود جلد12صفحه99 رقم الحديث: 6791' ومسلم: الحدود جلد3صفحه1312 .

4525- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه347 رقم الحديث: 1091 في الزوائد: اسناده ضعيف لضعف يزيد ابن أبان الرقاشي . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2صفحه178 وعزاه الى البزار . انظر نصب الراية جلد 1 صفحه91-92 .

4526- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد4صفحه66 رقم الحديث: 4127-4128' والترمذي: اللباس جلد4صفحه22 رقم الحديث: 1729 وقال: حسن . والنسائي: الفرع جلد 7صفحه154 (باب ما يدبغ به جلود الميتة)' وابن ماجة: اللباس جلد2صفحه1194 رقم الحديث: 3613' وأحمد: المسند جلد4صفحه381 رقم الحديث: 18805 .

Marfat.com

خَالِدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: حَدَّثَنَا مَشْيَخَتُنَا، مِنْ جُهَيْنَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَيْهِمْ: أَنْ لَا تَسْتَنْفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِشَيْءٍ

طرف خط لکھا تھا کہ مردار شے سے نفع نہ اُٹھاؤ۔

**4527** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ أَبَا طَيْبَةَ، فَوَضَعَ الْمَحَاجِمَ مَعَ غَيْبُوبَةِ الشَّمْسِ، ثُمَّ أَمَرَهُ مَعَ إِفْطَارِ الصَّائِمِ، فَحَجَمَ، ثُمَّ سَأَلَهُ: كَمْ خَرَاجُكَ؟ قَالَ: صَاعَيْنِ، فَوَضَعَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاعًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ابوطیبہ رضی اللہ عنہ کو سورج کے غروب ہوتے وقت پچھنا لگوانے کا حکم دیا۔ پھر آپ نے ابوطیبہ کو روزہ افطار کرنے کا حکم دیا' اس کے بعد آپ نے پچھنا لگوایا اور فرمایا: کتنی مزدوری؟ اس نے عرض کی: دو صاع! آپ ﷺ نے ایک صاع کم کروایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث جعفر بن برقان سے سعید بن یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**4528** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا، فَلَمَّا جَاءَ الْقَوْمُ كَانَ فِيهِمْ رَجُلٌ حَدِيثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ، فَتَعَجَّلَ إِلَى أَهْلِهِ، فَإِذَا هُوَ بِامْرَأَتِهِ قَائِمَةً

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ہمیں کوئی کام بھیجا' پس قوم واپس آئی تو ان میں ایک جوان تھا جس کی نئی نئی شادی ہوئی تھی۔ وہ جلدی جلدی اپنے گھر والوں کی طرف گیا۔ اچانک اس کی نگاہ اُٹھی تو کیا دیکھا کہ اس کی بیوی دروازے پر کھڑی اس کا انتظار کر رہی ہے۔ اُس نے

---

4527- اسناده صحيح ـ وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه172 وقال: ورجله رجال الصحيح ـ

4528- اسناده صحيح ـ تخريجه الطبراني في الصغير ـ وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4صفحه51 وقال: ورجال الأوسط رجال الصحيح ـ

Marfat.com

عَلَى بَابِهَا، فَنَوَى لَهَا الرُّمْحَ لِيَطْعَنَهَا بِهِ فَقَالَتْ: لَا تَعْجَلْ، وَانْظُرْ مَا فِي الْبَيْتِ، فَدَخَلَ الْبَيْتَ، فَإِذَا هُوَ بِحَيَّةٍ مُنْطَوِيَةٍ عَلَى فِرَاشِهَا، فَضَرَبَ بِالرُّمْحِ عَلَى رَأْسِهَا، فَلَمْ تَمُتِ الْحَيَّةُ حَتَّى مَاتَ الرَّجُلُ، فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ لِهَذِهِ الْبُيُوتِ عَوَامِرَ مِنَ الْجِنِّ، فَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ الَّتِي تَكُونُ فِي الْبُيُوتِ إِلَّا الْأَبْتَرَ، وَذَا الطُّفْيَتَيْنِ

اپنی بیوی کو نیزہ مارنے کا ارادہ کیا تو وہ بولی: جلدی مت کر۔ پہلے گھر کے اندر دیکھ' کیا ہے۔ وہ گھر میں داخل ہوا۔ ایک سانپ اس کی بیوی کے بستر کو لپٹا ہوا ہے۔ اس نے سانپ کے سر پر نیزہ مارا لیکن سانپ نہیں مرا یہاں تک کہ وہ آدمی مر گیا۔ پس یہ بات نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں ذکر ہوئی' آپ نے ارشاد فرمایا: ان گھروں میں جن ہوتے ہیں (جو مختلف شکلوں میں رہتے ہیں) تو آپ نے گھروں میں رہنے والے جنوں کو سوائے چھوٹے زہریلے سانپ اور بڑے خبیث قسم کے سانپ کے مارنے سے نہی فرمادی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ بِهَذَا اللَّفْظِ إِلَّا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ

اس حدیث کو عبیداللہ بن عمر سے حضرت نافع نے انہی الفاظ سے روایت کیا ہے۔ ان سے صرف یحییٰ بن سلیم روایت کرتے ہیں۔

**4529** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ صَخْرِ بْنِ جُوَيْرِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ الزُّبَيْرَ، أَوْصَى إِلَى صَبِيحَةَ يَوْمِ الْجَمَلِ قَالَ: مَا مِنْ عُضْوٍ مِنْ أَعْضَائِي إِلَّا وَقَدْ جُرِحَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى وَصَلَ ذَلِكَ إِلَى فَرْجِهِ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت زبیر نے جنگ جمل کے دن وصیت کی' فرمایا: میرے اعضاء میں سے کوئی عضو جو حضور ﷺ کے ساتھ زخمی نہ ہوا ہو'یہاں تک کہ میری شرمگاہ بھی زخمی ہوئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا قُتَيْبَةُ

یہ حدیث حماد بن زید سے قتیبہ روایت کرتے ہیں۔

---

4529- أخرجه الترمذي: المناقب جلد 5 صفحه 647 رقم الحديث: 3746 وقال: حسن غريب . (١) كلمة غير مقروءة في الأصل .

Marfat.com

4530 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الرُّؤَاسِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ الْقَصَّابِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: لِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، وَلِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے موزوں پر مسح کے متعلق فرمایا کہ مسافر تین دن اور تین راتیں مسح کرے گا اور مقیم ایک دن اور رات کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا الْحَسَنُ الْقَصَّابُ

یہ حدیث نافع سے حسن القصاب روایت کرتے ہیں۔

4531 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ، فَمَاتَ قَبْلَ أَنْ يَقْضِيَهُ، فَعَلَيْهِ كُلَّ يَوْمٍ مُدٌّ لِمِسْكِينٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کا ایک روزہ نہ رکھا اور وہ اس کی قضاء سے پہلے مرگیا تو اس کے ورثاء پر لازم ہے کہ ہر دن ایک مسکین کو ایک مُد (سولہ یا گیارہ چھٹانک) کھانا کھلائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَشْعَثَ إِلَّا عَبْثَرٌ وَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ الَّذِي رُوِيَ عَنْهُ هَذَا الْحَدِيثُ: مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، وَيُقَالُ: مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي لَيْلَى

یہ حدیث اشعث سے عبثر روایت کرتے ہیں' کہا گیا ہے کہ حدیث میں جس محمد کا ذکر ہے اس سے مراد محمد بن سیرین یا محمد بن ابی لیلیٰ مراد ہیں۔

4532 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

4530- اسناده فيه: الحسن القصاب بن عبد الله ذكره ابن حبان في الثقات جلد 6صفحه161 وترجمه في الجرح جلد3 صفحه 22 وسكت عنه . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه258 وعزاه الى أحمد' وأبو يعلى' والبزار' والطبراني في الكبير وقال: ورجال البزار وأبي يعلى ثقات .

4531- أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد 10صفحه246 وقال: قال سليمان لم يروه عن أشعث الا عبثر ومحمد الذي يروى عنه أشعث هذا الحديث محمد بن سيرين وقيل محمد بن أبي يعلى . (١)وقع في الأصل (بن)' والصواب ما أثبتناه من كلام الطبراني بعد .

4532- أخرجه مسلم: المسافرين جلد 1صفحه490' وأبو داؤد: الصلاة جلد2صفحه4 رقم الحديث: 1206' ومالك في الموطأ: السفر جلد1صفحه143 رقم الحديث: 2' الطبراني في الصغير جلد 1صفحه234 .

Marfat.com

الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا غُصْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَجَعَلَ يَجْمَعُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ

ہم غزوۂ تبوک میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے ظہر' عصر' مغرب اور عشاء کی نمازیں اکٹھی پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ اِلَّا غُصْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث ابن ثوبان سے غصن بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔

**4533** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِيغَ الشَّمْسُ اَخَّرَ الظُّهْرَ حَتّٰى يُصَلِّيَهَا مَعَ الْعَصْرِ، وَاِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَ زَيْغِ الشَّمْسِ عَجَّلَ الْعَصْرَ حَتّٰى يُصَلِّيَهُمَا جَمِيعًا، وَاِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ اَخَّرَ الْمَغْرِبَ حَتّٰى يُصَلِّيَهُمَا جَمِيعًا، وَاِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ صَلَّاهَا مَعَ الْمَغْرِبِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب سورج ڈھلنے سے پہلے سفر شروع کرتے تو آپ ظہر کی نماز عصر کے ساتھ پڑھتے' جب سورج ڈھلنے کے بعد جاتے تو عصر جلدی پڑھ لیتے' یہاں تک کہ دونوں اکٹھی پڑھتے' جب سورج غروب ہونے سے پہلے سفر شروع کرتے تو مغرب کی نماز عشاء کی نماز کے ساتھ پڑھتے' جب سورج غروب ہونے کے بعد سفر شروع کرتے تو عشاء کی نماز مغرب کے ساتھ پڑھتے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ

یہ حدیث معاذ بن جبل سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں لیث بن سعد اکیلے ہیں۔

**4534** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور

4533- اخرجه ابو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 5 رقم الحديث: 1208' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 438 رقم الحديث: 553' واحمد: المسند جلد 5 صفحه 286 رقم الحديث: 155 . (۱) وقع في الأصل (محمد)' والتصويب من الصغير جلد 1 صفحه 234 .

4534- أخرجه البخاري: الأدب جلد 10 صفحه 540 رقم الحديث: 6122' ومسلم: المنافقين جلد 4 صفحه 2164 .

Marfat.com

الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي حَكِيمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّمَا مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ شَجَرَةٍ لَا يَسْقُطُ وَرَقُهَا شِتَاءً وَلَا صَيْفًا فَاَكْثَرَ النَّاسُ مِنْ ذِكْرِ الشَّجَرِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِيَ النَّخْلَةُ

ﷺ نے فرمایا: مؤمن کی مثال اس درخت کی طرح ہے جس کے پتے گرمیوں اور سردیوں میں نہیں گرتے ہیں' لوگ اس درخت کا ذکر اکثر کرتے ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: وہ کھجور کا درخت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي حَكِيمٍ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث محمد بن ابی حکیم سے ابواسود روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**4535** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ رُزَيْقٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شِمَاسَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَقْبَلْ رُخْصَةَ اللّٰهِ، فَاِنَّ عَلَيْهِ مِنَ الْاِثْمِ مِثْلَ جِبَالِ عَرَفَاتٍ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ کی رخصتوں کو قبول نہیں کرتا ہے اس کے نامۂ اعمال میں گناہ عرفات کے پہاڑوں کے برابر ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عقبہ بن عامر سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**4536** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ مَا لَمْ يَخْرِقْهُ قِيلَ: وَبِمَ يَخْرِقُهُ؟ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روزہ ڈھال ہے جب تک خرق (پھاڑنا) نہ کرے۔ عرض کی گئی: خرق سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: جھوٹ اور غیبت سے پرہیز نہ کرنا۔

---

**4535**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه165 وقال: وفيه رزيق الثقفي ولم اجد من وثقه' ولا جرحه' وبقية رجاله ثقات . أخرجه أيضًا أحمد من طريق رزيق بالاسناد المذكور . قلت: فيه أيضًا ابن لهيعة وهو صدوق اختلط .

**4536**- اسناده فيه: الربيع بن بدر متروك .

Marfat.com

بِكَذِبٍ، اَوْ غِيبَةٍ

**4537** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِي غَطَفَانَ الْمُرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْيُسْرِ بْنَ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيَّ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ رَفَقَ بِهِ اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهِ

حضرت ابوالیسر بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے تنگ دست کو مہلت دی یا اس پر نرمی کی تو اللہ عزوجل اس کو اپنی رحمت کا سایہ عطا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي غَطَفَانَ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابوغطفان سے ابواسود روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**4538** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ اَسْعَدَ بْنَ زُرَارَةَ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، هَلْ تَدْرُونَ مَا تُبَايِعُونَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ اِنَّكُمْ تُبَايِعُونَهُ عَلَى اَنْ تُحَارِبُوا الْعَرَبَ وَالْعَجَمَ، وَالْجِنَّ وَالْاِنْسَ، فَقَالُوا: نَحْنُ حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَ، وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اشْتَرِطْ . فَقَالَ: تُبَايِعُونِي عَلَى اَنْ تَشْهَدُوا اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، وَتُقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَتُؤْتُوا الزَّكَاةَ، وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَاَنْ لَا تُنَازِعُوا الْاَمْرَ اَهْلَهُ، وَاَنْ تَمْنَعُونِي مِمَّا تَمْنَعُونَ مِنْهُ اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيكُمْ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! کیا تم جانتے ہو کہ محمد ﷺ کی کیا بیعت کرتے ہو' تم اس بات پر محمد ﷺ کی بیعت کرتے ہو کہ عرب' عجم' انسان وجن سے جنگ کرو' انہوں نے کہا: ہم لڑتے ہیں اُس سے جو لڑے اور اس سے نہیں لڑتے جو نہیں لڑتا ہے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! شرط لگائیں! آپ ﷺ نے فرمایا: تم میری بیعت کرو کہ اللہ کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے اور میں اللہ کا رسول ہوں اور نماز قائم کرو' زکوٰۃ دو اور سننے اور اطاعت کرنے پر اور اپنے گھروالوں سے نہ جھگڑنے پر' اور مجھے بھی اُس چیز سے بچاؤ گے جس سے اپنے آپ کو اور گھر والوں کو بچاتے ہو۔

4537- اخرجه مسلم: الزهد جلد 4صفحه2301' والدارمي: البيوع جلد 2صفحه339 رقم الحديث: 2588' واحمد: المسند جلد3صفحه522 رقم الحديث: 15527 .

4538- اسناده فيه: علي بن زيد بن جدعان التيمي البصري' ضعيف .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ إِلَّا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: قُتَيْبَةُ

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے بہز بن اسد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں قتیبہ اکیلے ہیں۔

**4539** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ الْأَهْوَازِيُّ قَالَ: نَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا أَبُو مَعْشَرٍ الْبَرَّاءُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِلَّا أَبُو مَعْشَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو كَامِلٍ

یہ حدیث عبداللہ بن دینار سے عبدالرحمٰن بن اسحاق روایت کرتے ہیں اور عبدالرحمٰن سے ابومعشر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوکامل اکیلے ہیں۔

**4540** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، وَعُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ سے کم اوقیہ میں صدقہ نہیں ہے' پانچ سے کم وسق میں زکوٰۃ نہیں ہے' پانچ سے کم اونٹوں میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ

یہ حدیث ایوب سے حماد بن زید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبید بن حساب اکیلے ہیں۔

---

**4539**- اسناده حسن: فيه عبد الرحمٰن بن اسحاق بن عبد الله المدني نزيل البصرة' ويقال له عباد صدوق رمي بالقدر من رجال مسلم ـ وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه156 وقال: ورجاله رجال الصحيح .

**4540**- أخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه378 رقم الحديث: 1459' ومسلم: الزكاة جلد2صفحه673 .

Marfat.com

**4541** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَاَى رَجُلًا مُتَغَيِّرَ الْخَلْقِ سَجَدَ، وَاِذَا رَاَى قِرْدًا سَجَدَ، وَاِذَا قَامَ مِنْ مَنَامِهِ سَجَدَ لِلّٰهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا ابْنُهُ يُوسُفُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب ایسے آدمی کو دیکھتے جس کی خلقت بدلی ہے تو آپ سجدہ کرتے' جب بندر دیکھتے تو سجدہ کرتے' جب نیند سے اُٹھتے تو اللہ کے لیے سجدہ کرتے۔

یہ حدیث محمد بن منکدر سے یوسف کے بیٹے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں۔

**4542** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيَّ عَلَى الصَّدَقَةِ، وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ مُحْرِمُونَ حَتَّى نَزَلُوا عُسْفَانَ، فَاِذَا هُمْ بِحِمَارِ وَحْشِيٍّ، وَجَاءَ اَبُو قَتَادَةَ، وَهُوَ حِلٌّ، فَنَكَّسُوا رُءُوسَهُمْ كَرَاهِيَةَ اَنْ يُحِدُّوا اَبْصَارَهُمْ فَيَفْطِنَ، فَرَآهُ فَرَكِبَ فَرَسَهُ، وَاَخَذَ الرُّمْحَ فَسَقَطَ مِنْهُ، فَقَالَ: نَاوِلُونِيهِ، فَقُلْنَا: مَا نَحْنُ بِمُعِينُوكَ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ، فَحَمَلَ عَلَيْهِ فَعَقَرَهُ قَالَ: ثُمَّ جَعَلُوا يَشْوُونَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول کریم ﷺ نے حضرت ابوقتادہ انصاری کو صدقہ کی وصولی پر مقرر فرمایا اور رسول کریم ﷺ اپنے دیگر صحابہ کرام کے ساتھ' احرام باندھ کر نکلے یہاں تک کہ مقامِ عسفان پر اترے' پس وہ جنگلی گدھوں پر تھے' اسی دوران ابوقتادہ آئے وہ بغیر احرام کے تھے۔ پس انہوں نے اپنے سر جھکا لیے' اپنی نظروں کو اوپر کرنا پسند کیا۔ پس ابوقتادہ سمجھ گئے۔ وہ دیکھ کر اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے' نیزہ پکڑا تو اُن کے ہاتھ سے گر گیا تو کہا: پکڑا دو۔ ہم بولے: اس پر ہم تیری مدد نہیں کر سکتے (کیونکہ احرام میں ہیں' شکار منع ہے) پس انہوں نے اُٹھایا اور اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔ پھر سارے اس

4541- اسناده فيه: يوسف بن محمد المنكدر التيمى ضعيف . وذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد2صفحه292 وقال: وفيه يوسف بن محمد بن المنكدر وثقه أبو زرعة' وضعفه جماعة .

4542- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد3صفحه233-234 وقال: رواه البزار ورجاله ثقات . والحديث فى الصحيحين من طريق عبد الله بن أبى قتادة عن أبيه بغير هذا السياق .

Marfat.com

مِنْهُ، ثُمَّ قَالُوا: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا، وَكَانَ تَقَدَّمَهُمْ فَلَحِقُوهُ، فَسَاَلُوهُ فَلَمْ يَرَ بِهِ بَاْسًا

سے لے کر پھوٹنے لگے' پھر کہا: رسول کریم ﷺ ہمارے درمیان موجود ہیں۔ آپ آگے نکل گئے تھے۔ یہ آپ کو پیچھے سے جا کر ملے۔ دریافت کیا تو آپ نے اس میں حرج نہیں دیکھا۔

**4543** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعُمْرَةُ اِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ مَا بَيْنَهُمَا، وَالْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ اِلَّا الْجَنَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک عمرہ سے لے کر دوسرے عمرہ تک درمیان میں ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہے اور حج مبرور کی جزاء جنت ہے۔

**4544** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءُوهُ بِاِدَاوَةٍ يَوْمَ اُحُدٍ، فَبَالَ اِلَى جَنْبِ الْاِدَاوَةِ، ثُمَّ شَرِبَ مِنْهَا

حضرت عیسیٰ بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس اُحد کے دن ایک برتن لایا گیا' آپ نے اس برتن میں پیشاب کیا اور عیسیٰ بن عبداللہ کے والد عبداللہ نے اس پیشاب کو پی لیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا عَبْدُ الْاَعْلَى، تَفَرَّدَ بِهَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُقَيْلِيُّ وَاَبُو عِيسَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُنَيْسٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے عبدالاعلیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عثمان العقیلی اکیلے ہیں۔ ابوعیسیٰ سے مراد عبداللہ بن انیس ہیں۔

**4545** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ زَرْبِيٍّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت آدم و موسیٰ علیہما السلام کا مکالمہ ہوا۔

4543- أخرجه البخاري: العمرة جلد3صفحه698 رقم الحديث: 1773' ومسلم: الحج جلد2صفحه983 .

4545- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد4صفحه225 رقم الحديث: 4702 من طريق زيد بن أسلم' عن أبيه' أن عمر ابن الخطاب قال: فذكر قصة تحاججهما .

Marfat.com

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْتَجَّ آدَمُ وَمُوسَى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا بِشْرُ بْنُ مَنْصُورٍ تَفَرَّدَ بِهِ: عَمَّارُ بْنُ زَرْبِيٍّ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے بشر بن منصور روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمار بن زربی اکیلے ہیں۔

**4546** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعِبَادِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا مَسْلَمَةُ بْنُ سَالِمٍ الْجُهَنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَاءَنِي زَائِرًا لَا تُعْمِلُهُ حَاجَةٌ إِلَّا زِيَارَتِي، كَانَ حَقًّا عَلَيَّ أَنْ أَكُونَ لَهُ شَفِيعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو میری زیارت کے لیے آئے اور اس کا مقصد میری زیارت کرنا ہوتو مجھ پر حق ہے کہ میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کرنے والا ہوں گا۔

**4547** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعِبَادِيُّ قَالَ: نَا مَسْلَمَةُ بْنُ سَالِمٍ الْجُهَنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحِجَامَةُ فِي الرَّأْسِ دَوَاءٌ مِنَ الْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ، وَالْبَرَصِ، وَالنُّعَاسِ، وَالضِّرْسِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگوانا سر میں دوا ہے' جنون' جذام' برص' سستی اور داڑھ درد کی۔

**4548** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک

---

**4546**- اسناده فيه: مسلمة بن سالم الجهنى' ويقال له مسلم بن سالم ضعيف' قال أبو داؤد: ليس بثقة' تخريجه: الطبرانى فى الكبير جلد**12**صفحه**291** رقم الحديث: **13149** .

**4547**- اسناده فيه: مسلمة بن سالم الجهنى ضعيف .

**4548**- اسناده فيه: مسلمة بن سالم . وذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد **3**صفحه**214** وقال: وفيه مسلمة بن سالم الجهنى ضعفه الدارقطنى .

Marfat.com

الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ مَهْجَعٍ قَالَ: نَا مَسْلَمَةُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: جَاءَ غُلَامٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي اُرِيدُ هٰذِهِ النَّاحِيَةَ الْحَجَّ قَالَ: فَمَشٰى مَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: يَا غُلَامُ، زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى، وَوَجَّهَكَ الْخَيْرَ، وَكَفَاكَ الْهَمَّ، فَلَمَّا رَجَعَ الْغُلَامُ سَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَفَعَ رَاْسَهُ اِلَيْهِ، وَقَالَ: يَا غُلَامُ، قَبِلَ اللّٰهُ حَجَّكَ، وَكَفَّرَ ذَنْبَكَ، وَاَخْلَفَ نَفَقَتَكَ

غلام حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: میں اس بستی کا حج کرنا چاہتا ہوں' رسول اللہ ﷺ اس کے ساتھ چلے اور فرمایا: اے غلام اللہ عزوجل تمہارا زادِ راہ تقویٰ کرے اور تمہارے چہرے میں بھلائی رکھے جو تمہارے غموں کے لیے کافی ہو۔ جب غلام واپس آیا تو آپ پر اسلام لایا' آپ نے اس کی طرف سر اُٹھایا اور فرمایا: اے غلام! اللہ عزوجل نے تمہارا حج قبول کر لیا اور تمہارے گناہ معاف کیے ہیں' تمہارے لیے پیچھے نفقہ رکھ دیا۔

**4549** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ مَهْجَعٍ قَالَ: نَا مَسْلَمَةُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوَالِينَا مِنَّا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہمارے غلام ہم سے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مَسْلَمَةُ بْنُ سَالِمٍ

یہ تمام احادیث عبید اللہ بن عمر سے مسلمہ بن سالم روایت کرتے ہیں۔

**4550** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ بِلَالِ

حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے ایک بات کرتا ہے' اس کلمہ کی وجہ سے

---

**4549**- اسناده فيه: مسلمة بن سالم . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 198 وقال: وفيه مسلم بن سالم ويقال مسلمة ضعفه أبو داؤد' وذكره ابن حبان في الثقات .

**4550**- أخرجه الترمذي: الزهد جلد 4 صفحه 559 رقم الحديث: 2319' وقال: حسن صحيح . وابن ماجة: الفتن جلد 2 صفحه 1312 رقم الحديث: 3969' ومالك في الموطأ: الكلام جلد 2 صفحه 985 رقم الحديث: 5' وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 570 رقم الحديث: 15858 .

Marfat.com

بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيُلْقِي الْكَلِمَةَ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا يُلْقِي لَهَا بَالًا، فَيُكْتَبُ بِهَا مِنْ أَهْلِ رِضْوَانِ اللّٰهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيُلْقِي الْكَلِمَةَ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ مَا يُلْقِي لَهَا بَالًا فَيُكْتَبُ بِهَا مِنْ أَهْلِ سَخَطِهِ إِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ

اللہ عزوجل قیامت کے دن تک اپنی رضا لکھ دیتا ہے' ایک آدمی اللہ کی ناراضگی کے لیے ایک بات کرتا ہے تو اللہ عزوجل قیامت کے دن تک اس کے لیے ناراضگی لکھ دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا مُعْتَمِرٌ . وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے معتمر اور عمر بن عبداللہ بن عتبہ روایت کرتے ہیں۔

**4551** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَكُونُ نَائِمَةً، وَرِجْلَايَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَسْجُدَ ضَرَبَ رِجْلِي، فَقَبَضْتُهَا فَسَجَدَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں سوئی ہوئی تھی اور میرے دونوں پاؤں رسول اللہ ﷺ کے سامنے ہوتے تھے' آپ رات کو نماز پڑھتے' جب سجدہ کرنے کا ارادہ کرتے تو آپ میرے پاؤں پر ہاتھ مارتے' میں پاؤں اکٹھے کر لیتی تو آپ سجدہ کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے معتمر روایت کرتے ہیں۔

**4552** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ،

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز شروع کرتے تو آپ یہ دعا پڑھتے: میں نے اپنا چہرہ اس ذات کی طرف کیا جس نے زمین و آسمان کو پیدا کیا' وہ ہر باطل سے الگ ہے' میں شرک کرنے

4551- اخرجه البخاری: الصلاة جلد1صفحه586 رقم الحديث: 382' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه367 .

4552- اخرجه مسلم: المسافرين جلد 1صفحه534' وأبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه199 رقم الحديث: 760' والترمذی: الدعوات جلد 5صفحه485 رقم الحديث: 3421' والنسائی: الافتتاح جلد 2صفحه100 (باب نوع آخر من الذكر والدعاء بين التكبير والقراءة) .

Marfat.com

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ: وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا مُسْلِمًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ، أَنْتَ رَبِّي، وَأَنَا عَبْدُكَ، اعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، وَاهْدِنِي لِصَالِحِ الْأَخْلَاقِ لَا يَهْدِنِي لِصَالِحِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا، لَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ، وَأَنَا بِكَ وَإِلَيْكَ، لَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ، ثُمَّ يَقْرَأُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَإِذَا رَكَعَ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَبِكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَأَنْتَ رَبِّي، خَشَعَ سَمْعِي وَبَصَرِي، وَعَظْمِي وَمُخِّي، وَمَا اسْتَقَلَّتْ بِهِ قَدَمِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، فَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، ثُمَّ يَقُولُ: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوَاتِ وَمِلْءَ الْأَرْضِ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، ثُمَّ يَسْجُدُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُ: اللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَإِلَيْكَ أَسْلَمْتُ، وَأَنْتَ رَبِّي، سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ، تَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ

والوں میں سے نہیں ہوں' اے اللہ! تُو بادشاہ ہے تیرے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے' تُو پاک ہے' تیرے لیے حمد ہے' تُو میرا رب ہے' میں تیرا بندہ ہوں' میں اپنی اُمت کے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں' تُو میری اُمت کے سارے گناہ بخش دے کیونکہ سارے گناہ تُو ہی بخشنے والا ہے' تُو (میری) اُمت کے اخلاق درست فرما کیونکہ اخلاق درست فرمانے والا تُو ہی ہے' میری اُمت کو گناہوں سے روک دے کیونکہ گناہوں سے روکنے والا تُو ہی ہے' اے رب! حاضر ہوں! سعادت تیرے پاس ہے' بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے' میں تیری طرف لوٹنے والا ہوں کیونکہ نجات دینے والا تُو ہی ہے' تُو بابرکت ہے' تُو بلند ہے' میں تجھ سے اپنی اُمت کے گناہوں کی بخشش طلب کرتا ہوں' تجھ سے توبہ کرتا ہوں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرأت شروع کرتے' جب آپ رکوع کرتے تو آپ پڑھتے: اے اللہ! میں نے تیرے لیے رکوع کیا' تجھ پر اسلام لایا' تجھ پر ایمان لایا' تُو میرا رب ہے' میری سماعت اور بصارت اور ہڈیوں میں مغز میں خشوع ڈالا ہے' میرے قدم تمام کائنات کے پالنے والے رب کے آگے جھکے ہوئے ہیں۔ جب آپ رکوع سے سر اُٹھاتے تو آپ سمع اللہ لمن حمدہ کہتے' پھر پڑھتے: اے رب! تیرے لیے تعریفیں ہیں' آسمان اور زمین کا بھرنا اور جو تُو چاہے بھر دے۔ پھر آپ سجدہ کرتے اور پڑھتے: میں نے تجھے سجدہ کیا' تجھ پر ایمان لایا' تیری طرف جھکا تُو میرا رب ہے' میرا چہرہ سجدہ کر رہا ہے' جس نے اس کو پیدا

Marfat.com

کیا ہے' بصارت و سماعت بناتی ہے' اللہ بابرکت ہے' تمام پیدا کرنے والوں میں اچھا پیدا کرنے والا ہے۔

قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: وَحَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

عبیداللہ بن عمر فرماتے ہیں کہ مجھے عبداللہ بن ابوفروہ نے عبدالرحمٰن الاعرج سے' وہ عبیداللہ بن ابی رافع سے' وہ حضرت علی سے' وہ حضور ﷺ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے جنادہ بن سلیم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4553** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا هُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

عبدان بن احمد نے ہمیں حدیث سنائی۔ انہوں نے کہا: ھریم بن عبدالاعلیٰ نے ہمیں خبر دی۔ انہوں نے کہا: ہمیں خبر دی معتمر بن سلیمان نے از عبیداللہ بن عمر' از ثابت بنانی از انس بن مالک روایت فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے معتمر روایت کرتے ہیں۔

**4554** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ مِنَ الْجَنَابَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور ﷺ جنابت کا غسل ایک ہی برتن سے کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے معتمر روایت کرتے ہیں۔

**4555** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرت موسیٰ بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

**4554**- اخرجه البخاری: الغسل جلد 1 صفحه 445 رقم الحديث: 263' ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه 256 .

**4555**- اخرجه مسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 479' والنسائی: السفر جلد 3 صفحه 98 (باب الصلاة بمكة)'

Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: نَا عَمِّي قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ سَلَمَةَ قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: اِنَّا نُصَلِّي مَعَكُمْ فِي الْمَسْجِدِ، فَاِذَا صَلَّيْنَا فِي رِحَالِنَا صَلَّيْنَا رَكْعَتَيْنِ . قَالَ: تِلْكَ سُنَّةُ اَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عرض کی: ہم آپ کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھتے ہیں' جب ہم اپنے گھر میں نماز پڑھتے ہیں تو ہم دو دو رکعتیں پڑھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: یہ ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے قاسم بن عبداللہ بن عمر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**4556** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّهُ زَنَى، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، فَاَعَادَ عَلَيْهِ مِرَارًا، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، فَسَاَلَ قَوْمَهُ: اَمَجْنُونٌ؟ فَقَالُوا: لَيْسَ بِهِ بَاْسٌ . قَالَ: فَعَلْتَ بِهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاَمَرَ بِهِ اَنْ يُرْجَمَ فَانْطَلَقَ بِهِ فَرُجِمَ، فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ماعز بن مالک' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی: میں نے زنا کیا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے اِعراض کیا' حضرت ماعز نے دوبارہ اقرار کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعراض کیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں سے پوچھا: کیا یہ مجنون ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: مجنون نہیں ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نے زنا کیا ہے؟ حضرت ماعز نے عرض کی: جی ہاں! پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رجم کرنے کا حکم کیا' انہیں لے جا کر رجم کیا گیا' پھر حضرت ماعز کی نمازِ جنازہ آپ نے نہیں پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو كَامِلٍ

یہ حدیث خالد الحذاء سے یزید بن زریع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوکامل اکیلے ہیں۔

---

واحمد: المسند جلد1 صفحہ284 رقم الحديث: 1867 .

4556- اخرجه ابو داؤد: الحدود جلد4 صفحہ144 رقم الحديث: 4421 .

Marfat.com

**4557** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحْرُمُ الْعَيْفَةُ، قُلْنَا: وَمَا الْعَيْفَةُ؟ قَالَ: الْمَرْاَةُ تَلِدُ، فَيَحْصِرُ اللَّبَنُ فِي ثَدْيَيْهَا، فَتُرْضِعُ جَارَتُهَا الْمَرَّةَ وَالْمَرَّتَيْنِ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عیفہ حرام نہیں ہے ہم نے عرض کی: عیفہ کیا ہے؟ فرمایا: عورت بچہ جنے اس کی پستان میں دودھ نہیں ہوتا ہے اس کی پڑوسن ایک مرتبہ اور دو مرتبہ دودھ پلاتی ہے (تو حرمت رضاعت ثابت نہ ہو گی)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے سعید بن یحییٰ روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**4558** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى قَالَ: نَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ حُنَيْنٍ: الْآنَ حَمِيَ الْوَطِيسُ، ثُمَّ قَالَ: هُزِمُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، هُزِمُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حنین کے دن فرمایا: اب جنگ سخت ہوگئی پھر فرمایا: رب کعبہ کی قسم! بھگا دیئے گئے ہیں رب کعبہ کی قسم! بھگا دیئے گئے وہ شکست کھا گئے۔

وَلَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، وَلَا عَنْ قُرَّةَ اِلَّا عَبْدُ الْاَعْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ: يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے قرہ بن خالد روایت کرتے ہیں قرہ سے عبدالاعلیٰ روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں یوسف بن حماد اکیلے ہیں۔

**4559** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں صادق المصدوق ﷺ نے فرمایا: تم میں سے

---

**4557**- اسناده صحيح - تخريجه الطبراني في الكبير جلد **20**صفحه**404** رقم الحديث: **965**' والبيهقي في الكبرىٰ . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**4**صفحه**264** وقال: ورجاله رجال الصحيح .

**4558**- اسناده صحيح - وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**6**صفحه**185** وقال: ورجاله رجال الصحيح .

**4559**- اخرجه البخاري: احاديث الأنبياء جلد**6**صفحه**418** رقم الحديث: **3332**' ومسلم: القدر جلد**4**صفحه**2036** .

Marfat.com

حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوقُ: اِنَّ خَلْقَ اَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِي بَطْنِ اُمِّهِ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً

ہر کوئی اپنی ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک خون کی شکل میں جمع ہوتا ہے۔

**4560** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مِرْدَاسٍ قَالَ: نَا جَارِيَةُ بْنُ هَرِمٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ سُوَيْدٍ الْعَدَوِيِّ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ اِذَا اَصْبَحَ، وَاِذَا اَمْسَى قَالَ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّي، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، خَلَقْتَنِي وَاَنَا عَبْدُكَ وَعَلَى عَهْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَبُوءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَاَبُوءُ بِذُنُوبِي فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي، اِنَّهُ لَا يَغْفِرُهَا غَيْرُكَ، فَاِنْ مَاتَ مِنْ يَوْمِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَاِنْ مَاتَ مِنْ لَيْلَتِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت عبداللہ بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ جب صبح اور جب شام کرے اور عرض کرے: ''اللّٰھم انت ربی لا الٰہ الا انت الٰی آخرہٖ'' اگر اس دن مرجائے گا تو وہ جنت میں داخل ہوگا' اگر اس رات کو مرگیا تو جنت میں داخل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ سُوَيْدٍ اِلَّا جَارِيَةُ بْنُ هَرِمٍ

یہ حدیث اسحاق بن سوید سے جاریہ بن ہرم روایت کرتے ہیں۔

**4561** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا اَبَانُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي عَمْرُو بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے دوست ﷺ نے تین چیزوں کی وصیت کی: ہر ماہ تین روزے رکھنے کی' جمعہ کے دن غسل کرنے کی اور

**4560**- اصله عند البخاری من طریق عبد اللّٰه بن بریدة عن بشیر بن کعب به أخرجه البخاری: الدعوات جلد **11** صفحه**134** رقم الحدیث: **6323**' والطبرانی فی الکبیر جلد **7** صفحه **295** رقم الحدیث: **7185** بنفسی الاسناد واللفظ.

**4561**- أخرجه النسائی: الصیام جلد **4** صفحه **187** (باب صوم ثلاثة أیام من الشهر)' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **312** رقم الحدیث: **7198**.

Marfat.com

مُسْلِمِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: نَا جَدِّی عَمْرُو بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ الزُّبَيْرِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِی خَلِيلِی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: صَوْمِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَغُسْلِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، وَاَنْ لَا اَنَامَ اِلَّا عَلَى وِتْرٍ قَالَ الزُّبَيْرُ: لَمْ اَدَعْهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ اَبِی هُرَيْرَةَ وَقَالَ عَمْرٌو: لَمْ اَدَعْهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ اَبِی.

سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے جب سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ سنا ہے میں نے ان چیزوں کو نہیں چھوڑا۔ حضرت عمرو نے فرمایا: میں نے اپنے والد سے سنا اس وقت سے میں نے ان چیزوں کو نہیں چھوڑا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبَانُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث زبیر سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابان بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4562** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِیُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِی حَبِيبٍ قَالَ: نَا حَبِيبُ بْنُ اَبِی حَبِيبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ هَرِمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: زَعَمَ اَبُو هُرَيْرَةَ اَنَّهُ كَانَ يُسَافِرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ اَبِی بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنَ الْمَدِينَةِ اِلَى مَكَّةَ، كُلُّهُمْ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ حِينَ خَرَجَ مِنَ الْمَدِينَةِ حَتَّى رَجَعَ اِلَى الْمَدِينَةِ، فِی الْمَسِيرِ وَالْاِقَامَةِ بِمَكَّةَ

حضرت جابر بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے گمان کیا کہ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر کے ساتھ مدینہ سے مکہ کی طرف سفر کیا سب دو دو رکعتیں ادا کرتے تھے جس وقت مدینہ سے نکلتے یہاں تک کہ مدینہ کی طرف واپس آتے راستے میں اور مکہ میں اقامت کی حالت میں بھی قصر کرتے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِیُّ

یہ حدیث جابر بن زید سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابوکامل الجحدری روایت کرتے ہیں۔

**4563** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**4562**- اسناده فيه: أ-عمرو بن يحيى بن أبی حبيب لم اجد ترجمته . ب -حبيب بن أبی حبيب يزيد الحرمی الأنماطی صدوق يخطئ . تخريجه: أبو يعلى (المقصد العلى) بنحوه' وقال الهيثمی فی المجمع جلد **2** صفحه **159**: ورجال أبی يعلى ورجال الصحيح .

**4563**- اسناده فيه: أبو هارون هو عمارة بن جوين متروك .

Marfat.com

هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ أَبِي هَارُونَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: كُنَّا إِذَا حَضَرْنَا الْعَدُوَّ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَأَحَدُنَا أَشَدُّ تَفَقُّدًا لِرُكْبَةِ أَخِيهِ حِينَ يَتَقَدَّمُ فِي الصَّفِّ لِلْقِتَالِ مِنْهُ لِلسَّهْمِ حِينَ يُرْمَى، يَقُولُ: أَخِّرْ رُكْبَتَكَ، فَإِنِّي أَلْتَمِسُ كَمَا تَلْتَمِسُ، قَالَ اللَّهُ تَعَالَى: (كَأَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَرْصُوصٌ) (الصف: 4)

ہم حضور ﷺ کے ساتھ دشمن کے سامنے تھے۔ جنگ کی صف میں ہم میں سے کسی ایک کے گھٹنے اپنے بھائی کے گھٹنوں سے یوں ملے ہوئے تھے کہ جب وہ تیر مارنے کے لیے آگے ہوتا تو اپنے بھائی سے کہتا: اپنے گھٹنے پیچھے کر کیونکہ میں بھی تیری طرح التماس کرتا ہوں۔ اللہ نے فرمایا: ''گویا وہ مضبوط دیوار تھے''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث برد بن سنان سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**4564** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ دَاوُدَ الْمُنْكَدِرِيُّ قَالَ: نَا بَكْرُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: إِنَّ مِنْ سُنَّةِ الصَّلَاةِ أَنْ يَنْصِبَ رِجْلَهُ الْيُمْنَى، وَيُضْجِعُ الْيُسْرَى

حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے تھے: نماز میں بیٹھنے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ دایاں پاؤں کھڑا کیا جائے اور بایاں اُلٹا دیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ إِلَّا بَكْرُ بْنُ صَدَقَةَ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے بکر بن صدقہ روایت کرتے ہیں۔

**4565** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

**4564**- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه355 رقم الحديث: 827، والنسائي: التطبيق جلد2صفحه187 (باب كيف الجلوس للتشهد الأول؟)، ومالك في الموطا: الصلاة جلد1صفحه89 رقم الحديث: 51 .

**4565**- أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1صفحه631 رقم الحديث: 433، ومسلم: الزهد جلد4صفحه2285 ولم يذكرا: ثم أمر بالعجين، فرمي . وعند البخاري ومسلم في موضع آخر بغير سياق الأول.فأمرهم أن يطرحوا ذلك العجين .
أخرجه البخاري: أحاديث الانبياء جلد6صفحه436 رقم الحديث: 3378، ومسلم: الزهد جلد4صفحه2286 .

Marfat.com

هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ قَالَ: نَا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَزَلَ الْحِجْرَ قَالَ: لَا تَدْخُلُوا عَلَى هَؤُلَاءِ الْمُعَذَّبِينَ ثُمَّ اَمَرَ بِالْعَجِينِ، فَرُمِيَ

حضور ﷺ جب وادئ حجر پر اترے تو آپ ان لوگوں کے گھر میں داخل نہ ہوئے جن پر عذاب نازل ہوا تھا' پھر آپ نے وہاں سے جلدی نکلنے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا وَرْقَاءُ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے ورقاء روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سعید بن یحییٰ اللخمی اکیلے ہیں۔

**4566** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابُورَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَمَرَاغًا مِنْ مِسْكٍ، مِثْلُ مَرَاغِ دَوَابِّكُمْ فِي الدُّنْيَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں کستوری کے باغ ہیں جس طرح دنیا میں تمہارے جانوروں کے باغ ہوتے ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سَابُورَ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن سابور اکیلے ہیں۔

**4567** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمَّادِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ: نَا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْمَاجِشُونِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس آئے' میں بیمار تھی' میں نے کہا: میرے سر میں درد! حضور ﷺ نے فرمایا: تمہیں سر درد نہیں ہو سکتا ہے۔ میں آپ کے پاس کھڑا ہوا ہوں'

**4566**- اسناده فيه: عبد الحميد بن سليمان الخزاعي أبو عمر المدني ضعيف' ضعفه ابن معين' وابن المدني' والنسائي وغيرهم .

**4567**- أخرجه مسلم: الفضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1857 مختصرًا . وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 161 رقم الحديث: 25166 .

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَشْتَكِي، فَقُلْتُ: وَارَاْسَاهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا عَلَيْكِ اَنْ يَكُونَ ذَاكَ، فَاَقُومَ عَلَيْكِ وَاَلِيَكِ بِنَفْسِي؟ قُلْتُ: وَكَاَنِّي بِكَ لَوْ قَدْ كَانَ ذَاكَ لَقَدْ اَعْرَسْتَ بِبَعْضِ نِسَائِكَ . قَالَتْ: فَلَمْ اُمْسِ فِي يَوْمِي ذَاكَ حَتّٰى قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ اَنَا وَارَاْسَاهُ، فَادْعِي لِي اَبَاكِ وَالرِّجَالَ، فَاِنَّهُ سَيَتَمَنّٰى مُتَمَنُّونَ، وَيَاْبَى اللّٰهُ وَالْمُؤْمِنُونَ اِلَّا اَبَا بَكْرٍ

آپ کو اپنی پڑی ہوئی ہے؟ میں نے عرض کی: ایسے محسوس ہوتا ہے کہ آپ کسی زوجہ کے پاس ٹھہرے ہیں' آج میرے پاس نہیں ٹھہریں گے۔ آپ فرماتی ہیں: اس دن سے لے کر مجھے سر درد نہیں ہوا یہاں تک کہ وہ دن آیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے سر درد ہے' میرے پاس اپنے والد اور لوگوں کو بلا کر لاؤ' کیونکہ عنقریب تمنا کرنے والا تمنا کریں گے اور اللہ اور سارے مؤمن' ابوبکر کے علاوہ ہر کسی کا انکار کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْمَاجِشُونِ وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ

یہ حدیث زہری' ماجشون سے' ماجشون سے مراد عبداللہ بن ابی سلمہ ہے' زہری سے سفیان بن حسین روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حصین بن نمر اکیلے ہیں۔

**4568** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا مَحْبُوبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النُّمَيْرِيُّ اَبُو غَسَّانَ قَالَ: نَا اَبُو سُفْيَانَ الْمَدِينِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ فَرَاهِيجَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا فَتَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، وَاَبُو بَكْرٍ قَائِمٌ عَلَى رَاْسِهِ قَالَ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبَا قُحَافَةَ شَيْخٌ كَبِيرٌ، وَاِنَّهُ بِنَاحِيَةِ مَكَّةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْ بِنَا اِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هُوَ اَحَقُّ اَنْ يَاْتِيَكَ، فَجِيءَ بِاَبِي قُحَافَةَ، كَاَنَّ لِحْيَتَهُ وَرَاْسَهُ ثَغَامَةٌ بَيْضَاءُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جب مکہ فتح کیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے سر کے پاس کھڑے ہوئے اور عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میرا والد ابوقحافہ بزرگ ہے' وہ مکہ کی ایک بستی میں ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اُٹھو! ہم ان کے پاس جاتے ہیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ زیادہ حق دار ہے کہ آپ کے پاس آئے۔ ابوقحافہ کو لایا گیا تو اُن کی داڑھی اور سر کے بال سفید تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ان کو بدل دو اور سیاہ خضاب لگانے سے پرہیز کرنا۔

**4568**- اسناده فيه: محبوب بن عبد الله النميري أبو غسان لم أجده . وذكره الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 164 وقال: وفيه داؤد بن فراهيج' وثقه يحيى وغيره' وضعفه جماعة' وفيه من لم أعرفهم .

Marfat.com

وَسَلَّمَ: غَيِّرُوهُ، وَجَنِّبُوهُ السَّوَادَ

4569 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا مَحْبُوبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النُّمَيْرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو سُفْيَانَ الْمَدِينِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ فَرَاهِيجَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَشِّحًا، فَلَمْ يَنَلْ طَرَفَاهُ فَعَقَدَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے ایک ہی کپڑے میں نماز پڑھائی' اس کے کنارے نیچے نہیں پہنچ رہے تھے تو آپ نے اس کو باندھ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ دَاوُدَ بْنِ فَرَاهِيجَ اِلَّا اَبُو سُفْيَانَ الْمَدِينِيُّ

یہ دونوں حدیثیں داؤد بن فراہیج سے ابوسفیان المدنی روایت کرتے ہیں۔

4570 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِيُّ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا قَالَ الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ لِاَخِيهِ: يَا كَافِرُ، فَقَدْ بَاءَ اَحَدُهُمَا بِالْكُفْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مسلمان آدمی اپنے بھائی سے کہے کہ اے کافر! تو کفران میں سے ایک کی طرف لوٹ کر آئے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ هُوَ: مَوْلَى الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ

یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے عکرمہ بن عمار روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں نضر بن محمد اکیلے ہیں۔ عبداللہ بن یزید' یہ اسود بن سفیان کے غلام ہیں۔

4571 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِي الْحُسَامِ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، عَنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: درختوں میں ایک درخت ہے کہ اس کے پتے نہیں گرتے ہیں' وہ مؤمن

4569- اسناده فيه: محبوب بن عبد الله النميرى' لم أجده . وذكره الهيثمى فى المجمع جلد2صفحه53 وقال: وفيه من لم أجد من ترجمه .

4570- اخرجه البخارى: الأدب جلد10صفحه531 رقم الحديث: 6103 .

4571- اخرجه البخارى: العلم جلد1صفحه175 رقم الحديث: 61' ومسلم: المنافقين جلد4صفحه2164 .

Marfat.com

ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةٌ لَا يَسْقُطُ وَرَقُهَا، وَهِيَ الَّتِي ضُرِبَتْ مِثْلًا لِلْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ، فَمَا هِيَ؟ فَطَفِقُوا يَأْتُونَ شَجَرَ الْوَادِي، فَقَالَ: هِيَ النَّخْلَةُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَوَقَعَ فِي نَفْسِي، وَلَكِنِّي اسْتَحْيَيْتُ أَنْ أُخْبِرَ بِهَا

بندہ کی مثل ہے وہ کون سا درخت ہے؟ صحابہ کرام درختوں کوشمار کرنے لگے آپ ﷺ نے فرمایا: وہ کھجور کا درخت ہے۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ میرے دل میں تھا لیکن میں بتانے سے حیاء کرتا تھا۔

**4572** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ أَبِي الْحُسَامِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

عبدان بن احمد نے ہمیں حدیث سنائی وہ فرماتے ہیں: سعید بن ابی ربیع نے ہمیں خبر دی۔ وہ فرماتے ہیں: ہمیں خبر دی سعید بن سلمہ بن حسام نے زید بن اسلم سے عطاء بن یسار سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ

یہ دونوں حدیثیں زید بن اسلم سے سعید بن سلمہ روایت کرتے ہیں ان دونوں کو روایت کرنے میں سعید بن ابوربیع اکیلے ہیں۔

**4573** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ قَالَ: صُغْدِيُّ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: أَعْطِ كُلَّ سُورَةٍ حَقَّهَا مِنَ الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ، فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقْرَأْ إِلَّا عِشْرِينَ سُورَةً فِي عَشْرِ رَكَعَاتٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہر سورت کا حق رکوع اور سجود سے ادا کرو بے شک حضور ﷺ دس رکعتوں میں بیس سورتیں پڑھتے تھے۔

**4574** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

**4572**- بياض بالأصل . (ا) بياض في الأصل بمقدار ثلاث كلمات .

**4573**- أصله عند البخاري ومسلم . اخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه298 رقم الحديث: 775 وأيضًا البخاري: فضائل القرآن جلد8صفحه655 رقم الحديث: 4996' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه564

**4574**- اسناده فيه: أ- صغدي بن سنان أبو معاوية البصري ضعيف . ب - أبو حمزة هو ميمون الأعور

Marfat.com

زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ قَالَ: نَا صُغْدِيُّ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا كَانَ يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْآنِ، وَيَقُولُ: تَعَلَّمُوا؛ فَاِنَّهُ لَا صَلَاةَ اِلَّا بِتَشَهُّدٍ

کہ حضور ﷺ ہمیں التحیات ایسے سکھاتے تھے جس طرح قرآن کی کوئی سورت سکھاتے تھے اور فرماتے تھے: اس کو سیکھ لو کیونکہ نماز التحیات کے پڑھنے کے ساتھ ہی ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ اِلَّا صُغْدِيُّ بْنُ سِنَانٍ

یہ دونوں حدیثیں ابوحمزہ سے صغدی بن سنان روایت کرتے ہیں۔

**4575** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا عَوْفٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ وَلَا بِاُمَّهَاتِكُمْ وَلَا بِالْاَنْدَادِ، وَلَا تَحْلِفُوا بِاللّٰهِ اِلَّا وَاَنْتُمْ صَادِقُونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے باپوں اور ماؤں اور اپنے مدمقابلوں کی قسمیں نہ اُٹھاؤ' اگر تم سچے ہو تو اللہ کی قسم اُٹھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْفٍ اِلَّا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ

یہ حدیث عوف سے معاذ بن معاذ روایت کرتے ہیں۔

**4576** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى الْجُهَنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ

حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کھانے کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا بھول جائے تو جس وقت اس کو یاد آئے وہ پڑھ لے:

تخريجه: البزار (كشف الأستار) من طريق محبوب بن الحسن' ثنا أبو حمزة بالاسناد. وقال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه143: رواه الطبراني في الأوسط' وفيه صغدى بن سنان ضعفه ابن معين' ورواه البزار برجال موثقين' وفي بعضهم خلاف لا يضر ان شاء الله. قلت: أبو حمزة ضعيف كما تقدم فالحديث ضعيف الاسناد.

**4575**- اخرجه النسائي: الأيمان والنذور جلد7صفحه5 (باب الحلف بالأمهات).

**4576**- اسناده صحيح. تخريجه: الطبراني في الكبير جلد10صفحه210 رقم الحديث: 10354' وابن حبان (موارد الظمآن 326)' وقال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه26: ورجاله ثقات.

Marfat.com

جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَسِيَ أَنْ يَذْكُرَ اسْمَ اللّٰهِ فِي أَوَّلِ طَعَامِهِ فَلْيَقُلْ حِينَ يَذْكُرُ: بِسْمِ اللّٰهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ؛ فَإِنَّهُ يَسْتَقْبِلُ طَعَامًا جَدِيدًا، وَيَمْنَعُ الْخَبِيثَ مَا كَانَ يُصِيبُ مِنْهُ

''بسم اللّٰہ اولہ واخرہ'' کیونکہ یہ نیا کھانا کھانا شروع ہوگا' جو شیطان نے کھایا وہ اسے روک دے گا۔

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ إِلَّا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، تَفَرَّدَ بِهِ شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ

موسیٰ الجہنی سے عمر بن علی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں شباب العصفری اکیلے ہیں۔

**4577** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّاطَرِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى أَبُو دَاوُدَ الْكُوفِيُّ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَ قَوْمٌ الزَّكَاةَ إِلَّا ابْتَلَاهُمُ اللّٰهُ بِالسِّنِينَ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگ زکوٰۃ ادا نہیں کرتے ہیں تو اللہ عزوجل ان کو قحط سالی سے آزماتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّاطَرِيُّ

یہ حدیث فضیل بن مرزوق سے سلیمان بن موسیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مروان بن محمد الطاطری اکیلے ہیں۔

**4578** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا أَبُو مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: نَا تَلِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَبُو إِدْرِيسَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ: أَتَى الْعَبَّاسُ وَعَلِيٌّ أَبَا بَكْرٍ لَمَّا اسْتُخْلِفَ، يَطْلُبَانِ مِيرَاثَهُمَا مِنْ

حضرت مالک بن اوس بن حدثان فرماتے ہیں: جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما رسول کریم ﷺ کی میراث لینے کے لیے آئے۔ حضرت علی' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا حصہ مانگنے آئے اور

**4577**- اسناده حسن فيه: أ- سليمان بن موسى الزهرى صالح الحديث . ب - فضيل بن مرزوق صدوق يهم . تخريجه: الحاكم جلد 2صفحه126' والبيهقى فى الكبرىٰ' بنحوه' وقال الحاكم: صحيح على شرط مسلم' وأقره الذهبى . وقال الهيثمى فى المجمع جلد3صفحه68-69: ورجاله ثقات .

**4578**- تقدم تخريجه بغير هذا السياق انظر الحديث: 4521 .

Marfat.com

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ عَلِيٌّ يَطْلُبُ نَصِيبَ فَاطِمَةَ، وَجَاءَ الْعَبَّاسُ يَطْلُبُ نَصِيبَهُ مِمَّا كَانَ فِي يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: لَا اَرَى ذٰلِكَ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اِنَّا مَعْشَرُ الْاَنْبِيَاءِ لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا فَهُوَ صَدَقَةٌ، فَقَامَ قَوْمٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَهِدُوا بِذٰلِكَ قَالُوا: فَدَعْنَا حَتّٰى يَكُونَ فِي اَيْدِينَا عَلٰى مَا كَانَتْ فِي يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا اَرَى ذٰلِكَ، اَنَا الْوَالِي مِنْ بَعْدِهِ، وَاَنَا اَحَقُّ بِذٰلِكَ مِنْكُمَا، اَضَعُهَا فِي مَوَاضِعِهَا الَّتِي كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُهَا فِيهِ، فَاَبٰى اَنْ يَدْفَعَ اِلَيْهِمَا شَيْئًا، فَلَمَّا وَلِيَ عُمَرُ اَتَيَاهُ قَالَ: كَاَنِّي لَعِنْدَ عُمَرَ وَقَدْ اَتَاهُ مَالٌ، فَقَالَ: خُذْ هٰذَا الْمَالَ، فَاقْسِمْهُ فِي قَوْمِكَ اِذْ جَاءَهُ الْاِذْنُ، فَقَالَ: بِالْبَابِ اُنَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُمْ، فَدَخَلُوا فَجَلَسُوا قَالَ: ثُمَّ اَتَاهُ، فَقَالَ: عَلِيٌّ وَالْعَبَّاسُ بِالْبَابِ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُمْ فَدَخَلَا، فَقَالَ عُمَرُ: مَا جَاءَ بِكُمَا؟ مَا قَدْ طَلَبْتُمَاهُ مِنْ اَبِي بَكْرٍ فَلَمْ يَدْفَعْهُ اِلَيْكُمَا؟ قَالَ: فَتَرَدَّدَا عَلَيْهِ فِيهَا فَقَالَ: اَدْفَعُهَا اِلَيْكُمَا عَلٰى اَنِّي آخُذُ عَلَيْكُمَا عَهْدًا وَمِيثَاقًا، اَنْ تَعْمَلَا فِيهِ مَا كَانَ يَعْمَلُ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخُذَاهَا، فَاَعْطَاهُمَا فَقَبَضَاهَا، ثُمَّ مَكَثَا مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اِنَّهُمَا اخْتَصَمَا

حضرت عباس اپنے حصے کا مطالبہ کر رہے تھے۔ اُس میں سے جو رسول کریم ﷺ کے قبضے میں تھا۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: میں یہ نہیں دیکھتا (کہ کوئی حصہ ہو) کیونکہ رسول کریم ﷺ فرمایا کرتے تھے: ہم انبیاء کا گروہ ہیں' ہماری مالی کوئی میراث نہیں ہوتی' ہم جو کچھ چھوڑتے بھی ہیں تو وہ صدقہ ہوتا ہے۔ صحابہ کرام میں سے ایک گروہ نے کھڑے ہو کر کہا: ہم اس حدیث کے عینی شاہد ہیں۔ انہوں نے کہا: اچھا جو رسول کریم ﷺ سے ہمارے قبضے میں آچکا ہے' وہ رکھ سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! میری رائے کے مطابق یہ بھی درست نہیں' آپ ﷺ کے بعد میں خلیفہ ہوں' تم دونوں کی نسبت اس چیز کا بھی میں زیادہ حقدار ہوں۔ میں ان کو اس جگہ استعمال کروں گا جہاں نبی کریم ﷺ استعمال کرتے تھے۔ پس آپ نے اُن دونوں حضرات کو کوئی چیز دینے سے صاف انکار کر دیا (اور دلائل شرعیہ سے ثابت کر دیا) پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو پھر یہ دونوں حضرات تشریف لائے' گویا میں حضرت عمر کے پاس تھا۔ اس حال میں آپ کے پاس مال آیا۔ پس آپ نے فرمایا: یہ مال پکڑو! اسے اپنی قوم میں تقسیم کر دو' جب اجازت ملے۔ عرض کی: دروازے پر اصحاب رسول ﷺ موجود ہیں' فرمایا: ان کو اجازت دو۔ پس وہ سب داخل ہو کر بیٹھ گئے۔ راوی کا بیان ہے: وہ پھر آئے اور بتایا کہ دروازے پر علی و عباس رضی اللہ عنہما بھی موجود ہیں۔ فرمایا: ان کو بھی اجازت ہے۔ وہ دونوں حضرات تشریف

Marfat.com

فِيمَا بَيْنَهُمَا اِلَى عُمَرَ، وَعِنْدَهُ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاخْتَصَمَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَا مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُولَا، فَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ: اقْضِ بَيْنَهُمَا وَاَرِحْ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِنْ صَاحِبِهِ، فَقَالَ عُمَرُ: وَاللّٰهِ لَا اَقْضِي فِيهَا اَبَدًا اِلَّا قَضَاءً قَضَيْتُهُ، فَاِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهَا، فَرُدَّاهَا اِلَيَّ، كَمَا دَفَعْتُهَا اِلَيْكُمَا، فَقَامَا مِنْ عِنْدَهُ .

لائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ دونوں کیسے تشریف لائے؟ جو ہم نے حضرت ابوبکر سے مانگا اور انہوں نے آپ کونہیں دیا اسی کے لیے آئے ہو؟ راوی کا بیان ہے: ان دونوں نے یہی بات حضرت عمر کے سامنے کہی تو آپ نے فرمایا: میں تم دونوں کو اس شرط پر دیتا ہوں کہ آپ لوگوں سے پختہ وعدہ لوں گا کہ اس کو وہیں خرچ کرو گے جہاں نبی کریم ﷺ خرچ فرماتے تھے۔ پس ان دونوں نے وہ چیز پیش کی' حضرت عمر نے ان دونوں کو عطا کر کے ان کے قبضے میں کر دی' پھر وہ دونوں حضرات جتنا عرصہ اللہ نے چاہا ٹھہرے رہے' پھر دونوں کا اختلاف ہو گیا اور جھگڑا لے کر دونوں حضرات حضرت عمر کی بارگاہ میں پہنچے۔ آپ کے پاس کئی صحابہ کرام موجود تھے۔ حضرت عمر کے سامنے دونوں نے اپنا مقدمہ پیش کیا اور کہا جو اللہ نے چاہا۔ بعض صحابہ نے کہا: اے امیر المؤمنین! ان میں فیصلہ کرو۔ تو حضرت عمر نے فرمایا: قسم بخدا! میں کبھی بھی کوئی اور فیصلہ نہیں کروں گا۔ بس فیصلہ وہی ہے جو میں کر چکا ہوں' اگر تم اس کو سنبھال نہیں سکتے تو مجھے واپس کر دو جیسے میں نے آپ لوگوں کو دیا تھا۔ پس وہ دونوں اُٹھ کر آپ کے پاس سے چلے گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا تَلِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے تلید بن سلیمان نے روایت کیا۔ ابوموسیٰ انصاری منفرد ہیں۔

**4579** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

**4579**- اسناده فيه: ابراهيم بن المهاجر صدوق لين الحديث . تخريجه: الطبراني في الكبير مرفوعًا وموقوفًا بنحوه . وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 339: ورجال الكبير رجال الصحيح' وفي رجال الأوسط محمد بن اسحاق

Marfat.com

عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْكَافِرَ لَيُحَاسَبُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُلْجِمَهُ الْعَرَقُ، حَتَّى إِنَّهُ لَيَقُولُ: يَا رَبِّ أَرِحْنِي، وَلَوْ إِلَى النَّارِ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کافر سے حساب لیا جائے گا یہاں تک کہ پسینے کی لگام اس کو دی جائے گی۔ وہ عرض کرے گا: اے رب! مجھے اس سے راحت دے اگرچہ مجھے جہنم میں ڈال دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ إِلَّا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ

یہ حدیث ابراہیم بن مہاجر سے محمد بن ابراہیم روایت کرتے ہیں اور محمد بن اسحاق سے یونس بن بکیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن مکرم اکیلے ہیں۔

**4580** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَرُزِّيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَهْبَطَ اللّٰهُ إِلَى الْأَرْضِ مُنْذُ خَلَقَ آدَمَ إِلَى أَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ فِتْنَةً أَعْظَمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَقَدْ قُلْتُ فِيهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ أَحَدٌ قَبْلُ: إِنَّهُ آدَمُ، جَعْدٌ، مَمْسُوحُ عَيْنِ الْيَسَارِ، عَلَى عَيْنِهِ طَفْرَةٌ غَلِيظَةٌ، وَإِنَّهُ يُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ، وَيَقُولُ: أَنَا رَبُّكُمْ، فَمَنْ قَالَ: رَبِّيَ اللّٰهُ، فَلَا فِتْنَةَ عَلَيْهِ، وَمَنْ قَالَ: أَنْتَ رَبِّي، فَقَدِ افْتُتِنَ، يَلْبَثُ فِيكُمْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زمین میں آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے سے قیامت تک دجال کے فتنے سے بڑا فتنہ کوئی نہیں اُترا ہے۔ میں دجال کے متعلق ایسی بات کہتا ہوں جو مجھ سے پہلے کسی نے نہیں کہی ہے۔ وہ درمیانہ قد کا ہوگا' بائیں آنکھ اس کی دھنسی ہوئی ہوگی' اس کی آنکھ گاڑھی ہوگی' وہ کوڑھ اور برص والے کو کوڑھ اور برص سے بری کر دے گا اور کہے گا: میں تمہارا رب ہوں' جس نے کہا کہ میرا رب اللہ ہے تو اس پر کوئی آزمائش نہیں آئے گی' اور جس نے کہا: تُو میرا رب ہے' وہ فتنوں میں پڑے گا' وہ تم میں رہے گا جتنا اللہ چاہے گا' پھر عیسیٰ علیہ السلام محمد ﷺ اور آپ کے دین کی تصدیق کرنے کے

---

وهو ثقة ولكنه مدلس' ورواه أبو يعلى بنحو الكبير .

**4580**- اسناده حسن فيه: محمد بن مروان صدوق له أوهام . وعزاه الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 338 الى الكبير ايضًا ورجاله ثقات' وفي بعضهم ضعف لا يضر .

Marfat.com

وَسَلَّمَ، وَعَلَى مِلَّتِهِ مَاتَ، إِمَامًا مَهْدِيًّا، وَحَكَمًا عَدْلًا، فَيَقْتُلُ الدَّجَّالَ

لیے اُتریں گے' آپ کا وصال ہدایت اور عدل وانصاف میں ہوگا' آپ دجال کو قتل کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ الْعَبَّاسِ

یہ حدیث یونس بن عبید سے محمد بن مروان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن عباس اکیلے ہیں۔

**4581** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِينَ فِي الظُّلَمِ إِلَى الْمَسَاجِدِ بِنُورٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت اسامہ بن زید اپنے والد زید بن حارثہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اندھیروں میں چل کر مسجدوں کی طرف آتے ہیں' وہ ان کے لیے قیامت کے دن نور کا باعث ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ

یہ حدیث زید بن حارثہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن احمد الواسطی اکیلے ہیں۔

**4582** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ قَالَ: نَا أَبِي، عَنْ حَفْصِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عُقَابٍ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کسی قوم کو امامت کروائے حالانکہ اس سے بڑا قرآن کا عالم موجود ہو تو وہ قیامت کے دن تک نیچے رہے گا۔

**4581**- اسناده فيه: سليمان بن أحمد الواسطي' متروك' كذبه يحيى وضعفه النسائي وقال البخاري: فيه نظر' وقال ابن أبي حاتم: كتب عنه أبي وأحمد' ثم تغير وأخذ في الشرب والمعازف فترك' وقال ابن عدي: هو عندي ممن يسرق الحديث . تخريجه: الطبراني في الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 33: وفيه ابن لهيعة وهو مختلف في الاحتجاج به . قلت: فيه من هو أضعف منه وهو سليمان بن أحمد كما تقدم .

**4582**- اسناده فيه: حفص بن سليمان المقرى متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 67: وفيه الهيثم بن عقاب' قال الأذدي: لا يعرف' قلت: ذكره ابن حبان في الثقات .

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَمَّ قَوْمًا وَفِيهِمْ مَنْ هُوَ اَقْرَاُ لِكِتَابِ اللّٰهِ مِنْهُ، لَمْ يَزَلْ فِي سَفَالٍ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں حسین بن علی اکیلے ہیں۔

**4583** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ جَوَّاسٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نَا بُرْدُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، مَوْلَى سَلْمِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، يَرْفَعُهُ قَالَ: اَتَتْكُمُ الْفِتَنُ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيعُ اَحَدُكُمْ دِينَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا قَلِيلٍ قُلْتُ: فَكَيْفَ نَصْنَعُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَكْسِرُ يَدَكَ . قُلْتُ: فَاِنِ انْجَبَرَتْ؟ قَالَ: تَكْسِرُ الْاُخْرَى . قُلْتُ: فَاِنْ جُبِرَتْ؟ قَالَ: تَكْسِرُ رِجْلَكَ . قُلْتُ: فَاِنْ جُبِرَتْ؟ قَالَ: تَكْسِرُ الْاُخْرَى . قُلْتُ: حَتَّى مَتَى؟ قَالَ: حَتَّى تَاْتِيَكَ يَدٌ خَاطِئَةٌ اَوْ مَنِيَّةٌ قَاضِيَةٌ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر فتنے ایسے آئیں گے جس طرح رات کو اندھیرا آتا ہے' آدمی صبح کے وقت مؤمن ہوگا اور رات کو کافر' شام کو مؤمن ہوگا اور صبح کو کافر ہوگا' اپنے دین کو دنیا کی حقیر سی شے کے بدلے فروخت کر دے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کیا کریں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے ہاتھ توڑ لینا۔ میں نے عرض کی: اگر اس کے باوجود بھی جاری ہو؟ آپ نے فرمایا: دوسرا بھی توڑ لینا۔ میں نے عرض کی: اس کے باوجود بھی ہو تو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنا پاؤں توڑ لینا۔ میں نے عرض کی: اگر اس کے باوجود رہے؟ آپ نے فرمایا: دوسرا بھی توڑ لینا۔ میں نے کہا: یہ کب تک؟ فرمایا: یہاں تک کہ تیری طرف خطا کرنے والا ہاتھ آئے (اور قتل کر دے) یا فیصلہ کن موت آ جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ اِلَّا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ

یہ حدیث برد بن سنان سے عبثر بن قاسم روایت کرتے ہیں۔

**4584** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے

**4583**- اسناده حسن فيه: برد بن سنان صدوق رمى بالقدر . وذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد7صفحه304 ولم يتكلم فى السند .

**4584**- اسناده فيه: روح بن جناح الأموى مولاهم ابو سعد الدمشقى ضعيف . وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع

Marfat.com

هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، وَدُحَيْمٌ، قَالَا: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ جُنَاحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى قَالَ: رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ بَالَ فَمَسَحَ ذَكَرَهُ بِالتُّرَابِ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْنَا، فَقَالَ: هَكَذَا عُلِّمْنَا

ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو پیشاب کرتے ہوئے دیکھا کہ آپ نے اپنے ذکر کو مٹی کے ساتھ صاف کیا' پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: ہمیں اس طرح کرنا سکھایا گیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، وَلَا عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا رَوْحُ بْنُ جُنَاحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن لیلیٰ سے عطاء بن سائب اور عطاء سے روح بن جناح روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

**4585** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ: نَا عُتْبَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ: سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا حَمْزَةَ، الرَّجُلُ مِنَّا يُقْرِضُ الْمَالَ، فَيُهْدِي لَهُ؟ فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَقْرَضَ اَحَدُكُمْ فَاُهْدِيَ لَهُ اَوْ حُمِلَ عَلَى دَابَّةٍ، فَلَا يَقْبَلْهُ وَلَا يَرْكَبْهَا اِلَّا اَنْ يَكُونَ جَرَى بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ قَبْلَ ذَلِكَ

حضرت یحییٰ بن ابواسحاق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے ابوحمزہ! ہم میں سے کوئی آدمی کسی کو قرض دے تو وہ اس قرض دینے والے کو ہدیہ دیتا ہے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی کو قرض دے یا سواری پر سوار کرے تو اس سے ہدیہ نہ لو نہ اس کی سواری پر سوار ہو' ہاں! اگر پہلے سے ان کے درمیان معاملہ ہو تو جائز ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُتْبَةُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عتبہ بن حمید اکیلے ہیں۔

**4586** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

جلد 1 صفحہ 215: وفيه روح بن جناح وهو ضعيف .

**4585**- أخرجه ابن ماجة: الصدقات جلد 2 صفحه 813 رقم الحديث: 2432' فى الزوائد: فى اسناده عتبة بن حميد الضبى' ضعفه أحمد وأبو حاتم . وذكره ابن حبان فى الثقات . ويحيى بن أبى اسحاق' لا يعرف حاله . والبيهقى الكبرى جلد 5 صفحه 573 رقم الحديث: 10934 .

**4586**- أخرجه البخارى: التيمم جلد 1 صفحه 519 رقم الحديث: 335' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 370 .

Marfat.com

هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فُضِّلْتُ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلِی بِخَمْسِ خِصَالٍ: اُرْسِلْتُ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً الْاَحْمَرِ وَالْاَسْوَدِ، وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيرَةَ شَهْرٍ، وَاُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمُ، وَلَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِی، وَقِيلَ لِی: سَلْ تُعْطَهْ، فَاَخَّرْتُ شَفَاعَتِی لِاُمَّتِی يَوْمَ الْقِيَامَةِ

نے فرمایا: مجھے دوسرے انبیاء پر پانچ لحاظ سے فضیلت دی گئی: (۱) مجھے تمام کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہے' کالے اور سرخ کی طرف (۲) میرے لیے ساری زمین کو مسجد بنایا گیا ہے (۳) میری ایک میل کی مسافت جتنی دوری سے رعب سے مدد کی گئی ہے (۴) مالِ غنیمت مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں تھا (۵) مجھے کہا گیا کہ آپ مانگیں' آپ کو عطا کیا جائے گا' میری شفاعت کو قیامت کے دن کے لیے مؤخر کرلیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی سَلَمَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، وَلَا عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابوسلمہ سے محمد بن منکدر اور ابن منکدر سے عبدالعزیز بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**4587** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نُعَيْمٍ الْمُجْمِرِ، وَسَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ ضَرَبَ مَمْلُوكَهُ حَدًّا لَمْ يَاْتِهِ، فَكَفَّارَتُهُ عِتْقُهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے غلام کو حد کے طور پر مارا حالانکہ اس نے غلطی کی نہیں تھی تو اس کا کفارہ اس کو آزاد کرنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نُعَيْمٍ الْمُجْمِرِ وَسَالِمٍ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث نعیم المجمر اور سالم سے عبدالعزیز بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**4588** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَزِيدَ اَبُو حَازِمٍ الْبَصْرِیُّ قَالَ: نَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ثابت بن قیس بن شماس کی بیوی سے ان سے خلع کیا'

4587- أخرجه مسلم: الأيمان جلد3صفحه1279 وأحمد: المسند جلد2صفحه63 رقم الحديث:5050 .

4588- أخرجه أبو داؤد: الطلاق جلد3صفحه482 رقم الحديث:1185م . وقال: حسن غريب .

Marfat.com

هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ امْرَاَةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ اخْتَلَعَتْ مِنْهُ، فَاَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَعْتَدَّ حَيْضَةً

حضور ﷺ نے حکم دیا کہ تیری عدت ایک حیض ہے۔

لَمْ يَصِلْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ

یہ حدیث معمر سے ہشام بن یوسف متصلاً روایت کرتے ہیں۔

**4589** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا نَعُدُّ الْمَاعُونَ الْفَاْسَ، وَالْقِدْرَ، وَالدَّلْوَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم الماعون سے کلہاڑا' ہنڈیا' ڈول مراد لیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا شَيْبَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث منصور سے شیبان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

**4590** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمُخَنَّثِينَ قَالَ: اَخْرِجُوهُمْ عَنْ بُيُوتِكُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مخنثوں پر لعنت فرمائی اور فرمایا: تم ان کو اپنے گھروں سے نکال دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث سماک سے حماد بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

---

**4589**- اسناده صحيح . تخريجه البزار (كشف الأستار) عن خالد بن يوسف' ثنا أبو عوانة' عن عاصم' عن أبي وائل' به . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد7صفحه146: ورجال الطبراني رجال الصحيح .

**4590**- اسناده فيه: حماد بن عبد الرحمٰن الكلبي أبو عبد الرحمٰن' ضعيف' قال أبو حاتم: شيخ مجهول منكر الحديث ضعيف الحديث .

Marfat.com

**4591** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَيِيٌّ كَرِيمٌ، يَسْتَحِي مِنْ عَبْدِهِ اَنْ يَرْفَعَ اِلَيْهِ يَدَيْهِ فَيَرُدَّهُمَا صِفْرًا لَيْسَ فِيهِمَا شَيْءٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ حیاؤں والا اور سخی ہے وہ حیاء کرتا ہے کہ کوئی بندہ اس سے مانگے اور وہ ان دونوں ہاتھوں کو خالی واپس کرے اس طرح کہ ان میں کوئی شی نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا ابْنُهُ يُوسُفُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے ان کے بیٹے یوسف روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں معاذ بن معاذ اکیلے ہیں حضرت جابر سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4592** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يُنْجِيَهُ اللّٰهُ مِنْ كَرْبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَاَنْ يُظِلَّهُ تَحْتَ عَرْشِهِ فَلْيُنْظِرْ مُعْسِرًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اللہ عزوجل اس کی قیامت کے دن پریشانی دور کرے اور اسکو اپنے عرش کے نیچے رحمت کا سایہ عطا کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ تنگ دست کو مہلت دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث سہیل بن ابوصالح سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔

**4593** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

4591- اسناده فيه: يوسف بن محمد بن المنكدر ضعيف . تخريجه أبو يعلى' عن عبيد الله بن معاذ به' وقال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه152: وفيه يوسف بن محمد بن المنكدر' وقد وثق على ضعفه' وبقية رجالهما رجال الصحيح .

4592- اسناده فيه: اسماعيل بن عياش الحمصي صدوق في روايته عن أهل بلده مخلط في غيرهم . وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه137: ورجاله رجال الصحيح . قلت: اسماعيل بن عياش ليس من رجال الصحيح كما تقدم .

4593- أخرجه البخاري: الطب جلد10صفحه150 رقم الحديث:5688' ومسلم: السلام جلد4صفحه1735 .

Marfat.com

دَاهِرُ بْنُ نُوحٍ قَالَ: نَا دُرُسْتُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشُّونِيزُ دَوَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ، إِلَّا السَّامَ قَالُوا: وَمَا السَّامُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: الْمَوْتُ

ﷺ نے فرمایا: کلونجی میں ہر بیماری کی شفاء ہے سوائے سام کے۔ عرض کی: یارسول اللہ! سام سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: موت۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ إِلَّا دُرُسْتُ بْنُ زِيَادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: دَاهِرُ بْنُ نُوحٍ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے درست بن زیاد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں داھر بن نوح اکیلے ہیں۔

**4594** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْأَحْوَلُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَأَ أُمَّ الْقُرْآنِ وَقُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ فَكَأَنَّمَا قَرَأَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے سورۂ فاتحہ اور قل ھو اللہ احد پڑھی' اس نے گویا ایک تہائی قرآن کا ثواب حاصل کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جَرِيجٍ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْأَحْوَلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ

یہ حدیث ابن جریج سے علی بن حسین الاحول روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن احمد الواسطی روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**4595** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا دُحَيْمٌ الْمَعْوَلِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِي الْمُعَدِّلِ، أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى قَوْمٍ وَهُمْ يُصَلُّونَ، وَابْنُ عُمَرَ جَالِسٌ خَلْفَهُمْ عَلَى شَيْءٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَا يَمْنَعُكَ أَنْ

حضرت ابوالمعدل فرماتے ہیں کہ ایک آدمی ایک قوم کے پاس آیا تو وہ نماز پڑھ رہے تھے' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ان کے پیچھے کسی شے پر تشریف فرما تھے' اس نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ کو نماز ان کے ساتھ پڑھنے سے کیا رکاوٹ ہے؟ حضرت ابن عمر رضی

**4594**- اسناده ضطعيف فيه: سليمان بن أحمد الواسطي متروك .

**4595**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **155** رقم الحديث: **579**' والنسائي: الامامة جلد **2** صفحه **88** (باب سقوط الصلاة عمن صلى مع الامام في المسجد جماعة)' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **27** رقم الحديث: **4688** .

Marfat.com

تُصَلِّيَ؟ قَالَ: إِنِّي قَدْ صَلَّيْتُ، وَقَدْ نُهِينَا أَنْ نُصَلِّيَ فِي يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: دُحَيْمٌ الْمَعْوَلِيُّ

اللہ عنہما نے فرمایا: میں نماز پڑھ چکا ہوں‘ ہمیں ایک دن میں ایک نماز دومرتبہ پڑھنے سے منع کیا گیا ہے۔

یہ حدیث خالد الحذاء سے محمد بن مروان روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں دحیم المعولی اکیلے ہیں۔

**4596** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى الْقَزَّازُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: خَلَتِ الْبِقَاعُ حَوْلَ الْمَسْجِدِ، فَأَرَادَ بَنُو سَلَمَةَ قُرْبَ الْمَسْجِدِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا بَنِي سَلَمَةَ، دِيَارَكُمْ تُكْتَبْ لَكُمْ آثَارُكُمْ قَالَهَا ثَلَاثَ مِرَارٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسجد نبوی کے قریب ایک مکان خالی ہوا تو بنوسلمہ نے اس کے قریب والے گھر میں منتقل ہونے کا ارادہ کیا‘ یہ بات نبی کریم ﷺ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: اے بنی سلمہ! تمہارے گھر سے آتے وقت اُٹھنے والے تمہارے قدموں کو لکھا جاتا ہے‘ یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ إِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث داؤد سے عبدالوارث روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں عمران بن موسیٰ اکیلے ہیں۔

**4597** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا دَاهِرُ بْنُ نُوحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَرَادَةَ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ رَهْطًا ثَلَاثَةً انْطَلَقُوا، فَأَصَابَتْهُمْ سَمَاءٌ، فَلَجَئُوا إِلَى غَارٍ، فَبَيْنَمَا هُمْ فِيهِ إِذِ انْقَلَبَتْ عَلَيْهِمْ صَخْرَةٌ مِنْ قَلْبِ الْجَبَلِ تَدَهْدَهَ حَتَّى ضَمَّتْ عَلَى الْغَارِ، فَقَالَ الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: كَفَّ الْمَطَرُ، وَعُفِيَ الْأَثَرُ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تین آدمیوں کا گروہ چلا‘ آسمان سے بادل آئے تو وہ ایک غار کے اندر چلے گئے‘ وہ غار کے اندر ہی تھے کہ ایک چٹان پہاڑ کے اوپر سے گری اور اس کے گرنے سے غار کا منہ بند ہوگیا۔ قوم میں بعض بعض سے کہنے لگی: بارش رُک گئی‘ نشانات ختم ہو گئے‘ اب اللہ کی رحمت کے سوا کوئی تمہیں دیکھ نہیں رہا۔ تم میں سے ہر ایک اپنے افضل عمل کے متعلق دیکھے‘ پھر اللہ سے دعا کرے۔ ایک نے

4596- اخرجه مسلم: المساجد جلد1صفحه462، واحمد: المسند جلد3صفحه407 رقم الحديث: 14578 .

4597- اسناده فيه: أ- داهر بن نوح الأهوازي، ضعفه الدارقطني، وذكره ابن حبان في الثقات، وقال: ربما أخطأ . ب- عبد بن عرادة ضعيف .

Marfat.com

وَلَمْ يَرَكُمْ اَحَدٌ سِوَى اللّٰهِ، فَلْيَنْظُرْ كُلُّ رَجُلٍ مِنكُمْ اَفْضَلَ عَمَلِهِ قَطُّ فَلْيَذْكُرْهُ، ثُمَّ لِيَدْعُو اللّٰهَ ۔ فَقَالَ اَحَدُهُمْ: اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّي كُنْتُ بَرًّا بِوَالِدَيَّ، وَاَنِّي كُنْتُ آتِيهِمَا بِغَبُوقِهِمَا فَاَسْقِيهِمَا، وَاَنِّي اَتَيْتُهُمَا لَيْلَةً بِغَبُوقِهِمَا فَوَجَدْتُهُمَا قَدْ دَخَلَا مَضَاجِعَهُمَا وَنَامَا، فَكَرِهْتُ اَنْ اُوقِظَهُمَا مِنْ نَوْمِهِمَا، وَكَرِهْتُ اَنْ اَرْجِعَ بِغَبُوقِهِمَا مِنْ قَبْلِ اَنْ اَغْبُقَهُمَا، فَلَمْ يَزَلْ ذٰلِكَ دَاْبِي وَدَاْبُهُمَا حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ، فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّمَا حَمَلَنِي عَلٰى ذٰلِكَ مَخَافَتُكَ، فَافْرُجْ عَنَّا قَالَ: فَانْفَرَجَتْ حَتّٰى دَخَلَ عَلَيْهِمُ الضَّوْءُ ۔ فَقَالَ الْآخَرُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي طَلَبْتُ امْرَاَةً وَهَوَيْتُهَا، وَاَنْفَقْتُ مَالِي فِيهَا حَتّٰى اِذَا ظَفِرْتُ بِهَا، وَقَعَدْتُ مِنْهَا مَقْعَدَ الرَّجُلِ مِنَ الْمَرْاَةِ، قَالَتْ لِي: اِنَّهُ لَا يَحِلُّ لَكَ اَنْ تَفُضَّ خَاتَمِي اِلَّا بِحَقِّهِ، فَقُمْتُ عَنْهَا، فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهُ اِنَّمَا حَمَلَنِي عَلٰى ذٰلِكَ مَخَافَتُكَ فَافْرُجْ عَنَّا، فَمَالَتِ الصَّخْرَةُ، فَانْفَرَجَتْ حَتّٰى لَوْ شَاءَ الْقَوْمُ اَنْ يَخْرُجُو لَخَرَجُوا ۔ فَقَالَ الْآخَرُ: اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّي اسْتَاْجَرْتُ اُجَرَاءَ، فَعَمِلُوا لِي عَمَلًا، فَوَفَّيْتُهُمْ اُجُورَهُمْ اِلَّا رَجُلًا وَاحِدًا تَرَكَ اَجْرَهُ حَتّٰى كَانَ مِنْهُ اَضْعَافُ الْمَالِ، فَجَاءَ بَعْدُ، فَطَلَبَ اَجْرَهُ، فَقُلْتُ لَهُ: هَاكَ دُونَكَ تَمَامَ اَجْرِكَ، فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهُ حَمَلَنِي عَلٰى ذٰلِكَ مَخَافَتُكَ، فَافْرُجْ عَنَّا قَالَ: فَمَالَتِ الصَّخْرَةُ، فَتَدَهْدَهَتْ، فَانْطَلَقُوا مُعَانِقِينَ

عرض کی: اے اللہ! تُو جانتا ہے کہ میں اپنے والدین سے نیکی کرتا تھا' میں ان دونوں کے لیے دودھ دوھتا اور ان کو پلاتا' میں نے ایک رات ان کے لیے دودھ دوھا تو دونوں کو سویا ہوا پایا تو میں نے ان دونوں کو نیند سے جگانا پسند نہ کیا اور میں نے یہ بھی ناپسند کیا کہ ان دونوں کو پلانے سے پہلے کسی اور کو پلاؤں' میری اور اُن کی یہی عادت رہی۔ یہاں تک کہ فجر طلوع ہوئی' اگر تُو دیکھتا ہے کہ میں نے یہ کام تیرے خوف سے کیا تھا تو ہم سے یہ آزمائش ختم کر دے۔ وہ چٹان تھوڑی سی ہٹی تو غار کے منہ سے روشنی داخل ہوئی۔ دوسرے نے عرض کی: اے اللہ! میں نے ایک عورت کو تلاش کیا اور اس سے محبت کی تو میں نے اپنے مال سے اس کو خرچ کرنے کے لیے دیا یہاں تک کہ میں کامیاب ہو گیا' میں اس کے پاس بیٹھا جس طرح آدمی اپنی بیوی کے پاس بیٹھتا ہے تو اُس نے مجھے کہا: تیرے لیے میری مہر شادی کے بغیر کھولنا جائز نہیں ہے' میں اس کے پاس سے اُٹھ گیا' اگر تُو جانتا ہے کہ مجھے اس کام پر تیرے خوف نے اُبھارا تھا تو ہم سے یہ آزمائش دور کر دے۔ وہ چٹان اور ہٹی' اگر وہ نکلنا چاہتے تو نکل سکتے تھے۔ تیسرے نے عرض کی: اے اللہ! تُو جانتا ہے کہ میں نے کچھ مزدور لگائے تھے' میں نے ان میں سے ہر ایک کو پوری پوری مزدوری دے دی سوائے ایک آدمی کے' وہ اپنی مزدوری چھوڑ گیا' اس کے مال سے بہت زیادہ مال ہو گیا' پھر وہ واپس آیا اور اس نے اپنی مزدوری مانگی' میں نے کہا: یہ سارا مال تیری ہی

Marfat.com

مزدوری کا ہے' اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ مجھے ایسا کرنے پر تیرے خوف نے اُبھارا تھا تو ہم سے یہ آزمائش دور کر دے۔ وہ چٹان ہٹی اور گر گئی' پھر وہ خوش ہو کر چلے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ اِلَّا عَبْدَ اللّٰهِ بْنُ عَرَادَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: دَاهِرُ بْنُ نُوحٍ

یہ حدیث داؤد بن ابی ھند سے عبداللہ بن عرارہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں داھر بن نوح اکیلے ہیں۔

**4598** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا دَاهِرُ بْنُ نُوحٍ قَالَ: نَا اَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ قَالَ: نَا هُدْبَةُ بْنُ الْمِنْهَالِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلَّتِ الْمَرْاَةُ خَمْسَهَا، وَصَامَتْ شَهْرَهَا، وَحَصَّنَتْ فَرْجَهَا، وَاَطَاعَتْ بَعْلَهَا، دَخَلَتْ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَتْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب عورت پانچ نمازیں پڑھے اور رمضان کے روزے رکھے اور اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرے اور اپنے شوہر کی بات مانے تو وہ جنت میں جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا هُدْبَةُ بْنُ الْمِنْهَالِ، وَلَا عَنْ هُدْبَةَ اِلَّا اَبُو هَمَّامٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: دَاهِرُ بْنُ نُوحٍ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے ھدبہ بن منہال روایت کرتے ہیں اور ھدبہ سے ابوھمام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں داھر بن نوح اکیلے ہیں۔

**4599** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرات جابر بن عبداللہ اور مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما

---

**4598**- اخرجه ابن حبان (**1296**/موارد) . وذكره الحافظ المنذرى وقال: رواه ابن حبان فى صحيحه . انظر الترغيب جلد**3**صفحه**282** رقم الحديث: **42** .

**4599**- اسناده حسين فيه: العباس بن الوليد الخلال الدمشقى صدوق . تخريجه الطبرانى فى الكبير جلد **20**صفحه**20** رقم الحديث: **23**' وقال الهيثمى فى المجمع جلد **4**صفحه**228**: وفيه عباس بن الوليد الخلال' وثقة أبو مسهر ومروان بن محمد' وقال أبو داؤد: لا احدث عنه' وبقية رجاله رجال الصحيح' وأخرجه أيضًا ابن ماجة جلد**2**صفحه**919** رقم الحديث: **2751** .

Marfat.com

الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّاطِرِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرِثُ الصَّبِيُّ حَتَّى يَسْتَهِلَّ صَارِخًا، وَاسْتِهْلَالُهُ أَنْ يَصِيحَ، أَوْ يَعْطِسَ، أَوْ يَبْكِيَ

بیان فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: نیا پیدا ہونے والا بچہ جب تک بلند آواز سے نہ روئے وارث نہیں ہوسکتا اور اس کا استہلال یہ ہے کہ وہ چیخ مارے اُسے چھینک آئے یا رونے لگے (اور یہی نشانیاں پائے جانے کے بعد اگر فوت ہو جائے تو اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ

اس حدیث کو یحییٰ بن سعید سے صرف سلیمان بن بلال نے روایت کیا۔ مروان بن محمد اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**4600** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا انْصَرَفَ مِنْ صَلَاتِهِ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ، وَمِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز سے سلام پھیرتے تو آپ یہ پڑھتے: ''اللّٰھم انت السلام الی آخرہ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ إِلَّا عُتْبَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث خالد الحذاء سے عتبہ بن حمید روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**4601** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ: نَا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر اپنے والد سے

---

4600- أخرجه مسلم: المساجد جلد 1 صفحه 414، والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 95-96 رقم الحديث: 298، والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 358 رقم الحديث: 1347، وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 70 رقم الحديث: 24392.

4601- اسناده حسن فيه: معاوية بن يحيى أبو مطيع الطرابلسي: صدوق له أوهام . وعزاه أيضًا الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 48 الى الطبراني في الكبير، وقال: ورجاله ثقات .

Marfat.com

هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبُو مُطِيعٍ مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ مِنْ نَوَاحِي الْمَدِينَةِ يُرِيدُ الصَّلَاةَ، فَوَجَدَ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا، فَمَالَ اِلَى مَنْزِلِهِ، فَجَمَعَ اَهْلَهُ، فَصَلَّى بِهِمْ

روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ مدینہ کے گاؤں سے واپس آئے' آپ نماز کا ارادہ کر رہے تھے' آپ نے دیکھا کہ لوگ نماز پڑھ چکے تھے' آپ اپنے گھر گئے اور اپنے گھر والوں کو جمع کیا اور ان کے ساتھ باجماعت نماز پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا اَبُو مُطِيعٍ مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي بَكْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث خالد الحذاء سے ابومطیع' معاویہ بن یحیٰ روایت کرتے ہیں' ابوبکرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام عبید اللہ ہے

4602 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَتَمَ الْاَنْبِيَاءَ قُتِلَ، وَمَنْ شَتَمَ اَصْحَابِي جُلِدَ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو انبیاء کو گالی دے اس کو قتل کیا جائے، جو میرے صحابہ کو گالی دے اس کو کوڑے مارے جائیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث علی سے اسی سند سے روایت ہے، اس کو روایت کرنے میں ابن ابی اویس اکیلے ہیں۔

4603 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُوَيْسِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي صَعْصَعَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقْضِي الْقَاضِي بَيْنَ اثْنَيْنِ، اِلَّا وَهُوَ شَبْعَانُ رَيَّانُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قاضی دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ کرے جب اس کا پیٹ بھرا ہوا ہو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضور ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت

4602- اسناده فيه: عبيد الله بن محمد العمرى وهو ضعيف . تخريجه: الطبرانى فى الصغير' وقال الهيثمى فى المجمع جلد6صفحه263: وشيخ الطبرانى عبيد الله ابن محمد العمرى رماه النسائى بالكذب . وأورده الشيخ الألبانى فى سلسلة الضعيفة' وقال: موضوع .

4603- اسناده فيه: القاسم بن عبد الله بن عمر بن عاصم بن عمر بن الخطاب العمرى المدنى' متروك ورماه أحمد بالكذب . وقال الهيثمى فى المجمع جلد4صفحه198: وفيه القاسم بن عبد الله بن عمر وهو متروك كذاب .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

ہے اس کو روایت کرنے میں قاسم بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

4604 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي عَتِيقٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَرْقَمَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ الْمَدَنِيِّ، يَسْكُنُ الْيَمَامَةَ، حَدَّثَنِي أَنَّهُ، سَمِعَ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُخْبِرُ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ وَرَفَعَتْهُ: قَالَ: لَا نَذْرَ فِي مَعْصِيَةٍ، وَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِينٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مرفوعاً بیان کرتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی میں نذر درست نہیں ہے اگر مان لی جائے تو اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا ابْنُ أَبِي عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ

یہ حدیث زہری سے ابن ابی عتیق اور موسیٰ بن عقبہ روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابن ابی اویس اکیلے ہیں۔

4605 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، وَابْنِ أَبِي عَتِيقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَا أَنَا فِي الْجَنَّةِ سَمِعْتُ صَوْتَ رَجُلٍ بِالْقُرْآنِ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالُوا:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں تھا تو میں نے ایک آدمی کو قرأت کرتے ہوئے سنا میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے عرض کی: یہ حارثہ بن نعمان ہے یہ ہے نیکی اس طرح نیکی ہوتی ہے نیکی اسی طرح ہوتی ہے حارثہ لوگوں میں سے سب سے زیادہ نیکی کرنے والے تھے۔

---

4604- اخرجه أبو داؤد: الأيمان والنذور جلد3صفحه229 رقم الحديث: 3290' والترمذي: النذور جلد4صفحه103 رقم الحديث: 1524' وقال: هذا حديث لا يصح لأن الزهري لم يسمع هذا الحديث من أبي سلمة . والنسائي: الأيمان والنذور جلد7صفحه24 (باب كفارة النذر)' وابن ماجة: الكفارات جلد 1صفحه686 رقم الحديث: 2125' وأحمد: المسند جلد6صفحه275 رقم الحديث: 26153 .

4605- ذكره الحافظ السيوطي في الدر المنثور جلد4صفحه173 وقال: رواه البيهقي .

Marfat.com

هَذَا حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ . كَذَلِكَ الْبِرُّ . كَذَلِكَ الْبِرُّ . كَذَلِكَ الْبِرُّ . وَكَانَ حَارِثَةُ مِنْ اَبَرِّ النَّاسِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، وَابْنِ اَبِي عَتِيقٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ اور ابن ابی عتیق سے سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4606** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عَتِيقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ اَبَا الرَّدَّادِ اللَّيْثِيَّ اَخْبَرَهُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ: اَنَا الرَّحْمَنُ، وَاَنَا خَلَقْتُ الرَّحِمَ، وَاشْتَقَقْتُ لَهَا مِنَ اسْمِي، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا: میں رحمٰن ہوں' میں نے صلہ رحمی کو پیدا کیا ہے' میرے نام سے اس کو نکالا گیا ہے' جو اس کو جوڑے گا میں اس کو جوڑوں گا اور جو اسے کاٹے گا میں اسے بکھیر کے رکھ دوں گا۔

**4607** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي عَتِيقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّمَا النَّاسُ كَالْاِبِلِ الْمِائَةِ، لَا تَكَادُ تَجِدُ فِيهَا رَاحِلَةً

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: لوگ سو اونٹ کی طرح ہیں' ان میں کوئی سواری کے قابل نہیں ہے۔

---

4606- اخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد 2صفحه136 رقم الحديث: 1694-1695' والترمذي: البر جلد 4صفحه315 رقم الحديث: 1907 وقال: حديث صحيح . وأحمد: المسند جلد 1صفحه246 رقم الحديث: 1686 .

4607- اخرجه البخاري: الرقاق جلد 11صفحه341 رقم الحديث: 6498' ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه1973 ولفظه للبخاري .

Marfat.com

**4608** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، كَانَ يَمْشِي اَمَامَ الْجَنَازَةِ قَالَ: وَقَدْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي بَيْنَ يَدَيْهَا، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جنازہ کے آگے چلتے تھے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ حضور ﷺ جنازہ کے آگے چلتے تھے اور ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم بھی چلتے تھے۔

**4609** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي عَتِيقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّهُ سَمِعَ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيَّ، يَسْتَشْهِدُ اَبَا هُرَيْرَةَ، فَيَقُولُ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، نَشَدْتُكَ بِاللّٰهِ، هَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا حَسَّانُ، اَجِبْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ؟

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمن فرماتے ہیں کہ انہوں نے حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ سے سنا کہ ابوہریرہ سے گواہی لے رہے تھے' فرمایا: اے ابوہریرہ! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ اے حسان! رسول اللہ ﷺ کی طرف سے جواب دے! پھر آپ ﷺ نے دعا کی تھی: اے اللہ! روح القدس کے ذریعے حسان کی مدد فرما!

**4610** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**4608**- اخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد **3** صفحه **201** رقم الحديث: **3179**' والترمذي: الجنائز جلد **3** صفحه **320** رقم الحديث: **1007-1009**' والنسائي: الجنائز جلد **4** صفحه **45-46** (باب مكان الماشي من الجنازة)' وابن ماجة: الجنائز جلد **1** صفحه **475** رقم الحديث: **1482**' ومالك في الموطأ: الجنائز جلد **1** صفحه **225** رقم الحديث: **8** .

**4609**- أخرجه البخاري: الصلاة جلد **1** صفحه **652** رقم الحديث: **453**' ومسلم: فضائل الصحابة جلد **4** صفحه **1933** .

**4610**- أخرجه البخاري: اللباس جلد **10** صفحه **309** رقم الحديث: **5842**' وأبو داؤد: اللباس جلد **4** صفحه **49** رقم الحديث: **4058**' والنسائي: الزينة جلد **8** صفحه **174** (باب ذكر الرخصة للنساء في لبس السيراء) .

Marfat.com

الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي عَتِيقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ رَأَى عَلَى أُمِّ كُلْثُومٍ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدَ حَرِيرٍ سِيَرَاءَ

میں نے اُم کلثوم بنت رسول اللہ ﷺ پر دھاری دار ریشم کی چادر دیکھی۔

**4611** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ السَّالِمِيُّ قَالَ: نَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ عَمَّتِهِ بِنْتِ كَعْبٍ، عَنْ فُرَيْعَةَ بِنْتِ مَالِكٍ، أُخْتِ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَخْبَرَتْهَا أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ رَجُلٍ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، فَخَرَجَ فِي طَلَبِ أَعْلَاجٍ لَهُ أُبَّاقٍ، فَأَدْرَكَهُمْ بِطَرَفِ الْقَدُومِ، فَعَدَوْا عَلَيْهِ فَقَتَلُوهُ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْتَأْذِنُهُ فِي الْخُرُوجِ مِنْ بَيْتِي، فَقَالَ: حَتَّى يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ

حضرت فریعہ بنت مالک رضی اللہ عنہا' حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کی بہن بیان کرتی ہیں کہ وہ بنی حارث بن خزرج کے ایک آدمی کے نکاح میں تھیں' وہ اپنے موڑے عجمی کافر غلاموں کی تلاش میں نکلے جو بھاگ گئے تھے تو انہوں نے قدوم کے ایک طرف پایا' ان پر انہوں نے حملہ کیا اور قتل کر دیا۔ وہ حضور ﷺ کے پاس آئیں اور اپنے گھر سے نکلنے کی اجازت چاہی' تو آپ ﷺ نے فرمایا: آپ کو عدت ختم ہونے کے بعد نکلنے کی اجازت ہے۔

**4612** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**4611**- أخرجه أبو داؤد: الطلاق جلد2صفحه300 رقم الحديث: 2300' والنسائي: الطلاق جلد6صفحه165 (باب مقام المتوفى عنها زوجها في بيتها حتى تحل)' وابن ماجة: الطلاق جلد 1صفحه654 رقم الحديث: 2031' وأحمد: المسند جلد 6صفحه447 رقم الحديث: 27430 . انظر: تلخيص الحبير جلد 3صفحه268 رقم الحديث: 1 .

**4612**- أخرجه البخاري: الأحكام جلد 13صفحه201 رقم الحديث: 7198' والنسائي: البيعة جلد 7صفحه141 (باب بطانة الامامة)' وأحمد: المسند جلد3صفحه48 رقم الحديث: 11348 .

Marfat.com

الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّالِمِيُّ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرِ بْنِ اَبِي اُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِيٍّ وَلَا اسْتَخْلَفَ مِنْ خَلِيفَةٍ اِلَّا لَهُ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَاهُ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَبِطَانَةٌ لَا تَأْلُوهُ خَبَالًا، فَمَنْ وُقِيَ بِطَانَةَ السُّوءِ فَقَدْ وُقِيَ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے کوئی نبی نہیں بھیجا اور نہ کوئی نائب بنایا مگر اس کے دو رزدار بنائے۔ ایک رازدار اسے نیکی کے کام بتاتا ہے اور بُرائی کی راہ سے آگاہ کرتا ہے۔ دوسرا رازدار اسے نقصان پہنچانے میں کمی نہیں کرتا ہے' پس جسے اس کے بُرے رازدار سے بچالیا گیا تو حقیقت میں وہی بچ گیا۔

**4613** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عَتِيقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو فِي الصَّلَاةِ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ، فَقَالُوا: مَا اَكْثَرَ مَا تَسْتَعِيذُ مِنَ الْمَغْرَمِ؟ فَقَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا غَرِمَ حَدَّثَ فَكَذَبَ، وَوَعَدَ فَاَخْلَفَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز میں یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰهم انی اعوذ بك الی آخرہ'' صحابہ کرام نے عرض کی: ہم آپ کو اکثر تاوان و قرض سے پناہ مانگتے ہوئے سنتے ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی مقروض ہوتا ہے تو بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے' جب وعدہ کرتا ہے تو وعدہ خلافی کرتا ہے۔

**4614** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي عَتِيقٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ اَبِي سِنَانٍ الدُّؤَلِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوَى فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیماری متعدی نہیں ہوتی ہے۔ ایک دیہاتی آدمی کھڑا ہوا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ اونٹوں کا گلہ ہو' وہ ایک اونٹ خارش والا ہو تو وہ سب اونٹوں کو خارش والا کر دیتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پہلے کو کس نے خارش زدہ کیا ہے؟

**4613**- أخرجه البخاري: الأذان جلد**2**صفحه**369** رقم الحديث:**832**' ومسلم: المساجد جلد**1**صفحه**412** .

**4614**- أخرجه البخاري: الطب جلد**10**صفحه**254** رقم الحديث:**5775**' ومسلم: السلام جلد**4**صفحه**1742** .

Marfat.com

الْاَعْرَابِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ الْاِبِلَ تَكُونُ فِي الرَّمْلِ اَمْثَالَ الظِّبَاءِ، فَيَاْتِيهَا الْبَعِيرُ الْاَجْرَبُ، فَتَجْرَبُ جَمِيعًا؟ قَالَ: فَمَنْ اَعْدَى الْاَوَّلَ؟

4615- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّالِمِيُّ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ الْاَعْشَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ بِلَالًا يُنَادِي بِلَيْلٍ، فَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يُنَادِيَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُومٍ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بلال رات کو اذان دیتا ہے' اس کے بعد بھی تم کھا پی لیا کرو' ابن اُم مکتوم کے اذان دینے تک۔

4616- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّالِمِيُّ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ يَوْمُ عَاشُورَاءَ يَوْمًا اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصِيَامِهِ، قَبْلَ اَنْ يُفْرَضَ رَمَضَانُ، ثُمَّ كَانَ مَنْ شَاءَ صَامَهُ، وَمَنْ شَاءَ اَفْطَرَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رمضان کے روزوں کا حکم نازل ہونے سے پہلے آپ ﷺ عاشوراء کے دن کا روزہ رکھنے کا حکم دیتے تھے' رمضان کے روزے نازل ہونے کے بعد آپ فرماتے: جو چاہے رکھے جو چاہے نہ رکھے۔

4617- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت سعد بن عبادہ کو اس نذر کے پورا کرنے کا حکم دیا' جو ان کی ماں کے ذمہ تھی' ان کی والدہ

---

4615- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه118 رقم الحديث: 617' ومسلم: الصيام جلد2صفحه768 .

4616- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه287 رقم الحديث: 2001' ومسلم: الصيام جلد2صفحه792 .

4617- أخرجه البخاري: الوصايا جلد5صفحه457 رقم الحديث: 2761' ومسلم: النذر جلد3صفحه1260 بنحوه .

Marfat.com

اَبِی عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اَنْ يَقْضِيَ نَذْرًا كَانَ عَلَى اُمِّهِ، مَاتَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِيَهُ

اس نذر کو پورا کرنے سے پہلے وصال کر گئی تھیں۔

**4618** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِیُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَخِی، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی عَتِيقٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: اَنَّهُمْ كَانُوا يَاْكُلُونَ الضَّحَايَا فِی عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا، لَا يَزِيدُونَ عَلَيْهِنَّ، ثُمَّ اَمَرَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ اَنْ يَاْكُلُوا اَنْ يَتَزَوَّدُوا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام حضورﷺ کے زمانہ میں قربانی کا گوشت تین دن کھاتے تھے' اس کے بعد نہیں کھاتے تھے' پھر رسول اللہﷺ نے حکم دیا کھانے کا بھی اور رکھنے کا بھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِی عَتِيقٍ وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهَا: اَبُو بَكْرِ بْنِ اَبِی اُوَيْسٍ

یہ تمام احادیث ابن ابی عتیق اور موسیٰ بن عقبہ سے سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4619** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِیُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَخِی، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ جَمِيعًا، فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْرُورًا، فَقُلْتُ: مَالَكَ يَا رَسُولَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید اور زید بن حارثہ دونوں اکٹھے تھے' حضورﷺ میرے پاس آئے' خوشی کی حالت میں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ خوش کیوں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ابھی مجزز اسامہ اور زید پر گزرے ہیں' ان دونوں کے قدموں کو دیکھا تو کہا: ان کے قدم آپس میں ملتے جلتے تھے۔

4618- اخرجه البخاری: الحج جلد3صفحه652 رقم الحديث:1719' ومسلم: الأضاحی جلد3صفحه1562 بنحوه .

4619- اخرجه البخاری: الفرائض جلد12صفحه57 رقم الحديث:6770' ومسلم: الرضاع جلد2صفحه1081 .

Marfat.com

اللّٰهِ؟ قَالَ: اِنَّ مُجَزِّزًا آنِفًا مَرَّ عَلَى زَيْدٍ وَأُسَامَةَ، فَرَاَى اَقْدَامَهُمَا، فَقَالَ: هٰذِهِ اَقْدَامٌ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ مُجَمِّعٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے ابراہیم بن اسماعیل بن مجمع اور ابن مجمع سے سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4620** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَعَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ اطَّلَعَ مِنْ بَيْتِهِ، وَالنَّاسُ يُصَلُّونَ يَجْهَرُونَ بِالْقِرَاءَةِ، فَقَالَ لَهُمْ: اِنَّ الْمُصَلِّي يُنَاجِي رَبَّهُ فَلْيَنْظُرْ بِمَا يُنَاجِيهِ، فَلَا يَجْهَرْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَعْضٍ بِالْقُرْآنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے ایک گھر میں کچھ لوگوں کو اونچی آواز میں نماز میں قرأت کرتے ہوئے دیکھا تو آپ نے انہیں فرمایا: نمازی اپنے رب سے گفتگو کر رہا ہوتا ہے' تم دیکھو کہ کس سے بات کر رہے ہو' ایک دوسرے سے اونچا قرآن نہ پڑھو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا اَبُو اُوَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے ابواویس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اسماعیل اکیلے ہیں۔

**4621** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ اَبِي عَلْقَمَةَ قَالَ: سُئِلَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ بَيْعِ

حضرت علقمہ بن ابوعلقمہ سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پھلوں کی بیع کے متعلق پوچھا گیا تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ نے پھلوں کی بیع ان کے پکنے سے پہلے منع

4620- اسناده فيه: عبيد الله بن محمد العمري ضعفه الدارقطني' ورماه النسائي بالكذب . وقال الهيثمي في المجمع جلد2 صفحه269: وفيه محمد بن عمرو' وفيه: كلام من سوء حفظه . قلت: محمد بن عمرو بن علقمة من رجال الستة' قال ابن حجر فيه: صدوق له أوهام .

4621- أخرجه البخاري: البيوع جلد4صفحه472 رقم الحديث: 2208' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1190 .

Marfat.com

الثَّمَرَةِ؟ فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتّٰى يُزْهِى

فرمائی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِی اُوَيْسٍ

یہ حدیث علقمہ سے سلیمان بن بلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4622** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِی اَبِی قَالَ: حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُدْعَانِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِرْقَاعِ الْجُنْدَعِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُصِيبَةُ تُبَيِّضُ وَجْهَ صَاحِبِهَا يَوْمَ تَسْوَدُّ الْوُجُوهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مصیبت آدمی کے چہرے کو سفید کرے گی' جس دن چہرے کالے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ شُعَيْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا، وَتَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِی اُوَيْسٍ

شعیب بن عبداللہ بن عمرو' ابن عباس سے اس حدیث کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4623** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِی يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ النَّوْفَلِيُّ، عَنْ اَبِی مُوسَى الْحَنَّاطِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْحَجْمَةِ الَّتِی فِی وَسَطِ الرَّأْسِ: اِنَّهَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سر کے وسط میں جو پچھنا لگوایا جاتا ہے یہ جنون کی دوا ہے' کوڑھ' برص' حواس کی سستی' داڑھ درد' اُس کا نام مُنقِذہ (نجات دہندہ) رکھا جاتا ہے۔

**4622**- اسناده فيه: أ- محمد بن عبد الرحمن بن أبي بكر بن عبد الله الجدعاني متروك . ب- سليمان بن مرفاع الجندعي منكر الحديث . وقال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه294: وفيه سليمان بن رفاع (مرقاع) وهو منكر الحديث .

(أ)سقط من الأصل' واستدركناه من مجمع البحرين (1152) .

**4623**- اسناده فيه: أ- أبو موسى الحناط متروك . ب- يزيد بن عبدالملك النوفلي ضعيف جدًا . وقال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه96: وفيه يزيد ابن عبد الملك النوفلي' وهو متروك' واختلف كلام ابن معين فيه .

Marfat.com

دَوَاءٌ مِنَ الْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ وَالنُّعَاسِ وَالْاَضْرَاسِ، وَكَانَ يُسَمِّيهَا مُنْقِذَةً

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَتَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِي اُوَيْسٍ

یہ حدیث ابوسعید الخدری سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن ابی اویس اکیلے ہیں۔

**4624** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، اَنَّ رِجَالًا مِنَ الْاَنْصَارِ اسْتَاْذَنُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: ائْذَنْ لَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَلْنَتْرُكْ لِابْنِ اُخْتِنَا عَبَّاسٍ فِدَاءَهُ . فَقَالَ: لَا، وَاللّٰهِ لَا تُؤَدُّونَ لَهُ دِرْهَمًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے کچھ لوگوں نے حضور ﷺ سے اجازت مانگی' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمیں اجازت دیں اپنی بہن کے بیٹے عباس کے لیے فدیہ چھوڑیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! اللہ کی قسم! تم اس کو ایک درہم بھی نہیں دے سکتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ

یہ حدیث زہری سے موسیٰ بن عقبہ روایت کرتے ہیں۔

**4625** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْدِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ خَالِهِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيدِ عَلَى الطَّعَامِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عائشہ کو تمام عورتوں پر ایسے ہی فضیلت حاصل ہے جیسے ثرید کو تمام کھانوں پر حاصل ہے۔

---

4624- أخرجه البخاري: العتق جلد5صفحه199 رقم الحديث: 2537' والبيهقي في دلائل النبوة جلد3صفحه142 .

4625- أخرجه النسائي: عشرة النساء جلد7صفحه61 (باب حب الرجل بعض نسائه أكثر من بعض)' وأحمد: المسند جلد6صفحه178 رقم الحديث: 25314 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ إِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث ابن ابی ذئب سے الدراوردی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن حمزہ اکیلے ہیں۔

**4626** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ ابْنُ يَعْقُوبَ بْنِ أَبِي عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيرِ بْنِ أَفْلَحَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الضَّالَّةِ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ، وَهَادِيَ الضَّلَالَةِ، أَنْتَ تَهْدِي مِنَ الضَّلَالَةِ، ارْدُدْ عَلَيَّ ضَالَّتِي بِعِزَّتِكَ وَسُلْطَانِكَ، فَإِنَّهَا مِنْ عَطَائِكَ وَفَضْلِكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے گم شدہ شے کے متعلق روایت کرتے ہیں کہ آپ فرمایا کرتے تھے: ہمارے گم شدہ کو واپس لوٹا دے' تو گم شدہ کو ہدایت دینے والا ہے' میری طرف گم شدہ کو لوٹا دے اپنی عزت اور بادشاہ کے ساتھ کیونکہ وہ تیری ہی عطاء اور تیرا فضل ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ إِلَّا ابْنُ عُيَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَعْقُوبَ، وَلَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے ابن عیینہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن یعقوب اکیلے ہیں' یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4627** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ يُخْبِرُ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، أَنَّهَا حَدَّثَتْهُ . عَنْ عَائِشَةَ، أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ: دَخَلَتْ عَلَيَّ يَهُودِيَّةٌ، فَحَدَّثَتْنِي، وَقَالَتْ فِي بَعْضِ قَوْلِهَا:

اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میرے پاس ایک یہودی عورت آئی۔ پس اُس نے مجھ سے کچھ باتیں کیں۔ اس کی باتوں میں ایک بات یہ تھی: قسم اس ذات کی جو تجھے عذابِ قبر سے بچائے گی۔ فرماتی ہیں: میں نے اس کو ڈانٹا اور کہا: یہ کیا ہے جو تو نے پہلے اللہ اور اس کے رسول پر جھوٹ باندھا ہے۔ اگر قبر میں عذاب

4626- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه136 وقال: وفيه عبد الرحمٰن بن يعقوب بن أبي عباد المكي' ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات . تخريجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه340 .

4627- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه49 وقال: وفيه ابن لهيعة' وفيه كلام .

Marfat.com

اِی وَالَّذِی یَقِیكِ فِتنَةَ الْقَبْرِ، قَالَتْ: فَانْتَهَرْتُهَا، وَقُلْتُ: مَا هُوَ بِأَوَّلِ كَذِبِكُمْ عَلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، وَلَوْ كَانَ لِلْقَبْرِ عَذَابٌ لَأَخْبَرَ اللّٰهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتِ الْيَهُودِيَّةُ: إِنَّا لَنَزْعُمُ أَنَّ لَهُ عَذَابًا، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيَّ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرْتُهُ بِقَوْلِهَا، فَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيَّ شَيْئًا، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ قَالَ، يَا عَائِشَةُ، تَعَوَّذِی بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ؛ فَإِنَّهُ لَوْ نَجَا مِنْهُ أَحَدٌ نَجَا مِنْهُ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، وَلٰكِنَّهُ لَمْ يَزِدْ عَلَى ضَمَّةٍ

ہوتا تو اللہ تعالیٰ اپنے نبی کو آگاہ کر دیتا۔ یہودی عورت نے کہا: ہمارا گمان یہی ہے کہ عذابِ قبر ہے۔ پس نبی کریم ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو میں نے یہودی کا قول پیش کیا۔ آپ نے مجھے کوئی جواب نہ دیا۔ پس جب کچھ وقت گزر گیا تو اس کے بعد فرمایا: اے عائشہ! قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگ۔ پس اگر کوئی آدمی اس سے نجات پا سکتا تو سعد بن معاذ پاتے۔ لیکن قبر نے صرف انہیں اپنے سینے سے لگا کر تھوڑا سا دبایا ہے (یعنی پیار کیا ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ إِلَّا سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سَعْدٍ إِلَّا عُقَيْلٌ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

اس حدیث کو عائشہ بنت سعد سے سعد بن ابراہیم اور اس کو سعد سے عقیل روایت کرتے ہیں۔

**4628** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: مَرَّ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قُبُورِ نِسَاءٍ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ هَلَكُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَسَمِعَهُمْ يُعَذَّبُونَ فِي الْقُبُورِ فِي النَّمِيمَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ بنی نجار کی عورتوں کے پاس سے گزرے وہ زمانۂ جاہلیت میں فوت ہو گئی تھیں، آپ ﷺ نے ان کے عذابِ قبر کو سنا، ان کو قبروں میں عذاب چغل خوری کی وجہ سے ہو رہا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث اسامہ بن زید، ابن لہیعہ سے روایت کرتے ہیں۔

---

**4628**- اخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه362 رقم الحديث: **14161** بنحوه . وذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد3صفحه58 وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح، وفی اسناد الطبرانی ابن لهيعة، وفيه كلام . اخرجه أيضًا البزار (كشف الأستار) .

Marfat.com

**4629** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ جُبَيْرٍ الْحَذَّاءِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا أُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، وَمُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ يُحَدِّثَانِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: شَهِدْنَا جَنَازَةً مَعَ نَبِيِّ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ دَفْنِهَا وَانْصَرَفَ النَّاسُ قَالَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ يَسْمَعُ الْآنَ خَفْقَ نِعَالِكُمْ، أَتَاهُ مُنْكَرٌ وَنَكِيرٌ، أَعْيُنُهُمَا مِثْلُ قُدُورِ النُّحَاسِ، وَأَنْيَابُهُمَا مِثْلُ صَيَاصِي الْبَقَرِ، وَأَصْوَاتُهُمَا مِثْلُ الرَّعْدِ، فَيُجْلِسَانِهِ، فَيَسْأَلَانِهِ مَا كَانَ يَعْبُدُ، وَمَنْ كَانَ نَبِيُّهُ، فَإِنْ كَانَ مِمَّنْ يَعْبُدُ اللهَ قَالَ: كُنْتُ أَعْبُدُ اللَّهَ، وَالنَّبِيُّ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ بِالْبَيِّنَاتِ، فَآمَنَّا وَاتَّبَعْنَا، فَذَلِكَ قَوْلُ اللهِ: (يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ) (ابراهيم: 27)، فَيُقَالُ لَهُ: عَلَى الْيَقِينِ حَيِيتَ، وَعَلَيْهِ مُتَّ، وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ، ثُمَّ يُفْتَحُ لَهُ بَابٌ إِلَى الْجَنَّةِ، وَيُوَسَّعُ لَهُ فِي حُفْرَتِهِ . وَإِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّكِّ قَالَ: لَا أَدْرِي، سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُولُونَ شَيْئًا، فَقُلْتُهُ، فَيُقَالُ لَهُ: عَلَى الشَّكِّ حَيِيتَ، وَعَلَيْهِ مُتَّ، وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ، ثُمَّ يُفْتَحُ لَهُ بَابٌ إِلَى النَّارِ، وَيُسَلَّطُ عَلَيْهِ عَقَارِبُ وَثَعَابِينُ، لَوْ نَفَخَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک جنازہ میں شریک تھے جب اس کے دفن کرنے سے فارغ ہوئے تو لوگ چلے گئے حضور ﷺ نے فرمایا: یہ میت اب تمہارے جوتوں کی آواز سن رہی ہے اس کے پاس منکر نکیر آئے ہیں ان دونوں کی آنکھیں تانبے کی ہنڈیوں کی طرح دونوں کی داڑھیں گائے کے سینگوں کی طرح دونوں کی آواز بادل کی گرج کی طرح دونوں نے اس کو بٹھایا ہے۔ دونوں اس سے پوچھ رہے ہیں کہ تو کس کی عبادت کرتا تھا؟ تیرا نبی کون تھا؟ اگر وہ اللہ کی عبادت کرتا تھا تو وہ کہے گا کہ میں اللہ کی عبادت کرتا تھا اور نبی محمد ﷺ ہیں جو معجزات لے کر آئے تھے ہم ایمان لائے اور ہم نے اتباع کی اللہ عزوجل کے اس ارشاد: اللہ عزوجل ایمان والوں کو ثابت رکھتا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے ساتھ دنیا و آخرت کی زندگی میں۔ اس کو کہا جائے گا: یقین پر زندہ رہا اسی پر فوت ہوا اس پر اُٹھایا جائے گا پھر اس کے لیے جنت کی طرف سے دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور اس کی قبر کو کشادہ کیا جاتا ہے اگر شک کرنے والوں میں سے ہو تو وہ کہتا ہے: میں نہیں جانتا ہوں میں نے لوگوں کو کہتے ہوئے سنا تو میں نے بھی یہی کہا اس کو کہا جائے گا: تو شک پر زندہ رہا اور اسی پر مرا اور اسی پر اُٹھایا جائے گا پھر اس کے لیے جہنم کی طرف دروازہ کھول دیا جاتا ہے اس پر بچھو اور سانپ مسلط کر دیئے جائیں گے اگر

4629- ذکرہ الحافظ الھیثمی فی المجمع جلد3 صفحہ57 وقال: وفیہ ابن لھیعۃ وفیہ کلام۔

Marfat.com

أَحَدُهُمْ فِي الدُّنْيَا مَا أَنْبَتَتْ شَيْئًا، تَنْهَشُهُ، وَتُؤْمَرُ الْأَرْضُ فَتُضَمُّ، حَتَّى تَخْتَلِفَ أَضْلَاعُهُ

ان میں سے کوئی ایک دنیا میں پھونکے تو کوئی شے نہ اُگے اور اُسے مشقت میں ڈال دے اور زمین کو حکم دیا جائے گا تو وہ اکٹھی ہو جائے گی یہاں تک کہ اس کی پسلیاں علیحدہ علیحدہ ہو جائیں گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ إِلَّا مُوسَى بْنُ جُبَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابوامامہ بن سہل اور محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان سے موسیٰ بن جبیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**4630** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ رُمَاحِسَ الْقَيْسِيُّ الْجُشَمِيُّ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نَا أَبُو عَمْرٍو زِيَادُ بْنُ طَارِقٍ وَكَانَ قَدْ أَتَتْ عَلَيْهِ عِشْرُونَ وَمِائَةُ سَنَةٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جَرْوَلٍ زُهَيْرَ بْنَ صُرَدٍ يَقُولُ: لَمَّا أَسَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، يَوْمَ هَوَازِنَ، وَذَهَبَ يُفَرِّقُ الْغَنَائِمَ وَالشَّاءَ، أَنْشَدْتُهُ هَذَا الشِّعْرَ:

ابوعمر زیاد بن طارق نے ہمیں خبر دی ہے جبکہ اس پر ایک سو بیس سال گزر چکے تھے۔ وہ کہتے ہیں: ابوجرول زُہیر بن صرد کو سنا۔ وہ کہہ رہے تھے: جب حنین وھوازن کے دن جب رسول کریم ﷺ نے قیدی بنایا اور مالِ غنیمت اور بکریاں تقسیم کرنے لگے تو میں نے یہ شعر ترتیب دیا:

(البحر البسيط)

امْنُنْ عَلَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ فِي كَرَمٍ
فَإِنَّكَ الْمَرْءُ نَرْجُوهُ وَنَنْتَظِرُ
امْنُنْ عَلَى بَيْضَةٍ قَدْ عَاقَهَا قَدَرٌ
مُفَرَّقٌ شَمْلُهَا فِي دَهْرِهَا غِيَرُ
أَبْقَتْ لَنَا الدَّهْرَ هَتَّافًا عَلَى حَزَنٍ
عَلَى قُلُوبِهِمُ الْغَمَّاءُ وَالْغَمَرُ
إِنْ لَمْ تَدَارَكْهُمْ نَعْمَاءُ تَنْشُرُهَا

''ہم پر سخاوت کرتے ہوئے اے اللہ کے رسول! احسان فرمائیں کیونکہ آپ ایسی ہستی ہیں جن سے ہماری اُمیدیں وابستہ ہیں اور ہم انتظار میں ہیں احسان کیجئے اس انڈے پر جس کو ہنڈیا نے اپنے سے دُور کر دیا ہے۔ حوادثِ زمانہ نے اس کے اُمور کو بکھیر کے رکھ دیا ہے۔ اس نے ہمارے لیے زمانے کو غم پر خوشی کے نعرے لگانے والا بنا کے باقی رکھا ہے۔ اُن کے دلوں پر غم' اندوہ اور رنج کے سائے ہیں۔ اگر انہیں بکھیری جانے والی نعمتیں نہ ملیں' اے آزمائش کے وقت سب سے زیادہ

**4630**- اسناده فيه: أ- عبيد الله بن رماحس القيسي . قال الذهبي: كان معمرًا ما رأيت للمتقدمين فيه جرحًا' وما هو بمعتمد (ميزان الاعتدال جلد3صفحه6) . ب- أبو عمرو زياد بن طارق مجهول . تخريجه الطبراني في الصغير' وفي الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد6صفحه190: وفيه من لم أعرفهم .

Marfat.com

يَـا اَرْجَـحَ الـنَّـاسِ حِـلْـمًـا حِينَ يُخْتَبَرُ
امْـنُـنْ عَـلَـى نِـسْـوَةٍ قَـدْ كُـنْتَ تَرْضَعُهَا
اِذْ فُـوكَ تَـمْلَاهُ مِـنْ مَـحْـضِـهَـا الـدُّرَرُ
اِذْ اَنْتَ طِـفْـلٌ صَـغِيـرٌ كُـنْـتَ تَرْضَعُهَا
وَاِذْ يَـزِيـنُـكَ مَـا تَـاْتِـي وَمَـا تَـذَرُ
لَا تَـجْـعَـلْـنَـا كَـمَـنْ شَـالَـتْ نَعَامَتُـهُ
وَاسْتَبْـقِ مِـنَّـا فَـاِنَّـا مَـعْشَـرٌ زُهُـرُ
اِنَّـا لَـنَشْـكُـرُ لِلـنَّـعْـمَـاءِ اِذْ كُفِـرَتْ
وَعِـنْـدَنَـا بَـعْـدَ هَـذَا الْيَـوْمِ مُـدَّخَـرُ
فَـاَلْبِسِ الْـعَـفْـوَ مَـنْ قَدْ كُنْتَ تَرْضَعُهُ
مِـنْ اُمَّـهَـاتِكَ اِنَّ الْـعَـفْـوَ مُشْتَهَـرُ
يَـا خَيْـرَ مَـنْ مَـرَحَـتْ كُمْتُ الْجِيَادِ بِهِ
عِـنْـدَ الْهَـيَـاجِ اِذَا مَـا اسْـتَوْقَدَ الشَّـرَرُ
اِنَّـا نُـؤَمِّـلُ عَـفْـوًا مِنْكَ تُـلْبِسُـهُ
هَـذِى الْبَـرِيَّةَ اِذْ تَـعْـفُـوا وَتَـنْـتَـصِـرُ
فَـاعْفُ عَـفَـا الـلّٰـهُ عَـمَّـا اَنْـتَ رَاهِبُـهُ
يَـوْمَ الْـقِـيَـامَةِ اِذْ يَهْـدِى لَكَ الـظَّـفَـرُ

فَـلَمَّا سَمِعَ هَذَا الشِّعْرَ قَالَ: مَا كَانَ لِي وَلِبَنِي عَبْـدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكُمْ ۔ وَقَـالَتْ قُرَيْشٌ: مَا كَانَ لَـنَـا فَهُوَ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ، وَقَالَتِ الْاَنْصَارُ: مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ

بردبار ہستی عورتوں پر احسان کر دیجئے آپ بھی تو عورتوں کا دودھ پیتے رہے ہیں۔ وہ وقت یاد کرو جب آپ کا منہ بھی ان کے خالص دودھ کے قطروں سے بھر جاتا تھا۔ جب آپ چھوٹے بچے تھے تو ان کا دودھ ہی تو پیتے تھے اور جب آپ کو خوبصورت بناتی تھی وہ چیز جس کو آپ کرتے یا چھوڑتے ہمیں اس آدمی کی طرح نہ بنا دیں جو اپنا گھر خالی کر کے بھاگ گیا' ہم میں سے کچھ کو تو باقی رہنے دیجئے کیونکہ ہم جنگلی بیل کی طرح ایک گروہ ہیں یقیناً ہم اس وقت نعمتوں کا شکر بجالائیں گے جب لوگ ناشکری کریں گے اور اس دن کے بعد ہمارے پاس نعمتوں کا ایک ذخیرہ ہے۔ عفو کا لباس پہنا دیجئے اس کو جسے آپ اپنی ماؤں کا دودھ پلایا کرتے تھے کیونکہ آپ کا درگزر ہی مشہور ہے۔ اے وہ ہستی جو ان لوگوں میں سب سے بہتر ہے! جن کے ساتھ عمدہ سرخ و سیاہ گھوڑے فخر کرتے ہیں۔ اس وقت جب جنگ کی موجیں اُٹھ رہی ہو اور جب چنگاریاں بھڑک رہی ہوں۔ ہم تو آپ سے ہی معافی کی اُمید رکھتے ہیں۔ آپ ہی اس خشک زمین کو معافی کا لباس پہنائیں گے' جب آپ کی معافی اور غلبہ عام ہو گا۔ حضور! معاف کیجئے! اللہ نے آپ کو معاف رکھا ہے اس سے جس کو آپ چھوڑنے والے ہیں قیامت کے دن' جب کامیابی بطور تحفہ آپ کی خدمت میں پیش ہو گی''۔

پس جب آپ نے یہ شعر سنے تو فرمایا: میرے اور بنوعبدالمطلب کے حصے کے قیدی آزاد۔ اس کے بعد

Marfat.com

قریشیوں نے کہا: ہمارا سب کچھ اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہے۔ پیچھے انصاری تھے وہ بولے: ہمارا بھی سب کچھ اللہ اور اس کے رسول کے لیے وقف ہے۔

**4631** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّنَّامِ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نَا اِدْرِيسُ بْنُ اَبِي الرَّبَابِ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُمَا مُحْرِمَانِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے اس حالت میں نکاح کیا کہ دونوں حالتِ احرام میں تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث حمید سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن بلال اکیلے ہیں۔

**4632** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّنَّامِ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نَا عُقْبَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اَبِي عَامِرٍ الْاَلْهَانِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اُلْفِيَنَّ اَقْوَامًا مِنْ اُمَّتِي يَاْتُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِحَسَنَاتٍ اَمْثَالِ جِبَالِ تِهَامَةَ، فَيَجْعَلُهَا اللّٰهُ هَبَاءً مَنْثُورًا قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صِفْهُمْ لَنَا لِكَيْ لَا نَكُونَ مِنْهُمْ وَنَحْنُ لَا نَعْلَمُ قَالَ: اَمَا اِنَّهُمْ مِنْ اِخْوَانِكُمْ، وَلٰكِنَّهُمْ اَقْوَامٌ اِذَا خَلَوْا بِمَحَارِمِ اللّٰهِ انْتَهَكُوهَا

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت سے کچھ ایسے لوگ ملیں گے جو قیامت کے دن آئیں گے تو ان کی نیکیاں بڑے پہاڑوں کی مانند ہوں گی' اللہ عزوجل ان کو غبار کے باریک ذرّوں کی طرح بنا دے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو ان کی حالت بتائیں تاکہ ہم اُن میں سے نہ ہوں' ہم ان کو نہیں جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ تمہارے بھائی ہیں لیکن ایسے لوگ ہوں گے جو تنہائی میں اللہ کی حدود کی بے حرمتی کرتے ہوں گے۔

---

**4631**- أخرجه البخاري: جزاء الصيد جلد 4صفحه62 رقم الحديث: 1837' ومسلم: النكاح جلد 2صفحه1031' والنسائي: المناسك جلد5صفحه150 (باب الرخصة في النكاح للمحرم)' وأحمد: المسند جلد 1صفحه322 رقم الحديث:2204 ولفظه عند النسائي وأحمد .

**4632**- أخرجه ابن ماجة: الزهد جلد 2صفحه1418 رقم الحديث: 4245 بلفظ: لأعلمن أقوامًا.....' في الزوائد: اسناده صحيح' رجاله ثقات . وأبو عامر الألهاني اسمه عبد الله بن غابر .

Marfat.com

**4633** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَاقِدٍ اَبُو شُبَيْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِمَامٌ جَائِرٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے زیادہ سختی ظالم بادشاہ پر ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے ابوحفص الابار روایت کرتے ہیں۔

**4634** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ نَافِعٍ الضَّبِّيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُوسَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: اِذَا وَافَقَ تَامِينُ اَهْلِ الْاَرْضِ تَامِينَ اَهْلِ السَّمَاءِ غُفِرَ لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب زمین والوں کی آمین آسمان والوں کی آمین کے موافق ہو جائے تو انہیں بخش دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُمَرُ بْنُ مُوسَى، وَلَا عَنْ عُمَرَ اِلَّا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ نَافِعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث قتادہ سے عمر بن موسیٰ اور عمر سے عبدالجبار بن نافع روایت کرتے ہیں؛ اس کو روایت کرنے میں عباس بن فضل اکیلے ہیں۔

**4635** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت

---

4633- اخرجه الترمذی: الأحكام جلد 3 صفحه 608 رقم الحديث: 1329، وقال: حسن غريب . وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 28 رقم الحديث: 11180 .

4634- اخرجه البخاری: الأذان جلد 2 صفحه 306 رقم الحديث: 780، ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 307 .

4635- اسناده فيه: أ- العباس بن الفضل بن عمرو بن عبيد الأنصاری الواقفی متروك . ب- سليمان بن أرقم متروك . وقال الهيثمی فی المجمع جلد 7 صفحه 157: وفيه سليمان بن أرقم، وهو ضعيف . قلت: بل هو متروك، وفی السند متروك آخر كما تقدم .

Marfat.com

عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ وَحْيًا قَطُّ عَلَى نَبِيٍّ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ اِلَّا بِالْعَرَبِيَّةِ، ثُمَّ يَكُونُ هُوَ بَعْدُ يُبَلِّغُهُ قَوْمَهُ بِلِسَانِهِ

میں میری جان ہے! اللہ عزوجل نے ہر نبی پر وحی عربی زبان میں نازل کی ہے پھر وہ اس کے بعد اپنی قوم میں ان کی زبان میں پہنچاتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ اَرْقَمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث زہری سے سلیمان بن ارقم روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں عباس بن فضل روایت کرتے ہیں۔

**4636** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ كَانَ يَقْرَاُ: (قُلُوبُنَا غُلُفٌ) مُثَقَّلَةً: اَوْعِيَةٌ لِلْحِكْمَةِ قَالَ: قَالَتِ الْيَهُودُ حِينَ دَعَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَتَعَلَّمُوا الْحِكْمَةَ: كَيْفَ نَتَعَلَّمُ وَقُلُوبُنَا اِنَّمَا هِيَ غُلُفٌ مُحْكَمَةٌ؟ اَيْ: اَوْعِيَةٌ لِلْحِكْمَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ "قلوبنا غلف" پڑھتے تھے کہ اس سے مراد سخت دل ہونا، حکمت سے خالی ہونا ہے۔ یہود کہتے تھے: جس وقت رسول اللہ ﷺ ان کو بلاتے تھے حکمت سکھانے کے لیے وہ کہتے: ہم کیسے سیکھیں! ہمارے دلوں میں پردہ ہے یعنی حکمت سے خالی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ اَرْقَمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث زہری سے سلیمان بن ارقم روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں عباس بن فضل اکیلے ہیں۔

**4637** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَرَاَ رَجُلَانِ مِنَ الْاَنْصَارِ سُورَةً، اَقْرَاَهُمَا

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انصار کے دو آدمیوں نے ایک سورۃ پڑھی دونوں کو رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی تھی وہ دونوں اس کو پڑھتے رہتے تھے دونوں ایک دن کھڑے ہوئے اور اس سورۃ کو نماز

**4636**- اسناده فيه: أ- العباس بن الفضل بن عمرو بن عبيد الأنصاري الواقفي متروك . ب- سليمان بن أرقم متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد7صفحه157: وفيه سليمان بن أرقم وهو متروك .

**4637**- اسناده فيه: أ- العباس بن الفضل متروك . ب- سليمان بن أرقم متروك .

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَا يَقْرَآنِ بِهَا، فَقَامَا ذَاتَ لَيْلَةٍ يُصَلِّيَانِ بِهَا، فَلَمْ يَقْدِرَا مِنْهَا عَلَى حَرْفٍ، فَأَصْبَحَا غَادِيَيْنِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَا لَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا مِمَّا نُسِخَ وَأُنْسِيَ، فَالْهُوا عَنْهَا فَكَانَ الزُّهْرِيُّ، يَقْرَأُ: (مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنْسِهَا) (البقرة:106) بِضَمِّ النُّونِ خَفِيفَةً

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ أَرْقَمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ

**4638** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: نَا أَبِي قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَرْقَمَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ قَيْسٍ الْأَعْرَجِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: (فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا) (البقرة:158) مُثَقَّلٌ: فَمَنْ تَرَكَهُ فَلَا بَأْسَ عَلَيْهِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: لَيْسَ كَمَا قَالَ: لَوْ كَانَتْ كَمَا قَالَ لَكَانَتْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَلَّا يَطَّوَّفَ بِهِمَا، ثُمَّ قَالَتْ: إِنَّهُ كَانَ عَلَى الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ صَنَمَانِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، يَطُوفُونَ بَيْنَهُمَا، فَلَمَّا هَدَمَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا هَدَمَ الْأَصْنَامَ تَحَرَّجَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَطَّوَّفُوا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَقَالُوا: إِنَّا كُنَّا نَطُوفُ مِنْ أَجْلِ الصَّنَمَيْنِ فَقَدْ هَدَمَهُمَا اللّٰهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ

میں پڑھ رہے تھے' لیکن اس کے ایک حرف پر قدرت نہیں رکھتے تھے۔ دونوں صبح حضور ﷺ کے پاس آئے اور دونوں نے اس کا ذکر کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ منسوخ یا بھلا دی گئی ہوگی' دونوں نے اس کو یاد کیا۔ حضرت زہری اس طرح پڑھتے تھے: ''ما ننسخ من ایة او ننسھا'' نون کے ضمہ خفیف کے ساتھ۔

یہ حدیث زہری سے سلیمان بن ارقم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں العباس اکیلے ہیں۔

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ''فلا جناح علیه ان یطوف بهما'' میں مثقل (مشدد) ہے' جو اس کو چھوڑے تو اس پر کوئی حرج نہیں ہے' یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: ایسے نہیں ہے جس طرح حضرت ابن عباس فرماتے ہیں' اگر ایسے ہوتا تو ''فلا جناح علیه ان یطوف بهما'' ہوتا' پھر فرمایا: صفا و مروہ پر جاہلیت کے زمانہ میں دو بت تھے۔ ان دونوں کے درمیان طواف کیا جاتا تھا' جب رسول اللہ ﷺ نے دونوں کو گرا دیا جس طرح دیگر بتوں کو گرایا' حضور ﷺ کے صحابہ نے صفا و مروہ کے درمیان طواف کرنے کو حرج قرار دیا اور انہوں نے کہا: ہم دو بتوں کی خاطر طواف کریں' اللہ عزوجل نے دونوں کو گرا دیا ہے' تو اللہ عزوجل نے نازل فرمایا: ''ان الصفا والمروة من شعائر

**4638**- قال الهیثمی فی المجمع جلد3 صفحه 251: وفیه العباس بن الفضل الأنصاری، وهو متروك.

Marfat.com

مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ (البقرة: 158 ) اَیْ: مِنْ مَنَاسِكِ الْحَجِّ، فَلَا تَحَرَّجُوا اَنْ يَطَّوَّفَ بَيْنَهُمَا

الـلّٰـه ''یعنی حج کے مناسک سے ہے'ان دونوں کے طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

**4639** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ نَافِعٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، وَجَعْفَرُ بْنُ اِيَاسٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَاِذَا سَمِعُوا مَا اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُولِ تَرَى اَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ﴾ (المائدة: 83 ) قَالَ: اِنَّهُمْ كَانُوا نَوَّانِينَ يَعْنِي: مَلَّاحِينَ، قَدِمُوا مَعَ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ مِنَ الْحَبَشَةِ، فَلَمَّا قَرَاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، آمَنُوا وَفَاضَتْ اَعْيُنُهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَلَّكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَى اَرْضِكُمُ انْتَقَلْتُمْ عَنْ دِينِكُمْ . فَقَالُوا: لَنْ نَنْقَلِبَ عَنْ دِينِنَا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ ذَلِكَ مِنْ قَوْلِهِمْ

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل کے اس ارشاد کہ جب وہ سنتے ہیں جو رسول اللہ پر نازل کیا گیا ہے تو ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑتے ہیں' یعنی وہ خوش طبع و نرم مزاج ہیں جو حضرت جعفر بن ابی طالب کے ساتھ حبشہ کی سرزمین سے آئے تھے جب حضور ﷺ نے ان پر قرآن پڑھا تو وہ ایمان لائے اور ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ہوسکتا ہے کہ جب تم اپنے ملک واپس جاؤ تو تم اپنے دین سے پلٹ جاؤ' انہوں نے عرض کی: ہم ہرگز دین سے نہیں پلٹیں گے' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی (واذا سمعوا الخ)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ وَاَبِي بِشْرٍ اِلَّا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ نَافِعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث قتادہ اور ابوبشر سے عبدالجبار بن نافع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عباس بن فضل اکیلے ہیں۔

**4640** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

**4639**- اسناده فيه: العباس بن الفضل متروك . تخريجه: الطبراني في الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 20: وفيه العباس بن الفضل الأنصاري' وهو ضعيف .

**4640**- أخرجه مسلم: الصيام جلد 2 صفحه 822' وأبو داؤد: الصوم جلد 2 صفحه 336 رقم الحديث: 2433' والترمذي: الصوم جلد 3 صفحه 123 رقم الحديث: 759' وابن ماجة: الصيام جلد 1 صفحه 547 رقم الحديث: 1716' والدارمي: الصوم جلد 2 صفحه 34 رقم الحديث: 1754' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 486 رقم الحديث: 23594 .

Marfat.com

شَبِيبٍ الْقُرَشِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجَزَرِيُّ قَالَ: نَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ، وَسِتًّا مِنْ شَوَّالَ فَقَدْ صَامَ الدَّهْرَ

نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے رمضان کے مکمل اور شوال کے چھ روزے رکھے' اس کو مکمل سال کے روزے رکھنے کا ثواب ملے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ

یہ حدیث روح سے مخلد بن یزید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں فضل بن یعقوب اکیلے ہیں۔

**4641** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَبِيبٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا اَبِي، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ الْمُحَرَّرِ بْنِ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَنَى لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

حضرت محرر بن ابو ہریرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی تو اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُحَرَّرِ بْنِ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا عَطَاءٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ

یہ حدیث محرر بن ابو ہریرہ سے عطاء روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مثنیٰ بن جناح اکیلے ہیں۔

**4642** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَبِيبٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا بَكَّارُ بْنُ الْوَلِيدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے رکھے اور اس

---

**4641**- اسناده فيه: المثنى بن الصباح اليمانى الأنبارى وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **11**: وفيه المثنى بن الصباح ضعفه يحيى القبطان وغيره ووثقه ابن معين في احدى الروايات ( ا )ثبت في الأصل (حبيب)، والتصويب في الاسناد قبله .

**4642**- اسناده فيه: يحيى بن سعيد المازنى الفارسى، قال ابن عدى: روى عن الثقات البواطيل، وقال الذهبي: تركوه (اللسان جلد **6** صفحه **258**، والمغنى جلد **2** صفحه **735**) . وقال الهيثمي في المجمع جلد **3** صفحه **187**: وفيه يحيى بن سعيد المازنى وهو متروك .

Marfat.com

الضَّبِّيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْمَازِنِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ فَاَتْبَعَهُ سِتًّا مِنْ شَوَّالٍ، صَامَ السَّنَةَ كُلَّهَا

کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے تو اس کے لیے مکمل سال روزے رکھنے کا ثواب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْمَازِنِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكَّارُ بْنُ الْوَلِيدِ الضَّبِّيُّ، وَاَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے یحییٰ بن سعید المازنی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بکار بن الولید الضبی' ابوالعباس بن بکارا کیلے ہیں۔

**4643** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُنَيْسٍ الدِّمْيَاطِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَطَاءٍ الْبَلْقَاوِيُّ قَالَ: نَا هَانِءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَرُدَيْحُ بْنُ عَطِيَّةَ، اَنَّهُمَا سَمِعَا اِبْرَاهِيمَ بْنَ اَبِي عَبْلَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اُمَّ الدَّرْدَاءِ، تَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ، يَقُولُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ وَهُوَ ثَانٍ رِجْلَهُ، قَبْلَ اَنْ يَتَكَلَّمَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، عَشْرَ مَرَّاتٍ كُتِبَ لَهُ بِكُلِّ مَرَّةٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَمُحِيَ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ، وَرُفِعَ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ، وَكُنَّ لَهُ فِي يَوْمِهِ ذَلِكَ حِرْزًا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، وَحِرْزًا مِنْ كُلِّ مَكْرُوهٍ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے فجر کی نماز کے بعد پاؤں بچھائے ہوئے ہونے کی حالت میں اور کلام کرنے سے پہلے لا الہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ الی آخرہٖ' دس مرتبہ پڑھا تو ہر مرتبہ کے بدلے دس نیکیاں لکھی جائیں گی اور دس گناہ معاف کیے جائیں گے' دس درجات بلند کیے جائیں گے' اس دن اسے شیطان مردود سے پناہ میں رکھا جائے گا' ہر ناپسند شے سے محفوظ رکھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ اِلَّا هَانِءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَرُدَيْحُ بْنُ عَطِيَّةَ، تَفَرَّدَ

یہ حدیث ابراہیم بن ابوعبلہ سے ھانی بن عبدالرحمٰن اور ردیح بن عطیہ روایت کرتے ہیں' اس کو

**4643**- اسناده فيه: موسى بن محمد بن عطاء البلقاوى وهو متروك . وعزاه الهيثمى فى المجمع جلد10صفحه111 الى الطبرانى فى الكبير' وقال: وفيه موسى بن محمد بن عطاء البلقاوى وهو متروك .

Marfat.com

بِهِ: مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ

روایت کرنے میں موسیٰ بن محمد اکیلے ہیں۔

**4644** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُنَيْسٍ الدِّمْيَاطِيُّ قَالَ: نَا اَبُو اَسْلَمَ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الرُّعَيْنِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَصْحَابِ الْاَعْرَافِ، فَقَالَ: هُمْ رِجَالٌ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَهُمْ عُصَاةٌ لِآبَائِهِمْ، فَمَنَعَتْهُمُ الشَّهَادَةُ اَنْ يَدْخُلُوا النَّارَ، وَمَنَعَتْهُمُ الْمَعْصِيَةُ اَنْ يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ، فَهُمْ عَلَى سُورٍ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ حَتَّى تَذْبُلَ لُحُومُهُمْ وَشُحُومُهُمْ حَتَّى يَفْرُغَ اللَّهُ مِنْ حِسَابِ الْخَلَائِقِ، فَاِذَا فَرَغَ اللَّهُ مِنْ حِسَابِ خَلْقِهِ، فَلَمْ يَبْقَ غَيْرُهُمْ تَغَمَّدَهُمُ اللَّهُ بِرَحْمَتِهِ، فَاَدْخَلَهُمُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِهِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اصحابِ اعراف والوں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے لیکن اپنے والدین کے نافرمان تھے۔ تو ان کے کلمہ شہادت نے ان کو جہنم میں داخل ہونے سے روک لیا اور والدین کی نافرمانی نے ان کو جنت میں داخل ہونے سے روک دیا۔ وہ جنت و دوزخ کے درمیان والی دیوار پر رہیں گے یہاں تک کہ ان کے گوشت اور چربی کم ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ مخلوقات کے حساب سے فارغ ہو جائے گا۔ پس جب اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کے حساب سے فارغ ہو گا تو اُن کے علاوہ حساب والا اور کوئی باقی نہ ہو گا تو اللہ کی رحمت انہیں ڈھانپ لے گی اور اپنی رحمت سے اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں داخل کر دے گا۔

**4645** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُنَيْسٍ الدِّمْيَاطِيُّ قَالَ: نَا اَبُو اَسْلَمَ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الرُّعَيْنِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نجاشی کی وفات کی خبر ہوئی تو آپ نے صحابہ کرام کو فرمایا: نکلو اپنے بھائی کی نمازِ جنازہ پڑھو جس کو تم نے دیکھا نہیں ہے۔ ہم نکلے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

**4644**- اسناده فيه: ابو اسلم محمد بن مخلد وهو منكر الحديث . وقال الهيثمي في المجمع جلد**7**صفحه**26**: وفيه محمد بن مخلد الرعيني' وهو ضعيف . قلت: بل هو منكر الحديث' قال ابن عدى: منكر الحديث عن كل ما روى عنه' وقال الدارقطني: متروك الحديث . (اللسان جلد**5**صفحه**375**' والميزان جلد**4**صفحه**32**) اخرجه ايضًا في الطبراني في الصغير .

**4645**- قال الهيثمي في المجمع جلد **3**صفحه**42**: وفيه عبد الرحمن بن ابي الزناد (عبد الرحمن بن زيد) وهو ضعيف . قلت: وفيه ايضًا ابو اسلم وهو متروك كما تقدم .

Marfat.com

الْخُدْرِيِّ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَاةُ النَّجَاشِيِّ قَالَ: اخْرُجُوا، فَصَلُّوا عَلَى أَخٍ لَكُمْ لَمْ تَرَوْهُ قَطُّ، فَخَرَجْنَا، وَتَقَدَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَفَّنَا خَلْفَهُ، فَصَلَّى وَصَلَّيْنَا، فَلَمَّا انْصَرَفْنَا قَالَ الْمُنَافِقُونَ: انْظُرُوا إِلَى هَذَا، خَرَجَ يُصَلِّي عَلَى عِلْجٍ نَصْرَانِيٍّ لَمْ يَرَهُ قَطُّ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَنْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِمْ خَاشِعِينَ لِلّٰهِ لَا يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيلًا) (آل عمران: 199) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

آگے نکلے ہم نے آپ ﷺ کے پیچھے صفیں بنائیں تو آپ نے نماز پڑھائی ہم نے نماز پڑھی جب ہم نے سلام پھیرا تو منافقوں نے کہا: ان کی طرف دیکھو! یہ ایک نصرانی کی نمازِ جنازہ پڑھ رہے ہیں جسے انہوں نے کبھی دیکھا نہیں ہے۔ تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: اہل کتاب میں سے کچھ اللہ اور جو آپ پر نازل کیا گیا ہے اور جو ان کی طرف نازل کیا گیا تھا اللہ سے ڈرتے ہوئے اس پر ایمان رکھتے ہیں اللہ کی آیتوں کو تھوڑی قیمت کے بدلے نہیں خریدتے ہیں۔

**4646** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُنَيْسٍ الدِّمْيَاطِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الرُّعَيْنِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ شَرِبَ الْمَاءَ عَلَى الرِّيقِ انْتَقَصَتْ قُوَّتُهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: پانی منہ نہار پیا اس کی قوت کم ہوگئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهَا: أَبُو أَسْلَمَ

یہ تمام احادیث زید بن اسلم سے ان کے بیٹے عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابواسلم اکیلے ہیں۔

**4647** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

---

**4646**- قال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه89: وفيه محمد بن مخلد الرعيني وهو ضعيف . قلت: بل هو متروك كما تقدم .

**4647**- اسناده فيه: أ- أصرم بن حوشب متروك . ب - اسحاق بن واصل الضبي قال الذهبي من الهلكي (اللسان جلد1 صفحه377' والميزان جلد1صفحه202) . وقال الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه91: وفيه أصرم بن حوشب وهو متروك الحديث . قلت: وفيه أيضًا اسحاق بن واصل وهو هالك . أخرجه أيضًا في الطبراني في الصغير . (١)وقع في الأصل (عبيد الله بن جريد بن أعين البغدادي)' والتصويب من تاريخ بغداد جلد10صفحه345 .

Marfat.com

اَعْيَنَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ قَالَ: نَا اَصْرَمُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ وَاصِلٍ الضَّبِّيُّ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: اَتَى عَبَّاسٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَتَيْتُ قَوْمًا يَتَحَدَّثُونَ، فَلَمَّا رَاَوْنِي سَكَتُوا، وَمَا ذٰلِكَ اِلَّا اَنَّهُمُ اسْتَثْقَلُونِي . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَقَدْ فَعَلُوهَا؟ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُهُمْ حَتّٰى يُحِبَّكُمْ لِحُبِّي، يَرْجُونَ اَنْ يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِي، وَلَا تَرْجُوهَا بَنُو عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ .

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے آ کر کہا: اے اللہ کے رسول! میں ایک قوم کے پاس آیا' وہ باتیں کر رہے تھے۔ جب انہوں نے مجھے دیکھا تو خاموش ہو گئے۔ اور یہ اس وجہ سے کیا کہ انہوں نے مجھے اپنی محفل میں بوجھ سمجھا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: واقعی انہوں نے ایسا کیا ہے؟ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ان میں سے کوئی اس وقت تک کامل مؤمن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ میری محبت کی وجہ سے وہ تم سے محبت کرے۔ میری شفاعت سے وہ جنت کے داخلے کی اُمید رکھتے ہیں۔ اے بنو عبدالمطلب! تم جنت کے امیدوار مت بنو۔

یہ حدیث عبداللہ بن جعفر سے اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

**4648** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: نَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: أُرِيتُ مَا تَلْقَى أُمَّتِي بَعْدِي، وَيَسْفِكُ بَعْضُهُمْ دِمَاءَ بَعْضٍ، وَسَبَقَ ذَلِكَ مِنَ اللَّهِ كَمَا سَبَقَ فِي الْأُمَمِ قَبْلَكُمْ، فَسَأَلْتُهُ أَنْ يُوَلِّيَنِي شَفَاعَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيهِمْ، فَفَعَلَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا شُعَيْبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الْيَمَانِ

**4649** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو أَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا أَبُو مُسْهِرٍ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا عِمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ قَالَ: صَلَّى لَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ صَلَاةَ الْمَغْرِبِ، فَسَلَّمَ مِنَ اثْنَتَيْنِ، ثُمَّ قَامَ يَسْتَلِمُ الْحَجَرَ، فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللَّهِ فَالْتَفَتَ إِلَيْهِمْ، فَقَالَ: أَمَا لَوْ أَنَّا أَتْمَمْنَا لَكُمْ صَلَاتَكُمْ، فَأَشَارُوا إِلَيْهِ إِنَّكَ لَمْ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام عبدالرحمٰن ہے

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: مجھے دکھایا گیا میرے بعد میری اُمت جس سے ملے گی۔ یہ ایک دوسرے کا خون بہائیں گے' یہ بھی اللہ کی طرف لکھا جا چکا ہے' جس طرح پہلی اُمتوں کے لیے لکھا گیا ہے' میں نے ان کے لیے شفاعت کی اجازت مانگی' قیامت کے دن تو اللہ نے اجازت دی۔

یہ حدیث زہری سے شعیب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابو یمان اکیلے ہیں۔

حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت عبداللہ بن زبیر نے نماز پڑھائی' دو رکعتوں پر سلام پھیر دیا' پھر آپ کھڑے ہوئے اور حجر اسود کو استلام کیا' لوگوں نے کہا: اللہ پاک ہے' آپ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا میں نے تمہاری نماز مکمل نہیں کی ہے؟ انہوں نے اشارہ کیا کہ آپ نے ایسے نہیں کیا ہے' پس آپ واپس آئے اور ایک رکعت

---

**4648**- اسناده صحيح . تخريجه أحمد: المسند جلد 6 صفحه 454 رقم الحديث: 27477 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 227: ورجالهما رجال الصحيح .

**4649**- اسناده فيه: يزيد بن يوسف الرحبي أبو يوسف ضعيف' ضعفه ابن معين' وأبو داؤد' وأبو حاتم وغيرهم' وقال النسائي والأزدي: متروك' وقال البزار: لا بأس به . وذكره الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 153 وقال: رواه أحمد' والبزار' والطبراني في الكبير والأوسط' ورجال أحمد رجال الصحيح .

Marfat.com

تَـفْعَلُ، فَرَجَعَ فَصَلَّى الرَّكْعَةَ الَّتِي بَقِيَتْ، ثُمَّ تَشَهَّدَ وَسَلَّمَ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ مِنْ بَعْدِ مَا سَلَّمَ، فَاَتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: مَا اَمَاطَ عَنْ سَنَةِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پڑھائی جورہ گئی تھی' پھر التحیات پڑھی اور سلام پھیرا اور سلام کے بعد دو سجدے کیے۔ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: ابن زبیرؓ سنت رسول ﷺ سے نہیں پھرے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مُسْهِرٍ

یہ حدیث عمارہ بن غزیہ سے یزید بن یوسف روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابومسہر اکیلے ہیں۔

**4650** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الصَّلَاةِ فِي ثَلَاثِ سَاعَاتٍ: عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ حَتَّى تَطْلُعَ، وَنِصْفِ النَّهَارِ، وَعِنْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے تین اوقات میں نماز پڑھنے سے منع کیا ہے: (۱) طلوعِ شمس کے وقت طلوع ہونے تک (۲) زوال کے وقت (۳) غروبِ شمس کے وقت۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث یونس سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

**4651** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِي بَكْرَةَ اَخْبَرَهُ . اَنَّ اَبَا بَكْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے چاندی کی بیع چاندی کے بدلے کرنے سے منع فرمایا مگر چاندی کے بدلے چاندی برابر برابر جائز قرار دی' اور سونے کی بیع سونے کے بدلے منع فرمائی مگر برابر برابر کو جائز قرار دیا۔ اور حضور ﷺ نے فرمایا:

**4650**- اسناده صحيح . وقال الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **231**: وفيه ابن لهيعة' وفيه كلام . قلت: وابن لهيعة ليس في اسناد هذا الحديث .

**4651**- اخرجه البخاري: البيوع جلد **4** صفحه **448** رقم الحديث: **2182**' ومسلم: المساقاة جلد **3** صفحه **1213** .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ، اِلَّا عَيْنًا بِعَيْنٍ، سَوَاءً بِسَوَاءٍ، وَعَنْ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ، اِلَّا عَيْنًا بِعَيْنٍ، وَسَوَاءً بِسَوَاءٍ، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِيعُوا الذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ كَيْفَ شِئْتُمْ، وَالْفِضَّةَ بِالذَّهَبِ كَيْفَ شِئْتُمْ

سونے کو چاندی کے بدلے فروخت کرو جس طرح تم چاہو اور چاندی کو سونے کے بدلے فروخت کرو جس طرح تم چاہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ

یہ حدیث یحییٰ بن ابوکثیر سے معاویہ بن سلام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن صالح الوحاظی اکیلے ہیں۔

**4652** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَلْجَجَ فِي اَهْلِهِ يَمِينًا، فَهُوَ اَعْظَمُ اِثْمًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنی بیوی کے قریب نہ جانے کی قسم کھائی اور کفارہ ادا کر کے قسم کو ختم نہ کیا' وہ بہت بڑا گناہگار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ

یہ حدیث یحییٰ بن ابوکثیر سے معاویہ بن سلام روایت کرتے ہیں۔

**4653** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نَا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ قَالَ: نَا عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ النَّمِيمَةَ وَالْحِقْدُ فِي النَّارِ لَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چغلی اور بغض دوزخ کا ایندھن ہیں' مسلمان کے دل میں موجود نہیں ہو سکتے۔

**4652**- اخرجه البخاری: الأیمان والنذور جلد **11** صفحه **526** رقم الحدیث: **6626**' والبیهقی فی الکبری جلد **10** صفحه **58** رقم الحدیث: **19854** .

**4653**- اسناده فیه: عفیر بن معدان الحمصی المؤذن وهو ضعیف' وقال الهیثمی فی المجمع جلد **1** صفحه **105**: وفیه عفیر بن معدان أجمعوا علی ضعفه .

Marfat.com

يَجْتَمِعَانِ فِي قَلْبِ مُسْلِمٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ اِلَّا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث عطاء بن ابی رباح سے عفیر بن معدان روایت کرتے ہیں' ابن عمر سے یہ اسی سند سے روایت ہے۔

**4654** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ حِينَ يَسْمَعُ النِّدَاءَ: بِحَقِّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ، وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُودَ الَّذِي وَعَدْتَهُ، حَلَّتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اذان سننے کے بعد یہ دعا پڑھی: ''اللّٰھم رب ھذہ الدعوۃ الٰی آخرہٖ'' اس کے لیے قیامت کے دن میری شفاعت حلال ہو جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے شعیب بن ابی حمزہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن عیاش اکیلے ہیں' حضرت جابر سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4655** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، وَاَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَا: نَا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ، عَنْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی مؤمنہ لونڈی کو آزاد کیا تو اللہ عزوجل اس آزاد کرنے والے کے ہر جوڑ کو اس آزاد کردہ غلام کے جوڑوں کے بدلے جہنم سے آزاد

4654- اخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 112 رقم الحديث: 614' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 143 رقم الحديث: 529' والترمذي: الصلاة جلد 1 صفحه 413 رقم الحديث: 211' والنسائي: الأذان جلد 2 صفحه 22 (باب الدعاء عند الأذان)' وابن ماجة: المساجد جلد 1 صفحه 239 رقم الحديث: 722' وأحمد: المسند جلد 30 صفحه 434 رقم الحديث: 14829 .

4655- اخرجه البخاري: كفارات الأيمان جلد 11 صفحه 607 رقم الحديث: 6715' ومسلم: العتق جلد 2 صفحه 1147 ولفظه لمسلم .

Marfat.com

سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَعْتَقَ رَقَبَةً مُؤْمِنَةً اَعْتَقَ اللّٰهُ كُلَّ اِرْبٍ مِنْهُ بِاِرْبٍ مِنْهَا مِنَ النَّارِ

کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث سلیمان بن یسار سے عبدالرحمٰن بن ابان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عطاف بن خالد اکیلے ہیں۔

**4656** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ عُثْمَانَ الْمُقْرِئُ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَسَّلَهُ . قُلْتُ: وَكَيْفَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ يُعَسِّلُهُ؟ قَالَ: يُوَفِّقُهُ لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ مَوْتِهِ بِسَنَةٍ، فَيَقْبِضُهُ عَلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ عزوجل کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو عسلہ کرنے دیتا ہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! عسلہ سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: ایک سال مرنے سے پہلے نیک عمل کی توفیق دیتا ہے' اس کے بعد اس کی روح نکالتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن صالح اکیلے ہیں۔

**4657** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ قَالَ: نَا شَيْبَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: اَمْلَى عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت لکھوائی: ''لقد خلقنا الانسان من سلالة من طين '' آخر تک۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل بابرکت

**4656**- اسناده فيه: يونس بن عثمان المقرى أبو شعبة الحمصى' ترجمه البخارى' وابن أبى حاتم' وسكتا عنه' وذكره ابن حبان فى الثقات' وقال: يعتبر من غير رواية يحيى بن سعيد العطار عنه . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 7 صفحه 218: ورجاله رجال الصحيح غير يونس بن عثمان وهو ثقة . قلت: وفيه أيضًا راشد بن سعد وهو ليس من رجال الصحيح' لكنه ثقة . (۱) ثبت فى الأصل (عمر)' والتصويب من الجرح والتعديل جلد4 صفحه243 .

**4657**- اسناده فيه: جابر بن يزيد الجعفى وهو ضعيف رافضى . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 7 صفحه75: وفيه جابر الجعفى' وهو ضعيف وقد وثق' وبقية رجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

الْآيَةَ: (وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلَالَةٍ مِنْ طِينٍ) (المؤمنون: 12 ) اِلَى (ثُمَّ اَنْشَاْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ) (المؤمنون: 14 )، فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ: فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِينَ، فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ مُعَاذٌ: مِمَّ ضَحِكْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِهَا خُتِمَتْ (فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِينَ) (المؤمنون: 14 )

ہے! سب سے اچھا پیدا کرنے والا ہے۔ حضورﷺ مسکرائے' حضرت معاذ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اس طرح ختم ہونے پر کہ اللہ بابرکت ہے' سب سے اچھا پیدا کرنے والا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: آدَمُ

یہ حدیث زید بن ثابت سے اسی سند سے روایت ہے'اس کو روایت کرنے میں آدم اکیلے ہیں۔

**4658** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ قَالَ: نَا اَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: خَمْسُ صَلَوَاتٍ افْتَرَضَهُنَّ اللّٰهُ عَلَى عِبَادِهِ، فَمَنْ اَحْسَنَ وُضُوءَ هُنَّ وَصَلَّاهُنَّ لِوَقْتِهِنَّ، وَاَتَمَّ رُكُوعَهُنَّ وَسُجُودَهُنَّ وَخُشُوعَهُنَّ، كَانَ لَهُ عَهْدٌ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَغْفِرَ لَهُ، وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ فَلَيْسَ لَهُ عَلَى اللّٰهِ عَهْدٌ، اِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ وَاِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ پانچ نمازیں اللہ عزوجل نے اپنے بندوں پر فرض کی ہیں' جس نے اچھا وضو کیا اور ان نمازوں کو ان کے وقت پر ادا کیا اور ان نمازوں کے رکوع و سجود اور خشوع مکمل کیا تو اللہ کے ہاں ان کا معاہدہ ہے کہ ایسا کرنے والوں کو بخش دے گا' جو ایسا نہیں کرے گا تو اللہ کے ہاں کوئی معاہدہ نہیں ہے ان کے بخشنے کا' اگر وہ چاہے تو عذاب دے اگر چاہے تو معاف کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا اَبُو غَسَّانَ وَهِشَامُ بْنُ سَعْدٍ

اس حدیث کو زید بن اسلم سے صرف ابوغسان اور ہشام بن سعد نے روایت کیا ہے۔

4658- اخرجه ابو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 113 رقم الحديث: 425' والنسائي: الصلاة جلد 1 صفحه 186 (باب المحافظة على الصلوات الخمس)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 448 رقم الحديث: 1401' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 373 رقم الحديث: 22770 .

Marfat.com

4659 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ: نَا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ، وَإِذَا اَحَالَكَ عَلَى مَلِيءٍ فَاحْتَلْ، وَلَا تَقْرَبُوا حَبَالَى السَّبْيِ حَتَّى يَضَعْنَ، وَلَا تَسْلِمُوا فِي ثَمَرَةٍ حَتَّى يَأْمَنَ عَلَيْهَا صَاحِبُهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مالدار کا قرض وغیرہ دینے سے ٹال مٹول کرنا زیادتی ہے اور جنگی قیدیوں کی حاملہ قیدی عورتوں کے قریب نہ جاؤ یہاں تک کہ حاملہ اپنا بچہ جن لے اور پھلوں کو فروخت نہ کرو یہاں تک کہ وہ پک جائیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ إِلَّا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث حبیب بن عبید سے حریز بن عثمان روایت کرتے ہیں۔

4660 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ: نَا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ، يَرُدُّهُ إِلَى اَبِي بِشْرٍ، وَاَبُو بِشْرٍ يَرُدُّهُ إِلَى عَثَّامَةَ بْنِ قَيْسٍ الْبَجَلِيِّ، وَعَثَّامَةُ يَرُدُّهُ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُفْيَانَ الْاَزْدِيِّ، وَكِلَاهُمَا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ رَجُلٍ يَصُومُ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ إِلَّا بَاعَدَهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ مِقْدَارَ مِائَةِ عَامٍ قَالَ حَبِيبٌ لِاَبِي بِشْرٍ: مِائَتَيْ عَامٍ؟ قَالَ اَبُو بِشْرٍ لِعَثَّامَةَ بْنِ قَيْسٍ: لَقَدْ ظَنَنْتُ ذَلِكَ . فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُفْيَانَ: إِنَّمَا اُحَدِّثُكُمْ بِمَا سَمِعْتُ، لَيْسَ اُحَدِّثُكُمْ بِمَا تُحَدِّثُونِي

حضرت عبداللہ بن سفیان رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ کے صحابی روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو کوئی آدمی اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے ایک دن کا روزہ رکھتا ہے تو اللہ عزوجل اسے جہنم سے ایک سو سال کی مسافت جتنا دور کر دیتا ہے۔ حضرت حبیب نے ابوبشر سے کہا: دو سو سال؟ حضرت ابوبشر نے فرمایا: عثامہ بن قیس کے حوالہ سے بیان کیا کہ میں نے یہ گمان کیا ہے' حضرت عبداللہ بن سفیان نے فرمایا: میں نے جو سنا ہے وہی بیان کیا ہے' جو تم نے مجھ سے بیان کیا ہے وہ میں بیان نہیں کروں گا۔

---

4659- أخرجه البخاري: الحوالة جلد4صفحه542 رقم الحديث: 2287' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1197' بلفظ: مطل الغني ظلم' فاذا أتبع أحدكم على مليء فليتبع . وذكر الحافظ الزيلعي الحديث بلفظه . انظر نصب الراية جلد4صفحه49 .

4660- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3صفحه197 وقال: رواه الطبراني في الأوسط والكبير بنحوه' وأبو بشر لا أعرفه وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ عُبَيْدٍ إِلَّا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُفْيَانَ الْأَزْدِيِّ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث حبیب بن عبید سے حریز بن عثمان روایت کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن سفیان الازدری سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4661** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو أَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ: نَا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ شَبِيبٍ، أَنَّ أَعْرَابِيًّا أَتَى أَبَا هُرَيْرَةَ، فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، حَدِّثْنَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَدَّدَهَا عَلَيْهِ ثَلَاثًا، فَلَمْ يُجِبْهُ أَبُو هُرَيْرَةَ، يَنْكُتُ بِعُودٍ لَهُ لَا يَلْتَفِتُ إِلَيْهِ، فَلَمَّا رَأَى الْأَعْرَابِيُّ ذٰلِكَ وَلَّى، فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ عَلَيَّ بِالرَّجُلِ، فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ: اجْلِسْ . فَقَالَ: أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرَابِيٌّ كَمَثَلِ الْآخَرِ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْكُتُ بِعُودٍ لَهُ كَمَا رَأَيْتَنِي أَنْكُتُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْعَنْ أَهْلَ الْيَمَنِ ثَلَاثًا، وَسَكَتَ عَنْهُ كَمَا فَعَلْتُ بِكَ، ثُمَّ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيْنَ هٰذَا السَّائِلُ الَّذِي سَأَلَنِي أَنْ أَلْعَنَ أَهْلَ الْيَمَنِ؟ فَقَامَ إِلَيْهِ الرَّجُلُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِيمَانَ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ، وَأَجِدُ نَفَسَ رَبِّكُمْ مِنْ قِبَلِ الْيَمَنِ، أَلَا إِنَّ الْكُفْرَ وَالْفُسُوقَ وَقَسْوَةَ الْقَلْبِ فِي الْفَدَّادِينَ، أَصْحَابِ الشَّعَرِ وَالْوَبَرِ يَغْشَاهُمُ الشَّيْطَانُ عَلَى أَعْجَازِ الْإِبِلِ فَقَامَ الرَّجُلُ مُغْضَبًا، فَقَالَ: ارْجِعْ عَلَيَّ أَزِيدُكَ

حضرت شبیب سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی: اے ابوہریرہ! ہمیں نبی کریم ﷺ کی کوئی حدیث سناؤ' اس بیچارے نے تین بار اپنی بات دُہرائی۔ حضرت ابوہریرہ نے اسے کوئی جواب نہ دیا۔ اپنے ہاتھ کی لکڑی لے کر زمین کریدتے رہے۔ اس کی طرف توجہ تک نہ فرمائی۔ پس جب اعرابی نے یہ صورتِ حال دیکھی تو لوٹ گیا۔ تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اس آدمی کو میرے پاس لے آؤ! سو جب وہ اعرابی لوٹ کر آیا تو فرمایا: بیٹھ جاؤ! فرمایا: رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں بھی ایک اعرابی آیا تھا' دوسرے کی مانند اور رسول کریم ﷺ لکڑی سے زمین کرید رہے تھے جو آپ کے پاس تھی جیسے آپ مجھے زمین کریدتا ہوا دیکھ رہے ہیں۔ اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! یمن والوں پر لعنت کیجئے! اس نے یہ بات تین بار دہرائی اور خاموش ہوا' جیسے میں نے تیرے ساتھ سلوک کیا ہے۔ پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اہل یمن پر لعنت کا مطالبہ کرنے والا کہاں ہے؟ ایک آدمی اُٹھ کر آگے ہوا۔ نبی کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: ایمان ہے تو یمنیوں کا ہے' حکمت و دانائی ہے تو یمن کی ہے۔ اور میں تمہارے

**4661**- اخرجه احمد: المسند جلد 2 صفحه 709 رقم الحديث: 10984' والحديث فى الصحيح من غير هذا السياق وبدون ذكر القصة .

Marfat.com

رب کی خاص ہوا' سانس یا خوشبو یمن کی طرف سے چلتی ہوئی محسوس کر رہا ہوں۔ خبردار! کفر' فسق اور دل کی سختی اونٹوں والوں میں ہے۔ بالوں اور دیہات والوں کو شیطان اونٹوں کی دُموں پر غلبہ پالے گا (یعنی وہ ذلیل ہو جائیں گے اور مشقت میں ہوں گے) ایک آدمی غصے ہو کر کھڑا ہوا' اس نے کہا: مجھے واپس کر دو' میں زیادہ کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَبِيبٍ إِلَّا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ

اس حدیث کو شبیب سے' حریز ابن عثمان نے روایت کیا ہے۔

**4662** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو أَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ صُلَيْحٍ الرَّحَبِيُّ، يَرُدُّهُ إِلَى ذِي مِخْمَرٍ، وَكَانَ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَهُ قَالَ: إِنَّا كُنَّا فِي سَرِيَّةٍ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْصَرَفَ، فَأَسْرَعَ السَّيْرَ، وَلَمْ يَكُنْ يَحْمِلُهُ عَلَى ذَلِكَ إِلَّا قِلَّةُ الزَّادِ، وَإِنَّ النَّاسَ تَقَطَّعُوا مِنْ خَلْفِهِ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ النَّاسَ قَدْ تَقَطَّعُوا مِنْ وَرَائِكَ، فَجَلَسَ حَتَّى قَامُوا إِلَيْهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ قَائِلٌ: هَلْ لَكُمْ أَنْ نَهْجَعَ هَجْعَةً؟ إِذْ أَجَابُوهُ إِلَى ذَلِكَ، وَنَزَلَ النَّاسُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَكْلَأُنَا اللَّيْلَةَ؟

خادم نبی حضرت ذومخمر رضی اللہ عنہ نے سن کر کہا کہ ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک سریہ میں تھے' آپ لوٹے اور جلدی کر رہے تھے جس کی وجہ زادِ راہ کی کمی تھی۔ اور آپ کے پیچھے لوگ ایک دوسرے سے جدا ہو رہے تھے۔ ایک آدمی نے ہمت کر کے عرض کرنے کی جسارت کی: اے اللہ کے رسول! پیچھے توجہ فرمائیں! لوگ ایک دوسرے سے کٹ رہے ہیں۔ سو آپ بیٹھ گئے یہاں تک کہ لوگ آ کر آپ کے پاس کھڑے ہوئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا کہنے والے' کیا تمہارے لیے ممکن ہے کہ ہم کچھ پسند کر لیں؟ لوگوں نے اسے قبول کیا اور سب نے پڑاؤ ڈالا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہماری سواری کو کون چرائے گا؟ ذومخمر نے آگے ہو کر کہا: اے اللہ کے رسول! یہ ڈیوٹی میں ادا کروں گا۔

---

**4662**- اسناده حسن فيه: يزيد بن صليح الرحبي ذكره ابن حبان في الثقات جلد **5** صفحه **541**' وقال ابن حجر في التقريب مقبول . واخرجه أيضًا احمد من طريق حريز بالاسناد . وقال الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **323**: ورجال أحمد وكذا رجال الطبراني ثقات .

Marfat.com

فَقَالَ ذُو مِخْمَرٍ: اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَعْطَاهُ خِطَامَ نَاقَتِهِ، وَقَالَ: لَا تَكُنْ لُكَعٌ، فَانْطَلَقْتُ غَيْرَ بَعِيدٍ مُمْسِكًا بِخِطَامِ نَاقَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَاقَتِي، فَخَلَّيْتُ سَبِيلَهُمَا يَرْعَيَانِ، فَغَلَبَتْنِي عَيْنِي، فَمَا اَيْقَظَنِي اِلَّا حَرُّ الشَّمْسِ عَلَى وَجْهِي، فَنَظَرْتُ يَمِينًا وَشِمَالًا فَزِعًا، فَاِذَا اَنَا بِالرَّاحِلَتَيْنِ غَيْرَ بَعِيدٍ، فَاَخَذْتُهُمَا، ثُمَّ جِئْتُ اَدْنَى الْقَوْمِ فَاَيْقَظْتُهُ، ثُمَّ سَاَلْتُهُ: اَصَلَّيْتُمْ؟ فَقَالَ: لَا، فَاَيْقَظَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا حَتَّى اسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا بِلَالُ، هَلْ فِي الْمَيْضَاةِ مَاءٌ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَتَاهُ بِالْمَيْضَاةِ، فَتَوَضَّاَ وُضُوءًا، لَمْ يَلُتَّ مِنْهُ التُّرَابُ، ثُمَّ قَالَ: يَا بِلَالُ، اَذِّنْ وَهُوَ فِي ذَلِكَ غَيْرُ عَجِلٍ فَاَذَّنَ، وَرَكَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، وَهُوَ غَيْرُ عَجِلٍ، ثُمَّ اَمَرَ بِلَالًا، فَاَقَامَ الصَّلَاةَ، فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ غَيْرُ عَجِلٍ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَفْرَطْنَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، قَبَضَ اللّٰهُ اَرْوَاحَنَا، ثُمَّ رَدَّهَا عَلَيْنَا فَصَلَّيْنَا

آپ نے اپنی اونٹنی کی مہار اس کے حوالے کر دی۔ اور فرمایا: سستی کی چادر نہ اوڑھ لینا۔ سو میں نبی کریم ﷺ کی اونٹنی کی مہار تھامے زیادہ دُور نہیں گیا اور میری اپنی اونٹنی بھی میرے پاس تھی۔ میں نے اُن دونوں کو چرنے کے لیے چھوڑ دیا۔ لیکن سوئے اتفاق میرے اوپر نیند غالب آ گیا (میں سوگیا) جب سورج کی کرنیں سیدھا آ کر میرے منہ پر پڑیں تو مجھے جاگ آئی۔ میں سواریوں سے زیادہ پرے نہیں تھا۔ میں نے اُن دونوں کو پکڑا پھر قوم کے قریب آیا۔ میں نے جگایا۔ پھر تھوڑی دیر بعد سوال کیا: تم نے اپنی نمازیں ادا کی ہیں۔ انہوں نے کہا: نہیں! بہرحال لوگوں نے ایک دوسرے کو جگایا یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ بھی جاگے۔ آپ نے فرمایا: اے بلال! کیا لوٹے میں پانی ہے؟ انہوں نے عرض کی: ہاں! اللہ کے رسول! وہ لوٹا لائے تو آپ نے وضو فرمایا جس سے مٹی بھی تر نہیں ہوئی۔ پھر فرمایا: اے بلال! اذان دو۔ آپ جلدی میں نہ تھے۔ انہوں نے اذان دی۔ آپ نے دو رکعت فجر کی ادا کیں' آپ جلدی میں نہ تھے۔ پھر بلال کو اقامت کہنے کا حکم دیا۔ نبی کریم ﷺ نے نماز پڑھائی' آپ کسی جلدی میں نہ تھے۔ کہنے والے نے کہا: اے اللہ کے نبی! کیا ہم نے کمی کی۔ آپ نے فرمایا: نہیں! بس اللہ نے ہماری روحوں کو روک لیا' پھر ہماری طرف لوٹا دیا تو ہم نے اپنی نمازیں ادا کرلیں۔

**4663** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

**4663**- اخرجه ابو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 48 رقم الحديث: 192' والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 90

Marfat.com

زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ آخِرَ الْاَمْرَيْنِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرْكُ الْوُضُوءِ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

کہ دو کاموں سے آخری کام جو رسول اللہ ﷺ نے کیا تھا' وہ یہ تھا کہ آگ سے پکی ہوئی شے کھانے کے بعد آپ نے وضو چھوڑ دیا۔

لَا يَرْوِي هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے شعیب بن ابوحمزہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن عیاش اکیلے ہیں۔

**4664** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْفُضَيْلُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْحَنَفِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: وَضَّاتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِشَهْرٍ، فَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْعِمَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کروایا' آپ کے وصال سے ایک ماہ پہلے' آپ نے موزوں پر اور عمامہ (عمامہ کے نیچے ہاتھ ڈال کر مسح کیا)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْفُضَيْلِ

یہ حدیث سلیمان بن التیمی سے علی بن فضیل روایت کرتے ہیں۔

**4665** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اَبُو الْجُمَاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ اَبِي الْعِشْرِينَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں بدترین چور وہ ہے جو اپنی نماز میں چوری کرتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! نماز میں کیسے چوری کرتا ہے؟ آپ نے

(باب ترك الوضوء مما غيرت النار) .

**4664**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 258 وقال: وفيه علي بن الفضيل بن عبد العزيز' ولم أجد من ذكره .

**4665**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 123 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط' وفيه عبد الحميد ابن حبيب بن أبي العشرين' وثقه أحمد' وأبو حاتم' وابن حبان' وضعفه دحيم' وقال النسائي: ليس بالقوي' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَسْوَاَ النَّاسِ سَرِقَةً الَّذِی يَسْرِقُ صَلَاتَهُ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يَسْرِقُ؟ قَالَ: لَا يُتِمُّ رُكُوعَهَا، وَلَا سُجُودَهَا

فرمایا: وہ رکوع اور سجود مکمل نہیں کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ اِلَّا ابْنُ اَبِی الْعِشْرِينَ

یہ حدیث اوزاعی' یحییٰ سے' وہ ابوسلمہ سے' وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور اوزاعی سے ابن ابی عشرین روایت کرتے ہیں۔

**4666** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَتَكُونُ فِتْنَةٌ، لَا يَهْدَاُ مِنْهَا جَانِبٌ اِلَّا جَاشَ مِنْهَا جَانِبٌ، حَتَّى يُنَادِيَ مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ: اِنَّ اَمِيرَكُمْ فُلَانٌ

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب فتنے ہوں گے' کسی جانب سے کوئی راہنما نہیں ملے گا' مگر غم پائے گا' اس جانب سے آسمان سے ایک آواز دینے والا آواز دے گا کہ تمہارا امیر فلاں ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ طَلْحَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث طلحہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**4667** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَائِذٍ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْمُطْعِمِ بْنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: خَرَجْتُ اِلَى الْغَزْوِ وَصَاحِبٌ لِی وَشَيَّعَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، فَلَمَّا اَرَادَ فِرَاقَنَا قَالَ: لَيْسَ مَعِی مَالٌ اُعْطِيكُمَا، وَلَكِنِّی

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں ایک جہاد کے لیے نکلا اور میرا ساتھی بھی' ہم سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ملے' جب آپ نے ہم سے جدا ہونے کا ارادہ کیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میرے پاس مال نہیں جو میں تم کو دوں لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ

**4666**- اسناده فيه: المثنى بن الصباح اليمانی وهو ضعيف . وقال الهيثمی فی المجمع جلد**7**صفحه**319**: وفيه المثنى بن الصباح' وهو متروك' ووثقه ابن معين' وضعفه ايضًا .

**4667**- اخرجه البيهقی فی الكبرى جلد**9**صفحه**291** رقم الحديث: **18577** .

Marfat.com

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ إِذَا اسْتُودِعَ شَيْئًا حَفِظَهُ، وَإِنِّي اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِينَكُمَا وَاَمَانَتَكُمَا، وَخَوَاتِيمَ اَعْمَالِكُمَا

کوفرماتے ہوئے سنا: بے شک اللہ عزوجل اس شے کی حفاظت کرتا ہے' جب کوئی شے اس کے سپرد کی جائے' میں تمہارے دین اور تمہاری امانتوں اور تمام اعمال کے خواتم کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُطْعِمِ إِلَّا ابْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث مطعم سے ابن حمید روایت کرتے ہیں۔

**4668** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ مُوسَى الدِّمَشْقِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَسَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَحَبَ ثِيَابَهُ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ، فَقَالَ اَبُو رَيْحَانَةَ: وَاللّٰهِ، لَقَدْ اَمْرَضَنِي مَا حَدَّثْتَنَا بِهِ، فَوَاللّٰهِ اِنِّي لَاُحِبُّ الْجَمَالَ حَتّٰى اِنِّي لَاَجْعَلُهُ فِي شِرَاكِ نَعْلِي، وَعَلَاقِ سَوْطِي، اَفَمِنَ الْكِبْرِ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ، وَيُحِبُّ اَنْ يَرَى اَثَرَ نِعْمَتِهِ عَلَى عَبْدِهِ، وَلٰكِنَّ الْكِبْرَ مَنْ سَفِهَ الْحَقَّ، وَغَمَصَ النَّاسَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے اپنے کپڑے کو گھسیٹا تو اللہ عزوجل اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا۔ حضرت ابو ریحانہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! جو آپ نے ہمیں بیان کیا اس نے مجھے بیمار کر دیا ہے؟ اللہ کی قسم! میں خوبصورت رہنے کو پسند کرتا ہوں' میں پسند کرتا ہوں کہ اچھی جوتی' اچھی چھڑی کو' کیا یہ تکبر ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے' وہ پسند کرتا ہے کہ اپنی نعمت کا اثر اپنے بندے پر دیکھے' تکبر یہ ہے کہ حق کو جھٹلانا اور لوگوں کو حقیر جاننا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَسَانِيِّ إِلَّا عِيسَى بْنُ مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

یہ حدیث عطاء الخراسانی سے عیسیٰ بن موسیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**4669** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

4668- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 136 وقال: وفيه موسى بن عيسى الدمشقي' قال الذهبي' مجهول' وبقية رجاله رجال الصحيح .

4669- اسناده صحيح . تخريجه البزار (كشف الأستار) من طريق علي بن عياش به . وقال الهيثمي في المجمع

Marfat.com

عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حِمَى، اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ

ﷺ نے فرمایا: حفاظت اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ اِلَّا شُعَيْبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابوالزناد سے شعیب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن عیاش اکیلے ہیں۔

**4670** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ، وَكَانَ رِزْقُهُ كَفَافًا، وَصَبَرَ عَلَى ذٰلِكَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ آدمی کامیاب ہے جو مسلمان ہوا' بطورِ کفایت رزق دیا گیا اور اس پر صبر کیا۔

**4671** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اَبُو الْجُمَاهِرِ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ غَيْلَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: كُنْتُ عَاشِرَ عَشَرَةٍ فِي مَسْجِدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَابْنُ مَسْعُودٍ، وَابْنُ جَبَلٍ، وَحُذَيْفَةُ، وَابْنُ عَوْفٍ، وَاَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، وَاَنَا، فَجَاءَ فَتًى مِنَ الْاَنْصَارِ،

حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس تھا کہ آپ نے فرمایا: میں ان دس افراد میں تھا جو حضور ﷺ کی مسجد میں تھے: حضرت ابوبکر' عمر' عثمان' علی' ابن مسعود' ابن جبل' حذیفہ' ابن عوف' ابوسعید الخدری اور میں۔ انصار سے ایک نوجوان آیا' اس نے آپ کو سلام کیا پھر بیٹھ گیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ایمان والوں میں افضل کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جس کے

---

جلد **4** صفحه **161**: ورجاله رجال الصحيح .

**4670**- اخرجه مسلم: الزكاة جلد **2** صفحه **730**' والترمذي: الزهد جلد **4** صفحه **575** رقم الحديث: **2348**' واحمد: المسند جلد **2** صفحه **228** رقم الحديث: **6580** .

**4671**- اسناده حسن فيه: أ- الهيثم بن حميد صدوق رمى بالقدر . ب- حفص بن غيلان صدوق فقيه رمى بالقدر . وأخرجه أيضًا الحاكم جلد **4** صفحه **540** وقال: صحيح الاسناد ووافقه الذهبي' وقال الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **123**: واسناده حسن .

Marfat.com

فَسَلَّمَ، ثُمَّ جَلَسَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الْمُؤْمِنِينَ أَفْضَلُ؟ فَقَالَ: أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا قَالَ: فَأَيُّ الْمُؤْمِنِينَ أَكْيَسُ؟ قَالَ: أَكْثَرُهُمْ لِلْمَوْتِ ذِكْرًا، وَأَحْسَنُهُمْ اسْتِعْدَادًا قَبْلَ أَنْ يَنْزِلَ بِهِ، أُولَئِكَ هُمُ الْأَكْيَاسُ . ثُمَّ سَكَتَ الْفَتَى، فَأَقْبَلَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ، خِصَالٌ خَمْسٌ إِنِ ابْتُلِيتُمْ بِهِنَّ وَنَزَلْنَ بِكُمْ، وَأَعُوذُ بِاللّٰهِ أَنْ تُدْرِكُوهُنَّ: لَمْ تَظْهَرِ الْفَاحِشَةُ فِي قَوْمٍ قَطُّ حَتَّى يُعْلِنُوا بِهَا إِلَّا ظَهَرَ فِيهِمُ الطَّاعُونُ وَالْأَوْجَاعُ الَّتِي لَمْ تَكُنْ مَضَتْ فِي أَسْلَافِهِمُ الَّذِينَ مَضَوْا، وَلَنْ يَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ إِلَّا أُخِذُوا بِالسِّنِينَ، وَشِدَّةِ الْمُؤْنَةِ، وَجَوْرِ السُّلْطَانِ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يَمْنَعُوا زَكَاةَ أَمْوَالِهِمْ إِلَّا مُنِعُوا الْقَطْرَ مِنَ السَّمَاءِ، وَلَوْلَا الْبَهَائِمُ لَمْ يُمْطَرُوا، وَلَنْ يَنْقُضُوا عَهْدَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ إِلَّا سَلَّطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ عَدُوَّهُمْ، ثُمَّ غَزَوْهُمْ وَأَخَذُوا بَعْضَ مَا كَانَ فِي أَيْدِيهِمْ، وَمَا لَمْ يَحْكُمُوا بِكِتَابِ اللّٰهِ إِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ بَأْسَهُمْ بَيْنَهُمْ، ثُمَّ أَمَرَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فَتَجَهَّزَ لِسَرِيَّةٍ بَعَثَهُ عَلَيْهَا، فَأَصْبَحَ قَدِ اعْتَمَّ بِعِمَامَةٍ كَرَابِيسَ سَوْدَاءَ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ نَقَضَهَا، فَعَمَّمَهُ وَأَرْسَلَ مِنْ خَلْفِهِ أَرْبَعَ أَصَابِعَ أَوْ نَحْوَهَا، ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا يَا ابْنَ عَوْفٍ فَاعْتَمَّ، فَإِنَّهُ أَعْرَفُ وَأَحْسَنُ، ثُمَّ أَمَرَ بِلَالًا، فَدَفَعَ إِلَيْهِ اللِّوَاءَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَصَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: خُذِ ابْنَ

اخلاق زیادہ اچھے ہوں! اس نے عرض کی: اہلِ ایمان والوں میں سمجھ دار کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جو کثرت سے موت کو یاد کرنے والا ہو' موت کی زیادہ تیاری کرنے والا ہو' ایسے لوگ ہی سمجھ دار ہیں۔ پھر وہ نوجوان خاموش ہو گیا' حضورﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے مہاجرین کے گروہ! پانچ باتیں ایسی ہیں کہ جس میں ہوں گی تو پھر پانچ آزمائش نازل ہوں گی' میں تمہارے ان کو پانے سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں' جس قوم میں بھی فحاشی پھیلی اور وہ علانیہ اس کا ارتکاب کرنے لگے تو ان میں طاعون اور ہر قسم کے دردوں کی بیماریاں ظاہر ہوئیں' جو ان سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں میں نہ تھیں' لوگ ناپ تول میں کمی نہ کریں گے مگر قحط سالی' بادشاہ کے ظلم کا شکار ہوں گے' اپنے مالوں کی زکوٰۃ دینا بند کریں گے تو آسمان بارش نہیں برسائے گا' اگر مویشی نہ ہوتے تو انہیں بارش نہ ملتی' جب اللہ اور اس کے رسول کے وعدے کو توڑیں تو ان پر ان کا دشمن مسلط ہوتا مگر ان سے جنگ کریں گے تو جو کچھ ان کے قبضے میں ہے ان سے لے لیا جائے گا اور جب اللہ کی کتاب کے ذریعے فیصلے کرنا چھوڑ دیں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے درمیان لاغری عام بنا دے گا۔ آپ نے عبدالرحمٰن بن عوف کو حکم دیا' جس سریہ کے لیے لشکر بھیجنا تھا اس لشکر کے لیے سامان تیار کرنے کا۔ حضرت عبدالرحمٰن آئے اور آپ نے سیاہ اُون کا عمامہ باندھا ہوا تھا۔ آپ حضورﷺ کے پاس آئے اور آپ نے عمامہ اُتارا' آپ نے فوراً اپنے دست

Marfat.com

عَوْفٍ، فَاغْزُوَا جَمِيعًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، لَا تَغْدِرُوا، وَلَا تُمَثِّلُوا، فَهٰذَا عَهْدُ اللّٰهِ وَسُنَّةُ نَبِيِّكُمْ فِيكُمْ

مبارک سے باندھا' آپ نے چار انگلیاں یا اس کے برابر اس کا شملہ پیچھے چھوڑا' پھر فرمایا: اے ابن عوف! اس طرح عمامہ باندھا کرو کیونکہ پہچان اور خوبصورتی کے لحاظ سے یہ زیادہ اچھا ہے۔ پھر آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو جھنڈا دینے کا حکم دیا' آپ نے اللہ کی تعریف کی اور حضورﷺ پر درود پڑھا' پھر ابن عوف کے ساتھ ہو کر سارے اللہ کی راہ میں جہاد کرو' اس کو قتل کرو جو اللہ کا انکار کرے' دھوکہ نہ کرو' مثلہ نہ کرو' یہ اللہ کا وعدہ ہے اور تمہارے نبیﷺ کی سنت ہے۔

**4672** - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قِيلَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَتَيْتَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ، فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ وَرَكِبَ حِمَارَهُ، وَانْطَلَقَ مَعَهُ قَوْمٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَلَمَّا أَتَوْهُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ: تَنَحَّ، فَقَدْ آذَانِي نَتْنُ حِمَارِكَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ: وَاللّٰهِ لَحِمَارُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَطْيَبُ رِيحًا مِنْكَ، فَغَضِبَ لِعَبْدِ اللّٰهِ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ، وَغَضِبَ وَاحِدٌ مِنْهُمْ لِقَوْمِهِ، فَكَانَ بَيْنَهُمْ ضَرْبٌ بِالْجَرِيدِ وَالنِّعَالِ، فَبَلَغَنَا أَنَّهَا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فِيهِمْ: (وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا) (الحجرات: 9)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہﷺ سے عرض کی گئی کہ اگر آپ عبداللہ بن ابی کے پاس جائیں۔ آپﷺ اپنے گدھے پر سوار ہو کر اس کے پاس آئے' آپ کے ساتھ صحابہ کی جماعت بھی چلی' جب آپ ان کے پاس آئے تو عبداللہ بن ابی نے کہا: آپ پیچھے ہوں' آپ کے گدھے کی مجھے بدبو آ رہی ہے۔ مسلمانوں میں سے ایک آدمی نے کہا: اللہ کی قسم! رسول اللہﷺ کے گدھے کے پیشاب کی بُو تجھ سے زیادہ خوشبودار ہے۔ عبداللہ کی قوم کا ایک آدمی غصہ میں آیا' ایک آدمی صحابہ کرام میں سے غصہ میں ہوئے اور ان کے درمیان ٹھن گئی' چھڑیوں اور جوتوں کے ساتھ لڑائی ہوئی' ہمیں معلوم ہوا کہ یہ آیت اُن کے متعلق نازل ہوئی: ''اگر ایمان والوں میں سے دو گروہ لڑ پڑیں تو ان دونوں کے درمیان صلح کروادیں''۔

4672- اخرجه البخاری: الصلح جلد5صفحه351 رقم الحديث: 2691' ومسلم: الجهاد جلد3صفحه1424 .

Marfat.com

**4673** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحِ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نَا سَلَمَةُ بْنُ كُلْثُومٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَنَازَةٍ، فَكَبَّرَ عَلَيْهَا اَرْبَعًا، ثُمَّ اَتَى الْقَبْرَ، فَحَثَى عَلَيْهِ مِنْ قِبَلِ رَاْسِهِ ثَلَاثًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک جنازہ پڑھایا تو آپ نے اس جنازہ میں چار تکبیریں کہیں' پھر آپ اس کی قبر کے پاس آئے' آپ نے اس کے سر کی جانب آ کر تین مرتبہ مٹی ڈالی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا سَلَمَةُ بْنُ كُلْثُومٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث اوزاعی سے سلمہ بن کلثوم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن صالح اکیلے ہیں۔

**4674** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ؟ فَقَالَ: مَثْنَى مَثْنَى، فَاِذَا خِفْتَ اَنْ يُدْرِكَكَ الصُّبْحُ فَاَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ سے رات کی نماز کے متعلق پوچھا گیا کہ کتنی رکعتیں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دو دو رکعتیں جب صبح ہونے کا خوف ہو تو ایک رکعت اور ساتھ ملا کر وتر کر لیا کرو۔

**4675** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحِ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: غَدَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مِنًى اِلَى عَرَفَاتٍ، وَمِنَّا الْمُلَبِّي وَمِنَّا الْمُكَبِّرُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ منیٰ سے عرفات کی طرف گئے' ہم میں سے کچھ تلبیہ اور کچھ تکبیر پڑھ رہے تھے۔

**4676** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا جُنَادَةُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے

---

**4673**- أخرجه ابن ماجة: الجنائز جلد**1**صفحه**499** رقم الحديث:**1565** .

**4674**- أخرجه البخاري: التهجد جلد**3**صفحه**25** رقم الحديث:**1137**' ومسلم: المسافرين جلد**1**صفحه**516** .

**4675**- أخرجه مسلم: الحج جلد**2**صفحه**933**' وأبو داؤد: المناسك جلد **2**صفحه**168** رقم الحديث: **1816**' والنسائي: المناسك جلد **5**صفحه **201** (باب الغدو من منى الى عرفة)' وأحمد: المسند جلد**2**صفحه**31** رقم الحديث:**4732** .

**4676**- أخرجه ابن ماجة: الفتن جلد**2**صفحه**1340** رقم الحديث: **4038**' في الزوائد: في اسناده مقال . وأبو حميد'

Marfat.com

مُحَمَّدٍ الْمُرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ اَبِی الْعِشْرِينَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَتُنْتَقَوُنَّ كَمَا يُنْتَقَى التَّمْرُ مِنَ الْحُثَالَةِ، وَلَيَذْهَبَنَّ خِيَارُكُمْ وَيَبْقَى شِرَارُكُمْ، فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَمُوتُوا فَمُوتُوا

روایت کرتے ہیں کہ تم سے ضرور کانٹ چھانٹ کی جائے گی جس طرح اچھی کھجوریں رڈی کھجوروں سے کانٹ چھانٹ کرتے ہیں' تم میں سے اچھے لوگ چلے جائیں گے اور بُرے لوگ باقی رہ جائیں گے' اگر مرنے کی طاقت رکھتے ہوتو مرجاؤ۔

**4677** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا اَصْبَغُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ابْنُ اَخِی عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو الرَّقِّيِّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِكَهَا لُكَعُ بْنُ لُكَعٍ، وَخَيْرُ النَّاسِ مُؤْمِنٌ بَيْنَ كَرِيمَيْنِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دنیا ختم نہیں ہوگی یہاں تک کہ لکع بن لکع (یعنی امام مہدی) بادشاہ نہ بن جائے' لوگوں میں سے بہتر مؤمن دوعزت والوں کے درمیان ہوگا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَصْبَغُ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ اَخِی عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

یہ حدیث حصرت عمر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اصبغ بن محمد بن اخی عبید اللہ بن عمرو اکیلے ہیں۔

**4678** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ لَيْثِ بْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے عرض کی گئی کہ مسجد کی بائیں طرف کا دروازہ

---

لم أر من جرحه ولا وثقه . ويونس هو ابن يزيد الأيلي . وباقي رجال الاسناد ثقات . والحاكم في المستدرك جلد4 صفحه316 وقال: صحيح الاسناد ولم يخرجاه وأبو جميل هو الطائي .

4677- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه328 بنحوه' وقال: رواه الطبراني في الأوسط باسنادين ورجال أحدهما ثقات .

4678- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه321 رقم الحديث: 1007' في الزوائد: في اسناده ليث بن أبي سليم' ضعيف . وذكره الحافظ المنذري وقال: رواه ابن خزيمة وغيره . انظر: الترغيب جلد1 صفحه323 رقم الحديث: 10 .

Marfat.com

اَبِی سُلَیْمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قِیلَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مَیْسَرَةَ الْمَسْجِدِ قَدْ عُطِّلَتْ، فَقَالَ: مَنْ عَمَّرَ مَیْسَرَةَ الْمَسْجِدِ، فَاِنَّ لَهُ كِفْلَانِ مِنَ الْاَجْرِ

بند ہوگیا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مسجد کو آباد کرنے کے لیے دروازہ کھلوائے' اُس کے لیے ثواب کے دو کفل ہیں۔ (جن کی مقدار اللہ یا اس کا رسول جانتا ہے)

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا لَیْثٌ، وَلَا عَنْ لَیْثٍ اِلَّا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث نافع سے لیث اور لیث سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4679** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْكَرِیمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَرَرْتُ لَیْلَةَ اُسْرِیَ بِی بِالْمَلَا الْاَعْلَی، وَجِبْرِیلُ كَالْحِلْسِ الْبَالِی مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں معراج کی رات ملأ اعلیٰ کے فرشتوں کے پاس سے گزرا (تو دیکھا کہ) جبریل علیہ السلام اللہ کے خوف سے ایسے تھے جس طرح پرانی دری ہوتی ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِیمِ اِلَّا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث عبدالکریم سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

**4680** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِیَاثٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ سَمِیعٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِینِ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ رَاءَ ی رَاءَ ی

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو دکھاوا کرتا ہے' اللہ عزوجل اس کو دکھاوے کی سزا دے گا' جو ریاکاری کرے گا' اللہ عزوجل اس کی ریاکاری کی اسے سزا دے گا۔

---

4679- اسناده فيه: عمرو بن عثمان بن سيار الكلابي الرقي وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 78: ورجاله رجال الصحيح . قلت: عمرو بن عثمان ليس من رجال الصحيح بل هو ضعيف، ضعفه أبو حاتم، والنسائي وغيرهما، وذكره ابن حبان في الثقات وقال: ربما أخطأ (التقريب والتهذيب، والجرح جلد 6 صفحه 249، والميزان جلد 3 صفحه 280) .

4680- أخرجه مسلم: الزهد جلد 4 صفحه 2289 .

Marfat.com

اللّٰهُ بِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَمِيعٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث اسماعیل بن سمیع سے حفص بن غیاث روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**4681** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ بِلَالٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَاَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ تُزَوَّجَ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، اَوْ عَلَى خَالَتِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عورت اور اس کی پھوپھی یا اس کی خالہ کے ساتھ نکاح کرنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث قتادہ' ابوالعالیہ سے اور قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن بکار اکیلے ہیں۔

**4682** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَّقِي سَوْرَةَ الدَّمِ ثَلَاثًا، ثُمَّ يُبَاشِرُ بَعْدَ ذَلِكَ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ تین دن خون کی تیزی سے بچتے تھے' پھر آپ اس کے بعد مباشرت کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن بکار اکیلے ہیں۔

**4683** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے

---

**4681**- اخرجه البخاری: النكاح جلد**9**صفحه**64** رقم الحديث:**5110**' ومسلم: النكاح جلد**2**صفحه**1028** .

**4682**- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد **1**صفحه**287** وقال: وفيه سعيد بن بشير' وثقه شعبة واختلف فی الاحتجاج به . وانظر الدر المنثور للسيوطی جلد**1**صفحه**260** .

**4683**- اخرجه ابو داؤد: البيوع جلد **3**صفحه**281** رقم الحديث:**3504**' والترمذی: البيوع جلد **3**صفحه**526** رقم الحديث:**1234** وقال: حسن صحيح' والنسائی: البيوع جلد**7**صفحه**254** (باب بيع ما ليس عند البائع) .

Marfat.com

حَفْصٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ اَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّهُ نَهَى عَنْ بَيْعِ مَا لَا يُمْلَكُ، وَهُوَ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ، وَعَنْ رِبْحِ مَا لَمْ يُضْمَنْ، وَبَيْعٍ وَسَلَفٍ، وَبَيْعٍ فِيهِ شَرْطَانِ يَقُولُ: هٰذَا بِالنَّقْدِ بِكَذَا، وَبِالنَّسِيئَةِ بِكَذَا وَكَذَا

دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایسی بیع سے منع فرمایا جس کا وہ مالک نہیں ہے' یہ ایسی شے ہے جو تیرے پاس نہیں ہے' نفع سے جب تک اس کی ضمان نہ دی جائے' بیع اور سلف سے اور بیع میں دو شرطیں لگانا کہ یہ نقد اتنے کی اور اُدھار اتنے اور اتنے کی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث سعید بن عبدالعزیز سے محمد بن شعیب روایت کرتے ہیں۔

**4684** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ شُرَيْحٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوْلَادُكُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ، وَاِنَّ اَفْضَلَ مَا اَكَلْتُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم اپنی اولاد کو اپنے ہاتھ کی کمائی ہوئی روٹی کھلاؤ اور افضل شے جو تم کھاتے ہو وہ یہ ہے جو اپنے ہاتھ سے کما کر کھاتے ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ

مطر سے یہ حدیث سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**4685** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

---

**4684**- أخرجه أبو داؤد: البيوع جلد3صفحه287 رقم الحديث: 3528' والترمذي: الأحكام جلد3صفحه630 رقم الحديث: 1358' وقال: حسن صحيح . والنسائي: البيوع جلد7صفحه212 (باب الحث على الكسب) . وابن ماجة: التجارات جلد2صفحه768 رقم الحديث: 2290' وأحمد: المسند جلد6صفحه182 رقم الحديث: 25350 .

**4685**- اسناده فيه: سعيد بن بشير الأزدي ضعيف . تخريجه الطبراني في الكبير' والبزار (كشف الأستار) بنحوه . وقال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه155: وفيه سعيد بن بشير' وهو ثقة ولكنه اختلط .

Marfat.com

بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى خَمْسًا، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضورﷺ پانچ نمازوں کی ہر رکعت میں دو سجدہ کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث منصور بن زاذان سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**4686** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ بَعْضَ نِسَائِهِ، ثُمَّ يَخْرُجُ اِلَى الصَّلَاةِ وَلَا يَتَوَضَّاُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ اپنی کسی زوجہ کا بوسہ لیتے پھر نماز کے لیے نکلتے اور آپ وضو نہیں کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مَنْصُورٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث زہری سے منصور روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سعید بن بشیر اکیلے ہیں۔

**4687** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْغَسِيلِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، يَقُولُ عَلَى مِنْبَرِ مَكَّةَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: لَوْ اَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ اَحَبَّ اَنْ يَكُونَ اِلَيْهِ ثَانِيًا، وَلَوْ اُعْطِيَ ثَانِيًا اَحَبَّ اِلَيْهِ ثَالِثًا، وَلَا يَسُدُّ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن زبیر سے مکہ مکرمہ کے منبر پر فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! بے شک رسول اللہﷺ فرمایا کرتے تھے کہ اگر انسان کے پاس ایک سونے کی وادی ہوتو وہ پسند کرے گا کہ دوسری بھی ہو' اگر دوسری دی جائے تو وہ پسند کرے گا کہ تیسری بھی ہو' ابن آدم کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی اور اللہ توبہ قبول کرتا ہے اس کی جو توبہ کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ، عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا

یہ حدیث ابن زبیر سے اسی سند سے روایت ہے'

**4686**- قال الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **250**: وفيه سعيد بن بشير وثقة شعبة وغيره' وضعفه يحيى وجماعة . أخرجه أيضًا الدارقطني من طرق' والبيهقي في الكبرى .

**4687**- أخرجه البخاري: الرقاق جلد **11** صفحه **258** رقم الحديث: **6438** .

Marfat.com

بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو نُعَيْمٍ

اس کوروایت کرنے میں ابونعیم اکیلے ہیں۔

**4688** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ قَالَ: نَا مَنْدَلٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا . وَلَا عَلَى خَالَتِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عورت اور اس کی پھوپھی یا اس کی خالہ کے ساتھ نکاح کرنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا مَنْدَلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ

اعمش سے یہ حدیث مندل نے روایت کی ہے۔ محمد بن صلت اس حدیث کے ساتھ منفرد ہیں۔

**4689** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ قَالَ: نَا اَبُو كُدَيْنَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مَرَّ يَهُودِيٌّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا يَهُودِيُّ، حَدِّثْنَا فَقَالَ: كَيْفَ تَقُولُ يَا اَبَا الْقَاسِمِ اِذَا جَعَلَ اللّٰهُ السَّمَاءَ عَلَى ذِهْ، وَالْاَرْضَ عَلَى ذِهْ، وَالْجِبَالُ عَلَى ذِهْ، وَالْبِحَارُ عَلَى ذِهْ، وَسَائِرَ الْخَلْقِ عَلَى ذِهْ؟ قَالَ: فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ) (الانعام: 91)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک یہودی حضور ﷺ کے پاس سے گزرا تو آپ نے فرمایا: اے یہودی! ہم کو بتانا! اس نے کہا: ابوالقاسم! آپ کیا کہتے ہیں؟ جب اللہ عزوجل نے آسمان بنایا اس پر اور زمین اس پر اور پہاڑ اس پر سمندر اس پر ساری مخلوق اس پر؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے نازل فرمایا' انہوں نے اللہ کی قدر نہیں کی جس طرح قدر کرنے کا حق تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِي الضُّحَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا اَبُو كُدَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے ابوالضحیٰ' ابن عباس سے روایت کرتے ہیں۔ عطاء بن سائب سے ابوکدینہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن صلت اکیلے ہیں۔

**4690** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

---

**4688**- تقدم تخريجه .

**4689**- أخرجه الترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 371 رقم الحديث: 3240 . وقال: حسن غريب صحيح .

**4690**- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 394 رقم الحديث: 853' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 394 ولفظه لمسلم .

Marfat.com

بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَزَيدُ بْنُ اَسْلَمَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَكَلَ مِنْ هَذِهِ الْبَقْلَةِ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا يَعْنِي: الثُّومَ

حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے لہسن کھایا ہو وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث زید بن اسلم اور یحییٰ بن سعید سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**4691** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا اَبُو الدَّوْسِ الشَّامِيُّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ اَبُو مَعْقِلٍ، فَقَالَ لِي: اكْتُبْ، فَكَتَبْتُ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: اَوْصَانِي خَلِيلِي اَبُو الْقَاسِمِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ فَدَاهُ اَبِي وَاُمِّي: بِصَوْمِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَنَوْمٍ عَلَى وِتْرٍ، وَتَسْبِيحِ الضُّحَى

حضرت ابوالدوسی الشامی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا' اس کو ابومعقل کہا جاتا تھا' اس نے کہا: مجھے لکھ دو! میں نے لکھا کہ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے! میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے میرے دوست ابوالقاسم ﷺ نے تین چیزوں کی وصیت کی' میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! (۱) ہر ماہ تین روزہ رکھنے کا (۲) سونے سے پہلے وتر پڑھنے کا (۳) چاشت کے نوافل پڑھنے کا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي مَعْقِلٍ اِلَّا اَبُو الدَّوْسِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو نُعَيْمٍ

یہ حدیث ابومعقل سے ابوالدوسی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابونعیم اکیلے ہیں۔

**4692** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اَبُو الْجُمَاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ،

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! ہماری زمین میں برکت رکھ اور خوبصورتی اور رہنے والوں میں برکت دے۔

**4691**- أخرجه البخاري: التهجد جلد**3**صفحه**68** رقم الحديث:**1178**' ومسلم: المسافرين جلد**1**صفحه**499** بنحو .

**4692**- اسناده فيه: سعيد بن بشير ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد **10**صفحه**185**: واسناده جيد . قلت: فيه سعيد بن بشير وهو ضعيف كما تقدم .

Marfat.com

اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو: اللّٰهُمَّ ضَعْ فِي اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا، وَزِينَتَهَا، وَسَكَنَهَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث مطر الوراق سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**4693** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اَبُو الْجَمَاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا اَبُو كَعْبٍ اَيُّوبُ بْنُ مُوسَى السَّعْدِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ حَبِيبٍ الْمُحَارِبِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا زَعِيمُ بَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ، وَاِنْ كَانَ مُحِقًّا، وَبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَاِنْ كَانَ مَازِحًا، وَبَيْتٍ فِي اَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهُ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں جنت کے شروع والے گھر کا ذمہ دار ہوں اُس کیلئے جو رائے زنی کو چھوڑ دے اگرچہ وہ حق پر ہی ہو اور میں جنت کے وسط والے گھر کا ذمہ دار ہوں جو جھوٹ چھوڑ دے اگرچہ وہ مذاق کے طور پر ہو اور جنت کے سب سے اعلیٰ گھر کا ذمہ دار ہوں جو اس کی مخلوق سے اچھے اخلاق سے پیش آئے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ حَبِيبٍ اِلَّا اَبُو كَعْبٍ

یہ حدیث سلیمان بن حبیب سے ابوکعب روایت کرتے ہیں۔

**4694** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ قَالَ: نَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلَى امْرَاَةٍ تُدْخِلُ عَلَى قَوْمٍ مَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ لِيَشْرَكَهُمْ فِي اَمْوَالِهِمْ، وَيَطَّلِعَ عَلَى عَوْرَاتِهِمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کا سخت غضب ہے ایسی عورت پر جو قوم پر ان کو داخل کرتی ہے جن کا تعلق ان سے نہیں ہے تاکہ ان کے (قوم کے) اموال میں وہ لوگ شرکت کریں اور اُن پر مطلع ہوں۔

**4693**- اخرجه ابو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 254 رقم الحديث: 4800، والطبراني في الكبير جلد 8 صفحه 98 رقم الحديث: 7488 .

**4694**- اسناده فيه: ابراهيم بن يزيد هو ابو اسماعيل الخوزي المكي متروك الحديث . تخريجه البزار من طريق ابراهيم بن يزيد به . وقال الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 228: وفيه ابراهيم بن يزيد، وهو ضعيف .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا الْمُعَافَى، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث ایوب بن موسیٰ سے ابراہیم بن یزید اور ابراہیم بن یزید سے معافی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن بشرا کیلے ہیں۔

**4695** - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ: نَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ الْأَغَرِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللَّهُ تَعَالَى: الْعِزُّ رِدَائِي، وَالْكِبْرِيَاءُ إِزَارِي، فَمَنْ نَازَعَنِي مِنْهُمَا شَيْئًا عَذَّبْتُهُ

حضرت ابوہریرہ اور ابوسعیدالخذری رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ عزت میری چادر ہے' کبریائی میرا تہبند ہے' جس نے ان دونوں میں سے کوئی شے مجھ سے لینے کی کوشش کی' میں اس کو عذاب دوں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا حَفْصٌ

یہ حدیث اعمش سے حفص روایت کرتے ہیں۔

**4696** - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا سَوَّارُ بْنُ عِمَارَةَ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مِنْ أَهْلِ الْإِيمَانِ مَثَلُ الرَّأْسِ مِنَ الْجَسَدِ، يَأْلَمُ مِمَّا يُصِيبُ أَهْلَ الْإِيمَانِ كَمَا يَأْلَمُ الرَّأْسُ مِمَّا يُصِيبُ الْجَسَدَ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک مؤمن سے دوسرے مؤمن کے ساتھ تعلق کی مثال اس طرح ہے جس طرح جسم میں سر ہے' اگر ایمان والے کو تکلیف ہو تو وہ ایسے ہی دوسرے مؤمن کے سر میں تکلیف ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا سَوَّارُ بْنُ عِمَارَةَ

یہ حدیث زہیر بن محمد سے سوار بن عمارہ روایت کرتے ہیں۔

**4697** - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**4695**- أخرجه مسلم: البر والصلة جلد4صفحه2023 .

**4696**- اسناده فيه: زهير بن محمد التميمي رواية أهل الشام عنه غير مستقيم . وأخرجه في الكبير جلد6صفحه160 من طريق ابن المبارك' عن مصعب بن ثابت' حدثني أبو حازم به' وأيضًا أحمد من طريق ابن المبارك به' وقال الهيثمي في المجمع جلد7صفحه190: ورجال أحمد رجال الصحيح .

**4697**- أخرجه ابن حبان (422/موارد) وأبو نعيم في الحلية جلد2صفحه12 . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2 صفحه33 وقال: رواه الطبراني في الكبير' وفيه جنادة بن أبي خالد ولم أجد من ترجمه' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَشَى فِي ظُلْمَةِ اللَّيْلِ اِلَى الْمَسَاجِدِ آتَاهُ اللّٰهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضورﷺ نے فرمایا: جو رات کے اندھیرے میں چل کر مسجدوں میں آتا ہے' اللہ عزوجل اس کو اس کے صدقے نور عطا کرے گا۔

**4698** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ، وَلَا الشَّمْسَ، وَلَا الْقَمَرَ، وَلَا الرِّيحَ، فَاِنَّهَا رَحْمَةٌ لِقَوْمٍ، وَعَذَابٌ لِآخَرِينَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: رات اور دن' سورج اور چاند اور ہوا کو نہ گالی دو' یہ ایک قوم کے لیے رحمت ہے' دوسروں کے لیے عذاب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث ابوزبیر سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن بکار اکیلے ہیں۔

**4699** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقْرَبُ الْمَلَائِكَةُ عِيرًا فِيهَا جَرَسٌ، وَلَا بَيْتًا فِيهِ جَرَسٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: فرشتے اس سواری کے پاس نہیں آتے جس کے گلے میں گھنٹی ہو اور نہ اس گھر میں جس میں گھنگرو ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث ابوزبیر سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن بکار اکیلے ہیں۔

**4700** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا سَوَّارُ بْنُ

حضرت مسرة بن معبد اللخمی رضی اللہ عنہ فرماتے

---

4698- اسناده فيه: سعيد بن بشير وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد 8صفحه74: وفيه سعيد بن بشير وثقه جماعة وضعفه جماعة، وبقية رجاله ثقات، ورواه أبو يعلى باسناد ضعيف .

4699- قال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه178: ورجاله ثقات . قلت: فيه سعيد بن بشير وهو ضعيف كما تقدم .

4700- اسناده فيه: مسرة بن معبد اللخمي الفلسطيني، قال أبو حاتم: شيخ ما به بأس، وذكره ابن حبان في الثقات،

Marfat.com

عِمَارَةَ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نَا مَسَرَّةُ بْنُ مَعْبَدٍ اللَّخْمِيُّ قَالَ: صَلَّى بِنَا يَزِيدُ بْنُ اَبِي كَبْشَةَ الْعَصْرَ، ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَيْنَا بَعْدَ سَلَامِهِ، فَاَعْلَمَنَا اَنَّهُ صَلَّى وَرَاءَ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، فَسَجَدَ بِنَا مِثْلَ هَاتَيْنِ السَّجْدَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ مَرْوَانُ: اِنِّي صَلَّيْتُ وَرَاءَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَسَجَدَ بِنَا مِثْلَ هَاتَيْنِ السَّجْدَتَيْنِ. ثُمَّ قَالَ عُثْمَانُ: اِنِّي كُنْتُ عِنْدَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنِّي صَلَّيْتُ فَلَمْ اَدْرِ اَشَفَعْتُ اَمْ اَوْتَرْتُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ فَلَمْ اَدْرِ اَشَفَعْتُ اَمْ اَوْتَرْتُ ثَلَاثًا يَقُولُهَا، فَاَجَابَهُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَتَلَاعَبُ بِكُمُ الشَّيْطَانُ فِي صَلَاتِكُمْ، فَمَنْ صَلَّى فَلَمْ يَدْرِ اَشَفَعَ اَمْ اَوْتَرَ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ، فَاِنَّهُمَا تَمَامُ صَلَاتِهِ

ہیں کہ ہمیں یزید بن ابوکبشہ نے عصر کی نماز پڑھائی' پھر سلام کے بعد ہماری طرف متوجہ ہوئے' ہمیں بتانے لگے کہ انہوں نے مروان بن حکم کے پیچھے نماز پڑھی ہے' مروان نے دو سجدے ایک سجدہ کی مقدار میں کیے' پھر مروان نے کہا: میں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی' آپ نے بھی ہمیں دو سجدے کروائے ایک سجدے کی مثل' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہارے نبی ﷺ کے پاس تھا' آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اُس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں نے نماز پڑھی' میں نہیں جانتا ہوں کہ دو رکعت یا ایک رکعت پڑھی ہے' پھر میں نے پڑھی میں نہیں جانتا تھا کہ میں نے ایک رکعت یا دو رکعت پڑھی ہیں' تین مرتبہ ایسے کیا ہے۔ حضور ﷺ نے اسے جواب میں فرمایا: شیطان تمہارے ساتھ تمہاری نماز میں کھیلتا ہے' جو نماز پڑھے اور اسے معلوم نہ رہے کہ اس نے دو رکعت یا ایک رکعت پڑھی تو وہ دو سجدے کرے' ان دو سجدوں کے کرنے سے نماز مکمل ہو جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَسَرَّةَ بْنِ مَعْبَدٍ اِلَّا سَوَّارُ بْنُ عِمَارَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث مرۃ بن معبد سے سوار بن عمارہ روایت کرتے ہیں' حضرت عثمان سے اسی سند سے روایت ہے۔

---

وقال: ممن يخطئ' وذكره أيضًا في الضعفاء' وقال: لايجوز الاحتجاج به اذا انفرد' قال ابن حجر: صدوق له أوهام.
واخرجه أيضًا أحمد' ولم يذكر فيه مروان بين يزيد بن أبي كبشة' وبين عثمان' وقال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 153: ويزيد لم يسمع من عثمان' ورواه ابنه عبد الله عن يزيد بن أبي كبشة عن مروان عن عثمان قال مثله أو نحوه ورجال الطريقين ثقات.

Marfat.com

**4701** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اَبُو مُسْهِرٍ قَالَ: نَا الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ دُرَيْكٍ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ بِكُمْ اِذَا قَتَلَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا؟ قَالُوا: نَحْنُ الْيَوْمَ يُقْتَلُ بَعْضُنَا بَعْضًا؟ قَالَ: لَيْسَ ذَاكَ اَعْنِي، وَلَكِنْ قَتْلُ الْمُسْلِمِينَ بَعْضَهُمْ بَعْضًا، وَتُنْزَعُ عُقُولُ رِجَالٍ، يَحْسِبُونَ الْغَيَّ رُشْدًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا الْهِقْلُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ وقت تم پر کیسا ہوگا جب تم ایک دوسرے کو قتل کرو گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آج بھی ہم ایک دوسرے کو قتل کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میری مراد یہ نہیں ہے، میری مراد یہ ہے کہ مسلمان ایکدوسرے کو قتل کریں گے، مردوں کی عقلیں لے لی جائیں گی، گمراہی کو ہدایت سمجھیں گے۔

یہ حدیث اوزاعی سے ہقل روایت کرتے ہیں۔

**4702** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي اَعْمَلُ عَمَلًا يُطَّلَعُ عَلَيْهِ فَيُعْجِبُنِي؟ فَقَالَ: لَكَ اَجْرَانِ: اَجْرُ السِّرِّ، وَاَجْرُ الْعَلَانِيَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا، اس نے عرض کی: میں کوئی عمل کرتا ہوں تو لوگ اس پر مطلع ہوجاتے ہیں، پس وہ عمل پسند کرتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے دوگنا ثواب ہے، ایک چھپا کر کرنے کا اور دوسرا علانیہ کرنے کا ثواب۔

یہ حدیث سعید بن بشیر سے محمد بن بکار اور محمد بن معاذ روایت کرتے ہیں۔

**4703** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَائِذٍ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ

حضرت ابوالغاریہ المزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب سخت فتنے ہوں گے

---

**4701**- أخرجه ابن ماجة: الفتن جلد **2** صفحه **1309** رقم الحديث: **3959**، وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **478** رقم الحديث: **19511** بنحوه .

**4702**- اسناده فيه: سعيد بن بشير وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **293**: ورجاله ثقات . قلت: اسناده ضعيف لضعف سعيد بن بشير كما تقدم .

**4703**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **7** صفحه **307** وقال: وفيه حيان بن حجر ولم أعرفه، وبقية رجاله ثقات . تخريجه الطبراني في الكبير جلد **22** صفحه **365** .

Marfat.com

غَيْلَانَ، عَنْ حَيَّانَ بْنِ حَجَرٍ، عَنْ اَبِى الْغَادِيَةِ الْمُزَنِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُونُ فِتَنٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ، خَيْرُ النَّاسِ فِيهَا مُسْلِمُو اَهْلِ الْبَوَادِى، الَّذِينَ لَا يَتَنَدَّرُونَ مِنْ دِمَاءِ النَّاسِ، وَلَا اَمْوَالِهِمْ شَيْئًا

اس وقت مسلمانوں میں بہتر دیہات میں رہنے والا ہوگا' وہ لوگ نہ لوگوں کا خون چوستے ہیں نہ ان کے اموال سے کوئی شے لیتے ہیں۔

**4704** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَاَلَ عَنِ اسْمِ الرَّجُلِ، فَاِنْ كَانَ حَسَنًا عُرِفَ ذٰلِكَ فِى وَجْهِهِ، وَاِنْ كَانَ سَيِّئًا رُئِىَ ذٰلِكَ فِى وَجْهِهِ، وَاِذَا سَاَلَ عَنِ اسْمِ الْقَرْيَةِ فَكَذٰلِكَ

حضرت مطرف بن عبداللہ بن شخیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب آپ کسی آدمی کا نام پوچھتے اور اگر اس کا نام اچھا ہوتا تو آپ کے چہرے سے معلوم ہوتا' اگر برا نام ہوتا تو آپ کے چہرے سے ناپسندیدگی کے آثار معلوم ہوتے' جب کسی بستی کا نام پوچھتے تو ایسے ہی ہوتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ رَوَاهُ هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ: عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث قتادہ' مطرف سے' قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن صالح اکیلے ہیں۔ لوگوں نے ہشام الدستوائی سے' وہ قتادہ ابن بریدہ سے' وہ ان کے والد سے روایت کرتے ہیں۔

**4705** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اولادِ آدم پر تین سخت قسم کی حسرتیں ہیں' ایک وہ آدمی جس کے نکاح میں خوبصورت عورت ہو' وہ اس کو

**4704**- اسناده فيه سعيد بن بشير ضعيف' وذكره الحافظ فى المجمع جلد **8** صفحه **50** وقال: رواه الطبرانى (أيضًا) فى الكبير ورجاله رجال الصحيح غير سعيد بن بشير وهو ثقة وفيه ضعف .

**4705**- اسناده فيه سعيد بن بشير ضعيف . تخريجه الطبرانى فى الكبير جلد **7** صفحه **356**: وله سندان أحدهما حسن' ليس فيه غير سعيد بن بشير وقد وثق . قلت: روى الحديث باسنادين' وكلاهما ضعيف . الاسناد الأول من أجل سعيد بن بشير وهو ضعيف كما تقدم' والثانى فيه يوسف بن خالد' وهو متروك' وفيه من لم أقف على ترجمته .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَشَدُّ حَسَرَاتِ بَنِي آدَمَ عَلَى ثَلَاثٍ: رَجُلٌ كَانَتْ عِنْدَهُ امْرَاَةٌ حَسْنَاءُ تُعْجِبُهُ، فَوَلَدَتْ لَهُ غُلَامًا فَمَاتَتْ، وَلَيْسَ عِنْدَهُ مَا يَسْتَرْضِعَ لَهُ، وَرَجُلٌ كَانَ عَلَى فَرَسٍ فِي غَزْوٍ، فَرَاَى الْغَنِيمَةَ فَسَابَقَ اَصْحَابَهُ اِلَيْهَا، فَلَمَّا دَنَا مِنْهَا وَقَعَ فَرَسُهُ فَمَاتَ، فَسُبِقَ اِلَى الْغَنِيمَةِ، وَرَجُلٌ كَانَ لَهُ زَرْعٌ وَنَاضِحٌ، فَلَمَّا اسْتَوَى زَرْعُهُ وَاَعْجَبَهُ، مَاتَ نَاضِحُهُ، وَلَيْسَ عِنْدَهُ مَا يَشْتَرِي بِهِ بَعِيرًا، فَمَاتَ زَرْعُهُ

پسند بھی کرتا ہو اس کے ہاں بچہ پیدا ہوا اور وہ عورت فوت ہو جائے اور اس کے پاس دودھ پلانے والی کوئی نہ ہو۔ ایک وہ آدمی جو اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر جہاد کرتا ہے وہ مالِ غنیمت دیکھتا ہے تو اپنے ساتھیوں سے جلدی سے اس کو پانے کی کوشش کرتا ہے جب اس کے قریب ہوتا ہے تو اپنے گھوڑے سے گرتا ہے اور مر جاتا ہے مالِ غنیمت کی طرف دوسرے آ جاتے ہیں۔ تیسرا وہ آدمی جس کے پاس کھیتی اور پانی چھڑکنے والا جانور بھی ہو جب کھیتی پکنے کے قریب ہوئی تو اس کو بڑی پسند آئی اس کا پانی چھڑکنے والا جانور مر گیا اس کے پاس مال نہ ہو جس کے ساتھ اونٹ خریدے اور اس کی کھیتی تباہ ہو گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**4706** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ اَبِي هُبَيْرَةَ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ جَدِّهِ شَيْبَانَ قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَجَلَسْتُ اِلَى حُجْرَةٍ فَتَنَحْنَحْتُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبُو يَحْيَى، هَلُمَّ اِلَى الْغَدَاءِ . قُلْتُ: اِنِّي صَائِمٌ . قَالَ: وَاَنَا اُرِيدُ الصَّوْمَ، وَلَكِنَّ مُؤَذِّنَنَا اَذَّنَ قَبْلَ اَنْ يَطْلُعَ الْفَجْرُ، وَفِي عَيْنَيْهِ سُوءٌ اَوْ شَيْءٌ

حضرت ابوہبیرہ یحییٰ بن عباد اپنے دادا شیبان سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا اور حجرہ کے پاس بیٹھ گیا میں اس جگہ سے آگے ہوا تو حضور ﷺ نے فرمایا: ابو یحییٰ! آؤ صبح کا کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزے کی حالت میں ہوں آپ نے فرمایا: میں نے بھی روزہ رکھنے کا ارادہ کیا ہے لیکن ہمارے مؤذن نے فجر طلوع ہونے سے پہلے اذان دے دی کیونکہ ان کی آنکھ خراب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا حَفْصٌ

یہ حدیث اشعث سے حفص روایت کرتے ہیں۔

**4706**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه156 وقال: رواه الطبراني في الكبير (أيضًا) وفيه قيس ابن الربيع وثقه شعبة والثوري وفيه كلام . انظر نصب الراية جلد1صفحه289 .

Marfat.com

**4707** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، وَمُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ امْرَاَتِي لَا تَدْفَعُ يَدَ لَامِسٍ؟ فَقَالَ لَهُ: طَلِّقْهَا قَالَ: اِنِّي اُحِبُّهَا ـ قَالَ: فَاسْتَمْتِعْ بِهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میری عورت کسی کو ہاتھ لگانے سے منع نہیں کرتی ہے اس کا کیا کیا جائے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو طلاق دے دو! اس نے عرض کی: میں اس سے محبت کرتا ہوں آپ نے فرمایا: اس سے فائدہ اُٹھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ وَمُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ حدیث عبدالکریم سے عبیداللہ اور موسیٰ بن اعین روایت کرتے ہیں۔

**4708** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ: نَا اَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمْحًا اِذَا قَضَى، سَمْحًا اِذَا اقْتَضَى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اس بندے پر رحم کرے جب وہ کسی کی ضرورت پوری کرتا ہے تو نرمی کرتا ہے اور جب کسی سے اپنی ضرورت کا تقاضا کرتا ہے تب بھی نرمی کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا اَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے ابوغسان محمد بن طرف روایت کرتے ہیں۔

**4709** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ الصُّورِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ دَاوُدَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ،

حضرت ابواشعث الصنعانی فرماتے ہیں کہ وہ دمشق کی مسجد میں آئے جلدی جلدی صبح کے وقت آیا میری ملاقات شداد بن اوس اور صنابحی کے ساتھ

---

4707- اسناده حسن فيه عبد الله بن جعفر الرقي' قال أبو حاتم: ثقة' وقال ابن أبي خيثمة عن ابن معين ثقة' وقال النسائي: ليس به باس قبل أن يتغير' وقال هلال بن العلاء: ذهب بصره وتغير' وذكره ابن حبان في الثقات وقال: لم يكن اختلاطه فاحشًا ربما خالف' ووثقه العجلي .

4708- أخرجه البخاري: البيوع جلد 4صفحه359 رقم الحديث: 2076' وابن ماجة: التجارات جلد 2صفحه742 رقم الحديث:2203' ومالك في الموطأ: البيوع جلد2صفحه685 رقم الحديث: 100 واللفظ عنده .

4709- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 2صفحه306' وقال: رواه الطبراني في الأوسط والكبير' وأحمد' كلهم من رواية اسماعيل بن عياش عن راشد الصنعاني' وهو ضعيف في غير الشاميين .

Marfat.com

اَنَّهُ رَاحَ اِلَى مَسْجِدِ دِمَشْقَ، وَهَجَّرَ بِالرَّوَاحِ، فَلَقِيَ شَدَّادَ بْنَ اَوْسٍ وَالصُّنَابِحِيَّ مَعَهُ، فَقُلْتُ: اَيْنَ تُرِيدَانِ رَحِمَكُمَا اللّٰهُ؟ فَقَالَا: نُرِيدُ هَاهُنَا اِلَى اَخٍ لَنَا مَرِيضٍ نَعُودُهُ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى ذٰلِكَ الرَّجُلِ، فَقَالَا: كَيْفَ اَصْبَحْتَ؟ قَالَ: اَصْبَحْتُ بِنِعْمَةِ اللّٰهِ وَبِفَضْلِهِ ۔ فَقَالَ شَدَّادٌ: اَبْشِرْ، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: اِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدًا مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنًا، فَحَمِدَنِي وَصَبَرَ عَلٰى مَا ابْتَلَيْتُهُ بِهِ، فَاِنَّهُ يَقُومُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذٰلِكَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ مِنَ الْخَطَايَا، وَيَقُولُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ لِلْحَفَظَةِ: اِنِّي اَنَا صَبَّرْتُ عَبْدِي هٰذَا وَابْتَلَيْتُهُ، فَاَجْرُوا لَهُ مَا كُنْتُمْ تُجْرُونَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ قَبْلَ ذٰلِكَ وَهُوَ صَحِيحٌ

میں نے کہا: آپ دونوں کا کہاں جانے کا ارادہ ہے؟ اللہ آپ دونوں پر رحم فرمائے! دونوں نے کہا: ہم اپنے بھائی کی طرف جارہے ہیں' ان کی عیادت کرنے کے لیے' وہ بیمار ہیں۔ میں بھی ان دونوں کے ساتھ چلا یہاں تک کہ ہم اس آدمی کے پاس پہنچے' دونوں نے کہا: آپ نے صبح کیسے کی ہے؟ اس نے کہا: اللہ کی نعمت اور اس کے فضل سے صبح کی ہے۔ حضرت شداد نے فرمایا: خوشخبری ہو! کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنے مؤمن بندوں میں سے کسی بندے کو آزماتا ہوں' وہ میری تعریف کرتا ہے اور اس آزمائش پر صبر کرتا ہے جس میں مبتلا ہے' وہ اپنے بستر سے اُٹھتا ہے اس طرح کہ آج ہی اس کی ماں نے اسے جنا ہے گناہوں سے پاک ہو کر' اللہ عزوجل فرشتوں سے کہتا ہے: میرے بندے کو اس بیماری اور اس آزمائش نے روکے رکھا' اس کے لیے وہی ثواب لکھو جو اس سے پہلے حالت تندرستی میں لکھا جاتا تھا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ شَدَّادٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث شداد سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**4710** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ قَالَ: نَا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّؤَاسِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَكِيمٍ اَبُو بَكْرٍ الدَّاهِرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الشَّامِيِّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اُمِّ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن بندے کے دونوں قدم مسلسل رُکے رہیں گے یہاں تک کہ چار چیزوں کے متعلق اس سے نہ پوچھا جائے' جوانی کے

4710- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 349 وقال: رواه أيضًا في الكبير وفيه أبو بكر الداهري وهو ضعيف جدًا ـ

Marfat.com

الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ يَزُولَ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يَسْاَلَ عَنْ اَرْبَعٍ: عَنْ شَبَابِهِ فِيمَا اَبْلَاهُ، وَعَنْ عُمُرِهِ فِيمَا اَفْنَاهُ، وَعَنْ مَالِهِ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهُ، وَفِيمَا اَنْفَقَهُ

متعلق کہ کہاں گزاری؟ عمر کے متعلق کہ کہاں ختم کی؟ مال کے متعلق کہ کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا؟

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابوالدرداء سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4711** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ اَبِي الْحَجَّاجِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَلَقَ اللّٰهُ الرَّحْمَةَ مِائَةَ رَحْمَةٍ، فَاَمْسَكَ عِنْدَهُ تِسْعًا وَتِسْعِينَ رَحْمَةً، وَجَعَلَ بَيْنَ خَلْقِهِ كُلِّهِمْ رَحْمَةً وَاحِدَةً، وَلَوْ يَعْلَمُ الْكَافِرُ كُلَّ الَّذِی عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الرَّحْمَةِ مَا يَئِسَ مِنَ الْجَنَّةِ، وَلَوْ يَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ كُلَّ الَّذِی عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الْعَذَابِ مَا اَمِنَ النَّارَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے سو رحمتیں پیدا کی ہیں' ننانوے اپنے پاس رکھی ہیں' ایک اپنی مخلوق میں رکھی' سارے ایک دوسرے پر شفقت اس ایک رحمت کی وجہ سے کرتے ہیں' اگر کافر کو معلوم ہو جائے کہ اللہ کی کل کتنی رحمت ہے تو وہ جنت سے کبھی مایوس نہ ہو' اگر مؤمن کو معلوم ہو جائے کہ اللہ کا کل کتنا عذاب ہے تو وہ جہنم سے معافی ہی مانگتا رہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، وَلَا عَنْ اَبَانَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي هِلَالٍ

یہ حدیث مجاہد سے ابان بن صالح اور ابان سے سعید بن ابو ہلال روایت کرتے ہیں۔

**4712** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عِمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایمان کے چھیالیس دروازے ہیں' یا فرمایا: حصے ہیں' اُن میں سے افضل یا بلند لا الٰہ الا اللہ محمد

**4711**- أخرجه البخاري: الرقاق جلد**11**صفحه**307** رقم الحديث:**6469**' ومسلم: التوبة جلد**4**صفحه**2108** .

**4712**- أخرجه البخاري: الايمان جلد**1**صفحه**67** رقم الحديث:**9**' ومسلم: الايمان جلد**1**صفحه**63** ولفظه لمسلم .

Marfat.com

اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: الْاِیمَانُ اَرْبَعٌ وَسِتُّونَ بَابًا اَوْ اَرْبَعٌ وَسِتُّونَ شُعْبَةً اَرْفَعُهَا اَوْ اَعْلَاهَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الْاَذٰی عَنِ الطَّرِیقِ

رسول اللہ اور کم از کم راستے سے تکلیف دِہ شے کو اُٹھانا ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ عِمَارَةَ بْنِ غَزِیَّةَ اِلَّا بَکْرُ بْنُ مُضَرَ وَرَوَاهُ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، وَابْنُ عَجْلَانَ، وَغَیْرُهُمَا: عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِینَارٍ، عَنْ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

یہ حدیث عمارہ بن خزیمہ سے بکر بن مضر روایت کرتے ہیں' اس حدیث کو سفیان ثوری اور ابن عجلان اور ان دونوں کے علاوہ سہیل بن ابوصالح سے' وہ عبداللہ بن دینار سے' وہ ابوصالح سے' وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے' وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

**4713** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاوِیَةَ الْعُتْبِیُّ قَالَ: نَا اَبُو طَاهِرِ بْنِ السَّرْحِ قَالَ: نَا مُوسٰی بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الصَّنْعَانِیُّ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: شَفَاعَتِی لِاَهْلِ الْکَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِی

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت میری اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ اِلَّا مُوسٰی بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الطَّاهِرِ

یہ حدیث ابن جریج سے موسیٰ بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوالطاہر اکیلے ہیں۔

**4714** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاوِیَةَ الْعُتْبِیُّ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نَا سَعِیدُ بْنُ اَبِی اَیُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِیلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ، عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ اَبِی

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: غیر آباد زمین کو آباد کرنا' وراثت کی طرح ہے۔

---

**4713**- اسناده فيه: موسىٰ بن عبد الرحمٰن الصنعاني ضعيف جدًا . تخريجه الطبراني الكبير جلد **11** صفحه **189** . وقال الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **381**: وفيه موسىٰ بن عبد الرحمٰن الصنعاني وهو وضاع .

**4714**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **159** وعزاه الى الطبراني في الكبير' وأبو يعلىٰ وقال: ورجال أبي يعلىٰ رجال الصحيح خلا عبد الله بن محمد بن عقيل وحديثه حسن .

Marfat.com

سُفْيَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعُمْرَى بِمَنْزِلَةِ الْمِيرَاثِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی اَيُّوبَ اِلَّا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ

یہ حدیث سعید بن ابوایوب سے روح بن صلاح روایت کرتے ہیں۔

**4715** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّمَا امْرَاَةٍ اتَّقَتْ رَبَّهَا، وَحَفِظَتْ فَرْجَهَا، وَاَطَاعَتْ زَوْجَهَا، فُتِحَ لَهَا ثَمَانِيَةُ اَبْوَابٍ مِنَ الْجَنَّةِ، فَقِيلَ لَهَا: ادْخُلِی مِنْ حَيْثُ شِئْتِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو عورت اللہ سے ڈرے وہ اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرے، اپنے شوہر کی اطاعت کرے، اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے جس سے چاہے داخل ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث موسیٰ بن وردان سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**4716** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِی اَيُّوبَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا قَاتَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی کو مارے تو چہرے پر مارنے سے بچے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی اَيُّوبَ اِلَّا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ

یہ حدیث سعید بن ابوایوب سے روح بن صلاح روایت کرتے ہیں۔

**4717** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

4715- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد4صفحه 309 وقال: وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن وسعيد بن عفير لم أعرفه، وبقية رجاله ثقات .

4716- اخرجه البخاری: العتق جلد5صفحه215 رقم الحديث:2559، ومسلم: البر والصلة جلد4صفحه2016 .

4717- ذكره الحافظ العجلونی وقال: رواه الخرائطی فی مكارم الأخلاق . انظر: كشف الخفاء جلد 1 صفحه156

Marfat.com

الْعُتْبِیُّ قَالَ: نَا مُوسَی بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَلْقَاوِیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ السُّدِّیُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ، عَنْ اَبِی نَضْرَةَ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اطْلُبُوا الْفَضْلَ اِلَی الرُّحَمَاءِ مِنْ اُمَّتِی، تَعِیشُوا فِی اَكْنَافِهِمْ، وَلَا تَطْلُبُوهَا مِنَ الْقَاسِیَةِ قُلُوبُهُمْ، فَاِنَّهُمْ یَنْتَظِرُونَ سَخَطِی

حضور ﷺ نے فرمایا: فضل میری اُمت کے رحم دل لوگوں سے طلب کرو تم ان کے سایہ میں رہو گے سخت دل لوگوں سے طلب نہ کرو کیونکہ میری ناراضگی کے انتظار میں ہیں۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَی بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث داؤد بن ابوھند سے محمد بن مروان روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن محمد اکیلے ہیں۔

**4718** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِیَةَ الْعُتْبِیُّ قَالَ: نَا یَحْیَی بْنُ بُكَیْرٍ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ یَحْیَی بْنِ النَّضْرِ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یَا عَائِشَةُ، لَوْ كَانَ الْحَیَاءُ رَجُلًا لَكَانَ رَجُلًا صَالِحًا، وَلَوْ كَانَ الْبَذَاءُ رَجُلًا لَكَانَ رَجُلَ سَوْءٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی حیاء والا ہوتو حیاء آدمی کو اچھا بناتی ہے اگر کوئی آدمی بے حیاء ہوتو بے حیائی اس کو بُرا آدمی بناتی ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی سَلَمَةَ اِلَّا یَحْیَی بْنُ النَّضْرِ، وَلَا عَنْ یَحْیَی بْنِ النَّضْرِ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِیعَةَ

یہ حدیث ابوسلمہ سے یحییٰ بن نضر اور یحییٰ بن نضر سے ابواسود روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

---

رقم الحدیث: **405** . وذكره ابن عراق فی تنزیه الشریعة وعزاه الی العقیلی وقال: وفیه عبد الرحمٰن السدی مجهول ولم یتابع علیه (تعقب) بانه انما فیه محمد بن مروان السدی الصغیر المعروف بالكذب كما صرح به فی روایة الطبرانی لكنه توبع عن داؤد بن أبی هند . انظر تنزیه الشریعة المرفوعة جلد **2** صفحه **132-133** رقم الحدیث: **19** .

**4718**- ذكره الهیثمی فی المجمع جلد **8** صفحه **30** وقال: وفیه ابن لهیعة وهو لین وبقیة رجاله رجال الصحیح .

Marfat.com

4719 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ امْرَأَةٌ كَبِيرَةٌ فَقُلْتُ لَهَا: تَزَوَّجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ؟ قَالَتْ: لَا، لَقَدْ تَزَوَّجَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّهُمَا لَحَلَالَانِ

حضرت میمون بن مہران فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفیہ بنت شیبہ کے پاس بڑی عمر کی عورت آئی' میں نے ان سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے حالتِ احرام میں شادی کی تھی؟ اس عورت نے فرمایا: نہیں! رسول اللہ ﷺ نے جب شادی کی تو دونوں حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَيْمُونَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ صَفِيَّةَ إِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث میمون بن مہران' صفیہ سے اور میمون سے عبدالکریم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن عمرو اکیلے ہیں۔

4720 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ: حَدَّثَنِي قَتَادَةُ بْنُ دِعَامَةَ الْبَصْرِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا روزہ افطار کریں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ ثَوْبَانَ إِلَّا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ

یہ حدیث قتادہ' حسن سے' وہ ثوبان سے اور قتادہ سے لیث بن سعد روایت کرتے ہیں۔

4721 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں

---

4719- اسناده صحيح . تخريجه الطبراني في الكبير جلد 24 رقم الحديث: 324 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 271: ورجال الكبير رجال الصحيح .

4720- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد 2 صفحه 318 رقم الحديث: 2367' وابن ماجة: الصيام جلد 1 صفحه 537 رقم الحديث: 1680' والدارمي: الصوم جلد 2 صفحه 25 رقم الحديث: 1731' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 365 رقم الحديث: 22434 . انظر: تلخيص الحبير جلد 2 صفحه 205 .

4721- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 200 وقال: وفيه ابن لهيعة وهو ضعيف .

Marfat.com

الْعُتْبِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحِ السَّمَّانِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، اَنَّهُ اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَعَدَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِي ذَرٍّ: هَلْ رَكَعْتَ؟ قَالَ: لَا . قَالَ: قُمْ، فَارْكَعْ، فَقَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَعَوَّذْتَ فِيهِمَا مِنْ شَرِّ شَيَاطِينِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ؟ . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ اَوَّلُ الْاَنْبِيَاءِ؟ قَالَ: آدَمُ . قُلْتُ: نَبِيٌّ كَانَ؟ قَالَ: نَعَمْ، مُكَلَّمٌ . قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: نُوحٌ، وَبَيْنَهُمَا عَشَرَةُ آبَاءٍ . قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: اِبْرَاهِيمُ، وَبَيْنَهُمَا عَشَرَةُ آبَاءٍ . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِي عَنِ الصَّلَاةِ قَالَ: خَيْرٌ مَفْرُوشٌ، مَنْ شَاءَ اسْتَكْثَرَ مِنْهُ قُلْتُ: مَا الصَّدَقَةُ؟ قَالَ: اَضْعَافٌ مُضَاعَفَةٌ . قُلْتُ: مَا الصِّيَامُ؟ قَالَ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ؛ قَالَ اللّٰهُ: الصِّيَامُ لِي وَاَنَا اَجْزِي بِهِ . وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ . قُلْتُ: فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: جُهْدٌ مِنْ مُقِلٍّ، وَسِرٌّ اِلَى فَقِيرٍ . قُلْتُ: فَاَيُّ الرِّقَابِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اَغْلَاهَا ثَمَنًا

حضورﷺ کے پاس اس حالت میں آیا کہ آپ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے میں بیٹھ گیا' آپﷺ نے فرمایا: کیا تم نے دو رکعت نفل پڑھے ہیں؟ عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اُٹھو دو رکعت پڑھو! میں کھڑا ہوا اور دو رکعت نفل پڑھے۔ حضورﷺ نے فرمایا: کیا آپ نے ان دو رکعتوں میں سرکش جن و انسان سے پناہ مانگی ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! سب سے پہلا انبیاء میں سے کون ہے؟ آپ نے فرمایا: آدم علیہ السلام' میں نے عرض کی: وہ نبی تھے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! آپ سے کلام کی گئی ہے' میں نے عرض کی: آپ کے بعد؟ فرمایا: نوح علیہ السلام اور ان دونوں کے درمیان فاصلہ دس والدوں کا ہے۔ میں نے عرض کی: اس کے بعد کون؟ فرمایا: ابراہیم علیہ السلام' ان دونوں کے درمیان بھی دس والدوں کا فاصلہ ہے۔ میں نے عرض کی: مجھے نماز کے متعلق بتائیں! آپﷺ نے فرمایا: جو اپنی قبر بہتر بنانا چاہتا ہو وہ کثرت سے نماز پڑھے۔ میں نے عرض کی: صدقہ کا کیا ثواب ہے؟ فرمایا: کئی گنا کر کے۔ میں نے عرض کی: روزہ کا کیا ثواب ہے؟ فرمایا: روزہ ڈھال ہے' اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ روزہ میرے لیے ہے میں ہی اس کی جزاء دوں گا' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! روزے دار کے منہ کی خوشبو اللہ عزوجل کے ہاں مشک کی خوشبو سے زیادہ اچھی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: محنت کر کے کما کر

Marfat.com

ضرورت مند کو دے دینا۔ میں نے عرض کی: کون سا غلام آزاد کرنا افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: جس کی قیمت زیادہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ إِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث صفوان بن سلیم سے خالد بن یزید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**4722** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ: نَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نَا بُرْدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سُفَانَةَ النَّخَعِيُّ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا كَانَتْ تَحُكُّ الْمَنِيَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کپڑے سے منی کو کھرچتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي سُفَانَةَ إِلَّا بُرْدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ

یہ حدیث ابوسفانہ سے بردہ بن ابی زیاد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبثر بن قاسم اکیلے ہیں۔

**4723** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَعْدَانَ بْنُ جُمُعَةَ الطَّائِيُّ اللَّاذِقِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأُوَيْسِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ بَعْدَ التَّسْلِيمِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سلام کے بعد سہو کے دو سجدے کرتے تھے۔

---

**4722**- اخرجه مسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 238' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 99 رقم الحديث: 371-372' والترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 198 رقم الحديث: 116' والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 127 (باب فرك المنى من الثوب)' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 217 رقم الحديث: 25667 بنحوه .

**4723**- اخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 240 رقم الحديث: 715' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 404 ولفظه لمسلم .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ الْأُوَيْسِيُّ

یہ حدیث عبداللہ بن عمر سے عبدالعزیز الاویسی روایت کرتے ہیں۔

**4724** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَعْدَانَ بْنِ جُمُعَةَ اللَّاذِقِيُّ قَالَ: نَا مُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدِينِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ مُبْتَلًى فَلْيَقُلْ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي فَضَّلَنِي عَلَيْهِ وَعَلَى كَثِيرٍ مِنْ عِبَادِهِ تَفْضِيلًا، فَإِذَا قَالَ ذَلِكَ فَقَدْ شَكَرَ تِلْكَ النِّعْمَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی آزمائش والے کو دیکھے تو یہ دعا پڑھے: ''الحمد للّٰہ الٰی آخرہ'' جب اس نے اپنے اوپر ہونے والی نعمتوں کا شکریہ ادا کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث سہیل بن ابوصالح سے عبداللہ بن عمر روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں مطرف بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

**4725** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَاتِمٍ أَبُو زَيْدٍ الْمُرَادِيُّ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، وَيَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَا: نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: نَا عَامِرُ بْنُ يَحْيَى الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ سَيُخَلِّصُ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِي لَهُ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ سِجِلًّا كُلُّ سِجِلٍّ مَدُّ الْبَصَرِ، فَيَقُولُ لَهُ: أَتُنْكِرُ مِنْ هَذَا شَيْئًا؟ أَظَلَمَكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ (قیامت کے دن) اللہ تعالیٰ میری اُمت کے ایک آدمی کو نکالے گا' جس کے ننانوے (بدلوں کے) رجسٹر ہوں گے ہر رجسٹر تاحدنظر ہوگا' اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا: ان میں سے کسی شی سے تجھے انکار ہے؟ کیا میرے لکھنے والے محافظوں نے تیرے اوپر ظلم کیا؟ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! نہیں! تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیوں نہیں! میرے پاس تیری ایک

---

4724- اسناده فيه: عبد الله بن عمر العمري وهو ضعيف . تخريجه الطبراني في الصغير' والبزار . وقال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه141: وإسناده حسن .

4725- أخرجه الترمذي: الايمان جلد 5صفحه24 رقم الحديث: 2639 وقال: حسن غريب . وابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه1437 رقم الحديث: 4300' وأحمد: المسند جلد2صفحه285 رقم الحديث: 7010 .

Marfat.com

كَتَبَتِي الْحَافِظُونَ؟ فَيَقُولُ: لَا يَا رَبِّ. فَيَقُولُ: بَلَى، إِنَّ لَكَ عِنْدِي حَسَنَةً، وَإِنَّهُ لَا ظُلْمَ عَلَيْكَ الْيَوْمَ، فَيُخْرِجُ لَهُ بِطَاقَةً، فِيهَا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ فَيَقُولُ: احْضُرْ وَزْنَكَ فَيَقُولُ: مَا هَذِهِ الْبِطَاقَةُ مَعَ هَذِهِ السِّجِلَّاتِ؟ فَتَثْقُلُ الْبِطَاقَةُ، وَلَا يَثْقُلُ مَعَ اسْمِ اللّٰهِ شَيْئًا

نیکی بھی ہے۔ آج کے دن تیرے اوپر کوئی ظلم نہیں ہوگا۔ تو اُس کے لیے ایک پروانہ نکالے گا۔ جس میں اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وان محمداً عبدہٗ ورسولہٗ لکھا ہوگا۔ فرمائے گا: اپنا میزان لاؤ۔ وہ بندہ عرض کرے گا: ان رجسٹروں کے ساتھ یہ پرچی کیسی ہے؟ پس وہ پرچی بھاری ہو جائے گی' کیونکہ اللہ کے نام سے کوئی شی بھاری نہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ يَحْيَى

اس حدیث کو رسول کریم ﷺ سے صرف اسی سند سے روایت کیا گیا۔ عامر بن یحییٰ اس حدیث کے ساتھ منفرد ہیں۔

**4726** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَاتِمٍ الْمُرَادِيُّ قَالَ: نَا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا اكْتَسَبَ مُكْتَسِبٌ مِثْلَ فَضْلِ عِلْمٍ يَهْدِي صَاحِبَهُ إِلَى هُدًى أَوْ يَرُدُّهُ عَنْ رَدًى، وَلَا اسْتَقَامَ دِينُهُ حَتَّى يَسْتَقِيمَ عَقْلُهُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: فضیلتِ علم کی مثل کسی کمائی کرنے والے نے کمائی نہیں کی' جو ہدایت کی طرف اس کی راہنمائی کرے یا اس بُرائی سے روکے' نہ اس کا دین مستقیم ہوسکتا ہے یہاں تک کہ اس کی عقل مکمل ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ

یہ حدیث زید بن اسلم سے ان کے بیٹے عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اصبغ بن فرج اکیلے ہیں۔

**4727** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَاتِمٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت عروہ روایت

**4726**- اسناده فيه: أ- عبد الرحمٰن بن حاتم ابو زيد المرادى وهو ضعيف . ب- عبد الرحمٰن بن زيد بن اسلم العدوى مولاهم المدنى ضعيف . وأخرجه أيضًا فى الطبرانى فى الصغير . وقال الهيثمى فى المجمع جلد1صفحه124: وفيه عبد الرحمٰن بن زيد بن أسلم' وهو ضعيف .

**4727**- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن حاتم المرادى وهو ضعيف . تخريجه الطبرانى فى الكبير من طريق سعيد بن مريم به مطولًا' والبزار . وقال الهيثمى فى المجمع جلد9صفحه215: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

الْمُرَادِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: زَيْنَبُ خَيْرُ بَنَاتِي اُصِيبَتْ فِيَّ . فَبَلَغَ ذٰلِكَ عَلِيَّ بْنَ حُسَيْنٍ، فَاَتَاهُ فَقَالَ: مَا حَدِيثٌ يَبْلُغُنِي عَنْكَ تَنْتَقِصُ فِيهِ فَاطِمَةَ؟ فَقَالَ عُرْوَةُ: مَا اُحِبُّ اَنَّ لِي كَذَا وَكَذَا، وَاَنِّي اَنْتَقِصُ فَاطِمَةَ حَقًّا هُوَ لَهَا، فَاَمَّا بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَكَ عَلَيَّ اَنْ لَا اُحَدِّثَ بِهِ اَبَدًا

کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میری بیٹیوں میں افضل بیٹی زینب ہے میری مصیبت میں شریک ہوتی رہی۔ یہ بات علی بن حسین رضی اللہ عنہما تک پہنچی تو آپ نے عروہ کے پاس آ کر فرمایا: کون سی حدیث ہے جو تیری طرف سے مجھے پہنچی ہے اس سے فاطمہ کی شان کم کرنا چاہتے ہیں؟ حضرت عروہ نے کہا: مجھے ایسے ایسے ہو جائے تو میرے لیے زیادہ بہتر ہے میں اس شان کو کم کروں جو اللہ عزوجل نے حضرت فاطمہ کو عطا کی ہے اس لیے مجھ پر لازم ہے کہ آئندہ میں اس کو کبھی بھی بیان نہیں کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ الْهَادِ

یہ حدیث حضرت عمر بن عبداللہ بن عروہ سے یزید بن ھاد روایت کرتے ہیں۔

**4728** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى اَبِي، لَحَدَّثَنِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيٍّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَرَجْتُ مِنْ نِكَاحٍ، وَلَمْ اَخْرُجْ مِنْ سِفَاحٍ، مِنْ لَدُنْ آدَمَ اِلَى اَنْ وَلَدَنِي اَبِي وَاُمِّي

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: آدم علیہ السلام سے میری والدہ اور والد تک میں ہمیشہ نکاح سے پیدا ہوا ہوں بغیر نکاح کے پیدا نہیں ہوا۔ یعنی میرے جملہ آباء و اجداد مؤمن اور پاکدامن تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ

یہ حدیث محمد بن جعفر بن محمد سے محمد بن عمر روایت کرتے ہیں۔

**4729** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ

---

4728- اسناده فيه: محمد بن جعفر بن محمد بن على وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 217: وفيه محمد بن جعفر بن محمد بن على' صححه الحاكم في المستدرك وقد تكلم فيه' وبقية رجاله ثقات .

4729- اسناده فيه: ا - مندل بن على ضعيف . ب - عبد الله بن سنان الزهري الكوفي ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع

Marfat.com

الرَّازِيُّ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا مَنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ الْمَلَائِكَةُ تُصَلِّي عَلَى أَحَدِكُمْ مَا دَامَتْ مَائِدَتُهُ مَوْضُوعَةً

نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کے لیے فرشتے رحمت کی دعا مانگتے رہتے ہیں جب تک اس کا دسترخوان بچھا رہتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں مندل بن علی اکیلے ہیں۔

**4730** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث زہری سے اسماعیل بن مسلم روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں عبدالرحیم بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**4731** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُصَلُّونَ عَلَى أَحَدِكُمْ مَا دَامَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کے لیے فرشتے دعا کرتے رہتے ہیں جب تک وہ نماز کے انتظار میں رہتا ہے اور جب وہ بے وضو نہ ہو اے اللہ! اس کو بخش دے! اے اللہ! اس پر رحم فرما!

---

جلد **5** صفحہ **27**: وفيه مندل ابن علی' وهو ضعيف جدًا' وقد وثق .

**4730**- أخرجه البخاری: الصوم جلد **4** صفحه **180** رقم الحديث: **1929**' ومسلم: الصيام جلد **2** صفحه **779** ولفظه للبخاری .

**4731**- أخرجه البخاری: الأذان جلد **2** صفحه **167** رقم الحديث: **659**' ومسلم: المساجد جلد **1** صفحه **459** .

Marfat.com

فِي مُصَلَّاهُ، مَا لَمْ يُحَدِثْ حَدَثًا: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ

**4732** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زانی جس وقت زنا کرتا ہے اس وقت وہ حالتِ ایمان میں نہیں ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهَا: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ دونوں حدیثیں ہشام بن عروہ سے عقبہ بن خالد روایت کرتے ہیں' اُن دونوں حدیثوں کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4733** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ اَبِي يَعْقُوبَ الثَّقَفِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، مَوْلَى مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ قَالَ: بَعَثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ اِلَى الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَسْاَلُهُ عَنْ رَايَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَتْ؟ قَالَ: كَانَتْ سَوْدَاءَ، مُرَبَّعَةً، مِنْ نَمِرَةٍ

حضرت یونس بن عبید مولیٰ محمد بن القاسم فرماتے ہیں کہ مجھے محمد بن قاسم نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا کہ اُن سے پوچھوں کہ رسول اللہ ﷺ کا جھنڈا کیسا تھا؟ حضرت براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کالا چوکوردار۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ

یہ حدیث حضرت براء بن عازب سے اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔ اس حدیث کے ساتھ حضرت یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ اکیلے ہیں۔

**4734** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

4732- أخرجه البخاري: المظالم رقم الحديث: 2475' ومسلم: الايمان جلد1صفحه76 .

4733- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد 3صفحه32 رقم الحديث: 2591' والترمذي: الجهاد جلد 4صفحه196 رقم الحديث: 1680 وقال: حسن غريب . وأحمد: المسند جلد4صفحه364 رقم الحديث: 18652 .

4734- اسناده صحيح . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وقال الهيثمي في المجمع جلد9صفحه26: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

الرَّازِيُّ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يَمُوتَ يُكْثِرُ اَنْ يَقُولَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَرَاكَ تُكْثِرُ قَوْلَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ قَالَ: اِنِّي اُمِرْتُ بِاَمْرٍ، فَقَرَاَ: اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ

وصال مبارک سے پہلے کثرت سے ''سبحانك اللّٰهم الی آخرہ'' پڑھتے تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ یہ کثرت سے پڑھتے ہیں' آپ نے فرمایا: مجھے اس کے پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے' پھر آپ نے پڑھا ''اذا جاء نصر اللّٰه والفتح''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث عاصم سے حفص روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4735** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ قَالَ: وَاَنَا، وَاَنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ جب اذان سنتے تو آپ فرماتے: میں ہوں' میں ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا حَفْصٌ وَعَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث ہشام سے حفص اور علی بن مسہر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4736** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ مَرْزُوقٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ عَاصِمٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی' اس میں چاندی کا نگینہ تھا۔

**4735**- اخرجه ابو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **142** رقم الحديث: **526**' والبيهقي في الكبرى جلد **1** صفحه **603** رقم الحديث: **1929** .

**4736**- اخرجه البخاري: اللباس جلد **10** صفحه **334** رقم الحديث: **5870**' ومسلم: اللباس جلد **3** صفحه **1658** ولفظه للبخاري' وعند مسلم بلفظ وكان فصه حبشيًا .

Marfat.com

الْاَحْوَلِ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ خَاتَمُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِضَّةٍ، فَصُّهُ مِنْ فِضَّةٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِی قَيْسٍ

یہ حدیث عاصم سے عمرو بن ابی قیس روایت کرتے ہیں۔

**4737** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اُمِرَ ابْنُ آدَمَ اَنْ يَسْجُدَ عَلَى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ قَالَ اَحَدُهُمَا: وَلَا يَكُفُّ شَعْرًا، وَلَا ثَوْبًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ابن آدم کو سات اعضاء پر سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے' ان میں سے ایک یہ ہے کہ بال اور کپڑے نہ سمیٹے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا اَبُو الزُّبَيْرِ، وَلَا عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ اِلَّا لَيْثٌ، وَلَا عَنْ لَيْثٍ اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلٌ

یہ حدیث عبید بن عمیر سے ابوزبیر اور ابوزبیر سے لیث روایت کرتے ہیں اور لیث سے حفص روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل اکیلے ہیں۔

**4738** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ، اَنَّهُ كَانَ يَسُوقُ فَرَسَهُ بَيْنَ يَدَیِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَبَارَكَ اللّٰهُ، كَيْفَ حَوَافِرُهُنَّ وَسَوَافِلُهُنَّ؟

حضرت عروہ البارقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ اپنا گھوڑا رسول اللہ ﷺ کے آگے چلاتے تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ برکت والا ہے' کیسے ان کے کُھر اور پچھلا حصہ ہوتا ہے۔

---

**4737**- اخرجه البخاری: الأذان جلد2صفحه344 رقم الحديث: 809' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه354 نحوه .

**4738**- اسناده فيه: جابر بن يزيد الجعفی وهو ضعيف رافضی . وقال الهيثمی فی المجمع جلد 5صفحه267: وفيه جابر الجعفی وهو ضعيف .

Marfat.com

لَا يُرْوَى عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ

عروہ البارقی سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں محمود بن غیلان اکیلے ہیں۔

**4739** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمُ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ النَّوْفَلِيُّ قَالَ: نَا أَبُو عُبَادَةَ الزُّرَقِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أُتِيَ بِجَنَازَةِ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ أَوْ قَالَ: سَهْلِ بْنِ عَتِيكٍ، وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ صُلِّيَ عَلَيْهِ فِي مَوْضِعِ الْجَنَائِزِ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرَ، فَقَرَأَ بِأُمِّ الْقُرْآنِ فَجَهَرَ بِهَا، ثُمَّ كَبَّرَ الثَّانِيَةَ، فَصَلَّى عَلَى نَفْسِهِ وَعَلَى الْمُرْسَلِينَ، ثُمَّ كَبَّرَ الثَّالِثَةَ، فَدَعَا لِلْمَيِّتِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، وَارْحَمْهُ، وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ، ثُمَّ كَبَّرَ الرَّابِعَةَ، فَدَعَا لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ، ثُمَّ سَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت جابر بن عتیک یا سہل بن عتیک کا جنازہ لایا گیا' سب سے پہلے اس جگہ ان کا جنازہ پڑھا گیا' حضور ﷺ آگے بڑھے اور آپ نے اللہ اکبر کہا اور سورۂ فاتحہ اونچی آواز میں پڑھی' پھر دوسری تکبیر کہی اور اپنی ذات پر درود پڑھا اور رسولوں پر' پھر تیسری تکبیر کہی اور میت کے لیے دعا کی: اے اللہ! اس کو بخش دے اور اس پر رحم فرما! اس کے درجات بلند کر! پھر چوتھی تکبیر کہی اور ایمان والے مرد اور عورتوں کے لیے دعا کی اور سلام پھیر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا أَبُو عُبَادَةَ الزُّرَقِيُّ، وَلَا عَنْ أَبِي عُبَادَةَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث زہری سے ابوعبادہ الزرقی اور ابوعبادہ سے یحییٰ بن یزید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلیم بن منصور اکیلے ہیں۔

**4740** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل کسی سے دو پسندیدہ چیزیں لے لیتا ہے تو وہ صبر اور ثواب حاصل کرتا ہے' اسے اس صبر پر جنت ملتی ہے۔

**4739**- اسناده فيه: أبو عبادة الزرقى هو عيسى بن عبد الرحمٰن وهو متروك . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 3 صفحه 35: وفيه يحيى بن يزيد بن عبد الملك النوفلى' وهو ضعيف . قلت: يحيى هذا مختلف فيه' وثقه البعض' وضعفه البعض' وفى السند متروك' متفق على ضعفه وتركه .

**4740**- اسناده حسن فيه: محمد بن عمرو بن علقمة' قال فيه ابن حجر: صدوق له أوهام .

Marfat.com

اَخَذْتُ كَرِيمَتَىْ عَبْدٍ فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ كَانَ جَزَاؤُهُ الْجَنَّةَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے علی بن مسہر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4741** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ خُثَيْمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يُزَحْزَحَ عَنِ النَّارِ، وَيَدْخُلَ الْجَنَّةَ فَلْتَاْتِهِ مَنِيَّتُهُ وَهُوَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَيَاْتِي اِلَى النَّاسِ مَا يُحِبُّ اَنْ يُؤْتَى اِلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو جہنم سے آزادی حاصل کرنا پسند ہو اور جنت میں داخل ہونا تو وہ لا الٰہ الا اللہ وان محمد عبدهٗ ورسولہٗ پڑھے اور لوگوں کے پاس وہی شے لائے جو وہ پسند کرتا ہے کہ لوگ اس کے پاس لائیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ اِلَّا لَيْثٌ، وَلَا عَنْ لَيْثٍ اِلَّا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث طلحہ بن مصرف سے لیث اور لیث سے زیادہ بن عبداللہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں اور حضرت عبداللہ بن عمرو سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**4742** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اُمِّ ذَرَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ لَهُ اَوْ لِغَيْرِهِ فِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں اور یتیم کی یا اس کے علاوہ کسی کی کفالت کرنے والا جنت میں اکٹھے ہوں گے' بیوہ اور مسکین کی خدمت کرنے والا ایسے ہے جیسے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا ہوتا ہے۔

**4741**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 189 وقال: وفيه ليث بن أبي سليم' وهو مدلس' وبقية رجاله ثقات .

**4742**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 163 وقال: وفيه ليث بن أبي سليم وهو مدلس' وبقية رجاله ثقات . واخرجه أيضًا أبو يعلى .

Marfat.com

الْجَنَّةِ، وَالسَّاعِي عَلَى الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اُمِّ ذَرَّةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا لَيْثٌ، وَلَا عَنْ لَيْثٍ اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث اُم زرہ سے محمد بن منکدر اور محمد بن منکدر سے لیث اور لیث سے حفص روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4743** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، اَنَّ نِسَاءً مِنْ اَهْلِ حِمْصٍ دَخَلْنَ عَلَى عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: لَعَلَّكُنَّ مِنَ النِّسَاءِ اللَّوَاتِي يَدْخُلْنَ الْحَمَّامَاتِ؟ فَقُلْنَ لَهَا: اِنَّا لَنَفْعَلُ، فَقَالَتْ لَهُنَّ عَائِشَةُ: اَمَا اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَيُّمَا امْرَاَةٍ وَضَعَتْ ثِيَابَهَا فِي غَيْرِ بَيْتِ زَوْجِهَا هَتَكَتْ مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ

حضرت عطاء بن رباح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حمص کی رہنے والی عورتیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں' آپ نے فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تم وہ عورتیں ہو جو حمام میں داخل ہوتی ہیں؟ انہوں نے کہا: ہم ایسے کرتی ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو عورت اپنے کپڑے اپنے شوہر کے گھر کے علاوہ اُتارے تو اس نے اس پردہ کو حقیر جانا جو اس کے اور اللہ کے درمیان تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا يَزِيدُ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ اِلَّا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

یہ حدیث عطاء سے یزید اور یزید سے عمران بن عیینہ روایت کرتے ہیں۔

**4744** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: نَا قَبِيصَةُ بْنُ لَيْثٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ اُمِّ ثَلْجَةَ، قَالَتْ:

حضرت اُم ثلجہ فرماتی ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی تو آپ کو پردہ کے پیچھے سے ایک آدمی نے آواز دی' اس نے آپ رضی اللہ عنہا سے

**4743**- أخرجه أبو داؤد: الحمام جلد**4**صفحه**38** رقم الحديث: **4010**' والترمذي: الأدب جلد**5**صفحه**114** رقم الحديث: **2803**' وقال: حسن . وابن ماجة: الأدب جلد **2**صفحه**1234** رقم الحديث: **3750**' والدارمي: الاستئذان جلد **2**صفحه**365** رقم الحديث: **2651**' وأحمد: المسند جلد**6**صفحه **221** رقم الحديث: **25683** .

**4744**- اصله عند مسلم من طريق جرير عن منصور' عن ابراهيم . قال: قلت للأسود: فذكره . أخرجه مسلم: الأشربة جلد **3** صفحه**1578** .

Marfat.com

دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، فَنَادَاهَا رَجُلٌ مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ، فَسَأَلَهَا عَنِ النَّبِيذِ، فَقَالَتْ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ

نبیذ کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے دباء اور مزفت کے برتنوں سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أُمِّ ثَلْجَةَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ إِلَّا قَبِيصَةُ بْنُ لَيْثٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث اُم ثلجہ سے یزید بن ابوزیادہ اور یزید سے قبیصہ بن لیث روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبید اکیلے ہیں۔

**4745** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا زُنَيْجٌ أَبُو غَسَّانَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلَّى الرَّازِيُّ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ ضَبَّةَ بْنِ مِحْصَنٍ الْأَسَدِيِّ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّهُ سَيَكُونُ عَلَيْكُمْ أَئِمَّةٌ، تَعْرِفُونَ وَتُنْكِرُونَ، فَمَنْ أَنْكَرَ فَقَدْ بَرِءَ، وَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ سَلِمَ، وَلَكِنْ مَنْ رَضِيَ أَوْ تَابَعَ . قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَوَلَا نَقْتُلُهُمْ؟ قَالَ: لَا، مَا أَقَامُوا الصَّلَاةَ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: ایسے حکمران آئیں گے کہ جن کو تم پہچانتے ہو گے اور ناپسند کرتے ہو گے' جس نے انکار کیا وہ بری ہو گیا' جس نے ناپسند کیا وہ بچ گیا لیکن جو راضی ہو گیا یا اس کے تابع ہو گیا۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم اُن سے لڑیں نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! جب تک وہ نماز پڑھتے رہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلَّى

یہ حدیث اشعث بن عبدالملک سے محمد بن معلیٰ روایت کرتے ہیں۔

**4746** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ فَرْخَوَيْهِ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا الْعَلَاءُ بْنُ هِلَالٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ أَيُّوبَ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن ناخن کاٹے' اس کو اس کی مثل برائی سے بچایا جائے گا۔

---

**4745**- اخرجه مسلم: الامارة جلد **3** صفحه **1480**' وأبو داؤد: السنة جلد **4** صفحه **242** رقم الحديث: **4760**' والترمذي: الفتن جلد **4** صفحه **529** رقم الحديث: **2265** .

**4746**- اسناده فيه: أ - أحمد بن ثابت بن عتاب فرخويه الرازي متهم بالكذب (الجرح جلد **2** صفحه **44**' واللسان جلد **1** صفحه **143**' والميزان جلد **1** صفحه **86**). ب- العلاء بن هلال الرقي منكر الحديث . وقال الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **174**: وفيه أحمد ابن ثابت ويلقب فرخويه' وهو ضعيف .

Marfat.com

عَنِ ابْنِ اَبِی مُلَیْکَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَلَّمَ اَظْفَارَهُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ وُقِیَ مِنَ السُّوءِ اِلَی مِثْلِهَا

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَیُّوبَ اِلَّا یَزِیدُ بْنُ زُرَیْعٍ، وَلَا عَنْ یَزِیدَ بْنِ زُرَیْعٍ اِلَّا الْعَلَاءُ بْنُ هِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: فَرْخَوَیْهِ

یہ حدیث ایوب سے یزید بن زریع اور یزید بن زریع سے علاء بن ہلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں فرخویہ اکیلے ہیں۔

**4747** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا الْحُسَیْنُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِیُّ قَالَ: نَا الْوَلِیدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ مُوسَی، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی بَکْرَةَ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: کَانَتْ قِرَاءَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدُّ لَیْسَ فِیهِ تَرْجِیعٌ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکرا اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ قرأت کو لمبا کر کے پڑھتے تھے' اس میں ترجیع نہیں ہے۔

**4748** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا الْحُسَیْنُ بْنُ عِیسَی بْنِ مَیْسَرَةَ الرَّازِیُّ قَالَ: نَا الْحُسَیْنُ بْنُ عِیسَی بْنِ مَیْسَرَةَ الرَّازِیُّ قَالَ: نَا اَبُو زُهَیْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ کُرَیْبٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا یَزْنِی الزَّانِی حِینَ یَزْنِی وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا یَسْرِقُ حِینَ یَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا یَنْهَبُ نُهْبَةً یَرْفَعُ اِلَیْهَا الْمُؤْمِنُونَ رُءُوسَهُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زانی جس وقت زنا کرتا ہے اور چور جس وقت چوری کرتا ہے' ڈاکو جس وقت ڈاکہ زنی کرتا ہے' یا ڈاکو ڈاکہ ڈالتا ہے' مؤمن اپنے سر اُٹھا کر اسے دیکھتے رہ جاتے ہیں۔ اس وقت حالتِ ایمان میں نہیں ہوتے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِی

یہ حدیث ابن عباس' ابوہریرہ سے' ابن عباس سے

**4747**- اسناده فیه: عمر بن موسیٰ بن وجیه المیثمی الوجیهی متهم بوضع الحدیث سندًا ومتنًا (اللسان جلد4 صفحه332) . وقال الهیثمی فی المجمع جلد7صفحه172: وفیه من لم أعرفه .

**4748**- تقدم تخریجه .

Marfat.com

هُرَيْرَةَ اِلَّا كُرَيْبٌ، وَلَا عَنْ كُرَيْبٍ اِلَّا ابْنُهُ مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ

کریب اور کریب سے ان کے بیٹے محمد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن مغراء اکیلے ہیں۔

**4749** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا سُهَيْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا اَبُو الْمُنْذِرِ الْوَرَّاقُ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ، وَاَبَاكُمْ وَاحِدٌ، وَلَا فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلَى عَجَمِيٍّ، وَلَا لِعَجَمِيٍّ عَلَى عَرَبِيٍّ، وَلَا اَحْمَرَ عَلَى اَسْوَدَ، وَلَا اَسْوَدَ عَلَى اَحْمَرَ اِلَّا بِالتَّقْوَى

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا رب ایک ہے' تمہارا باپ ایک ہے' عربی کو عجمی اور عجمی کو عربی پر' سرخ کو کالے اور کالے کو سرخ پر برتری حاصل نہیں ہے مگر تقویٰ کے ساتھ فضیلت حاصل ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ اِلَّا اَبُو الْمُنْذِرِ الْوَرَّاقُ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث جریری سے ابوالمنذ رالوراق روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں' حضرت ابوسعید سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔

**4750** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ شَابُورَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَكْثِرُوا مِنَ الْحِذَاءِ، فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَنْ يَزَالَ رَاكِبًا مَا دَامَ نَاعِلًا

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جوتی پہننے میں کثرت کرو' تم میں ہر ایک سوار رہتا ہے جب تک وہ جوتی پہنے رکھتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ شَابُورَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ

یہ حدیث داؤد بن شابور سے اسماعیل بن مسلم اور اسماعیل سے علی بن ہاشم روایت کرتے ہیں' اس کو

---

**4749**- اسناده فيه: أبو المنذر الوراق لم أجده . تخريجه البزار من طريق جعفر بن سليمان الجزري' عن أبي نضرة...... عن أبي سعيد' مرفوعًا بنحو . وقال الهيثمي في المجمع جلد8صفحه87: ورجال البزار رجال الصحيح .

**4750**- اسناده فيه: اسماعيل بن مسلم وهو ضعيف .

Marfat.com

هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4751** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا اَبُو الْاَزْهَرِ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَحْدِي قَالَ: نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى عَلِيٍّ، فَقَالَ: لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يَبْغَضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ، مَنْ اَحَبَّكَ فَقَدْ اَحَبَّنِي، وَمَنْ اَبْغَضَكَ فَقَدْ اَبْغَضَنِي، وَحَبِيبِي حَبِيبُ اللّٰهِ، وَبَغِيضِي بَغِيضُ اللّٰهِ، وَيْلٌ لِمَنْ اَبْغَضَكَ بَعْدِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کی طرف دیکھا' آپ نے فرمایا: علی سے محبت صرف مؤمن ہی کرے گا اور بغض منافق رکھے گا' جس نے اس سے محبت کی بے شک اس نے مجھ سے محبت کی' جس نے اس سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا' میرا دوست اللہ کا دوست ہے' مجھ سے بغض رکھنے والا اللہ سے بغض رکھنے والا ہے' اس کے لیے ہلاکت ہے جو میرے بعد تجھ سے بغض رکھے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ اِلَّا اَبُو الْاَزْهَرِ النَّيْسَابُورِيُّ

یہ حدیث عبدالرزاق سے ابوازہر النیشاپوری روایت کرتے ہیں۔

**4752** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْمَدَنِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِاَحَبِّ الرَّجُلَيْنِ اِلَيْكَ: بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، اَوْ بِاَبِي جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ وَكَانَ اَحَبَّهُمَا اِلَى اللّٰهِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ عزوجل سے عرض کی: اے اللہ! اسلام کو عزت دے ان دو آدمیوں کے ذریعے' عمر بن خطاب یا ابوجہل بن ہشام کے ذریعے' اللہ کے نزدیک دونوں میں سے زیادہ محبوب حضرت عمر بن خطاب تھے۔

---

**4751**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه136 وقال: ورجاله ثقات الا أن في ترمة أبي الأزهر أحمد بن الأزهر النيسابوري: أن معمرًا كان له ابن أخ رافض' فأدخل هذا الحديث في كتبه' وكان معمرًا مهيبًا لا يراجع' وسمعه عبد الرزاق .

**4752**- أخرجه الترمذي: المناقب جلد5صفحه617 رقم الحديث: 3681 وقال: حسن صحيح غريب وأحمد: المسند جلد2صفحه159 رقم الحديث: 5698 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے عبدالعزیز بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

**4753** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الضُّحَى أَرْبَعًا، وَقَبْلَ الْأُولَى أَرْبَعًا بُنِيَ لَهُ بِهَا بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے چاشت کی چار رکعت نفل پڑھے اور ظہر سے پہلے چار (یعنی فرضوں سے پہلے) تو اس کے لیے جنت میں گھر بنا دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيَّاشٍ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَيَّاشٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث ابو بردہ سے عبداللہ بن عیاش اور عبداللہ بن عیاش سے ابراہیم بن محمد الہمدانی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**4754** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَلْعُونٌ مَنْ أَتَى النِّسَاءَ فِي أَدْبَارِهِنَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی رحمت سے وہ آدمی دور ہے جو عورتوں کی دُبر میں وطی کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ إِلَّا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، وَلَا عَنْ مُسْلِمٍ إِلَّا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث علاء سے مسلم بن خالد اور مسلم سے ابن ابی زائدہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

---

4753- اسناده فيه: عبد اللّٰه بن عياش بن عباس القتباني وهو ضعيف . وعزاه الحافظ الهيثمي أيضًا في المجمع جلد2 صفحه241 الى الطبراني في الكبير' وقال: وفيه جماعة لا يعرفون .

4754- أخرجه أبو داؤد: النكاح جلد2صفحه255 رقم الحديث:2162' وأحمد: المسند جلد 2صفحه585 رقم الحديث:9746 . انظر: تلخيص الحبير جلد3صفحه205 رقم الحديث:2 .

Marfat.com

**4755** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو مَسْعُودٍ الصَّابُونِيُّ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلَى قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ الْيَشْكُرِيُّ قَالَ: نَا مُبَارَكُ بْنُ حَسَّانٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا نُسَافِرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا رَاَى الْقَرْيَةَ يُرِيدُ اَنْ يَدْخُلَهَا قَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ اللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاهَا، وَحَبِّبْنَا اِلَى اَهْلِهَا، وَحَبِّبْ صَالِحِي اَهْلِهَا اِلَيْنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ سفر کرتے' جب آپ کسی بستی کو دیکھتے اور اس میں داخل ہونے کا ارادہ کرتے تو آپ عرض کرتے: اے اللہ! ہمارے لیے اس میں برکت دے' تین مرتبہ فرمایا' پھر یہ دعا کرتے: اے اللہ! ہم کو اس کے پڑوس میں رزق دے! اس کے رہنے والوں کے دلوں میں ہماری محبت ڈال دے! اس کے رہنے والوں میں ہم کو اچھا دوست دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكِ بْنِ حَسَّانٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ

یہ حدیث مبارک بن حسان سے اسماعیل بن صبیح روایت کرتے ہیں۔

**4756** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ طَلْحَةَ الْيَرْبُوعِيُّ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ سَالِمٍ الْاَفْطَسِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَرَاَ: (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ) (الفاتحة: 1 ) هَزَاَ مِنْهُ الْمُشْرِكُونَ، وَقَالُوا: مُحَمَّدٌ يَذْكُرُ اِلَهَ الْيَمَامَةِ وَكَانَ مُسَيْلَمَةُ يَتَسَمَّى الرَّحْمَنَ فَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ اَمَرَ رَسُولُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے تو مشرکین آپ کا مذاق کرتے اور کہتے: محمد یمامہ کے خدا کا ذکر کرتا ہے اور مسیلمہ رحمٰن کا نام لیتا تھا' جب یہ آیت نازل ہوئی' حضور ﷺ نے ایسے اونچا نہ پڑھنے کا حکم دیا۔

---

**4755**- اسناده فيه: مبارك بن حساب السلمي أبو يونس او أبو عبد الله البصري' وثقه ابن معين' وضعفه النسائي' وقال أبو داؤد: منكر الحديث' وقال ابن حجر: لين الحديث . وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 137: واسناده جيد . قلت: بل ضعيف كما تقدم .

**4756**- اسناده فيه: أ- يحيى بن طلحة بن أبي كثير اليربوعي الكوفي لين الحديث . ب- شريك النخعي صدوق يخطئ كثيرًا . أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 439-440 رقم الحديث: 12245 . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 111 وقال: ورجاله موثقون . قلت: اسناده ضعيف كما تقدم .

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَا يُجْهَرَ بِهَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ الْاَفْطَسِ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ

یہ حدیث سالم افطس سے شریک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عباده بن عوام اکیلے ہیں۔

**4757** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَشَّاءُ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَنْمَاطِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ يَوْمَ عَرَفَةَ، وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ الْقَصْوَاءِ يَخْطُبُ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: اَيُّهَا النَّاسُ، قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا: كِتَابَ اللّٰهِ، وَعِتْرَتِي اَهْلَ بَيْتِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عرفات میں حج کے موقع پر قصواء اونٹنی پر بیٹھے خطبہ دیتے ہوئے دیکھا' فرمایا: اے لوگو! میں نے جو تم میں چھوڑا اس کو پکڑلو' تم گمراہ نہیں ہوگے' کتاب اللہ کو اور میری اہل بیت کو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَنْمَاطِيُّ

یہ حدیث جعفر بن محمد سے زید بن حسن انماطی روایت کرتے ہیں۔

**4758** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ الْقَافْلَانِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبَلُ صَلَاةَ مَنْ لَا يُصِيبُ اَنْفُهُ الْاَرْضَ

حضرت اُم عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل اس نماز کو قبول نہیں کرتا ہے جس میں ناک زمین پر نہ لگے۔

---

**4757**- أخرجه الترمذی: المناقب جلد 5 صفحه 662 رقم الحديث: 3786' وقال: حسن غريب . والطبرانی فی الكبير جلد 3 صفحه 66 رقم الحديث: 2680 وقال: قال شيخنا واسناده ضعيف' وذلك من أجل زيد بن الحسن الأنماطی حيث انه ضعيف كما قال الحافظ .

**4758**- اسناده فيه: سليمان بن أبی سليمان القافلانی' ضعفه ابن معين وابن المدينی' والعجلی' وغيرهم' وقال ابن عدی: لا أری بأحاديثه بأسًا اذا روی عنه ثقة . وأخرجه أيضًا الطبرانی فی الكبير . وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد 2 صفحه 129: وفيه سليمان بن محمد الباقلانی (القافلانی) وهو متروك .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَـٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ إِلَّا بِهَـٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ

یہ حدیث اُم عطیہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں حسن بن مدرک اکیلے ہیں۔

**4759** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ الرَّازِيِّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ قَالَ: قَالَ شُعْبَةُ: عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَكْرَهُ لِلرَّجُلِ أَنْ يَأْتِيَ أَهْلَهُ طُرُوقًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ناپسند کرتے تھے کہ آدمی اپنی عورت کی دُبر میں وطی کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ إِلَّا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّازِيُّ، وَلَمْ نَسْمَعْهُ إِلَّا مِنَ الصَّابُونِيِّ

یہ حدیث داؤد بن ابوھند سے عباد بن راشد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حفص بن عمر الرازی اکیلے ہیں' ہم نے اس کو صابونی سے سنا۔

**4760** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ الرَّازِيِّ، عَنْ أَبِي حُرَّةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: خَطَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَثَّ عَلَى صِلَةِ الرَّحِمِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ لَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ يَكْفُلُهُنَّ وَيُؤَدِّبُهُنَّ وَيُزَوِّجُهُنَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ . فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاثْنَتَيْنِ؟ قَالَ: وَاثْنَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ عَلِيٌّ: مَا كَذَبْتُ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَلَا كَذَبَ مُحَمَّدٌ عَلَى جَابِرٍ، وَلَا كَذَبَ جَابِرٌ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دیا لوگوں کو صلہ رحمی کرنے پر اُبھارا' پھر فرمایا: جس کی تین بیٹیاں اور وہ ان کی کفالت کرے' ان کو ادب سکھائے اور ان کی شادی کرے تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ ایک کہنے والے نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر دو ہوں تو؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو بھی ہوں تو بھی یہی ثواب ہے۔ پھر راوئ حدیث علی نے فرمایا: میں نے محمد بن منکدر پر جھوٹ نہیں باندھا اور محمد بن منکدر نے جابر پر جھوٹ نہیں باندھا اور حضرت جابر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جھوٹ نہیں باندھا۔

---

**4759**- أخرجه البخاري: النكاح جلد **9** صفحه **251** رقم الحديث: **5243**' ومسلم: الامارة جلد **3** صفحه **1528** رقم الحديث: **185** ولفظه للبخاري .

**4760**- اسناده فيه: علي بن زيد بن جدعان وهو ضعيف . تخريجه أحمد من طريق هشيم' قال أنا علي بن زيد بنحوه' والبزار من طريقين بنحوه . وقال الهيثمي في المجمع جلد **8** صفحه **160**: واسناد أحمد جيد .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حُرَّةَ اِلَّا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، وَلَمْ نَسْمَعْهُ اِلَّا مِنَ الصَّابُونِيِّ

یہ حدیث ابوحرہ سے حفص بن عمر روایت کرتے ہیں' ہم نے اسے صابونی سے سنا۔

**4761** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ قَالَ: نَا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ الْعَوْذِيُّ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَتْ لَهُ اَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا، وَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَلْيَمْنَحْهَا، وَلَا يُكْرِيهَا، وَلَا تَخْلِطُوا الْبُسْرَ وَالتَّمْرَ، وَالتَّمْرَ وَالزَّبِيبَ، وَالْعُمْرَى جَائِزَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کی زمین ہو اسے چاہیے کہ وہ اس کو آباد کرے' جو خود آباد کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے وہ کسی کو دیدے' اس سے کرایہ نہ لے' خشک اور تر کھجوروں کو نہ ملاؤ اور کھجور اور کشمش کو نہ ملاؤ اور غیر آباد زمین کو آباد کر کے قبضہ میں لے لینا انعام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بِسْطَامِ بْنِ مُسْلِمٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ، وَلَا يُرْوَى: الْعُمْرَى جَائِزَةٌ عَنْ مَطَرٍ اِلَّا بِسْطَامُ

یہ حدیث بسطام بن مسلم سے محمد بن منکدر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ القطعی روایت کرتے ہیں' عمریٰ جائزۃ کے الفاظ مطر سے بسطام روایت کرتے ہیں۔

**4762** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: زُرَيْقُ بْنُ السِّخْتِ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نَا شَيْبَانُ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوسَى، عَنْ اَبِي مَلِيحِ بْنِ

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے کہ ایک آدمی آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اللہ کی حدود میں کسی کو پہنچا ہوں' مجھ پر اللہ کی حد قائم کریں' آپ مجھے پاک کریں۔

---

**4761**- هذا الحديث ملفق من ثلاث أحاديث . أما الأول فهو عند البخاري ومسلم حتى قوله ﷺ أو ليمنحها . أخرجه البخاري: الحرث جلد **5** صفحه **28** رقم الحديث: **2340**' ومسلم: البيوع جلد **3** صفحه **1176**' وأما قوله ﷺ: والا تخلطوا البسر والتمر' والتمر والزبيب . أخرجه البخاري: الأشربة جلد **10** صفحه **69** رقم الحديث: **5601**' ومسلم: الأشربة جلد **3** صفحه **1574**' وأما قوله ﷺ: العمرى جائزة . أخرجه البخاري: الهبة جلد **5** صفحه **282** رقم الحديث: **2626**' ومسلم: الهبات جلد **3** صفحه **1247** .

**4762**- أخرجه ابن حبان رقم الحديث (**259**/موارد) . انظر الدر المنثور جلد **3** صفحه **354** .

Marfat.com

اُسَامَةَ الْهُذَلِيِّ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَصَبْتُ حَدًّا مِنْ حُدُودِ اللّٰهِ، فَاَقِمْ فِيَّ حَدِّ اللّٰهِ فَطَهِّرْنِي، فَقَالَ: اَلَيْسَ قَدْ تَوَضَّاْتَ وَاَحْسَنْتَ الْوُضُوءَ، وَتَطَهَّرْتَ فَاَحْسَنْتَ الطُّهُورَ، وَشَهِدْتَ مَعَنَا الصَّلَاةَ آنِفًا؟ قَالَ: بَلَى. قَالَ: اذْهَبْ، فَهِيَ كَفَّارَتُكَ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تُو نے وضو اور اچھا وضونہیں کیا؟ اس نے عرض کی: میں نے اچھا وضو کیا ہے' آپ نے فرمایا: تو نے طہارت حاصل کی تو اچھے طریقے سے حاصل کی۔ کیا تُو ہمارے ساتھ نماز میں شریک نہیں ہوا تھا؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! شریک ہوا ہوں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چلے جاؤ! تمہارے گناہ کا کفارہ ہو چکا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ وَاثِلَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ

یہ حدیث واثلہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ہاشم بن قاسم اکیلے ہیں۔

**4763** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا زُرَيْقُ بْنُ السَّخْتِ قَالَ: نَا بَكْرُ بْنُ خِدَاشٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ الْبَجَلِيُّ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ: اَخْبَرَنِي بُرَيْدَةُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ اَمِيرِ عَشَرَةٍ اِلَّا اَتَى اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولَةٌ يَدُهُ اِلَى عُنُقِهِ، فَاِنْ كَانَ مُحْسِنًا فُكَّ غِلُّهُ، وَاِنْ كَانَ مُسِيئًا زِيدَ غِلًّا اِلَى غِلِّهِ

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو دس آدمیوں پر امیر بنا' اللہ عزوجل اس کو قیامت کے دن لائے گا' اس کا ہاتھ اس کی گردن سے بندھا ہوا ہوگا' اگر اچھا سلوک کیا ہوگا تو اس کی گردن کھول دی جائے گی' اگر بُرا ہوگا تو اس کی گردن اور سخت باندھ دی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِيسَى بْنِ الْمُسَيَّبِ، اِلَّا بَكْرُ بْنُ خِدَاشٍ

یہ حدیث عیسیٰ بن میّب سے بکر بن خراش روایت کرتے ہیں۔

**4764** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**4763**- اسناده فيه: أ- عيسى بن المسيب البجلي ضعيف ـ ب- عطية العوفي صدوق يخطئ كثيرًا ـ وقال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه209: رواه الطبراني في الأوسط باسنادين، وكلاهما فيه ضعيف، ولم يوثق ـ

**4764**- اسناده فيه: عيسى بن المسيب البجلي ضعيف ـ تخريجه الطبراني في الكبير، بهذا الاسناد، ومن طريق السري بن اسماعيل ومسكين بن صالح عن الشعبي بالاسناد، والسري متروك، ومسكين لم أجد من ترجمه، وأحمد من طريق هاشم بن القاسم بالاسناد بنحوه ـ وقال الهيثمي في المجمع جلد1صفحه305: وفيه عيسى بن المسيب البجلي، وهو ضعيف ـ

Marfat.com

الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا زُرَيْقُ بْنُ السِّخْتِ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ الْمُسَيِّبِ الْبَجَلِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: اَخْبَرَنِي كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ سَبْعَةُ نَفَرٍ: اَرْبَعَةٌ مَنْ مَوَالِينَا وَثَلَاثَةٌ مِنْ عَرَبِنَا، مُسْنِدِينَ ظُهُورَنَا اِلَى مَسْجِدِهِ، فَقَالَ: مَا اَجْلَسَكُمْ؟ قُلْنَا: جَلَسْنَا نَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ . قَالَ: فَارَمَّ قَلِيلًا، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مَا يَقُولُ رَبُّكُمْ؟ قُلْنَا: لَا . قَالَ: فَاِنَّ رَبَّكُمْ يَقُولُ: مَنْ صَلَّى الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَحَافَظَ عَلَيْهَا، وَلَمْ يُضَيِّعْهَا اسْتِخْفَافًا بِحَقِّهَا، فَلَهُ عَلَيَّ عَهْدٌ اَنْ اُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، وَمَنْ لَمْ يُصَلِّهَا لِوَقْتِهَا، وَلَمْ يُحَافِظْ عَلَيْهَا، وَضَيَّعَهَا اسْتِخْفَافًا بِحَقِّهَا، فَلَا عَهْدَ لَهُ عَلَيَّ، اِنْ شِئْتُ عَذَّبْتُهُ، وَاِنْ شِئْتُ غَفَرْتُ لَهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِيسَى بْنِ الْمُسَيِّبِ اِلَّا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ

**4765** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا زُرَيْقُ بْنُ السِّخْتِ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ جُبَيْرٍ الطَّائِيُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَوْمٌ مِنْ اِمَامٍ عَدْلٍ خَيْرٌ مِنْ عِبَادَةِ سِتِّينَ سَنَةً، وَحَدٌّ يُقَامُ فِي الْاَرْضِ بِحَقِّهِ اَزْكَى مِنْ مَطَرِ اَرْبَعِينَ صَبَاحًا

حضور ﷺ ہمارے پاس نکلے' ہم سات افراد تھے' چار ہمارے غلام تھے اور تین عرب سے تھے' ہم مسجد کے ستون سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا: تم کیوں بیٹھے ہوئے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم نماز کے لیے بیٹھے ہوئے ہیں' آپ تھوڑی دیر خاموش رہے' پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ تمہارا رب کیا فرماتا ہے؟ ہم نے عرض کی: نہیں! فرمایا: تمہارا رب فرماتا ہے کہ جس نے نماز وقت پر پڑھی اور اس پر ہمیشگی کی تو اس کے حق کو حقیر جانتے ہوئے ضائع نہیں کیا' وہ فرماتا ہے: اس کو جنت میں داخل کرنے کا میرے ذمہ وعدہ ہے' جس نے اس کو وقت پر نہیں پڑھا اور اس پر ہمیشگی نہیں کی اور اس کے حق کو حقیر سمجھا تو میرے ذمہ اس کا کوئی معاہدہ نہیں ہے' اگر میں چاہوں تو اس کو عذاب دوں' اگر چاہوں تو اس کو بخش دوں۔

یہ حدیث عیسیٰ بن میتب سے ہاشم بن قاسم روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بادشاہ کا عدل کرنا ساٹھ سال عبادت کرنے سے بہتر ہے' زمین میں حد قائم کرنا حق کے ساتھ چالیس دن بارش برسنے سے بہتر ہے۔

**4765**- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن الحسين الصابوني لم أجده . وقال الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 266: وفيه زريق بن السخت' ولم أعرفه . قلت: زريق معروف وهو مستقيم الحديث . انظر ابن حبان في الثقات؛ جلد 8 صفحه 259 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا عَفَّانُ بْنُ جُبَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عکرمہ سے عفان بن جبیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں جعفر بن عون اکیلے ہیں' ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4766** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ رُشَيْدٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا اَنَسُ بْنُ سِيرِينَ، اَنَّهُمْ اَتَوْا اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، فَدَعَا لَهُمْ بِغَدَاءٍ، فَتَقَدَّمَ بَعْضُ الْقَوْمِ وَاَمْسَكَ بَعْضُ، فَقَالَ: لَعَلَّكُمُ اثْنَيْنِيُّونَ اَوْ خَمِيسِيُّونَ قَالَهَا ثَلَاثًا؟ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ حَتَّى يَقُولُونَ مَا فِي نَفْسِهِ اَنْ يُفْطِرَ، وَيُفْطِرُ حَتَّى يَقُولُونَ مَا فِي نَفْسِهِ اَنْ يَصُومَ الْعَامَ، وَكَانَ اَحَبُّ الصَّوْمِ اِلَيْهِ فِي شَعْبَانَ

حضرت انس بن سیرین فرماتے ہیں کہ لوگ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس پیر کے دن آئے' آپ نے ان کو کھانے کی دعوت دی' بعض کھانے کے لیے آگے بڑھے اور بعض رُک گئے۔ آپ نے فرمایا: ہوسکتا ہے تم میں سے کسی نے پیر یا جمعرات کا روزہ رکھا ہو؟ تین مرتبہ فرمایا' حضورﷺ روزہ رکھتے تھے یہاں تک کہ صحابہ کرام دل میں خیال کرتے تھے کہ اب آپ افطار نہیں کریں گے اور آپ افطار کرتے یہاں تک کہ صحابہ کرام سوچتے کہ آپ پورا سال روزے نہ رکھیں گے' آپ شعبان کے روزے رکھنے کو پسند کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيرِينَ اِلَّا عُثْمَانُ بْنُ رُشَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الصَّمَدِ

یہ حدیث انس بن سیرین سے عثمان بن رشید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالصمد اکیلے ہیں۔

**4767** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ الضَّيْفِ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ السَّكَنِ الْجَنَدِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ: سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ:

حضرت عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ کیا رسول اللہﷺ نے رب عزوجل کو دیکھا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جی ہاں! آپﷺ نے اللہ عزوجل کو دیکھا ہے'

**4766**- اسناده فيه: عثمان بن رشيد ضعفه يحيى بن معين وذكره ابن حبان في الثقات' وفي الضعفاء أيضًا' وقال: منكر الحديث لا يجوز الاحتجاج به . وأخرجه أيضًا أحمد من طريق يونس' ثنا عثمان بن رشيد بالاسناد . وقال الهيثمي في المجمع جلد3صفحه195: وفيه عثمان بن رشيد' وهو ضعيف .

**4767**- ذكره الحافظ السيوطي في الدر المنثور جلد6صفحه124 وقال: اخرجه البيهقي في الأسماء والصفات وضعفه .

Marfat.com

هَلْ رَاَى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ؟ قَالَ: نَعَمْ، رَآهُ فِي صُورَةِ شَابٍّ بَيْنَ شَعَرٍ مِنْ لُؤْلُؤٍ، كَاَنَّ قَدَمَيْهِ فِي خُضْرَةٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ اِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ الضَّيْفِ

ایسے جوان کی شکل میں جو موتیوں کے بالوں کے درمیان ہو گویا اس کے دونوں پاؤں سرسبز وشاداب جگہ میں ہیں۔

یہ حدیث عمرو بن مسلم سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن الضیف اکیلے ہیں۔

**4768** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: نَا الْيَمَانُ بْنُ نَصْرٍ، صَاحِبُ الرَّقِيقِ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ الْمَدَنِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: رَاَيْتُ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ كَاَنِّي تَحْتَ شَجَرَةٍ، وَكَاَنَّ الشَّجَرَةَ تَقْرَاُ: ص، فَلَمَّا اَتَتْ عَلَى السَّجْدَةِ سَجَدَتْ، فَقَالَتْ فِي سُجُودِهَا: اللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِي بِهَا اَجْرًا، وَحُطَّ عَنِّي بِهَا وِزْرًا، وَاَحْدِثْ لِي بِهَا شُكْرًا، وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ سَجْدَتَهُ، فَلَمَّا اَصْبَحْتُ غَدَوْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرْتُهُ بِذَلِكَ، فَقَالَ: سَجَدْتَ اَنْتَ يَا اَبَا سَعِيدٍ؟ فَقُلْتُ: لَا . قَالَ: اَنْتَ كُنْتَ اَحَقَّ بِالسُّجُودِ مِنَ الشَّجَرَةِ، فَقَرَاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُورَةَ ص حَتَّى اَتَى عَلَى السَّجْدَةِ، فَقَالَ فِي سُجُودِهِ مَا قَالَتِ الشَّجَرَةُ

حضرت ابوسعید الخذری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی نیند میں دیکھا' گویا میں ایک درخت کے نیچے ہوں' گویا کہ اس درخت نے سورۂ ص پڑھی' جب سجدہ والی آیت پر آیا تو اس نے سجدہ کیا' اس نے سجدے میں پڑھا: اے اللہ! میرے لیے اس کو پڑھنے کا اجر لکھ دے' مجھ سے بوجھ کم کر' میرے لیے اس کے پڑھنے کی وجہ سے شکر لکھ دے' میرا یہ پڑھنا ایسے قبول کر جس طرح تُو نے اپنے بندے داؤد کا سجدہ قبول کیا ہے۔ جب میں نے صبح کی تو میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے آپ کو بتایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوسعید! تُو نے سجدہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: تُو سجدہ کرنے کا درخت سے زیادہ حق دار تھا' رسول اللہ ﷺ نے سورۂ ص پڑھی' جب سجدہ والی آیت پر آئے تو آپ نے سجدہ میں وہی دعا پڑھی جو درخت نے سجدے میں پڑھی تھی۔

**4768**- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن الحسين الصابونی لم أجده . تخريجه أبو يعلى (المقصد العلی) والبخاری فی تاريخه' من طريق اليمان بن نصر بالاسناد' بنحوه . وقال الهيثمی فی المجمع جلد 2صفحه288: وفيه اليمان بن نصر' قال الذهبی: مجهول .

Marfat.com

فِی سُجُودِهَا

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْيَمَانُ بْنُ نَصْرٍ

یہ حدیث ابوسعید سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں یمان بن نصر اکیلے ہیں۔

**4769** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ الْاَهْوَازِيُّ قَالَ: نَا اَبُو هَمَّامِ بْنِ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَالَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ الرَّجُلَ يَذْبَحُ، وَيَنْسَى اَنْ يُسَمِّيَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْمُ اللّٰهِ عَلَى فَمِ كُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے بتائیں کہ ایک آدمی جانور ذبح کرتا ہے اور بسم اللہ' اللہ اکبر پڑھنا بھول جاتا ہے' اس کا کیا حکم ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کا نام ہر مسلمان کے منہ پر ہے۔

**4770** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ الْاَهْوَازِيُّ قَالَ: نَا اَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا خَفِيَتِ الْخَطِيئَةُ لَمْ تَضُرَّ اِلَّا صَاحِبَهَا، وَاِذَا ظَهَرَتْ فَلَمْ تُغَيَّرْ ضَرَّتِ الْعَامَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب غلطی چھپ کر ہو جائے تو اس کے کرنے والے پر ہی گناہ ہوگا' اگر اس نے علانیہ کی اور اُسے کسی نے نہیں روکا ہے تو گناہ سب پر ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا مَرْوَانُ بْنُ سَالِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: اَبُو هَمَّامٍ

یہ دونوں حدیثیں اوزاعی سے مروان بن سالم روایت کرتے ہیں' ان دونوں کو روایت کرنے میں

**4769**- اسناده فيه: مروان بن سالم الغفاري ابو عبد الله الجذري متروك' ورماه الساجي وغيره بالوضع . وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه33: وفيه مروان بن سالم الغفاري' وهو متروك . تخريجه البيهقي في الكبرىٰ' وابن عدى' من طريق ابي همام بالاسناد المذكور .

**4770**- اسناده فيه: مروان بن سالم الغفاري متروك .

Marfat.com

ابوہمام اکیلے ہیں۔

**4771** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا اَصْحَابِي، لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ سَبَّ اَصْحَابِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابہ کو گالی نہ دو! اللہ نے اس پر لعنت فرمائی ہے جو میرے صحابہ کو گالی دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ

یہ حدیث ابن جریج سے ابوعاصم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن سہل اکیلے ہیں۔

**4772** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ اَبِي عَوْنٍ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي: يَا اَبَتِ، مَنْ خَيْرُ هَذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا؟ قَالَ: اَبُو بَكْرٍ . قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ عُمَرُ، فَمَا مَنَعَنِي اَنْ اَسْاَلَهُ عَنِ الثَّالِثِ اِلَّا مَخَافَةَ اَنْ يُصَلِّيَ بِعُثْمَانَ، فَقُلْتُ: فَمَا اَنْتَ؟ قَالَ: اَبُوكَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت محمد بن حنیفہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے عرض کی: اے والد ماجد! اس اُمت میں انبیاء کے بعد افضل کون ہے؟ فرمایا: ابوبکر! میں نے عرض کی: اس کے بعد کون ہے؟ فرمایا: عمر! مجھے تیسرے کے متعلق پوچھنے سے کوئی رکاوٹ نہیں تھی' مگر یہ تھا کہ حضرت عثمان کا نام لیں گے' میں نے عرض کی: آپ کا کیا مرتبہ ہے؟ آپ نے فرمایا: تیرا والد مسلمانوں میں سے ایک آدمی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ

یہ حدیث مسعر سے شعیب بن حرب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن سہل اکیلے ہیں۔

---

**4771**- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن الحسين الصابوني لم اجده . وقال الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **24**: ورجاله رجال الصحيح' وغير علي بن سهل' وهو ثقة .

**4772**- أخرجه البخاري: فضائل الصحابة جلد **7** صفحه **24** رقم الحديث: **3671**' وأبو داؤد: السنة جلد **4** صفحه **206** رقم الحديث: **4629** .

Marfat.com

**4773** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَلَّادٍ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نا نَهْشَلُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ: نا وَكِيعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَغَدْوَةٌ أَوْ رَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا وَكِيعٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: نَهْشَلُ بْنُ كَثِيرٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک صبح یا شام اللہ کی راہ میں جہاد کرنا دنیا اور دنیا کے اندر جو کچھ ہے اس سے بہتر ہے۔

یہ حدیث اعمش سے وکیع روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں نہشل بن کثیر اکیلے ہیں۔

**4774** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَلَّادٍ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَتَكِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَصِيرٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمْ صَلَاةَ الصُّبْحِ، فَلَمَّا انْفَتَلَ قَالَ: أَشَاهِدٌ فُلَانٌ؟ أَشَاهِدٌ فُلَانٌ؟ لِنَفَرٍ مِنَ الْمُنَافِقِينَ لَمْ يَشْهَدُوا الصَّلَاةَ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ أَثْقَلَ الصَّلَاةِ عَلَيْهِمْ هَاتَانِ الصَّلَاتَانِ: صَلَاةُ الصُّبْحِ وَصَلَاةُ الْعِشَاءِ، وَلَوْ يَعْلَمُونَ مَا فِيهِمَا لَأَتَوْهُمَا حَبْوًا ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالصَّفِّ الْمُقَدَّمِ، فَإِنَّهُ عَلَى مِثْلِ صَفِّ الْمَلَائِكَةِ، وَلَوْ تَعْلَمُونَ مَا فِيهِ إِذًا لَابْتَدَرْتُمُوهُ قَالَ: وَصَلَاتُكَ مَعَ الرَّجُلِ أَزْكَى مِنْ صَلَاتِكَ وَحْدَكَ،

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی' جب سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: کیا فلاں موجود ہے؟ منافقوں کا ایک گروہ جو نماز میں شریک نہیں ہوئے تھے' پھر فرمایا: یہ دو نمازیں ان پر بھاری ہیں: صبح اور عشاء کی' اگر دونوں کے ثواب کے متعلق ان کو معلوم ہو تو ضرور گھسٹتے ہوئے آئیں۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: تم پر پہلی صف میں شریک ہونا لازم ہے کیونکہ پہلی صف فرشتوں کی صف کی طرح ہے' اگر تم پہلی صف کی فضیلت جان لو تو اس میں شریک ہونے کے لیے ضرور کوشش کرو۔ ایک آدمی سے مل کر تیرا نماز پڑھنا زیادہ بہتر ہے' دو آدمیوں کے ساتھ مل کر تیرا نماز پڑھنا اور زیادہ بہتر ہے' ایک آدمی کے نماز پڑھنے سے جتنے زیادہ ہوں گے اتنے اللہ کو پسند ہوں گے۔

**4773**- أخرجه البخاري: الرقاق جلد **11** صفحه **236** رقم الحديث: **6415**' ومسلم: الامارة جلد **3** صفحه **1500** .

**4774**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **149** رقم الحديث: **554**' والنسائي: الامامة جلد **2** صفحه **81** (باب الجماعة اذا كانوا اثنين)' والدارمي: الصلاة جلد **1** صفحه **326** رقم الحديث: **1269**' وأحمد: المسند جلد **5** صفحه **168** رقم الحديث: **21323** .

Marfat.com

وَصَلَاتُكَ مَعَ الرَّجُلَيْنِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِكَ مَعَ الرَّجُلِ، وَمَا كَانَ اَكْثَرَ فَهُوَ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَيْمُونٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْاَعْلٰى، وَابْنُ شَوْذَبٍ، عَنْ سَعِيدٍ

یہ حدیث خالد بن میمون سے سعید بن ابوعروبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالاعلیٰ اور ابن شوذب' سعید سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**4775** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَلَّادٍ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نَا سَعْدَانُ بْنُ زَكَرِيَّا الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، وَالْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَلِيٍّ، وَابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلَى ثَلَاثَةٍ: اَهْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، لَا تُكَفِّرُوهُمْ بِذَنْبٍ، وَلَا تَشْهَدُوا عَلَيْهِمْ بِشِرْكٍ، وَمَعْرِفَةُ الْمَقَادِيرِ خَيْرُهَا وَشَرُّهَا مِنَ اللّٰهِ، وَالْجِهَادُ مَاضٍ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، مُذْ بَعَثَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى آخِرِ عِصَابَةٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، لَا يَنْقُضُ ذٰلِكَ جَوْرُ جَائِرٍ، وَلَا عَدْلُ عَادِلٍ

حضرت ابن زبیر اور جابر رضی اللہ عنہما دونوں سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام کی بنیاد تین چیزوں پر ہے' لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والوں کی گناہ کی وجہ سے تکفیر نہ کرنا' ان پر شرک کا الزام نہ لگانا' اچھی اور بُری تقدیر پر اللہ کی جانب سے ہونے کا عقیدہ رکھنا' قیامت تک جہاد رہے گا۔ اللہ عزوجل نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب سے مبعوث کیا ہے اس وقت سے لے کر مسلمانوں کے آخری گروہ تک' کسی کے ظلم کرنے سے اور کسی کے عدل کرنے سے کم نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَالْاَوْزَاعِيِّ، وَابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ

یہ حدیث ثوری اور اوزاعی ابن جریج سے اسماعیل بن یحییٰ التیمی روایت کرتے ہیں۔

**4776** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَلَّادٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

**4775**- اسناده فيه: اسماعيل بن يحيى بن عبيد الله التيمي متهم بالوضع . وأخرجه أيضًا أبو نعيم في الحلية . وقال الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 109: وفيه اسماعيل بن يحيى التيمي كان يضع الحديث .

**4776**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 223 وقال: وفيه اسماعيل بن يحيى التيمي وهو كذاب .

Marfat.com

الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نَا سَعْدَانُ بْنُ زَكَرِيَّا الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا تَزَيَّنَ الرَّجُلُ لِعَمَلِ الْآخِرَةِ وَهُوَ لَا يُرِيدُهَا وَلَا يَطْلُبُهَا لُعِنَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْاَرَضِينَ

نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب آدمی کو معلوم ہے کہ آخرت کے لیے عمل کرنا اس کی زینت ہے' اور وہ اس کو نہ چاہتا ہے نہ طالب ہے' سات آسمان و زمین میں اس پر لعنت کی جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث زہری سے ابن ابی ذئب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**4777** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَلَّادٍ قَالَ: ثَنَا سَعْدَانُ بْنُ زَكَرِيَّا الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ اَئِمَّةِ الْحَرَجِ الَّذِينَ يُحْرِجُونَ اُمَّتِي اِلَى الظُّلْمِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! میں ایسے حرج کرنے والے ائمہ سے پناہ مانگتا ہوں جو میری اُمت کو ظلم کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث ابوحنیفہ سے اسماعیل بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

**4778** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَلَّادٍ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ آدَمَ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيَّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت حمزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں لگاتار روزے رکھتا ہوں' میں افطار نہیں کرتا ہوں' کیا میں سفر میں بھی روزے رکھوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو

---

انظر الترغيب للمنذری جلد**1**صفحه**66** رقم الحديث: **12** .

**4777**- اسناده فيه: اسماعيل بن يحيى متهم بالوضع' وقال الهيثمى فى المجمع جلد**5**صفحه**240**: واسناده ضعيف .

**4778**- اخرجه البخارى: الصوم جلد**2**صفحه **789**' ومسلم: الصيام جلد**2**صفحه**789** .

Marfat.com

قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَسْرُدُ الصَّوْمَ فَلَا أُفْطِرُ، أَفَأَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ قَالَ: إِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ

چاہے تو روزہ رکھ اور اگر چاہے تو افطار کر لے۔

**4779** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَلَّادٍ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ آدَمَ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحْيَا أَرْضًا مَيْتَةً فَلَهُ فِيهَا أَجْرٌ، وَمَا أَكَلَتِ الْعَوَافِي مِنْهَا فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے بے آباد زمین کو آباد کیا اس کے لیے اس میں ثواب ہے جو اس سے پرندے کھائیں وہ اس کے لیے صدقہ ہو جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ

یہ دونوں حدیثیں ایوب سے عبدالوہاب روایت کرتے ہیں۔

**4780** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ أَبُو مَسْعُودٍ الْكِنَانِيُّ الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ الصَّفَّارُ قَالَ: نَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ أَوْسِ بْنِ أَوْسٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَفْضَلَ أَيَّامِكُمْ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، فِيهِ خُلِقَ آدَمُ، وَفِيهِ قُبِضَ وَفِيهِ النَّفْخَةُ، وَفِيهِ الصَّعْقَةُ، فَأَكْثِرُوا عَلَيَّ مِنَ الصَّلَاةِ فِيهِ، فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ عَلَيَّ مَعْرُوضَةٌ . قَالُوا:

حضرت اوس بن اوس الثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں افضل دن جمعہ کا دن ہے کیونکہ اس دن آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اسی دن آپ کا وصال ہوا اسی دن قیامت آئے گی اسی دن صور پھونکا جائے گا اس دن کثرت سے میری بارگاہ میں درود پڑھا کرو تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ پر کیسے درود پڑھیں آپ کا تو وصال ہو جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے زمین پر انبیاء کا جسم کھانے کو حرام کیا ہے۔

4779- أخرجه النسائي في الكبرى: احياء الموات جلد 3 صفحه 404 (باب الحث على احياء الموات)، والدارمي: البيوع جلد 2 صفحه 346 رقم الحديث: 2607، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 374 رقم الحديث: 14281 .

4780- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 274 رقم الحديث: 1047، والنسائي: الجمعة جلد 3 صفحه 75 (باب اكثار الصلاة على النبي ﷺ يوم الجمعة)، وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 345 رقم الحديث: 1085، والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 445 رقم الحديث: 1572، وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 12 رقم الحديث: 16168 .

Marfat.com

يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ اَرِمْتَ؟ قَالَ: يَقُولُونَ: قَدْ بَلِيتَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جَابِرٍ، اِلَّا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْجُعْفِيُّ

یہ حدیث ابن جابر سے حسین بن علی الجعفی روایت کرتے ہیں۔

**4781** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُثَنَّى بْنِ مُطَاعِ بْنِ عِيسَى بْنِ مُطَاعِ بْنِ زِيَادَةَ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ مَسْعُودِ بْنِ الضَّحَّاكِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ اَرْشِ بْنِ جَدِيلَةَ بْنِ لَخْمٍ اَبُو مَسْعُودِ اللَّخْمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُثَنَّى، عَنْ اَبِيهِ مُطَاعٍ، عَنْ اَبِيهِ عِيسَى، عَنْ اَبِيهِ مُطَاعٍ، عَنْ اَبِيهِ زِيَادَةَ، عَنْ جَدِّهِ مَسْعُودٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَمَّاهُ مُطَاعًا، وَقَالَ لَهُ: يَا مُطَاعُ، اَنْتَ مُطَاعٌ فِي قَوْمِكَ . وَحَمَلَهُ عَلَى فَرَسٍ اَبْلَقَ، وَاَعْطَاهُ الرَّايَةَ، وَقَالَ لَهُ: يَا مُطَاعُ، امْضِ اِلَى اَصْحَابِكَ، فَمَنْ دَخَلَ تَحْتَ رَايَتِي هٰذِهِ فَقَدْ اَمِنَ مِنَ الْعَذَابِ

حضرت مطاع اپنے والد زیاد سے' وہ اپنے دادا مسعود سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے اس کا نام مطاع رکھا اور ان سے فرمایا: اے مطاع! تیری قوم میں تیری بات مانی جائے گی۔ اسے ابلق گھوڑے پر سوار فرمایا۔ اسے جھنڈا عطا کیا۔ اس سے فرمایا: اے مطاع! اپنے ساتھیوں کی طرف جا۔ پس جو میرے اس جھنڈے کے نیچے آ گیا تو وہ عذاب سے محفوظ ہو گیا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَسْعُودِ بْنِ الضَّحَّاكِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَيْخُنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

مسعود بن ضحاک سے اس حدیث کو صرف اسی سند سے روایت کیا جاتا ہے۔ ہمارے شیخ عبدالرحمٰن اس حدیث کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**4782** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**4781**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**9**صفحه**410**' وقال: وفي اسناده من لم اعرفهم . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير .

**4782**- اسناده فيه: جعفر بن عبد الواحد الهاشمي القاضي' قال الدارقطني: يضع الحديث' وقال أبو زرعة: روى أحاديث لا أصل لها' وقال ابن عدي: يسرق الحديث' ويأتي بالمناكير عن الثقات . وقال الذهبي: متروك هالك . وأخرجه أيضًا في الطبراني في الصغير . وقال الهيثمي في المجمع جلد **4**صفحه**205**: وفيه عبد الرحمٰن بن زيد بن أسلم وهو ضعيف . قلت: فيه من هو أضعف منه' كما تقدم .

Marfat.com

مُحَمَّدِ بْنِ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْهَاشِمِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَارِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِالْيَمِينِ مَعَ الشَّاهِدِ

حضور ﷺ نے ایک گواہ اور قسم کے ساتھ فیصلہ کیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ جَعْفَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ

یہ حدیث ابوسعید سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں جعفر بن عبدالواحد اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عُبَيْدٌ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام عبید ہے

**4783** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامِ بْنِ حَفْصِ بْنِ غِيَاثِ بْنِ طَلْقِ بْنِ مُعَاوِيَةَ النَّخَعِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ شَرِيكٌ: اُرَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَمَا فِيكُمْ اَحَدٌ يَقْرَاُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ فِي لَيْلَةٍ؟ قَالُوا: وَمَنْ يُطِيقُ هٰذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَمَا يَقْرَاُ اَحَدُكُمْ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، فَاِنَّهَا تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

حضرت شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی ایک رات میں تہائی قرآن پڑھ سکتا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس کی کون طاقت رکھتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک قل ھو اللہ احد پڑھے کیونکہ اس کا ثواب تہائی قرآن کے برابر ہے۔

لَمْ يَصِلْ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا شَرِيكٌ

ابواسحاق سے یہ حدیث شریک موصولاً روایت کرتے ہیں۔

**4784** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَعَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: فَقَدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاتَّبَعْتُهُ اِلَى الْمَقَابِرِ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دِيَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ، اَنْتُمْ فَرَطُنَا، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيَّ، فَرَآنِي فَقَالَ: وَيْحَهَا لَوِ اسْتَطَاعَتْ مَا فَعَلَتْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو بستر پر نہ پایا' میں آپ کے پیچھے قبرستان کی طرف گئی' آپ نے فرمایا: اے مؤمنین کے گھر والو! تم پر سلامتی ہو! تم ہم سے پہلے آئے' پھر میری طرف متوجہ ہوئے اور مجھے دیکھا اور فرمایا: افسوس ہے! اگر تو طاقت رکھتی تو ایسے نہ کرتی۔

---

**4783**- اسناده فيه: شريك بن عبد الله النخعي صدوق يخطئ كثيرًا تغير حفظه منذ ولي القضاء بالكوفة تخريجه البزار' والطبراني في الكبير مختصرًا ـ وقال الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 151: رواه والبزار والطبراني في الكبير والأوسط باختصار فيهما' ورجال أحدها رجال الصحيح' غير عبد الله بن أحمد' وهو ثقة امام ـ قلت: ليس هذا الطريق الذي يتكلم عليه الحافظ الهيثمي ـ

**4784**- أخرجه أحمد: المسند جلد 6 صفحه 124 رقم الحديث: 24855 ـ والحديث عند مسلم بغير هذا السياق ـ

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ وَعَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید اور عاصم بن عبیداللہ سے شریک روایت کرتے ہیں۔

**4785** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي الْعِتَابِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ بَيْتٍ فِي الْمُسْلِمِينَ بَيْتٌ فِيهِ يَتِيمٌ يُحْسَنُ اِلَيْهِ، وَشَرُّ بَيْتٍ فِي الْمُسْلِمِينَ بَيْتٌ فِيهِ يَتِيمٌ يُسَاءُ اِلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمانوں کا سب سے اچھا گھر وہ ہے جس گھر میں یتیم ہو اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جاتا ہو اور بدترین مسلمانوں کا گھر وہ ہے جس گھر میں یتیم ہو اور اس کے ساتھ بُرا سلوک کیا جاتا ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا ابْنُ اَبِي الْعِتَابِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ

یہ حدیث ابوہریرہ سے ابن ابی العتاب روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں سعید بن ابوایوب اکیلے ہیں۔

**4786** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مَخْلَدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَخْنَسِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ خَارِجٍ يَخْرُجُ اِلَّا بِبَابِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو آدمی اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اس کے دروازے پر دو جھنڈا پکڑے ہوتے ہیں، ایک فرشتے کے ہاتھ میں جھنڈا ہوتا ہے، ایک شیطان کے ہاتھ میں جھنڈا ہوتا ہے، اگر اللہ کی محبت میں نکلے تو فرشتہ اپنا جھنڈا اس کے پیچھے لے کر ہوتا ہے، وہ

---

**4785**- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد2صفحه1213 رقم الحديث: 3679 . في الزوائد: في اسناده يحيى بن سليمان، أبو صالح . قال فيه البخاري: منكر الحديث . وقال: في النفس من هذا الحديث شيء، فاني لا أعرف يحيى بعدالة ولا جرح . وذكره الحافظ المنذري في الترغيب جلد3صفحه348 رقم الحديث: 10 .

**4786**- اسناده فيه: عثمان بن محمد بن المغيرة الأخنسي الثقفي، قال فيه ابن حجر: صدوق له أوهام . وقال الذهبي: صدوق، ووثقه ابن معين، والبخاري، وضعفه النسائي، وابن المديني . وأخرجه أيضًا أحمد من طريق أبي عامر العقدي بالاسناد . وقال الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه135: وفيه عبد الرحمٰن بن أبي الزناد، وثقه مالك، وضعفه أحمد، ويحيى في رواية . قلت: ليس في اسنادهما عبد الرحمٰن بن أبي الزناد .

Marfat.com

رَايَتَانِ: رَايَةٌ بِيَدِ مَلَكٍ، وَرَايَةٌ بِيَدِ شَيْطَانٍ، فَإِنْ خَرَجَ فِيمَا يُحِبُّ اللّٰهُ تَبِعَهُ الْمَلَكُ بِرَايَتِهِ، فَلَمْ يَزَلْ تَحْتَ رَايَةِ الْمَلَكِ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهِ، وَإِنْ خَرَجَ فِيمَا يُسْخِطُ اللّٰهَ تَبِعَهُ الشَّيْطَانُ بِرَايَتِهِ، فَلَمْ يَزَلْ تَحْتَ رَايَةِ الشَّيْطَانِ حَتَّى يَرْجِعَ

مسلسل فرشتے کے جھنڈے کے نیچے ہوتا ہے گھر واپس آنے تک' اگر اللہ کی ناراضگی کے لیے نکلے تو شیطان اس کے پیچھے جھنڈا لے کر نکلتا ہے' وہ مسلسل شیطان کے جھنڈے کے نیچے ہوتا ہے گھر واپس آنے تک۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَخْنَسِيُّ

یہ حدیث ابوہریرہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عثمان بن محمد اخنسی اکیلے ہیں۔

**4787** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مَخْلَدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا خَيْرَ فِي التِّجَارَةِ، إِلَّا لِمَنْ لَمْ يَمْدَحْ بَيْعًا، وَلَمْ يَذُمَّ مَا اشْتَرَى، وَكَسَبَ حَلَالًا، وَأَعْطَاهُ فِي حَقِّهِ، وَعَزَلَ مِنْ ذَلِكَ الْحَلِفَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بہتر تاجر وہ ہے جو اپنی بیع کی تعریف نہ کرے اور جس نے خریدا ہے وہ برائی نہ کرے' حلال کمائے' اس میں سے اللہ کا حق دے' قسم اُٹھانے سے علیحدہ رہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ إِلَّا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ

یہ حدیث یحییٰ بن کثیر سے عمر بن راشد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابواحمد زبیری اکیلے ہیں۔

**4788** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ قَالَ: نَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت مدینہ میں سورۂ فاتحہ نازل ہوئی تو اس وقت شیطان

**4787**- اسناده فيه: عمر بن راشد وهو ضعيف . وقال الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **75**: وفيه عمر بن راشد وثقه العجلي' وضعفه الجمهور .

**4788**- اسناده حسن' فيه: عبيد بن غنام وهو صدوق خير' محدث كوفة . وقال الهيثمي في المجمع جلد **6** صفحه **314**: شبيه المرفوع' ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ اِبْلِيسَ رَنَّ حِينَ اُنْزِلَتْ فَاتِحَةُ الْكِتَابِ، وَاُنْزِلَتْ بِالْمَدِينَةِ

نے چیخ ماری۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا اَبُو الْاَحْوَصِ، تفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَكْرِ بْنِ اَبِی شَيْبَةَ

یہ حدیث منصور سے ابوالاحوص روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن ابوشیبہ اکیلے ہیں۔

**4789** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ ابْنِ عَطَاءٍ يَعْنِي يَعْقُوبَ، عَنْ اَبِيهِ، فِيمَا يَرْوِي اَبُو بَكْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الرُّطَبِ بِالتَّمْرِ، وَالْعِنَبِ بِالزَّبِيبِ، وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے تر کھجوروں کو خشک کھجوروں کے بدلے اور تازہ انگور کو کشمش کے بدلے فروخت کرنے سے منع فرمایا اور ان کھجور کے درختوں میں من کا پھل کھالیا گیا ہو' رخصت دی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ

یہ حدیث یعقوب بن عطاء سے ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن حکیم اکیلے ہیں۔

**4790** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى قَالَ: نَا اَبِي، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: پڑوسی قریبی منزل (خریدنے) کا زیادہ حق دار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي لَيْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ، وَالْحَسَنُ بْنُ

یہ حدیث نافع سے ابن ابی لیلیٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عمران اور حسن بن

---

**4789**- تقدم تخريج شطره الأول' أما قوله: ورخص في العرايا . أخرجه البخاري: الشرب المساقاة جلد5صفحه60-61 رقم الحديث: 2381' ومسلم: البيوع جلد3صفحه1174 . بلفظ: نهى رسول الله ﷺ عن...... الا العرايا . وأبو داؤد: البيوع جلد3صفحه259 رقم الحديث:3404 ولفظه عنده .

**4790**- اسناده فيه: عبيد بن كثير بن عبد الواحد التمار' قال ابن حبان: روى......نسخة مقلوبة' وقال الأزدي والدارقطني: متروك الحديث (المجروحين جلد 2صفحه176' والميزان جلد 3صفحه2)' وقال الهيثمي في المجمع جلد4 صفحه161: وفيه عبيد بن كثير التمار' وهو متروك .

Marfat.com

عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ اَبِي لَيْلَى

عبدالرحیم بن ابی لیلیٰ اکیلے ہیں۔

**4791** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ قَالَ: نَا فُرَاتُ بْنُ مَحْبُوبٍ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عِمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ كَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِهِ

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نیکی کی دعوت دینے والے کو نیکی کرنے والے کی طرح ثواب ملے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عِمَارَةَ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ وَرَوَاهُ الثَّوْرِيُّ، وَالنَّاسُ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ

یہ حدیث اعمش' عمارہ سے' اعمش سے ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو ثوری اور لوگ اعمش سے' وہ ابوعمرو الشیبانی سے' وہ ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں۔

**4792** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْجُنَيْدِ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سَالِمِ بْنِ اَبِي حَفْصَةَ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ، عَنْ بَيَانٍ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، وَخَتَمْتُ الْقُرْآنَ عَلَى خَيْرِ النَّاسِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں' مکمل قرآن تمام لوگوں سے بہتر ہستی حضرت علی بن ابی طالب سے پڑھا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَيَانٍ اِلَّا هَاشِمُ بْنُ الْبَرِيدِ، وَلَا عَنْ هَاشِمٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ سَالِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الْجُنَيْدِ

یہ حدیث بیان سے ہاشم بن برید اور ہاشم سے یحییٰ بن سالم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن جنید اکیلے ہیں۔

**4793** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ: نَا عَبْدُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

---

**4791**- اخرجه مسلم: الامارة جلد 3 صفحه 1506' وابو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 336' والترمذي: العلم جلد 5 صفحه 41 رقم الحديث: 2671' واحمد: المسند جلد 4 صفحه 148 رقم الحديث: 17088 .

**4792**- اسناده فيه: عبيد بن كثير' وهو متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 119: وفيه من لم أعرفه .

**4793**- اخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد 6 صفحه 470 رقم الحديث: 3371' وأبو داؤد: السنة جلد 4 صفحه 235

Marfat.com

الرَّحْمَنِ بْنُ دُبَيْسٍ قَالَ: نَا عُبَيْدَةُ بْنُ الْأَسْوَدِ الْهَمْدَانِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ، يَقُولُ: أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

حضور ﷺ حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو ان کلمات کے ساتھ دَم کرتے تھے: ''اعیذ کما بکلمات اللّٰہ الٰی آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ إِلَّا عُبَيْدَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ دُبَيْسٍ

یہ حدیث قاسم سے عبیدہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن دبیس اکیلے ہیں۔

**4794** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هَانِئِ بْنِ هَانِئٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَأْذَنَ عَمَّارٌ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالطَّيِّبِ الْمُطَيَّبِ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس تھا کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے آنے کی اجازت چاہی' آپ ﷺ نے فرمایا: پاک اور پاکیزہ کو خوش آمدید!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ إِلَّا حَمْزَةُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُسْنِدْ حَمْزَةُ بْنُ عِمْرَانَ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا

یہ حدیث زیاد بن خیثمہ سے حمزہ بن عمران بن مسلم روایت کرتے ہیں' حمزہ بن عمران کی طرف اس حدیث کے علاوہ کوئی حدیث منسوب نہیں ہے۔

**4795** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

رقم الحديث: **4737**' والترمذي: الطب جلد **4** صفحه **396** رقم الحديث: **2060**' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **353** رقم الحديث: **2438** .

**4794**- أخرجه الترمذي: المناقب جلد **5** صفحه **668** رقم الحديث: **3798** . وقال: حسن صحيح . وابن ماجة: المقدمة جلد **1** صفحه **52** رقم الحديث: **146**' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **157** رقم الحديث: **1037** .

**4795**- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد **1** صفحه **51** رقم الحديث: **143** . في الزوائد: اسناده صحيح' رجاله ثقات' والطبراني في الكبير جلد **3** صفحه **48** رقم الحديث: **2647** .

Marfat.com

نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْجُنَيْدِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ، عَنْ عَمِّهِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ اَبِى الْجَحَّافِ، عَنْ اَبِى حَازِمٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ فَقَدْ اَحَبَّنِى، وَمَنْ اَبْغَضَهُمَا فَقَدْ اَبْغَضَنِى

ﷺ نے فرمایا: جس نے حسن وحسین سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی؛ جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ اِلَّا ابْنُ اَخِيهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الْجُنَيْدِ

یہ حدیث حسن بن صالح سے ان کے بھائی کے بیٹے روایت کرتے ہیں؛ اس کو روایت کرنے میں محمد بن جنید اکیلے ہیں۔

**4796** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ اللُّؤْلُؤِيُّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَبَّ عَمَّارًا سَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ اَبْغَضَ عَمَّارًا اَبْغَضَهُ اللّٰهُ

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے عمار کو گالی دی؛ اللہ اس کو ہلاک کرے؛ جس نے عمار سے بغض رکھا اللہ اس سے ناراض ہوگا۔

لَمْ يُسْنِدِ الْعَبَّاسُ بْنُ الْحَسَنِ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ حَمَّادٍ

عباس بن حسین کی طرف اس حدیث کے علاوہ کوئی حدیث منسوب نہیں ہے؛ اس کو روایت کرنے میں ولید بن حماد اکیلے ہیں۔

**4797** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ قَالَ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

---

**4796**- اسناده فيه: أ- عبيد بن كثير: متروك . ب- الحسن بن زياد اللؤلؤى: متروك . تخريجه: أحمد: المسند جلد **4** صفحه **110** رقم الحديث: **16820**، والطبرانى فى الكبير جلد **4** صفحه **112-114** من عدة طرق . وذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد **9** صفحه **296** طرقه المختلفة، وقال: رواه أحمد والطبرانى ورجاله رجال الصحيح .

**4797**- اخرجه ابو داؤد: النكاح جلد **2** صفحه **234** رقم الحديث: **2078**، والترمذى: النكاح جلد **3** صفحه **410**

Marfat.com

نَا يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ الْقَزَّازُ قَالَ: نَا اَخِي زِيَادُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ بِغَيْرِ اِذْنِ مَوَالِيهِ فَهُوَ عَاهِرٌ

نے فرمایا: جو غلام اپنی شادی اپنے آقا کی اجازت کے بغیر کرے وہ زانی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي اَيُّوبَ اِلَّا زِيَادُ بْنُ الْحَسَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ

یہ حدیث ابن ابوایوب سے زیاد بن حسن روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن حسن اکیلے ہیں۔

**4798** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ قَالَ: نَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَجْلَحِ، عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلَا كِسْرَى بَعْدَهُ، وَاِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَتُنْفَقَنَّ كُنُوزُهُمَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کسریٰ ہلاک ہو جائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا' جب قیصر ہلاک ہو جائے گا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! دونوں کے خزانے اللہ کی راہ میں خرچ ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ اِلَّا ابْنُ الْاَجْلَحِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مِنْجَابٌ

یہ حدیث ابان بن تغلب سے ابن اجلح روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں منجاب اکیلے ہیں۔

**4799** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صُبَيْحٍ الزَّيَّاتُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ وَلِيدٍ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے نوجوانوں کے گروہ! تم پر شادی کرنا لازم ہے' جو شادی کی طاقت نہ رکھے وہ روزے

رقم الحديث: 1111 وقال: حسن . والدارمي: النكاح جلد2صفحه203 رقم الحديث: 2233' وأحمد: المسند جلد3صفحه369 رقم الحديث: 14222 .

4798- اسناده فيه: عبيد بن كثير وهو متروك . وأخرجه أيضًا في الطبراني في الصغير جلد 2صفحه245 . وقال الهيثمي في المجمع جلد8صفحه292: وشيخه عبيد بن كثير التمار وهو متروك .

4799- أخرجه البخاري: النكاح جلد9صفحه8 رقم الحديث: 5065' ومسلم: النكاح جلد2صفحه1018 .

Marfat.com

هُرَيْمِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ، عَلَيْكُمْ بِالْبَاءَةِ، فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَاِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ

رکھے کیونکہ روزہ اس کے لیے ڈھال ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هُرَيْمِ بْنِ سُفْيَانَ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث ھریم بن سفیان سے اسحاق بن منصور روایت کرتے ہیں۔

**4800** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صُبَيْحٍ الزَّيَّاتُ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ يُونُسَ اللُّؤْلُؤِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ قُطْبَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ: وَالنَّخْلَ بَاصِقَاتٍ بِالصَّادِ

حضرت قطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ الفاظ ''وَالنَّخْلَ بَاصِقَاتٍ'' کوصاد کے ساتھ تلاوت کرتے ہوئے سنا۔

لَمْ يَقُلْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ: بِالصَّادِ اِلَّا هِشَامُ بْنُ يُونُسَ

اس حدیث میں صاد کا لفظ ہشام بن یونس ہی نے کہے ہیں۔

**4801** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ خَلَفٍ الْقُطَيْعِيُّ قَالَ: نَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى الْخَزَّازُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ اَخُوهُ، وَقَدْ سَقَتْ بَطْنُهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اَخِي قَدْ سَقَتْ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس کے ساتھ اس کا بھائی تھا' اس کا پیٹ خراب تھا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے بھائی کا پیٹ خراب ہے' میں اس کو حکیم کے پاس لایا ہوں' اس نے مجھے داغنے کا کہا ہے' کیا میں اس کو داغوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: داغنا نہیں ہے'

4800- ذكره الحافظ الهيجمى فى المجمع جلد 7صفحه159 وعزاه الى البزار' وقال: وشيخه عبيد الله بن محمد ابن صبيح يقصد (عبيد بن محمد بن صبيح) ولم أعرفه' وبقية رجاله ثقات .

4801- اسناده فيه: عبد الله بن عيسى وهو ضعيف . تخريجه الطبراني فى الصغير' والكبير . وقال الهيثمى فى المجمع جلد5صفحه 100: وفيه عبد الله بن عيسى الخزاز وهو ضعيف .

Marfat.com

بَطْنُهُ، فَاَتَيْتُ بِهِ الْاَطِبَّاءَ، فَاَمَرُونِي بِالْكَيِّ، اَفَاَكْوِيهِ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَكْوِيهِ، وَرُدَّهُ اِلَى اَهْلِهِ، فَمَرَّ بِهِ بَعِيرٌ فَضَرَبَ بَطْنَهُ، فَانْخَمَصَ، فَاَتَى بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَمَا اِنَّكَ لَوْ اَتَيْتَ بِهِ الْاَطِبَّاءَ قُلْتَ: النَّارُ شَفَتْهُ

اس کو گھر لے جاؤ' اس کے پاس سے اونٹ گزرا اس نے اپنا پیٹ اس کے ساتھ مارا وہ ختم ہو گیا۔ اس کے بعد حضورﷺ کے پاس لایا گیا' آپ نے فرمایا: اگر اس کو حکیم کے پاس لے جاتا تو کہتا آگ اس کو شفا دی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث یونس بن عبید سے عبداللہ بن عیسیٰ روایت کرتے ہیں۔

**4802** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ خَلَفٍ الْقُطَيْعِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ وَاصِلٍ الْاَحْدَبِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ آخِرَ مَا حُفِظَ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ: اِذَا لَمْ تَسْتَحِي فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: نبوت کے کلام میں آخری بات جو یاد کی ہے' وہ یہ ہے کہ جب حیاء نہ ہو تو جو چاہے کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاصِلٍ اِلَّا لَيْثٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعْتَمِرٌ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث واصل سے لیث روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں معتمر اکیلے ہیں' ابن مسعود سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**4803** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ خَلَفٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ بُهْلُولٍ الْاَنْبَارِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نَا الْمُغِيرَةُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنَ اَيُّوبَ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ سے ایسے آدمی کے متعلق پوچھا جو آدمی حرام طریقے سے عورت کے پیچھے پھرتا ہے عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے جس سے نکاح حرام ہے' کیا اس کی ماں سے نکاح

---

**4803**- اسناده فيه: عثمان بن عبد الرحمٰن الزهري وهو متروك . والحديث أخرجه ابن عدي' والبيهقي في الكبرىٰ جلد 7 صفحه 169' والدارقطني جلد 3 صفحه 268 . وابن الجوزي في العلل' وابن حبان في المجروحين' وذكره ابن أبي حاتم في العلل' وقال: باطل .

Marfat.com

ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الرَّجُلِ يَتْبَعُ الْمَرْاَةَ حَرَامًا، اَيَنْكِحُ اُمَّهَا؟ اَوْ يَتْبَعُ الْاُمَّ حَرَامًا، اَيَنْكِحُ ابْنَتَهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُحَرِّمُ الْحَرَامُ الْحَلَالَ، اِنَّمَا يُحَرِّمُ مَا كَانَ بِنِكَاحٍ حَلَالٍ

کر سکتا ہے؟ یا کوئی آدمی کسی ماں کا پیچھا حرام طریقے سے کرتا ہے کیا اس کی بیٹی سے نکاح کر سکتا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حرام حلال کو حرام نہیں کر سکتا ہے وہ تو صرف اُس کو حرام کرے جو حلال نکاح سے ثابت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا الْمُغِيرَةُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث زہری سے مغیرہ بن اسماعیل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن نافع اکیلے ہیں۔

**4804** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَشْوَرِيُّ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَوْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث ابن جریج سے محمد بن ثور روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**4805** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَشْوَرِيُّ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي غَسَّانَ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب عورتوں سے جماع کر کے ایک ہی غسل کرتے تھے۔

**4804**- اسناده فيه: عبد الجبار بن محمد بن ثور' لم أجده ۔ وقال الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **259**: واسناده حسن ان شاء الله ۔

**4805**- أخرجه البخاري: الغسل جلد **1** صفحه **449** رقم الحديث: **268**' ومسلم: الحيض جلد **1** صفحه **249** ولفظه [illegible]

Marfat.com

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَطُوفُ عَلَى نِسَائِهِ بِغُسْلٍ وَاحِدٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اِلَّا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ وَرَوَاهُ اَبُو نُعَيْمٍ، وَالنَّاسُ: عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ

یہ حدیث ثوری' معمر سے' وہ زہری سے' وہ انس بن مالک سے اور ثوری سے مصعب بن مقدام روایت کرتے ہیں۔ ابونعیم اور لوگ سفیان ثوری سے' وہ معمر سے' وہ قتادہ سے روایت کرتے ہیں۔

**4806** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَشْوَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ حَمْزَةَ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ ثَابِتٍ الْجَزَرِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يُفْطِرْنَ الصَّائِمَ: الْقَيْءُ، وَالْحِجَامَةُ، وَالِاحْتِلَامُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں آدمی کا روزہ نہیں توڑتیں' جس کو منہ بھر کر قے نہ آئے' پچھنے لگوانے والا اور جسے احتلام ہوا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ ثَابِتٍ الْجَزَرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ

یہ حدیث ہشام بن سعد سے یحییٰ بن ثابت الجزری روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن صباح اکیلے ہیں۔

**4807** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَشْوَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ اِلْيَاسَ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نَا بَكْرُ بْنُ الشَّرُودِ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہر نشہ آور شے شراب ہے' چاہے اس کا استعمال تھوڑا یا زیادہ نشہ دیتا ہو۔

---

**4806**- أخرجه الترمذي: الصوم جلد 3 صفحه 88 رقم الحديث: 719' وقال: حديثه غير محفوظ ۔ والدارقطني: سننه جلد 2 صفحه 183 رقم الحديث: 16 ۔ انظر: نصب الراية جلد 2 صفحه 446 ۔

**4807**- أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1587 بلفظ: كل مسكر خمر' وكل مسكر حرام...... ۔ أما قوله ﷺ: وما أسكر كثيره' فقليله حرام' أخرجه ابن ماجة: الأشربة جلد 2 صفحه 1124 رقم الحديث: 3392 ۔

Marfat.com

اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ، وَمَا اَسْكَرَ كَثِيرُهُ، فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ، وَابْنِ اَبِي ذِئْبٍ اِلَّا بَكْرُ بْنُ الشَّرُودِ

یہ حدیث مالک سے اور ابن ابوذئب سے بکر بن شرود روایت کرتے ہیں۔

**4808** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نَا جُنَادَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْاَزْدِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَقْسَمْتُ لَبَرَرْتُ، وَاِنَّ اَحَبَّ عِبَادِ اللّٰهِ اِلَى اللّٰهِ لَرُعَاةُ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ يَعْنِي: الْمُؤَذِّنِينَ، وَاِنَّهُمْ لَيُعْرَفُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِطُولِ اَعْنَاقِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اگر میں قسم اُٹھاؤں تو میں بری ہو جاؤں گا' وہ قسم یہ ہے کہ اللہ کو سب سے زیادہ محبوب بندے سورج اور چاند کی رعایت کرنے والے یعنی مؤذن ہیں' قیامت کے دن ان کی پہچان یہ ہوگی کہ ان کی گردنیں لمبی ہوں گی (یعنی ان کا مقام اونچا ہوگا)۔

**4809** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ قَالَ: نَا جُنَادَةُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسًا، يَقُولُ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِ اَبِي ذَرٍّ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَعَلِمْتَ اَنَّ بَيْنَ اَيْدِينَا عَقَبَةً كَئُودًا، لَا يَصْعَدُهَا اِلَّا الْمُخِفُّونَ؟ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَمِنَ الْمُخِفِّينَ اَنَا اَمْ مِنَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ایک دن نکلے' آپ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا' آپﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! کیا تمہیں معلوم ہے کہ ہمارے آگے بھڑکتی ہوئی آگ ہے' اس پر ہلکے ہی چڑھیں گے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہلکے یا بوجھل لوگوں سے ہوں؟ آپ نے فرمایا: تمہارے پاس ایک دن کا کھانا ہے؟ اس نے عرض کی:

---

**4808**- اسناده فيه: أ- جنازدة بن مروان الأزدي' قال أبو حاتم: ليس بالقوى . ب- الحارث بن النعمان بن سالم الليثى الكوفى وهو ضعيف . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 1 صفحه 329: وفيه جنادة بن مروان . قال الذهبى: اتهمه أبو حاتم . قلت: لم يتهمه وانما ضعفه تضعيفًا يسيرًا' وفى الاسناد من هو أضعف من جنادة كما تقدم .

**4809**- اسناده فيه: أ- جنازدة بن مروان ليس بالقوى . ب- الحارث بن النعمان وهو ضعيف . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 10 صفحه 266: وفيه جنادة بن مروان . قال أبو حاتم: ليس بالقوى' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

الْمُثْقِلِينَ؟ قَالَ: عِنْدَكَ طَعَامُ يَوْمٍ؟ قَالَ: نَعَمْ . وَطَعَامُ غَدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ . وَطَعَامُ بَعْدِ غَدٍ؟ قَالَ: لَا قَالَ: لَوْ كَانَ عِنْدَكَ طَعَامُ ثَلَاثٍ لَكُنْتَ مِنَ الْمُثْقِلِينَ

جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کل کے لیے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے بعد والے دن کے لیے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تیرے پاس تین دن کا کھانا ہوتا تو بوجھل لوگوں سے ہوتا۔

**4810** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ قَالَ: نَا جُنَادَةُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمُقِيمُ عَلَى الرِّبَا كَعَابِدِ وَثَنٍ، وَالْمُقِيمُ عَلَى الْخَمْرِ كَعَابِدِ وَثَنٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: سود کھانے والا ایسے ہے جس طرح بتوں کی عبادت کرنے والا ہوتا ہے اور شراب پینے والا ایسے ہے جس طرح بتوں کی عبادت کرنے والا ہوتا ہے۔

**4811** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ قَالَ: نَا جُنَادَةُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحْيِي اللَّيْلَ ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ، رُكُوعُهُنَّ كَقِرَاءَتِهِنَّ، وَسُجُودُهُنَّ كَقِرَاءَتِهِنَّ، وَيُسَلِّمُ بَيْنَ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کو تیرہ رکعت نفل پڑھتے تھے' ان میں رکوع قرأت کی طرح ہوتا تھا اور سجود بھی قرأت کی طرح' دو رکعتیں پڑھ کر آپ سلام پھیرتے تھے۔

**4812** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ قَالَ: نَا جُنَادَةُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نَا الْحَارِثُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو

---

**4810**- قال الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 78: وفيه جنادة ابن مروان' وهو متهم . قلت: لم يتهمه أبو حاتم وانما ضعفه تضعيفًا يسيرًا . (راجع اللسان جلد 2 صفحه 139) .

**4811**- قال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 280: وفيه جنادة بن مروان وقد اتهمه أبو حاتم .

**4812**- أخرجه أيضًا أبو يعلى' وقال الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 17: وفي اسناد أبي يعلى يوسف بن غطية' وهو متروك' وفي اسناد الطبراني غير واحد ضعيف .

Marfat.com

بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يُوَقِّرْ كَبِيرَنَا، وَيَرْحَمْ صَغِيرَنَا، وَيُؤَاخِي فِينَا وَيَزُورُ

ہمارے بزرگوں کا احترام نہیں کرتا اور بچوں پر شفقت نہیں کرتا ہے خواہ وہ ہمارے اندر رہ کر بھائی بندی کرتا ہے اور لوگوں سے عام ملاقاتیں کرتا ہے۔

**4813** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ قَالَ: نَا جُنَادَةُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلٌ لِلْاَغْنِيَاءِ مِنَ الْفُقَرَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يَقُولُونَ: رَبَّنَا، ظَلَمُونَا حُقُوقَنَا الَّتِي فُرِضَتْ لَنَا عَلَيْهِمْ، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: وَعِزَّتِي وَجَلَالِي، لَاُدْنِيَنَّكُمْ وَلَاُبَاعِدَنَّهُمْ، ثُمَّ تَلَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (اَلَّذِينَ فِي اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَعْلُومٌ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ) (المعارج: 25)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ

حارث بن نعمان فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن ان فقراء کی وجہ سے اغنیاء کے لیے بربادی ہے جو عرض کریں گے: اے ہمارے رب! ہمارے جو حقوق ان پر فرض کیے گئے تھے ان لوگوں نے اُن میں کمی کی تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا: مجھے میری عزت و میرے جلال کی قسم! آج کے دن میں تمہیں اپنے قریب کروں گا اور ان کو دُور کروں گا۔ پھر رسول کریم ﷺ نے تلاوت فرمائی: ''وہ لوگ جن کے مالوں میں سائل اور محروم کا حق ہے''۔

حضرت انس سے اس حدیث کو حضرت حارث بن نعمان روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

**4813**- اخرجه أيضًا الطبرانی فی الصغیر ۔ وقال الهیثمی فی المجمع جلد 3 صفحه 65: وفیه الحارث بن النعمان، وهو ضعیف ۔

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الصَّمَدِ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام عبدالصمد ہے

4814 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَيْنُونِيُّ الْمَقْدِسِيُّ قَالَ: نَا اَبُو هُبَيْرَةَ مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا سَلَامَةُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ السِّمْطِ قَالَ: نَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُشِيرُ فِي الصَّلَاةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز میں اشہد ان لا الہ الا اللہ پر اشارہ کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ السِّمْطِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَامَةُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث اوزاعی سے یزید بن سمط روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں سلامہ بن بشیر اکیلے ہیں۔

4815 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَيْنُونِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ آدَمَ بْنِ اَبِي اِيَاسٍ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا شَيْبَانُ، عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَتَمَ عِلْمًا نَافِعًا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلْجَمًا بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے علم نافع چھپایا' اس کو قیامت کے دن آگ کی لگام دی جائے گی۔

لَمْ يُدْخِلْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ بَيْنَ جَابِرٍ وَعَطَاءٍ : الشَّعْبِيَّ اِلَّا شَيْبَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: آدَمُ

اس حدیث کو جابر اور عطاء کے درمیان شعبی' شیبان نے داخل کیا ہے' اس کو روایت کرنے میں آدم اکیلے ہیں۔

---

4814- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 246 رقم الحديث: 943' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 170 رقم الحديث: 12416 .

4815- أخرجه أبو داؤد: العلم جلد 3 صفحه 320 رقم الحديث: 3658' والترمذي: العلم جلد 5 صفحه 29 رقم الحديث: 2649 وقال: حسن . وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 657 رقم الحديث: 10498 ولفظه عند أحمد .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْمَلِكِ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام عبدالملک ہے

**4816** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ الْمَخْزُومِيُّ الْمِصْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيُّ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجُمُعَةُ وَاجِبَةٌ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ، وَعَلَى مَنْ رَاحَ اِلَى الْجُمُعَةِ الْغُسْلُ

حضرت حفصہ زوجہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جمعہ ہر ایک بالغ آدمی پر فرض ہے' جو جمعہ پڑھنے کے لیے آئے اسے چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ اِلَّا بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَلَا عَنْ بُكَيْرٍ اِلَّا عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث نافع' ابن عمر سے' وہ حفصہ سے اور نافع سے بکیر بن عبداللہ اور بکیر سے عیاش بن عباس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے مفضل بن فضالہ اکیلے ہیں۔

**4817** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِي عُرْوَةَ، عَنْ اَبِي عَمَّارٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِتَارِكٍ اَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَّا غَفَرَ لَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمانوں میں کوئی بھی جمعہ نہ چھوڑے' اللہ عزوجل اس کو بخش دے گا۔

**4816**- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 92 رقم الحديث: 342' والنسائي: الجمعة جلد 3 صفحه 73 (باب التشديد في التخلف عن الجمعة).

**4817**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 167 وقال: ورجاله رجال الصحيح خلا شيخ الطبراني. وذكره الحافظ المنذري وقال: اسناده حسن. انظر الترغيب جلد 1 صفحه 492 رقم الحديث: 19.

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ . وَأَبُو عُرْوَةَ عِنْدِي: مَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، وَأَبُو عَمَّارٍ زِيَادٌ النَّمَرِيُّ

رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن بکیر اکیلے ہیں ابوعروہ میرے نزدیک معمر بن راشد اور ابوعمار زیاد نمری مراد ہیں۔

**4818** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ النَّيْلِ الْفِهْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالنَّاسُ يُصَلُّونَ بَعْدَ طُلُوعِ الْفَجْرِ، فَقَالَ: لَا صَلَاةَ بَعْدَ طُلُوعِ الْفَجْرِ، إِلَّا رَكْعَتَانِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس اس حالت میں تشریف لائے کہ لوگ طلوعِ فجر کے بعد نوافل پڑھ رہے تھے آپ نے فرمایا: طلوعِ فجر کے بعد صرف دو رکعت سنت پڑھنا جائز ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ النَّيْلِ إِلَّا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ

یہ حدیث محمد بن نیل سے لیث بن سعد روایت کرتے ہیں۔

**4819** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَمْرٍو، مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَقَدْ أَوْصَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالْجَارِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ لَيُوَرِّثُهُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جبریل علیہ السلام نے مجھے پڑوسی کے متعلق وصیت کی یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ وہ وراثت میں شریک نہ کردیں۔

---

**4818**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 2صفحه52 رقم الحديث: 1278' والترمذى: الصلاة جلد 2صفحه278 رقم الحديث: 419' وقال: غريب' وأحمد: المسند جلد 2صفحه33 رقم الحديث: 4755' ولفظه عند أحمد والطبراني في الكبير جلد 12صفحه341 رقم الحديث: 13291 . انظر نصب الراية جلد1صفحه255-256 .

**4819**- اسناده فيه: عبد الملك بن يحيى بن بكير لم أجده . وأخرجه أيضًا الطبراني في الكبير جلد5صفحه151 رقم الحديث: 4914 من طريق عمرو بن أبي الطاهر بن السرح' ثنا يحيى بن بكير به' فقال الهيثمي في المجمع جلد8 صفحه168 : وفيه المطلب بن عبد الله بن حنطب وهو ثقة' وفيه ضعف' وبقية رجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث زید بن ثابت سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**4820** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ هُرْمُزَ الْاَعْرَجُ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ اَبِي سَلَمَةَ اَخْبَرَتْهُ، عَنْ اُمِّهَا اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ امْرَاَةً مِنْ اَسْلَمَ، يُقَالُ لَهَا: سُبَيْعَةُ كَانَتْ تَحْتَ زَوْجٍ لَهَا، فَتُوُفِّيَ عَنْهَا وَهِيَ حَامِلٌ، فَخَطَبَهَا اَبُو السَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكٍ، فَاَبَتْ اَنْ تَنْكِحَهُ، فَقَالَ: مَا يَصْلُحُ اَنْ تَنْكِحِينَ حَتَّى تَعْتَدِّي آخِرَ الْاَجَلَيْنِ، فَمَكَثَتْ قَرِيبًا مِنْ عِشْرِينَ لَيْلَةً، ثُمَّ نَفِسَتْ، فَجَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهُ، فَقَالَ لَهَا: انْكِحِي

حضرت زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا اپنی والدہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ قبیلہ اسلم سے ایک عورت تھی جسے سبیعہ کہا جاتا تھا' وہ ایک آدمی کے نکاح میں تھی' وہ اس حالت میں فوت ہو گیا کہ وہ حاملہ تھی۔ ابوسنابل بن بعکک نے ان کو نکاح کا پیغام بھیجا۔ حضرت سبیعہ نے نکاح کرنے سے انکار کر دیا' حضرت ابوسنابل نے کہا: تم سے نکاح عدت گزارنے کے بعد ہوگا' ابھی بیس راتیں گزری تھیں کہ بچہ پیدا ہو گیا۔ حضرت اُم سبیعہ رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ کے پاس نکاح کی اجازت کے لیے آئیں' آپ ﷺ نے فرمایا: تم نکاح کرلو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْرَجِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث اعرج سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**4821** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ صِيَامِ يَوْمٍ وَقِيَامِهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ایک دن اللہ کی راہ میں نگہبانی کرنا' ایک دن روزہ رکھنے اور رات کو قیام کرنے سے بہتر ہے۔

---

**4820**- أخرجه البخاري: الطلاق جلد **9**صفحه**379** رقم الحديث: **5318**' ومسلم: الطلاق جلد**2**صفحه**1122** ولفظه للبخاري .

**4821**- أخرجه أحمد: المسند، جلد**2**صفحه**239** رقم الحديث: **6662** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث یزید بن ابوحبیب سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**4822** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ جُبَيْرٍ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهَاجِرًا اسْتَاْذَنَتْ اَبَا الْعَاصِ بْنَ رَبِيعٍ زَوْجَهَا اَنْ تَذْهَبَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذِنَ لَهَا فَقَدِمَتْ عَلَيْهِ، ثُمَّ اِنَّ اَبَا الْعَاصِ لَحِقَ بِالْمَدِينَةِ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا: اَنْ خُذِي لِي اَمَانًا مِنْ اَبِيكِ، فَخَرَجَتْ فَاطَّلَعَتْ بِرَاْسِهَا مِنْ بَابِ حُجْرَتِهَا، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصُّبْحِ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَقَالَتْ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اَنَا زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِنِّي قَدْ اَجَرْتُ اَبَا الْعَاصِ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الصَّلَاةِ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّي لَمْ اَعْلَمْ بِهَذَا حَتَّى سَمِعْتُمُوهُ، اَلَا وَاِنَّهُ يُجِيرُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ اَدْنَاهُمْ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت زینب بنت رسول اللہ ﷺ نے ابوالعاص بن ربیع سے ہجرت کرنے کی اجازت مانگی' جس وقت رسول اللہ ﷺ ہجرت کے لیے نکلے۔ ابوالعاص نے جانے کی اجازت دی' آپ آئیں پھر ابوالعاص کی ملاقات مدینہ میں ہوئی تو حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی طرف پیغام بھیجا کہ اپنے والد کی مجھ سے امانت لے لو۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے حجرے کے دروازے سے اپنا سر نکال کر جھانک کر دیکھا تو رسول اللہ ﷺ صبح کی نماز پڑھ رہے تھے' حضرت زینب نے لوگوں سے کہا: اے لوگو! میں زینب بنت رسول اللہ ﷺ ہوں' میں نے ابوالعاص کو پناہ دی ہے' جب حضور ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں اس بات کو نہیں جانتا ہوں جو تم نے سنی ہے' خبردار! مسلمانوں میں عام آدمی بھی پناہ دے سکتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**4822**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد **22** صفحه **425** رقم الحديث: **1047** . وقال الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **333**: وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن' وفيه ضعف' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

4823 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ سَوَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ قَالَ: أَعْطَى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ السَّعْدِيِّ أَلْفَ دِينَارٍ، فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَهَا، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: إِنِّي قَائِلٌ لَكَ مَا قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا سَاقَ اللّٰهُ إِلَيْكَ رِزْقًا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ، وَلَا اسْتِشْرَافِ نَفْسٍ فَخُذْهُ، فَإِنَّ اللّٰهَ أَعْطَاكَهُ

حضرت قبیصہ بن ذؤیب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن سعد کو ایک ہزار دینار دیئے' حضرت عبداللہ نے لینے سے انکار کر دیا۔ حضرت عمر نے ان کو فرمایا: میں آپ کو وہی بات کہتا ہوں جو مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمائی ہے' وہ یہ ہے کہ جب انسان کے پاس آئے بن مانگے اور طمع کیے بغیر تو اس کو لے لے' کیونکہ اللہ عزوجل نے اسے دیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمَعَافِرِيُّ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ إِلَّا بَكْرُ بْنُ سَوَادَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث قبیصہ بن ذؤیب سے عبداللہ بن یزید معافری روایت کرتے ہیں اور عبداللہ بن یزید سے بکر بن سوارہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

4824 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كَرْيِ الْأَرْضِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے زمین کو کرائے پر دینے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث نعمان بن ابوعیاش سے عبداللہ بن ابوسلمہ اور حضرت عبداللہ بن ابوسلمہ سے بکیر بن عبداللہ

---

4823- أخرجه ابن حبان (856/موارد) .

4824- أخرجه مسلم: البيوع جلد 3صفحه1176' والنسائي: الأيمان والنذور جلد 7صفحه30 (باب الأحاديث المختلفة في النهي عن كراء الأرض)' وأحمد: المسند جلد3صفحه414 رقم الحديث: 14647 .

Marfat.com

بْـنِ اَبِـى سَلَمَةَ اِلَّا بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

**4825** - حَـدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَـدِيِّ اَبُـو نُـعَيْـمِ الْـجُـرْجَـانِيُّ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَمَانِينَ وَمِـائَتَيْنِ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ رَجَاءٍ الْجُرْجَانِيُّ قَالَ: نَا اَحْـمَـدُ بْـنُ اَبِى طَيْبَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِـى سُـفْيَـانَ، عَـنْ جَـابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ رَابَطَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ سَبْعَ خَنَادِقَ، كُلُّ خَنْدَقٍ كَسَبْعِ سَمَوَاتٍ وَسَبْعِ اَرَضِينَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے ایک دن اللہ کی راہ میں نگہبانی کی' اللہ عزوجل اس کے اور دوزخ کے درمیان سات خندقیں بنا دے گا' ہر خندق کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا سات زمینوں اور آسمانوں کا ہے۔

**4826** - وَعَـنْ جَـابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ الـلّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ خَنْدَقًا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے ایک دن اللہ کی راہ میں روزہ رکھا' اللہ عزوجل اس کے اور دوزخ کے درمیان اتنا فاصلہ رکھ دے گا جتنا آسمان اور زمین کے درمیان ہے۔

**4827** - وَعَـنِ الْاَعْـمَشِ، عَنْ اَبِى صَالِحٍ، عَـنْ اُمِّ هَـانِءٍ، قَـالَـتْ: قَـالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ: اِنَّ اُمَّتِـى لَنْ تَخْزَى مَا اَقَامُوا صِيَامَ رَمَـضَانَ . قِيـلَ: يَـا رَسُولَ الـلّٰهِ، وَمَا خِزْيُهُمْ فِي اِضَـاعَةِ شَهْـرِ رَمَضَانَ؟ قَالَ: انْتِهَاكُ الْمَحَارِمِ فِيهِ،

حضرت اُم ھانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کبھی رسوا نہ ہوگی جب تک رمضان کے روزے رکھتے رہیں گے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! رمضان کے روزے ضائع کرنے سے رسوائی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی حرام کردہ

---

**4825**- ذكره الهيثمى فى المجمع جلد5صفحه292 وقال: وفيه عيسىٰ بن سليمان أبو طيبة وهو ضعيف .

**4826**- ذكره الهيثمى فى المجمع جلد3صفحه197 وقال: وفيه عيسىٰ بن سليمان الجرجانى وهو ضعيف .

**4827**- ذكر الهيثمى فى المجمع جلد 3صفحه147 وقال: وفيه عيسىٰ بن سليمان أبو طيبة' ضعفه ابن معين' ولم يكن فيمن يتعمد الكذب' ولكنه نسب الى الوهم . وأخرجه أيضًا فى الطبرانى فى الصغير .

Marfat.com

مَنْ عَمِلَ فِيهِ زِنًى اَوْ شَرِبَ خَمْرًا لَعَنَهُ اللّٰهُ، وَمَنْ فِى السَّمَوَاتِ اِلَى مِثْلِهِ مِنَ الْحَوْلِ، فَاِنْ مَاتَ قَبْلَ اَنْ يُدْرِكَ شَهْرَ رَمَضَانَ، فَلَيْسَتْ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ حَسَنَةٌ يَتَّقِى بِهَا النَّارَ، فَاتَّقُوا شَهْرَ رَمَضَانَ، فَاِنَّ الْحَسَنَاتِ تُضَاعَفُ فِيهِ مَا لَا تُضَاعَفُ فِيمَا سِوَاهُ وَكَذٰلِكَ السَّيِّئَاتُ

چیزوں کی بے حرمتی کرنا ہے جس نے اس ماہ میں زنا کیا یا شراب پی' اللہ اور جو آسمانوں میں رہتے ہیں' اس پر ایک سال تک لعنت کرتے ہیں' دوسرے رمضان کے آنے سے پہلے مر گیا تو اس کے لیے اللہ کے ہاں کوئی نیکی نہیں ہو گی' جس کی وجہ سے وہ جہنم سے بچ جائے' رمضان کے ماہ میں ان کاموں سے بچو کیونکہ اس میں نیکیاں دوسرے ماہ سے کئی گنا ہیں' اسی طرح گناہ کرنے میں بھی اس ماہ میں کئی گنا گناہ لکھے جاتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اَبُو طَيْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهَا: ابْنُهُ

یہ حدیث اعمش سے ابوطیبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**4828** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرْجَانِيُّ اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى طَيْبَةَ قَالَ: نَا عَنْبَسَةُ بْنُ الْاَزْهَرِ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَلِيٍّ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ الْاَوَاخِرُ دَابَ، وَدَابَ اَهْلُهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب رمضان کا آخری عشرہ آتا تو آپ خود بھی جاگتے اور اپنے گھر والوں کو بھی اُٹھاتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ اِلَّا عَنْبَسَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ ابْنُ اَبِى طَيْبَةَ

یہ حدیث ابواسحاق' اسود سے اور ابواسحاق سے عنبسہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن ابوطیبہ اکیلے ہیں۔

**4829** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

---

**4828**- عند الترمذی، وأحمد من طریق محمود بن غیلان: ثنا وکیع، ثنا سفیان بن أبی اسحاق، عن هبیرة بن یریم، عن علی أن النبی ﷺ کان یوقظ أهله فی العشر الأواخر من رمضان . أخرجه الترمذی: الصوم جلد3صفحه152 رقم الحدیث: 795 وقال: حسن صحیح . وأحمد: المسند جلد1صفحه122 رقم الحدیث: 765 .

**4829**- فی اسناده خلف بن خلیفة وهو صدوق من رجال مسلم لکنه اختلط فی آخره . وقال الهیثمی فی المجمع

Marfat.com

نُعَيْمٍ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ سَيَّارٍ الْبَاهِلِيُّ الْجُرْجَانِيُّ، عَنْ خَلَفِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا، وَاجْعَلْهُ يَوْمَ الْخَمِيسِ

نے عرض کی: اے اللہ! میری اُمت کے جمعہ کے کاموں میں برکت دے اور جمعرات کے دن میں برکت ڈال۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَارِبٍ إِلَّا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَفَّانُ بْنُ سَيَّارٍ

یہ حدیث محارب سے خلف بن خلیفہ روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں عفان بن سیار اکیلے ہیں۔

**4830** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو نُعَيْمٍ الْجُرْجَانِيُّ قَالَ: نَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْجُرْجَانِيُّ قَالَ: نَا سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ الْجُرْجَانِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَمَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، مِنْ غَيْرِ خَوْفٍ، وَلَا مَطَرٍ قِيلَ: مَا أَرَادَ بِذَلِكَ؟ قَالَ: أَرَادَ أَنْ لَا يُحْرِجَ أُمَّتَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ظہر اور عصر اور مغرب اور عشاء بغیر خوف اور بارش کے پڑھیں عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس سے آپ کا کیا ارادہ ہے؟ آپ نے فرمایا: تاکہ میری اُمت پر حرج نہ ہو۔

**4831** - وَعَنْ سُفْيَانَ، وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مِنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے رات کے اوّل حصہ درمیانی حصہ اور آخر حصہ میں وتر

---

جلد**4** صفحه**64**: وفيه عمار بن رجاء، ولم أجد من ترجمه . قلت: عمار بن رجاء الاسترابإذى، وثقه السهمى، وقال ابن أبى حاتم: صدوق .

**4830**- أخرجه مسلم: المسافرين جلد **1** صفحه**490**، وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه**6** رقم الحديث: **1211**، والترمذى: الصلاة جلد **1** صفحه**354** رقم الحديث: **187**، وأحمد: المسند جلد **1** صفحه**369** رقم الحديث: **2561** .

**4831**- أخرجه البخارى: الوتر جلد**2** صفحه**564** رقم الحديث: **996**، ومسلم: المسافرين جلد **1** صفحه**512** .

Marfat.com

كُلِّ اللَّيْلِ قَدْ اَوْتَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَوَّلِهِ وَاَوْسَطِهِ وَآخِرِهِ، فَانْتَهَى وِتْرُهُ اِلَى السَّحَرِ

پڑھے ہیں' آپ کے وتر سحری تک ختم ہو جاتے۔

**4832** - وَعَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمَلَ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ عَلَى دَابَّةٍ

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهَا: اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے امام حسین و حسین و عبداللہ بن جعفر کو سواری پر سوار کیا تھا۔

یہ تمام احادیث سفیان سے سعد بن سعید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**4833** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرْجَانِيُّ اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي طَيْبَةَ قَالَ: نَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا رَدَدْتَ عَلَى السَّائِلِ ثَلَاثًا فَلَا عَلَيْكَ اَنْ تَزْبُرَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تو سائل کو تین دفعہ دے چکے تو اس کو اچھے طریقے سے سمجھا دینے پر گناہ نہیں ہے۔

**4834** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي طَيْبَةَ قَالَ: نَا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگ جمع ہوتے ہیں پھر جدا ہوتے ہیں بغیر اللہ کے ذکر کیے تو ان سے مردار کی بدبو

---

**4833**- اسناده فيه: طلحة بن عمرو بن عثمان الحضرمي المكي وهو متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 102 : وفيه ضرار بن صرد' وهو ضعيف' وقال أبو حاتم: يكتب حديثه ولا يحتج به . قلت: ليس في الاسناد من اسمه ضرار' لكن فيه طلحة وهو متروك كما تقدم .

**4834**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 265 رقم الحديث: 4855' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 650 رقم الحديث: 10424 بنحوه .

Marfat.com

اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ، ثُمَّ تَفَرَّقُوا عَنْ غَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ، اِلَّا وَتَفَرَّقُوا عَنْ اَنْتَنِ مِنْ جِيفَةٍ

جدا ہوتی ہے۔

**4835** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو نُعَيْمٍ الْجُرْجَانِیُّ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ رَجَاءٍ الْجُرْجَانِیُّ قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِیُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، وَالْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ عُمَرُ: اَيُّكُمْ يَحْفَظُ مَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْفِتْنَةِ؟ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: اَنَا فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِی اَهْلِهِ وَمَالِهِ، يُكَفِّرُهَا الصَّلَاةُ وَالصَّدَقَةُ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْیُ عَنِ الْمُنْكَرِ . قَالَ: لَيْسَ عَنْ هٰذَا سَاَلْتُكَ، اِنَّمَا سَاَلْتُكَ عَنِ الْفِتْنَةِ الَّتِی تَمُوجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ . قَالَ: اِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا، فَقَالَ: اَيُفْتَحُ ذٰلِكَ الْبَابُ اَمْ يُكْسَرُ؟ قَالَ: بَلْ يُكْسَرُ . قَالَ: اِذًا لَا يُغْلَقُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم میں کون ان چیزوں کے بارے میں زیادہ جانتا ہے جو حضور ﷺ نے فتنے کے متعلق فرمایا ہے؟ میں نے عرض کی: میں جانتا ہوں! آدمی کے لیے فتنہ اس کے گھر والوں اور مال میں ہوگا' نماز اور صدقہ مٹا دے گا' امر بالمعروف اور نہی عن المنکر بھی اس فتنے کو ختم کر دیں گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اس کے متعلق آپ سے نہیں پوچھا' میں نے ان فتنوں کے متعلق پوچھا جن کی موجیں سمندر کی موجوں کی طرح ہوں گی۔ میں نے عرض کی: آپ کے اور اس کے درمیان بند دروازہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس دروازے کو کھولا جائے گا یا توڑا جائے گا؟ میں نے عرض کی: توڑا جائے گا' پھر وہ بند نہیں ہوگا۔

☆☆☆☆☆

**4835**- أخرجه البخاری: المواقيت جلد**2**صفحه**11** رقم الحديث: **525**' ومسلم: الفتن جلد **4**صفحه**2218** (باب فی الفتنة التی تموج كموج البحر) .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ السَّلَامِ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام عبدالسلام ہے

**4836** - حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ سَهْلٍ السُّكَّرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَرُزِّيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ الْخَفَّافُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا خَيْرٌ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ، اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسجد حرام کے علاوہ میری اس مسجد میں نماز پڑھنا دوسری مسجدوں میں نماز پڑھنے سے ایک ہزار نمازوں کے برابر ثواب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن ابوعروبہ اور سعید سے عبدالوہاب بن عطاء روایت کرتے ہیں۔

**4837** - حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَا اَبُو تُمَيْلَةَ، عَنْ اَبِي طَيْبَةَ قَالَ: نَا اَبُو مِجْلَزٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ وَشَرِبَ فِي الْفِضَّةِ فَلَيْسَ مِنَّا، وَمَنْ خَبَّبَ امْرَاَةً عَلَى زَوْجِهَا، اَوْ عَبْدًا عَلَى مَوَالِيهِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ریشم پہنا اور چاندی کے برتن میں پیا' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے' جس عورت نے اپنے شوہر کی نافرمانی کی یا غلام نے اپنے آقا کی تو اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

---

**4836**- أخرجه البخاري: فضل الصلاة فى مسجد مكة جلد **3** صفحه **76** رقم الحديث: **1190**' ومسلم: الحج جلد **2** صفحه **1012** .

**4837**- اسناده حسن فيه: أبو طيبة عبد الله بن مسلم السلمى المروزى قاضيها وهو صدوق يهم . وقال الهيثمى فى المجمع جلد **5** صفحه **80**: وفيه أبو طيبة عبد الله بن مسلم وثقه ابن حبان' وقال: يخطئ' ويخالف' وبقية رجاله ثقات . وأخرجه ايضًا فى الصغير .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو تُمَيْلَةَ

یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابوتمیلہ اکیلے ہیں۔

4838 - حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ سَهْلٍ السُّكَّرِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ قَالَ: نَا النَّضْرُ اَبُو عُمَرَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلًا صَلَّى خَلْفَ الصُّفُوفِ وَحْدَهُ، فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعِيدَ الصَّلَاةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی اکیلا صفوں کے پیچھے نماز پڑھ رہا تھا' آپ ﷺ نے اسے نماز لوٹانے کا حکم دیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابویحییٰ الحمانی اکیلے ہیں۔

4839 - حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا عِمْرَانُ بْنُ اَبَانَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ: اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى ضُبَاعَةَ، وَهِيَ شَاكِيَةٌ، فَقَالَ: حُجِّي وَاشْتَرِطِي، قُولِي: اللّٰهُمَّ مَحِلِّي حَيْثُ حَبَسْتَنِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت ضباعہ کے پاس اس حالت میں آئے کہ وہ بیمار تھیں' آپ نے فرمایا: تُو حج کر اور شرط لگا' اور عرض کر: اے اللہ! میرے احرام کھولنے کے لیے وہ جگہ ہوگی جہاں میں روک لی جاؤں گی۔

---

4838- اسناده فيه: النضر أبو عمر بن عبد الرحمٰن الخزار الكوفي وهو متروك . تخريجه الطبراني في الكبير' والبزار من طريق عبد الحميد بالاسناد . وقال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه99: وفيه النضر أبو عمر' أجمعوا على ضعفه .

4839- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه868' وأبو داؤد: المناسك جلد 2صفحه156 رقم الحديث: 1776' والنسائي: المناسك جلد 5صفحه130 (باب كيف يقول اذا اشترط؟)' وابن ماجة: المناسك جلد 2صفحه980 رقم الحديث: 2938' والدارمي: المناسك جلد 2صفحه54 رقم الحديث: 1811' وأحمد: المسند جلد1صفحه437 رقم الحديث: 3116 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ تَفَرَّدَ بِهِ: عِمْرَانُ ابْنُ أَبَانَ

یہ حدیث اسماعیل بن امیہ سے محمد بن مسلم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمران بن ابان اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْجَبَّارِ

4840 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ اَبِی عَامِرٍ السِّحْلِینِیُّ الْخَثْعَمِیُّ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ: نَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِیُّ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ الْعِجْلِیُّ قَالَ: نَا اَبُو زُمَیْلٍ سِمَاكٌ الْحَنَفِیُّ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَبِی ذَرٍّ الْغِفَارِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: فِی اَمْرِكَ بِالْمَعْرُوفِ وَنَهْیِكَ عَنِ الْمُنْكَرِ لَكَ صَدَقَةٌ، وَاِمَاطَتُكَ الْاَذَى عَنِ الطَّرِیقِ لَكَ صَدَقَةٌ، وَاِفْرَاغُكَ مِنْ دَلْوِكَ فِی دَلْوِ اَخِیكَ لَكَ صَدَقَةٌ وَتَبَسُّمُكَ

لَمْ یَرْفَعْ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ اِلَّا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِیُّ، وَاَبُو حُذَیْفَةَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْغُدَانِیُّ

4841 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ اَبِی عَامِرٍ السِّحْلِینِیُّ الْخَثْعَمِیُّ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ:

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام عبدالجبار ہے

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تمہارا نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا تمہارے لیے صدقہ ہے راستے سے تکلیف دِہ اشیاء اُٹھانا تمہارے لیے صدقہ ہے اپنے ڈول کے پانی سے اپنے بھائی کے ڈول میں ڈالنا یہ بھی صدقہ ہے اور اپنے بھائی کو دیکھ کر تبسم کرنا بھی صدقہ ہے۔

یہ حدیث عکرمہ بن عمار سے نضر بن محمد الجرش اور ابوحذیفہ اور عبداللہ بن رجاء غدانی ہی مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔

حضرت سائب بن یزید کے غلام حضرت عطا بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک دن اپنے آقا سائب کو

4840- أخرجه الترمذی: البر والصلة جلد4صفحه339-340 رقم الحدیث: 1956 . وقال: هذا حدیث حسن غریب . وابن حبان (864/موارد) . انظر الترغیب للمنذری جلد3صفحه422 رقم الحدیث: 4 .

4841- اسناده فیه: عطاء مولى السائب بن یزید' ترمه البخاری فی تاریخه' وابن أبی حاتم' وسكتا عنه' وذكره ابن حبان فی ثقات التابعین جلد 5صفحه202 . تخریجه الطبرانی فی الصغیر' وأیضًا فی الكبیر' وقال الهیثمی فی المجمع جلد 9 صفحه412: ورجال الكبیر الصحیح' غیر عطاء مولى السائب' وهو ثقة' ورجال الصغیر والأوسط ثقات .

Marfat.com

نَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِيُّ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ الْعِجْلِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ، مُولِي السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: رَأَيْتُ مَوْلَايَ السَّائِبَ، لِحْيَتُهُ بَيْضَاءُ، وَرَأْسُهُ أَسْوَدُ، قُلْتُ: يَا مَوْلَايَ، مَا لِرَأْسِكَ لَا تَبْيَضُّ؟ قَالَ: لَا يُبْيَضُّ رَأْسِي أَبَدًا، وَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَضَى وَأَنَا غُلَامٌ أَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ، فَسَلَّمَ عَلَى الْغِلْمَانِ وَأَنَا فِيهِمْ، فَرَدَدْتُ عَلَيْهِ السَّلَامَ بَيْنَ الْغِلْمَانِ، فَدَعَانِي فَقَالَ: مَا اسْمُكَ؟ قُلْتُ: السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ ابْنُ أُخْتِ نَمِرٍ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى رَأْسِي، وَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ، فَلَا يَبْيَضُّ مَوْضِعُ يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَدًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ مَوْلَى السَّائِبِ إِلَّا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ السَّائِبِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

دیکھا۔ ان کی داڑھی نری سفید ہے اور ان کے سر کے بال سیاہ ہیں۔ میں نے عرض کی: اے میرے آقا! آپ کے سر کو کیا ہے' اس کے بال سفید کیوں نہیں ہوئے؟ انہوں نے فرمایا: یہ کبھی سفید نہ ہوں گے اور بتایا کہ میں ابھی بچہ تھا اور بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ پاس سے رسول کریم ﷺ گزرے۔ آپ نے بچوں پر سلام کیا' میں بھی ان میں موجود تھا۔ میں نے بچوں کے درمیان سے (اونچی آواز کے ساتھ) آپ کے سلام کا جواب دیا۔ پس آپ نے مجھے بلایا۔ فرمایا: تیرا نام کیا ہے؟ میں نے عرض کی: سائب بن یزید ابن اخت نمر۔ آپ نے اپنا ہاتھ مبارک میرے سر پر رکھا اور کہا: اللہ تجھے برکت دے! پس آپ کے ہاتھ والی جگہ کبھی سفید نہ ہوگی۔

اس حدیث کو عطاء سے صرف عکرمہ بن عمار نے روایت کیا ہے۔ نضر بن محمد اس کے ساتھ منفرد ہیں۔ سائب سے صرف اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْوَهَّاب

**4842** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ رَوَاحَةَ الرَّامَهُرْمُزِيُّ قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا حُسَنُ بْنُ عَطِيَّةَ قَالَ: نَا سُعَادُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ وَخَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا وَحْدَهُ وَجَمَعَهُمَا، فَقَالَ: اِذَا اجْتَمَعْتُمَا فَعَلَيْكُمْ عَلِيٌّ . قَالَ: فَاَخَذَا يَمِينًا وَيَسَارًا، فَدَخَلَ عَلِيٌّ فَاَبْعَدَ، فَاَصَابَ سَبْيًا، فَاَخَذَ جَارِيَةً مِنَ السَّبْيِ . قَالَ بُرَيْدَةُ: وَكُنْتُ مِنْ اَشَدِّ النَّاسِ بُغْضًا لِعَلِيٍّ، فَاَتَى رَجُلٌ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فَذَكَرَ اَنَّهُ قَدْ اَخَذَ جَارِيَةً مِنَ الْخُمُسِ، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟ ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، ثُمَّ تَتَابَعَتِ الْاَخْبَارُ عَلَى ذٰلِكَ، فَدَعَانِي خَالِدٌ، فَقَالَ: يَا بُرَيْدَةُ، قَدْ عَرَفْتَ الَّذِي صَنَعَ، فَانْطَلِقْ بِكِتَابِي هٰذَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَتَبَ اِلَيْهِ . فَانْطَلَقْتُ بِكِتَابِهِ حَتّٰى دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَ الْكِتَابَ، بِشِمَالِهِ وَكَانَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَقْرَاُ وَلَا يَكْتُبُ، فَقَالَ: وَكُنْتُ اِذَا تَكَلَّمَتْ طَاطَاتُ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام عبدالوہاب ہے

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت علی اور حضرت خالد بن ولید کی طرف آدمی بھیجا ان میں سے ہر ایک دوسرے سے الگ تھا۔ آپ نے ان دونوں کو جمع کیا اور فرمایا: جب تم اکٹھے ہو تو علی تم پر کمانڈر ہوں گے۔ راوی کہتے ہیں: انہوں نے میمنہ و میسرہ (دایاں بایاں) سنبھال لیا۔ پس حضرت علی تشریف لائے۔ پس باقی کو دور کر دیا' آپ جنگی قیدیوں کے پاس جا پہنچے' وہاں سے ایک لونڈی لی۔ حضرت بریدہ کہتے ہیں: اس وقت میرے دل میں حضرت علی کا بغض کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ ایک آدمی حضرت خالد بن ولید کی خدمت میں آیا' اس نے ذکر کیا کہ حضرت علی نے خمس سے ایک لونڈی لے لی ہے۔ انہوں نے کہا: یہ کیا ہے؟ پھر ایک اور آدمی آیا۔ پھر تیسرا آیا' پھر اس بات پر خبریں آگے پیچھے بہت پہنچیں' مجھے حضرت خالد بن ولید نے بلا کر فرمایا: اے بریدہ! آپ کو معلوم ہے جو انہوں نے کیا ہے؟ پس میرا یہ خط لے کر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں پہنچو۔ پس انہوں نے آپ ﷺ کی طرف خط لکھ دیا۔ اور میں ان کا خط لے

---

4842- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 131 وقال: وفيه ضعفاء وثقهم ابن حبان . قلت: فيه سعاد بن سليمان فهو صدوق يخطئ وكان شيعيًا .

Marfat.com

رَأْسِي حَتَّى أَفْرُغَ مِنْ حَاجَتِي فَطَأْطَأْتُ رَأْسِي فَتَكَلَّمْتُ، فَوَقَعْتُ فِي عَلِيٍّ حَتَّى فَرَغْتُ، ثُمَّ رُفِعَتْ رَأْسِي، فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَضِبَ غَضَبًا لَمْ أَرَهُ غَضِبَ مِثْلَهُ إِلَّا يَوْمَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيرِ، فَنَظَرَ إِلَيَّ، فَقَالَ: يَا بُرَيْدَةُ، أَحِبَّ عَلِيًّا، فَإِنَّمَا يَفْعَلُ مَا يُؤْمَرُ بِهِ . قَالَ: فَقُمْتُ، وَمَا مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْهُ

کر سرکار ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' آپ نے اپنے بائیں ہاتھ سے خط کو پکڑا اور آپ نہ پڑھتے تھے اور نہ لکھا کرتے تھے جیسے اللہ نے فرمایا۔ اور کہتے ہیں: جب میں کلام کرتا تھا تو اپنا سر نیچے سے نیچے کیے جا رہا تھا یہاں تک کہ میں اپنے کام سے فارغ ہو گیا۔ میں نے اپنا سر پست کر کے کلام کی۔ حضرت علی کے بارے میں میرے دل میں بغض تھا' یہاں تک کہ میں فارغ ہوا۔ پھر کچھ دیر بعد میرا سر اوپر ہوا تو رسول کریم ﷺ پر میری نظر پڑی۔ آپ غصے سے لال پیلے ہو رہے تھے۔ اتنا غصہ میں نے یا تو بنوقریظہ اور بنونضیر کو جلاوطن کرتے وقت دیکھا یا آج آپ نے میری طرف نگاہ فرمائی اور فرمایا: اے بریدہ! علی کو محبوب بنالو! وہ صرف وہی کام کرتا ہے جس کا اسے حکم دیا جاتا ہے۔ فرماتے ہیں: میں وہاں سے اس حال میں اُٹھا کہ علی سے بڑھ کر مجھے کوئی محبوب نہ تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ إِلَّا سُعَادُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سُعَادٍ إِلَّا حُسْنُ بْنُ عَطِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو كُرَيْبٍ

عبدان بن عطاء سے اس حدیث کو سعاد بن سلیمان اور سعاد سے صرف حسن بن عطیہ نے روایت کیا' ابوکریب اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

**4843** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ رَوَاحَةَ الرَّامَهُرْمُزِيُّ قَالَ: نَا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: جَاءَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ماعز بن مالک' رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! مجھے پاک کریں' آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! واپس جا اللہ سے بخشش مانگ اور توبہ کر۔ حضرت ماعز واپس گئے اور تھوڑی دور جا کر واپس آ گئے۔ عرض کی:

**4843**- اخرجه مسلم: الحدود جلد**3**صفحه**1321-1322** .

Marfat.com

اللّٰهِ، طَهِّرْنِي . فَقَالَ: وَيْحَكَ، ارْجِعْ فَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ إِلَيْهِ . قَالَ: فَرَجَعَ غَيْرَ بَعِيدٍ، ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، طَهِّرْنِي . فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ حَتّٰى إِذَا كَانَتِ الرَّابِعَةُ، قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِمَّ أُطَهِّرُكَ؟ قَالَ: مِنَ الزِّنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبِهِ جُنُونٌ؟ فَأُخْبِرَ أَنْ لَيْسَ بِهِ جُنُونٌ، فَقَالَ: اسْتَنْكِهُوهُ، فَقَامَ رَجُلٌ، فَاسْتَنْكَهَهُ، فَلَمْ يَجِدْ مِنْهُ رِيحَ خَمْرٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَزَنَيْتَ أَنْتَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَأَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَ . وَكَانَ النَّاسُ فِيهِ فِرْقَتَيْنِ، قَائِلٌ يَقُولُ: لَقَدْ هَلَكَ عَلَى أَسْوَإِ عَمَلِهِ، وَلَقَدْ أَحَاطَتْ بِهِ خَطِيئَتُهُ، وَقَائِلٌ يَقُولُ: لَا تَوْبَةَ أَفْضَلُ مِنْ تَوْبَةِ مَنْ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ يَدَهُ فِي يَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: اقْتُلْنِي بِالْحِجَارَةِ، فَلَبِثُوا عَلَى ذَلِكَ يَوْمَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةٍ، ثُمَّ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ جُلُوسٌ فَسَلَّمَ، ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ: اسْتَغْفِرُوا لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ، فَقَالُوا: غَفَرَ اللّٰهُ لِمَاعِزٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ أُمَّةٍ لَوَسِعَتْهُمْ ثُمَّ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ غَامِدٍ مِنَ الْأَزْدِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، طَهِّرْنِي . فَقَالَ: ارْجِعِي، فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ . فَقَالَتْ: أَرَاكَ تُرِيدُ أَنْ تَرُدَّنِي كَمَا رَدَدْتَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ؟ قَالَ: وَمِمَّ أُطَهِّرُكِ؟ قَالَتْ: إِنَّهَا

یارسول اللہ! مجھے پاک کریں! آپ نے دوبارہ پہلے والی بات کی۔ یہاں تک کہ حضرت ماعز نے چار مرتبہ اقرار کیا' آپ ﷺ نے فرمایا: کس سے پاک کروں؟ حضرت ماعز نے عرض کی: زنا سے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم مجنون ہو؟ آپ کو بتایا گیا کہ یہ مجنون نہیں ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا منہ سونگھو! ایک آدمی کھڑا ہوا اور اس نے ان کا منہ سونگھا' شراب کی بدبو نہ پائی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم نے زنا کیا ہے؟ حضرت ماعز نے عرض کی: یارسول اللہ! حضور ﷺ نے رجم کرنے کا حکم دیا۔ اس کے متعلق دو قسم کے لوگ تھے' ایک کہنے لگے: یہ بُرے عمل کی وجہ سے ہلاک ہوا' اس کے گناہوں نے اسے گھیر لیا تھا' ایک کہنے لگا: اس کی توبہ سے افضل کوئی توبہ نہیں ہے جو خود حضور ﷺ کے پاس آیا ہے اور اپنا ہاتھ رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ میں دیا ہے' پھر عرض کی: مجھے پتھروں سے مارو! دو یا تین دن گزرے پھر حضور ﷺ تشریف لائے تو صحابہ کرام بیٹھے ہوئے تھے' آپ نے سلام کیا' پھر آپ بیٹھ گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ماعز کے لیے بخشش مانگو! صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ نے معاذ کو بخشا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر اس کی توبہ اُمت کے لیے تقسیم کی جائے تو زیادہ ہوگی۔ پھر غامد سے قبیلہ ازد کی ایک عورت آئی' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے پاک کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: واپس چلی جاؤ! اللہ سے بخشش مانگ اور توبہ کر۔ اس نے عرض کی: آپ

Marfat.com

حُبْلَى مِنَ الزِّنَا . قَالَ: اَنْتِ زَنَيْتِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ . قَالَ: اِذًا لَا اَرْجُمُكِ حَتَّى تَضَعِينَ مَا فِي بَطْنِكِ، فَكَفَلَهَا رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ حَتَّى وَضَعَتْ، فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قَدْ وَضَعَتِ الْغَامِدِيَّةُ . قَالَ: اِذًا لَا اَرْجُمُهَا وَنَدَعُ وَلَدَهَا صَغِيرًا لَيْسَ لَهُ مَنْ يُرْضِعُهُ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ: اَنَا اِلَيَّ رَضَاعُهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَرَجَمَهَا

بتائیں کہ آپ مجھے ایسے ہی واپس کرنا چاہتے ہیں جس طرح ماعز بن مالک کو واپس کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں کس وجہ سے آپ کو پاک کروں؟ اس نے عرض کی: میں زنا سے حاملہ ہوئی ہوں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نے زنا کیا ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم رجم اس وقت کیا جائے گا جب تم حمل جن لو گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار کے ایک آدمی کو اس کی ذمہ داری سونپی' جب اس نے بچہ جن لیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے کر آئے' عرض کی: غامدیہ نے بچہ جن دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو رجم کیا جائے گا جس وقت اس کا بچہ دودھ پی کر فارغ ہو گا۔ انصار میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کا دودھ پلانا میرے ذمہ ہے' آپ نے اس کو رجم کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ اِلَّا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ يَحْيَى

یہ حدیث غیلان بن جامع سے یعلیٰ بن حارث روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے یحییٰ اکیلے ہیں۔

**4844** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ رَوَاحَةَ قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا مُخْتَارُ بْنُ غَسَّانَ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ مُسْلِمٍ اَبُو دَاوُدَ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ: دَخَلْتُ

حضرت ابوعبدالرحمٰن السلمی فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں اس حالت میں داخل ہوا کہ حضرت امیر المؤمنین علی بن ابوطالب منبر شریف پر خطبہ فرمارہے تھے' آپ فرما رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے

**4844**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **310** وقال: وفيه عيسى بن مسلم الطهوي . قال أبو زرعة: لين' وقال أبو حاتم: ليس بالقوي يكتب حديثه' وبقية رجاله ثقات' ان شاء الله . قلت: فيه أيضًا عبد الأعلى بن عامر وهو ضعيف' ضعفه غير واحد' ووثقه ابن معين في رواية' وقال الساجي: صدوق يهم .

Marfat.com

الْمَسْجِدَ، وَاَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيٌّ، عَلَى الْمِنبَرِ، وَهُوَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ اَوْحَى اِلَى نَبِيٍّ مِنْ اَنْبِيَاءِ بَنِي اِسْرَائِيلَ، اَنْ قُلْ لِاَهْلِ طَاعَتِي مِنْ اُمَّتِكَ: لَا يَتَّكِلُوا عَلَى اَعْمَالِهِمْ، فَاِنِّي لَا اُقَاصُّ عَبْدًا الْحِسَابَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ اَشَاءُ اَنْ اُعَذِّبَهُ اِلَّا عَذَّبْتُهُ، وَقُلْ لِاَهْلِ الْمَعَاصِي مِنْ اُمَّتِكَ: لَا يُلْقُونَ بِاَيْدِيهِمْ فَاِنِّي اَغْفِرُ الذُّنُوبَ الْعِظَامَ وَلَا اُبَالِي. وَاَنَّهُ لَيْسَ مِنْ اَهْلِ قَرْيَةٍ، وَلَا اَهْلِ مَدِينَةٍ، وَلَا اَهْلِ اَرْضٍ، وَلَا رَجُلٍ بِخَاصَّةٍ، وَلَا امْرَاَةٍ يَكُونُ لِي عَلَى مَا اُحِبُّ اِلَّا كُنْتُ لَهُ عَلَى مَا يُحِبُّ. وَاَنَّهُ لَيْسَ مِنْ مَدِينَةٍ، وَلَا اَهْلِ اَرْضٍ، وَلَا رَجُلٍ بِخَاصَّةٍ، وَلَا امْرَاَةٍ يَكُونُ لِي عَلَى مَا اُحِبُّ فَاَكُونُ لَهُ عَلَى مَا يُحِبُّ ثُمَّ يَتَحَوَّلُ عَنْ مَا اُحِبُّ اِلَى مَا اَكْرَهُ اِلَّا تَحَوَّلْتُ لَهُ مِمَّا يُحِبُّ اِلَى مَا يَكْرَهُ، اِلَّا كُنْتُ لَهُ عَلَى مَا يَكْرَهُ، وَاَنَّهُ لَيْسَ مِنْ اَهْلِ قَرْيَةٍ، وَلَا اَهْلِ مَدِينَةٍ، وَلَا اَهْلِ اَرْضٍ، وَلَا رَجُلٍ بِخَاصَّةٍ، وَلَا امْرَاَةٍ يَكُونُ لِي عَلَى مَا اَكْرَهُ ثُمَّ يَتَحَوَّلُ لِي عَنْ مَا اَكْرَهُ اِلَى مَا اُحِبُّ اِلَّا تَحَوَّلْتُ لَهُ عَنْ مَا يَكْرَهُ اِلَى مَا يُحِبُّ. لَيْسَ مِنِّي مَنْ تَطَيَّرَ اَوْ تُطِيِّرَ لَهُ، اَوْ تَكَهَّنَ اَوْ تُكُهِّنَ لَهُ، اَوْ سَحَرَ اَوْ بُسِحِرَ لَهُ، اِنَّمَا اَنَا وَخَلْقِي، وَكُلُّ خَلْقِي لِي

میری طرف بنی اسرائیل کے انبیاء میں سے کسی نبی کی طرف وحی کی کہ اپنی اطاعت کرنے والے اُمتیوں سے کہنا کہ اپنے اعمال پر بھروسہ نہ کرنا' کیونکہ میں قیامت کے دن کسی بندے سے حساب نہیں لوں گا' پھر میں عذاب دینا چاہوں گا تو عذاب دوں گا اور گناہ گاروں سے کہنا کہ اپنے ہاتھوں سے اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو میں بڑے گناہوں کو معاف کر دوں گا' مجھے کوئی پروا نہیں ہے کہ کسی دیہات اور کسی شہر کسی ملک سے ہے کوئی شامی مرد و عورت۔ اس کا انجام وہی ہو گا جو میں پسند کروں گا' مگر یہ کہ میری اس کی پسند ایک ہو جائے اور خواہ وہ کسی شہر' ملک کا ہو۔ خاص مرد ہو یا عورت اس کا انجام وہی ہوگا جو میں چاہوں گا۔ پس ممکن ہے کہ (میری پسند سے موافقت کی وجہ سے) اس کی پسند کے مطابق ہو جائے' پھر اس سے پھر جائے اُس کی طرف جسے میں ناپسند کرتا ہوں مگر وہ اس کی پسند سے اس کی ناپسند کی طرف پھر جائے گا۔ لیکن میں اس سے وہ سلوک کروں جسے وہ ناپسند کرتا ہے۔ خواہ وہ کسی دیہات' شہر یا ملک سے ہو' یا کوئی خاص آدمی یا عورت ہو پہلے وہ میری ناپسند پر ہو' بعد میں وہ میری ناپسند سے میری پسند کی طرف پھر جائے۔ تو اس کے لیے انجام بھی اس کی ناپسند سے اس کی پسند کی طرف پھر جائے گا۔ اس آدمی کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں جو فال نکالے یا نکلوائے۔ کہانت کا عمل کرے یا کروائے یا جادو کرے یا کروائے۔ بس میں ہوں اور میری مخلوق ہے اور میری ساری مخلوق میرے

Marfat.com

لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْاَعْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

اس حدیث کو ابی عبدالرحمٰن سے عبدالاعلیٰ نے روایت کیا' اس کے ساتھ عیسیٰ بن مریم منفرد ہیں' علی سے اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔

**4845** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ رَوَاحَةَ قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ بِشْرٍ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نَا حُسْنُ بْنُ حُسَيْنٍ الْعَلَوِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ لِى جِبْرِيلُ: يَا مُحَمَّدُ، اَحِبَّ مَنْ شِئْتَ فَاِنَّكَ مَفَارِقُهُ، وَاعْمَلْ مَا شِئْتَ فَاِنَّكَ مُلَاقِيهِ، وَعِشْ مَا شِئْتَ فَاِنَّكَ مَيِّتٌ . وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْجَزَ لِى جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِى الْخُطْبَةِ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی کہ یا محمد! جس سے چاہیں آپ محبت کریں' آپ نے اس سے جدا ہونا ہے' جو چاہیں عمل کر لیں' آپ کو اس کا صلہ ملے گا' جتنا چاہیں جی لیں آپ نے وصال کرنا ہے۔ اور حضور ﷺ نے فرمایا: میرے لیے حضرت جبریل علیہ السلام نے خطبہ میں اختصار سے کام لیا۔

**4846** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ رَوَاحَةَ قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا حُسْنُ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ:

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! کوئی شے کسی شے سے جمع نہیں ہوتی جو افضل ہو' سوائے بردباری کے جس کا علم کے ساتھ' جمع ہونا افضل ہے۔

---

**4845**- ذكره الهيثمى فى المجمع جلد10 صفحه22 وقال: وفيه جماعة لم أعرفهم . وأخرجه أيضًا الطبرانى فى الصغير .

**4846**- ذكره الهيثمى فى المجمع جلد 1 صفحه126 وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط والصغير من رواية حفص بن بشر عن حسن بن الحسين بن يزيد العلوى عن أبيه ولم أر من ذكر أحدًا منهم .

Marfat.com

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ، مَا جُمِعَ شَىْءٌ اِلَى شَىْءٍ اَفْضَلَ مِنْ حِلْمٍ اِلَى عِلْمٍ

**4847** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ رَوَاحَةَ قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا حُسْنُ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاْسُ الْعَقْلِ بَعْدَ الْاِيمَانِ: التَّحَبُّبُ اِلَى النَّاسِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عقل کی سرداری ایمان کے بعد' لوگوں سے محبت کرنا ہے۔

**4848** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ رَوَاحَةَ قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ فَلَيْسَ مِنِّى وَلَا مِنَ اللّٰهِ . قِيلَ: وَمَا هُنَّ؟ قَالَ: حِلْمٌ يرُدُّ جَهْلَ الْجَاهِلِ، اَوْ حُسْنُ خُلُقٍ يَعِيشُ بِهِ فِى النَّاسِ، اَوْ وَرَعٌ يَحْجِزُهُ عَنْ مَعَاصِى اللّٰهِ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں جس میں نہ ہوں اس کا تعلق مجھ سے اور اللہ سے نہیں ہے! عرض کیا گیا: وہ کیا ہیں؟ فرمایا: بردباری جو جاہل کی جہالت کو دور کرے' حسنِ اخلاق جس کے ساتھ لوگوں میں جیئے' ایسی پرہیزگاری جو اللہ کی نافرمانی سے روکے۔

**4849** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ رَوَاحَةَ

حضرت امام حسن بصری فرماتے ہیں کہ میں نے

---

**4847**- ذكره الهيثمى فى المجمع جلد8صفحه27 وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط والصغير' وفيه جماعة لم أعرفهم .

**4848**- الكلام فى اسناده كسابقه .

**4849**- اسناده فيه: جسر بن فرقد القصاب' ضعفه غير واحد' وقال ابن معين: ليس بشىء' وقال الدارقطنى: متروك . وأخرجه أيضًا البزار' بنحوه . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 7صفحه33: وفيه جسر بن فرقد وهو ضعيف' وقد وثقه سعيد بن عامر' وبقية رجال الطبرانى ثقات .

Marfat.com

قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ جَسْرِ بْنِ فَرْقَدٍ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: سَاَلْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ وَاَبَا هُرَيْرَةَ، عَنْ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، عَنْ قَوْلِهِ: (وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ) (التوبة: 72) ؟ فَقَالَا: عَلَى الْخَبِيرِ سَقَطْتَ، سَاَلْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: قَصْرٌ فِي الْجَنَّةِ مِنَ اللُّؤْلُؤِ فِيهِ سَبْعُونَ دَارًا مِنْ يَاقُوتَةٍ حَمْرَاءَ، فِي كُلِّ دَارٍ سَبْعُونَ بَيْتًا مِنَ الزُّمُرُّدِ الْاَخْضَرِ، فِي كُلِّ بَيْتٍ سَبْعُونَ سَرِيرًا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا جَسْرُ بْنُ فَرْقَدٍ

عمران بن حصین اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے قرآن پاک کی اس آیت کے متعلق پوچھا: ''مساکین طيبة فی جنت عدن'' دونوں نے کہا: اس کی خبر ساقط ہے' ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا ہے' آپ نے فرمایا: جنت میں ایک موتیوں کا محل ہے' اس کے ستر گھر یاقوت حمراء کے ہیں' ہر گھر میں ستر کمرے زمرد اخضر کے ہیں' ہر کمرے میں ستر چار پائیاں ہیں۔

یہ حدیث حسن سے جر بن فرقد روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْوَارِثِ

# اس شیخ کے نام سے جس کا عبدالوارث ہے

**4850** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو عُبَيْدَةَ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نَا اَبُو نَعَامَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ السَّلْمِيُّ قَالَ: كُنَّا نَشْهَدُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِتَالَ، فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ قَالَ لَنَا: احْمِلُوا، فَحَمَلْنَا

حضرت عتبہ بن غزوان السلمی فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ جنگ کے لیے حاضر ہوتے' جب سورج ڈھل جاتا تو آپ فرماتے: سامان باندھو تو ہم سامان باندھتے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ

یہ حدیث عتبہ بن غزوان سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن جامع اکیلے ہیں۔

**4851** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنْزِلُوا الْكُفُورَ، فَإِنَّهَا بِمَنْزِلَةِ الْقُبُورِ يَعْنِي: الْقُرَى

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ان بستیوں میں داخل نہ ہو جن میں اللہ کا غضب نازل ہوا ہے کیونکہ وہ قبرستان ہیں' یعنی وہ بستیاں (قبروں کی مانند ہیں)۔

**4852** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**4850**- اسناده فيه: محمد بن جامع العطار وهو ضعيف . تخريجه الطبراني في الصغير' وأيضًا في الكبير . وقال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه329: وفيه محمد بن لهيعة العطار (محمد ابن الجامع) وهو ضعيف .

**4851**- قال الهيثمي في المجمع جلد 8صفحه108: وفيه محمد بن جامع العطار' وهو ضعيف . قلت: فيه أيضًا سليمان بن أبي داؤد وهو ضعيف .

**4852**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد8صفحه108 وقال: وفيه محمد بن جامع العطار وهو ضعيف .

Marfat.com

قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَمُدُّوا طُنُبًا لِبَدْوٍ، فَاِنَّ فِي الْبَدْوِ الْجَفَاءَ، وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ، وَلَا يُبَالِي اللّٰهُ شُذوذَ مَنْ شَذَّ، وَلَا يَرْكَبُ الدَّابَّةَ فَوْقَ اثْنَيْنِ، وَلَا تَضْرِبُوا وُجُوهَ الدَّوَابِّ، فَاِنَّ كُلَّ شَيْءٍ يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ، وَلَا تُسَمُّوا اَبْنَاءَ كُمْ وَاِخْوَانَكُمْ: الْحَكَمَ، وَلَا اَبَا الْحَكَمِ، فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَكَمُ

حضور ﷺ نے فرمایا: دیہات میں زیادہ دیر نہ رہو کیونکہ دیہات میں رہنے سے بے وفائی ہوتی ہے' جماعت پر اللہ کی رحمت ہے' اللہ کو کوئی پروانہیں ہے جو جماعت سے علیحدہ ہو' سواری پر دو سے زیادہ آدمی سوار نہ ہوں' جانوروں کے چہروں پر نہ مارو' ہر شے اللہ کی تعریف کرنے کے لیے تسبیح کرتی ہے' اپنے بچوں اور بھائیوں کا نام حَکَمْ نہ رکھو' نہ کنیت ابوالحکم رکھو' کیونکہ اللہ عزوجل حَکَمْ ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ

یہ دونوں حدیثیں ابوسعید سے اسی سند سے روایت ہے' ان دونوں کو روایت کرنے میں محمد بن جامع اکیلے ہیں۔

**4853** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو عُبَيْدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نَا حَوْثَرَةُ بْنُ اَشْرَسَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْثَدٍ الْعَدَوِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ سُوَيْدٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ، اَنَّ عَائِشَةَ، قَالَتْ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، مُرْنَ اَزْوَاجَكُنَّ اَنْ يَغْسِلُوا عَنْهُمْ اَثَرَ الْبَوْلِ وَالْغَائِطِ، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْسِلُ عَنْهُ اَثَرَ الْبَوْلِ وَالْغَائِطِ، وَاَنَا اَسْتَحِي اَنْ اَقُولَهُ لَهُمْ

حضرت معاذہ العدویہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے عورتوں کے گروہ! اپنے شوہروں کو پیشاب اور پاخانہ کے بعد استنجاء کرنے کا حکم دو' کیونکہ حضور ﷺ پیشاب اور پاخانہ کے بعد دھوتے تھے' میں مردوں کو یہ بات کہنے سے شرم محسوس کرتی ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ سُوَيْدٍ

یہ حدیث اسحاق بن سوید سے ابراہیم بن مرثد

4853- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 30-31 رقم الحديث: 19 وقال: حسن صحيح' والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 38 (باب الاستنجاء بالماء) بنحوه' والبيهقي في الكبرى جلد 1 صفحه 171 رقم الحديث: 514 . انظر نصب الراية جلد 1 صفحه 213 .

Marfat.com

اِلَّا اِبْـرَاهِيمُ بْنُ مَرْثَدٍ الْعَدَوِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَوْثَرَةُ بْنُ اَشْرَسَ

العدوی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں حوثرہ بن اشرس اکیلے ہیں۔

**4854** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو عُبَيْدَةَ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبِرَكِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَ حَبِيبُ بْنُ الْحَارِثِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي رَجُلٌ مِقْرَافُ الذُّنُوبِ . قَالَ: تُبْ اِلَى اللّٰهِ يَا حَبِيبُ . قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَتُوبُ ثُمَّ اَعُودُ . قَالَ: فَكُلَّمَا اَذْنَبْتَ فَتُبْ . قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِذًا يَكْثُرُ ذُنُوبِي . قَالَ: عَفْوُ اللّٰهِ اَكْثَرُ مِنْ ذُنُوبِكَ يَا حَبِيبُ بْنُ الْحَارِثِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حبیب بن حارث رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! میں گناہوں میں ڈوبا ہوا آدمی ہوں؟ آپ نے فرمایا: اے حبیب! اللہ سے توبہ کر! اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں توبہ کرتا ہوں پھر گناہ ہو جاتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جب گناہ ہو جائے تو توبہ کیا کر! اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے گناہ تو زیادہ ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا عفو و درگزر تمہارے گناہوں سے زیادہ ہے اے حبیب بن حارث!

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں عیسیٰ بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**4855** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو عُبَيْدَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ قَالَ: نَا اَبُو عَوَانَةَ قَالَ: نَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ وہ لوگ کامیاب نہیں ہو سکتے ہیں جن کے اوپر بادشاہ عورت ہو۔

---

**4854**- اسناده فيه: نوح بن ذكوان وهو منكر الحديث . وقال الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **203**: وفيه نوح بن ذكوان وهو ضعيف .

**4855**- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن عمرو الباهلي وهو متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **212**: شيخ الطبراني أبو عبيدة عبد الوارث بن ابراهيم لم أعرفه وبقية رجاله ثقات . قلت فيه: متروك كما تقدم .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَنْ يُفْلِحَ قَوْمٌ يَمْلِكُ اَمْرَهُمُ امْرَاَةٌ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ

یہ حدیث جابر بن سمرہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن عمرو بن جبلہ اکیلے ہیں۔

**4856** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو عُبَيْدَةَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّرَائِفِيُّ الْحَرَّانِيُّ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى حَائِطِ قَوْمٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَنَاوَلْتُهُ بُسْرَةً خَضْرَاءَ فَاَكَلَهَا، ثُمَّ قَالَ: يَا ابْنَ عُمَرَ، هَذَا اَوَّلُ طَعَامٍ اُكَلْتُهُ مُنْذُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مل کر قوم انصار کے ایک باغ میں داخل ہوا تو میں نے سبز خشک کھجوریں آپ کی خدمت میں پیش کیں۔ آپ نے تناول فرمائیں' پھر فرمایا: اے ابن عمر! تین دن کے بعد آج پہلی بار یہ کھانا میں نے کھایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا الْوَازِعُ بْنُ نَافِعٍ

حضرت نافع سے اس حدیث کو صرف وزاع بن نافع نے روایت کیا۔

**4857** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک آدمی کے بارے میں جس کی شادی ہوئی اور وہ آدمی فوت ہوگیا' اس نے اس عورت کے ساتھ دخول نہیں کیا

---

**4856**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد**10**صفحه**3234** وقال: وفيه الوازع بن نافع' وهو متروك .

**4857**- أخرجه أبو داؤد: النكاح جلد**2**صفحه**243** رقم الحديث: **2114**' والترمذي: النكاح جلد**3**صفحه**441** رقم الحديث: **1145**' والنسائي: الطلاق جلد**6**صفحه**164** (باب عدة المتوفى عنها زوجها قبل أن يدخل بها)' وابن ماجة: النكاح جلد**1**صفحه**609** رقم الحديث: **1891**' والدارمي: النكاح جلد**2**صفحه**207** رقم الحديث: **2246**' وأحمد: المسند جلد**4**صفحه**343** رقم الحديث: **18493**' وقال الترمذي: حديث حسن صحيح .

Marfat.com

الدَّالانِيِّ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاةً، فَمَاتَ عَنْهَا، وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا، وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا، فَقَالَ: لَهَا الصَّدَاقُ كَامِلًا، وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ، وَلَهَا الْمِيرَاثُ فَقَالَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِهِ فِي بِرْوَعِ بِنْتِ وَاشِقٍ .

تھا اور اس کے لیے حق مہر بھی مقرر نہیں کیا تھا۔ میں نے اسے کہا: اس کے لیے مکمل مہر بھی ہے اور عدت بھی ہے اور اس کے لیے وراثت بھی ہو گی۔ حضرت معقل بن سنان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنا (جس وقت) آپ نے بروع بنت واشق کے متعلق فیصلہ فرمایا تھا' یہ ہی فرمایا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي خَالِدٍ الدَّالانِيِّ اِلَّا الْمُحَارِبِيُّ

یہ حدیث ابوخالد الدالانی سے محاربی روایت کرتے ہیں۔

**4858** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا عَمَّارُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَنْجُوا بِالْمَاءِ الْبَارِدِ، فَاِنَّهُ مَصَحَّةٌ لِلْبَوَاسِيرِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ٹھنڈے پانی سے استنجاء کیا کرو کیونکہ یہ بواسیر کے لیے صحت مند ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا اَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمَّارٌ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے ابوالربیع السمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمار اکیلے ہیں۔

**4859** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا سَيْفُ بْنُ مِسْكِينٍ الْاُسْوَارِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الْاَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، قَالَتْ: سَمِعْتُ مُنَادِيَ رَسُولِ

حضرت فاطمہ بنت قیس فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منادی کو نداء دیتے ہوئے سنا: الصلوٰۃ جامعة (نماز تیار ہے) میں بھی انصاری عورتوں کے ساتھ مل کر گھر سے نکل کر مسجد میں حاضر

---

**4858**- اسناده فيه: أبو الربيع السمان وهو متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 103 : وفيه عمار بن هارون' وهو متروك .

**4859**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 342 وقال: وفيه سيف بن مسكين وهو ضعيف جدًا' أخرجه أيضًا الطبراني في الكبير .

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِي: الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ، فَخَرَجْتُ فِي نِسْوَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ حَتَّى أَتَيْنَا الْمَسْجِدَ، فَصَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الظُّهْرِ، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَاسْتَقْبَلَنَا بِوَجْهِهِ ضَاحِكًا، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي وَاللّٰهِ مَا جَمَعْتُكُمْ لِرَغْبَةِ حَدِيثٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ، إِلَّا لِحَدِيثٍ حَدَّثَنِي تَمِيمٌ الدَّارِيُّ. أَتَانِي فَأَسْلَمَ وَبَايَعَ، فَأَخْبَرَنِي أَنَّهُ رَكِبَ فِي ثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامٍ وَهُمَا حَيَّانِ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ، فَصَادَفُوا الْبَحْرَ حِينَ اغْتَلَمَ، فَلَعِبَ بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا، ثُمَّ قَذَفَهُمْ قَرِيبًا مِنْ غُرُوبِ الشَّمْسِ إِلَى جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ. قَالَ: فَإِذَا نَحْنُ بِدَابَّةٍ أَهْلَبَ، لَا نَعْرِفُ قُبُلَهَا مِنْ دُبُرِهَا، قُلْنَا: مَنْ أَنْتِ أَيَّتُهَا الدَّابَّةُ؟ فَأَذِنَ اللّٰهُ فَكَلَّمَتْنَا بِلِسَانٍ ذَلِقٍ طَلِقٍ، فَقَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ. قُلْنَا: وَمَا الْجَسَّاسَةُ؟ قَالَتْ: إِلَيْكُمْ عَنِّي عَلَيْكُمْ بِذَاكَ الدَّيْرِ فِي أَقْصَى الْجَزِيرَةِ، فَإِنَّ فِيهِ رَجُلًا هُوَ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ. فَأَتَيْنَا الدَّيْرَ، فَإِذَا نَحْنُ بِرَجُلٍ أَعْظَمِ رَجُلٍ رَأَيْتُهُ قَطُّ خَلْقًا، وَأَجْسَمِهِ جِسْمًا، وَإِذَا هُوَ مَمْسُوحُ الْعَيْنِ الْيُمْنَى. كَأَنَّ عَيْنَهُ نُخَامَةٌ فِي جِدَارٍ مُجَصَّصٍ، وَإِذَا يَدَاهُ مَغْلُولَتَانِ إِلَى عُنُقِهِ، وَإِذَا رِجْلَاهُ مَشْدُودَتَانِ بِالْكُبُولِ مِنْ رُكْبَتَيْهِ إِلَى قَدَمَيْهِ، فَقُلْنَا لَهُ: مَنْ أَنْتَ أَيُّهَا الرَّجُلُ؟ قَالَ: أَمَّا خَبَرِي، فَقَدْ قَدَرْتُمْ عَلَيْهِ فَأَخْبِرُونِي عَنْ خَبَرِكُمْ؟ مَا أَوْقَعَكُمْ هٰذِهِ الْجَزِيرَةَ؟ وَهٰذِهِ الْجَزِيرَةُ لَمْ يَصِلْ

ہوئی۔ ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی ظہر کی نماز پھر منبر پر آئے۔ ہنستے ہوئے چہرے سے آپ نے ہمارا استقبال کیا۔ پھر فرمایا: میں نے کسی اور ترغیب وترہیب کے لیے جمع نہیں کیا۔ صرف وہ حدیث سنانا چاہتا ہوں جو تمیم داری نے مجھے سنائی ہے۔ اس نے میرے پاس آ کر سلام قبول کیا اور بیعت کی' اس نے مجھے خبر دی لخم اور جذام یمنی عرب کے قبیلوں میں سے دو قبیلے ہیں۔ اچانک وہ سارے ایک سمندر پر سوائے ہوئے' ایک ماہ موجوں نے انہیں روکے رکھا' پھر انہیں ایک دن سورج غروب ہونے کے وقت' جزیروں میں کسی ایک جزیرہ میں ڈال دیا۔ انہوں نے بتایا کہ پھر بہت راتوں بعد جانور دیکھا جس کے اگلی پچھلی طرف کا پتہ نہیں چلتا تھا' مجبور ہو کر ہم نے سوال کیا: اے جانور! تو کیا ہے؟ اللہ نے اُسے بولنے کی اجازت دی' اس نے تیز فصیح کھلی زبان کے ساتھ ہم سے کلام کی۔ اس نے کہا: میں جساسہ ہوں' ہم نے کہا: جساسہ کیا ہے؟ اس جزیرہ کے آخر پر ایک مندر ہے مجھے چھوڑ کر وہاں چلے جاؤ' وہاں ایک آدمی ہے' اسے تمہاری خبر سننے کا بہت شوق ہے' پس ہم دیر میں آئے۔ اچانک ہماری نگاہ اُٹھی تو ایک عظیم وجسیم آدمی نظر آیا۔ میں نے ایسی بناوٹ کا آدمی پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اس کی دائیں آنکھ ممسوح تھی جیسے چونے کی دیوار پر تھوک کا نشان ہوتا ہے۔ اس کے دونوں ہاتھ اس کی گردن سے بندھے ہوئے تھے۔ جبکہ اس کی دونوں ٹانگیں گھٹنوں سے لے کر پاؤں تک

Marfat.com

اِلَيْهَا آدَمِيٌّ مُنْذُ صِرْتُ اِلَيْهَا ـ فَقَالَ لَنَا: اَخْبِرُونِي عَنْ بُحَيْرَةِ الطَّبَرِيَّةِ، مَا فَعَلَتْ؟ فَقُلْنَا لَهُ: عَنْ اَيِّ اَمْرِهَا تَسْاَلُ؟ قَالَ: هَلْ نَضَبَ مَاؤُهَا؟ هَلْ بَدَا مَا فِيهَا مِنَ الْعَجَائِبِ؟ قُلْنَا: لَا وَاللّٰهِ ـ قَالَ: اَمَا اِنَّهُ سَيَكُونُ ثُمَّ سَكَتَ مَلِيًّا ثُمَّ قَالَ: اَخْبِرُونِي عَنْ عَيْنِ زُغَرَ، مَا فَعَلَتْ؟ قُلْنَا: عَنْ اَيِّ اَمْرِهَا تَسْاَلُ؟ قَالَ: هَلْ يَحْتَرِثُ عَلَيْهَا اَهْلُهَا؟ قُلْنَا لَهُ: نَعَمْ ـ قَالَ: اَمَا اِنَّهُ سَوْفَ يَغُورُ عَنْهَا مَاؤُهَا، فَلَا يَحْتَرِثُ عَلَيْهِ اَهْلُهَا، ثُمَّ سَكَتَ مَلِيًّا، ثُمَّ قَالَ: اَخْبِرُونِي عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ، مَا فَعَلَ؟ قُلْنَا: عَنْ اَيِّ اَمْرِهِ تَسْاَلُ؟ قَالَ: هَلْ يُثْمِرُ؟ قُلْنَا: نَعَمْ ـ قَالَ: اَمَا اِنَّهُ لَا يُثْمِرُ، ثُمَّ سَكَتَ مَلِيًّا، فَقَالَ: اَخْبِرُونِي عَنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ، مَا فَعَلَ؟ قُلْنَا: عَنْ اَيِّ اَمْرِهِ تَسْاَلُ؟ قَالَ: هَلْ ظَهَرَ؟ قُلْنَا: نَعَمْ ـ قَالَ: فَمَا صَنَعَتْ مَعَهُ الْعَرَبُ؟ فَقُلْنَا: مِنْهُمْ مَنْ قَاتَلَهُ، وَمِنْهُمْ مَنْ صَدَّقَهُ ـ فَقَالَ: اَمَا اِنَّهُ مَنْ صَدَّقَهُ فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ ثَلَاثًا ـ فَقُلْنَا: اَخْبِرْنَا خَبَرَكَ اَيُّهَا الرَّجُلُ؟ قَالَ: اَمَّا تَعْرِفُونِي؟ قُلْنَا: لَوْ عَرَفْنَاكَ مَا سَاَلْنَاكَ ـ قَالَ: اَنَا الدَّجَّالُ، يُوشِكُ اَنْ يُؤْذَنَ لِي فِي الْخُرُوجِ، فَاِذَا خَرَجْتُ وَطِئْتُ اَرْضَ الْعَرَبِ كُلَّهَا، غَيْرَ مَكَّةَ وَطَيْبَةَ، كُلَّمَا اَرَدْتُهُمَا اسْتَقْبَلَنِي مَلَكٌ بِيَدِهِ السَّيْفُ مُصْلَتًا، فَرَدَّنِي عَنْهُمَا ـ قَالَ اَبُو الْاَشْهَبِ: قَالَ عَامِرٌ: قَالَتْ فَاطِمَةُ: فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَافِعًا يَدَيْهِ حَتَّى رَاَيْتُ بَيَاضَ اِبْطَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ، اِنَّ هٰذِهِ طَيْبَةُ

بیڑیوں کے ساتھ بندھی ہوئی تھیں۔ ہم نے اُس سے کہا: اے آدمی! تُو کون ہے؟ اس نے کہا: لیکن میری خبر جاننے پر تم قادر ہو۔ پہلے تم مجھے اپنی خبر بتاؤ؟ اس جزیرہ میں تمہیں کون سی چیز لے کر آئی ہے؟ جب سے میں اس جزیرہ میں آیا ہوں' کوئی آدمی اس تک پہنچا ہی نہیں۔ پس اس نے ہم سے کہا: طبریہ کے سمندر کے بارے مجھے خبر دو' کیا ہوا؟ ہم نے اس سے کہا: اس کے بارے کون سی بات پوچھتے ہو؟ اس نے کہا: اس کا پانی خشک ہوا؟ کیا اس میں کوئی عجیب واقعہ ہوا؟ ہم نے کہا: قسم بخدا! نہیں! اس نے کہا: بس کچھ عرصہ بعد ہو جائے گا' پھر وہ کافی دیر خاموش رہا۔ پھر اس نے کہا: تم مجھے بتاؤ! زغر کے رہنے والوں کے بارے' اس کا کیا ہوا؟ ہم نے کہا: تو اس کی کون سی بات ہم سے پوچھتا ہے؟ اس نے کہا: کیا ان لوگوں نے وہاں کھیتی باڑی کی ہے؟ ہم نے کہا: ہاں! اس نے کہا: لیکن ایک وقت آئے گا اس کا پانی نیچے چلا جائے گا اور وہاں کے لوگ کھیتی باڑی نہیں کر سکیں گے۔ پھر وہ خاموش ہو گیا' پھر اس نے کہا: بیسان کے کھجوروں کے بارے میں بتاؤ' کیا ہوا؟ ہم نے کہا: اس کے بارے کون سی بات پوچھتا ہے؟ اس نے کہا: کیا ان پر پھل آیا ہے؟ ہم نے کہا: ہاں! اس نے کہا: ایک دن آئے گا کہ وہ پھل لانا چھوڑ دے گا' پھر وہ کافی دیر خاموش رہا۔ پھر بولا: اچھا بتاؤ! اُمّی نبی کے بارے میں کیا ہوا؟ ہم نے کہا: ان کی کون سی بات پوچھتا ہے؟ اس نے کہا: کیا وہ ظاہر ہوئے ہیں؟ ہم نے کہا: ہاں

Marfat.com

ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَنَّهُ فِي بَحْرِ الشَّامِ؟ ثُمَّ اُغْمِيَ عَلَيْهِ سَاعَةً، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: بَلْ هُوَ فِي بَحْرِ الْيَمَنِ، ثُمَّ اُغْمِيَ عَلَيْهِ سَاعَةً، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَقَالَ: هُوَ فِي بَحْرِ الْعِرَاقِ ثَلَاثًا يَخْرُجُ حِينَ يَخْرُجُ مِنْ بَلْدَةٍ، يُقَالُ لَهَا: اَصْبَهَانَ، مِنْ قَرْيَةٍ مِنْ قُرَاهَا، يُقَالُ لَهَا: رُسْتُقْبَادُ، يَخْرُجُ حِينَ يَخْرُجُ عَلَى مُقَدِّمَتِهِ سَبْعُونَ اَلْفًا، عَلَيْهِمُ السِّيجَانُ، مَعَهُ نَهْرَانِ: نَهْرٌ مِنْ مَاءٍ، وَنَهْرٌ مِنْ نَارٍ، فَمَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ، فَقِيلَ لَهُ: اُدْخُلِ الْمَاءَ، فَلَا يَدْخُلْهُ، فَاِنَّهُ نَارٌ، وَاِذَا قِيلَ لَهُ: اُدْخُلِ النَّارَ، فَلْيَدْخُلْهَا؛ فَاِنَّهُ مَاءٌ

تشریف لائے ہیں۔ اس نے کہا: عرب والوں نے اس سے کیا سلوک کیا؟ ہم نے کہا: عرب دو حصوں میں بٹ گئے ہیں' کچھ جنگ کر رہے ہیں اور کچھ نے اس کی تصدیق کر دی ہے۔ اس نے کہا: لیکن جن لوگوں نے اس کی تصدیق کی ہے' ان کے لیے بہتری ہے۔ یہ بات اس نے تین مرتبہ کی۔ پس ہم نے کہا: (اب اور باتیں چھوڑ) اے آدمی! اب ہمیں اپنی بات بتا۔ اس نے کہا: کیا تم مجھے نہیں پہچانتے؟ ہم نے کہا: اگر ہم تجھے پہچانتے ہوتے تو تجھ سے سوال نہ کرتے۔ اس نے کہا: میں دجال ہوں' ممکن ہے قریب ہی زمانے میں مجھے نکلنے کی اجازت ملے' پس جب میں نکلوں گا تو سارے عرب کا چکر لگاؤں گا لیکن مکہ و مدینہ میں نہیں جا سکوں گا' جب بھی میں وہاں داخل ہونے کا ارادہ کروں گا تو ایک فرشتہ تلوار سونت کر میرے سامنے آ جائے گا۔ مجھے ان دونوں شہروں سے دور کر دے گا۔ ابوشہب نے کہا کہ عامر بولے: حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کا قول ہے: میں نے رسول کریم ﷺ کو اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے ہوئے ملاحظہ کیا یہاں تک کہ آپ کے بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی۔ پھر آپ نے فرمایا: کیا میں تمہیں نہ بتاؤں کہ یہ طیبہ ہے' یہ پاک ہے' یہ پاکیزہ ہے۔ کیا میں تمہیں خبر نہ دوں کہ کیا شام کے سمندر میں کیا ہو گا؟ پھر ایک گھڑی آپ پر غنودگی طاری ہو گئی۔ پھر آپ نارمل حالت میں آئے۔ فرمایا: کیا وہ سمندر میں ہو گا۔ پھر آپ پر غنودگی کی کیفیت محسوس کی گئی پھر آپ نارمل حالت

Marfat.com

میں آئے تو فرمایا: وہ عراق کے سمندر میں ہوگا' تین بار فرمایا: جب وہ نکلے گا تو ایک شہر سے نکلے گا۔ اس کا نام اصبہان ہوگا۔ جو اس کے دیہاتوں میں سے ایک دیہات ہے' اسے ''رستقباذ'' کہا جائے گا۔ جب وہ نکلے گا تو اس کے آگے ستر ہزار آدمی بھی نکلیں گے' ان پر بڑی چادریں ہوں گی۔ اس کے ساتھ ایک پانی کی اور ایک آگ کی دو نہریں ہوں گی۔ پس تم میں سے جو اس کو پائے اور اسے کہا جائے: پانی میں داخل ہو تو وہ داخل نہ ہو کیونکہ حقیقت میں وہ آگ ہوگی۔ اور جب کہا جائے: آگ میں داخل ہو تو وہ داخل ہو جائے کیونکہ حقیقت میں وہ پانی ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَشْهَبِ اِلَّا سَيْفُ بْنُ مِسْكِينٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو عُبَيْدَةَ

یہ حدیث ابواشہب سے سیف بن مسکین روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں ابوعبیدہ اکیلے ہیں۔

**4860** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا سَيْفُ بْنُ مِسْكِينٍ قَالَ: نَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْمُنْتَصِرِ بْنِ عِمَارَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ وَكَانَ جَدُّهُ اَبُو ذَرٍّ الْغِفَارِيُّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ كَثُرَ لُبْسُ الطَّيَالِسَةِ، وَكَثُرَتِ التِّجَارَةُ، وَكَثُرَ الْمَالُ، وَعُظِّمَ رَبُّ الْمَالِ لِمَالِهِ، وَكَثُرَتِ الْفَاحِشَةُ، وَكَانَتْ اِمْرَةُ الصِّبْيَانِ، وَكَثُرَ الْفَسَادُ، وَجَارَ السُّلْطَانُ، وَطُفِّفَ فِي

حضرت منتصر بن عمارہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں اور ان کے دادا حضرت ابوذر غفاری ہیں' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب قیامت قریب آ جائے گی تو لوگ ریشم پہنیں گے' تجارت اور مال کی کثرت ہوگی' مال کا مالک اپنے مال کی وجہ سے بڑا بنے گا' بے حیائی عام ہو گی' بچوں کی ماں ہوگی (باپ نہ ہوگا) ہوگی' فساد کثرت سے ہوگا' ظالم بادشاہ وہ ہوگا ناپ تول میں کمی کی جائے

4860- اسناده فيه: سيف بن مسكين' ياتي بالمقلوبات والأشيا الموضوعة . وقال الهيثمي في المجمع جلد7صفحه328: وفيه سيف بن مسكين' وهو ضعيف .

Marfat.com

الْمِكْيَالِ وَالْمِيزَانِ، وَيُرَبِّى الرَّجُلُ جِرْوَ كَلْبٍ خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يُرَبِّى وَلَدًا، وَلَا يُوَقَّرُ كَبِيرٌ، وَلَا يُرْحَمُ صَغِيرٌ، وَيَكْثُرُ اَوْلَادُ الزِّنَا، حَتَّى اِنَّ الرَّجُلَ لَيَغْشَى الْمَرْاَةَ عَلَى قَارِعَةِ الطَّرِيقِ، فَيَقُولُ اَمْثَلُهُمْ فِي ذَاكُمُ الزَّمَانِ: لَوِ اعْتَزَلْتُمْ عَنِ الطَّرِيقِ، يَلْبَسُونَ جُلُودَ الضَّانِ عَلَى قُلُوبِ الذِّئَابِ، اَمْثَلُهُمْ فِي ذَلِكَ الزَّمَانِ الْمُدَاهِنُ

گی۔ آدمی کیلئے کتے کے بچے کو بڑا کرنا اپنے بچوں کی تربیت سے زیادہ بہتر ہوگا' بڑوں کی کوئی عزت نہیں ہو گی' چھوٹوں پر شفقت نہیں ہو گی' زنا سے پیدا ہونے والے بچے کثرت سے ہوں گے یہاں تک کہ کھلے راستے پر آدمی زنا کرے گا' اس زمانہ کے عقلمند لوگ کہیں گے' اگر تم راستے سے ہٹا کر ہر کام کر لیتے تو بہتر تھا' وہ لوگ بھیڑوں کی کھال' بھیڑیوں کے دلوں پر پہنائیں گے' اُس زمانے میں عقل مند مداہنت کرنے والے ہوں گے۔

**4861** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا سَيْفُ بْنُ مِسْكِينٍ قَالَ: نَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيِّ السَّعْدِيِّ، قَالَ عُتَيٌّ: خَرَجْتُ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ حَتَّى قَدِمْتُ الْكُوفَةَ، فَاِذَا اَنَا بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، بَيْنَ ظَهْرَانَيْ اَهْلِ الْكُوفَةِ، فَسَالْتُ عَنْهُ، فَاُرْشِدْتُ اِلَيْهِ، فَاِذَا هُوَ فِي مَسْجِدِهَا الْاَعْظَمِ فَاَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِنِّي جِئْتُ اَضْرِبُ اِلَيْكَ اَلْتَمِسُ مِنْكَ عِلْمًا، لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَنْفَعَنَا بِهِ بَعْدَكَ، فَقَالَ لِي: مِمَّنِ الرَّجُلُ؟ قُلْتُ: رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ ۔ قَالَ: مِمَّنْ؟ قُلْتُ: مِنْ هَذَا الْحَيِّ مِنْ بَنِي سَعْدٍ ۔ فَقَالَ لِي: يَا سَعْدِيُّ، لَاُحَدِّثَنَّ فِيكُمْ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عتی فرماتے ہیں کہ میں علم کی تلاش میں نکلا یہاں تک کہ کوفہ آیا' وہاں کوفہ والوں میں عبداللہ بن مسعود تھے' میں نے آپ کے متعلق پوچھا تو مجھے آپ کے متعلق بتایا گیا' آپ ایک بڑی مسجد میں تھے' میں آپ کے پاس آیا اور عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! میں آپ سے علم حاصل کرنے کے لیے آیا ہوں' ہوسکتا ہے کہ آپ کے جانے کے بعد مجھے وہ علم نفع دے! مجھے فرمایا: تُو کہاں کا رہنے والا ہے؟ میں نے عرض کی: میں بصرہ کا رہنے والا ایک آدمی ہوں' آپ نے فرمایا: کس قبیلہ سے تعلق ہے؟ میں نے عرض کی: بنی سعد کے قبیلہ سے' مجھے فرمایا: اے سعدی! میں تم کو وہ حدیث بیان کرتا ہوں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے' آپ ﷺ کے پاس ایک آدمی تھا' اس نے عرض کی:

**4861**- اسناده فيه: سيف بن مسكين' وهو ضعيف جدًا ۔ تخريجه الطبراني في الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد7 صفحه326: وفيه سيف بن مسكين' وهو ضعيف ۔

Marfat.com

وَسَلَّمَ، وَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَا اَدُلُّكَ عَلَى قَوْمٍ: كَثِيرَةٌ اَمْوَالُهُمْ، كَثِيرَةٌ شَوْكَتُهُمْ، تُصِيبُ مِنْهُمْ مَالًا دَبْرًا اَوْ قَالَ: كَثِيرًا؟ قَالَ: مَنْ هُمْ؟ قَالَ: هَذَا الْحَيُّ مِنْ بَنِي سَعْدٍ، مِنْ اَهْلِ الرِّمَالِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: مَهْ، فَاِنَّ بَنِي سَعْدٍ عِنْدَ اللّٰهِ ذُو حَظٍّ عَظِيمٍ . سَلْ يَا سَعْدِيُّ . قُلْتُ: اَبَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، هَلْ لِلسَّاعَةِ مِنْ عِلْمٍ تُعْرَفُ بِهِ السَّاعَةُ؟ قَالَ: وَكَانَ مُتَّكِئًا فَاسْتَوَى جَالِسًا، فَقَالَ: يَا سَعْدِيُّ، سَاَلْتَنِي عَمَّا سَاَلْتُ عَنْهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ لِلسَّاعَةِ مِنْ عِلْمٍ تُعْرَفُ بِهِ السَّاعَةُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ لِلسَّاعَةِ اَعْلَامًا، وَاِنَّ لِلسَّاعَةِ اَشْرَاطًا، اَلَا، وَاِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ يَكُونَ الْوَلَدُ غَيْظًا، وَاَنْ يَكُونَ الْمَطَرُ قَيْظًا، وَاَنْ يَفِيضَ الْاَشْرَافُ فَيْضًا . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ يُؤْتَمَنَ الْخَائِنُ، وَاَنْ يُخَوَّنَ الْاَمِينُ . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ تُوَاصَلَ الْاَطْبَاقُ، وَاَنْ تُقَاطَعَ الْاَرْحَامُ . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ يَسُودَ كُلَّ قَبِيلَةٍ مُنَافِقُوهَا، وَكُلَّ سُوقٍ فُجَّارُهَا . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ تُحَرَّفَ الْمَحَارِيبُ، وَاَنْ تُخَرَّبَ الْقُلُوبُ . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ اِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ يَكُونَ الْمُؤْمِنُ فِي الْقَبِيلَةِ اَذَلَّ مِنَ النَّقَدِ . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ مِنْ

یارسول اللہ! کیا میں آپ کو ایسی قوم کے متعلق نہ بتاؤں! ان کے پاس مال اور شوکت کی کثرت ہے' ان کو ان کی شوکت سے مال کثیر حاصل ہوتا ہے۔ آپ نے فرمایا: وہ کون ہیں؟ اس نے کہا: بنی سعد کا ایک قبیلہ ہے' وہ رمل والے ہیں (ٹیلوں پر رہنے والے) رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خاموش! کیونکہ اللہ کے پاس بنی سعد قبیلہ کا بہت بڑا حصہ ہے۔ پوچھو! اے سعدی! (کیا پوچھنا چاہتے ہو؟) میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! قیامت کے بارے میں کوئی ایسا علم ہے جس کے ذریعے قیامت کو پہچانا جا سکے؟ آپ فرماتے ہیں: پہلے وہ تکیہ اُٹھائے ہوئے تھے۔ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور فرمایا: اے سعدی! آج تو نے مجھ سے وہی سوال پوچھا ہے جو میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا تھا۔ میں نے عرض کی: کیا قیامت کو پہچاننے کے لیے کوئی خاص علم ہے؟ تو آپ نے فرمایا: اے ابن مسعود! ہاں ہے کیونکہ قیامت کے لیے واضح نشانیاں ہیں (جن کے بتانے کی اللہ نے مجھے اجازت دی ہے) قیامت کی کچھ چھوٹی نشانیاں ہیں' توجہ کر! قیامت کی بڑی چھوٹی نشانیوں میں سے کچھ یہ ہیں: خائن کو امین بنایا جائے گا اور جو امین ہوگا اسے خائن کہہ کے ٹھکرا دیا جائے گا۔ اے ابن مسعود! قیامت کی بڑی چھوٹی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ غیروں سے دوستیاں اور اپنوں سے بائیکاٹ ہوگا۔ اے ابن مسعود! قیامت کی چھوٹی بڑی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ ہر قبیلہ کے منافق' اس کے سردار ہوں گے۔ ہر بازار والے اس کے فاجر

Marfat.com

اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ يَكْتَفِيَ الرِّجَالُ بِالرِّجَالِ، وَالنِّسَاءُ بِالنِّسَاءِ . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا مُلْكُ الصِّبْيَانِ، وَمُؤَامَرَةُ النِّسَاءِ . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ تُكَثَّفَ الْمَسَاجِدُ، وَاَنْ تَعْلُوَ الْمَنَابِرُ . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ يُعَمَّرَ خَرَابُ الدُّنْيَا، وَيُخَرَّبَ عُمْرَانُهَا . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ تَظْهَرَ الْمَعَازِفُ وَالْكِبْرُ، وَشُرْبُ الْخُمُورِ . يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، اِنَّ مِنْ اَعْلَامِ السَّاعَةِ وَاَشْرَاطِهَا اَنْ يَكْثُرَ اَوْلَادُ الزِّنَا . قُلْتُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَهُمْ مُسْلِمُونَ؟ قَالَ: نَعَمْ . قُلْتُ: اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَالْقُرْآنُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ؟ قَالَ: نَعَمْ . قُلْتُ: اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَاَنَّى ذَلِكَ؟ قَالَ: يَاْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يُطَلِّقُ الرَّجُلُ الْمَرْاَةَ، ثُمَّ يَجْحَدُهَا طَلَاقَهَا، فَيُقِيمُ عَلَى فَرْجِهَا، فَهُمَا زَانِيَانِ مَا اَقَامَا

ہوں گے۔ ابن مسعود! قیامت کی چھوٹی بڑی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ جنگیں ہوں گی' دلوں کی کھیتیاں برباد ہو جائیں گی۔ اے ابن مسعود! قیامت کی چھوٹی بڑی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ قبیلے میں پیسے کی قدر ہو گی' مؤمن کی قدر نہیں ہو گی۔ اے ابن مسعود! مرد مردوں پر اور عورتیں عورتوں پر اکتفاء کریں گی (شادیاں نہ ہوں گی)۔ اے ابن مسعود! بچوں کی بادشاہی اور عورتوں سے مشاورت ہو گی۔ اے ابن مسعود! چونا گچھ' خوبصورت چینی' ماربل اور شیشہ لگا کر مسجدیں بنائی جائیں گی' اونچے اونچے منبر ہوں گے۔ اے ابن مسعود! دنیا کا جو حصہ بے آباد ہے وہ آباد ہو جائے گا' جو آباد ہے وہ بے آباد ہو جائے گا۔ اے ابن مسعود! قسم قسم کی بُرائیاں ظاہر ہوں گی' تکبر عام ہو گا اور سر عام شراب پی جائے گی۔ اے ابن مسعود! زنا کی اولاد زیادہ ہو گی۔ میں نے آہستہ سے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا وہ مسلمان ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں حرامی بچے پیدا کرنے والے مسلمان ہوں گے۔ میں نے پھر عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! اُس وقت قرآن بھی اُن کے پاس ہو گا؟ انہوں نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! یہ کیسے ہو گا؟ انہوں نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئے گا کہ ایک آدمی اپنی بیوی کو طلاق دے کر مکر جائے گا اور اُس طلاق کا انکار کر دے گا لیکن تعلقات قائم رکھے گا جب تک وہ دونوں اس حال پر رہے زانی ہوں گے۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ اِلَّا سَيْفُ بْنُ مِسْكِينٍ

ان دونوں حدیثوں کو مبارک بن فضالہ سے سیف بن مسکین نے روایت کیا۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْكَبِيرِ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام عبدالکبیر ہے

4862 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ مُدْرِكٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا شِهَابُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَلْخِيُّ قَالَ: نَا حَيَّانُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الْعَدَوِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نشہ آور شے حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا حَيَّانُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شِهَابُ بْنُ مَعْمَرٍ

یہ حدیث عطاء سے حیان بن عبید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں شہاب بن معمر اکیلے ہیں۔

4863 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبَّادٍ الْكِرْمَانِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَاَى فِي الْمَسْجِدِ رَجُلًا لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ وَلَا سُجُودَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُقْبَلُ صَلَاةُ رَجُلٍ لَا يُتِمُّ الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نکلے' آپ نے مسجد میں ایک آدمی دیکھا وہ اپنے رکوع اور سجود مکمل نہیں کر رہا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اس آدمی کی نماز قبول نہیں کرتا ہے جو رکوع اور سجود مکمل نہیں کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ

یہ حدیث ابوجعفر الرازی سے یحییٰ بن ابوکثیر

---

4862- أخرجه البخاري: الوضوء جلد 1 صفحه 421 رقم الحديث: 242' ومسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1586 ولفظه لمسلم .

4863- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 124 وقال: وفيه ابراهيم بن عباد الكرماني ولم أجد من ذكره . وأخرجه أيضًا في الصغير .

Marfat.com

إِلَّا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبَّادٍ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن عبادہ اکیلے ہیں۔

**4864** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ قَالَ: نَا أَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ قَالَ: نَا السَّكَنُ بْنُ أَبِي السَّكَنِ أَبُو عَمْرٍو الْبُرْجُمِيُّ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ قَالَ: وَلَا أَرَانِي إِلَّا قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ إِلَى رَجُلٍ يُهَادَى بَيْنَ رَجُلَيْنِ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قَالُوا: نَذَرَ أَنْ يَحُجَّ مَاشِيًا . قَالَ: مَا أَغْنَى اللَّهَ عَنْ قَتْلِ هَذَا نَفْسَهُ، مُرُوهُ فَلْيَرْكَبْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ إِلَّا السَّكَنُ الْبُرْجُمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ

حضرت حمید الطویل فرماتے ہیں کہ میں خیال کرتا ہوں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنا ہے کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کی طرف دیکھا کہ وہ دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر چل رہا ہے۔ آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: اس نے پیدل حج کرنے کی نذر مانی ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اس کے اپنے آپ کو ہلاک کرنے سے بے پروا ہے' اس کو حکم دو کہ یہ سوار ہو۔

یہ حدیث یونس بن عبید سے سکن البرجمی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ازہر بن جمیل اکیلے ہیں۔

**4865** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيُّ أَبُو عُمَيْرٍ، مِنْ وَلَدِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ رَبَّى صَغِيرًا حَتَّى يَقُولَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ لَمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے چھوٹے بچہ کی تربیت کی یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہنے لگا تو اللہ عزوجل اس آدمی سے حساب نہیں لے گا۔

---

**4864**- أخرجه البخاري: جزاء الصيد جلد 4 صفحه 93 رقم الحديث: 1865' ومسلم: النذور جلد 3 صفحه 1263 بنحوه .

**4865**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 162 وقال: وفيه سليمان بن داؤد الشاذكوني وهو ضعيف . قلت: وفيه أيضًا شيخ الطبراني عبد الكبير بن محمد بن عبد الله ابو عمير: متهم بالكذب . تخريجه الطبراني في الصغير' وابن عدى في ترجمة الشاذكوني' وابن الجوزي في الموضوعات .

Marfat.com

يُحَاسِبُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن داؤد اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ الْعَزِيزِ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام عبدالعزیز ہے

**4866** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَعْقُوبَ أَبُو الْأَصْبَغِ الْقَيْصَرَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَهْلُ الْجَنَّةِ يَأْكُلُونَ، وَيَشْرَبُونَ وَلَا يَبْصُقُونَ، وَلَا يَمْتَخِطُونَ، وَلَا يَتَغَوَّطُونَ، وَلَا يَبُولُونَ، طَعَامُهُمْ جُشَاءٌ، وَرَشْحٌ كَرَشْحِ الْمِسْكِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت والے کھائیں گے اور پئیں گے نہ ان کو پسینہ آئے گا نہ تھوک نہ پاخانہ نہ پیشاب' ان کا کھانا ڈکار کے ذریعے ہضم ہوگا اور ڈکار مشک خوشبو کی ڈکار کی طرح ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ إِلَّا الْفِرْيَابِيُّ، وَأَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ

یہ حدیث مالک بن مغول سے فریابی اور ابوبکر الحنفی روایت کرتے ہیں۔

**4867** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بَكْرِ بْنِ الشَّرُودِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ سُئِلَ: هَلْ مَا تَكُونُ الذَّكَاةُ إِلَّا فِي الْحَلْقِ وَاللَّبَّةِ؟ فَقَالَ: لَوْ طَعَنْتَ فِي فَخِذِهَا لَأَجْزَأَ عَنْكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے پوچھا گیا: ذبح صرف حلق اور سینہ کی ہڈی کے درمیان ہی سے ہوسکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو اسکی ران پر نیزہ مارے تو تیرے لیے جائز ہے یعنی ذبح ہوجائے گا (اس میں ذبح اضطراری کا بیان ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث جعفر بن سلیمان سے بکر بن شرود روایت

---

4866- أخرجه مسلم: الجنة جلد4صفحه2180 رقم الحديث:2835' وأحمد: المسند جلد3صفحه388 .

4867- اسناده فيه: بكر بن الشرود الصنعاني' ضعفه غير واحد' وقال ابن معين: كذاب اليس بشيء' ليس بثقة (اللسان جلد2 صفحه52' والميزان جلد 2صفحه346)' وقال الهيثمي في المجمع جلد 4صفحه37: وفيه بكر بن الشرود' وهو ضعيف .

Marfat.com

اِلَّا بَكْرُ بْنُ الشَّرُودِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

کرتے ہیں' حضرت انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**4868** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُقَيْلٍ الْمُقْرِءُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ قَالَ: نَا بَكَّارُ بْنُ يَحْيَى ابْنُ اَخِي هَمَّامٍ قَالَ: نَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يَقُولُ: سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَرَاَ مَدَّ صَوْتَهُ مَدًّا

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم قرأت کیسے کرتے تھے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب آپ قرأت کرتے تو اپنی آواز کو کھینچا کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَرْبِ بْنِ شَدَّادٍ اِلَّا بَكَّارُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ

یہ حدیث حرب بن شداد سے بکار بن یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بشر بن ہلال اکیلے ہیں۔

**4869** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّ رَجُلًا صَامَ لِلّٰهِ تَطَوُّعًا، ثُمَّ اُعْطِيَ مِلْءَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی رضا کے لیے اگر کوئی نفل روزہ رکھتا ہے' پھر زمین بھر کر سونا اسے بطور بدلہ دیا جاتا ہے۔ یہ اس کا پورا اجر نہیں بن سکتا' بس اس کا اجر اس کو قیامت کے دن دیا جائے گا۔

**4868**- اخرجه البخاری: فضائل القرآن جلد8صفحه709 رقم الحديث: 5045' وابو داؤد: الصلاة جلد2صفحه74 رقم الحديث: 1465' والنسائی: الافتتاح جلد 2صفحه139 (باب مد الصوت بالقراءة)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه430 رقم الحديث: 1353' واحمد: المسند جلد 3صفحه147 رقم الحديث: 12205 .

**4869**- اسناده فيه: ليث بن ابی سليم وهو صدوق اختلط . واخرجه ايضًا ابو يعلیٰ' وقال الهيثمی فی المجمع جلد 3 صفحه185: وفيه ليث بن ابی سليم' وهو ثقة ولكنه مدلس' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

الْاَرْضِ ذَهَبًا، لَمْ يَسْتَوْفِ اَجْرَهُ دُونَ يَوْمِ الْحِسَابِ

**4870** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ اِلَّا الصَّوْمَ فَاِنَّهُ لِي، وَاَنَا اَجْزِي بِهِ، وَلَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ابن آدم کا ہر کام اس کے اپنے لیے ہے مگر روزہ وہ میرے لیے ہے' میں خود اس کی جزاء دوں گا' روزے دار کے منہ کی بو اللہ کے ہاں مشک کی خوشبو سے زیادہ پاک ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ لَيْثٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ

یہ دونوں حدیثیں لیث سے عبدالوارث روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بشر بن ہلال اکیلے ہیں۔

**4871** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْحَرَمَلِيُّ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: صَلَاةِ الضُّحَى، وَاَنْ لَا اَنَامَ اِلَّا عَلَى وِتْرٍ، وَاَنْ اَصُومَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے مجھے تین کاموں کی وصیت کی: چاشت کی نماز کی' سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی اور ہر ماہ تین روزے رکھنے کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ سُلَيْمَانَ وَهُوَ: الْقَبِّيُّ اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث عمران بن سلیمان سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں' عمران بن سلیمان سے مراد قیس ہیں۔

**4872** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت

---

**4870**- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه**141** رقم الحديث: **1904**' ومسلم: الصيام جلد**2**صفحه**806** .

**4871**- أخرجه البخاري: التهجد جلد3صفحه**68** رقم الحديث: **1178**' ومسلم: المسافرين جلد**1**صفحه**499** .

**4872**- أخرجه النسائي: العمرى جلد **6**صفحه**228** (باب كتاب العمرى)' وابن ماجة: الهبات جلد **2**صفحه**796** رقم الحديث: **2381**' واحمد: المسند جلد**5**صفحه**217** رقم الحديث: **21741** .

Marfat.com

الْفَرَجِ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نَا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسَ، عَنْ حَجَرٍ الْمَدَرِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعُمْرَى لِلْوَارِثِ

ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آباد کردہ زمین وارث کے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو كَامِلٍ

یہ حدیث ایوب سے عثمان بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوکامل اکیلے ہیں۔

**4873** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْفَرَجِ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عُمَرَ الْجِنِّيُّ قَالَ: نَا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، أَنَّ رَجُلًا قَاتَلَ رَجُلًا، فَعَضَّ أَحَدُهُمَا يَدَ صَاحِبِهِ، فَانْتَزَعَ الرَّجُلُ يَدَهُ، فَسَقَطَتْ ثَنِيَّةُ الْعَاضِّ، فَرُفِعَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَعَضُّ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ، كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ؟

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی لڑ پڑے' ایک نے دوسرے کا ہاتھ منہ میں ڈالا تو دوسرے نے اپنا ہاتھ کھینچا جس سے اس کے آگے والے دانت ٹوٹ گئے۔ دونوں کا معاملہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا' آپ نے فرمایا: تم میں کوئی اپنے بھائی کو ایسے کاٹتا ہے جس طرح اونٹ کاٹتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ مَيْمُونَةَ إِلَّا ابْنُهُ رَوْحٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث عطاء بن ابومیمونہ سے ان کے بیٹے روح روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالسلام بن عمرا کیلے ہیں۔

**4874** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْفَرَجِ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحَرْبِيُّ قَالَ: نَا

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے قضاء حاجت

**4873**- اخرجه البخاری: الديات جلد**12**صفحه**229** رقم الحديث:**6892**' ومسلم: القسامة جلد**3**صفحه**1300** .

**4874**- اخرجه البخاری: الصلاة جلد**1**صفحه**594** رقم الحديث:**394**' ومسلم: الطهارة جلد**1**صفحه**224** .

Marfat.com

رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عُقَيْلٍ وَقُرَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ ذَهَبَ مِنْكُمْ إِلَى الْغَائِطِ فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ، وَلَا يَسْتَدْبِرْهَا شَرِّقُوا وَغَرِّبُوا

کے لیے آئے تو قبلہ کی طرف منہ نہ کرے (اور نہ ہی پیٹھ کرے) بلکہ مشرق اور مغرب کی طرف کرے۔ یعنی قبلہ کے علاوہ کسی اور سمت منہ کرے جیسے ہمارے لیے جنوب وشمال ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِلَّا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ

یہ حدیث قرہ بن عبدالرحمٰن سے رشدین بن سعد روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُوسٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام عبدوس ہے

**4875** - حَدَّثَنَا عَبْدُوسُ بْنُ دِيزَوَيْهِ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَفْصٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَوْمُ عَرَفَةَ كَفَّارَةُ سَنَتَيْنِ: سَنَةٍ مَاضِيَةٍ، وَسَنَةٍ مُسْتَقْبَلَةٌ، وَيَوْمُ عَاشُورَاءَ كَفَّارَةُ سَنَةٍ

حضرت عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عرفہ کا روزہ دو سال کے گناہوں کا کفارہ ہے گزرے سال کا اور آنے والے سال کا اور عاشوراء کے دن کا روزہ ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا الْحَكَمُ بْنُ هِشَامٍ، وَلَا عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَفْصٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى

یہ حدیث قتادہ سے حکم بن ہشام اور حکم سے معاویہ بن حفص روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن مصفی اکیلے ہیں۔

**4876** - حَدَّثَنَا عَبْدُوسُ بْنُ دِيزَوَيْهِ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُهَاجِرِ بْنُ مِسْمَارٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنْ مَوْلَى الْحُرَقَةِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ قَرَأَ: طه وَيس قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ آدَمَ بِأَلْفِ عَامٍ، فَلَمَّا سَمِعَ الْمَلَائِكَةُ الْقُرْآنَ، قَالُوا: طُوبَى لِأُمَّةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے سورۂ طٰہٰ اور یٰسین آدم علیہ السلام کے ایک ہزار سال پیدا کرنے سے پہلے پڑھی تھیں جب فرشتوں نے قرآن سنا تو انہوں نے کہا: خوشخبری اس اُمت کے لیے جس پر نازل ہو گی اور خوشخبری اس کے لیے جن کے سینوں میں رہے گی خوشخبری اس کے لیے جو زبانیں ان کو پڑھیں گی۔

---

4875- اصله عند مسلم من طريق حماد بن زيد عن غيلان' عن عبد الله بن معبد الزماني . أخرجه مسلم: الصيام جلد 2 صفحه818' واحمد: المسند جلد5صفحه349 رقم الحديث:22596 ولفظه عنده .

4876- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 7صفحه59 وقال: وفيه ابراهيم بن مهاجر بن مسمار' ضعفه البخاري بهذا الحديث' ووثقه ابن معين .

Marfat.com

نَزَلَ هَذَا عَلَيْهَا، وَطُوبَى لِاَجْوَافٍ تَحْمِلُ هَذَا، وَطُوبَى لِاَلْسُنٍ تَكَلَّمُ بِهَذَا

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**4877** - حَدَّثَنَا عَبْدُوسُ بْنُ دِيزَوَيْهِ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ عُتْبَةَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا اَبُو عُثْمَانَ الْاَوْقَصُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَهَمَمْتُ اَنْ آمُرَ بِحَطَبٍ فَيُحْطَبَ، ثُمَّ آمُرَ بِالصَّلَاةِ فَيُؤَذَّنَ بِهَا، ثُمَّ آمُرَ رَجُلًا فَيُصَلِّيَ بِالنَّاسِ، ثُمَّ اُخَالِفَ عَلَى رِجَالٍ فَاُحَرِّقَ عَلَيْهِمْ بُيُوتَهُمْ بِالنَّارِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْ عَلِمَ اَحَدُهُمْ اَنَّهُ يَجِدُ عَظْمًا سَمِينًا، اَوْ مِرْمَاتَيْنِ حَسَنَتَيْنِ لَشَهِدَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں کسی کو لکڑیاں اکٹھی کرنے کا حکم دوں اور ان کو آگ لگائی جائے' پھر میں نماز کا حکم دوں اور اس کے لیے اذان کہی جائے' پھر میں کسی آدمی کو لوگوں کو نماز پڑھانے کے لیے کہوں اور جو لوگ نماز پڑھنے کے لیے نہیں آتے ان کو گھروں کے اندر جلا دوں' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر کسی کو معلوم ہو جائے کہ اس میں کتنا ثواب ہے تو ضرور نمازِ عشاء کے لیے حاضر ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اَبُو عُثْمَانَ الْاَوْقَصِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث زہری سے عثمان اوقص روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

4877- أخرجه البخاري: الأحكام جلد 1 صفحه 451 .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَبَّادٌ

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام عباد ہے

4878 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَلِيٍّ السِّيرِينِيُّ الْجَوْهَرِيُّ، مِنْ وَلَدِ خَالِدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: نَا بَكَّارُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: نَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْجَنَّةَ، وَخَلَقَ لَهَا اَهْلًا بِعَشَائِرِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ، لَا يُزَادُ فِيهِمْ وَلَا يُنْتَقَصُ مِنْهُمْ . وَخَلَقَ النَّارَ . وَخَلَقَ لَهَا اَهْلًا بِعَشَائِرِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ، لَا يُزَادُ فِيهِمْ وَلَا يُنْتَقَصُ مِنْهُمْ . فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَفِيمَ نَعْمَلُ؟ فَقَالَ: اعْمَلُوا، فَكُلُّ امْرِءٍ مُيَسَّرٌ لَمَا خُلِقَ لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جنت کو پیدا کیا اور جنت میں رہنے والوں کو بھی۔ ان کے خاندان اور قبیلے بنائے' ان میں اضافہ نہیں فرمائے گا اور نہ ان میں کمی کرے گا۔ اس نے دوزخ پیدا فرما دی ہے' دوزخی بھی پیدا ہو چکے ہیں' ان کے بھی خاندان اور قبیلے ہیں۔ ان میں بھی اضافہ و کمی نہ ہو گی۔ تو ایک آدمی نے جسارت کر کے عرض کیا: حضور! پھر عمل کس لیے ہے؟ آپ نے فرمایا: عمل کیے جاؤ! پس ہر آدمی کے لیے وہی کام آسان کیے گئے ہیں جن کے لیے اُسے پیدا کیا گیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا بَكَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث ابن عون سے بکار بن محمد روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں عباد بن علی اکیلے ہیں۔

4879 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ سَعِيدٍ الْجُعْفِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْبُهْلُولِ قَالَ: نَا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے اور حضور ﷺ کے درمیان گفتگو ہوئی' آپ نے فرمایا: اپنے اور میرے درمیان عمر کو رکھ لیں؟ میں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: میرے اور اپنے درمیان اپنے والد کو رکھ لیں! میں نے عرض کی: جی ہاں! ٹھیک ہے۔

---

4878- ذكره الهيثمى فى المجمع جلد7صفحه191 وقال: رواه الطبرانى فى الصغير والأوسط' وفيه بكار بن محمد السيرينى وثقه ابن معين' وضعفه الجمهور' وعباد بن على السيرينى ضعفه الأزدى .

4879- ذكره الهيثمى فى المجمع جلد4صفحه199 وقال: وفيه صالح بن أبى الأسود' وهو ضعيف .

Marfat.com

كَلَامٌ، فَقَالَ: اَجْعَلُ بَيْنِي وَبَيْنَكِ عُمَرَ؟ فَقُلْتُ: لَا .
فَقَالَ: اَجْعَلُ بَيْنِي وَبَيْنَكِ اَبَاكِ؟ قُلْتُ: نَعَم

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ

یہ حدیث اعمش سے صالح بن ابواسود روایت کرتے ہیں۔

**4880** - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ سَعِيدٍ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْبُهْلُولِ قَالَ: نَا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ التَّيْمِيِّ، عَنْ ثَابِتٍ، مَوْلَى اَبِي ذَرٍّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عَلِيٌّ مَعَ الْقُرْآنِ، وَالْقُرْآنُ مَعَهُ لَا يَفْتَرِقَانِ حَتَّى يَرِدَا عَلَى الْحَوْضِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ علی قرآن کے ساتھ ہیں اور قرآن علی کے ساتھ ہے دونوں جدانہیں ہوں گے یہاں تک کہ حوضِ کوثر پر مجھے ملیں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ ثَابِتٍ مَوْلَى اَبِي ذَرٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ

یہ حدیث ثابت مولیٰ ابوذر سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں صالح بن اسود اکیلے ہیں۔

**4881** - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَكِيمٍ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى النَّجَاشِيِّ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت نجاشی کی نمازِ جنازہ پڑھائی تو آپ نے ان کے جنازہ پر چار تکبیریں کہیں۔

---

**4880**- اسناده فيه: أبو سعيد التيمي عقيصا قبل اسمه دينار، وهو متروك، ضعفه غير واحد، وقال الدارقطني: متروك، وقال النسائي وغيره: ليس بثقة . وقال الهيثمي في المجمع جلد9صفحه137: رواه الطبراني في الأوسط، والصغير، وقال: وفيه صالح بن أبي الأسود، وهو ضعيف . قلت: وفيه من هو أضعف من صالح كما تقدم .

**4881**- أخرجه البخاري: مناقب الأنصار جلد7صفحه230 رقم الحديث: 3881، ومسلم: الجنائز جلد2صفحه657 .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَيَّاشٌ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام عیاش ہے

**4882** - حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَوْهَرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَقِيقَةُ تُذْبَحُ لِسَبْعٍ، أَوْ أَرْبَعَ عَشْرَةَ، أَوْ إِحْدَى وَعِشْرِينَ

حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: سات سال کی عمر میں یا چودہ سال یا اکیس سال کی عمر میں عقیقے کا جانور ذبح کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ

اس حدیث کو قتادہ سے اسماعیل بن مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

**4883** - حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ تَمِيمٍ السُّكَّرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: نَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نَا مِسْعَرٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرٍ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے خیبر کے دن پالتو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث مسعر سے مخلد بن یزید روایت کرتے ہیں۔

**4884** - حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ تَمِيمٍ قَالَ: نَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: نَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نَا

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی بازار سے

---

**4882**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **62** وقال: رواه الطبراني في الصغير، والأوسط، وفيه اسماعيل بن مسلم المكي، وهو ضعيف لكثرة غلطه، ووهمه .

**4883**- أخرجه البخاري: فرض الخمس جلد **6** صفحه **294** رقم الحديث: **3155**، ومسلم: الصيد جلد **3** صفحه **1539** .

**4884**- اسناده فيه: محمد بن عبيد الله الفزاري العرزمي وهو متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد **7** صفحه **294**: وفيه محمد بن عبيد الله العرزمي، وهو ضعيف .

Marfat.com

مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْفَزَارِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَرَّ مِنْكُمْ فِي هَذِهِ الْاَسْوَاقِ وَمَعَهُ نَبْلٌ، فَلْيَقْبِضْ عَلَى النِّصَالِ

اس حالت میں گزرے کہ اس کے پاس تیر ہوتو وہ اس کو کمان میں رکھ لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْفَزَارِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث سعید بن ابوبردہ سے محمد بن عبیداللہ الفزاری روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

**4885** - حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ تَمِيمٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ قَالَ: نَا سَلْمُ بْنُ سَالِمٍ قَالَ: نَا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ يَضْحَكُ مِنْ يَاْسِ الْعِبَادِ وَقُنُوطِهِمْ، وَقُرْبِ الرَّحْمَةِ مِنْهُمْ . فَقُلْتُ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَوَ يَضْحَكُ رَبُّنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، اِنَّهُ لَيَضْحَكُ . قُلْتُ: فَلَا يُعْدِمُنَا خَيْرًا اِذَا ضَحِكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل خوش (ہنستا) ہوتا ہے جو بندوں سے مایوس ہو جائے' اللہ کی رحمت کے قریب ہوتا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! کیا ہمارا رب خوش ہوتا (ہنستا) ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! وہ خوش ہوتا ہے (یعنی ہنستا ہے)۔ میں نے عرض کی: پھر وہ ہمیں خیر سے محروم نہیں کرے گا' جب وہ خوش ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلْمُ بْنُ سَالِمٍ

یہ حدیث زید بن اسلم سے خارجہ بن مصعب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلم بن سالم اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

**4885**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **87** وقال: رواه الطبراني في الكبير' والأوسط' وفيه خارجة بن مصعب' وهو متروك الحديث .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عِيسَى

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام عیسیٰ ہے

4886 - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُفْيَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَفْتَرِقُ هَذِهِ الْاُمَّةُ عَلَى ثَلَاثٍ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، كُلُّهُمْ فِي النَّارِ اِلَّا وَاحِدَةً . قَالُوا: وَمَا تِلْكَ الْفِرْقَةُ؟ قَالَ: مَا اَنَا عَلَيْهِ الْيَوْمَ وَاَصْحَابِي

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُفْيَانَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس اُمت میں تہتر فرقے ہوں گے سوائے ایک کے باقی سب جہنمی ہوں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! جنتی فرقہ کون سا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس پر آج میں اور میرے صحابی ہیں۔

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے عبداللہ بن عثمان روایت کرتے ہیں۔

4887 - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ: اَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُرَادِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ الطَّائِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحْقِرَنَّ اَحَدُكُمْ نَفْسَهُ، اِذَا رَاَى لِلّٰهِ اَمْرًا حَقَّ اَنْ يَتَكَلَّمَ فِيهِ، فَيَقُولُ اللّٰهُ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تَكَلَّمَ؟ فَيَقُولُ: خَشِيتُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے آپ کو حقیر نہ جانے! جب اللہ عزوجل کے لیے کوئی بات دیکھے تو اسے کلام کرنے کا حق ہے۔ تو اللہ عزوجل فرمائے گا: تجھے حق بات کہنے سے کیا رکاوٹ تھی؟ وہ کہے گا: میں لوگوں سے ڈرتا تھا؟ اللہ عزوجل فرمائے گا: میں لوگوں سے زیادہ حق دار تھا کہ مجھ سے ڈرا جائے۔

---

4886- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 192، وقال: رواه الطبراني في الصغير، وفيه عبد الله بن سفيان، قال العقيلي: لا يتابع على حديثه، وقد ذكره ابن حبان في الثقات .

4887- أخرجه ابن ماجة: الفتن جلد 2 صفحه 1328 رقم الحديث: 4008، في الزوائد: اسناده صحيح رجاله ثقات . وأبو البختري، اسمه سعيد بن فيروز الطائي . وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 59 رقم الحديث: 11446، وذكره الحافظ المنذري وقال: ورواته ثقات . انظر الترغيب جلد 3 صفحه 227 رقم الحديث: 14 .

Marfat.com

النَّاسَ، فَيَقُولُ: إِيَّايَ كُنْتَ اَحَقَّ اَنْ تَخْشَى

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُرَادِيِّ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ

یہ حدیث محمد بن عبداللہ المرادی سے شریک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق ازرق اکیلے ہیں۔

**4888** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرَوَيْهِ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نَا غَسَّانُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ مَعَهُ الْهَدْيُ تَطَوُّعًا، فَيَعْطَبُ قَبْلَ اَنْ يَبْلُغَ؟ قَالَ: يَنْحَرُهَا، ثُمَّ يُلَطِّخُ نَعْلَهَا بِدَمِهَا، ثُمَّ يَضْرِبُ بِهَا جَنْبَهَا، وَلَا يَاْكُلُ مِنْهَا، فَاِنْ اَكَلَ مِنْهَا وَجَبَ عَلَيْهِ قَضَاؤُهَا

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا گیا جس کے پاس نفل قربانی ہو' وہ مکہ تک پہنچنے سے پہلے بیمار ہو جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ذبح کرے پھر اس کے پاؤں پر خون مل دے' پھر اس کی پہلوؤں پر خون مل دے' اس سے نہ کھائے' اگر اس نے اس سے کھایا تو اس پر اس کی قضاء واجب ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي قَتَادَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

یہ حدیث ابوقتادہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن طہمان اکیلے ہیں۔

**4889** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرَوَيْهِ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ اِلْيَاسَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِي حَسَّانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب مکہ کی طرف جانے کا ارادہ کرتے تو احرام پہننے کے لیے غسل کرتے۔

**4888**- اسناده فيه: محمد بن عبد الرحمٰن وهو صدوق سيئ الحفظ جدًا . وقال الهيثمي في المجمع جلد3صفحه231: رواه الطبراني في الأوسط وموقوفًا باختصار عن المرفوع' وفي اسناد الجميع محمد بن أبي ليلىٰ' وهو سيئ الحفظ .

**4889**- اسناده فيه: خالد بن الياس' ويقال اياس بن صخر وهو متروك الحديث' وقال الهيثمي في المجمع جلد3 صفحه220: رواه البزار' والطبراني في الأوسط باختصار واسناد البزار حسن .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ إِذَا خَرَجَ إِلَى مَكَّةَ اغْتَسَلَ حِينَ يُرِيدُ أَنْ يُحْرِمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ إِلَّا صَالِحُ بْنُ أَبِي حَسَّانَ، وَلَا عَنْ صَالِحٍ إِلَّا خَالِدُ بْنُ إِلْيَاسَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ

یہ حدیث عبدالملک بن مروان سے صالح بن ابوحسان روایت کرتے ہیں اورابوصالح سے خالد بن الیاس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن عبدالمجیدا کیلے ہیں۔

**4890** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ ثَابِتٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ بْنِ أَبِي حَنِيفَةَ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اخْتَصَمَ رَجُلَانِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ، أَقْضِي بَيْنَكُمْ بِمَا أَسْمَعُ مِنْكُمْ، وَلَعَلَّ أَحَدَكُمْ أَلْحَنُ بِحُجَّتِهِ مِنْ أَخِيهِ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ مِنْ حَقِّ أَخِيهِ شَيْئًا فَإِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ دو آدمی اپنا جھگڑا لے کر حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: (میں بظاہر انسان ہوں) میں تمہارے درمیان وہی فیصلہ کروں گا جو میں نے تم سے سنا ہے' ہو سکتا ہے کہ کوئی تیز زبانی کی بناء پر اپنا مقدمہ جیت لے اور میں اس کے حق میں اس کے بھائی کی شے کا فیصلہ کر دوں' تو اُس نے اپنے لیے جہنم کا ٹکڑا کاٹ کرلیا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ

یہ حدیث ابن عمر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کوروایت کرنے میں تمام بن عبداللہ بن عمرا کیلے ہیں۔

**4891** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نَا أَبُو الْمُنْذِرِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَبَرَّ قَسَمَهُمَا وَقَضَى دَيْنَهُمَا، وَلَمْ يَسْتَسِبَّ لَهُمَا، كُتِبَ بَارًّا،

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے ان دونوں (والدین) کی قسم کو پورا کیا' ان کے قرض کوادا کیا' ان دونوں کے لیے معاملات کو درست کیا' وہ نیک لکھا جائے گا' اگرچہ زندگی میں نافرمان تھا' اور جس نے ان کی قسم کو پورا نہ کیا' ان کے قرض کوادا نہ کیا' اُن کے لیے

**4890**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد4صفحه201وقال: وفيه القاسم بن عبد الله بن عمر' وهو متروك .

**4891**- اسناده فيه: عيسى بن محمد السمسار' وأبو المنذر' وحفص بن صالح لم اجد من ذكرهم .

Marfat.com

وَإِنْ كَانَ عَاقًّا فِي حَيَاتِهِ . وَمَنْ لَمْ يَبَرَّ قَسَمَهُمَا وَيَقْضِ دَيْنَهُمَا، وَاسْتَسَبَّ لَهُمَا كُتِبَ عَاقًّا، وَإِنْ كَانَ بَارًّا فِي حَيَاتِهِ

معاملات کو درست نہ کیا تو اسے نافرمان لکھا جائے گا' اگرچہ زندگی میں نیکی کرنے والا فرمانبردار تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ، إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ

اس حدیث کو عبدالرحمٰن بن سمرہ سے اسی سند کے ساتھ روایت کیا گیا ہے۔ اس حدیث کے ساتھ علی بن سعید کندی منفرد ہیں۔

**4892** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَرْمٍ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ، عَنْ حُرَّةَ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، قَالَتْ: خَطَبَنِي عَلِيٌّ، فَبَلَغَ ذَلِكَ فَاطِمَةَ، فَذَكَرَتْهُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَقَالَ: مَا كَانَ لَهَا أَنْ تُؤْذِيَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نکاح کا پیغام بھیجا' یہ بات حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تک پہنچی تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کے ہاں بات کی' آپ ﷺ نے فرمایا: اسماء کے لیے مناسب نہیں ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کو تکلیف دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْجَوْهَرِيُّ

یہ حدیث ہارون بن سعد سے سلیمان بن قرم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں جوہری اکیلے ہیں۔

**4893** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ سُهَيْلٍ الْوَرَّاقُ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا نُعَيْمُ بْنُ مُوَرِّعٍ الْعَنْبَرِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْإِسْلَامُ نَظِيفٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام پاک دین ہے' تم پاک رہا کرو کیونکہ جنت میں پاکی کی حالت میں جائیں گے۔

**4892**- اسناده فيه: سليمان بن قرم وهو ضعيف' وأخرجه أيضًا في الكبير . وقال الهيثمي في المجمع جلد **9** صفحه **206**: وفيهما من لم أعرفه .

**4893**- اسناده فيه: نعيم بن مورع العنبري' قال النسائي: ليس بثقة' وقال ابن عدي: يسرق الحديث' وقال البخاري: منكر الحديث . وقال الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **135**: وفيه نعيم بن مورع' وهو ضعيف .

Marfat.com

فَتَنَظَّفُوا، فَإِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا نَظِيفٌ

**4894** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ سُهَيْلٍ الْوَرَّاقُ قَالَ: نَا نُعَيْمُ بْنُ مُوَرِّعٍ الْعَنْبَرِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فِيهِ لَبَنٌ وَعَسَلٌ، فَقَالَ: شَرْبَتَيْنِ فِي شَرْبَةٍ؟ وَأُدُمَيْنِ فِي قَدَحٍ؟ لَا حَاجَةَ لِي بِهِ، أَمَا إِنِّي لَا أَزْعُمُ أَنَّهُ حَرَامٌ، أَكْرَهُ أَنْ يَسْأَلَنِي اللَّهُ عَنْ فُضُولِ الدُّنْيَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، أَتَوَاضَعُ لِلَّهِ، فَمَنْ تَوَاضَعَ لِلَّهِ رَفَعَهُ اللَّهُ، وَمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ اللَّهُ، وَمَنِ اقْتَصَدَ أَغْنَاهُ اللَّهُ، وَمَنْ أَكْثَرَ ذِكْرَ الْمَوْتِ أَحَبَّهُ اللَّهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک پیالہ لے کر آئی اس میں دودھ اور شہد تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو شربت' ایک شربت میں؟ دو سالن ایک پیالے میں؟ مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے' یہ حرام بھی نہیں ہے' میں ناپسند کرتا ہوں کہ قیامت کے دن اللہ عزوجل مجھ سے اسکے متعلق پوچھ نہ لے' میں اللہ کے لیے عاجزی کرتا ہوں' جو اللہ کے لیے عاجزی کرتا ہے اللہ اس کو بلند کرتا ہے' جو تکبر کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو گراتا ہے' جو میانہ روی اختیار کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو غنی کرتا ہے' موت کو زیادہ یاد کرنے والا اللہ کو پسند ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا نُعَيْمُ بْنُ مُوَرِّعٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: أَحْمَدُ بْنُ سُهَيْلٍ الْوَرَّاقُ

یہ دونوں حدیثیں ہشام بن عروہ سے نعیم بن مورع روایت کرتے ہیں' ان دونوں کو روایت کرنے میں احمد بن سہیل اکیلے ہیں۔

**4895** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ سُهَيْلٍ الْوَرَّاقُ قَالَ: نَا مِسْوَرُ بْنُ مُوَرِّعٍ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو وضو کرتا ہے اور وضو سے فارغ ہونے کے بعد ایک گھڑی یہ دعا کرتے ہے: ''اشهد ان لا اله الا الله الى آخره'' اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیے

**4894**- قال الهيثمى فى المجمع جلد **10** صفحه **328**: وفيه نعيم بن مورع العنبرى' وقد وثقه ابن حبان' وضعفه غير واحد' وبقية رجاله ثقات .

**4895**- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد **1** صفحه **242** وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط' والكبير باختصار' وقال فى الأوسط تفردبه مسور بن مورع ولم اجد من ترجمه' وفيه أحمد بن سهيل الوراق ذكره ابن حبان فى الثقات' وفى اسناد الكبير أبو سعد البقال' والأكثر على تضعيفه' ووثقه بعضهم .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَعَا بِوَضُوئِهِ، فَسَاعَةَ يَفْرُغُ مِنْ وُضُوئِهِ يَقُولُ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ، فُتِحَتْ لَهُ ثَمَانِيَةُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ يَدْخُلُ مِنْ اَيِّهَا شَاءَ

جاتے ہیں جس سے چاہے داخل ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا مِسْوَرُ بْنُ مُوَرِّعٍ

یہ حدیث اعمش سے مسور بن مورع روایت کرتے ہیں۔

**4896** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ: اَنَا خَالِدٌ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: وَقَصَتْ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَتُهُ، فَقَتَلَتْهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْفِنُوهُ فِي ثَوْبَيْهِ، وَلَا تُمِسُّوهُ طِيبًا، وَاغْسِلُوهُ بِسِدْرٍ وَمَاءٍ، وَلَا تُغَطُّوا وَجْهَهُ، فَاِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُلَبِّي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے اصحاب میں سے ایک آدمی حالتِ احرام میں اونٹنی سے گرا اور مر گیا۔ حضورﷺ نے فرمایا: اس کو ان دو کپڑوں میں دفن کر دو اس کو خوشبو نہ لگاؤ اور بیری کے پتوں اور پانی کے ساتھ غسل دو اس کے چہرے کو نہ ڈھانپو کیونکہ یہ قیامت کے دن تلبیہ پڑھتا ہوا اُٹھے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا خَالِدٌ

یہ حدیث ابن ابی لیلیٰ سے خالد روایت کرتے ہیں۔

**4897** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ: اَنَا خَالِدٌ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، قَالَ: كُنَّا فِي مَسِيرٍ لَنَا، فَوَجَدْنَا سَوْطًا، فَاَخَذَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَنَهَيْنَاهُ فَاَبَى، فَلَمَّا قَدِمْنَا

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں تھے کہ ہمیں ایک کوڑا ملا قوم میں سے ایک آدمی نے پکڑ لیا ہم نے اس کو پکڑنے سے منع کیا تو اس نے انکار کیا جب مدینہ آئے تو ہم حضرت ابی بن کعب سے ملے ہم نے اس بات کا ذکر آپ سے کیا تو

---

4896- أخرجه البخاري: الجنائز جلد3صفحه164 رقم الحديث:1267' ومسلم: الحج جلد2صفحه866 بنحوه

4897- أخرجه البخاري: اللقطة جلد5صفحه110 رقم الحديث:2437' ومسلم: اللقطة جلد3صفحه1350 .

Marfat.com

الْـمَدِينَةَ لَقِينَا أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ فَذَكَرْنَا ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ: وَجَدْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةَ دِينَارٍ، فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَقَالَ: عَرِّفْهَا سَنَةً، فَلَمَّا جَاءَ الْحَوْلُ اَتَيْتُهُ بِهَا، فَقَالَ: عَرِّفْهَا سَنَةً أُخْرَى، فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا جَاءَ الْحَوْلُ اَتَيْتُهُ بِهَا بَعْدَ ثَلَاثِ سِنِينَ، فَقَالَ: اعْرِفْ وِكَاءَ هَا وَعِدَّتَهَا، ثُمَّ اسْتَمْتِعْ بِهَا، فَإِنْ جَاءَ لَهَا طَالِبٌ فَاَعْطِهَا اِيَّاهُ

حضرت ابی نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں سو دینار پائے' میں ان کو لے کر آپ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' آپ ﷺ نے فرمایا: ایک سال تک اعلان کرو جب سال مکمل ہو گیا تو آپ نے فرمایا: دوسرا سال بھی اعلان کرو' میں نے ایسے ہی کیا جب دوسرا سال مکمل ہوا تو اس کو لے کر آپ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' تین سالوں کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا: اس تھیلی کی حفاظت کر اور دینار گن لے' اس سے فائدہ اُٹھاؤ' اگر اس کا مالک آ جائے تو اس کو واپس کر دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث ابن ابی لیلیٰ سے خالد بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔

**4898** - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سِنَانٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نَا كَعْبٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اِنَّ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ وَلَا رَسُولٌ، اَلَا اِنَّهُ خَلِيفَتِي فِي اُمَّتِي بَعْدِي، اَلَا اِنَّهُ يَقْتُلُ الدَّجَّالَ، وَيَكْسِرُ الصَّلِيبَ، وَتَضَعُ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا، اَلَا فَمَنْ اَدْرَكَهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَاْ عَلَيْهِ السَّلَامَ قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ اَكُونَ اَوَّلَ مَنْ اَقْرَاَهُ السَّلَامَ مِنْ اَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَآكُلُ مِنْ جَفْنَتِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عیسیٰ بن مریم اور میرے درمیان کوئی نبی اور رسول نہیں ہے' وہ میرے بعد میری اُمت میں میرے خلیفہ ہوں گے' آپ دجال کو ماریں گے اور صلیب توڑیں گے' جنگ اپنے ہتھیار رکھ دے گی' جو تم میں سے ان کو پائے تو ان کو سلام کرے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اُمید کرتا ہوں کہ ابوالقاسم ﷺ کا سلام عرض کروں گا اور آپ کے برتن سے پہلے میں کھاؤں گا۔

**4898**- اسناده فيه: محمد بن عقبة السدوسي وهو صدوق يخطئ كثيرًا . وأخرجه أيضًا في الصغير جلد **1**صفحه**257** . وقال الهيثمي في المجمع جلد**8**صفحه**208**: وفيه محمد بن عقبة السدوسي وثقه ابن حبان، وضعفه أبو حاتم .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عَمْرٌو

# اس شیخ کے نام سے جس کا نام عمرو ہے

**4899** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ ثَوْرٍ الْجُذَامِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ، فَيَقُولُ: أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ، مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو دَم کرتے تھے آپ پڑھتے تھے: ''اعیذ کما الٰی آخرہ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، إِلَّا الْفِرْيَابِيُّ. وَالْمَشْهُورُ: الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ

یہ حدیث سفیان' ابن ابی لیلیٰ سے اور سفیان سے فریابی روایت کرتے ہیں۔ مشہور یہ ہے کہ ثوری' منصور سے' وہ منہال سے روایت کرتے ہیں۔

**4900** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ ثَوْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلّٰهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعِينَ اسْمًا مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کے ننانوے نام ہیں جو ان کو یاد کرے وہ جنت میں داخل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا الْفِرْيَابِيُّ

یہ دونوں حدیثیں سفیان سے فریابی روایت کرتے ہیں۔

---

4899- اخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد6صفحه470 رقم الحديث: 3371' وأبو داؤد: السنة جلد4صفحه235 رقم الحديث: 4737' والترمذي: الطب جلد4صفحه396 رقم الحديث: 2060' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه353 رقم الحديث: 2438 .

4900- اخرجه البخاري: التوحيد جلد 13صفحه389 رقم الحديث: 7392' ومسلم: الذكر والدعاء جلد4 صفحه2063

Marfat.com

4901 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ ثَوْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَهْبٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ: انْتَهَيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ فَتَأَخَّرَ فَأَشَارَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّيْنَا مَا أَدْرَكْنَا، وَقَضَيْنَا مَا سَبَقَنَا

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے پاس پہنچا (اس حالت میں کہ حضرت عبدالرحمٰن نماز پڑھ رہے تھے) حضرت عبدالرحمٰن پیچھے ہونے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آگے رہنے کا اشارہ کیا' ہم نے جو رکعتیں پائیں وہ پڑھیں' جو رہ گئی تھیں ان کو خود پڑھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا الْفِرْيَابِيُّ

یہ حدیث سفیان سے فریابی روایت کرتے ہیں۔

4902 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَوْضِي مَسِيرَةُ شَهْرٍ، وَزَوَايَاهُ سَوَاءٌ، مِيزَابُهُ أَبْيَضُ مِنَ الْوَرِقِ، وَرِيحُهُ أَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ، وَكِيزَانُهُ كَنُجُومِ السَّمَاءِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے حوض کی مسافت ایک ماہ جتنی ہے' اس کے کونے برابر ہیں' اس کا پرنالہ چاندی سے زیادہ سفید ہے' اس کی خوشبو مشک سے زیادہ خوشبودار ہے' اس کے برتن آسمان کے ستاروں کے برابر ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ إِلَّا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے نافع بن عمر روایت کرتے ہیں۔

4903 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

4901- أصله عند مسلم من طريق ابن شهاب عن حديث عباد بن زياد' أن عروة بن المغيرة فذكره' أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 317 رقم الحديث: 105 (باب تقديم الجماعة من يصلي بهم اذا تأخر الامام)' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 38 رقم الحديث: 152 ولفظه لأبي داؤد .

4902- أخرجه البخاري: الرقاق جلد 11 صفحه 472 رقم الحديث: 6579' ومسلم: الفضائل جلد 4 صفحه 1793 ولفظه لمسلم .

4903- اسناده صحيح . تخريجه الطبراني في الكبير' وأبو يعلى' وقال الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 206: ورجاله ثقات من أهل الصحيح .

Marfat.com

السَّرْحِ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، قَالَ: اَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْهَبُ لِحَاجَتِهِ اِلَى الْمُغَمَّسِ قَالَ نَافِعٌ: نَحْوَ مِيلَيْنِ مِنْ مَكَّةَ

قضاء حاجت کے لیے دُور جاتے تھے (آنکھوں سے اوجھل ہوتے تھے)۔ نافع بھی فرماتے ہیں مکہ سے دو میل دور۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ

یہ حدیث عمرو بن دینار' نافع بن عمر سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابومریم اکیلے ہیں۔

**4904** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُحْشَرُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُفَاةً مُشَاةً غُرْلًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگ ننگے بدن ننگے پاؤں پیدل چل کر اکٹھے کیے جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ

یہ حدیث عمر سے ابن ابی مریم روایت کرتے ہیں۔

**4905** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، اَنَّ اَبَا الْحُوَيْرِثِ اَخْبَرَهُ، اَنَّ نُعَيْمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُجْمِرَ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس میں تین باتیں ہوں' اس نے ایمان کا ذائقہ پالیا' کوئی شی اس کو اللہ اور اس کے رسول سے زیادہ پسند نہ ہو' وہ دین سے پھرنے سے

---

**4904**- أخرجه البخاري: الرقاق جلد **11** صفحه **385** رقم الحديث: **6524-6526**' ومسلم: الجنة جلد **4** صفحه **2194**.

**4905**- أخرجه البخاري: الايمان جلد **1** صفحه **77** رقم الحديث: **16**' ومسلم: الايمان جلد **1** صفحه **66**. (١) مستدرك من الصغير جلد **1** صفحه **257-258**. (٢) سقط من الأصل مقدار ورقة' واستدركنا بعض أحاديث الشيخ عمرو بن أبي طاهر ابن السرح من مجمع البحرين وهي ذات الأرقام الآتية: **3666, 3662, 3591, 2216, 2177, 1344, 395**.

Marfat.com

مَالِكٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ فَقَدْ ذَاقَ طَعْمَ الْإِيمَانِ: مَنْ كَانَ لَا شَيْءَ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، وَمَنْ كَانَ لَاَنْ يُحْرَقَ بِالنَّارِ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَرْتَدَّ عَنْ دِينِهِ، وَمَنْ كَانَ يُحِبُّ لِلّٰهِ وَيُبْغِضُ لِلّٰهِ

آگ میں جلنا زیادہ پسند کرے وہ محبت اور بغض اللہ کے لیے رکھے۔

لَمْ يَرْوِ نُعَيْمٌ عَنْ اَنَسٍ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا، وَاِنَّمَا سُمِّيَ الْمُجْمِرَ لِاَنَّهُ كَانَ يُجَمِّرُ قَبْرَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مِنْ مَوَالِي عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ الْحُوَيْرِثِ اِلَّا مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ

نعیم' انس سے اس حدیث کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں' مجمر کا نام نعیم بن عبداللہ اس لیے رکھا گیا تھا کہ یہ حضور ﷺ کی قبر انور کو خوشبو لگاتے تھے۔ یہ عمر بن خطاب کے غلاموں میں سے ہیں۔ ابن حویرث سے موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی مریم اکیلے ہیں۔

**4906** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَازِمٍ اَبُو الْجَهْمِ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَمْنَعَنَّ اَحَدَكُمْ هَيْبَةُ النَّاسِ اَنْ يَقُولَ فِي الْحَقِّ اِذَا رَآهُ اَوْ سَمِعَهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی کو لوگوں کا ڈر حق بات کہنے سے نہ روکے' جب وہ حق دیکھتا یا سنتا ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث سلیمان التیمی سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں۔

**4907** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے

4906- أخرجه الترمذي: الفتن جلد4صفحه483 رقم الحديث: **2191**' وقال: حسن صحيح . وابن ماجة: الفتن جلد**2** صفحه **1328** رقم الحديث: **4007**' واحمد: المسند جلد**3**صفحه**7** رقم الحديث: **11023** . (١)سقط من الأصل واستدركناه من الصغير جلد**1**صفحه**258** .

4907- ذكره الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه**329** وقال: رواه أحمد' والبزار' والطبراني في الأوسط وفيه راشد بن داؤد' ضعفه الدارقطني' ووثقه ابن معين' ودحيم' وابن حبان .

Marfat.com

اِبْـرَاهِيـمَ بْـنِ الْـعَلَاءِ بْـنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا جَـدِّی اِبْـرَاهِيـمُ بْـنُ الْـعَلَاءِ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّـاشٍ قَـالَ: نَـا رَاشِـدٌ الـصَّنْعَانِيُّ، عَنْ اَبِی اَسْمَاءِ الـرَّحَبِـیِّ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّهُ سَيَكُونُ عَلَيْكُمْ اَئِمَّةٌ، يُمِيتُونَ الـصَّـلَوَاتِ عَـنْ مَوَاقِيتِهَا، فَصَلُّوا الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَاجْـعَـلُـوا صَلَاتَـكُمْ مَعَهُمْ سُبْحَةً ۔ فَـلَـمَّـا كَانَ الْـحَـجَّاجُ اَخَّرَ الصَّلَاةَ عَنْ مَوَاقِيتِهَا، فَكُنْتُ اُصَلِّی الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَاَجْعَلُ صَلَاتِی مَعَهُمْ سُبْحَةً

سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: عنقریب تم پر ایسے ظالم بادشاہ مسلط کیے جائیں گے جو تم کو وقت پر نماز پڑھنے سے روکیں گے تم وقت پر نماز پڑھنا اور ان کے ساتھ نفل نماز کی نیت سے شریک ہو جانا۔ جب حجاج بن یوسف لوگوں کو وقت پر نماز پڑھنے سے روکتا تھا تو میں وقت پر نماز پڑھ لیتا تھا' ان کے ساتھ نماز میں نفل کی نیت سے شریک ہوتا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث شداد بن اوس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**4908** - حَـدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ: نَا جَـدِّی اِبْـرَاهِيـمُ بْـنُ الْـعَلَاءِ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ بِلَالٍ الْـقُـرَشِـیُّ قَـالَ: رَاَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُسْرٍ، صَاحِبَ رَسُـولِ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ قَاعِدٌ فِی الْـمَسْجِدِ وَكَانَ شَيْخًا كَبِيرًا مُسِنًّا، فَجَاءَهُ غُلَامُهُ فَـقَـالَ: يَـا مَـوْلَایَ، هَـذِهِ جِـمَـالُكَ قَدْ اُخِذَتْ فِی سُـخْرَةِ الزِّبْلَةِ يَعْنِی: دَارَ الْعَبَّاسِ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الْـمَـلِكِ الَّـتِـی عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ بِحِمْصَ، وَكَانَ مَـعَـهُ رَجُلَانِ، فَاَخَذَا بِضَبْعَيْهِ حَتَّى قَامَ ۔ قَالَ عُمَرُ: فَـمَشَيْـتُ مَعَهُ حَتَّى اَتَى الزِّبْلَةَ، فَاِذَا جِمَالُهُ مُنَاخَةٌ،

حضرت عمر بن بلال القرشی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن بسر صحابیٔ رسول ﷺ کو دیکھا کہ آپ مسجد میں تشریف فرما تھے' آپ کافی عمر والے بزرگ تھے' آپ کے پاس آپ کا غلام آیا' اس نے عرض کی: اے میرے آقا! یہ آپ کا اونٹ ہے' جو زبلہ یعنی دار عباس بن ولید بن عبدالملک سے پکڑا گیا ہے' جو حمص کی جامع مسجد کے دروازے کے پاس ہے۔ اس کے ساتھ دو آدمی تھے۔ ان دونوں نے اس کے بازوؤں سے پکڑ کر اسے کھڑا کیا۔ عمر کہتے ہیں: میں اس کے ساتھ زبلہ تک چلا۔ آگے اس کا اونٹ بیٹھا

**4908**- اسناده فيه: عمر بن بلال' ترجمه البخاری فی تاريخه' وابن أبی حاتم' وسكتا عنه' وذكره ابن حبان فی الثقات' وقال: روی عنه ابراهيم بن العلاء' وقال ابن عدی: لا يعرف الا بهذا الحديث . وعزاه الهيثمی فی المجمع جلد 5 صفحه240 الی الكبير أيضًا وقال: عمر بن بلال جهله ابن عدی .

Marfat.com

وَاِذَا هُمْ يَسِّفُونَ التُّرَابَ بِالْغَرَائِرِ، فَاَخَذَ الْغِرَارَةَ، فَاَقْبَلَ يَفْتَحُ لَهُمْ، فَقَالَ نَاسٌ مِنَ النَّصَارَى: هَذَا صَاحِبُ نَبِيِّكُمْ تَصْنَعُونَ بِهِ هَذَا؟ لَوْ رَاَيْنَا رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ عِيسَى لَحَمَلْنَاهُ عَلَى رُءُوسِنَا، فَاَهْوَى الْقَوْمُ لِيَاْخُذُوهُ . فَقَالَ: دَعُونِي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كَيْفَ اَنْتُمْ اِذَا جَارَتْ عَلَيْكُمُ الْوُلَاةِ

ہوا تھا جبکہ وہ لوگ مٹی بوروں میں بھر رہے تھے۔ آپ نے بھی ایک بورا پکڑ لیا اور ان کے سامنے اس کا منہ کھولنے لگا۔ ادھر عیسائی دیکھ رہے تھے' وہ پکار اُٹھے: ارے! یہ تمہارے نبی ﷺ کا صحابی ہے۔ تم اس کے ساتھ یہ سلوک کرتے ہو؟ ہم تو اگر اپنے نبی عیسیٰ کا کوئی حواری دیکھ لیں تو ہم اُسے اپنے سروں پہ بٹھائیں۔ پس یہ بات سن کر اس کو پکڑنے کیلئے قوم دوڑی تو اُنہوں نے فرمایا: مجھے چھوڑ دو۔ میں نے اپنے رسول ﷺ سے سنا تھا: اے میرے صحابہ! بتاؤ اس وقت تمہارا کیا حال ہو گا' جب تمہارے حاکم تم پر ظلم کریں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُمَرُ بْنُ بِلَالٍ

اس حدیث کو عبداللہ بن بُسر سے اسی سند کے ساتھ روایت کیا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ عمر بن بلال منفرد ہیں۔

**4909** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْعَلَاءِ قَالَ: نَا اَصْبَغُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّهِ اَبَانَ، عَنْ اَبِيهِ سُلَيْمَانَ قَالَ: كَانَ اِسْلَامُ قُبَاثَ بْنِ اَشْيَمَ اللَّيْثِيِّ، اَنَّ رِجَالًا، مِنْ قَوْمِهِ وَغَيْرِهِمْ مِنَ الْعَرَبِ اَتَوْهُ، فَقَالُوا: اِنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَدْ خَرَجَ يَدْعُو اِلَى دِينٍ غَيْرِ دِينِنَا، فَقَامَ قُبَاثُ حَتَّى اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ قَالَ لَهُ: اجْلِسْ يَا قُبَاثُ فَاَوْجَمَ قُبَاثُ اَوْ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت اصبغ بن عبدالعزیز فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد سے' انہوں نے اپنے دادا ابان سے' انہوں نے اپنے والد سلیمان سے روایت کی کہ قباث بن اشیم اللیثی اسلام لائے' ان کی قوم سے لوگ اور عرب سے کچھ لوگ اس کے پاس آئے' انہوں نے کہا کہ محمد بن عبدالمطلب ہمارے دین کے علاوہ کسی اور دین کی طرف نکل گیا ہے۔ قباث کھڑا ہوا' یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' آپ کے پاس داخل ہوا تو آپ نے فرمایا: اے قباث! بیٹھو! حضرت قباث پریشان ہوئے'

4909- ذکرہ الهیثمی فی المجمع جلد 8 صفحہ 290 وقال: وفیہ من لم اعرفهم . اخرجه ایضًا الطبرانی فی الکبیر جلد 19 صفحہ 35 .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتَ الْقَائِلُ: لَوْ خَرَجَتْ نِسَاءُ قُرَيْشٍ بِاَكِمَّتِهَا رَدَّتْ مُحَمَّدًا وَاَصْحَابَهُ؟ فَقَالَ قُبَاثٌ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا تَحَرَّكَ بِهِ لِسَانِي، وَلَا تَزَمْزَمَتْ بِهِ شَفَتَايَ، وَلَا سَمِعَهُ مِنِّي اَحَدٌ، وَمَا هُوَ اِلَّا شَيْءٌ هَجَسَ فِي نَفْسِي، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، وَاَنَّ مَا جِئْتَ بِهِ حَقٌّ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تُو کہتا ہے کہ اگر قریش کی عورتیں نکلیں محمد اور اس کے اصحاب کو ردّ کر دیں۔ حضرت قباث نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا! میری زبان حرکت میں بھی نہیں آئی اور ہونٹوں نے حرکت نہیں کی ہے' نہ مجھ سے کسی نے سنا ہے نہ کوئی شے جو میرے دل پر مطلع ہوئی ہو' میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے محمد اللہ کے رسول ہیں' اس کی گواہی دیتا ہوں جو آپ دین لے کر آئے ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ قُبَاثِ بْنِ اَشْيَمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَصْبَغُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْحِمْصِيُّ

یہ حدیث قباث بن اشیم سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اصبغ بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

**4910** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يَزِيدَ، اَنَّ طَاوُسًا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَهُ، اَنَّ مُنَبِّهًا اَبَا وَهْبٍ حَدَّثَهُ يَرُدُّهُ اِلَى مُعَاذٍ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ فِي بَيْتٍ مِنْ بُيُوتِ اَزْوَاجِهِ، وَعِنْدَهُ عَائِشَةُ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ نَفَرٌ مِنَ الْيَهُودِ، فَقَالُوا: السَّامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ . قَالَ: وَعَلَيْكُمْ . فَجَلَسُوا

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ اپنی ازواج کے گھروں میں سے کسی گھر میں تشریف فرما تھے' آپ کے پاس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تھیں' آپ کے پاس یہود کا ایک گروہ آیا' انہوں نے کہا: السام علیک یا محمد! آپ نے فرمایا: وعلیکم! وہ بیٹھے اور گفتگو کی' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سمجھ گئی تھیں جو حضور ﷺ نے جواب دیا تھا' لیکن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بڑا سخت غصہ تھا اور صبر کیے رکھا لیکن اس غصہ

**4910**- اسناده فيه: عمرو بن اسحاق بن ابراهيم بن العلاء بن زبريق' قال أبو حاتم: شيخ لا بأس به ولكنهم يحسدونه . وقال النسائي: ليس بثقة ونسبه محمد بن عون الى الكذب' وذكره ابن حبان في الثقات' وقال ابن حجر: صدوق يهم كثيرًا' وعمر بن اسحاق بن ابراهيم بن العلاء بن زبريق لم أجده . وقال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه115: واسناده حسن .

Marfat.com

فَتَحَدَّثُوا، وَقَدْ فَهِمَتْ عَائِشَةُ تَحِيَّتَهُمُ الَّتِي حَيَّوْا بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَجْمَعَتْ غَضَبًا وَتَصَبَّرَتْ، فَلَمْ تَمْلِكْ غَيْظَهَا، فَقَالَتْ: بَلْ عَلَيْكُمُ السَّامُ وَغَضَبُ اللّٰهِ وَلَعْنَتُهُ، بِهَذَا تُحَيُّونَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ ثُمَّ خَرَجُوا، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَمَلَكِ عَلَى مَا قُلْتِ؟ قَالَتْ: اَوَلَمْ تَسْمَعْ كَيْفَ حَيَّوْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ وَاللّٰهِ مَا مَلَكْتُ نَفْسِي حِينَ سَمِعْتُ تَحِيَّتَهُمْ اِيَّاكَ، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا جَرَمَ، كَيْفَ رَاَيْتِ رَدَدْتُ عَلَيْهِمْ اِنَّ الْيَهُودَ قَوْمٌ سَئِمُوا دِينَهُمْ، وَهُمْ قَوْمٌ حُسَّدٌ، وَلَمْ يَحْسِدُوا الْمُسْلِمِينَ عَلَى اَفْضَلَ مِنْ ثَلَاثٍ: رَدِّ السَّلَامِ، وَاِقَامَةِ الصُّفُوفِ، وَقَوْلِهِمْ خَلْفَ اِمَامِهِمْ فِي الْمَكْتُوبَةِ: آمِينَ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَلَا نَعْلَمُ مُنَبِّهًا اَبَا وَهْبٍ اَسْنَدَ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا

پر قابو نہ رہا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تم پر ہلاکت اور اللہ کا غضب اور اسکی لعنت ہو! جو تم نے رسول اللہ ﷺ کو سلام کیا ہے۔ پھر وہ نکلے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں ایسا کہنے پر کس نے اُبھارا تھا؟ حضرت عائشہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ نے سنا نہیں کہ انہوں نے آپ کو کیا سلام کیا؟ اللہ کی قسم! میں اپنے نفس پر قابو نہ رکھ سکی' جب سے میں نے ان کے سلام کو سنا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یقیناً ایسا ہی تھا لیکن تم نے دیکھا نہیں کہ میں نے کیا جواب دیا' بے شک یہود ایسی قوم ہے کہ اپنے دین کا نام لیتے ہیں' وہ حسد کرنے والی قوم ہے' مسلمان سے وہ حسد نہیں کرتے ہیں' تین چیزوں سے زیادہ افضل شے پر سلام کا جواب دینے پر' صفوں کو سیدھا کرنے پر' فرض نماز میں امام کے پیچھے آمین کہنے پر۔

یہ حدیث معاذ بن جبل سے اسی سند سے روایت ہے' ہم کو معلوم نہیں ہے کہ منبہ ابووہب اس حدیث کے علاوہ روایت کرتے ہیں۔

**4911** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ سُلَيْمٍ الزُّبَيْدِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ جَدِّي عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ سُلَيْمٍ الزُّبَيْدِيِّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کتا تم میں سے کسی کے برتن میں منہ مارے تو اس برتن کو استعمال کرنا جائز نہیں ہے یہاں تک کہ سات مرتبہ دھولیا جائے۔

4911- أخرجه البخاري: الوضوء جلد 1 صفحه 330 رقم الحديث: 172' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 234 ولفظه عند مسلم .

Marfat.com

قَالَ: اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي اِنَاءِ اَحَدِكُمْ، فَلَا يَغْمِسْ فِيهِ شَيْئًا حَتَّى يَغْسِلَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث صفوان بن سلیم سے ابراہیم بن محمد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**4912** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَحْمَدَ الْعَمِّيُّ النَّحَاسُ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ بُرَيْدَةَ بْنِ الْحُصَيْبِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنِّي قَدْ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ ثَلَاثٍ: عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، فَزُورُوهَا، فَاِنَّ زِيَارَتَهَا عِظَةٌ وَعِبْرَةٌ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُومِ الْاَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَكُلُوا وَادَّخِرُوا، وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ النَّبِيذِ فِي الْاَسْقِيَةِ فَاشْرَبُوا، وَلَا تَشْرَبُوا حَرَامًا

حضرت عبداللہ بن بریدہ الاسلمی اپنے والد بریدہ بن حصیب سے' وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں تمہیں تین باتوں سے منع کرتا تھا' قبروں کی زیارت کرنے سے لیکن اب زیارت کیا کرو کیونکہ قبروں کی زیارت کرنے سے نصیحت اور عبرت حاصل ہوتی ہے' قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ رکھنے سے لیکن اب کھاؤ بھی اور ذخیرہ بھی کرو' میں تمہیں ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کرتا تھا لیکن اب اُن برتنوں میں پیو' کوئی برتن حرام نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث سلمہ بن کہیل سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن ابراہیم بن سعد از والد خود اکیلے ہیں۔

**4913** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَحْمَدَ الْعَمِّيُّ قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَرَجِ الرِّيَاشِيُّ قَالَ: نَا الْاَصْمَعِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال ہوا تو عرب کے لوگ دین سے پھرنے لگے منافقت عام ہونے لگی' میرے والد پر ایسی آزمائش

**4912**- أخرجه مسلم: الأضاحي جلد3صفحه1563-1564' وأبو داؤد: الأشربة جلد3صفحه330 رقم الحديث:3698' والنسائي: الجنائز جلد4صفحه73 (باب زيارة القبور) .

**4913**- اسناده فيه: أ- الأصمعي: وهو صدوق . ب- عبد الواحد بن أبي عون: صدوق يخطئ .

Marfat.com

الْوَاحِدِ بْنِ اَبِی عَوْنٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَارْتَدَّتِ الْعَرَبُ، وَاشْرَابَّ النِّفَاقُ. وَنَزَلَ بِاَبِی مَا لَوْ نَزَلَ بِالْجِبَالِ لَهَاضَهَا، فَوَاللّٰهِ مَا اخْتَلَفُوا فِی نُقْطَةٍ اِلَّا طَارَ اَبِی بِحَظِّهَا وَسِنَانِهَا، ثُمَّ تَذْكُرُ ابْنَ الْخَطَّابِ فَتَقُولُ: كَانَ وَاللّٰهِ اَحْوَذِيًّا، نَسِيجَ وَحْدِهِ قَدْ اَعَدَّ لِلْاُمُورِ اَقْرَانَهَا قَالَ الرِّيَاشِیُّ: يُقَالُ لِلرَّجُلِ الْبَارِعِ الَّذِی لَا يَشْتَبِهُ بِهِ اَحَدٌ نَسِيجُ وَحْدِهِ، وَيُقَالُ: عُيَيْرُ وَحْدِهِ، وَيُقَالُ: جُحَيْشُ وَحْدِهِ وَقَالَ الشَّاعِرُ:

(البحر الرجز)

جَاءَتْ بِهِ مُعْتَجِرًا بِبُرْدِهِ
سَفْوَاءَ تَرْدِی بِنَسِيجِ وَحْدِهِ
تَقْدَحُ قَيْسًا كُلَّهَا بِزَنْدِهِ
مَنْ يَلْقَهُ مِنْ بَطَلٍ يَسْرَنْدِهِ

قَالَ الرِّيَاشِیُّ: يَسْرَنْدَه: يَعْلُوهُ اَنْشَدَنَا الْاَصْمَعِیُّ:

(البحر الرجز)

مَا بَالُ هَذَا الْيَوْمِ يَغْرَنْدِينِی
اَدْفَعُهُ عَنِّی وَيَسْرَنْدِينِی

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَصْمَعِیِّ اِلَّا الرِّيَاشِیُّ

اُتری کہ اگر وہ پہاڑ پر اُترتی تو پہاڑ پھٹ جاتے' اللہ کی قسم! انہوں نے کسی بات میں اختلاف کیا یہاں تک کہ میرے والد محترم اس کے حل کے لیے نیکی اور تیروں کے ساتھ فوراً پہنچے۔ پھر اس بات کا ذکر حضرت عمر بن خطاب کے ہاں کیا تو فرمایا: اللہ کی قسم! آپ اچھے نگہبان تھے' اپنی اچھی صفات میں بے مثل تھے۔ اکیلے سارے کاموں کو نمٹا لیتے تھے۔ حضرت ریاشی فرماتے ہیں: وہ پرہیزگار شخصیت جس کو کوئی شک کی نگاہ سے نہ دیکھے۔ اسے ''نسیج وحدہ' عبیر وحدہ'' اور ''جحیش وحدہ'' کے ناموں سے یاد کیا جاتا ہے۔

''وہ اس حال میں اُن کو لائی کہ وہ چادر میں لپٹے ہوئے تھے۔ تیز ہوا چلی جو اچھی صفات والے بے مثل کے ساتھ بھلائی کا سلوک کرتی ہے' سارے بنوقیس کو چقماق کے ساتھ آگ لگاتی ہے جو نوجوان اس سے ملتا ہے وہ اس پہ غالب آ جاتا ہے''۔

ریاشی نے کہا: ''یسرندہ'' کا معنی بلند ہونا ہے۔ اصمعی نے ہمیں یوں شعر سنایا:

''اس دن (یا زمانے) کو کیا ہے کہ مجھ پر حملہ کرتا ہے' میں اُسے اپنے سے دُور ہٹاتا ہوں' وہ غالب آنے کی کوشش کرتا ہے''۔

اس حدیث کو اصمعی سے صرف ریاشی نے روایت کیا ہے۔

**4914** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَحْمَدَ الْعَمِّیُّ

حضرت عاصم بن ابورزین سے روایت ہے کہ ابن

**4914**- اخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **148** رقم الحديث: **552**' وابن ماجة: المساجد جلد **1** صفحه **260** رقم الحديث: **792**' وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **517** رقم الحديث: **15496** .

Marfat.com

قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَزَرِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي رَزِينٍ، اَنَّ ابْنَ اُمِّ مَكْتُومٍ، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي كَبِيرٌ ضَرِيرٌ شَاسِعُ الدَّارِ، وَلَا قَائِدَ لِي، فَهَلْ تَجِدُ لِي رُخْصَةً؟ قَالَ: تَسْمَعُ النِّدَاءَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: مَا اَجِدُ لَكَ رُخْصَةً

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ

اُم مکتوم رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! میں بزرگ اور آنکھوں سے نابینا ہوں' گھر بھی دور ہے' میرا کوئی راہنما نہیں ہے' کیا میرے لیے مسجد میں نہ آنے کی رخصت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو اذان سنتا ہے؟ حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تیرے لیے کوئی رخصت نہیں ہے۔

یہ حدیث علی بن صالح بن حی سے عبداللہ بن داؤد روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ عِمَارَةَ

# اس شیخ سے روایت جن کا نام عمارہ ہے

4915 - حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ وَثِيمَةَ بْنِ مُوسَى بْنِ الْفُرَاتِ الْمِصْرِيُّ أَبُو رِفَاعَةَ قَالَ: نَا أَبُو صَالِحٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: كَتَبَ إِلَيَّ خَالِدُ بْنُ أَبِي عِمْرَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو عَيَّاشٍ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا، وَسَيَعُودُ غَرِيبًا، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ . قَالَ: وَمَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الَّذِينَ يَصْلُحُونَ حِينَ يَفْسُدُ النَّاسُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام غریبی سے شروع ہوا تھا اور عنقریب غریبی میں واپس آئے گا' غریبوں کے لیے خوشخبری! حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیسے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس وقت لوگ بگڑتے ہیں وہ سیدھے رہتے ہیں۔

4916 - حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ وَثِيمَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: كَتَبَ إِلَيَّ خَالِدُ بْنُ أَبِي عِمْرَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَاعٍ يُسْتَرْعَى رَعِيَّةً إِلَّا سُئِلَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَقَامَ فِيهَا أَمْرَ اللّٰهِ، أَمْ أَضَاعَهُ؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی جس شے کا نگہبان ہوا اس سے اس کی نگہبانی کے متعلق قیامت کے دن پوچھا جائے گا' کیا اللہ کے حکم کو قائم کیا تھا یا ضائع کیا۔

---

4915- اسناده فيه: عبد الله بن صالح وهو صدوق كثير الغلط . وقال الهيثمي في المجمع جلد7صفحه281: وفيه عبد الله بن صالح كاتب الليث' وهو ضعيف وقد وثق .

4916- اسناده فيه: عبد الله بن صالح: صدوق كثير الغلط . وقال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه210: وفيه أبو عياش المصري وهو مستور' وبقية رجاله ثقات' وفي بعضهم كلام .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا اللَّيْثُ

یہ دونوں حدیثیں یحیٰ بن سعید سے لیث روایت کرتے ہیں۔

**4917** - حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ وَثِيمَةَ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَزْوَاجَ أَهْلِ الْجَنَّةِ لَيُغَنِّينَ أَزْوَاجَهُنَّ بِأَحْسَنِ أَصْوَاتٍ سَمِعَهَا أَحَدٌ قَطُّ . إِنَّ مِمَّا يُغَنِّينَ بِهِ: نَحْنُ الْخَيْرَاتُ الْحِسَانُ . أَزْوَاجُ قَوْمٍ كِرَامٍ . يَنْظُرْنَ بِقُرَّةِ أَعْيَانٍ . وَإِنَّ مِمَّا يُغَنِّينَ بِهِ: نَحْنُ الْخَالِدَاتُ فَلَا يَمُتْنَهْ . نَحْنُ الْآمِنَاتُ فَلَا يَخَفْنَهْ . نَحْنُ الْمُقِيمَاتُ فَلَا يَظْعَنَّهْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جنتیوں کی بیویاں (حوریں) اپنے خاوندوں کو ایسے خوبصورت گا کر سنائیں گی جو آواز انہوں نے کبھی نہ سنی ہوگی۔ جو کلام وہ پڑھیں گی یہ ہے: ہم ہیں الخیرات الحسان (نیک سیرت، نیک صورت بیویاں ہیں) عزت والی قوم کی بیویاں جو آنکھیں ٹھنڈی کرنا جانتی ہیں۔ دیگر کلام جو وہ گائیں گی اس میں سے کچھ، ہم ہمیشہ رہنے والیاں ہیں جنہیں موت نہیں، ہم امن والی ہیں جنہیں کوئی ڈر نہیں، ہم جنت کی رہائشی ہیں جو مسافر نہ ہوں گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ

زید بن اسلم سے اس حدیث کو محمد بن جعفر نے روایت کیا۔ اس حدیث کے ساتھ ابن مریم منفرد ہیں۔

☆☆☆☆☆

**4917**- اسناده صحيح . تخريجه: الطبراني في الصغير، وقال الهيثمي في المجمع جلد10 صفحه422: ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

# بَابُ الْغَيْنِ
## مَنِ اسْمُهُ
## غَالِبٌ

**4918** - حَدَّثَنَا غَالِبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَرْدَعِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ وَارَهِ الرَّازِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نَا جَدِّي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ الْوَازِعِ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ فَعَلَهُنَّ ثِقَةً بِاللَّهِ وَاحْتِسَابًا كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ أَنْ يُعِينَهُ وَأَنْ يُبَارِكَ لَهُ: مَنْ سَعَى فِي فِكَاكِ رَقَبَةٍ ثِقَةً بِاللَّهِ وَاحْتِسَابًا، كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ أَنْ يُعِينَهُ، وَأَنْ يُبَارِكَ لَهُ، وَمَنْ تَزَوَّجَ ثِقَةً بِاللَّهِ وَاحْتِسَابًا، كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ أَنْ يُعِينَهُ، وَأَنْ يُبَارِكَ لَهُ، وَمَنْ أَحْيَا أَرْضًا مَيِّتَةً ثِقَةً بِاللَّهِ وَاحْتِسَابًا، كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ أَنْ يُعِينَهُ، وَأَنْ يُبَارِكَ لَهُ

# باب الغین
## اس شیخ کے نام سے
## جن کا نام غالب ہے

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین کام جس آدمی نے اللہ کے بھروسے پر' اللہ کو راضی کرنے کے لیے سرانجام دیئے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لیا ہے کہ اس کی مدد کرے اور اس کے لیے برکتوں کا نزول فرمائے۔ جس نے اللہ پر توکل کرتے ہوئے ثواب کی نیت سے غلام آزاد کرنے کی کوشش کی تو اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے کہ اس کی نصرت فرمائے اور اسے برکت دے جس نے اللہ پر اعتماد کر کے' ثواب کے ارادے سے نکاح کیا تو اس کی مدد کرنا' اسے برکت عطا کرنا' اللہ نے اپنے ذمے لیا ہے۔ اللہ پر اعتماد کرتے ہوئے' اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے جس نے بے آباد زمین کو آباد کیا تو اس کی مدد کرنا اور اسے برکتوں سے نوازنا اللہ کے ذمہ ہے۔

☆☆☆☆☆

**4918**- اسناده فيه: عبيد الله بن الوازع الكلابى البصرى وهو مجهول ۔ تخريجه: الطبرانى فى الصغير' والبيهقى فى الكبرى من طريق محمد بن مسلم بن واره به ۔ وقال الهيثمى فى المجمع جلد **2** صفحه **260**: وفيه عبيد الله بن الوازع روى عنه حفيده عمرو' بن عاصم فقط' وبقية رجاله ثقات ۔

Marfat.com

# بَابُ الْفَاءِ
# مَنِ اسْمُهُ الْفَضْلُ

**4919** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ هَارُونَ الْبَغْدَادِيُّ، صَاحِبُ اَبِی ثَوْرٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مُسْلِمِ الْهَمْدَانِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: رَاَی اَبُو هُرَيْرَةَ رَجُلًا فَاَعْجَبَهُ هَيْئَتُهُ، فَقَالَ: مِمَّنْ اَنْتَ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: مِمَّنْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ ـ قَالَ: فَكُلُّنَا مِمَّنْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، مِمَّنْ اَنْتَ؟ قَالَ: مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ ـ قَالَ: كُلُّنَا مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ، مِمَّنْ اَنْتَ؟ قَالَ: مِنَ النَّبَطِ ـ قَالَ: تَنَحَّ عَنِّی، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَتَلَةُ الْاَنْبِيَاءِ، وَاَعْوَانُ الظَّلَمَةِ، فَاِذَا اتَّخَذُوا الرِّبَاعَ وَشَيَّدُوا الْبُنْيَانَ فَالْهَرَبَ الْهَرَبَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ الْهَمْدَانِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَالِكِ بِنِ مِغْوَلٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

# باب الفاء
# اس شیخ کے نام سے جن کا نام فضل ہے

حضرت شعبی سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی دیکھا کہ اس کی حالت اچھی لگی' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم کون ہو؟ اس آدمی نے کہا: ان میں سے ہوں جن پر اللہ نے انعام کیا ہے۔ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا: ہم سب ان میں سے ہیں جن پر اللہ نے انعام کیا ہے' آپ کون ہیں؟ اس نے کہا: زمین میں رہنے والوں میں سے ہوں؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم سب زمین میں رہنے والے ہیں' آپ کہاں کے رہنے والے ہیں؟ اس نے کہا: نبط سے' حضرت ابوہریرہ نے فرمایا: مجھ سے دور ہو جاؤ! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ انبیاء کو قتل اور ظلم پر مدد اس قبیلہ کے لوگوں نے کی تھی' جب یہ لوگ جائیداد اور عمارتیں بنانے لگیں تو ان سے بھاگو!

یہ حدیث شعبی سے سعید بن مسلم الہمدانی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن مالک بن مغول اکیلے ہیں' رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

---

4919- ذكره الهيثمي في المجمع جلد5صفحه237 وقال: وفيه عبد الرحمٰن بن (مالك ابن) مغول' وهو متروك .

Marfat.com

**4920** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ زَيْدٍ الْعَمِّيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَاَ الْقُرْآنَ عَلَى اَيِّ حَرْفٍ كَانَ، كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ، وَمَحَا عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ، وَرَفَعَ لَهُ عَشْرَ دَرَجَاتٍ، وَمَنْ قَرَاَ فَاَعْرَبَ بَعْضًا، وَلَحَنَ بَعْضًا كُتِبَ لَهُ عِشْرُونَ حَسَنَةً، وَمُحِيَ عَنْهُ عِشْرُونَ سَيِّئَةً، وَرُفِعَ لَهُ عِشْرُونَ دَرَجَةً، وَمَنْ قَرَاَ فَاَعْرَبَ كُلَّهُ كُتِبَ لَهُ اَرْبَعُونَ حَسَنَةً، وَمُحِيَ عَنْهُ اَرْبَعُونَ سَيِّئَةً، وَرُفِعَ لَهُ اَرْبَعُونَ دَرَجَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس قرأت پر آدمی قرآن پڑھے اس کے لیے اللہ عزوجل دس نیکیاں لکھ دے گا اور دس گناہ معاف کرے گا' دس درجات بلند کرے گا' جس نے کچھ قرآن اچھی طرز پر پڑھا' کچھ اچھی طرز پر نہیں پڑھا تو اسکے لیے بیس نیکیاں لکھی جائیں گی' بیس گناہ معاف کیے جائیں گے اور بیس درجات بلند کیے جائیں گے' جس نے مکمل اچھی طرز پر پڑھا تو اس کے لیے چالیس نیکیاں لکھی جائیں گے اور چالیس گناہ معاف کیے جائیں گے اور چالیس درجات بلند کیے جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْوَةَ اِلَّا زَيْدٌ الْعَمِّيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث عروہ سے زید العمی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحیم بن زید اکیلے ہیں۔

**4921** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ قَالَ: نَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فِيهَا قَطِيعَةٌ، فَكَفَّارَتُهَا اَنْ لَا يُقِيمَ عَلَيْهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے قسم اُٹھائی' جس میں قطع تعلقی (بائیکاٹ) ہو اس کا کفارہ یہ ہے کہ اس پر نہ ٹھہرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَارِثَةَ اِلَّا حَبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حارثہ سے حبان بن علی روایت کرتے ہیں' حضرت عائشہ سے یہ اسی سند سے روایت ہے۔

---

4920- ذكره الهيثمي في المجمع جلد7صفحه166 وقال: وفيه عبد الرحيم بن زيد العمي' وهو متروك .

4921- أخرجه ابن ماجة: الكفارات جلد1صفحه682 رقم الحديث:2110 بنحوه . في الزوائد: في اسناده حارثة ابن أبي الرجال: متفق على تضعيفه .

Marfat.com

**4922** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا اَبِي عُمَرُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَعْيَنَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُرَغِّبُ النَّاسَ فِي قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَاْمُرَهُمْ بِعَزِيمَةِ اَمْرٍ فِيهِ فَيَقُولُ: مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ . وَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاَمْرُ عَلَى ذٰلِكَ، كَانَ الْاَمْرُ عَلَى ذٰلِكَ خِلَافَةَ اَبِي بَكْرٍ، وَصَدْرًا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ لوگوں کو رمضان المبارک کے قیام کرنے پر اُبھارتے تھے' بغیر اس کے کہ آپ عزیمت کا حکم دیتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو رمضان میں ایمان اور ثواب کی نیت سے قیام کرے تو اللہ عزوجل اس کے پہلے گناہ معاف کر دیتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا وصال مبارک ہوا' معاملہ اسی طرح رہا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دورِ حکومت میں بھی ایسے ہی رہا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت کی ابتداء میں نمازِ تراویح کا اہتمام کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ اِلَّا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ حدیث اسحاق بن راشد سے موسیٰ بن اعین روایت کرتے ہیں۔

**4923** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ، عَنْ عَلِيٍّ، فِي قَوْلِهِ: (اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرٌ، وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ) (الرعد: 7) قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُنْذِرُ، وَالْهَادِ: رَجُلٌ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد "اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ" کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: منذر اور ہاد ایک ہی آدمی ہے اس کا تعلق بنی ہاشم قبیلہ سے ہے' یعنی میں ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ اِلَّا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ

سدی سے یہ حدیث مطلب بن زیاد روایت کرتے ہیں' اس حدیث کے ساتھ عثمان بن ابی شیبہ

---

**4922**- أخرجه النسائي: الصوم جلد4صفحه127 (باب ثواب من قام رمضان وصامه ايمانًا واحتسابًا)' والبيهقي في الكبرى جلد2صفحه694 رقم الحديث: 4602 .

**4923**- اسناده حسن' فيه: المطلب بن زياد وهو صدوق ربما وهم . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير' وعزاه الهيثمي في [illegible] جلد7صفحه44 [illegible] عبد الله بن احمد أيضًا وقال: ورجال المسند ثقات .

Marfat.com

اکیلے ہیں۔

**4924** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ اَبِی رَوْحٍ الْبَصْرِیُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: نَا عُبَیْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِیدِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ یَزِیدَ الْعُكْلِیِّ، عَنْ اِبْرَاهِیمَ بْنِ یَزِیدَ النَّخَعِیِّ، عَنْ اَبِی عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِیِّ، عَنْ خُزَیْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِیِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثٌ، وَلِلْمُقِیمِ یَوْمٌ وَلَیْلَةٌ وَیَمْسَحُ عَلَی الْخُفَّیْنِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مسافر کے لیے تین دن اور مقیم کے لیے ایک دن و رات موزوں پر مسح کرنے کی مدت مقرر کی۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الْحَارِثِ الْعُكْلِیِّ اِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ الْوَلِیدِ، وَلَا عَنِ الْقَاسِمِ اِلَّا عُبَیْدَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث حارث عکلی سے قاسم بن ولید اور قاسم سے عبیدہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن عمر اکیلے ہیں۔

**4925** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ اَبِی رَوْحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: نَا یَحْیَی بْنُ حَمَّادٍ الطَّائِیُّ قَالَ: نَا عِصْمَةُ بْنُ زَامِلٍ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَةَ یُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ مِنْ اُمَّتِهِ: اُكْفُلُوا لِی بِسِتِّ خِصَالٍ وَاَكْفُلُ لَكُمُ الْجَنَّةَ . قُلْتُ: مَا هِیَ یَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ، وَالزَّكَاةُ، وَالْاَمَانَةُ، وَالْفَرْجُ، وَالْبَطْنُ، وَاللِّسَانُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو آپ کے آس پاس صحابہ کرام تھے' مجھے چھ چیزوں کی ضمانت دو میں تمہیں جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: (۱) نماز (۲) زکوٰۃ' (۳) امانت' (۴) شرمگاہ' (۵) پیٹ' (۶) زبان۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن

---

**4924**- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 39 رقم الحديث: 157' والترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 158 رقم الحديث: 95' وقال: حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 253 رقم الحديث: 21921 .

**4925**- اسناده فيه: الفضل بن أبي روح البصري ولم أجده' وقال الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 296: واسناده حسن .

Marfat.com

عمرا کیلے ہیں۔

**4926** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْقُرْطِمِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ آدَمَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: أَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَشْيَاءَ لَا أَدَعُهَا حَتَّى أَمُوتَ: أَوْصَانِي بِرَكْعَتَيِ الْفَجْرِ قَالَ: فِيهِمَا رَغَائِبُ الدَّهْرِ، وَرَكْعَتَيِ الضُّحَى، فَإِنَّهَا صَلَاةُ الْأَوَّابِينَ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا، وَقَبْلَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ، وَبَعْدَ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَيْنِ، وَبَعْدَ الْعِشَاءِ رَكْعَتَيْنِ، وَبِصِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ قَالَ: هُوَ صَوْمُ الدَّهْرِ، وَأَنْ لَا أَبِيتَ إِلَّا عَلَى وِتْرٍ، وَقَالَ لِي: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، صَلِّ رَكْعَتَيْنِ أَوَّلَ النَّهَارِ أَضْمَنْ لَكَ آخِرَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے میرے دوست نے چھ اشیاء کی وصیت کی' میں نے ان کو موت تک نہ چھوڑنے کی نیت کی ہے' فجر کی دو سنتوں کو۔ فرمایا: ان دونوں میں زمانہ کی رغبت ہے' چاشت کی دو رکعتوں کی کیونکہ یہ رجوع کرنے والوں کی نماز ہے' ظہر سے پہلے اور بعد میں اور عصر سے پہلے اور مغرب کے بعد اور عشاء کے بعد دو رکعتوں کی' ہر ماہ تین روزے رکھنے کی کیونکہ اس کا ثواب تمام سال کے برابر کا ہے۔ سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی۔ مجھے فرمایا: اے ابوہریرہ! دن کے اوّل حصے میں دو رکعت نفل پڑھ! میں تیرے لیے آخرت کا ضامن ہوں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ

یہ حدیث حضرت انس' ابوہریرہ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیسیٰ العطار اکیلے ہیں۔

**4927** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ آدَمَ، عَنْ أَبِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل پسند کرتا ہے کہ اس کی رخصتوں کو قبول کیا جائے' جس طرح بندہ اپنے رب کی

---

**4926**- اسناده فيه: عبد الله بن يزيد بن آدم الدمشقي . قال أحمد: أحاديثه موضوعة . وقال الجوزجاني: أحاديثه منكرة . (اللسان جلد**3**صفحه**378**' والميزان جلد**2**صفحه**526**) . وقال الهيثمي في المجمع جلد**2**صفحه**237**: وفيه عمر (عمرو) بن عبد الجبار' وهو ضعيف .

**4927**- عزاه الهيثمي في المجمع جلد**3**صفحه**165** الى الكبير أيضًا وقال: عبد الله بن يزيد ضعفه أحمد' وغيره .

Marfat.com

الدَّرْدَاءِ، وَاَبِی اُمَامَةَ، وَوَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ، وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ تُقْبَلَ رُخَصُهُ، كَمَا يُحِبُّ الْعَبْدُ مَغْفِرَةَ رَبِّهِ

بخشش کو پسند کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ، وَاَبِی اُمَامَةَ، وَوَاثِلَةَ، وَاَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى

حضرت ابوالدرداء اور ابوامامہ واثلہ' انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**4928** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحَرْبِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَاَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادِ بْنِ سَمْعَانَ، وَعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَبُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً قِبَلَ نَجْدٍ اَنَا فِيهَا، فَكَانَتْ سِهَامُنَا قَدْ بَلَغَتِ اثْنَا عَشَرَ، وَنَفَلَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعِيرًا بَعِيرًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ایک سریہ نجد کی جانب بھیجا' میں اس میں شریک تھا' ہمارے حصے بارہ تک پہنچ گئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک ایک اونٹ بطور مالِ غنیمت کے دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث عبدالعزیز بن عبیداللہ سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔

**4929** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پاؤں میں دیت ہے۔

---

**4928**- اخرجه البخاری: الخمس جلد**6**صفحه**273** رقم الحديث:**3134**' ومسلم: الجهاد جلد**3**صفحه**1368** .

**4929**- اخرجه أبو داؤد: الديات جلد **4**صفحه**195** رقم الحديث: **4592**' والدارقطنی: سننه جلد **3**صفحه**152** رقم الحديث:**208**' والبيهقی فی الكبریٰ جلد**8**صفحه**595** رقم الحديث:**17688** .

Marfat.com

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرِّجْلُ جُبَارٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ

یہ حدیث زہری سے سفیان بن حسین روایت کرتے ہیں۔

**4930** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الْقَرْقَسَانِيُّ قَالَ: نَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ يَهُودِيَّةِ أَصْبَهَانَ، وَمَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفًا مِنَ الْيَهُودِ، عَلَيْهِمُ السِّيجَانُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دجال اصبہان کے یہود سے نکلے گا' اس کے ساتھ ستر یہودی ہوں گے' ان پر کشادہ گول چادر ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ

یہ حدیث اوزاعی' ربیعہ سے اور اوزاعی سے محمد بن مصعب روایت کرتے ہیں۔

**4931** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ بَكَّارٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الدُّنْيَا أَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الْآخِرَةِ، وَأَهْلُ الْمُنْكَرِ فِي الدُّنْيَا أَهْلُ الْمُنْكَرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دنیا میں نیکی کرنے والے آخرت میں نیکی کرنے والوں میں شمار ہوں گے' دنیا میں بُرائی کرنے والے آخرت میں بُرائی والوں میں شمار ہوں گے۔

---

4930- اسناده فيه: بشار بن موسى الخفاف شيباني عجلي بصري' وهو ضعيف . وأخرجه أيضًا أبو يعلى' وأحمد من طريق محمد بن مصعب' به . وقال الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 341: ورواية محمد بن مصعب عن الأوزاعي جيدة' وقد وثقه أحمد' وغيره' وضعفه جماعة' وبقية رجالهما (أحمد' وأبو يعلى) رجال الصحيح .

4931- اسناده فيه: المسيب بن واضح' وهو ضعيف . وأخرجه أيضًا في الصغير' وذكره الهيثمي في المجمع جلد7 صفحه266' وقال: رواه الطبراني في الصغير' والأوسط باسنادين في أحدهما: يحيى بن خالد بن حيان الرقي' ولم أعرفه' ولا ولده أحمد' وبقية رجاله رجال الصحيح' وفي الآخر: المسيب بن واضح' قال أبو حاتم: يخطئ كثيرًا فاذا قيل له' لم يرجع .

Marfat.com

فِي الْآخِرَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ بَكَّارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُسَيِّبُ بْنُ وَاضِحٍ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے علی بن بکار روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں میتب بن واضح اکیلے ہیں۔

**4932** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الرَّبِيعِ الْكِنْدِيُّ اللَّاذِقِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ شُعَيْبٍ الْجَبَلِيُّ بِجَبَلَةَ قَالَ: نَا سَلَامَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نَا سَلَمَةُ بْنُ كُلْثُومٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ قُرَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَجُلًا كَانَ يَعِظُ أَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُ، فَإِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْإِيمَانِ

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی اپنے بھائی کو حیاء کے متعلق نصیحت کر رہا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو کیونکہ حیاء ایمان سے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا سَلَمَةُ بْنُ كُلْثُومٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَامَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث اوزاعی سے سلمہ بن کلثوم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلامہ بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

**4933** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَحْمَدَ الْأَصْبَهَانِيُّ الْبُرْزَبَاذَانِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّا لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ وراثت نہیں ہوتا بلکہ صدقہ ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ إِلَّا لَيْثٌ، وَلَا عَنْ لَيْثٍ إِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ

یہ حدیث مجاہد سے لیث اور لیث سے حفص روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن

**4932**- أخرجه البخاري: الايمان جلد1صفحه93 رقم الحديث: 24' ومسلم: الايمان جلد1صفحه63 .

**4933**- اسناده فيه: الفضل بن أحمد الأصبهاني البرزباذاني' وهو متروك . قال أبو بكر ابن مردويه: ضعيف جدًا' واتهمه البعض بالكذب' والوضع . وقال الهيثمي في المجمع جلد9صفحه43: وفيه اسماعيل بن عمرو البجلي وثقه ابن حبان وضعفه غيره' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

عَمْرٍو

**4934** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ صَالِحِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عِيسَى بْنِ جَعْفَرِ بْنِ اَبِی جَعْفَرٍ الْمَنْصُورِ الْهَاشِمِیُّ قَالَ: نَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِیُّ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبُو قُعَیْسٍ اَنَّهُ، اَتَی عَائِشَةَ فَاسْتَاْذَنَ عَلَیْهَا، فَكَرِهَتْ اَنْ تَاْذَنَ لَهُ، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: یَا نَبِیَّ اللّٰهِ، جَاءَنِی اَبُو قُعَیْسٍ، فَاَبَیْتُ اَنْ آذَنَ لَهُ ـ قَالَ: لِیَدْخُلْ عَلَیْكِ عَمُّكِ ـ وَكَانَ اَبُو قُعَیْسٍ اَخَا ظِئْرِ عَائِشَةَ

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ اَبِی قَیْسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَلَمْ یُسْنِدْ اَبُو قُعَیْسٍ غَیْرَ هَذَا الْحَدِیثِ

**4935** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ صَالِحٍ الْهَاشِمِیُّ قَالَ: نَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِیُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ حَمْزَةَ بْنِ اُسَیْدٍ قَالَ: نَا خَلَفٌ یَعْنِی الضَّبِّیُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا اسْتَقْبَلَكُمْ؟ وَمَاذَا تَسْتَقْبِلُونَ؟ ثَلَاثًا قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اَوَحْیٌ نَزَلَ؟ اَوَعَدُوٌّ حَضَرَ؟ قَالَ: فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ فِی اَوَّلِ لَیْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

عمرو اکیلے ہیں۔

حضرت قاسم بن محمد فرماتے ہیں کہ مجھ سے ابوقعیس نے حدیث بیان کی ہے کہ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی طرف آئے۔ داخل ہونے کی اجازت مانگی تو انہوں نے اجازت دینے کو پسند نہ کیا۔ پس جب نبی کریم ﷺ تشریف لائے‘ حضرت عائشہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں نے ابوقعیس کو آنے کی اجازت نہیں دی۔ آپ نے فرمایا: تجھ پر تیرا چچا داخل ہوسکتا ہے۔ جناب ابوقعیس‘ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دودھ پلانے والی کے بھائی تھی۔

حضرت ابوقعیس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ پاک ہے‘ کیا چیز تمہارا استقبال کر رہی ہے؟ تم کس کا استقبال کررہے ہو؟ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: وحی نازل ہوئی‘ وعدہ حاضر ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: رمضان کی پہلی رات ہی میں اس قبلہ والوں کو بخش دیا جاتا ہے۔ راوی کا بیان ہے: ایک آدمی آپ کے آگے سر ہلا رہا تھا‘ کہہ رہا تھا: خوشی خوشی! حضور ﷺ نے فرمایا: گویا

---

**4934**- اسناده فيه: عباد بن منصور الناجي أبو سلمة البصري‘ وهو صدوق رمي بالقدر‘ وكان يدلس‘ وتغير بآخره. وأخرجه أيضًا في الصغير‘ وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه265: وفيه عباد بن منصور‘ وهو ثقة‘ وقد ضعف.

**4935**- اسناده فيه: عمرو بن حمزة بن أسيد‘ سكت عنه ابن أبي حاتم‘ وقالالبخاري‘ وابن عدي: لا يتابع عليه‘ وقال الدارقطني‘ وغيره: ضعيف. وقال الهيثمي في المجمع جلد3صفحه146: وفيه خلف أبو الربيع‘ ولم أجد له راويًا غيره عمرو بن حمزة‘ كما ذكر ابن أبي حاتم.

Marfat.com

لِكُلِّ اَهْلِ هَذِهِ الْقِبْلَةِ . قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ يَهُزُّ رَأْسَهُ: بَخٍ بَخٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَاَنَّهُ ضَاقَ صَدْرُكَ؟ فَقَالَ: لَا، وَلٰكِنْ ذَكَرْتُ الْمُنَافِقَ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُنَافِقُ كَافِرٌ، وَلَيْسَ لِكَافِرٍ فِي ذٰلِكَ مِنْ شَيْءٍ

تیرا سینہ تنگ ہے؟ اس نے کہا: نہیں! مجھے منافق یاد آیا' حضور ﷺ نے فرمایا: منافق کافر ہے' کافر کے لیے اس رات کوئی شے نہیں ہے۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث حضرت انس بن مالک سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن حمزہ اکیلے ہیں۔

**4936** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي صَدَقَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَفَعَهُ: قَالَ: قَالَ: اَلْقُوا نِصْفِي فِي الْبَحْرِ، وَنِصْفِي فِي الْبَرِّ قَالَ: فَدَعَى الْبَحْرَ بِمَا فِيهِ، وَالْبَرَّ بِمَا فِيهِ، فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: اَيْ رَبِّ، خَشْيَتُكَ . قَالَ: فَمَا تَلَافَاهُ غَيْرُهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے کہا: (جب میں مر جاؤں تو میرے دو حصے کرنا) میرا آدھا حصہ سمندر میں اور آدھا خشکی میں ڈالنا (اس کو ڈالا گیا) تو سمندر کے پانی اور خشکی کو حکم دیا گیا کہ اس کے ذرّوں کو اکٹھا کیا جائے' اس کو کہا گیا: تجھے ایسا کرنے پر کس نے اُبھارا؟ اس نے عرض کی: اے رب! میں تجھ سے ڈر گیا' اللہ عزوجل نے فرمایا: تجھے اس کے علاوہ کوئی عذاب نہیں ملے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي صَدَقَةَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا الْحَجَبِيُّ

یہ حدیث سعید بن ابوصدقہ سے حماد بن زید اور حماد سے حجبی روایت کرتے ہیں۔

**4937** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: لیلۃ القدر ستائیس یا انتیس کو ہوتی ہے' اس رات فرشتے کنکریوں کی تعداد

**4936**- اخرجه البخاری فی التوحید جلد 13 صفحه 474 رقم الحديث: 7506' ومسلم: التوبة جلد 4 صفحه 2109 بنحوه .

**4937**- اسناده حسن' فيه: عمران القطان وهو صدوق يهم .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ اِنَّهَا لَيْلَةُ سَابِعَةٍ، اَوْ تَاسِعَةٍ، وَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ فِي الْاَرْضِ اَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ الْحَصَا

سے زیادہ ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ

یہ حدیث قتادہ سے عمران القطان روایت کرتے ہیں۔

**4938** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: نَا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ رِئَابٍ الْاُسَيِّدِيُّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُسْتَرَاحُ رَائِحَةُ الْجَنَّةِ مِنْ مَسِيرَةِ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ، وَلَا يَجِدُ رِيحَهَا مَنَّانٌ بِعَمَلِهِ، وَلَا عَاقٌّ، وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت کی خوشبو پانچ سومیل سے محسوس کی جاتی ہے لیکن اپنے عمل کا احسان جتلانے والا نافرمان شراب کا عادی اس کی خوشبو نہیں پائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ اِلَّا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ

یہ حدیث ہارون بن رئاب سے ربیع بن بدر روایت کرتے ہیں۔

**4939** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا اَبُو الْوَلِيدِ قَالَ: نَا غَوْثُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ زِيَادٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي سُلَيْمَانُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيِّ، فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ، فَدَعَا بِطَسْتٍ فَبَالَ فِيهَا، وَقَالَ لِلْجَارِيَةِ: اسْتُرِينِي فَسَتَرَتْهُ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت سلیمان بن زیاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء زبیدی کے پاس جمعہ کے دن آئے آپ نے ایک تھال منگوایا اور اس میں پیشاب کیا اور اپنی لونڈی سے کہا کہ مجھے پردہ کر! اس نے پردہ کیا' پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو قبلہ رخ منہ کر کے پیشاب کرنے سے منع فرماتے

**4938**- اسناده فيه: الربيع بن بشر' وهو متروك .

**4939**- عند ابن ماجة واحمد من طريق الليث بن سعد عن يزيد بن أبي حبيب أنه سمع عبد الله بن الحرث فذكره دون القصة . أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 115 رقم الحديث: 317 في الزوائد: اسناده صحيح وحكم بصحته جماعة . واحمد: المسند جلد 4 صفحه 234 رقم الحديث: 17717 . انظر: نصب الراية جلد 2 صفحه 103 .

Marfat.com

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى اَنْ يَبُولَ اَحَدُكُمْ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ

ہوئے سنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ غَوْثِ بْنِ سُلَيْمَانَ اِلَّا اَبُو الْوَلِيدِ

یہ حدیث غوث بن سلیمان سے ابوولید روایت کرتے ہیں۔

**4940** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ الْجُمَحِيُّ قَالَ: ذَكَرَ خَلَّادُ بْنُ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: نَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ قَالَ: كُنَّا بِالْمِرْبَدِ، فَاَتَانَا اَعْرَابِيٌّ، وَمَعَهُ قِطْعَةُ اَدِيمٍ، فَقَالَ: انْظُرُوا مَا فِيهَا، فَاِذَا كِتَابٌ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى بَنِي زُهَيْرِ بْنِ اُقَيْشٍ حَيٍّ مِنْ عُكْلٍ: اِنَّكُمْ اِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ، وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ، وَاَدَّيْتُمْ خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ، وَسَهْمَ النَّبِيِّ، وَالصَّفِيِّ، فَاَنْتُمْ آمِنُونَ بِاَمَانِ اللّٰهِ . فَقُلْتُ: اَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: صَوْمُ شَهْرِ الصَّبْرِ، وَثَلَاثَةُ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، يُذْهِبْنَ وَغَرَ الصَّدْرِ . فَقُلْنَا: اَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: اَرَاكُمْ تَتَّهِمُونِي، فَاَخَذَ الصَّحِيفَةَ، وانْصَاعَ فَسَاَلْنَا عَنْهُ، فَقِيلَ: هَذَا النَّمِرُ بْنُ تَوْلَبٍ الْعُكْلِيُّ

حضرت ابوالعلاء فرماتے ہیں کہ ہم مقامِ مربد میں تھے کہ آپ کے پاس ایک دیہاتی آیا' اس کے پاس چمڑے کا ایک ٹکڑا' اس نے کہا: دیکھو اس میں کیا ہے؟ اس میں خط تھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنی زہیر بن اُقیش کی طرف لکھا تھا عکل کے قبیلہ کی طرف' اس میں لکھا تھا: اگر تم نے نماز قائم کی' زکوٰۃ دی' جو تم کو مالِ غنیمت ملے اس سے خمس ادا کیا' نبی کا حصہ نکالا' تم اللہ کی امان پر ایمان لائے۔ میں نے کہا: کیا آپ نے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے؟ آپ نے کہا: میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ رمضان کے روزے اور ہر ماہ تین روزے رکھنے سے دلوں کی بیماریاں ختم کر دیتا ہے (یعنی گناہ) ہم نے کہا: کیا آپ نے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے؟ اس نے کہا: تم مجھے جھٹلاتے ہو! اس نے وہ صحیفہ پکڑا اور اسے رکھ دیا۔ ہم نے اس کے متعلق پوچھا تو اس نے کہا: کہا گیا ہے کہ یہ نمر بن تولب عکلی کا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَلَّادِ بْنِ قُرَّةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ

یہ حدیث خلاد بن قرہ سے محمد بن سلام روایت کرتے ہیں۔

**4940**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 3صفحه199 وقال: رواه الطبراني في الأوسط من طريق خلاد بن قرة ابن خالد عن أبيه' وكلاهما لم أعرفه . قلت: أما خلاد فقد روى عنه الطبراني' وغيره' ترجمه أبو نعيم' ولم أجد من جرحه' فهو مستور' وأما قرة فهو ابن خالد السدوسي ثقة ضابط من رجال الستة .

Marfat.com

**4941** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عَنْبَسَةَ الْغَنَوِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، أَنَّ أَصْحَابَ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْرَعُوا فِي الْقَتْلِ حَتَّى بَلَغَ قَتْلُهُمُ الْوِلْدَانَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يَكُونَ أَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے اصحاب قتل کرنے میں جلدی کی یہاں تک کہ بچوں کو قتل کرنے پر پہنچ گئے' حضور ﷺ نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَنْبَسَةَ الْغَنَوِيِّ إِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ

یہ حدیث عنبسہ غنوی سے عبدالوہاب الثقفی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلام اکیلے ہیں۔

**4942** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ حُبَابٍ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي رَزِينٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمِّي، قَالَتْ: كَانَتْ أُمُّ الْحَرِيرِ، إِذَا مَاتَ رَجُلٌ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْهَا، فَقِيلَ لَهَا: أُمَّ الْحَرِيرِ، مَا لَنَا نَرَاكِ إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْكِ؟ قَالَتْ: سَمِعْتُ مَوْلَايَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنَ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ هَلَاكُ الْعَرَبِ قَالَ مُحَمَّدٌ: وَمَوْلَاهَا: طَلْحَةُ بْنُ مَالِكٍ

حضرت اُم حریر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ عرب میں کوئی آدمی مرجاتا تو پریشانی طاری ہوتی' اُم حریر سے عرض کی گئی: ہم دیکھتے ہیں کہ جب عرب سے کوئی آدمی مرجاتا ہے تو آپ پریشان ہوتی ہیں' آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے اپنے آقا کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے قریب عرب لوگ ہلاک ہوں گے۔ محمد فرماتے ہیں: ان کے آقا طلحہ بن مالک تھے۔

---

**4941**- اسنادہ فیہ: عنبسة الغنوی وهو ضعیف ۔ تخریجه: الطبرانی فی الکبیر' من طرق مختصرًا' ومطولًا' وأحمد' من طرق' والدارمی' والحاکم' والبیهقی ۔ وقال الهیثمی فی المجمع جلد 5 صفحه 319: وبعض أسانید أحمد رجاله رجال الصحیح ۔

**4942**- أخرجه الترمذی: المناقب جلد 5 صفحه 724 رقم الحدیث: 3929' وقال: غریب انما نعرفه من حدیث سلیمان بن حرب ۔

Marfat.com

**4943** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْاَشْجَعِيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، وَبُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْعُيُونُ الْعُشْرُ، وَفِيمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو زمین بادلوں اور چشموں سے سیراب ہوتی ہے اس میں عشر ہے جسے کنووں سے سیراب کیا جاتا ہے اس میں نصف عشر ہے (یعنی بیسواں حصہ)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ وَبُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث سلیمان بن یسار اور بسر بن سعید سے حارث بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔

**4944** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نَا هِشَامٌ اَبُو الْمِقْدَامِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِيهَا، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ، فَقَالَ اِذَا ذَكَرَهَا: اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُونَ، جَدَّدَ اللّٰهُ لَهُ مِنْ اَجْرِهَا مِثْلَ مَا كَانَ يَوْمَ اَصَابَتْهُ

حضرت فاطمہ بنت حسین اپنے والد سے روایت کرتی ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کو مصیبت پہنچی تھی جب اس کو یاد آئے تو انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھے اللہ عزوجل اس کے لیے وہی ثواب لکھے گا جو اس کو مصیبت پہنچنے کے وقت ملا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمِقْدَامِ

یہ حدیث حسین بن علی سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابومقدام اکیلے ہیں۔

**4945** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضورﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ!

---

4943- أخرجه الترمذي: الزكاة جلد3صفحه22 رقم الحديث: 639، وابن ماجة: الزكاة جلد 1صفحه5580 رقم الحديث: 1816 .

4944- اسناده فيه: هشام أبو المقدام، وهو هشام بن زياد بن أبي يزيد وهو متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه334: وفيه هشام بن زياد أبو المقدام، وهو ضعيف .

4945- ذكره الهيثمي في المجمع جلد4صفحه240 وقال: وفيه سعيد بن محمد الورق، وهو متروك .

Marfat.com

قَالَ: نَا حُلَّامُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ رَبِيعَةَ الْعَبْسِيُّ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي ابْتَعْتُ عَبْدًا، فَمَا اَصْنَعُ بِهِ؟ قَالَ: اَخُوكَ فِي الْإِسْلَامِ، فَاَطْعِمْهُ مِمَّا تَاْكُلُ، وَاَلْبِسْهُ مِمَّا تَلْبَسُ، فَإِذَا كَرِهْتَهُ فَبِعْهُ

میں نے ایک غلام خریدا ہے میں اس کے ساتھ کیا کروں؟ آپ نے فرمایا: وہ تیرا اسلام میں بھائی ہے' اسے وہی کھلا جو خود کھاتا ہے اور اسے وہی پہنا جو خود پہنتا ہے' اگر تو اُسے ناپسند کرے تو اس کو فروخت کر دے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ حُذَيْفَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ

یہ حدیث حذیفہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں سعید بن محمد الوراق اکیلے ہیں۔

**4946** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نَا الْاَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ، عَنْ اَبِي نَوْفَلِ بْنِ اَبِي عَقْرَبٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الْجَوَامِعَ مِنَ الدُّعَاءِ، وَيَدَعُ مَا بَيْنَ ذٰلِكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ مختصر دعا کرنے کو پسند کرتے تھے' اس کے علاوہ کو چھوڑتے تھے۔

لَا يَرْوِى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْاَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اسود بن شیبان اکیلے ہیں۔

**4947** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا اَبُو الْوَلِيدِ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدًا فِي الْمَسْجِدِ، وَدَخَلَ اَعْرَابِيٌّ فَقَعَدَ يَبُولُ، فَقَالَ اَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ اپنے چچا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے کہ ایک دیہاتی داخل ہوا اور بیٹھ کر پیشاب کرنے لگا' حضور ﷺ کے اصحاب نے فرمایا: اُٹھ اُٹھ! حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو نہ اُٹھاؤ! پھر آپ نے اس کو بلایا اور فرمایا: یہ

---

4946- اخرجه ابو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 78 رقم الحديث: 1482' واحمد: المسند جلد 6 صفحه 211 رقم الحديث: 25610 .

4947- اخرجه البخاري: الأدب جلد 10 صفحه 463-464 رقم الحديث: 6025' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 236 ولفظه لمسلم .

Marfat.com

وَسَلَّمَ: مَهْ مَهْ ۔ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُزْرِمُوهُ، ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ: إِنَّ هَذِهِ الْمَسَاجِدَ لَا تَصْلُحُ لِشَيْءٍ مِنَ الْقَذَرِ أَوْ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا هِيَ لِقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَالصَّلَاةِ وَذِكْرِ اللّٰهِ، ثُمَّ دَعَا بِدَلْوٍ مِنْ مَاءٍ، فَشَنَّهُ عَلَيْهِ

مسجدیں گندگی کے لیے نہیں ہیں' یہ قرآن پڑھنے اور نماز اور ذکر کے لیے ہیں' پھر آپ نے پانی کا ایک ڈول منگوایا اور اس (پیشاب) پر ڈال دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ إِلَّا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، وَهَمَّامُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ سے عکرمہ بن عمار اور ہمام بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

**4948** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ مَرَّةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کے سامنے میرا ذکر ہو تو وہ مجھ پر درود پڑھے' جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا اللہ عزوجل اس پر دس رحمتیں بھیجے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ

یہ حدیث ابواسحاق سے ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن سلام اکیلے ہیں۔

**4949** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ آئے تو آپ نے گھر تقسیم کیے' حضرت ابن مسعود کو بھی ایک گھر دیا۔ آپ کے

**4948**- اسناده صحيح ۔ ذكره الهيثمي في المجمع جلد10صفحه166 وقال: ورجاله رجال الصحيح ۔

**4949**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد4صفحه200 وقال: ورجاله ثقات ۔ قلت: هو كما قال لكن رواية يحيى بن جعدة عن ابن مسعود مرسلة' قال الحربي في العلل: لم يدرك ابن مسعود' وقال أبو حاتم: لم يلقه' وأخرجه أيضًا الطبراني في الكبير ۔

Marfat.com

عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ اَقْطَعَ الدُّورَ، وَاَقْطَعَ ابْنَ مَسْعُودٍ فِيمَنْ اَقْطَعَ، فَقَالَ لَهُ اَصْحَابُهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَكِّبْهُ عَنَّا ـ قَالَ: فَلِمَ بَعَثَنِي اللّٰهُ اِذًا؟ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُقَدِّسُ اُمَّةً لَا يُعْطُونَ الضَّعِيفَ مِنْهُمْ حَقَّهُ

اصحاب نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کو ہم سے دُور کر دو' آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مجھے اس کے لیے نہیں بھیجا ہے؟ بے شک اللہ عزوجل اس اُمت کو پاک نہیں کرتا ہے جس میں کمزور کو اس کا حق نہ دیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ مُجَوَّدًا اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلَامٍ

یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے عمدہ طور پر عبدالرحمٰن بن سلام روایت کرتے ہیں۔

**4950** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا شَاذُّ بْنُ الْفَيَّاضِ قَالَ: نَا اَبُو قَحْذَمٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: مَرَّ عُمَرُ بِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَهُوَ يَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكَ؟ قَالَ: حَدِيثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ صَاحِبِ هٰذَا الْقَبْرِ يَعْنِي: النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَدْنَى الرِّيَاءِ شِرْكٌ، وَاَحَبَّ الْعَبِيدِ اِلَى اللّٰهِ الْاَتْقِيَاءُ الْاَخْفِيَاءُ، الَّذِينَ اِذَا غَابُوا لَمْ يُفْتَقَدُوا، وَاِذَا شَهِدُوا لَمْ يُعْرَفُوا اُولٰئِكَ اَئِمَّةُ الْهُدَى، وَمَصَابِيحُ الْعِلْمِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے اس حالت میں کہ حضرت معاذ رو رہے تھے' حضرت عمر نے فرمایا: آپ کیوں رو رہے ہیں؟ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اس حدیث کی وجہ سے جو میں نے صاحبِ قبر سے سنی' یعنی حضور ﷺ سے' میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ کم از کم دکھاوا بھی شرک ہے۔ اللہ کے بندوں میں سے متقی اور مخفی لوگ ہی پسندیدہ ہیں جو غائب ہو کر بھی گم نہیں ہوتے اور جب حاضر ہوتے ہیں تو انہیں پہچان کوئی نہیں سکتا۔ یہی ہدایت کے امام ہیں اور علم کے چراغ ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ اِلَّا اَبُو قَحْذَمٍ وَاسْمُهُ: النَّضْرُ بْنُ مَعْبَدٍ الْجَرْمِيُّ

اس حدیث کو ابوقلابہ سے ابوقحذم نے روایت کیا۔ ان کا نام نضر بن معبد جرمی ہے۔

---

**4950**- أخرجه الحاكم: المستدرك جلد 3 صفحه 270 وقال: صحيح الاسناد ولم يخرجاه . وقال الذهبي: أبو قحذم . قال أبو حاتم: لا يكتب حديثه' وقال النسائي: ليس بثقة . وعند ابن ماجة من طريق ابن لهيعة عن عيسى بن عبد الرحمٰن' عن زيد بن أسلم' عن أبيه' عن عمر بن الخطاب' فذكره ابن ماجة: الفتن جلد 2 صفحه 1320 صفحه 3989 بنحوه' وقال في الزوائد: في اسناده عبد الله بن لهيعة' وهو ضعيف .

Marfat.com

**4951** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: نَا بَزِيعٌ اَبُو الْخَلِيلِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي فِي الْمَوْضِعِ الَّذِي يَبُولُ فِيهِ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، وَقَالَ: اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا سَجَدَ لِلّٰهِ سَجْدَةً طَهَّرَ اللّٰهُ مَوْضِعَ سُجُودِهِ اِلَى سَبْعِ اَرَضِينَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ اس جگہ نماز پڑھتے تھے جہاں بچپن میں حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما پیشاب کرتے تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: بندہ جب اللہ کے لیے سجدہ کرتا ہے تو اس کے سجدہ والی جگہ کو سات زمینوں تک پاک کرتا ہے۔

**4952** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: نَا بَزِيعٌ اَبُو الْخَلِيلِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَذِيبُوا طَعَامَكُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ وَالصَّلَاةِ، وَلَا تَنَامُوا عَلَيْهِ فَتَقْسُوَا قُلُوبُكُمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے کھانے کو اللہ کے ذکر اور درود پڑھ کر شروع کیا کرو' اس حالت میں نہ سویا کرو کہ تمہارے دل تنگ ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا بَزِيعٌ اَبُو الْخَلِيلِ

یہ دونوں حدیثیں ہشام بن عروہ سے بزیع ابوالخلیل روایت کرتے ہیں۔

**4953** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا شَاذُّ بْنُ الْفَيَّاضِ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي كِنَانَةُ، عَنْ صَفِيَّةَ، قَالَتْ: اَعْتَقَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَعَلَ عِتْقِي صَدَاقِي

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے آزاد کیا اور میرا آزاد کرنا ہی حق مہر بنایا۔

---

**4951**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد**2**صفحه**10** وقال: وبزيع (أبو الخليل) متهم بالوضع .

**4952**- اسناده فيه: بزيع أبو الخليل' متهم بالوضع' وقال الهيثمي في المجمع جلد **5**صفحه**33**: وفي بزيع أبو الخليل' وهو ضعيف .

**4953**- اسناده فيه: هاشم بن سعيد أبو اسحاق الكوفي' ضعفه ابن معين' وأبو حاتم' وذكره ابن حبان في الثقات . تخريجه الطبراني في الكبير جلد**24** رقم الحديث: **73** رقم الحديث: **194**' وقال الهيثمي في المجمع جلد**4**صفحه**285**: ورجاله ثقات .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ صَفِيَّةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث صفیہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**4954** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا شَاذُّ بْنُ الْفَيَّاضِ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَجَرُ الْأَسْوَدُ مِنْ حِجَارَةِ الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا عُمَرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَاذٌّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حجر اسود جنتی پتھر ہے۔

یہ حدیث قتادہ سے عمر بن ابراہیم روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں شاذ اکیلے ہیں۔

**4955** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا أَبُو مَعْمَرٍ الْمُقْعَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَتْ: (مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ، فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ) (آل عمران: 7) قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَأَيْتَ الْمُجَادِلِينَ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِيهِ فَإِنَّهُمْ هُمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب نازل ہوئی یہ آیت کہ "اس کی کچھ آیتیں صاف معنی رکھتی ہیں، یہ ہی کتاب کی اصل ہیں اور دوسری وہ ہیں جن کے معنی میں اشتباہ ہے وہ جن کے دلوں میں کجی ہے وہ اشتباہ والی آیت کے پیچھے پڑتے ہیں، گمراہی چاہتے اور اس کا پہلو ڈھونڈنے کو اور اس کا ٹھیک پہلو اللہ ہی کو معلوم ہے"۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تو قرآن میں جھگڑنے والوں کو دیکھے، یہ لوگ اس حکم میں شامل ہیں۔

یہ حدیث حضرت علی بن زید سے عبدالوارث روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

---

**4954**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد3 صفحه245 وقال: رواه البزار، والطبراني في الأوسط، وفيه عمر بن ابراهيم العبدي وثقه ابن معين وغيره، وفيه ضعف .

**4955**- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 18-19 رقم الحديث: 47، وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 54 رقم الحديث: 24265 .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ فُضَيْلٌ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام فضیل ہے

4956 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ قَالَ: نَا أَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ حِبَّانَ الرَّقِّيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّهُ كَانَ يَنْهَى الصَّائِمَ أَنْ يُقَبِّلَ، وَيَقُولُ: إِنَّهُ لَيْسَ لِأَحَدِكُمْ مِنَ الْعِصْمَةِ مَا كَانَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روزہ کی حالت میں بوسہ لینے سے منع کرتے تھے اور فرماتے: تم میں سے کوئی اس سے نہیں بچ سکتا جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بچتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا زَيْدُ بْنُ حِبَّانَ

یہ حدیث زہری سے زید بن حبان روایت کرتے ہیں۔

4957 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ قَالَ: نَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا أَبُو الدَّوْسِ قَالَ: جَاءَنِي رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: أَبُو مَعْقِلٍ، فَقَالَ لِي: اكْتُبْ، فَكَتَبَ: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: أَوْصَانِي خَلِيلِي أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَوْمِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَنَوْمٍ عَلَى وِتْرٍ، وَتَسْبِيحِ الضُّحَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے تین کاموں کی وصیت کی' ہر ماہ تین روزے رکھنے کی' سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی اور چاشت کے نفلوں کی۔

4958 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ قَالَ: نَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، عَنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہل مدینہ کے لیے ذی الحلیفہ اور شام والوں

---

4956- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه169 وقال: وفيه زيد بن حبان الرقي وقد وثقه ابن حبان وغيره وفيه كلام .

4957- تقدم تخريجه .

4958- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه453 رقم الحديث: 1525' ومسلم: الحج جلد2صفحه839 بنحوه .

Marfat.com

مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: وَقَّتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ، وَأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ، وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ، وَلِأَهْلِ الطَّائِفِ قَرْنًا

کے لیے جحفہ' یمن والوں کے لیے یلملم اور طائف والوں کے لیے قرن کو میقات مقرر فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ إِلَّا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ

یہ حدیث میمون بن مہران سے جعفر بن برقان روایت کرتے ہیں۔

**4959** - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ قَالَ: نَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ صُهَيْبٍ الْفَقِيرِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ وَالْمُزَفَّتِ، وَالدُّبَّاءِ، وَالنَّقِيرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جر' مزفت' دباء اور نقیر (شراب بنانے کے برتن) میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْفَقِيرِ إِلَّا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ

یہ حدیث فقیر سے جعفر بن برقان روایت کرتے ہیں۔

**4960** - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ قَالَ: نَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، عَنْ عَرَفَةَ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: وَقَّتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ، وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ، وَلِأَهْلِ الطَّائِفِ قَرْنًا، ثُمَّ قَالَ: هٰؤُلَاءِ لِأَهْلِهِنَّ، وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ سِوَى أَهْلِهِنَّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ والوں کے لیے ذی الحلیفہ' یمن والوں کے لیے یلملم' طائف والوں کے لیے قرن کو میقات مقرر کیا' پھر فرمایا: یہ میقات ان شہروں میں رہنے والوں کے لیے ہیں اور جو بھی یہاں سے آئے گا' اس کے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ إِلَّا أَبُو نُعَيْمٍ

یہ حدیث جعفر بن برقان سے ابونعیم روایت کرتے ہیں۔

---

4959- أخرجه مسلم: الأشربة جلد3صفحه1583' وأحمد: المسند جلد2صفحه77 رقم الحديث: 5190 .

4960- أخرجه البخارى: الحج جلد3صفحه450 رقم الحديث: 1524' ومسلم: الحج جلد2صفحه838 .

Marfat.com

# بَابُ الْقَافِ

## مَنِ اسْمُهُ الْقَاسِمُ

# باب القاف

## اس شیخ کے نام سے جن کا نام قاسم ہے

**4961** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَفَافِ بْنِ سُلَيْمٍ الْفَوْزِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي أَحْمَدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: كُنْتُ أَمْشِي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْتَهَى إِلَى سُبَاطَةِ قَوْمٍ، فَبَالَ قَائِمًا فَدَعَانِي، فَقَالَ: لِمَ تَنَحَّيْتَ؟ فَجِئْتُ حَتَّى كُنْتُ عِنْدَ عَقِبَيْهِ، ثُمَّ أُتِيَ بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا کہ آپ قوم کے کوڑا کرکٹ کے پاس پہنچے آپ نے کھڑے ہوکر پیشاب کیا پھر مجھے بلایا اور فرمایا: تم پیچھے کیوں ہٹے تھے؟ میں آپ کے پاس آیا یہاں تک کہ آپ کے پاس کھڑا ہوگیا' پھر میں آپ کے پاس پانی لے کر آیا تو آپ ﷺ نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ إِلَّا زَكَرِيَّا، وَلَا عَنْ زَكَرِيَّا إِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ مُسْلِمٍ الْفَوْزِيُّ

یہ حدیث شعبی سے زکریا او زکریا سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں احمد بن مسلم فوزی اکیلے ہیں۔

**4962** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اللَّيْثِ أَبُو صَالِحٍ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: نَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ،

حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن عمر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے شراب پینے اور پلانے' نچوڑنے اور نچڑوانے' اُٹھانے والے اور اُٹھوانے والے پر اور فروخت کرنے اور خریدنے والے اور اس

---

4961- اخرجه البخاري: الوضوء جلد 1 صفحه 393 رقم الحديث: 225' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 228 ولفظه لمسلم .

4962- اخرجه أبو داؤد: الأشربة جلد 3 صفحه 324 رقم الحديث: 3674' وابن ماجة: الأشربة جلد 2 صفحه 1211 رقم الحديث: 3380' واحمد: المسند جلد 2 صفحه 36 رقم الحديث: 4786' والمصنف في الصغير جلد 1 صفحه 266 .

Marfat.com

اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْخَمْرَ، وَلَعَنَ سَاقِيَهَا، وَشَارِبَهَا، وَعَاصِرَهَا، وَمُعْتَصِرَهَا، وَحَامِلَهَا، وَالْمَحْمُولَةَ اِلَيْهِ، وَبَائِعَهَا، وَمُبْتَاعَهَا، وَآكِلَ ثَمَنِهَا

کے پیسے کھانے والے پر لعنت فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَائِلٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: فُلَيْحٌ

یہ حدیث عبداللہ بن عبداللہ سے سعید بن عبدالرحمٰن بن وائل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں فلیح اکیلے ہیں۔

**4963** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اللَّيْثِ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: نَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ خَوَّاتِ بْنِ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ، عَنْ عَمَّتِهِ اُمِّ عَمْرٍو بِنْتِ خَوَّاتٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاصِلَةَ، وَالْمُسْتَوْصِلَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے واصلہ اور متوصلہ پر لعنت فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اُمِّ عَمْرٍو بِنْتِ خَوَّاتٍ اِلَّا خَوَّاتُ بْنُ صَالِحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: فُلَيْحٌ

یہ حدیث ابوعمرو بنت خوات سے خوات بن صالح روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں فلیح اکیلے ہیں۔

**4964** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اللَّيْثِ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: نَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي سُوَيْدُ بْنُ غَفَلَةَ قَالَ: خَرَجْتُ اَنَا، وَزَيْدُ بْنُ صُوحَانَ، وَسَلْمَانُ بْنُ رَبِيعَةَ، فَالْتَقَطْتُ سَوْطًا، فَاَمَرَنِي اَنْ اَتْرُكَهُ فَاَبَيْتُ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ فَقَالَ:

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں تھے کہ ہمیں ایک کوڑا ملا' قوم میں سے ایک آدمی نے پکڑ لیا' ہم نے اس کو پکڑنے سے منع کیا تو اس نے انکار کیا' جب مدینہ آئے تو ہم حضرت ابی بن کعب سے ملے' ہم نے اس بات کا ذکر آپ سے کیا تو حضرت ابی نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں سو دینار پائے' میں ان کو لے کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

**4963**- أخرجه البخاري: اللباس جلد**10**صفحه**386** رقم الحديث:**5934**' ومسلم: اللباس جلد**3**صفحه**1677** .

**4964**- تقدم تخريجه .

Marfat.com

اَصَبْتَ اِنِّی الْتَقَطْتُ زَمَانَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةَ دِينَارٍ، فَاَخْبَرْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَا، فَاَمَرَنِى اَنْ اُعَرِّفَهَا سَنَةً، ثُمَّ اَخْبَرْتُهُ اَنَّهَا لَمْ تُعْرَفْ، ثُمَّ اَمَرَنِى اَنْ اُعَرِّفَهَا، فَعَرَّفْتُهَا سَنَةً، ثُمَّ اَخْبَرْتُهُ اَنَّهَا لَمْ تُعْرَفْ، ثُمَّ اَمَرَنِى اَنْ اُعَرِّفَهَا، فَعَرَّفْتُهَا سَنَةً، ثُمَّ اَخْبَرْتُهُ اَنَّهَا لَمْ تُعْرَفْ، فَقَالَ: اعْرَفْ وِعَاءَهَا وَوِكَاءَهَا، ثُمَّ اقْضِ بِهَا حَاجَتَكَ، فَاِنْ جَاءَ لَهَا طَالِبٌ رَدَدْتَهَا

بارگاہ میں آیا' آپ ﷺ نے فرمایا: ایک سال تک اعلان کرو جب سال مکمل ہو گیا تو آپ نے فرمایا: دوسرا سال بھی اعلان کرو' میں نے ایسے ہی کیا جب دوسرا سال مکمل ہوا تو اس کو لے کر آپ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' تین سالوں کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا: اس تھیلی کی حفاظت کر اور دینار گن لے' اس سے فائدہ اُٹھاؤ' اگر اس کا مالک آ جائے تو اس کو واپس کر دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِى اُنَيْسَةَ اِلَّا فُلَيْحٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُعَافَى

یہ حدیث زید بن انیسہ سے صرف فلیح روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معافی اکیلے ہیں

**4965** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اللَّيْثِ قَالَ: نَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا فُلَيْحٌ، عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِى مَيْمُونَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِنَا يَوْمًا، ثُمَّ رَقِىَ الْمِنْبَرَ، فَاَشَارَ بِيَدِهِ قِبَلَ قِبْلَةِ الصَّلَاةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: قَدْ رَاَيْتُ الْآنَ مُنْذُ صَلَّيْتُ لَكُمُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ قِبَلَ هَذَا الْجِدَارِ، وَلَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ فِى الْخَيْرِ وَالشَّرِّ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ہمیں ایک دن نماز پڑھائی' پھر آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے' آپ نے اپنے ہاتھ کے ساتھ نماز میں اشارہ کیا تھا' جب سلام پھیرا تو فرمایا: میں نے ابھی جب نماز پڑھ رہا تھا تو جنت اور دوزخ کو اس دیوار کی جانب دیکھا' میں نے آج کے دن کی طرح بھلائی اور شر نہیں دیکھا۔ یہ تین مرتبہ فرمایا۔

**4966** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اللَّيْثِ قَالَ: نَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی' آپ نے فرمایا: میں تمہیں پیچھے سے ایسے ہی دیکھتا ہوں جس طرح تمہیں آگے دیکھتا ہوں۔

---

4965- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه271 رقم الحديث: 749 .

4966- أخرجه البخاري: الصلاة جلد1صفحه613 رقم الحديث: 419، ومسلم: الصلاة جلد1صفحه319 بنحوه .

Marfat.com

اَرَاكُمْ مِنْ خَلْفِي كَمَا اَرَاكُمْ اَمَامِي

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ دونوں حدیثیں ہلال بن علی سے فلیح بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**4967** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّلَّالُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا مِخْوَلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةِ كَهَاتَيْنِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت دونوں اس طرح بھیجے گئے ہیں (دوانگلیوں کا اشارہ کیا)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا اِسْرَائِيلُ

یہ حدیث منصور سے اسرائیل روایت کرتے ہیں۔

**4968** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّلَّالُ قَالَ: نَا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ: نَا مَنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بَادَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِرَّةً اَنْ تَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ فِي الصَّلَاةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازی کے آگے گزرنے سے بلی کو روکتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا مَنْدَلٌ

یہ حدیث سلیمان التیمی سے مندل روایت کرتے ہیں۔

**4969** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّلَّالُ قَالَ: نَا اُسَيْدُ بْنُ زَيْدٍ الْجَمَّالُ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بادشاہوں کے ہدیہ میں خیانت ہوتی ہے۔

---

**4967**- اسناده فيه: القاسم بن محمد بن حماد الدلال الكوفي، ضعفه الدارقطني، وذكره ابن حبان في الثقات، واخرجه الطبراني في الكبير، واحمد، وعزاه الهيثمي في المجمع جلد10صفحه314 الى البزار ايضًا وقال: ورجال احمد رجال الصحيح، غير ابي خالد الوالبي، وهو ثقة .

**4968**- ذكر الهيثمي في المجمع جلد2صفحه63 وقال: وفيه مندل بن علي، وهو ضعيف .

**4969**- اسناده فيه: أ- القاسم بن محمد الدلال وهو ضعيف . ب- أسيد بن زيد بن نجيح الجمال الهاشمي وهو ضعيف . وذكره الهيثمي في المجمع جلد4صفحه154 وقال: واسناده حسن .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَدَايَا الْأُمَرَاءِ غُلُولٌ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا لَيْثٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: قَيْسٌ

یہ حدیث عطاء سے لیث روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں قیس اکیلے ہیں۔

**4970** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَهْدِيٍّ الْإِخْمِيمِيُّ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّأَ فَلْيَسْتَنْثِرْ، وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوتِرْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو وضو کرے وہ ناک صاف کرے' جو پتھر سے استنجاء کرے وہ طاق پتھر (تین' ایک) استعمال کرے۔

**4971** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَهْدِيٍّ قَالَ: نَا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّأَ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب حالت جنابت میں سونے کا ارادہ کرتے تو آپ نماز جیسا وضو کرتے۔

**4972** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَهْدِيٍّ قَالَ: ثَنَا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ اللَّيْثِيُّ، أَنَّ حُمْرَانَ

حضرت حمران مولیٰ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اعضاءِ وضو کو تین تین مرتبہ دھویا' پھر فرمایا: حضور ﷺ نے میری طرح وضو کیا' پھر فرمایا: حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس

**4970**- أخرجه البخاري: الوضوء جلد **1** صفحه **315** رقم الحديث: **161**' ومسلم: الطهارة جلد **1** صفحه **212** .

**4971**- أخرجه البخاري: الغسل جلد **1** صفحه **468** رقم الحديث: **288**' ومسلم: الحيض جلد **1** صفحه **248** .

**4972**- اسناده فيه: أ - القاسم بن عبد الله بن مهدى الاحميمى وهو ضعيف' حسن حاله ابن عدى' وقال الدارقطني: متهم بالوضع . ب - يزيد بن يونس بن يزيد الأيلي: قال ابن حجر: في ترجمة القاسم بن عبد الله بن مهدى يزيد هذا: ليس بشيء . وقال الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **280** وقال: ورجاله وثقوا .

Marfat.com

مَوْلَى عُثْمَانَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عُثْمَانَ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوئِي، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوئِي هَذَا، ثُمَّ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ، لَا يُحَدِّثُ نَفْسَهُ فِيهِمَا إِلَّا بِخَيْرٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

نے میری طرح وضو کیا پھر دو رکعت نفل پڑھے اور اس میں بھلائی کی گفتگو کی تو اسکے پہلے گناہ معاف کیے جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ يُونُسَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ الْإِخْمِيمِيُّ

یہ تمام احادیث یزید بن یونس سے محمد بن مہدی اخیمی روایت کرتے ہیں۔

**4973** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْمُطَرِّزُ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ: نَا أَبُو مُطَرِّفٍ الْمُغِيرَةُ بْنُ مُطَرِّفٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ فَقَالَ: هَذَا يَوْمٌ لَمْ يُكْتَبْ عَلَيْكُمْ صِيَامُهُ، وَأَنَا صَائِمٌ، فَمَنْ شَاءَ أَنْ يَصُومَ فَلْيَصُمْ، وَمَنْ شَاءَ أَنْ يُفْطِرَ فَلْيُفْطِرْ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں عاشوراء کے دن خطبہ دیا' فرمایا: اس دن کا روزہ تم پر فرض نہیں ہے' میں روزہ کی حالت میں ہوں' جو چاہے روزہ رکھے جو چاہے نہ رکھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا أَبُو الْمُطَرِّفِ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے ابومطرف روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بشر بن معاذ اکیلے ہیں۔

**4974** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ: نَا زُهَيْرُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ يُونُسَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں

4973- اخرجه البخاری: الصوم جلد4صفحه287 رقم الحديث:2003' ومسلم: الصيام جلد2صفحه795 .

4974- اخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه48 رقم الحديث: 191 بنحوه . وابن ماجة: الطهارة جلد 1صفحه164 رقم الحديث: 489 فی الزوائد: رجال هذا الاسناد ثقات . واحمد: المسند جلد 3صفحه373 رقم الحديث:14272 .

Marfat.com

بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اَكَلْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرُ خُبْزًا وَلَحْمًا، فَصَلَّوْا وَلَمْ يَتَوَضَّئُوا

کے ساتھ روٹی اور گوشت کھایا' انہوں نے نماز پڑھائی اور وضونہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ

یہ حدیث یونس سے زہیر بن اسحاق روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں بشر بن معاذ اکیلے ہیں۔

**4975** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرُّؤْيَا مِنَ اللّٰهِ، وَالْحِلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَاِذَا رَاَى اَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلْيَتْفُلْ عَنْ شِمَالِهِ ثَلَاثًا، وَلْيَتَعَوَّذْ فَاِنَّهَا لَا تَضُرُّهُ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خواب اللہ کی جانب سے ہے' احتلام شیطان کی طرف سے ہے' جب تم میں سے کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو وہ بائیں جانب تین دفعہ تھوکے اور اللہ کی پناہ مانگے تو وہ خواب کوئی نقصان نہیں دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث ایوب سے حماد بن زید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ربیع بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**4976** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُنَا يَوْمَ حُنَيْنٍ وَاِنَّ الْفِئَتَيْنِ لَمُوَلِّيَتَيْنِ، وَمَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةُ رَجُلٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ غزوۂ حنین کے موقعہ پہ میں نے دیکھا' دو گروہ پیٹھ پھیرنے والے ہیں اور رسول کریم ﷺ کے ساتھ سو آدمی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے سفیان بن حسین اور

---

**4975**- أخرجه البخاري: التعبير جلد**12**صفحه**400** رقم الحديث:**6995**' ومسلم: الرؤيا جلد**4**صفحه**1771** .

**4976**- أخرجه الترمذي: الجهاد جلد**4**صفحه**200** رقم الحديث:**1689**' وقال: هذا حديث حسن غريب .

Marfat.com

إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، وَلَا عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ مُحَمَّدٌ

سفیان سے عمر بن علی المقدمی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے محمد اکیلے ہیں۔

**4977** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَدِيمُوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، فَإِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوبَ كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حج و عمرہ لگاتار کرنا کیونکہ دونوں محتاجی اور گناہ اس طرح ختم کرتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے سے زنگ دور کرتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عُقَيْلٍ إِلَّا يَزِيدُ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ إِلَّا أَبُو بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ

یہ حدیث ابن عقیل سے یزید اور یزید سے ابوبکر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن یوسف اکیلے ہیں۔

**4978** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ قَالَ: نَا عَطَاءُ بْنُ جَبَلَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَدِمْتُ مِنْ سَفَرٍ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِذَا أَتَيْتَ أَهْلَكَ فَاعْمَلْ عَمَلًا كَيِّسًا . فَأَتَيْتُ أَهْلِي، فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَتَيْتَ أَهْلَكَ فَاعْمَلْ عَمَلًا كَيِّسًا . فَقَالَتْ لِي: دُونَكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں سفر سے واپس آیا تو میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: جب تُو اپنے گھر جائے تو عقل مندوں والا کام کرنا۔ میں اپنے گھر والوں کے پاس آیا اور میں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تُو اپنے گھر والوں کے پاس جائے تو عقل مند والا کام کرنا۔ میری بیوی نے کہا: پکڑ لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا عَطَاءُ

یہ حدیث ابن جریج سے عطاء بن جبلہ روایت

**4977**- اسناده فيه: جابر الجعفي: ضعيف رافضي . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه178 .

**4978**- أصله عند البخاري ومسلم من طريق عبد الوهاب: (ح) عبيد الله' عن وهب بن كيسان' عن جابر رضي الله عنه . أخرجه البخاري: البيوع جلد 4صفحه375 رقم الحديث: 2097' ومسلم: الرضاع جلد2 صفحه 1089 رقم الحديث:57' وأحمد: المسند جلد3صفحه459 رقم الحديث:15036 ولفظه عند أحمد .

Marfat.com

بْنُ جَبَلَةٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ

کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن صباح اکیلے ہیں۔

**4979** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَخِيهِ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَأَتْبَعَهُ بِسِتٍّ مِنْ شَوَّالٍ فَكَأَنَّمَا صَامَ الدَّهْرَ قَالَ حَفْصٌ: ثُمَّ لَقِيتُ سَعْدًا، فَحَدَّثَنِي بِهِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے رکھے اور شوال کے چھ روزے رکھے' اس نے تمام سال کے روزے رکھے۔ حفص فرماتے ہیں کہ میں سعد سے ملا' انہوں نے مجھے یہ حدیث بیان کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَخِيهِ إِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید' اپنے بھائی سے اور یحییٰ سے حفص روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن یوسف اکیلے ہیں۔

**4980** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَبُو يَحْيَى صَاعِقَةُ قَالَ: نَا صَدَقَةُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا بَعَثَ اللّٰهُ نَبِيًّا إِلَى قَوْمٍ فَقَبَضَهُ إِلَّا جَعَلَ بَعْدَهُ فَتْرَةً، تُمْلَأُ مِنْ تِلْكَ الْفَتْرَةِ جَهَنَّمُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل نے کسی قوم کی طرف کوئی نبی نہیں بھیجا مگر اس کو اپنے پاس واپس بلا لیا' اس کے بعد کہ اس کو فترت بنایا ہے' اس فترت سے جہنم بھری جائے گی۔

---

**4979**- أخرجه مسلم: الصيام جلد2صفحه822' وأبو داؤد: الصوم جلد2صفحه336 رقم الحديث: 2433' والترمذي: الصوم جلد 3صفحه123 رقم الحديث: 759' وابن ماجة: الصيام جلد 1صفحه547 رقم الحديث: 1716' والدارمي: الصوم جلد 2صفحه34 رقم الحديث: 1754' وأحمد: المسند جلد 5صفحه486 رقم الحديث: 23594 .

**4980**- اسنادہ فيه: سليمان بن قرم: ضعيف . وقال الحافظ الهيثمي: رجال رجال الصحيح غير صدقة بن سابق وهو ثقة . انظر مجمع الزوائد جلد10صفحه296: قلت: اسناده ضعيف لما تقدم' والله أعلم .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ إِلَّا أَبُو الزُّبَيْرِ، وَلَا عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَدَقَةُ بْنُ سَابِقٍ

یہ حدیث سعید بن جبیر سے ابوزبیر اور ابوزبیر سے سلیمان بن قرم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صدقہ بن سابق اکیلے ہیں۔

**4981** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ السَّكُونِيُّ قَالَ: نَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سِقْلَابٍ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ضَمِنَ لِي مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَرِجْلَيْهِ ضَمِنْتُ لَهُ الْجَنَّةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھے دونوں جبڑوں کے درمیان والی شی (زبان) اور دونوں ٹانگوں کے درمیان والی شے کی ضمانت دیدے' میں اس کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ، وَلَا عَنْ مَعْقِلٍ إِلَّا الْمُغِيرَةُ بْنُ سِقْلَابٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے معقل بن عبیداللہ اور معقل سے مغیرہ بن سقلاب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ولید بن شجاع اکیلے ہیں۔

**4982** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ غَيْرِ احْتِلَامٍ فَيَغْتَسِلُ فَيَصُومُ ذَلِكَ الْيَوْمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہیں کہ آپ بغیر احتلام کے حالت جنابت میں صبح کرتے تو آپ غسل کرتے' اس کے بعد اس دن کا روزہ رکھتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے علی بن عاصم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن شعیب اکیلے ہیں۔

---

4981- اسناده فيه: المغيرة بن سقلاب: ضعيف . والحديث أخرجه الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 267 . انظر مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 303 .

4982- أخرجه البخاري: الصوم جلد 4 صفحه 181 رقم الحديث: 1931' ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 780 .

Marfat.com

**4983** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: اَعْطَانِی عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُحَمَّدٍ السُّكَّرِیُّ، كِتَابًا، فَكَتَبْتُ مِنْهُ: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ قَالَ: نَا اَبَانُ بْنُ تَغْلِبَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِی هٰذَا، وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنی سواریوں پر سامان تین مسجدوں کی طرف باندھو: مسجد نبوی' مسجد حرام اور مسجد بیت المقدس۔

**4984** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: اَعْطَانِی عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُحَمَّدٍ السُّكَّرِیُّ، كِتَابًا فَكَتَبْتُ مِنْهُ: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ قَالَ: نَا اَبَانُ بْنُ تَغْلِبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَمَّعَ النَّاسَ بِعَمَلِهِ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ سَامِعَ خَلْقِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَحَقَّرَهُ وَصَغَّرَهُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے لوگوں کو دکھانے کے لیے کوئی عمل کیا' اللہ عزوجل قیامت کے دن ساری مخلوق کے سامنے اس کا دکھاوا کرے گا' اس کو حقیر اور ذلیل کرے گا۔

**4985** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: اَعْطَانِی عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُحَمَّدٍ السُّكَّرِیُّ، كِتَابًا، فَكَتَبْتُ مِنْهُ: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ قَالَ: نَا اَبَانُ بْنُ تَغْلِبَ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ عَبْدِ خَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِیٍّ قَالَ: اَوْتَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلَ اللَّيْلِ، وَاَوْسَطَهُ، ثُمَّ اَثْبَتَ لَهُ آخِرَهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کبھی رات کے اوّل میں اور کبھی درمیان میں وتر پڑھتے رہے' پھر آخری حصہ کو پکا کرلیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الثَّلَاثَةَ الْاَحَادِيثَ عَنْ اَبَانَ بْنِ

یہ تین حدیثیں ابان بن تغلب سے عباد بن عوام

---

**4983**- أخرجه البخري: مسجد مكة جلد**2**صفحه**975-976** رقم الحديث: **415** .

**4984**- أخرجه أحمد: المسند جلد**2**صفحه**220** رقم الحديث: **6516** .

**4985**- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد **1**صفحه**375** رقم الحديث: **1186**' وأحمد: المسند جلد **1**صفحه**107** رقم الحديث: **654** .

Marfat.com

تَغْلِبَ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، تفَرَّدَ بِهَا: عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُحَمَّدٍ السُّكَّرِيُّ

**4986** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْحَلِيمِ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نَا مُبَشِّرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِهِ: (اِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ) (الحجر: 95)، وَقَالَ: الْمُسْتَهْزِئِينَ: الْوَلِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، وَالْاَسْوَدُ بْنُ عَبْدِ يَغُوثَ، وَالْاَسْوَدُ بْنُ الْمُطَّلِبِ اَبُو زَمْعَةَ مِنْ بَنِي اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى، وَالْحَارِثُ بْنُ غَيْطَلٍ السَّهْمِيُّ، وَالْعَاصُ بْنُ وَائِلٍ السَّهْمِيُّ . فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَشَكَاهُمْ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرَاهُ اَبَا عَمْرٍو الْوَلِيدَ بْنَ الْمُغِيرَةِ، فَاَوْمَا جِبْرِيلُ اِلَى اَبْجَلِهِ، فَقَالَ: مَا صَنَعْتَ شَيْئًا؟ فَقَالَ: كَفَيْتَكَهُ، ثُمَّ اَرَاهُ الْحَارِثُ بْنُ غَيْطَلٍ السَّهْمِيَّ، فَاَوْمَا اِلَى بَطْنِهِ، فَقَالَ: مَا صَنَعْتَ شَيْئًا؟ فَقَالَ: كَفَيْتَكَهُ، ثُمَّ اَرَاهُ الْعَاصَ بْنَ وَائِلٍ السَّهْمِيَّ، فَاَوْمَا اِلَى اَخْمَصِهِ، فَقَالَ: مَا صَنَعْتَ شَيْئًا؟ فَقَالَ: كَفَيْتَكَهُ . فَاَمَّا الْوَلِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، فَمَرَّ بِرَجُلٍ مِنْ خُزَاعَةَ وَهُوَ يَرِيشُ نَبْلًا لَهُ، فَاَصَابَ اَبْجَلَهُ فَقَطَعَهَا، وَاَمَّا الْاَسْوَدُ بْنُ الْمُطَّلِبِ فَعَمِيَ فَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ: عَمِيَ كَذَا، وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ: نَزَلَ تَحْتَ شَجَرَةٍ، فَجَعَلَ يَقُولُ: يَا بَنِيَّ، لَا تَدْفَعُونَ عَنِّي؟ قَدْ هَلَكْتُ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحیم بن محمد السکری اکیلے ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد کی تفسیر ہم آپ کا مذاق اُٹھانے والوں سے انتقام لینے کے لیے کافی ہیں۔ مذاق کرنے والے یہ تھے: ولید بن مغیرہ' اسود بن عبد یغوث' اسود بن مطلب' ابوزمعہ' بنی اسد بن عبدالعزیٰ سے' حارث بن غیطل سہمی' عاص بن وائل سہمی۔ حضرت جبریل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آئے تو آپ نے حضرت جبریل کے سامنے' ان لوگوں کی شکایت کی۔ پہلے آپ نے حضرت جبریل علیہ السلام کو ابوعمر دکھایا تو حضرت جبریل نے اس کے ہاتھ کی موٹی رگ (رگِ جاں) کی طرف اشارہ فرمایا' آپ نے فرمایا: تُو نے کیا کیا؟ انہوں نے جواب دیا: اب اس کو یہ کافی ہے۔ پھر حارث بن غیطل کی باری آئی۔ جبریل علیہ السلام نے اشارہ کیا' اس کے پیٹ کی طرف۔ آپ نے فرمایا: تُو نے کیا کچھ کیا؟ انہوں نے کہا: اس کو یہ کافی ہے۔ پھر آپ نے عاص بن وائل سہمی دکھایا تو حضرت جبریل نے اس کے پاؤں کی طرف اشارہ کیا۔ آپ نے فرمایا: تُو نے کیا کیا؟ انہوں نے کہا: یہ اسے کافی ہے' بہرحال ولید بن مغیرہ تو یہ بنوخزاعہ کے ایک آدمی کے پاس سے گزرا جو اپنے تیر کے بھالے کو درست کر رہا تھا۔ وہ ولید کی رگِ جاں پر لگا اور اس کو کاٹ دیا۔ رہا اسود بن مطلب تو وہ اندھا ہو گیا'

---

**4986**- قال الحافظ الهيثمي: فيه محمد بن عبد الحليم النيسابوري' وبقية رجاله ثقات . انظر مجمع الزوائد (5017) .

Marfat.com

أُطْعَنُ بِشَوْكٍ فِي عَيْنِي، فَجَعَلُوا يَقُولُونَ: مَا نَرَى شَيْئًا، فَلَمْ يَزَلْ كَذَلِكَ حَتَّى عَمِيَتْ عَيْنَاهُ، وَأَمَّا الْأَسْوَدُ بْنُ عَبْدِ يَغُوثَ فَخَرَجَ فِي رَأْسِهِ قُرُوحٌ فَمَاتَ مِنْهَا، وَأَمَّا الْحَارِثُ بْنُ غَيْطَلٍ فَأَخَذَهُ الْمَاءُ الْأَصْفَرُ فِي بَطْنِهِ حَتَّى خَرَجَ خَرْؤُهُ مِنْ فِيهِ فَمَاتَ مِنْهَا، وَأَمَّا الْعَاصُ بْنُ وَائِلٍ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذَلِكَ يَوْمًا حَتَّى دَخَلَ فِي رِجْلِهِ شِبْرِقَةٌ حَتَّى امْتَلَأَتْ مِنْهَا فَمَاتَ

پس ان میں سے کچھ لوگوں کا بیان ہے کہ وہ اسی طرح اندھا ہوا اور ان میں سے کچھ کہتے تھے: اس نے درخت کے نیچے پڑاؤ ڈالا اور کہنا شروع کر دیا: اے میرے بیٹے! میری حفاظت کیوں نہیں کرتے؟ تحقیق میں ہلاک ہو گیا میری آنکھوں میں ایک کانٹا چبھو دیا گیا ہے۔ وہ کہنے لگے: ہمیں تو کچھ نظر نہیں آتا۔ اسی طرح سلسلہ چلتا رہا یہاں تک کہ اس کی دونوں آنکھوں کی بینائی چلی گئی لیکن اسود بن یغوث اس کے سر میں دانے نکل آئے (خارش زدہ ہوا) سو وہ اسی سے مر گیا اور جہاں تک تعلق ہے حارث بن خیطل کا تو اس کے پیٹ میں پیپ پڑ گئی یہاں تک کہ اس کا پاخانہ اس کے منہ سے نکلتا تھا۔ اسی سے وہ مر گیا' باقی رہا عاص بن وائل تو ایک دن وہ ایسے ہی بیٹھا ہوا تھا کہ اس کے پاؤں میں ایک کیڑا داخل ہو گیا جس سے وہ بھر گیا اور وہ مر گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي وَحْشِيَّةَ إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُبَشِّرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ

ابو بشر جعفر بن ابی وحشیہ سے یہ حدیث سفیان بن حسین ہی روایت کرتے ہیں۔ مبشر بن عبداللہ اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

**4987** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْحَلِيمِ قَالَ: نَا مُبَشِّرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: حَضَرَتِ الصَّلَاةُ، وَفِي الْقَوْمِ مَنْ لَيْسَ عَلَى وُضُوءٍ، فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِخْضَبٍ، فَوَضَعَ يَدَهُ فِيهِ، فَجَعَلَ الْمَاءُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز کا وقت ہوا تو صحابہ کرام کے پاس پانی نہیں تھا' آپ ﷺ نے ایک برتن میں پانی منگوایا اور اپنا ہاتھ اس میں رکھا' آپ کی انگلیوں سے پانی کا چشمہ جاری ہو گیا۔ صحابہ کرام نے وضو کیا' ہماری تعداد اسّی کے قریب تھی۔

**4987**- أخرجه البخاري: الوضوء جلد **1** صفحه **360** رقم الحديث: **195**' ومسلم: الفضائل جلد **4** صفحه **1783** ولفظه للبخاري.

Marfat.com

يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ حَتَّى تَوَضَّأُوا، وَكُنَّا قَرِيبًا مِنْ ثَمَانِينَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ اِلَّا مُبَشِّرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث سفیان بن حسین سے مبشر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔

**4988** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ الْوَرَّاقُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ الْوَرْدِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ جُبَيْرٍ اَوْ كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ، فَاِنَّ ذٰلِكَ يُؤْذِي الْمُؤْمِنَ، وَاللّٰهُ يَكْرَهُ اَذَى الْمُؤْمِنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمی ہوں تو دو آدمی آپس میں سرگوشی نہ کریں کیونکہ اس سے مؤمن کو تکلیف ہوتی ہے مؤمن کو تکلیف دینا اللہ کو ناپسند ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں ابن مبارک اکیلے ہیں۔

**4989** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كَانَ فِي خَاتَمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةُ اَسْطُرٍ: مُحَمَّدٌ سَطْرٌ، وَرَسُولٌ سَطْرٌ، وَاللّٰهُ سَطْرٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کی انگوٹھی مبارک میں تین سطریں تھیں' ایک میں محمد' دوسری میں رسول اور تیسری میں اللہ لکھا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثُمَامَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث ثمامہ سے عبداللہ بن مثنیٰ روایت کرتے

---

**4988**- أخرجه أبو يعلى جلد4صفحه332 . وانظر مجمع الزوائد (6718) .

**4989**- اخرجه البخاري: الخمس جلد 6صفحه244 رقم الحديث: 3106' والترمذي: اللباس جلد 4صفحه229 رقم الحديث: 1747-1748 . والحديث عن مسلم من طريق شعبة قال: سمعت قتادة يحدث عن أنس: أن النبي ﷺ اتخذ خاتم......ونقش في محمد رسول الله...... . مسلم: اللباس جلد3صفحه1657 .

Marfat.com

بْنُ الْمُثَنَّى، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ

ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ انصاری اکیلے ہیں۔

**4990** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَحَّرُوا، فَاِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سحری کیا کرو کیونکہ سحری میں برکت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ اِلَّا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الرَّبِيعِ

یہ حدیث عبدالملک بن ابوسلیمان سے منصور بن ابواسود روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوربیع اکیلے ہیں۔

**4991** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْعِشَاءِ فِي جَمَاعَةٍ تَعْدِلُ بِقِيَامِ لَيْلَةٍ، وَصَلَاةُ الْفَجْرِ فِي جَمَاعَةٍ تَعْدِلُ بِقِيَامِ لَيْلَةٍ

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عشاء کی نماز باجماعت آدھی رات قیام کرنے کے برابر ثواب اور فجر کی نماز باجماعت اور باقی آدھی رات قیام کرنے کا ثواب ملے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے ابوحفص الابار روایت

---

**4990**- أخرجه النسائي: الصيام جلد **4** صفحه **115** (باب ذكر الاختلاف على عبد الملك بن أبي سليمان) . وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **628** رقم الحديث: **10195** .

**4991**- أصله عند مسلم بلفظ: من صلى العشاء في جماعة فكأنما قام نصف الليل . ومن صلى الصبح...... . أخرجه مسلم: المساجد جلد **1** صفحه **454**' وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **149** رقم الحديث: **555**' والترمذي: الصلاة جلد **1** صفحه **433** رقم الحديث: **221**' والدارمي: الصلاة جلد **1** صفحه **303** رقم الحديث: **1224**' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **85** رقم الحديث: **493** .

Marfat.com

اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الرَّبِيعِ

کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوربیع اکیلے ہیں۔

**4992** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَتَرَ عَلَى اَخِيهِ عَوْرَةً، فَكَاَنَّمَا اَحْيَا مَوْءُ ودَةً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی کے عیب پر پردہ ڈالا' گویا اس نے زندہ درگور کی جانے والی بچی کو زندہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا اَبُو مَعْشَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الرَّبِيعِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے ابومعشر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوربیع اکیلے ہیں' حضرت جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**4993** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عُبَادٍ الْخَطَّابِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ بُهْلُولٍ الْاَنْبَارِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ قَالَ: نَا عَنْبَسَةُ بْنُ مِهْرَانَ الْحَدَّادُ قَالَ: نَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْضَلُ الْغُزَاةِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَادِمُهُمْ، ثُمَّ الَّذِي يَاْتِيهِمْ بِالْاَخْبَارِ، وَاَخَصُّهُمْ مَنْزِلَةً عِنْدَ اللّٰهِ الصَّائِمُ، وَمَنِ اسْتَقَى لِاَصْحَابِهِ قِرْبَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ سَبَقَهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ سَبْعِينَ دَرَجَةً اَوْ سَبْعِينَ عَامًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: افضل جہاد اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں کی خدمت کرنا ہے' پھر اس کے بعد وہ لوگ جو ان کی خبریں لے کر آئیں گے' اللہ کے ہاں خاص درجہ روزے داروں کا ہے' جس نے اپنے ساتھی کو اللہ کی راہ میں ایک گھونٹ پانی پلایا' اللہ عزوجل اس کے ستر درجے بلند کرے گا یا ستر سال کے برابر۔

**4994** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عُبَادٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ عَنْبَسَةَ الْحَدَّادِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل ایک تیر کے ذریعہ تین آدمیوں کو جنت میں داخل کرے گا' ثواب کی نیت

4992- اسناده فيه: أبو معشر: ضعيف .

4993- اسناده فيه: عنبسة بن مهران البصري الحداد: ضعيف منكر الحديث . انظر لسان الميزان (38414) . وانظر مجمع الزوائد (19713) .

4994- اسناده فيه: أ- يحيى بن المتوكل: صدوق يخطئ . ب- عنبسة الحداد: منكر الحديث .

Marfat.com

اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الْجَنَّةَ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلَاثَةً: صَانِعَهُ مُحْتَسِبًا بِصَنْعَتِهِ، وَالْمُقَوِّىَ بِهِ، وَالرَّامِىَ بِهِ

سے بنانے والے کو‘ اس کو خریدنے والے کو اور اسے پھینکنے والے کو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عَنْبَسَةُ الْحَدَّادُ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

یہ دونوں حدیثیں زہری سے عنبسہ الحداد روایت کرتے ہیں‘ ان دونوں کو روایت کرنے میں یحییٰ بن متوکل اکیلے ہیں۔

**4995** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ: نَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنْ اُمَّتِى مَا حَدَّثَتْ بِهِ اَنْفُسَهَا، مَا لَمْ تَعْمَلْهُ، اَوْ تَكَلَّمْ بِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے میری اُمت کی ان چیزوں کو معاف کر دیا ہے جو ان کے دلوں میں وسوسے آتے ہیں بشرطیکہ جب تک وہ کام کر نہ لیں یا اس کی گفتگو نہ کرلیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ

یہ حدیث یونس بن عبید سے سالم بن نوح روایت کرتے ہیں۔

**4996** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ الْوَلِيدِ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْلِ بْنِ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، يَقُولُ: قَالَ دِحْيَةُ بْنُ خَلِيفَةَ الْكَلْبِيُّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَا نُنْزِىَ لَكَ حِمَارًا عَلَى فَرَسٍ، فَتُنْتِجَ لَكَ بَغْلَةً تَرْكَبُهَا؟ فَقَالَ: اِنَّمَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ

حضرت شعبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت دحیہ بن خلیفہ الکلبی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم آپ کے لیے گدھے کو گھوڑی پر کودوائیں‘ اس سے آپ کے لیے خچر پیدا ہو گی‘ آپ اس پر سوار ہونا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایسا وہ لوگ کرتے ہیں جو علم نہیں رکھتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دِحْيَةَ اِلَّا الشَّعْبِيُّ،

یہ حدیث دحیہ سے شعبی اور شعبی سے عمر بن حسیل

---

4995- أخرجه البخارى: الطلاق جلد9صفحه300 رقم الحديث: 5269‘ ومسلم: الايمان جلد1صفحه116 بلفظ: وان الله تجاوز...... .

4996- اسناده فيه: جابر هو ابن يزيد الجعفى: ضعيف رافضى . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه267 .

Marfat.com

وَلَا عَنِ الشَّعْبِيِّ إِلَّا عُمَرُ بْنُ حُسَيْلٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَكِيعٌ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں وکیع اکیلے ہیں۔

4997 - حَدَّثَنَا أَبُو الْفَضْلِ الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبِرْتِيُّ بِبَغْدَادَ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا يَعْلَى بْنُ الْأَشْدَقِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمِّي عَبْدَ اللَّهِ بْنَ جَرَادٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُجُّوا، فَإِنَّ الْحَجَّ يَغْسِلُ الذُّنُوبَ كَمَا يَغْسِلُ الْمَاءَ الدَّرَنَ

حضرت یعلی بن اشدق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے چچا عبداللہ بن جراد کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حج کرو کیونکہ حج گناہوں کو اس طرح ختم کرتا ہے جس طرح پانی میل کو ختم کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

4997- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه212 وقال: وفيه يعلى بن الأشدق وهو كذاب . وذكره الحافظ المنذري في الترغيب جلد2صفحه166 رقم الحديث:14 .

Marfat.com

# مَنِ اسْمُهُ قَيْسٌ

# اس شیخ کے نام سے جن کا نام قیس ہے

**4998** - حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ اَبِي قَيْسٍ الْبُخَارِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَجَرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى السِّينَانِيُّ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ، اَلَا اُعَلِّمُكَ دُعَاءً اِذَا دَعَوْتَ بِهِ غُفِرَ لَكَ، وَاِنْ كُنْتَ مَغْفُورًا لَكَ؟ قَالَ: بَلَى . قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْكَرِيمُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے علی! کیا میں تمہیں ایسی دعا نہ سکھاؤں کہ جس کی وجہ سے آپ کے گناہ معاف ہو جائیں اگرچہ! آپ کے گناہ بخشے ہوئے ہیں میں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: (وہ دعا یہ ہے:) ''لا الہ الا اللہ الی آخرہ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ وَرَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ: عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ

یہ حدیث ابواسحاق حارث سے وہ حضرت علی سے۔ ابواسحاق سے حسین بن واقد روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو علی بن صالح بن حی ابواسحاق سے وہ عمر ابولیلیٰ سے وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

**4999** - حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ الْبُخَارِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَجَرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو النَّصِيبِيُّ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ

حضرت نافع ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر سے عرض کی گئی: آپ حضرت عبداللہ بن مسعود کی تعریف کرتے ہیں؟ حضرت

---

**4998**- اخرجه الترمذي: الدعوات جلد 5 صفحه 529 رقم الحديث: 3504' وقال: غريب . وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 116 رقم الحديث: 715 .

**4999**- اسناده فيه: أ-حماد بن عمرو النصيبي: متهم بوضع الحديث . انظر لسان الميزان جلد 2 صفحه 350 . ب- حمزة بن ابي حمزة: متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 859 .

Marfat.com

النَّصِيبِيّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قِيلَ لَهُ: إِنَّكَ قَدْ أَحْسَنْتَ الثَّنَاءَ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ؟ قَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي مِنْ ذَلِكَ، وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْرَءُوا الْقُرْآنَ عَنْ أَرْبَعَةٍ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ، وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ؟ ثُمَّ قَالَ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أَبْعَثَهُمْ إِلَى الْأُمَمِ كَمَا بَعَثَ عِيسَى الْحَوَارِيِّينَ. قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَفَلَا تَبْعَثُ أَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ فَهُمَا أَفْضَلُ؟ قَالَ: إِنَّهُ لَا غِنًى بِي عَنْهُمَا، إِنَّهُمَا مِنْ هَذَا الدِّينِ بِمَنْزِلَةِ السَّمْعِ وَالْبَصَرِ مِنَ الرَّأْسِ

ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: مجھے اُن کی تعریف سے کوئی شی رکاوٹ نہیں ہے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قرآن' چار آدمیوں سے پڑھو' عبداللہ بن مسعود' ابوحذیفہ کے غلام سالم سے' ابی بن کعب سے' معاذ بن جبل سے۔ پھر فرمایا: میں نے ارادہ کیا کہ میں ان کو اُمتیوں کی طرف بھیجوں جس طرح عیسیٰ علیہ السلام نے حواریوں کو بھیجا تھا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا آپ ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما دونوں کو نہیں بھیجیں گے' دونوں افضل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے ان دونوں کو بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ یہ دونوں اس دین کے لیے ایسے ہیں جس طرح سر میں کان اور آنکھیں ہوتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا حَمْزَةُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ

یہ حدیث نافع سے حمزہ بن ابوحمزہ روایت کرتے ہیں۔

**5000** - حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ الْبُخَارِيُّ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ قَالَ: نَا إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، فَلَمَّا خَرَجْتُ دَعَانِي قَالَ: أَضَعُ عِنْدَكَ حَدِيثًا يَا ابْنَ أَخِي، سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ ثُمَّ قَالَ: أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: طَلْحَةُ مِمَّنْ قَضَى

حضرت اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ اپنے چچا موسیٰ بن طلحہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت معاویہ بن سفیان کے پاس آیا' جب میں نکلا تو مجھے واپس بلایا اور فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! آپ کو وہ حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے' پھر فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ طلحہ ان لوگوں میں شامل ہے جنہوں نے اس وعدے کو پورا کردیا

---

5000- اخرجه الترمذی: التفسير جلد 5 صفحه 350 رقم الحديث: 3202' وقال: غريب . وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 46 رقم الحديث: 126' والطبرانی فی الكبير جلد 19 صفحه 324 رقم الحديث: 739 .

Marfat.com

نَحْبَهُ يَعْنِي: مَا عَاهَدَ عَلَيْهِ

ہے جوان کے ذمہ تھا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاوِيَةَ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنُ طَلْحَةَ

یہ حدیث معاویہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com